**1954** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُعَلَّى بْنُ مَهْدِيٍّ، قَالَا: ثنا أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ أَمَرَنِي أَنْ أُسَمِّيَ الْمَدِينَةَ طَيْبَةَ وَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: طَابَةَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: اللہ عزوجل نے مجھے مدینہ کا نام طیبہ رکھنے کا حکم دیا ہے۔ حضرت ابوبکر فرماتے ہیں کہ طابہ۔

**1955** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ بَيْنَ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: قیامت سے پہلے جھوٹے لوگ ہوں گے' میں نے کہا: کیا آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یہ سنا ہے؟ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے کہا: جی ہاں!

يَدَيِ السَّاعَةِ كَذَّابِينَ ، قُلْتُ: اَنْتَ سَمِعْتَ هٰذَا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ

**1956** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْعَسَّالُ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، ثنا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بِحَسْبِ اَحَدِكُمْ اِذَا قَضَى صَلَاتَهُ اَنْ يَضَعَ يَدَهُ عَلَى فَخِذِهِ وَيُسَلِّمَ عَلَى اَخِيهِ عَنْ يَمِينِهِ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَعَنْ شِمَالِهِ مِثْلَ ذٰلِكَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کسی کے لیے کافی ہے کہ جب نماز مکمل کرے تو اپنا ہاتھ ران پر رکھے ہوئے اپنے بھائی کو دائیں اور بائیں جانب السلام علیکم ورحمة اللہ کہے۔

## سَعِيدُ بْنُ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ اَبِيهِ

## حضرت سعید بن سماک بن حرب اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

**1957** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ الطَّائِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَبْدِ رَبِّهِ الطَّائِيُّ، ثنا ابْنُ السِّمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: جَالَسْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكْثَرَ مِنْ مِائَةِ مَرَّةٍ فِي الْمَسْجِدِ يَجْلِسُ اَصْحَابُهُ يَتَنَاشَدُونَ الشِّعْرَ وَرُبَّمَا تَذَاكَرُوا اَمْرَ الْجَاهِلِيَّةِ فَيَبْتَسِمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَهُمْ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ایک سو مرتبہ سے زیادہ دفعہ بیٹھا ہوا ہوں' آپ کے اصحاب اشعار پڑھتے اور زمانۂ جاہلیت کے کچھ کاموں کا ذکر کرتے' آپ ان کے ساتھ تبسم فرماتے تھے۔

## دَاوُدُ بْنُ اَبِي هِنْدٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ

## حضرت داؤد بن ابو ہند' حضرت سماک سے روایت کرتے ہیں

**1958** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي خَيْثَمَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ وَرْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا عَدِيُّ بْنُ الْفَضْلِ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ،

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دو خطبے دیتے تھے' دونوں کے درمیان بیٹھتے تھے' خطبہ میں قرآن پڑھتے اور لوگوں کو نصیحت کرتے۔

عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَخْطُبُ خُطْبَتَيْنِ يَجْلِسُ بَيْنَهُمَا

## مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، عَنْ سِمَاكٍ

## حضرت مالک بن مغول' حضرت سماک سے روایت کرتے ہیں

1959 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، قَالَا: ثنا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى جِنَازَةِ ابْنِ الدَّحْدَاحِ فَلَمَّا رَجَعَ اُتِيَ بِفَرَسٍ مُعْرَوْرًى فَرَكِبَهُ وَمَشَيْنَا

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضورﷺ' حضرت ابن دحداح کے جنازہ کے لیے نکلے' جب واپس آئے تو آپ کے پاس ننگی پیٹھ والا گھوڑا لایا گیا' آپ اس پر سوار ہوئے اور ہم پیدل چلے۔

1960 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: لَمَّا انْصَرَفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ جِنَازَةِ ابْنِ الدَّحْدَاحِ اُتِيَ بِفَرَسٍ مُعْرَوْرًى فَرَكِبَهُ وَنَحْنُ نَمْشِي حَوْلَهُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ' حضرت ابن دحداح کے جنازہ کے لیے نکلے' جب واپس آئے تو آپ کے پاس معروری گھوڑا لایا گیا' آپ اس پر سوار ہوئے اور ہم پیدل چلے۔

## نُصَيْرُ بْنُ اَبِي الْاَشْعَثِ، عَنْ سِمَاكٍ

## حضرت نصیر بن ابواشعث' حضرت سماک سے روایت کرتے ہیں

1961 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْاَبَّارُ، ثنا اَبُو لَاصْبَغِ الْحَرَّانِيُّ، ثنا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ نُصَيْرٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہﷺ کو دیکھا کہ آپ جنازہ کے ساتھ چل



---

1961- اخرجه مسلم في صحيحه جلد 2صفحه664 رقم الحديث: 965' ونحوه النسائي في المجتبى جلد 4صفحه85 رقم الحديث: 2026 كلاهما عن مالك بن مغول عن سماك عن جابر بن سمرة به .

بْنِ اَبِی الْاَشْعَثِ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَشٰى مَعَ جِنَازَةٍ وَرَكِبَ حِينَ اَقْبَلَ فَرَسًا عَرِيًّا لَيْسَ عَلَيْهِ اِلَّا لِجَامُهُ

رہے تھے' جس وقت واپس آئے تو گھوڑا پر سوار ہوئے' جس پر زین نہیں تھی صرف لگام تھی۔

## اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ سِمَاكٍ

## حضرت ابراہیم بن طہمان' حضرت سماک سے روایت کرتے ہیں

**1962** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو حُذَيْفَةَ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّی لَاَعْلَمُ حَجَرًا بِمَكَّةَ كَانَ يُسَلِّمُ عَلَيَّ حِينَ بُعِثْتُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں مکہ میں ایک پتھر کو جانتا ہوں جو مجھ کو سلام کیا کرتا تھا' جس وقت مجھے مبعوث کیا گیا۔

**1963** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ اَبِی بُكَيْرٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ اَبِی بُكَيْرٍ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، حَدَّثَنِی سِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَزَالُ هٰذَا الدِّينُ قَائِمًا يُقَاتِلُ عَلَيْهِ عِصَابَةٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ حَتّٰى تَقُومَ السَّاعَةُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ دین قائم رہے گا' مسلمانوں میں سے ایک گروہ اس کے لیے لڑے گا' یہاں تک کہ قیامت قائم ہو۔

## عَنْبَسَةُ بْنُ الْاَزْهَرِ، عَنْ سِمَاكٍ

## حضرت عنبسہ بن ازہر' حضرت سماک سے روایت کرتے ہیں

**1964** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِی شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ يَعِيشَ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، وَعَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَا: ثنا يُونُسُ بْنُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں گویا اب بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چھوٹے بالوں اور جُمہ (بڑے بال کندھوں تک) کو دیکھ رہا ہوں جو اس جگہ کو چھو رہے ہیں اور آپ نے ان کو اپنے سینے پر یعنی

بُكَيْرٍ، عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ الْاَزْهَرِ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: كَاَنِّي اَنْظُرُ اِلَى شَعْرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجُمَّتِهِ يَضْرِبُ هٰذَا الْمَكَانَ وَضَرَبَ بِيَدِهِ عَلَى صَدْرِهِ فَوْقَ ثَدْيَيْهِ

دونوں پستانوں پر رکھا۔

**1965** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا فَرْوَةُ بْنُ اَبِي الْمَغْرَاءِ، اَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُخْتَارِ، ثنا عَنْبَسَةُ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بُعِثْتُ اَنَا وَالسَّاعَةُ كَهَاتَيْنِ، وَاَشَارَ بِاِصْبَعَيْهِ السَّبَّابَةِ وَالْوُسْطَى

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: میں اور قیامت اس طرح بھیجے گئے ہیں‘ آپ نے اپنی وسطی انگلی اور انگوٹھے کے ساتھ اشارہ کیا۔

**1966** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اَبُو مَسْعُودٍ اَحْمَدُ بْنُ الْفُرَاتِ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا عَنْبَسَةُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُطِيلُ الصَّمْتَ فَيَتَحَدَّثُونَ بِاَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ فَيَضْحَكُونَ وَيَبْتَسِمُ مَعَهُمْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ دیر تک خاموش رہتے تھے‘ صحابہ کرام جاہلیت کی باتیں کرتے اور ہنستے‘ آپﷺ ان کے ساتھ تبسم فرماتے تھے۔

## اَبُو الْاَشْهَبِ جَعْفَرُ بْنُ الْحَارِثِ، عَنِ سِمَاكٍ

## ابواشہب جعفر بن حارث‘ حضرت سماک سے روایت کرتے ہیں

**1967** - حَدَّثَنَا اَسْلَمُ بْنُ سَهْلٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حَسَّانَ الْبُرْجُلَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، قَالَ: قَالَ جَابِرُ بْنُ سَمُرَةَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ فِي صَلَاةِ الْفَجْرِ بِ ق

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نمازِ فجر میں سورۂ ق کی قراءت کرتے تھے۔

1968 - حَدَّثَنَا اَسْلَمُ بْنُ سَهْلٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حَسَّانَ الْبُرْجُنَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: مَا رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ قَطُّ اِلَّا قَائِمًا فِي يَوْمِ الْجُمُعَةِ، فَكَانَ يَخْطُبُ ثُمَّ يَقْعُدُ ثُمَّ يَقُومُ فَيَخْطُبُ، كَانَ يَخْطُبُ خُطْبَتَيْنِ بَيْنَهُمَا قَعْدَةٌ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جمعہ کے دن کھڑے ہو کر خطبہ دیتے ہوئے دیکھا' آپ خطبہ دیتے' پھر بیٹھتے' پھر کھڑے ہو کر خطبہ دیتے' آپ دونوں خطبوں کے درمیان تھوڑی دیر بیٹھتے تھے۔

## زِيَادُ بْنُ خَيْثَمَةَ، عَنْ سِمَاكٍ

## حضرت زیاد بن خیثمہ' حضرت سماک سے روایت کرتے ہیں

1969 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ يَزْدَادَ التَّوَّزِيُّ، قَالَا: ثنا الْوَلِيدُ بْنُ شُجَاعٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا زِيَادُ بْنُ خُثَيْمَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَنَا فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ وَاِنَّ بُعْدَ مَا بَيْنَ طَرَفَيْهِ، كَمَا بَيْنَ صَنْعَاءَ وَاَيْلَةَ كَاَنَّ الْاَبَارِيقَ فِيهِ النُّجُومُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں تمہارا حوضِ کوثر پر انتظار کروں گا' اس حوض کی دو طرفیں اتنی لمبی ہوں گی صنعاء اور ایلہ کے درمیان فاصلہ ہے اور اس کے برتن ستاروں کی تعداد کے برابر ہوں گے۔

## زَكَرِيَّا بْنُ اَبِي زَائِدَةَ، عَنْ سِمَاكٍ

## حضرت زکریا بن ابوزائدہ' حضرت سماک سے روایت کرتے ہیں

1970 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَبَّاسِ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا يَحْيَى

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منبر پر کھڑے ہو کر خطبہ دیتے' پھر بیٹھتے پھر



1969- اخرجه مسلم فی صحیحه جلد4صفحه1801 رقم الحدیث: 2305' وذکره المطبرانی فی الأوسط جلد1صفحه220 رقم الحدیث: 720' وأبو یعلی فی مسنده جلد13صفحه440 رقم الحدیث: 7443' جلد13 صفحه465 رقم الحدیث: 7478 کلهم عن زیاد بن خیثمة عن سماك عن جابر بن سمرة به .

بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُومُ عَلَى الْمِنبَرِ فَيَخْطُبُ ثُمَّ يَجْلِسُ ثُمَّ يَقُومُ فَيَخْطُبُ يَجْلِسُ بَيْنَ الْخُطْبَتَيْنِ

کھڑے ہوتے، آپ دو خطبوں کے درمیان بیٹھتے تھے۔

**1971** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَبَّاسِ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا خَطَبَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ يَقْرَاُ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ وَيُذَكِّرُ النَّاسَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جمعہ کے دن خطبہ دیتے، اس خطبہ میں قرآن کی آیات پڑھتے اور لوگوں کو نصیحت کرتے۔

**1972** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كُنْتُ اُصَلِّي مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلَوَاتِ وَكَانَتْ صَلَاتُهُ قَصْدًا وَخُطْبَتُهُ قَصْدًا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کے ساتھ نمازیں پڑھیں، آپ کی نماز اور خطبہ درمیانہ ہوتا تھا۔

**1973** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا صَلَّى الْفَجْرَ قَعَدَ فِي مُصَلَّاهُ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب فجر کی نماز پڑھ لیتے تو سورج کے طلوع ہونے تک اس جگہ بیٹھے رہتے تھے۔

**1974** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: عنقریب میرے

زَائِدَةَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّهُ سيقومُ بَعْدِي اثْنَا عَشَرَ اَمِيرًا ثُمَّ قَالَ كَلِمَةً فَسَاَلْتُ اَبِي فَقَالَ: كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ

بعد بارہ امیر ہوں گے' پھر آپ نے ایک بات ارشاد فرمائی' میں نے اپنے والد سے پوچھا کہ آپ ﷺ نے کیا فرمایا ہے؟ اُنہوں نے جواب دیا کہ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ سارے کے سارے قریش سے ہوں گے۔

## الْحَسَنُ بْنُ صَالِحِ بْنِ حَيٍّ، عَنْ سِمَاكٍ

## حضرت حسن بن صالح بن حی' حضرت سماک سے روایت کرتے ہیں

**1975** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، ثنا حَسَنُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: مَا مَاتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى صَلَّى قَاعِدًا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ وصال کے قریب بیٹھ کر نماز پڑھتے تھے۔

**1976** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ حَكِيمٍ الْاَوْدِيُّ، ثنا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، قَالَا: ثنا حَسَنُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: رَاَيْتُ الْخَاتَمَ فِي ظَهْرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ بَيْضَةِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کی پشت پر کبوتر کے انڈے کی طرح مہر دیکھی۔



---

1975- أخرجه مسلم فى صحيحه جلد1صفحه507 رقم الحديث: 734 عن حسن بن صالح عن سماك بن حرب عن جابر بن سمرة به .

الْحَمَامَةِ

**1977** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِى شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِىُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِى شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، اَنَا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، حَدَّثَنِى جَابِرُ بْنُ سَمُرَةَ، قَالَ: صَلَّيْنَا عَلَى ابْنِ الدَّحْدَاحِ رَجُلٍ مِنَ الْاَنْصَارِ، فَلَمَّا فَرَغْنَا مِنْهُ اَتَى رَجُلٌ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِفَرَسٍ حِصَانٍ فَرَكِبَهُ حِينَ رَجَعَ مِنَ الْجِنَازَةِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے انصار کے ایک آدمی ابن دحداح کی نمازِ جنازہ پڑھی' جب ہم پڑھ کر فارغ ہوئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ایک آدمی گھوڑا لایا' آپ واپسی پر اس پر سوار ہوئے۔

**1978** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِىُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، عَنْ حَسَنِ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ سِمَاكٍ، قَالَ: حَدَّثَنِى جَابِرُ بْنُ سَمُرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَنْ يَزَالَ هَذَا الْاَمْرُ قَائِمًا يُقَاتِلُ عَلَيْهِ عِصَابَةٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ حَتَّى تَقُومَ السَّاعَةُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ دین قائم رہے گا' مسلمانوں میں سے ایک گروہ اس کے لیے لڑے گا' قیامت قائم ہونے تک۔

**1979** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِىُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، عَنْ حَسَنِ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ سَمُرَةَ، قَالَ: لَمْ يَكُنْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ وَهُوَ جَالِسٌ اِلَّا وَهُوَ قَائِمٌ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خطبہ کھڑے ہو کر دیتے تھے۔

## عَنْبَسَةُ بْنُ سَعِيدٍ،

## حضرت عنبسہ بن سعید' حضرت

## عَنْ سِمَاكٍ

## سماک سے روایت کرتے ہیں

1980 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَاجِيَةَ، ثنا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى الْقَطَّانُ، ثنا حَكَّامُ بْنُ سَلْمٍ، عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: لَمْ أَرَ رَسُولَ اللّٰهِ يَوْمًا يَقُومُ مِنْ مَكَانِهِ الَّذِي يُصَلِّي فِيهِ الْفَجْرَ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ ثُمَّ يَقُومُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے کوئی دن ایسا نہیں دیکھا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جس جگہ نماز پڑھی ہو اس جگہ سے طلوع شمس سے پہلے اُٹھے ہوں۔

1981 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَبَّاسِ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا أَبُو مَسْعُودٍ أَحْمَدُ بْنُ الْفُرَاتِ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَنْبَسَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، قَالَ: قُلْتُ لِجَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ: هَلْ كُنْتُمْ تَذْكُرُونَ الشِّعْرَ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: نَعَمْ، كُنَّا نَذْكُرُ عِنْدَهُ الْأَشْعَارَ فَنَضْحَكُ وَيَتَبَسَّمُ

حضرت سماک بن حرب فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے کہا: کیا آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس اشعار پڑھتے تھے؟ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں! ہم آپ کے پاس اشعار پڑھتے تھے‘ ہم ہنستے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تبسم فرماتے تھے۔

## شَيْبَانُ أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ سِمَاكٍ

## حضرت شیبان ابومعاویہ‘ حضرت سماک سے روایت کرتے ہیں

1982 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ حَسَّانَ الْأَنْمَاطِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا شَيْبَانُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُطِيلُ الْمَوْعِظَةَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ إِنَّمَا هِيَ كَلِمَاتٌ يَسِيرَاتٌ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جمعہ کے دن لمبا خطبہ نہیں دیتے تھے‘ صرف چند کلمات فرماتے تھے۔

## قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ

## حضرت قیس بن ربیع

# الْاَسَدِيُّ، عَنْ سِمَاكٍ

# اسدی حضرت سماک سے روایت کرتے ہیں

**1983** - حَدَّثَنَا الْفُضَيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَلْطِيُّ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الْعَصْرَ نَحْوًا مِنْ صَلَاتِكُمْ، وَكَانَ يُصَلِّي الْمَغْرِبَ نَحْوًا مِنْ صَلَاتِكُمْ، وَكَانَ يُؤَخِّرُ الْعِشَاءَ عَنْ صَلَاتِكُمْ شَيْئًا وَكَانَ بِلَالٌ يُؤَخِّرُ الظُّهْرَ حَتّٰى تَدْحَضَ الشَّمْسُ، لَا يَخْرِمُ عَنْ وَقْتٍ وَاحِدٍ، فَاَمَّا الْإِقَامَةُ فَرُبَّمَا خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَجَّلَ وَرُبَّمَا اَخَّرَ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نمازِ عصر تمہاری نماز کی طرح اور نمازِ مغرب تمہاری نماز کی طرح اور نمازِ عشاء تم سے تھوڑی دیر بعد پڑھتے اور نمازِ ظہر سورج کے ڈھلنے کے وقت تک حضرت بلال مؤخر کرتے تھے' ایک وقت سے نہ ہٹاتے اقامت رسول اللہ ﷺ کے نکلنے کے وقت کبھی جلدی اور بسا اوقات دیر سے پڑھتے تھے۔

**1984** - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ح وَثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، قَالَا: ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، حَدَّثَنِي سِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قُلْتُ لَهُ: اَكُنْتَ تُجَالِسُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَكَانَ طَوِيلَ الصَّمْتِ

حضرت سماک بن حرب فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے کہا: کیا آپ حضور ﷺ کے پاس بیٹھتے تھے؟ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں! آپ دیر تک خاموش رہتے تھے۔

**1985** - وَكَانَ اَصْحَابُهُ يَتَنَاشَدُونَ الشِّعْرَ عِنْدَهُ وَيَذْكُرُونَ اَشْيَاءَ مِنْ اَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ، وَيَضْحَكُونَ وَيَبْتَسِمُ مَعَهُمْ اِذَا ضَحِكُوا

صحابہ کرام آپ کے پاس اشعار پڑھتے اور زمانہ جاہلیت کی کچھ باتوں کا ذکر کرتے' آپ ان کے ساتھ تبسم فرماتے جب صحابہ کرام مسکراتے۔

**1986** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ سَوْرَةَ، وَاَبُو خَلِيفَةَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ، قَالُوا: ثنا اَبُو الْوَلِيدِ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ' حضرت ابن دحداح کے جنازہ سے واپسی پر ننگی پیٹھ والے گھوڑے پر سوار ہو کر آئے۔

حَرْبٍ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجَعَ مِنْ جِنَازَةِ ابْنِ الدَّحْدَاحِ عَلٰى فَرَسٍ عُرْيٍ

**1987** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَسْرُوقِيُّ، ثنا عَوْنُ بْنُ سَلَّامٍ، ثنا قَيْسٌ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرٍ، يَرْفَعُهُ: اَنَّهُ كَانَ يُصَلِّي الْفَجْرَ ثُمَّ يَقْعُدُ اِلٰى طُلُوعِ الشَّمْسِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ مرفوعاً بیان کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نمازِ فجر پڑھتے پھر طلوعِ شمس تک بیٹھے رہتے۔

**1988** - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ عَلِيٍّ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا يُونُسُ بْنُ حَبِيبٍ، ثنا اَبُو دَاوُدَ، ثنا قَيْسٌ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَيُفْتَحَنَّ اَبْيَضُ كِسْرٰى عَلٰى طَائِفَةٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ مسلمانوں میں سے ایک گروہ کے ہاتھوں ضرور کسریٰ کے سفید خزانے فتح ہوں گے۔

**1989** - وَعَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، قَالَ: قُلْتُ لِجَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ: كَيْفَ كَانَتْ صَلَاةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: كَانَتْ خُطْبَتُهُ قَصْدًا وَصَلَاتُهُ قَصْدًا

حضرت سماک فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے کہا: حضور ﷺ کی نماز کیسی تھی؟ اُنہوں نے فرمایا: آپ کی نماز اور خطبہ درمیانہ ہوتا تھا۔

**1990** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عَقِيلٍ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبَانَ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: صَعِدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمِنْبَرَ، فَقَالَ: آمِينَ آمِينَ آمِينَ قَالَ: اَتَانِي جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ مَنْ اَدْرَكَ اَحَدَ وَالِدَيْهِ فَمَاتَ فَدَخَلَ النَّارَ فَاَبْعَدَهُ اللّٰهُ قُلْ آمِينَ، فَقُلْتُ: آمِينَ، قَالَ: يَا مُحَمَّدُ مَنْ اَدْرَكَ شَهْرَ رَمَضَانَ فَمَاتَ فَلَمْ يُغْفَرْ لَهُ فَاُدْخِلَ النَّارَ فَاَبْعَدَهُ اللّٰهُ قُلْ آمِينَ،

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ منبر پر جلوہ افروز ہوئے' آپ نے تین دفعہ آمین کہا' آپ نے فرمایا: میرے پاس حضرت جبریل علیہ السلام تشریف لائے' عرض کی: یارسول اللہ! جس نے اپنے والدین میں سے کسی ایک کو پایا (ان کی خدمت نہ کرسکا اور) وہ مرگئے تو وہ جہنم میں داخل ہوگا' وہ اللہ کی رحمت سے دور ہوگا۔ آپ آمین فرمائیں! تو میں نے آمین کہا۔ عرض کی: اے محمد! جس نے رمضان کا مہینہ پایا وہ مرگیا' اس حالت میں کہ اپنی بخشش نہ کروا

فَقُلْتُ: آمِينَ، قَالَ: وَمَنْ ذُكِرْتَ عِنْدَهُ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْكَ فَمَاتَ فَدَخَلَ النَّارَ فَأَبْعَدَهُ اللّٰهُ، قُلْ آمِينَ، فَقُلْتُ: آمِينَ

سکا وہ جہنم میں داخل ہو گیا‘ وہ اللہ کی رحمت سے دور ہوا‘ آپ آمین فرمائیں! تو میں نے آمین کہا۔ عرض کی: جس کے پاس آپ کا نام لیا جائے اور وہ آپ کی بارگاہ میں درود نہ پڑھے اور مر گیا تو وہ جہنم میں داخل ہوا‘ اللہ کی رحمت سے دور ہوا‘ آپ آمین فرمائیں! میں نے آمین کہی۔

**1991** - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْجُنْدِيسَابُورِيُّ، ثنا أَبُو بِلَالٍ الْأَشْعَرِيُّ، ثنا قَيْسٌ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرٍ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ موزوں پر مسح کرتے تھے۔

## حَجَّاجُ بْنُ أَرْطَاةَ، عَنْ سِمَاكٍ

## حضرت حجاج بن ارطاۃ‘ حضرت سماک سے روایت کرتے ہیں

**1992** - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى زَحْمُويَهِ ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْحَلَبِيُّ، قَالُوا: ثنا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كَانَ فِي سَاقَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُمُوشَةٌ، وَكَانَ لَا يَضْحَكُ إِلَّا تَبَسُّمًا، وَكُنْتُ إِذَا نَظَرْتُ إِلَيْهِ قُلْتُ أَكْحَلُ الْعَيْنَيْنِ وَلَيْسَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ کی دونوں پنڈلیوں میں حُسن اور نزاکت تھی اور آپ ہنستے نہیں تھے صرف تبسم کرتے تھے‘ جب میں آپ کو دیکھتا تو ایسے محسوس ہوتا کہ آپ نے آنکھوں میں سرمہ لگایا ہے‘ حالانکہ آپ نے سرمہ نہیں لگایا ہوا ہوتا تھا۔ یہ الفاظ‘ حضرت عبدالرحمان بن عبیداللہ کی حدیث کے ہیں۔



---

**1992**- أخرجه الترمذي في سننه جلد5صفحه603 رقم الحديث: 3645 وقال: هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه صحيح، وأحمد في مسنده جلد5صفحه97 رقم الحديث: 20953‘ جلد5صفحه105 رقم الحديث: 21042 كلاهما عن حجاج عن سماك عن جابر بن سمرة به .

بِاَكْحَلَ وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ

**1993** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ الْاَوَّلِ، ثنا اَبُو خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنْ حَجَّاجٍ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَنْبَعِثُ فِي الضَّحِكِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسکراتے نہیں تھے (بلکہ تبسم فرماتے)۔

**1994** - حَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ حَجَّاجٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ قَائِمًا ثُمَّ قَعَدَ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کھڑے ہو کر خطبہ دیتے تھے پھر بیٹھتے تھے۔

## سُلَيْمَانُ بْنُ مُعَاذٍ الضَّبِّيُّ، عَنْ سِمَاكٍ

## حضرت سلیمان بن معاذ ضبی، حضرت سماک سے روایت کرتے ہیں

**1995** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ طَالُوتَ، قَالَا: ثنا اَبُو دَاوُدَ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ مُعَاذٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْتَمِسُوا لَيْلَةَ الْقَدْرِ فِي الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: لیلۃ القدر کو آخری عشرہ میں تلاش کرو۔

**1996** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا اَبُو دَاوُدَ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ مُعَاذٍ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرٍ: اَنَّ النَّبِيَّ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مکہ میں ایک پتھر ہے وہ مجھ پر سلام بھیجتا ہے جب میں اس کو دیکھتا ہوں تو اس کو

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ بِمَكَّةَ حَجَرًا يُسَلِّمُ عَلَيَّ اِنِّي لَاَعْرِفُهُ اِذَا رَاَيْتُهُ

پہچان لیتا ہوں۔

## نَاصِحٌ اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ سِمَاكٍ

## حضرت ناصح ابوعبداللہ' حضرت سماک سے روایت کرتے ہیں

**1997** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْخَطَّابِ، ثنا نَاصِحٌ اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: كَانَ شَابٌّ يَخْدُمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيُخِفُّ فِي حَوَائِجِهِ، فَقَالَ: سَلْنِي حَاجَةً، فَقَالَ: ادْعُ اللّٰهَ تَعَالَى لِي بِالْجَنَّةِ، قَالَ: فَرَفَعَ رَاْسَهُ فَتَنَفَّسَ وَقَالَ: نَعَمْ وَلَكِنْ اَعِنِّي بِكَثْرَةِ السُّجُودِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک نوجوان رسول اللہ ﷺ کی خدمت کرتا تھا' آپ کی ضرورت میں آسانی مہیا کرتا تھا' آپ نے فرمایا: مجھ سے اپنی ضرورت مانگو! اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے لیے جنت مانگیں! آپ نے اپنا سرانور اُٹھایا' اس کے بعد سانس لیا' آپ نے فرمایا: ٹھیک ہے! لیکن تم کثرتِ سجدہ کے ساتھ میری مدد کرو۔

**1998** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْخَطَّابِ، حَدَّثَنَا نَاصِحٌ اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ دَفَنَ ثَلَاثَةً مِنَ الْوَلَدِ فَصَبَرَ عَلَيْهِمْ وَاحْتَسَبَهُمْ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ، فَقَالَتْ اُمُّ اَيْمَنَ: اَوِ اثْنَيْنِ، قَالَ: وَمَنْ دَفَنَ اثْنَيْنِ فَصَبَرَ عَلَيْهِمَا وَاحْتَسَبَهُمَا وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ، فَقَالَتْ اُمُّ اَيْمَنَ: اَوْ وَاحِدَةٌ؟ قَالَ: فَسَكَتَ اَوْ اَمْسَكَ، فَقَالَ: سَمِعْتُ اُمَّ اَيْمَنَ: مَنْ دَفَنَ وَاحِدًا فَصَبَرَ وَاحْتَسَبَ كَانَتْ لَهُ الْجَنَّةُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کے تین بچے فوت ہو گئے اور اُس نے ان پر صبر کیا اور ثواب حاصل کیا تو اُس کے لیے جنت واجب ہوگئی۔ حضرت اُم ایمن رضی اللہ عنہا نے عرض کی: اگر دو فوت ہو جائیں؟ آپ نے فرمایا: جس کے دو فوت ہوئے' اُس نے ان پر صبر کیا اور ثواب حاصل کیا تو اس کے لیے جنت واجب ہوگئی۔ حضرت اُم ایمن رضی اللہ عنہا نے عرض کی: اگر ایک فوت ہو جائے؟ آپ خاموش رہے' آپ نے فرمایا: میں نے اُم ایمن کو سن لیا' جس کا ایک بچہ فوت ہوگیا' اُس نے صبر کیا اور ثواب حاصل کیا تو اُس کے لیے جنت واجب ہوگئی۔

**1999** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ نَائِلَةَ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، ثنا نَاصِحٌ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: اَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَدِّ اَبْوَابِ الْمَسْجِدِ كُلِّهَا غَيْرَ بَابِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ الْعَبَّاسُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَدْرَ مَا اَدْخُلُ اَنَا وَحْدِي وَاَخْرُجُ قَالَ: مَا اُمِرْتُ بِشَيْءٍ مِنْ ذٰلِكَ فَسَدَّهَا كُلَّهَا غَيْرَ بَابِ عَلِيٍّ وَرُبَّمَا مَرَّ وَهُوَ جُنُبٌ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مسجد کے تمام دروازے بند کرنے کا حکم دیا' سارے کے سارے سوائے حضرت علی کے دروازے کے۔ حضرت عباس نے عرض کی: یارسول اللہ! اتنی اجازت ہو کہ میں اکیلا نکل اور داخل ہوسکوں۔ آپ نے فرمایا: میں کسی شی کے لیے حکم نہیں دوں گا' سارے دروازے بند کر دیئے سوائے حضرت علی کے۔ حضرت علی بسا اوقات حالتِ جنابت میں گزرتے۔

**2000** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْخَطَّابِ، ثنا نَاصِحٌ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَاَنْ يُؤَدِّبَ اَحَدُكُمْ وَلَدَهُ خَيْرٌ لَهُ مِنْ اَنْ يَتَصَدَّقَ كُلَّ يَوْمٍ بِنِصْفِ صَاعٍ عَلَى مَسَاكِينَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی اپنی اولاد کو ادب سکھائے تو اس کے لیے بہتر ہے اس سے کہ وہ مساکین پر نصف صاع (اڑھائی کلو) ہر روز صدقہ کرے۔

**2001** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ صُبَيْحٍ الْاَسَدِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى، ثنا نَاصِحٌ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: لَمَّا سَاَلَ اَهْلُ قُبَاءٍ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَبْنِيَ لَهُمْ مَسْجِدًا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِيَقُومَ بَعْضُكُمْ فَيَرْكَبَ النَّاقَةَ، فَقَامَ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَرَكِبَهَا فَحَرَّكَهَا فَلَمْ تَنْبَعِثْ، فَرَجَعَ فَقَعَدَ فَقَامَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَرَكِبَهَا فَحَرَّكَهَا فَلَمْ تَنْبَعِثْ فَرَجَعَ فَقَعَدَ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَصْحَابِهِ:

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب اہلِ قباء نے نبی کریم ﷺ سے عرض کی کہ ان کے لیے مسجد بنائیں! تو حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی کھڑا ہو اور اونٹنی پر سوار ہو۔ حضرت ابوبکر کھڑے ہوئے' وہ سوار ہوئے' اس کو حرکت دی تو وہ اونٹنی نہ اُٹھی' آپ واپس آ گئے اور بیٹھ گئے' پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ اُٹھے' سواری پر سوار ہوئے اور اسے حرکت دی تو وہ نہ اُٹھی' آپ بھی واپس لوٹے اور بیٹھ گئے' پھر حضور ﷺ نے اپنے صحابہ سے فرمایا: تم میں سے کوئی اُٹھے اور اونٹنی پر سوار ہو' حضرت علی اُٹھے' جب اپنا پاؤں رکاب میں

ناصح ابو عبد الله عن سماك

2000- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد4صفحه292 رقم الحديث:7680 عن ناصح عن سماك عن جابر بن سمرة به .

لِيَقُومَ بَعْضُكُمْ فَيَرْكَبَ النَّاقَةَ فَقَامَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَلَمَّا وَضَعَ رِجْلَهُ فِي غَرْزِ الرِّكَابِ، وَثَبَتَ بِهِ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَلِيُّ اِرْخِ زِمَامَهَا وَابْنُوا عَلَى مَدَارِهَا فَإِنَّهَا مَأْمُورَةٌ

رکھا تو وہ اونٹنی اُٹھی۔ حضورﷺ نے فرمایا: اے علی! اس کی لگام کو چھوڑ دو' یہ اپنی جگہ تلاش کرے گی کیونکہ یہ مامور ہے۔

**2002** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْخَطَّابِ، ثنا نَاصِحٌ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَعِدَ الْمِنبَرَ، فَقَالَ: آمِينَ آمِينَ آمِينَ، فَقَالَ: اَتَانِي جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ مَنْ اَدْرَكَ اَحَدَ وَالِدَيْهِ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ منبر پر تشریف فرما ہوئے' آپ نے تین مرتبہ آمین فرمایا' آپ نے فرمایا: میرے پاس حضرت جبریل علیہ السلام آئے' عرض کی: اے محمدﷺ! جس نے اپنے والدین کو پایا' اس کے بعد مکمل حدیث بیان کی۔

**2003** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبَانَ، ثنا نَاصِحٌ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَنْتَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسَى اِلَّا اَنَّهُ لَا نَبِيَّ بَعْدِي

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: آپ کا مقام و مرتبہ میرے ہاں وہی ہے جو حضرت ہارون کا حضرت موسیٰ کا ہاں تھا' مگر یہ ہے کہ میرے بعد نبی نہیں ہے۔

**2004** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبَانَ، ثنا نَاصِحٌ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَنْ يَحْمِلُ رَايَتَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟ قَالَ: مَنْ يُحْسِنُ اَنْ يَحْمِلَهَا اِلَّا مَنْ حَمَلَهَا فِي الدُّنْيَا عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! قیامت کے دن آپ کا جھنڈا کون اُٹھائے گا؟ آپ نے فرمایا: جو اچھی طرح اُٹھانے والا ہوا وہی ہوگا مگر دنیا میں علی اُٹھاتا تھا۔

**2005** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبَانَ، ثنا نَاصِحٌ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: قومِ ثمود میں سے بدبخت کون تھا؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: مَنْ اَشْقَى ثَمُودَ ؟ قَالَ: مَنْ عَقَرَ النَّاقَةَ، قَالَ: فَمَنْ اَشْقَى هَذِهِ الْاُمَّةِ؟ قَالَ: اللّٰهُ اَعْلَمُ، قَالَ: قَاتِلُكَ

نے عرض کی: جس نے اونٹنی کی کونچیں کاٹی تھیں' آپ نے فرمایا: اس اُمت میں سب سے بڑا بد بخت کون ہو گا؟ عرض کی: اللہ زیادہ جانتا ہے' آپ نے فرمایا: جو تمہیں قتل کرے گا۔

**2006** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ بْنِ الْاَخْرَمِ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوبَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ، ثنا نَاصِحٌ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اِنَّكَ امْرُؤٌ مُسْتَخْلَفٌ وَاِنَّكَ مَقْتُولٌ وَهَذِهِ مَخْضُوبَةٌ مِنْ هَذِهِ لِحْيَتُهُ مِنْ رَاْسِهِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تمہیں خلیفہ بنایا جائے گا تو قتل کیا جائے گا' یہ داڑھی خون کے ساتھ رنگی جائے گی۔

**2007** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ الْعَطَّارُ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ الْعِجْلِيُّ، ثنا نَاصِحٌ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَغْدُو يَوْمَ الْفِطْرِ حَتَّى يَاْكُلَ سَبْعَ تَمَرَاتٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ عید الفطر کے دن صبح کے وقت سات کھجوریں کھاتے تھے۔

## الْجَرَّاحُ بْنُ الضَّحَّاكِ الْكِنْدِيُّ، عَنْ سِمَاكٍ

## حضرت جراح بن ضحاک الکندی' حضرت سماک سے روایت کرتے ہیں

**2008** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ الْجُنْدِيسَابُورِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا الْجَرَّاحُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: لَمْ يَكُنْ يُؤَذَّنُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَا يُقَامُ فِي الْعِيدَيْنِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ کو عید کی نماز کے لیے اطلاع نہیں دی جاتی تھی' عیدین میں اقامت نہیں ہوتی تھی۔

# عُمَرُ بْنُ عُبَيْدِ الطَّنَافِسِيُّ، عَنْ سِمَاكٍ

2009 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ اَسَدٍ، ثنا عُمَرُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ كَذَّابِينَ

2010 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا عُمَرُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: مَا رُؤِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ اِلَّا قَائِمًا

# عَمْرُو بْنُ اَبِي قَيْسٍ، عَنْ سِمَاكٍ

2011 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ الْبَصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الدَّشْتَكِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ اَبِي قَيْسٍ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ مِنْ بَنِي سُلَيْمٍ كَانَ فِي الْحَرَّةِ هُوَ وَوَلَدُهُ وَكَانَ يَغْشَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَدِينَةِ فَاِذَا اَمْسَى اَتَى اَهْلَهُ فَمَاتَتْ نَاقَةٌ، فَقَالَتْ لَهُ امْرَاَتُهُ: اَطْعِمْنَا لَحْمَهَا فَاِنَّا مُضْطَرُّونَ، قَالَ: لَا وَاللّٰهِ حَتَّى اُعْلِمَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَاهُ فَاَخْبَرَهُ الْخَبَرَ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

# حضرت عمر بن عبید طنافسی، حضرت سماک سے روایت کرتے ہیں

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: قیامت سے پہلے جھوٹے ہوں گے۔

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کھڑے ہو کر خطبہ دیتے ہوئے دیکھا گیا۔

# حضرت عمرو بن ابوقیس، حضرت سماک سے روایت کرتے ہیں

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بنی سلیم سے ایک آدمی جو خود اور اس کی اولاد مقامِ حرہ میں رہتی تھی، شام مدینہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاں گزارتا، جب رات ہوتی تو اپنے گھر آ جاتا، اس کی اونٹنی مرگئی تو اس کی بیوی نے کہا: ہم کیونکہ مجبور ہیں، ہم اس کا گوشت کھا لیتے ہیں۔ اُس نے کہا: نہیں! اللہ کی قسم! جب تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نہ بتاؤں۔ وہ آپ کے پاس آیا اور آپ کو خبر دی، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا تمہارے پاس کوئی اور شی بھی ہے جو تمہیں اس سے بے نیاز کر دے؟

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ لَكَ مَا يُغْنِيكَ عَنْهَا؟ قَالَ: لَا، قَالَ: اذْهَبْ فَكُلْهَا فَاسْتَذَابُوا وَدَكَهَا وَاسْتَعَانُوا بِلَحْمِهَا بَقِيَّةَ سَنَتِهِمْ

عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: تُو جا اور اس کو کھا۔ ہم اس کی چکنائی سے فائدہ اُٹھاتے اور اس کے گوشت کو سال کا باقی حصہ تک کھاتے رہے۔

عمرو بن ابی قیس عن سماک

**2012** - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ سُفْيَانَ الْجُنْدِيسَابُورِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْجَهْمِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ أَبِي قَيْسٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَكُونُ اثْنَا عَشَرَ أَمِيرًا ثُمَّ تَكَلَّمَ بِشَيْءٍ لَمْ أَسْمَعْهُ فَزَعَمَ الْقَوْمُ أَنَّهُ قَالَ: كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ بارہ امیر ہوں گے' پھر آپ نے ایک بات کی جو میں نہ سن سکا' لوگوں نے گمان کیا کہ آپ نے فرمایا: وہ سارے کے سارے قریش سے ہوں گے۔

**2013** - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ سُفْيَانَ الْجُنْدِيسَابُورِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْجَهْمِ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يَقُومُ مِنْ مَكَانِهِ الَّذِي يُصَلِّي فِيهِ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جس جگہ فجر کی نماز پڑھ لیتے' اُس جگہ سے سورج کے طلوع ہونے تک نہیں اُٹھتے تھے۔

**2014** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَبَّاسِ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا أَبُو مَسْعُودٍ أَحْمَدُ بْنُ الْفُرَاتِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سَابِقٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ أَبِي قَيْسٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ رَجُلًا، قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ فُلَانًا مَاتَ قَالَ: لَمْ يَمُتْ ثَلَاثًا يَقُولُهَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! فلاں مرگیا ہے' آپ نے فرمایا: فلاں نہیں مرا ہے' تین دفعہ آپ نے فرمایا۔

حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ سُفْيَانَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْجَهْمِ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: أُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس کھانا کا ایک پیالہ لایا گیا' اس میں لہسن تھا تو آپ نے وہ حضرت ابوایوب کو بھیج دیا۔ اس

وَسَلَّمَ بِقَصْعَةٍ فِيهَا ثُومٌ فَبَعَثَ بِهَا إِلَى أَبِي أَيُّوبَ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ

کے بعد حدیث ذکر کی۔

**2015** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَذُوعِيُّ الْقَاضِي، ثنا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الدَّشْتَكِيُّ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الْغَدَاةَ فَأَهْوَى بِيَدِهِ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ فجر کی نماز پڑھا رہے تھے' آپ نے اپنے ہاتھ کے ساتھ اشارہ کیا' اس کے بعد حدیث ذکر کی۔

## الْوَلِيدُ بْنُ أَبِي ثَوْرٍ، عَنْ سِمَاكٍ

## حضرت ولید بن ابوثور' حضرت سماک سے روایت کرتے ہیں

**2016** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، ح وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْبَاقِي الْأَذَنِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ لُوَيْنٌ قَالَا: ثنا الْوَلِيدُ بْنُ أَبِي ثَوْرٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: جِيءَ بِمَاعِزٍ رَجُلٍ قَصِيرٍ مُتَّزِرٍ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَّكِئًا عَلَى وِسَادَةٍ، فَلَمَّا أُتِيَ بِهِ اجْتَنَحَ الْوِسَادَةَ فَكَلَّمَهُ فَاحْمَرَّ وَجْهُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَرَفَ أَنَّهُ قَدْ أَغْضَبَهُ فَأَوْمَأَ بِيَدِهِ أَنِ ارْجُمُوهُ، ثُمَّ أَرْسَلَ رَجُلًا فِي أَثَرِهِ وَكَلَّمَهُ قَلِيلًا ثُمَّ قَالَ: اذْهَبُوا بِهِ فَارْجُمُوهُ فَثَارَ الْقَوْمُ فَصَعِدَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمِنْبَرَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ: أَمَا بَعْدُ كُلَّمَا نَفَرْنَا

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ چھوٹے قد کے آدمی حضرت ماعز کو تہبند پہنا کر حضور ﷺ کی بارگاہ میں لایا گیا' حضور ﷺ تکیہ پر ٹیک لگائے ہوئے تھے' جب آپ کے پاس لایا گیا تو آپ نے تکیہ پر مکمل سہارا لے کر گفتگو کی یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ کا چہرۂ مبارک سرخ ہو گیا۔ یہ معلوم ہوا کہ آپ کو غصہ آیا ہے' آپ نے اپنے ہاتھ سے اشارہ کر کے ان کو رجم کرنے کا حکم دیا' پھر ایک آدمی ان کے پیچھے بھیجا' اُس سے تھوڑی دیر گفتگو فرمائی' پھر فرمایا: اس کو لے جاؤ! اسے رجم کرو! لوگ اس کو بُرا بھلا کہنے لگے' حضور ﷺ منبر پر تشریف فرما ہوئے' آپ نے اللہ کی حمد اور ثناء کی' پھر فرمایا: اس کے بعد جب بھی ہم اللہ کی راہ میں نکلتے ہیں' ان میں سے کوئی پیچھے رہتا ہے' وہ

فِي سَبِيلِ اللّٰهِ تَخَلَّفَ اَحَدُهُمْ لَهُ نَبِيبٌ كَنَبِيبِ التَّيْسِ يَمْنَحُ اِحْدَاهُنَّ شَيْئًا اَمَا لَئِنْ اَمْكَنَنِي اللّٰهُ مِنْ اَحَدِهِمْ لَاُنَكِّلَنَّ بِهِ

نر بکرے کی طرح آوازیں نکالتا ہے' عورتوں میں سے کوئی ایک اسے کچھ دودھ دے دیتی ہے' اگر اللہ نے مجھے ان میں سے کسی پر قدرت دی تو میں ان کو عبرت بناؤں گا۔

## عُمَرُ بْنُ مُوسَى بْنِ وَجِيهٍ، عَنْ سِمَاكٍ

## حضرت عمر بن موسیٰ بن وجیہ' حضرت سماک سے روایت کرتے ہیں

2017 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدٍ، حَدَّثَنَا عَمِّي، ثنا اَبِي، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ مُوسَى، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ فِي جَنَازَةِ ثَابِتِ بْنِ الدَّحْدَاحِ وَهُوَ عَلَى فَرَسٍ اَغَرَّ مُحَجَّلٍ لَيْسَ عَلَيْهِ شَيْءٌ وَمَعَهُ النَّاسُ وَهُمْ حَوْلَهُ قَالَ: فَنَزَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ جَلَسَ حَتَّى فَرَغَ ثُمَّ قَامَ فَقَعَدَ عَلَى فَرَسِهِ ثُمَّ انْطَلَقَ يَسِيرُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ حضرت ثابت بن دحداح کے جنازہ کے لیے نکلے' آپ ﷺ اپنے گھوڑے پر سوار تھے جس کے پاؤں چمک رہے تھے اس پر کوئی شی نہیں تھی' صحابہ کرام آپ کے ساتھ آپ کے اردگرد تھے' آپ ﷺ نیچے اُترے' پھر بیٹھے' دفن کر کے فارغ ہوئے' پھر آپ کھڑے ہوئے اور گھوڑے پر بیٹھے' پھر آپ چلے گئے۔

## عَمْرُو بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ سِمَاكٍ

## حضرت عمرو بن ثابت' حضرت سماک سے روایت کرتے ہیں

2018 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوبَ، ثنا عَمْرُو بْنُ ثَابِتٍ، حَدَّثَنِي سِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: مَنْ حَدَّثَكَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَخْطُبُ عَلَى الْمِنْبَرِ النَّاسَ جَالِسًا فَكَذِّبْهُ، قَالَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو یہ بیان کرے کہ آپ ﷺ لوگوں کو منبر پر بیٹھ کر خطبہ دیتے تھے تو اس کی بات کو جھٹلاؤ۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں گواہ ہوں' آپ کھڑے ہو کر خطبہ دیتے تھے' پھر بیٹھتے پھر کھڑے ہوتے اور دوسرا خطبہ

جَابِرٌ: وَأَنَا شَاهِدٌ أَنَّهُ كَانَ يَخْطُبُ قَائِمًا ثُمَّ يَجْلِسُ ثُمَّ يَقُومُ فَيَخْطُبُ خِطْبَةَ الْآخِرَةِ، قَالَ: فَقُلْتُ: كَيْفَ كَانَتْ خُطْبَتُهُ؟ قَالَ: كَلَامًا يَعِظُ بِهِ النَّاسَ وَيَقْرَأُ آيَاتٍ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ وَكَانَتْ قَصْدًا وَكَانَتْ صَلَاتُهُ قَصْدًا بِنَحْوٍ مِنَ الشَّمْسِ وَضُحَاهَا، وَالسَّمَاءِ وَالطَّارِقِ إِلَّا صَلَاةَ الْغَدَاةِ وَصَلَاةَ الظُّهْرِ، فَإِنَّ بِلَالًا كَانَ يُؤَذِّنُ حِينَ تَدْحَضُ الشَّمْسُ وَرُبَّمَا أَخَّرَ الْإِقَامَةَ قَلِيلًا وَرُبَّمَا عَجَّلَهَا، فَأَمَّا الْأَذَانُ فَلَا يَخْرِمُ عَنِ الْوَقْتِ، وَالْعَصْرَ نَحْوًا مِمَّا تُصَلُّونَ، وَالْمَغْرِبَ نَحْوًا مِمَّا تُصَلُّونَ، وَالْعِشَاءَ الْآخِرَةَ يُؤَخِّرُهَا عَنْ صَلَاتِكُمْ قَلِيلًا

دیتے۔ حضرت سماک فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: آپ کا خطبہ کیا ہوتا تھا؟ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ خطبہ میں لوگوں کو نصیحت کرتے' قرآن کی آیات پڑھتے' آپ کا خطبہ اور نماز درمیانی ہوتی تھی' آپ نماز میں والشمس وضحاھا' والسماء والطارق پڑھتے لیکن فجر کی نماز میں لمبی قرأت کرتے' ظہر کی اذان حضرت بلال رضی اللہ عنہ سورج ڈھلنے کے بعد دیتے تھے' بسا اوقات اقامت دیر سے پڑھتے اور بسا اوقات جلدی پڑھتے' اذان وقت پر ہی دیتے' عصر کی نماز ایسے پڑھتے جس طرح تم پڑھتے ہو اور مغرب بھی تمہاری طرح اور عشاء کی نماز تمہاری نماز سے تھوڑا دیر سے پڑھتے تھے۔

## يَزِيدُ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ سِمَاكٍ

## حضرت یزید بن عطاء' حضرت سماک سے روایت کرتے ہیں

2019 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الصَّلَوَاتِ كَنَحْوٍ مِنْ صَلَاتِكُمْ، كَانَ يُصَلِّي الظُّهْرَ حِينَ تَزُولُ الشَّمْسُ وَكَانَ يَقْرَأُ فِي صَلَاةِ الْفَجْرِ بِـ ق وَالْقُرْآنِ الْمَجِيدِ، وَيس وَنَحْوِ ذَلِكَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تمہاری نمازوں کی طرح نماز پڑھتے ہوئے دیکھا' آپ ظہر کی نماز پڑھتے جس وقت سورج ڈھل جاتا اور فجر کی نماز میں ق والقرآن المجید اور سورۂ یٰسین اور اس جیسی کوئی سورت پڑھتے۔

## مُفَضَّلُ بْنُ صَالِحٍ،

## حضرت مفضل بن صالح' حضرت

# عَنْ سِمَاكٍ

**2020** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فَضَاءِ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ بُدَيْلٍ، ثنا مُفَضَّلُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: صَلَّيْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةً مَكْتُوبَةً فَضَمَّ يَدَيْهِ فِي الصَّلَاةِ، فَلَمَّا قَضَى الصَّلَاةَ قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَحَدَثَ فِي الصَّلَاةِ شَيْءٌ؟ قَالَ: لَا اِلَّا اَنَّ الشَّيْطَانَ اَرَادَ اَنْ يَمُرَّ بَيْنَ يَدَيَّ فَخَنَقْتُهُ حَتَّى وَجَدْتُ بَرْدَ لِسَانِهِ عَلَى يَدَيَّ، وَايْمُ اللّٰهِ لَوْلَا مَا سَبَقَنِي اِلَيْهِ اَخِي سُلَيْمَانُ لَنِيطَ اِلَى سَارِيَةٍ مِنْ سَوَارِي الْمَسْجِدِ حَتَّى يَطِيفَ بِهِ وِلْدَانُ اَهْلِ الْمَدِينَةِ

# سماک سے روایت کرتے ہیں

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ فرض نماز ادا کر رہے تھے' آپ نے اپنے دونوں دست مبارک نماز میں ملائے' جب نماز سے فارغ ہوئے تو ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! نماز میں کسی شی کا حکم ہوا؟ آپ نے فرمایا: نہیں! ہوا یہ ہے کہ شیطان نے میرے آگے سے گزرنے کا ارادہ کیا' میں نے اس کا گلا گھونٹا' میں نے اس کی زبان کی ٹھنڈک اپنے ہاتھوں پر پائی' اللہ کی قسم! اگر میرے بھائی سلیمان اس کی طرف مجھ سے سبقت نہ لے گئے ہوتے تو اس کو مسجد کے ستونوں میں سے کسی ستون سے باندھ دیتا تو مدینہ والوں کے بچے اس کے اردگرد گھومتے۔

# اَيُّوبُ بْنُ جَابِرٍ، عَنْ سِمَاكٍ

**2021** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ وَاقِدٍ، ثنا اَبِي، ثنا اَيُّوبُ بْنُ جَابِرٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ جرمقانيا اتى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَكَرَ الْحَدِيثَ

# حضرت ایوب بن جابر' حضرت سماک سے روایت کرتے ہیں

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جرمقانیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آیا اور حدیث ذکر کی۔

**2022** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ الْوَاسِطِيُّ، ثنا اَيُّوبُ بْنُ جَابِرٍ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الصَّلَاةَ الْمَكْتُوبَةَ صَلَاةً وَسَطًا لَا يُطِيلُ فِيهَا، وَلَا يَخِفُّ وَكَانَ يُؤَخِّرُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرض نماز درمیانی پڑھاتے' اس کو نہ زیادہ لمبا اور نہ زیادہ مختصر کرتے' آپ نماز عشاء دیر سے پڑھتے۔

الْعَتَمَةَ

2023 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ خُزَيْمَةَ الْبَصْرِيُّ، ثنا اَبِي، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ اِدْرِيسَ، حَدَّثَنَا اَيُّوبُ بْنُ جَابِرٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: رَاَيْتُ خَاتَمَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاِذَا هُوَ عِنْدَ كَتِفِهِ كَبَيْضَةِ الْحَمَامَةِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مہر نبوت دیکھی' وہ آپ کے دونوں کندھوں کے درمیان کبوتر کے انڈے کی طرح تھی۔

## حَازِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْبَجَلِيُّ لَمْ يُخَرَّجْ، مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ سِمَاكٍ

## حضرت حازم بن ابراہیم بجلی' ان سے کوئی حدیث تخریج نہیں کی گئی' حضرت محمد بن فضل بن عطیہ' حضرت سماک سے روایت کرتے ہیں

2024 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ رَاشِدٍ الْاَدَمِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ مِهْرَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الْحَيَوَانِ بِالْحَيَوَانِ نَسِيئَةً

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جانور کے بدلے جانور کی بیع اُدھار کرنے سے منع کیا۔

## عَائِذُ بْنُ نَصِيبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ

## حضرت عائذ بن نصیب' حضرت جابر سے روایت کرتے ہیں

2025 - حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَلْطِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو نُعَيْمٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ،

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نماز میں اپنی انگلی سے اشارہ کرتے ہوئے دیکھا' جب آپ نے سلام پھیرا تو میں

ح وَحَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالُوا: ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ عَائِذِ بْنِ نَصِيبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ سَمُرَةَ، يَقُولُ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُشِيرُ بِإِصْبَعِهِ وَهُوَ فِي الصَّلَاةِ، فَلَمَّا سَلَّمَ سَمِعْتُهُ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهِ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ أَعْلَمْ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنَ الشَّرِّ كُلِّهِ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ أَعْلَمْ

نے آپ کو فرماتے ہوئے سنا: اے اللہ! میں تجھ سے ساری بھلائی مانگتا ہوں جس کا مجھے علم ہے اور جس کا علم نہیں ہے میں تمام شر سے پناہ مانگتا ہوں جس کا مجھے علم ہے اور جس کا علم نہیں ہے۔

## الْأَسْوَدُ بْنُ سَعِيدٍ الْهَمْدَانِيُّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ

## حضرت اسود بن سعید الہمدانی، حضرت جابر سے روایت کرتے ہیں

2026 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عِقَالٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، قَالَا: ثنا زُهَيْرٌ، ثنا زِيَادُ بْنُ خَيْثَمَةَ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ سَعِيدٍ الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَزَالُ هَذِهِ الْأُمَّةُ مُسْتَقِيمٌ أَمْرُهَا ظَاهِرَةٌ عَلَى عَدُوِّهَا حَتَّى يَمْضِيَ مِنْهُمُ اثْنَا عَشَرَ خَلِيفَةً كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ فَلَمَّا رَجَعَ إِلَى مَنْزِلِهِ أَتَتْهُ قُرَيْشٌ، قَالُوا: ثُمَّ يَكُونُ مَاذَا؟ قَالَ: ثُمَّ يَكُونُ الْهَرْجُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس اُمت کا کام سیدھا اور غالب رہے گا، اپنے دشمن پر غالب رہیں گے یہاں تک کہ بارہ خلفاء ہوں گے وہ سارے کے سارے قریش سے ہوں گے۔ جب آپ اپنے گھر واپس آئے تو قریش آپ کے پاس آئے، انہوں نے عرض کی: پھر اس کے بعد کیا ہوگا؟ آپ نے فرمایا: قتل و غارت۔

## النَّضْرُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ

## حضرت نضر بن صالح، حضرت جابر سے روایت

## جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ

**2027** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَمَّارُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا اِسْحَاقُ الْاَزْرَقُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِى سُلَيْمَانَ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ اَبِى وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ، فَقَالَ: لَا تَبْرَحُونَ بِخَيْرٍ مَا قَامَ عَلَيْكُمُ اثْنَا عَشَرَ اَمِيرًا، قُلْتُ لِاَبِى: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ آنِفًا كَذٰلِكَ؟ قَالَ اَبِى: قَدْ قَالَ: كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ

## کرتے ہیں

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اپنے والد کے ساتھ تھا اس حالت میں کہ رسول اللہ ﷺ خطبہ دے رہے تھے' آپ نے فرمایا: جب تک تم بارہ خلفاء رہو گے تم سے بھلائی نہیں کی جائے گی۔ میں نے اپنے والد سے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو ابھی یہ فرماتے ہوئے سنا ہے؟ میرے والد نے کہا کہ آپ نے فرمایا: وہ سارے کے سارے قریش سے ہوں گے۔

## زِيَادُ بْنُ عِلَاقَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ

**2028** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَزَالُ اُمَّتِى عَلَى الْحَقِّ ظَاهِرِينَ حَتّٰى يَكُونَ عَلَيْهِمِ اثْنَا عَشَرَ اَمِيرًا كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ

## حضرت زیاد بن علاقہ' حضرت جابر سے روایت کرتے ہیں

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اُمت حق پر رہے گی غالب ہوگی بارہ خلفاء کے امیر بننے تک' وہ سارے کے سارے قریش سے ہوں گے۔

**2029** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْجَارُودِ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ الْكِنْدِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَالِكٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ زِيَادَ بْنَ عِلَاقَةَ، وَعَبْدَ الْمَلِكِ بْنَ عُمَيْرٍ، يُحَدِّثَانِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ اَبِى

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اپنے والد کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کے پاس تھا' میں نے آپ کو فرماتے ہوئے سنا: میرے بعد بارہ خلفاء ہوں گے' پھر آپ نے اپنی آواز کو آہستہ کیا' میں نے اپنے والد سے کہا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ

عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: يَكُونُ بَعْدِي اثْنَا عَشَرَ اَمِيرًا ، ثُمَّ اَخْفَى صَوْتَهُ فَقُلْتُ لِاَبِي: قَدْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَكُونُ بَعْدِي اثْنَا عَشَرَ اَمِيرًا فَمَا الَّذِي اَخْفَى صَوْتَهُ؟ قَالَ: كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ

فرماتے ہوئے سنا ہے کہ میرے بعد بارہ خلفاء ہوں گے' جب آپ نے اپنی آواز آہستہ کی تو کیا فرمایا؟ میرے والد نے کہا: وہ سارے کے سارے قریش سے ہوں گے۔

حصين بن عبد الرحمن عن جابر بن سمرة

**2030** - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ثنا زُهَيْرٌ، عَنْ سِمَاكٍ، وَزِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، وَحُصَيْنٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَكُونُ مِنْ بَعْدِي اثْنَا عَشَرَ اَمِيرًا ثُمَّ تَكَلَّمَ بِشَيْءٍ لَمْ اَسْمَعْهُ، فَسَاَلْتُ اَبِي مَا قَالَ؟ فَقَالَ: كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میرے بعد بارہ خلفاء ہوں گے' پھر آپ نے ایک بات آہستہ آواز میں ارشاد فرمائی جو میں نہ سن سکا' میں نے اپنے والد سے پوچھا کہ آپ ﷺ نے کیا فرمایا ہے؟ میرے والد نے کہا کہ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ سارے کے سارے قریش سے ہوں گے۔

**2031** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ح قَالَ سَهْلٌ: وَثنا عَبْدُ الرَّحِيمِ، عَنْ يَاسِينَ الزَّيَّاتُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ تَمِيمٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَصَابَ الْعَدُوُّ نَاقَةَ رَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ فَاشْتَرَاهَا رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ فَعَرَفَهَا صَاحِبُهَا، فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَمَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَاْخُذَهَا بِالثَّمَنِ الَّذِي اشْتَرَاهَا بِهِ مِنَ الْعَدُوِّ، وَاِلَّا خَلَّى بَيْنَهُ وَبَيْنَهَا

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ دشمنوں نے مسلمانوں میں سے ایک آدمی کی اونٹنی چوری کی' مسلمانوں میں سے ایک آدمی نے اس کو خرید ا' اس اونٹنی کے مالک نے اسے پہچان لیا' وہ حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ ﷺ نے حکم دیا کہ جتنے میں تو نے دشمن سے خرید کر یہ اونٹنی لی ہے' اتنے پیسے اس سے لے لے' ورنہ اس کے اور اونٹنی کے درمیان کا راستہ چھوڑ دے۔

## حُصَيْنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ،

## حضرت حصین بن عبدالرحمٰن' حضرت

# عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ

# جابر سے روایت کرتے ہیں

2032 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، ثنا الرَّبِيعُ بْنُ سَهْلٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا حُصَيْنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيُّ، حَدَّثَنِي جَابِرُ بْنُ سَمُرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ اَهْلَ الدَّرَجَاتِ الْعُلَى يَرَاهُمْ مَنْ هُوَ اَسْفَلُ مِنْهُمْ كَمَا يُرَى الْكَوْكَبُ الدُّرِّيُّ فِي اُفُقِ السَّمَاءِ وَاَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ مِنْهُمْ وَاَنْعِمَا

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جنت کے اعلیٰ درجے والوں کو نیچے کے درجہ والے ایسے دیکھیں گے جس طرح آسمان کے اُفق پر چمکتا ہوا ستارہ دیکھتے ہیں، حضرت ابوبکر و عمر اُن میں سے ہوں گے دونوں انعام والے ہوں گے۔

2033 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حَمَّادِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا حُصَيْنُ بْنُ نُمَيْرٍ، ثنا حُصَيْنٌ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: مِنْ خَلْفِهِ لِاَنْظُرَ اِلَى مَوْضِعِ الْخَاتَمِ فَلَمَّا نَظَرَ اِلَيَّ اَلْقَى رِدَاءَهُ فَنَظَرْتُ اِلَيْهِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس پیچھے سے ہو کر آیا تا کہ مہر نبوت کی جگہ کو دیکھوں، آپ نے میری طرف دیکھا، آپ نے اپنی چادر اُٹھائی تو میں نے مہر نبوت دیکھی۔

2034 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ، ثنا خَالِدٌ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا جَرِيرٌ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَقُومُ مِنْ بَعْدِي اثْنَا عَشَرَ اَمِيرًا ثُمَّ تَكَلَّمَ بِشَيْءٍ لَمْ اَسْمَعْهُ فَسَاَلْتُ الْقَوْمَ وَسَاَلْتُ اَبِي مَا قَالَ؟ وَكَانَ اَقْرَبَ اِلَيْهِ مِنِّي، فَقَالَ: كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میرے بعد بارہ خلفاء ہوں گے، پھر آپ نے آہستہ بات کی جو میں نہ سن سکا، میں نے لوگوں سے اور اپنے والد سے پوچھا کہ آپ ﷺ نے کیا فرمایا؟ یہ لوگ مجھ سے زیادہ آپ ﷺ کے قریب تھے، والد صاحب نے کہا کہ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ سارے کے سارے قریش سے ہوں گے۔

2035 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلُّوَيْهِ الْقَطَّانُ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عِيسَى الْعَطَّارُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اپنے والد کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں

حِمْيَرٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: دَخَلْتُ مَعَ أَبِي عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنَّ هَذَا الْأَمْرَ لَنْ يَمْضِيَ وَلَنْ يَنْقَضِيَ حَتَّى يَنْقَضِيَ اثْنَا عَشَرَ خَلِيفَةً ثُمَّ تَكَلَّمَ بِشَيْءٍ لَمْ أَفْهَمْهُ، قُلْتُ لِأَبِي: مَا الَّذِي قَالَ؟ قَالَ: كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ

آیا' آپ نے فرمایا: یہ دین ختم اور کم نہیں ہوگا یہاں تک کہ بارہ خلفاء نہ گزر جائیں' پھر آپ نے آہستہ بات ارشاد فرمائی جو میں نہ سمجھ سکا تو میں نے اپنے والد سے کہا: آپ ﷺ نے کیا فرمایا ہے؟ والد صاحب نے کہا کہ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ سارے کے سارے قریش سے ہوں گے۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامٍ الْمُسْتَمْلِي، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ' رسول اللہ ﷺ سے اسی کی مانند روایت نقل کرتے ہیں۔

## أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي مُوسَى، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ

## حضرت ابوبکر بن ابوموسیٰ' حضرت جابر سے روایت کرتے ہیں

2036 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اللَّيْثِ الْجَوْهَرِيُّ، وَأَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، قَالَا: ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا عُمَرُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَكُونُ بَعْدِي اثْنَا عَشَرَ أَمِيرًا ثُمَّ تَكَلَّمَ فَخَفِيَ عَلَيَّ فَسَأَلْتُ الَّذِي يَلِينِي، فَقَالَ: كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میرے بعد بارہ خلفاء ہوں گے' پھر آپ نے ایک بات آہستہ آواز میں ارشاد فرمائی جو میں نہ سن سکا' میں نے اپنے والد سے پوچھا کہ آپ ﷺ نے کیا فرمایا ہے؟ میرے والد نے کہا کہ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ سارے کے سارے قریش سے ہوں گے۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اللَّيْثِ، وَأَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، قَالَا: ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا عُمَرُ بْنُ عُبَيْدٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ أَبِي مُوسَى، عَنْ جَابِرِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' وہ نبی کریم ﷺ سے اسی کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

بْنِ سَمُرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

## عَلِيُّ بْنُ عُمَارَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ

2037 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، وَعَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، قَالَا: ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا اَبُو اُسَامَةَ عَمُّ زَكَرِيَّا بْنِ سِيَاهٍ، حَدَّثَنِي عِمْرَانُ بْنُ رَبَاحٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ عُمَارَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: كُنْتُ فِي مَجْلِسِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَمُرَةُ وَاَبُو اُمَامَةَ، فَقَالَ: اِنَّ الْفُحْشَ وَالتَّفَحُّشَ لَيْسَا مِنَ الْاِسْلَامِ فِي شَيْءٍ وَاِنَّ اَحْسَنَ النَّاسِ اِسْلَامًا اَحَاسِنُهُمْ اَخْلَاقًا

## حضرت علی بن عمارہ‘ حضرت جابر بن سمرہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں‘ حضرت عمر اور حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مجلس میں تھے‘ آپ نے فرمایا: قبیح قول یا فعل اور بدکلامی کرنے اور گالی دینے کا تعلق اسلام کے ساتھ کسی لحاظ سے نہیں ہے‘ لوگوں میں سب سے اچھا وہ ہے جس کے اخلاق اچھے ہوں۔

## عَطَاءُ بْنُ اَبِي مَيْمُونَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ

2038 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحَرِيشِ، ثنا رَوْحُ بْنُ عَطَاءِ بْنِ اَبِي مَيْمُونَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي مَيْمُونَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَخْطُبُ عَلَى الْمِنبَرِ وَيَقُولُ: اثْنَا عَشَرَ قَيِّمًا مِنْ قُرَيْشٍ لَا يَضُرُّهُمْ عَدَاوَةُ مَنْ عَادَاهُمْ قَالَ: فَالْتَفَتُّ خَلْفِي فَاِذَا اَنَا بِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَاَبِي فِي نَاسٍ فَاَثْبَتُوا لِيَ الْحَدِيثَ كَمَا سَمِعْتُ

## حضرت عطاء بن ابومیمونہ‘ حضرت جابر سے روایت کرتے ہیں

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو منبر پر خطبہ دیتے ہوئے سنا‘ آپ نے فرمایا: (میرے بعد) قریش سے بارہ خلفاء ہوں گے‘ جو ان سے عداوت رکھیں گے ان کو نقصان نہیں دیں گے‘ آپ نے میری طرف توجہ کی پیچھے سے اور حضرت عمر بن خطاب اور میرے والد لوگوں میں تھے۔ اس حدیث کو ایسے رکھو میرے لیے جس طرح میں نے سنی ہے۔

# مَيْسَرَةُ مَوْلَى جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ

2039 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، وَعَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، قَالَا: ثنا اَحْمَدُ بْنُ مَالِكٍ الْغُبَرِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنِي اَبُو مُحَمَّدٍ السُّوَائِيُّ مِنْ وَلَدِ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، عَنْ عَمِّهِ حَرْبِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ مَيْسَرَةَ مَوْلَى جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ بَدَا بَعْدَ هِجْرَةٍ، لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ بَدَا بَعْدَ هِجْرَةٍ، لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ بَدَا بَعْدَ هِجْرَةٍ، اِلَّا فِي فِتْنَةٍ، فَاِنَّ الْبَدْوُ خَيْرٌ مِنَ الْمَقَامِ فِي الْفِتْنَةِ

# حضرت جابر کے غلام میسرہ، حضرت جابر سے روایت کرتے ہیں

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی لعنت ہو اس پر جو ہجرت کے بعد ظاہر ہوا، تین مرتبہ آپ نے فرمایا، سوائے فتنے کے، دیہاتوں اور صحراؤں میں چلے جانا بہتر ہے فتنے میں رہنے سے۔

# اَبُو تَمِيمَةَ الْهُجَيْمِيُّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ

2040 - حَدَّثَنَا اَسْلَمُ بْنُ سَهْلٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا تَمِيمُ بْنُ الْمُنْتَصِرِ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، ثنا اَبُو جَنَابٍ، عَنْ اَبِي تَمِيمَةَ الْهُجَيْمِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَا تَصُفُّونَ كَمَا تَصُفُّ الْمَلَائِكَةُ عِنْدَ رَبِّهِمْ؟ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَكَيْفَ تَصُفُّ الْمَلَائِكَةُ عِنْدَ رَبِّهِمْ؟ قَالَ: يُتِمُّونَ الصُّفُوفَ الْمُقَدَّمَةَ وَيَتَرَاصُّونَ فِي الصَّفِّ

# حضرت ابوتمیمہ ہجیمی، حضرت جابر بن سمرہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا تم میرے پیچھے ایسے ہی صفیں نہیں بناؤ گے جس طرح فرشتے اپنے رب کے سامنے بناتے ہیں؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! فرشتے اپنے رب کے پاس کیسے صفیں بناتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: آگے والی صف مکمل کرتے ہیں اور صف میں خوب مل کر کھڑے ہوتے ہیں۔

# جَابِرُ بْنُ اُسَامَةَ الْجُهَنِيُّ

2041 - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ الْعَطَّارُ الْمَكِّيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى التَّيْمِيُّ، ثنا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خُبَيْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ اُسَامَةَ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: ذَهَبْتُ اِلَى السُّوقِ فَلَقِيتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي اَصْحَابِهِ سَاَلْتُهُمْ اَيْنَ يُرِيدُ؟ فَقَالُوا: يَخُطُّ لِقَوْمِكَ مَسْجِدًا فَرَجَعْتُ فَوَجَدْتُ قَوْمِي قِيَامًا فَقُلْتُ: مَا بَالُكُمْ؟ فَقَالُوا: خَطَّ لَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسْجِدًا بِرِجْلِهِ، وَاَقَامَ فِي الْقِبْلَةِ خَشَبَةً غَرَزَهَا فِيهِ

## حضرت جابر بن اسامہ جہنی رضی اللہ عنہ

حضرت جابر بن اسامہ جہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں بازار کی طرف گیا' میں رسول اللہ ﷺ سے ملا' آپ کے صحابہ سے میں نے پوچھا: آپ کا ارادہ کہاں کا ہے؟ اُنہوں نے کہا: آپ کی قوم کے لیے مسجد نشان دینا ہے۔ میں واپس آیا' میں نے اپنی قوم کے لوگوں کو کھڑے ہوئے پایا' میں نے کہا: کیا ہوا؟ اُنہوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے ہماری مسجد کے لیے لکیر کھینچی ہے اپنے پاؤں کے ساتھ اور قبلہ کی جانب لکڑی گاڑی ہے۔

# جَابِرُ اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ الْعَبْدِيُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ

2042 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو عُبَيْدٍ الْقَاسِمُ بْنُ سَلَّامٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي ح وَحَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ، قَالَا: ثنا اَبُو مُرَّةَ الْحَارِثُ بْنُ مُرَّةَ بْنِ مَجَاعَةَ الْيَمَامِيُّ، ثنا نَفِيسٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَابِرٍ يَعْنِي الْعَبْدِيَّ، قَالَ: كُنْتُ فِي الْوَفْدِ الَّذِينَ اَنْزَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عَبْدِ الْقَيْسِ وَلَسْتُ مِنْهُمْ، وَاِنَّمَا كُنْتُ مَعَ اَبِي

## حضرت جابر ابو عبداللہ عبدی رحمۃ اللہ تعالیٰ

حضرت عبداللہ بن جابر العبدی فرماتے ہیں کہ میں اس وفد میں شریک تھا جو عبدالقیس کا وفد رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں گیا' میں ان میں سے نہیں تھا' میں اپنے والد کے ساتھ تھا' رسول اللہ ﷺ نے دباء' حنتم' نقیر اور مزفت کے برتنوں میں پینے سے منع کیا۔
(نوٹ: یہ ان برتنوں کے نام ہیں جن میں شراب بنائی جاتی تھی۔)

قَالَ: فَنَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الشُّرْبِ فِي الدُّبَّاءِ وَالْحَنْتَمِ وَالنَّقِيرِ وَالْمُزَفَّتِ

# جَابِرُ بْنُ طَارِقٍ اَبُو حَكِيمِ الْاَحْمَسِيُّ

# حضرت جابر بن طارق ابو حکیم احمسی رضی اللہ عنہ

2043 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، يَقُولُ: جَابِرُ بْنُ اَبِي طَارِقٍ رَوَى عَنْهُ ابْنُهُ حَدِيثًا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَذَا قَالَ ابْنُ نُمَيْرٍ جَابِرُ بْنُ اَبِي طَارِقٍ

حضرت محمد بن عبداللہ بن نمیر فرماتے ہیں کہ جابر بن ابوطارق سے ان کے بیٹے حضور ﷺ کے حوالے سے ایک حدیث روایت کرتے ہیں اسی طرح ابن نمیر جابر بن ابوطارق نے کہا ہے۔

2044 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ اَبِي زَائِدَةَ، قَالَ: رَاَيْتُ حَكِيمَ بْنَ جَابِرٍ يُخَضِّبُ بِالصُّفْرَةِ

حضرت عمر بن ابوزائدہ فرماتے ہیں کہ میں نے حکیم بن جابر کو زرد رنگ کا خضاب لگائے ہوئے دیکھا۔

2045 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا ابْنُ الْاَصْبَهَانِيِّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: ثنا شَرِيكٌ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهُ دُبَّاءٌ فَقُلْتُ: مَا تَصْنَعُونَ؟ قَالَ: نُكْثِرُ بِهِ طَعَامَنَا

حضرت حکیم بن جابر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ کے پاس کدو برتن موجود تھا' میں نے عرض کی: آپ لوگوں نے کیا کرنا ہے؟ آپ نے فرمایا: ہم اس کے ذریعے زیادہ کھانا بنائیں گے۔

2046 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ،

حضرت حکیم بن جابر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ کے

2045- أخرج ابن ماجه في سننه جلد 2صفحه1098 رقم الحديث: 3304' وأحمد في مسنده جلد4صفحه352 كلاهما عن اسماعيل عن حكيم بن جابر عن أبيه به .

عَنْ حَكِيمِ بْنِ جَابِرٍ الْاَحْمَسِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَاَيْتُ عِنْدَهُ الدُّبَّاءَ فَقُلْتُ: مَا هٰذَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: نُكْثِرُ بِهِ طَعَامَ اَهْلِنَا

پاس کدو برتن موجود تھا' میں نے عرض کی: آپ لوگوں نے کیا کرنا ہے؟ آپ نے فرمایا: ہم اس کے ذریعے اپنے گھر کے لیے زیادہ کھانا بنائیں گے۔

**2047** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهُ هٰذَا الدُّبَّاءُ فَقُلْتُ: اَيُّ شَيْءٍ هٰذَا؟ فَقَالَ: هٰذَا الدُّبَّاءُ هٰذَا الْقَرْعُ نُكْثِرُ بِهِ طَعَامَنَا

حضرت حکیم بن جابر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ کے پاس یہ کدو برتن موجود تھا' میں نے عرض کی: آپ لوگوں نے کیا کرنا ہے؟ آپ نے فرمایا: یہ کدو برتن ہے' ہم اس کے ذریعے زیادہ کھانا بنائیں گے۔

**2048** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: رَاَيْتُ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرْعًا فَقُلْتُ: مَا هٰذَا؟ قَالَ: نُكْثِرُ بِهِ طَعَامَنَا

حضرت حکیم بن جابر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کے پاس ایک برتن دیکھا' میں نے عرض کی: یہ کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: ہم اس کے ذریعے زیادہ کھانا بنائیں گے۔

**2049** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ الْفَرَحِ الْهَاشِمِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو اُسَامَةَ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ جَابِرِ بْنِ طَارِقٍ، قَالَ: كَانَ اَهْلُنَا يَصْنَعُونَ الْقَرْعَ، فَقَالَ لِي جَابِرُ بْنُ طَارِقٍ: قَدْ رَاَيْتُ هٰذَا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا هٰذَا؟ قَالَ: شَيْءٌ نُكْثِرُ بِهِ طَعَامَنَا

حضرت حکیم بن جابر بن طارق فرماتے ہیں کہ ہمارے گھر والے قرع بناتے۔ مجھے جابر بن طارق نے کہا کہ میں نے یہ رسول اللہ ﷺ کے پاس دیکھا تو میں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: یہ ایسی شی ہے جس کے ذریعے ہم کھانا زیادہ بنائیں گے۔

**2050** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ، ثنا

حضرت حکیم بن جابر اپنے والد سے روایت

مُحَمَّدُ بْنُ مَحْبُوبٍ، ثنا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: رَاَيْتُ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرْعًا مَقْطُوعًا فَقُلْتُ: مَا تَصْنَعُ بِهٰذَا؟ قَالَ: نُكْثِرُ بِهِ طَعَامَنَا

کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے سامنے کٹا ہوا کدو دیکھا' میں نے عرض: آپ اس کو کیا کریں گے؟ آپ نے فرمایا: ہم اس کے ذریعے زیادہ کھانے بنائیں گے۔

## جَبْرُ بْنُ اَنَسٍ بَدْرِيٌّ

## حضرت جبر بن انس بدری

2051 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ فِي كِتَابِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ مَعَ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وجَبْرُ بْنُ اَنَسٍ بَدْرِيٌّ مِنْ بَنِي زُرَيْقٍ

حضرت عبید اللہ بن ابی رافع کی کتاب میں ہے' ان لوگوں کے ناموں میں جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ حاضر ہوئے' بنی زریق قبیلہ سے تعلق رکھنے والے حضرت جبر بن انس بدری ہیں۔

## جَارِيَةُ بْنُ ظُفَرَ اَبُو نِمْرَانَ الْحَنَفِيُّ

## حضرت جاریہ بن ظفر ابونمران حنفی

2052 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ح وَحَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، قَالَا: ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، ثنا دَهْثَمُ بْنُ قُرَّانَ، ثنا نِمْرَانُ بْنُ جَارِيَةَ الْحَنَفِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: اخْتَصَمَ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَوْمٌ فِي خُصٍّ، فَبَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُذَيْفَةَ يَقْضِي بَيْنَهُمْ فَقَضَى لِلَّذِي يَلِيهِمُ الْقِمْطُ، فَلَمَّا رَجَعَ اِلَى النَّبِيِّ

حضرت نمران بن جاریہ حنفی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک قوم رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں جھونپڑی کا جھگڑا لے کر آئی' رسول اللہ ﷺ نے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کو ان کے درمیان فیصلہ کرنے کے لیے بھیجا' حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فیصلہ اس کے حق میں کیا کہ یہ جھونپڑی اسی کی ہے جس نے رسّی ملی ہوئی تھی' جب رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں حضرت حذیفہ گئے آپ کو خبر دی تو آپ نے فرمایا: تم



---

2052- أخرجه ابن ماجه جلد 2 صفحه 785 رقم الحديث: 2343' والدارقطني في سننه جلد 4 صفحه 229 رقم الحديث: 89 كلاهما عن دهثم بن قران عن نمران بن جارية عن أبيه به .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَبَّرَهُ، فَقَالَ: اَصَبْتَ اَوْ اَحْسَنْتَ

نے درست اور اچھا فیصلہ کیا ہے۔

**2053** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، ثنا دَهْثَمُ بْنُ قُرَّانٍ، عَنْ عَقِيلِ بْنِ دِينَارٍ مَوْلَى جَارِيَةَ بْنِ ظُفَرَ، عَنْ جَارِيَةَ بْنِ ظُفَرَ، اَنَّ اَخَوَيْنِ كَانَ بَيْنَهُمَا حِظَارٌ وَسَطَ دَارٍ فَمَاتَا وَتَرَكَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا عَقِبًا، فَادَّعَى عَقِبُ كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا اَنَّ الْحِظَارَ لَهُ دُونَ صَاحِبِهِ، فَاخْتَصَمَا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَرْسَلَ مَعَهُمَا حُذَيْفَةَ بْنَ الْيَمَانِ، فَقَضَى بِالْحِظَارِ لِمَنْ وَجَدَ مَعَاقِدَ الْقِمْطِ تَلِيهِ، ثُمَّ رَجَعَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَهُ بِذَلِكَ، فَقَالَ: اَصَبْتَ اَوْ اَحْسَنْتَ

حضرت جاریہ بن ظفر سے روایت ہے کہ دو بھائیوں کے گھر کے درمیان حظار تھی (حظار اس باڑ کو کہتے ہیں جو باغ کے گرد لگائی جاتی ہے) دونوں مر گئے تو دونوں میں سے ہر ایک نے پچھلگ چھوڑا۔ دونوں میں سے ہر ایک اولاد نے دعویٰ کیا کہ یہ باڑ اس کی ہے نہ کہ اس کے ساتھی کی۔ دونوں اپنا جھگڑا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں لے کر آئے' آپ نے دونوں کے ساتھ حضرت حذیفہ بن یمان کو بھیجا' حضرت حذیفہ نے باڑ کا فیصلہ اس کے حق میں کیا جس نے رسّی باندھی ہوئی تھی۔ پھر حضرت حذیفہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں واپس آئے تو آپ کو اس کے متعلق بتایا' آپ نے فرمایا: تُو نے صحیح یا اچھا کیا۔

**2054** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ح وَحَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، ثنا دَهْثَمُ بْنُ قُرَّانٍ، ثنا نِمْرَانُ بْنُ جَارِيَةَ الْحَنَفِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: ضَرَبَ رَجُلٌ رَجُلًا بِالسَّيْفِ عَلَى سَاعِدِهِ عَلَى غَيْرِ مَفْصِلٍ فَاسْتَعْدَى عَلَيْهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَضَى لَهُ بِالدِّيَةِ وَاَرَادَ الْمَضْرُوبُ الْقِصَاصَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَارَكَ

حضرت نمران بن جاریہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نے دوسرے آدمی کی کلائی پر تلوار ماری' اس کو لگی لیکن اس کا جوڑ نہیں کاٹا۔ یہ فیصلہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کیا گیا تو آپ نے دیت کا فیصلہ کیا' جس کو مارا گیا تھا اس نے قصاص کا ارادہ کیا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ آپ کو اس میں برکت دے! اور آپ نے اس کے لیے قصاص کا فیصلہ نہیں کیا۔



**2054**- إخرجه ابن ماجه في سننه جلد 2 صفحه 880 رقم الحديث: 2636' والبزار في مسنده جلد 9 صفحه 251 رقم الحديث: 3792' والبيهقي في سننه الكبرى جلد 8 صفحه 65 كلاهما عن دهثم بن قران عن نمران بن جارية عن أبيه به .

اللّٰهُ لَكَ فِيهَا وَلَمْ يَقْضِ لَهُ بِالْقِصَاصِ

**2055** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، عَنْ دَهْثَمِ بْنِ قُرَّانٍ، عَنْ نِمْرَانَ بْنِ جَارِيَةَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَجُلًا قَطَعَ يَدَ رَجُلٍ مِنْ نِصْفِ الذِّرَاعِ فَخَاصَمَهُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَضَى لَهُ بِخَمْسَةِ آلَافِ دِرْهَمٍ وَقَالَ: خُذْهَا بُورِكَ لَكَ فِيهَا

حضرت نمران بن جاریہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے دوسرے آدمی کا آدھا بازو کاٹ دیا' یہ جھگڑا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں لایا گیا تو آپ نے پانچ ہزار درہم کی دیت کا فیصلہ کیا' آپ نے فرمایا: اس کو پکڑو اور اللہ تمہیں اس میں برکت دے گا۔

**2056** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ دَهْثَمٍ، عَنْ نِمْرَانَ بْنِ جَارِيَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خُذُوا لِلرَّأْسِ مَاءً جَدِيدًا

حضرت نمران بن جاریہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سر کے مسح کے لیے الگ پانی لو۔

## جَارِيَةُ بْنُ مُجَمِّعِ بْنِ جَارِيَةَ الْأَنْصَارِيُّ

## حضرت جاریہ بن مجمع بن جاریہ انصاری رضی اللہ عنہ

**2057** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُثْمَانَ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِي زَائِدَةَ، عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ، قَالَ: جَمَعَ الْقُرْآنَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِتَّةٌ مِنَ الْأَنْصَارِ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ، وَأَبُو زَيْدٍ، وَمُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ، وَأَبُو الدَّرْدَاءِ، وَسَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ، وَأُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ، وَفِي حَدِيثِ زَكَرِيَّا وَكَانَ جَارِيَةُ بْنُ مُجَمِّعِ بْنِ

حضرت عامر شعبی فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں انصار کے چھ آدمیوں نے قرآن جمع کیا' وہ چھ افراد یہ ہیں: زید بن ثابت' ابوزید' معاذ بن جبل' ابوالدرداء' سعد بن عبادہ' اُبی بن کعب اور زکریا کی حدیث میں جاریہ بن مجمع بن جاریہ ایک یا دو سورتیں پڑھی تھیں۔

جَارِيَةَ قَدْ قَرَأَهُ اِلَّا سُورَةً اَوْ سُورَتَيْنِ

## جَارِيَةُ بْنُ قُدَامَةَ السَّعْدِيُّ التَّمِيمِيُّ عَمُّ الْاَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ وَلَيْسَ بِعَمِّهِ، اَخُو اَبِيهِ وَلَكِنَّهُ كَانَ يَدْعُوهُ عَمَّهُ عَلَى سَبِيلِ الْإِعْظَامِ

## حضرت جاریہ بن قدامہ سعدی تمیمی رضی اللہ عنہ' انہیں احنف بن قیس کا چچا بھی کہا جاتا ہے لیکن یہ چچا نہیں ہیں' بلکہ ان کے باپ کے بھائی ہیں' لیکن احترام کے لحاظ سے ان کو چچا کہتے تھے

## بَابٌ

**2058** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنِ الْاَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عَمِّهِ، اَوْ غَيْرِهِ ذَكَرَ جَارِيَةَ بْنَ قُدَامَةَ اَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قُلْ لِي فِي الْإِسْلَامِ قَوْلًا لَعَلِّي اَعْقِلُهُ وَاَقْلِلْ، قَالَ: لَا تَغْضَبْ

حضرت جاریہ بن قدامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے لیے اسلام کے حوالے سے کوئی بات کریں تاکہ اس کو سمجھ سکوں اور بات مختصر بھی ہو۔ آپ نے فرمایا: غصہ نہ کیا کر۔

**2059** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ الْحَلَبِيُّ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْاَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ جَارِيَةَ بْنِ قُدَامَةَ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ قُلْ لِي قَوْلًا يَنْفَعُنِي وَاَقْلِلْ لَعَلِّي اَعِيهِ، قَالَ: لَا تَغْضَبْ ، فَاَعَادَهَا عَلَيْهِ مِرَارًا يَقُولُ: لَا تَغْضَبْ

حضرت جاریہ بن قدامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے لیے کوئی بات فرمائیں جو نفع مند ہو اور مختصر ہو تاکہ میں اسے یاد کروں' آپ ﷺ نے فرمایا: غصہ نہ کیا کر! کئی بار عرض کی' آپ ﷺ یہی فرماتے: غصہ نہ کیا کر۔

**2060** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ،

حضرت جاریہ بن قدامہ رضی اللہ عنہ روایت



---

**2058**- أخرج نحوه ابن حبان في صحيحه جلد **12** صفحه **501** رقم الحديث: **5689**' ونحوه الحاكم في مستدركه جلد **3** صفحه **713** رقم الحديث: **6578**' وأحمد في مسنده جلد **5** صفحه **34**' جلد **5** صفحه **370** رقم الحديث: **23186**' جلد **5** صفحه **372** كلهم عن عروة بن الزبير عن الأحنف بن قيس عن عمه به .

ثنا يَحْيَى، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْاَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ جَارِيَةَ بْنِ قُدَامَةَ، اَنَّ رَجُلًا، قَالَ: لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُلْ لِي قَوْلًا وَاَقْلِلْ لَعَلِّي اَعْقِلُهُ، قَالَ: لَا تَغْضَبْ ، فَاَعَادَهَا عَلَيْهِ قَالَ: لَا تَغْضَبْ

فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے لیے کوئی بات فرمائیں جو نفع مند ہو اور مختصر ہو تا کہ میں اسے سمجھوں! آپ ﷺ نے فرمایا: غصہ نہ کیا کر! کئی بار عرض کی' آپ ﷺ یہی فرماتے: غصہ نہ کیا کر۔

**2061** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْاَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ جَارِيَةَ بْنِ قُدَامَةَ، اَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ قُلْ لِي قَوْلًا يَنْفَعُنِي وَاَقْلِلْ لَعَلِّي اَعْقِلُهُ قَالَ: لَا تَغْضَبْ فَعَادَ لَهُ مِرَارًا كُلَّ ذٰلِكَ يَرْجِعُ اِلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَغْضَبْ

حضرت جاریہ بن قدامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے لیے کوئی بات فرمائیں جو نفع مند ہو اور مختصر ہو تا کہ میں اسے سمجھوں! آپ ﷺ نے فرمایا: غصہ نہ کیا کر! کئی بار عرض کی' رسول کریم ﷺ ہر بار اسی کلام کی طرف رجوع فرمایا: غصہ نہ کیا کر۔

**2062** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْاَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ جَارِيَةَ بْنِ قُدَامَةَ، اَنَّ عَمَّهُ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قُلْ لِي قَوْلًا وَاَقْلِلْ؛ لَعَلِّي اَعِيهِ، قَالَ: لَا تَغْضَبْ ، فَاَعَادَ عَلَيْهِ مِرَارًا كُلَّ ذٰلِكَ يَقُولُهُ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَغْضَبْ

حضرت جاریہ بن قدامہ رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ ان کے چچا نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں آئے' انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے لیے کوئی بات فرمائیں جو نفع مند ہو اور مختصر ہو تا کہ میں اسے یاد کروں! آپ ﷺ نے فرمایا: غصہ نہ کیا کر! دوبارہ سہ بارہ عرض کی ہر بار آپ ﷺ نے فرمایا: غصہ نہ کیا کر۔

جارية بن قدامة السعدي التميمي

حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا اَبِي، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَارِيَةَ بْنِ قُدَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت جاریہ بن قدامہ رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

2063 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ حُمْرَانَ الْحَنَفِيُّ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اَزْهَرُ بْنُ جَمِيلٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الطُّفَاوِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ قَيْسٍ، عَنِ الْاَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ جَارِيَةَ بْنِ قُدَامَةَ، عَنِ ابْنِ عَمٍّ، لَهُ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ عَلِّمْنِي فِي الْإِسْلَامِ شَيْئًا يَنْفَعُنِي قَالَ: لَا تَغْضَبْ فَاَعَدْتُ عَلَيْهِ فَلَمْ يَزِدْنِي عَلَى ذٰلِكَ

حضرت جاریہ بن قدامہ رضی اللہ عنہ اپنے چچا کے بیٹے سے روایت فرماتے ہیں' وہ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے لیے کوئی بات فرمائیں جو میرے لیے نفع مند ہو۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: غصہ نہ کیا کر! میں نے دوبارہ عرض کی' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کلام پر کوئی اضافہ نہیں فرمایا۔

2064 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَبِي الزِّنَادِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ الْاَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ، عَنِ ابْنِ عَمٍّ، لَهُ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ قُلْ لِي قَوْلًا وَاَقْلِلْ لَعَلِّي اَعْقِلُهُ قَالَ: لَا تَغْضَبْ فَعُدْتُ لَهُ مِرَارًا كُلَّ ذٰلِكَ يَقُولُ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَغْضَبْ

حضرت جاریہ بن قدامہ رضی اللہ عنہ اپنے چچا کے بیٹے سے روایت فرماتے ہیں' انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے لیے کوئی بات فرمائیں اور مختصر ہو تا کہ میں اسے سمجھوں! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: غصہ نہ کیا کر! میں نے کئی بار عرض کی' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: غصہ نہ کیا کر۔

2065 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلَمَةَ الرَّازِيُّ، ثنا اَبُو زُهَيْرٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَغْرَاءٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كُرَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: شَهِدْتُ الْاَحْنَفَ بْنَ قَيْسٍ يُحَدِّثُ عَمَّهُ، وَعَمُّهُ جَارِيَةُ بْنُ قُدَامَةَ وَهُوَ عِنْدَ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ قُلْ لِي قَوْلًا يَنْفَعُنِي وَاَقْلِلْ لَعَلِّي اَعْقِلُهُ قَالَ: لَا تَغْضَبْ ثُمَّ عَادَ، فَقَالَ: لَا تَغْضَبْ

حضرت محمد بن کریب اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں احنف بن قیس کے پاس تھا' وہ اپنے چچا جاریہ بن قدامہ کے حوالے سے بیان کر رہے تھے' یہ اُس وقت حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس تھے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے کوئی نفع مند بات بتائیں جو مختصر ہو تا کہ میں اسے سمجھوں! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: غصہ نہ کیا کر۔ پھر دوسری مرتبہ عرض کی تو آپ نے فرمایا: غصہ نہ کیا کر۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ هِشَامِ

حضرت جاریہ بن قدامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! مجھے کوئی حکم

بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْاَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ، عَنِ ابْنِ عَمٍّ لَهُ مِنْ بَنِي تَمِيمٍ، عَنْ جَارِيَةَ بْنِ قُدَامَةَ، اَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ قُلْ لِي قَوْلًا، ثُمَّ ذَكَرَ مِثْلَهُ.

ارشاد فرمائیں' پھر اسی کی مثل روایت ذکر کی۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْاَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عَمٍّ لَهُ مِنْ بَنِي تَمِيمٍ يُقَالُ لَهُ جَارِيَةُ بْنُ قُدَامَةَ اَنَّهُ سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: قُلْ لِي قَوْلًا وَاَقْلِلْ، فَذَكَرَ مِثْلَهُ.

حضرت جاریہ بن قدامہ رضی اللہ عنہ نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال کیا' عرض کی: میرے لیے ایک بات ارشاد فرمائیں اور اختصار سے کام لیں' اس کے بعد اسی کی مثل حدیث بیان کی۔

ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْاَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عَمٍّ لَهُ مِنْ بَنِي تَمِيمٍ، عَنْ جَارِيَةَ بْنِ قُدَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ.

حضرت جاریہ بن قدامہ سے روایت ہے' وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسی حدیث کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْاَحْنَفِ، عَنْ جَارِيَةَ بْنِ قُدَامَةَ، عَنِ ابْنِ عَمٍّ لَهُ مِنْ بَنِي تَمِيمٍ سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ مِثْلَهُ

حضرت جاریہ بن قدامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' وہ اپنے چچا سے روایت کرتے ہیں جن کا تعلق بنی تمیم سے ہے' انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا' اس کے بعد اسی کی مثل ذکر کیا۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ الْكِنْدِيُّ، ثنا اَبُو اُسَامَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، حَدَّثَنِي الْاَحْنَفُ بْنُ قَيْسٍ، عَنِ ابْنِ عَمٍّ لَهُ يُدْعَى جَارِيَةَ بْنَ قُدَامَةَ قَالَ: قُلْتُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُلْ لِي فِي الْاِسْلَامِ قَوْلًا

حضرت جاریہ بن قدامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں عرض کی: اسلام کے بارے میرے لیے کوئی بات ارشاد فرمائیں اور مختصر بات ہو تاکہ میں اسے سمجھ سکوں اور اسے یاد کر سکوں' اس کے بعد اسی کی مثل ذکر کیا۔

وَاَقْلِلْ لَعَلِّی اَعْقِلُ وَاَعِیهِ، فَذَكَرَ مِثْلَهُ۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ، ثنا یَحْیَى الْحِمَّانِیُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِی الزِّنَادِ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنِ الْاَحْنَفِ بْنِ قَیْسٍ، عَنْ جَارِیَةَ بْنِ قُدَامَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت جاریہ بن قدامہ رضی اللہ عنہٗ نبی کریم ﷺ سے اسی کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

## الْجَارُودُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْمُعَلَّى الْعَبْدِیُّ یُكْنَى اَبَا الْمُنْذِرِ

## حضرت جارود بن عمرو بن معلیٰ العبدی، ان کی کنیت ابوالمنذر رہے

**2066** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ عَبْدِ الْوَارِثِ، حَدَّثَنَا اَبِی، ثنا زَرْبِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ: لَمَّا قَدِمَ اَهْلُ الْبَحْرَیْنِ وَقَدِمَ الْجَارُودُ وَافِدًا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَرِحَ بِهِ فَقَرَّبَهُ وَاَدْنَاهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب بحرین والے اور جارود وفد کی شکل میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے، آپ ان کی آمد پر بڑے خوش ہوئے، آپ نے ان کو اپنے قریب کیا۔

**2067** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، وَالْحُسَیْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِیُّ، وَعَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، قَالُوا: ثنا اَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِیُّ، ثنا اَبُو مَعْشَرٍ الْبَرَاءُ، ثنا الْمُثَنَّى بْنُ سَعِیدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَابَیْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، اَنَّ الْجَارُودَ اَبَا الْمُنْذِرِ، اَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَاَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الضَّوَالِّ، فَقَالَ: ضَالَّةُ الْمُسْلِمِ حَرْقُ النَّارِ

حضرت ابوالمنذر رجارود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے گم شدہ جانوروں کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا: مؤمن کا گم شدہ جانور لے لینا، جہنم میں جلنا ہے (اس کے قریب بھی نہ جاؤ)۔

**2068** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِیمَ الدَّبَرِیُّ،

حضرت جارود عبدی رضی اللہ عنہ مرفوعاً روایت

عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ الشِّخِّيرِ، عَنِ الْجَارُودِ الْعَبْدِيِّ، رَفَعَهُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ضَالَّةُ الْمُسْلِمِ حَرْقُ النَّارِ فَلا تَقْرَبَنَّهَا

فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مؤمن کا گم شدہ جانور لے لینا' جہنم میں جلنا ہے' اس کے قریب بھی نہ جاؤ۔

**2069** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أنا شُعْبَةُ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللهِ، عَنِ الْجَارُودِ الْعَبْدِيِّ، أَنَّهُ سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ إِبِلٍ عُجَابٍ ضَوَالٍّ تُرَدُّ عَلَيْهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ضَالَّةُ الْمُؤْمِنِ حَرْقُ النَّارِ

حضرت جارود عبدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے گم شدہ خوبصورت اونٹوں کے متعلق پوچھا جو ان پر لوٹا دیے جائیں تو آپ نے فرمایا: مؤمن کا گم شدہ جانور لے لینا (جہنم میں جلنا ہے' اس کے قریب بھی نہ جاؤ)۔

**2070** - حَدَّثَنَا إِدْرِيسُ بْنُ جَعْفَرٍ الْعَطَّارُ، ثنا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللهِ، عَنْ أَبِي مُسْلِمٍ الْجَذْمِيِّ، عَنِ الْجَارُودِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ضَالَّةُ الْمُسْلِمِ حَرْقُ النَّارِ

حضرت جارود رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مؤمن کا گم شدہ جانور لے لینا' جہنم میں جلنا ہے (اس کے قریب بھی نہ جاؤ)۔

**2071** - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالا: ثنا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، عَنْ أَبِي مُسْلِمٍ، عَنِ الْجَارُودِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ضَالَّةُ الْمُسْلِمِ حَرْقُ النَّارِ

حضرت جارود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مؤمن کا گم شدہ جانور لے لینا' جہنم میں جلنا ہے (اس کے قریب بھی نہ جاؤ)۔



---

**2070**- أخرجه الترمذي في سننه جلد 4 صفحه 200 رقم الحديث: 1881 عن يزيد بن عبد الله عن أبي مسلم عن الجارود به .

**2072** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا اَبَانُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ يَزِيدَ، اَخِي مُطَرِّفٍ، عَنْ اَبِي مُسْلِمٍ الْجَذْمِيِّ، عَنِ الْجَارُودِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ضَالَّةُ الْمُسْلِمِ حَرْقُ النَّارِ

حضرت جارود رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مؤمن کا گم شدہ جانور لے لینا' جہنم میں جلنا ہے (اس کے قریب بھی نہ جاؤ)۔

**2073** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَمُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقَزَّازُ، قَالَا: ثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ، ثنا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ يَزِيدَ اَخِي مُطَرِّفٍ، عَنْ اَبِي مُسْلِمٍ الْجَذْمِيِّ، عَنِ الْجَارُودِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ضَالَّةُ الْمُسْلِمِ حَرْقُ النَّارِ

حضرت جارود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مؤمن کا گم شدہ جانور لے لینا' جہنم میں جلنا ہے (اس کے قریب بھی نہ جاؤ)۔

**2074** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ صَالِحٍ الشِّيرَازِيُّ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ، ثنا الْمُثَنَّى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الشِّخِّيرِ، عَنْ اَبِي مُسْلِمٍ الْجَذْمِيِّ، عَنِ الْجَارُودِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ضَالَّةُ الْمُسْلِمِ حَرْقُ النَّارِ

حضرت جارود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مؤمن کا گم شدہ جانور لے لینا' جہنم میں جلنا ہے (اس کے قریب بھی نہ جاؤ)۔

**2075** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي مُسْلِمٍ الْجَذْمِيِّ، عَنِ الْجَارُودِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ضَالَّةُ الْمُسْلِمِ حَرْقُ النَّارِ وَلَمْ يَذْكُرْ سَعِيدٌ يَزِيدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت جارود رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مؤمن کا گم شدہ جانور لے لینا' جہنم میں جلنا ہے' اس کے قریب بھی نہ جاؤ۔ اور جناب سعید نے یزید بن عبداللہ کا ذکر نہیں کیا۔

**2076** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمُ

حضرت جارود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول

اَبُو النُّعْمَانِ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شُعَيْبٍ السِّمْسَارُ، ثنا خَالِدُ بْنُ خِدَاشٍ، قَالُوا: ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي الْعَلَاءِ، عَنْ اَبِي مُسْلِمٍ الْجَذْمِيِّ، عَنِ الْجَارُودِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ضَالَّةُ الْمُسْلِمِ حَرْقُ النَّارِ

اللہ ﷺ نے فرمایا: مؤمن کا گم شدہ جانور لے لینا' جہنم میں جلنا ہے۔

**2077** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْهَرَوِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عُلَيَّةَ، ثنا الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ اَبِي الْعَلَاءِ، عَنْ مُطَرِّفٍ، ثنا اَبُو مُسْلِمٍ الْجَذْمِيُّ جَذِيمَةُ عَبْدِ الْقَيْسِ، ثنا الْجَارُودُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ضَالَّةُ الْمُسْلِمِ حَرْقُ النَّارِ فَلَا تَقْرَبَنَّهَا

حضرت جارود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مؤمن کا گم شدہ جانور لے لینا' جہنم میں جلنا ہے' اس کے قریب بھی نہ جاؤ۔

**2078** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ، ثنا سَعِيدٌ الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ اَبِي الْعَلَاءِ، عَنْ مُطَرِّفٍ، قَالَ: حَدِيثَانِ حَدَّثْتُهُمَا قَدْ حُفِظَا لِي، حَدَّثَنِي اَبُو مُسْلِمٍ الْجَذْمِيُّ، عَنِ الْجَارُودِ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ وَفِي الظَّهْرِ قِلَّةٌ، فَتَذَاكَرَ الْقَوْمُ الظَّهْرَ بَيْنَهُمْ، فَقُلْتُ اَنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّا نَمُرُّ بِذَوْدٍ مِنَ الظَّهْرِ فِي جُرُفٍ فَنَسْتَمْتِعُ بِظُهُورِهِنَّ؟ قَالَ: لَا، ضَالَّةُ الْمُسْلِمِ حَرْقُ النَّارِ، ضَالَّةُ الْمُسْلِمِ حَرْقُ النَّارِ، ضَالَّةُ الْمُسْلِمِ حَرْقُ النَّارِ، ثَلَاثًا قَالَ: اللُّقَطَةُ تَجِدُهَا فَانْشُدْهَا ثُمَّ لَا تَكْتُمْ وَلَا تُغَيِّبْ فَاِنْ

حضرت جارود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم ایک سفر میں حضور ﷺ کے ساتھ تھے' زادِ راہ کم تھی' صحابہ کرام اپنے اونٹ کے متعلق گفتگو کرنے لگے (کہ ہم ذبح کرتے ہیں) میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم مقامِ جرف میں اونٹ کے پاس سے گزرے ہیں' ہم اسے ذبح کر کے اس سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: نہیں! مسلمان کا گم شدہ جانور لینا جہنم میں جلنے کا سبب ہے۔ یہ کلمہ آپ نے تین مرتبہ فرمایا' پھر فرمایا: گم شدہ شے ملے تو اس کا اعلان کرو' پھر نہ چھپاؤ نہ غیب کرو' اگر اس کا مالک آ جائے تو اسے واپس کر دو' ورنہ اللہ کا مال ہے جس کی طرف چاہے بھیج دے۔

وَجَدْتَ رَبَّهَا فَادِّهَا، وَإِلَّا، فَإِنَّمَا هُوَ مَالُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ يُوَجِّهُهُ إِلَى مَنْ يَشَاءُ

2079 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، ثنا الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ أَبِي الْعَلَاءِ، عَنْ مُطَرِّفٍ، ثنا أَبُو مُسْلِمٍ الْجَذْمِيُّ، عَنِ الْجَارُودِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ضَالَّةُ الْمُسْلِمِ حَرَقُ النَّارِ فَلَا تَقْرَبَنَّهَا، وَقَالَ: الضَّالَّةُ وَاللُّقَطَةُ تَجِدُهَا فَانْشُدْهَا وَلَا تَكْتُمْ وَلَا تُغَيِّبْ، فَإِنْ عَرَفْتَ فَادِّهَا، وَإِلَّا فَمَالُ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَشَاءُ

حضرت جارود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مسلمان کی گم شدہ شی اُٹھانا جہنم میں جلنے کا سبب ہے اس کے قریب بھی نہ جاؤ۔ اور فرمایا: گم شدہ شی اگر ملے تو اس کا اعلان کرو اس کو نہ چھپاؤ اور نہ غیب کرو اگر اس کا مالک پہچان لے تو اس کو ادا کر دو ورنہ اللہ کا مال ہے وہ جسے چاہے دیدے۔

2080 - ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَزْهَرَ الْأَبُلِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مَيْمُونٍ الْعَتَكِيُّ، ثنا هِلَالُ بْنُ حَقٍّ، عَنْ أَبِي مَسْعُودٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِي الْعَلَاءِ، عَنْ أَخِيهِ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِي مُسْلِمٍ الْجَذْمِيِّ، عَنِ الْجَارُودِ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ وَفِي الظُّهْرِ قِلَّةٌ، فَتَذَاكَرْنَا مَا يَكْفِينَا مِنَ الظُّهْرِ، قُلْنَا: ذَوْدٌ نَأْتِي عَلَيْهِمْ بِجُرُفٍ فَنَسْتَمْتِعُ بِظُهُورِهِمْ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ضَالَّةُ الْمُسْلِمِ حَرَقُ النَّارِ، ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَلَا تَقْرَبَنَّهَا

حضرت جارود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم ایک سفر میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے' سفر میں اونٹ کم تھے' ہم مذاکرہ کر رہے تھے کہ کون سا اونٹ ہمارے لیے کافی ہوگا' ہم نے کہا: ہم نے مقام جرف میں ایک اونٹ دیکھا ہے' ہم اس سے نفع اُٹھاتے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مسلمان کی گم شدہ شی لینا جہنم میں جلنے کا ذریعہ ہے' یہ تین مرتبہ فرمایا' اس کے قریب نہ جاؤ۔

2081 - وَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فِي الضَّالَّةِ تَجِدُهَا فَلَا تُغَيِّبْ وَلَا تَكْتُمْ، فَإِنْ عَرَفْتَ فَادِّهَا، وَإِلَّا فَمَالُ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَشَاءُ

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گم شدہ شی کے متعلق فرمایا: اگر کسی کو کوئی شے ملے تو اس کو غیب کر کے نہ چھپائے' اگر اس کا مالک اسے پہچان لے تو اسے دیدے' ورنہ اللہ کا نام ہے جسے چاہے دے۔

2082 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت جارود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں



---

2082- أخرج نحوه الترمذي في سننه جلد4صفحه200 رقم الحديث: 1881 عن قتادة عن أبي مسلم عن الجارود به .

الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ الْبُرْسَانِيُّ، ثنا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِى مُسْلِمٍ الْجَذْمِيِّ، عَنِ الْجَارُودِ، اَنَّهُ سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الشُّرْبِ قَائِمًا؟ فَنَهَاهُ

نے رسول اللہ ﷺ سے کھڑے ہو کر پانی پینے کے متعلق پوچھا تو آپ نے ایسا کرنے سے منع فرمایا۔

**2083** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الطَّالْقَانِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، وَالْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ، قَالَا: ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْمُبَارَكِ، قَالَا: ثنا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِى عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِى مُسْلِمٍ الْجَذْمِيِّ، عَنِ الْجَارُودِ بْنِ الْمُعَلَّى: عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ نَهَى اَنْ يَشْرَبَ الرَّجُلُ قَائِمًا

حضرت جارود بن معلّٰی رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے کھڑے ہو کر پانی پینے سے منع کیا۔

حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، ثنا خَالِدٌ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ اَبِى الْعَلَاءِ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنِ الْجَارُودِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِيثِ هِلَالِ بْنِ حَقٍّ

حضرت جارود نے ہلال بن حق کی حدیث کی مثل حدیث روایت کی ہے۔

**2084** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا ابْنُ الْاَصْبَهَانِيِّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ اَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنِ الْجَارُودِ الْعَبْدِيِّ، قَالَ: اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: اِنَّ لِي دِينًا فَلِي اِنْ تَرَكْتُ دِينِي وَدَخَلْتُ دِينَكَ اَنْ لَا يُعَذِّبَنِي اللّٰهُ فِي الْآخِرَةِ؟ قَالَ: نَعَمْ

حضرت جارود العبدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا، میں نے عرض کی: اگر میں اپنا دین چھوڑ کر آپ کے دین میں داخل ہو جاؤں تو کیا مجھے آخرت کا عذاب نہیں دیا جائے گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! (عذاب نہیں دیا جائے گا)

حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَا: ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِى شَيْبَةَ، ثنا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ، عَنْ اَشْعَثَ، عَنِ ابْنِ

حدیث جارود نبی کریم ﷺ سے اسی کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

سِيرِينَ، عَنِ الْجَارُودِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

2085 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ، ثنا نَصْرُ بْنُ خَالِدٍ النَّحْوِيُّ، ثنا هَدَّابٌ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الضُّرَيْسِ، عَنِ الْهَيْثَمِ، عَنِ الْجَارُودِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ طَلَبَ الدُّنْيَا بِعَمَلِ الْآخِرَةِ طُمِسَ وَجْهُهُ وَمُحِقَ ذِكْرُهُ وَأُثْبِتَ اسْمُهُ فِي النَّارِ

حضرت جارود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے آخرت والے عمل کے ذریعے دنیا طلب کی' اس کے چہرے سے رونق ختم کی جائے گی اور اس کا ذکر مٹا دیا جائے گا اور اس کا نام جہنم والوں میں لکھا جائے گا۔

## جُزْءٌ السُّلَمِيُّ

## حضرت جزء سلمی رضی اللہ عنہ

2086 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُعَلَّى بْنُ مَهْدِيٍّ، ثنا حِصْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَيَّاشٍ السُّلَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُطَرِّفَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَزْءٍ، يَقُولُ: أَنْبَأَنِي حِبَّانُ بْنُ جَزْءٍ، عَنْ جُزْءٍ، أَنَّهُ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِأَسِيرٍ كَانَ عِنْدَهُ مِنْ صَحَابَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانُوا أَسَرُوهُ وَهُمْ مُشْرِكُونَ، ثُمَّ أَسْلَمُوا، فَأَتَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذَاكَ الْأَسِيرِ، فَكَسَا جُزْءًا بُرْدَيْنِ وَأَسْلَمَ جُزْءٌ عِنْدَهُ، ثُمَّ قَالَ: ادْخُلْ عَلَى عَائِشَةَ تُعْطِيكَ مِنَ الْأَبْرُدِ الَّتِي عِنْدَهَا بُرْدَيْنِ فَدَخَلَ عَلَى عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ، فَقَالَ: أَيْ نَضَّرَكِ اللّٰهُ اخْتَارِي لِي مِنْ هَذِهِ الْأَبْرُدِ الَّتِي عِنْدَكَ بُرْدَيْنِ، فَإِنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَسَانِي مِنْهَا بُرْدَيْنِ، فَقَالَتْ وَمَدَّتْ سِوَاكًا مِنْ أَرَاكٍ طَوِيلًا، فَقَالَتْ خُذْ هَذَا وَخُذْ هَذَا، وَكَانَتْ نِسَاءُ الْعَرَبِ

حضرت حبان بن جزء اپنے والد جزء سے روایت کرتے ہیں کہ میں قیدیوں میں حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ کے پاس آپ کے صحابہ بھی تھے' جو قیدی لائے گئے وہ مشرک تھا' پھر وہ مسلمان ہوئے۔ حضور ﷺ ان قیدیوں کے پاس آئے' آپ نے جزء کو دو چادریں پہنائیں' حضرت جزء آپ کے پاس اسلام لائے' پھر فرمایا کہ تُو عائشہ کے پاس چلا جا! وہ آپ کو اُن چادروں میں سے دو چادریں دیں گی جو ان کے پاس ہیں۔ میں اُم المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آیا' عرض کی: اللہ آپ کو خوش رکھے! میرے لیے دو چادریں پسند کریں جو آپ کے پاس چادریں ہیں' کیونکہ حضور ﷺ نے مجھے ان سے دو چادریں پہنائی ہیں۔ آپ نے فرمایا: اس حال میں کہ پیلو کی لمبی مسواک لی ہوئی تھی' آپ نے فرمایا: یہ لے لو اور یہ لے لو' اس وقت عرب کی عورتیں دکھائی نہیں دیتی

حِينَئِذٍ لَا يُرَيْنَ

تھیں۔

# جُزْءٌ غَيْرُ مَنْسُوبٍ

# حضرت جزء' جن کا نسب معلوم نہیں ہے

**2087** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، أَنَّ أَسَدَ بْنَ وَدَاعَةَ حَدَّثَهُ أَنَّ رَجُلًا يُقَالُ لَهُ جُزْءٌ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ أَهْلِي يُغْضِبُونِي فَبِمَ أُعَاقِبُهُمْ؟ فَقَالَ: تَعْفُو، ثُمَّ قَالَ: الثَّانِيَةَ حَتَّى قَالَهَا ثَلَاثًا قَالَ: فَإِنْ عَاقَبْتَ فَعَاقِبْ بِقَدْرِ الذَّنْبِ وَاتَّقِ الْوَجْهَ

حضرت جزء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے گھر والے مجھے غصہ دلاتے ہیں' میں ان کو کس چیز کے ساتھ سزا دوں؟ آپ نے فرمایا: تم معاف کر دو! تین مرتبہ عرض کیا' آپ نے فرمایا: اگر تُو نے بدلہ لینا ہے تو اتنا لے جتنا اُس نے گناہ کیا ہے اور چہرے پر مارنے سے پرہیز کرنا۔

# جَزْءُ بْنُ مَالِكِ بْنِ عَامِرٍ الْأَنْصَارِيُّ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ

# حضرت جزء بن مالک بن عامر انصاری رضی اللہ عنہ' انہیں جنگ یمامہ میں شہید کیا گیا تھا

**2088** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ قُتِلَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي جَحْجَبَا جَزْءُ بْنُ مَالِكِ بْنِ عَامِرِ بْنِ حُدَيْرٍ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی جحجباء میں سے جو جنگ یمامہ کے دن شہید ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت جزء بن مالک بن عامر بن حدیر کا بھی ہے۔

**2089** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور قبیلہ اوس اور بنی عمرو بن عوف سے جو جنگ یمامہ کے دن شہید ہوئے' ان کے ناموں میں سے ایک نام جزء بن مالک کا بھی ہے۔

الْيَمَامَةِ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنَ الْاَوْسِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ جُزْءُ بْنُ مَالِكٍ

# جُبَارُ بْنُ صَخْرٍ الْاَنْصَارِيُّ عَقَبِيٌّ بَدْرِيٌّ

# حضرت جبار بن صخر انصاری عقبی بدری رضی اللہ عنہ

2090 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ بَنِي خُنَاسِ بْنِ سِنَانِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ غَنْمِ بْنِ عَوْفِ بْنِ الْخَزْرَجِ جُبَارُ بْنُ صَخْرِ بْنِ اُمَيَّةَ بْنِ خَنْسَاءَ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ غَنْمٍ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی خناس بن سنان بن عبید بن عدی بن غنم بن عوف بن خزرج میں سے جو بدر میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام جبار بن صخر بن امیہ بن خنساء بن عبید بن عدی بن غنم کا بھی ہے۔

2091 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ الْعَقَبَةَ مِنَ الْاَنْصَارِ جُبَارُ بْنُ صَخْرٍ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار میں سے جو عقبہ میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام جبار بن صخر کا بھی ہے۔

2092 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: تُوُفِّيَ جُبَارُ بْنُ صَخْرٍ بِالْمَدِينَةِ سَنَةَ ثَلَاثِينَ، وَسِنُّهُ ثِنْتَيْنِ وَسِتِّينَ سَنَةً

حضرت یحییٰ بن بکیر فرماتے ہیں کہ حضرت جبار بن صخر کا وصال مدینہ میں 30 ہجری میں 62 سال کی عمر میں ہوا۔

2093 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، قَالَ: اِنَّمَا خَرَصَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوَاحَةَ عَلَى اَهْلِ خَيْبَرَ عَامًا وَاحِدًا فَاُصِيبَ يَوْمَ مُؤْتَةَ، ثُمَّ اِنَّ جَابِرَ بْنَ صَخْرِ بْنِ

حضرت عبداللہ بن ابوبکر بن محمد بن عمرو بن حزم فرماتے ہیں کہ حضرت ابن رواحہ نے خیبر والوں پر ایک سال کا اندازہ لگایا' مؤتہ کے دن آپ رضی اللہ عنہ کو مرتبۂ شہادت ملا' پھر حضرت جابر بن صخر بن خنساء کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عبداللہ بن رواحہ کے بعد بھیجا' ان پر اندازہ لگایا۔

خَنسَاء كَانَ يَبعَثُهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ بَعدَ ابنِ رَوَاحَةَ فَيَخرُصُ عَلَيهِم

## مَا اَسنَدَ جُبَارُ بنُ صَخرٍ

## جو حدیث حضرت جبار بن صخر سے روایت ہے

2094 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بنُ عَبدِ اللّٰهِ الحَضرَمِيُّ، ثنا اِبرَاهِيمُ بنُ سَعِيدٍ الجَوهَرِيُّ، ثنا حُسَينُ بنُ مُحَمَّدٍ، ثنا اَبُو اُوَيسٍ، ثنا شُرَحبِيلُ بنُ سَعدٍ، عَن جُبَارِ بنِ صَخرٍ، قَالَ: صَلَّيتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ فَاَقَامَنِي عَن يَمِينِهِ

حضرت جبار بن صخر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی' آپ نے مجھے اپنی دائیں جانب کھڑا کیا۔

## جَرهَدُ الاَسلَمِيُّ

## حضرت جرہد اسلمی رضی اللہ عنہ

2095 - حَدَّثَنَا حَفصُ بنُ عُمَرَ بنِ الصَّبَّاحِ الرَّقِّيُّ، ثنا قَبِيصَةُ بنُ عُقبَةَ، ثنا سُفيَانُ، عَن اَبِي الزِّنَادِ، عَن زُرعَةَ بنِ عَبدِ الرَّحمَنِ بنِ جَرهَدٍ، عَن جَرهَدٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ: غَطِّ فَخِذَكَ فَاِنَّ الفَخِذَ عَورَةٌ

حضرت جرہد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے فرمایا: اپنی ران کو ڈھانپو کیونکہ ران شرمگاہ میں شامل ہے۔

2096 - حَدَّثَنَا اِسحَاقُ بنُ اِبرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَن عَبدِ الرَّزَّاقِ، عَن مَعمَرٍ، عَن اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ ابنِ جَرهَدٍ، عَن اَبِيهِ، قَالَ: مَرَّ بِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا كَاشِفٌ فَخِذِي، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ: غَطِّهَا فَاِنَّهَا مِنَ العَورَةِ

حضرت ابن جرہد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ میرے پاس سے گزرے اُس وقت میری ران ننگی تھی تو حضور ﷺ نے فرمایا: اسے ڈھانپو کیونکہ ران شرمگاہ میں شامل ہے۔

2097 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ القَرَاطِيسِيُّ،

حضرت جرہد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

وَيَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْعَلَّافُ، قَالَا: ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا ابْنُ اَبِي الزِّنَادِ، ح وَحَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي زُرْعَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جَرْهَدٍ الْاَسْلَمِيُّ، عَنْ جَدِّهِ جَرْهَدٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلَيْهِ وَفَخِذُهُ مَكْشُوفَةٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: غَطِّ فَخِذَكَ يَا جَرْهَدُ، فَاِنَّ الْفَخِذَ عَوْرَةٌ

حضور ﷺ ان کے پاس سے گزرے اس حالت میں کہ ان کی ران ننگی تھی تو حضور ﷺ نے فرمایا: اے جرہد! ران کو ڈھانپو کیونکہ ران شرمگاہ میں شامل ہے۔

**2098** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَوَاءٍ، عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ ابْنِ جَرْهَدٍ، عَنْ جَرْهَدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ رَآهُ وَقَدِ انْكَشَفَ فَخِذُهُ، فَقَالَ: غَطِّهَا فَاِنَّ الْفَخِذَ عَوْرَةٌ

حضرت جرہد رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ نے ران ننگی دیکھی تو فرمایا: اسے ڈھانپو کیونکہ ران شرمگاہ میں شامل ہے۔

**2099** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، ثنا رِزْقُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، ثنا شَبَابَةُ، ثنا وَرْقَاءُ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ ابْنِ جَرْهَدٍ، عَنْ جَرْهَدٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِهِ وَهُوَ كَاشِفٌ عَنْ فَخِذِهِ، فَقَالَ: غَطِّهَا فَاِنَّهَا مِنَ الْعَوْرَةِ

حضرت جرہد رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ان کے پاس سے گزرے' ان کی ران ننگی دیکھی تو آپ نے فرمایا: اسے ڈھانپو کیونکہ ران شرمگاہ میں شامل ہے۔

**2100** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي النَّضْرِ، عَنْ زُرْعَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جَرْهَدٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: كَانَ جَرْهَدٌ مِنْ اَصْحَابِ الصُّفَّةِ قَالَ: جَلَسَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَنَا وَفَخِذِي مُنْكَشِفَةٌ، فَقَالَ: اَمَا عَلِمْتَ اَنَّ الْفَخِذَ عَوْرَةٌ؟

حضرت زرعہ بن عبدالرحمٰن بن جرہد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جرہد اصحابِ صفہ میں سے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمارے پاس تشریف فرما تھے' میری ران کھلی ہوئی تھی تو آپ نے فرمایا: کیا تمہیں علم نہیں ہے کہ ران شرمگاہ میں شامل ہے؟

2101 - حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْخَفَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: قَرَأْتُ عَلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نَافِعٍ، اَنَا مَالِكٌ، عَنْ اَبِي النَّضْرِ، عَنْ زُرْعَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جَرْهَدٍ الْاَسْلَمِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَلَسَ اِلَيْهِ وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ الصُّفَّةِ فَرَاَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخِذَهُ مَكْشُوفَةً، فَقَالَ: خَمِّرْ فَخِذَكَ فَاِنَّ الْفَخِذَ عَوْرَةٌ

حضرت زرعہ بن عبدالرحمٰن بن جرہد اسلمی اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ تشریف فرما تھے وہاں اصحابِ صفہ بھی تھے حضور ﷺ نے میری ران کھلی ہوئی دیکھی تو فرمایا: اپنی ڈان ڈھانپو کیونکہ ران شرمگاہ میں شامل ہے۔

2102 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا شُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي النَّضْرِ، عَنْ زُرْعَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جَرْهَدٍ، عَنْ اَبِيهِ، وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ الصُّفَّةِ اَنَّهُ قَالَ: جَلَسَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَنَا يَوْمًا وَفَخِذِي مَكْشُوفَةٌ، فَقَالَ: خَمِّرْ عَلَيْكَ، اَمَا عَلِمْتَ اَنَّ الْفَخِذَ عَوْرَةٌ

حضرت زرعہ بن عبدالرحمٰن بن جرہد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ وہ اصحابِ صفہ میں سے تھے وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک دن ہمارے پاس بیٹھے تھے میری ران کھلی ہوئی تھی تو آپ نے فرمایا: اپنی ران کو ڈھانپ لو کیونکہ ران شرمگاہ میں شامل ہے کیا تمہیں علم نہیں ہے۔

2103 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا سَالِمٌ اَبُو النَّضْرِ، حَدَّثَنِي زُرْعَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جَرْهَدٍ، عَنْ جَدِّهِ جَرْهَدٍ، قَالَ: مَرَّ بِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا فِي الْمَسْجِدِ وَعَلَيَّ بُرْدَةٌ قَدِ انْكَشَفَتْ فَخِذِي، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: غَطِّ فَخِذَكَ يَا جَرْهَدُ فَاِنَّ الْفَخِذَ عَوْرَةٌ

حضرت جرہد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ میرے پاس سے گزرے میرے اوپر چادر تھی اور میری ران کھلی ہوئی تھی تو حضور ﷺ نے فرمایا: اے جرہد! اپنی ران کو ڈھانپ کیونکہ ران شرمگاہ میں شامل ہے۔

2104 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَهْلٍ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ ثَعْلَبَةَ بْنِ سَوَاءٍ، ثنا عَمِّي، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ،

حضرت جرہد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ میرے پاس سے گزرے میری ران کھلی ہوئی تھی تو آپ نے فرمایا: اس کو ڈھانپ کیونکہ ران

جرهد الاسلمی

عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ جَرْهَدٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِهِ وَهُوَ كَاشِفٌ فَخِذَهُ، فَقَالَ: غَطِّهَا فَاِنَّهَا مِنَ الْعَوْرَةِ

شرمگاہ میں شامل ہے۔

**2105** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، وَعَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْعَامِرِيُّ الْكُوفِيُّ، قَالَا: ثنا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، ثنا حَسَنُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جَرْهَدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَخِذُ الرَّجُلِ مِنَ الْعَوْرَةِ

حضرت جرہد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آدمی کی ران شرمگاہ میں شامل ہے۔

**2106** - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الصَّبَّاحِ الرَّقِّيُّ، ثنا اَبُو حُذَيْفَةَ، ثنا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَرْهَدٍ الْاَسْلَمِيِّ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَاهُ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: فَخِذُ الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ مِنْ عَوْرَتِهِ

حضرت جرہد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: مسلمان آدمی کی ران شرمگاہ میں شامل ہے۔

**2107** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْاَوْزَاعِيَّ، يَقُولُ: الْفَخِذُ فِي الْمَسْجِدِ عَوْرَةٌ، وَفِي الْحَمَّامِ لَيْسَتْ بِعَوْرَةٍ

حضرت اوزاعی فرماتے ہیں کہ ران مسجد میں شرمگاہ میں شامل ہے اور حمام میں شرمگاہ نہیں ہے۔

**2108** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ اَنَّ بُكَيْرًا، حَدَّثَهُ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ فَرْوَةَ، عَنْ بَعْضِ بَنِي جَرْهَدٍ، عَنْ جَرْهَدٍ، اَنَّهُ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَيْنَ يَدَيْهِ طَعَامٌ، فَاَدْنَى

حضرت جرہد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ کے سامنے کھانا تھا' میں نے بایاں ہاتھ کھانے کے لیے آگے کیا کیونکہ دایاں ہاتھ خراب تھا۔ تو حضور ﷺ نے فرمایا: دائیں ہاتھ سے کھاؤ۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ خراب

جَرْهَدٌ يَدَهُ الشِّمَالَ لِيَأْكُلَ، وَكَانَتِ الْيُمْنَى مُصَابَةً، فَقَالَ: كُلْ بِالْيَمِينِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّهَا مُصَابَةٌ، فَنَفَثَ عَلَيْهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَا شَكَى حَتَّى مَاتَ

ہے۔ تو حضور ﷺ نے اُس پر پھونک ماری یعنی دَم کیا' پھر مرتے دَم تک وہ ہاتھ خراب نہ ہوا۔

## جَهْجَاهٌ الْغِفَارِيُّ

## حضرت جہجاہ غفاری رضی اللہ عنہ

2109 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالُوا: ثنا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ، حَدَّثَنِي عُبَيْدُ بْنُ سَلْمَانَ الْأَغَرُّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ جَهْجَاهٍ الْغِفَارِيِّ، أَنَّهُ قَدِمَ فِي نَفَرٍ مِنْ قَوْمِهِ يُرِيدُونَ الْإِسْلَامَ، فَحَضَرُوا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَغْرِبَ، فَلَمَّا سَلَّمَ قَالَ: يَأْخُذُ كُلُّ رَجُلٍ بِيَدِ جَلِيسِهِ، فَلَمْ يَبْقَ فِي الْمَسْجِدِ غَيْرُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِي، وَكُنْتُ عَظِيمًا طَوِيلًا لَا يُقَدَّمُ عَلَيَّ أَحَدٌ، فَذَهَبَ بِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى مَنْزِلِهِ، فَحَلَبَ لِي عَنْزًا، فَأَتَيْتُ عَلَيْهَا حَتَّى حَلَبَ لِي سَبْعَ أَعْنُزٍ، فَأَتَيْتُ عَلَيْهَا، ثُمَّ أُتِيتُ بِصَنِيعِ بُرْمَةٍ، فَأَتَيْتُ عَلَيْهَا، وَقَالَتْ أُمُّ أَيْمَنَ: أَجَاعَ اللّٰهُ مَنْ أَجَاعَ رَسُولَ اللّٰهِ هَذِهِ اللَّيْلَةَ، قَالَ: مَهْ يَا أُمَّ أَيْمَنَ أَكَلَ رِزْقَهُ، وَرِزْقُنَا عَلَى

حضرت جہجاہ غفاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ اس قوم کے گروہ کے ساتھ آئے جو اسلام لانا چاہتے تھے' وہ رسول اللہ ﷺ کے پاس نمازِ مغرب کے وقت آئے' جب آپ نے سلام پھیرا تو آپ نے فرمایا: ہر ایک آدمی اپنے ساتھ بیٹھنے والے کا ہاتھ پکڑے' مسجد میں رسول اللہ ﷺ اور میرے علاوہ کوئی نہ رہا' میں بڑا لمبے قد والا تھا' مجھ سے زیادہ لمبا کوئی نہیں تھا۔ حضور ﷺ میرے پاس سے ہو کر اپنے گھر گئے' آپ نے میرے لیے بکری کا دودھ دوھا' میرے پاس لایا گیا' میں سات بکریوں کا دودھ پی گیا' میں آپ کے پاس آیا' پھر میرے پاس ہنڈی میں بھونی ہوئی کوئی شی لائی گئی تو میں اس کو بھی کھا گیا۔ حضرت اُم ایمن رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اللہ اس کو بھوکا رکھے جس نے آج رات رسول اللہ ﷺ کو بھوکا رکھا۔ میں نے کہا: اے اُم ایمن! چھوڑو! میں نے اپنا رزق کھایا ہے جو اللہ نے ہم کو رزق دیا ہے۔ صبح ہوئی تو سارے صحابہ جمع ہوئے' ہر ایک بتانے لگا جو اس کے پاس آیا تھا' میں

اللّٰهِ فَاَصْبَحُوا فَغَدَوْا، فَاجْتَمَعَ هُوَ وَاَصْحَابُهُ، فَجَعَلَ الرَّجُلُ يُخْبِرُ بِمَا اُتِيَ اِلَيْهِ، فَقَالَ جَهْجَاهٌ: حُلِبَتْ لِي سَبْعُ اَعْنُزٍ، فَاَتَيْتُ عَلَيْهَا وَصَنِيعُ بُرْمَةٍ فَاَتَيْتُ عَلَيْهَا، فَصَلَّوْا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَغْرِبَ، فَقَالَ: لِيَاْخُذْ كُلُّ رَجُلٍ بِيَدِ جَلِيسِهِ، فَلَمْ يَبْقَ فِي الْمَسْجِدِ غَيْرُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِي، وَكُنْتُ عَظِيمًا طَوِيلًا لَا يُقَدَّمُ عَلَيَّ اَحَدٌ فَذَهَبَ بِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى مَنْزِلِهِ فَحَلَبَ لِي عَنْزًا، فَرَوِيتُ وَشَبِعْتُ، فَقَالَتْ اُمُّ اَيْمَنَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَلَيْسَ هٰذَا ضَيْفَنَا؟ قَالَ: بَلَى فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّهُ اَكَلَ فِي مِعَى مُؤْمِنٍ اللَّيْلَةَ وَاَكَلَ قَبْلَ ذٰلِكَ فِي مِعَى كَافِرٍ، الْكَافِرُ يَاْكُلُ فِي سَبْعَةِ اَمْعَاءٍ، وَالْمُؤْمِنُ يَاْكُلُ فِي مِعًى وَاحِدٍ

نے کہا: میرے لیے سات بکریوں کا دودھ دوھا گیا‘ میں اسے پی گیا اور ہانڈی میں بھونی ہوئی کوئی شی لائی گئی تو اسے بھی کھا گیا‘ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نمازِ مغرب پڑھی‘ آپ نے فرمایا: ہر آدمی اپنے ساتھ والے کا ہاتھ پکڑے‘ مسجد میں میرے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علاوہ کوئی نہ رہا‘ میں بہت لمبا آدمی تھا‘ مجھ سے زیادہ کوئی لمبا نہیں تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے پاس سے گزرے اور اپنے گھر گئے‘ میرے لیے بکری کا دودھ لائے‘ میں سیر ہو گیا اور میرا پیٹ بھر گیا۔ حضرت اُم ایمن رضی اللہ عنہ نے کہا: یارسول اللہ! آج یہ ہمارا مہمان نہیں ہے؟ آپ نے فرمایا: کیوں نہیں! حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آج میرے ساتھ حالت ایمان میں کھایا ہے‘ کل اس نے حالتِ کفر میں کھایا تھا‘ کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے اور مؤمن ایک آنت میں کھاتا ہے۔

## جُلَيْحَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اللَّيْثِيُّ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الطَّائِفِ

## حضرت جلیحہ بن عبداللہ لیثی‘ طائف کے دن شہید کیے گئے تھے

**2110** - حَدَّثَنَا اَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الطَّائِفِ جُلَيْحَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَارِبِ بْنِ نَاشِبِ بْنِ سَعْدِ بْنِ لَيْثٍ

حضرت محمد بن اسحاق فرماتے ہیں کہ طائف کے دن جو شہید کیے گئے‘ اُن کے ناموں میں سے ایک نام جلیحہ بن عبداللہ بن محارب بن ناشب بن سعد بن لیث کا بھی ہے۔

# جَدُّ بْنُ قَيْسٍ الْاَنْصَارِيُّ السُّلَمِيُّ

**2111** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، ثنا بِشْرُ بْنُ عُمَارَةَ، عَنْ اَبِي رَوْقٍ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ مُزَاحِمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: لَمَّا اَرَادَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزْوَةَ تَبُوكَ، قَالَ لِجَدِّ بْنِ قَيْسٍ: هَلْ لَكَ فِي بَنَاتِ الْاَصْفَرِ فَقَالَ: ائْذَنْ لِي وَلَا تَفْتِنِّي، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (وَمِنْهُمْ مَنْ يَقُولُ ائْذَنْ لِي وَلَا تَفْتِنِّي) (التوبة: 49)

# حضرت جد بن قیس انصاری السلمی رضی اللہ عنہ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جب نبی کریم ﷺ نے غزوۂ تبوک کی طرف جانے کا ارادہ فرمایا تو جد بن قیس سے فرمایا: بنی اصفر سے جہاد کرنے کے بارے تُو کیا کہتا ہے؟ تو عرض کی: اے اللہ کے رسول! (میں ایسا آدمی ہوں جو کئی عورتیں رکھتا ہوں) مجھے اجازت دیں اور مجھے فتنہ میں نہ ڈالیں، تو اللہ نے یہ آیت نازل فرمائی: ''لوگوں میں سے کچھ وہ ہیں جو کہتے ہیں مجھے اجازت دو اور فتنہ میں نہ ڈالو''۔

# جَهْمٌ الْبَلَوِيُّ

**2112** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ خَلَّادٍ اَبُو اُمَيَّةَ الْوَاسِطِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عِمْرَانَ، عَنْ جَهْمِ بْنِ مُطِيعٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ جَهْمٍ الْبَلَوِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: وَافَيْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَسَاَلَنَا مَنْ نَحْنُ فَقُلْنَا: نَحْنُ بَنُو عَبْدِ مَنَافٍ فَقَالَ: اَنْتُمْ بَنُو عَبْدِ اللّٰهِ

# حضرت جہم بلوی رضی اللہ عنہ

حضرت علی بن جہم البلوی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو جمعہ کے دن پایا، ہم سے پوچھا: ہم کون ہیں؟ ہم نے عرض کی: ہم بنوعبدمناف سے ہیں، آپ نے فرمایا: تم بنوعبداللہ سے ہو۔

# جُودَانُ وَيُقَالُ ابْنُ جُودَانَ

**2113** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

# حضرت جودان اور ان کو ابن جودان بھی کہا جاتا ہے

حضرت جودان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

**2113**- أخرجه ابن ماجه في سننه جلد2 صفحه1225 رقم الحديث: 3718 عن ميناء عن جودان به.

الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا وَكِيعٌ، وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ، ثنا مَلِيحُ بْنُ وَكِيعٍ، ثنا اَبِى، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، عَنْ مِينَا، عَنْ جُودَانَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ اعْتَذَرَ اِلَى اَخِيهِ مَعْذِرَةً فَلَمْ يَقْبَلْهَا، فَاِنَّهُ عَلَيْهِ مِثْلُ خَطِيئَةِ صَاحِبِ مَكْسٍ

حضورﷺ نے فرمایا: جس نے اپنے بھائی سے معذرت کی اور اُس نے قبول نہ کی تو اس پر اتنا ہی گناہ ہوگا جتنا ظلم کرنے والے پر ہوگا۔

## جَمِيلُ بْنُ بَصْرَةَ اَبُو بَصْرَةَ الْغِفَارِيُّ وَيُقَالُ حَمِيلٌ، وَيُقَالُ خَمِيلٌ، وَالصَّوَابُ جَمِيلٌ

## حضرت جمیل بن بصرہ ابوبصرہ غفاری، ان کو حمیل اور خمیل بھی کہا جاتا ہے، بہتر جمیل ہی ہے

2114 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِى الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ، اَنَّهُ اَقْبَلَ مِنَ الطُّورِ، فَلَقِىَ جَمِيلَ بْنَ بَصْرَةَ الْغِفَارِيَّ، فَقَالَ لَهُ جَمِيلٌ: لَوْ لَقِيتُكَ قَبْلَ اَنْ تَاْتِىَ الطُّورَ لَمْ تَاْتِهِ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ

حضرت جمیل بن بصرہ سے ملاقات حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی ہوئی، اس حالت میں کہ وہ طور سے واپس آ رہے تھے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے حضرت جمیل نے فرمایا: اگر میں آپ کو طور سے جانے سے پہلے ملتا تو آپ کو نہ جانے دیتا، اس کے بعد حدیث ذکر کی۔

2115 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مُجَبَّرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ، عَنْ جَمِيلٍ الْغِفَارِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تُضْرَبُ الْمَطَايَا اِلَّا اِلَى ثَلَاثَةِ مَسَاجِدَ: مَسْجِدِ الْحَرَامِ، وَمَسْجِدِى هَذَا، وَمَسْجِدِ بَيْتِ الْمَقْدِسِ

حضرت جمیل غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اپنی سواریوں کے کجاوے تین مسجدوں کے علاوہ نہ باندھو: مسجد حرام، مسجد نبوی اور مسجد بیت المقدس کے لیے۔

2116 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا أُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ أَنَّ أَبَا بَصْرَةَ حَمِيلَ بْنَ بَصْرَةَ لَقِيَ أَبَا هُرَيْرَةَ وَهُوَ مُقْبِلٌ مِنَ الطُّورِ، فَقَالَ: لَوْ لَقِيتُكَ قَبْلَ أَنْ تَأْتِيَهُ، إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّمَا تُضْرَبُ أَكْبَادُ الْمَطِيِّ إِلَى ثَلَاثَةِ مَسَاجِدَ: الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، وَمَسْجِدِي هَذَا، وَالْمَسْجِدِ الْأَقْصَى

حضرت ابوبصرہ حمیل بن بصرہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوہریرہ سے میری ملاقات ہوئی جب آپ طور پہاڑ سے واپس آ رہے تھے، میں نے کہا: اگر تُو اس سے پہلے ملتا تو میں تجھے بتاتا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: اپنی سواریوں پر کجاوے تین جگہوں کے لیے باندھو: مسجد حرام، مسجد نبوی اور مسجد بیت المقدس کے لیے۔

2117 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا عَوَانَةُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ أَبِي بَصْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُشَدُّ الرِّحَالُ إِلَّا إِلَى ثَلَاثَةِ مَسَاجِدَ: الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، وَمَسْجِدِ الرَّسُولِ، وَمَسْجِدِ الْأَقْصَى

حضرت ابوبصرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اپنی سواریوں پر کجاوے تین مسجدوں کے علاوہ نہ باندھو: مسجد حرام، مسجد نبوی اور مسجد بیت المقدس کے لیے۔

2118 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ، عَنْ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْيَزَنِيِّ، عَنْ أَبِي حَبِيبٍ عَنْ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْيَزَنِيِّ عَنْ أَبِي بَصْرَةَ الْغِفَارِيِّ قَالَ: لَقِيتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، فَقُلْتُ: إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تُشَدُّ الْمَطِيُّ إِلَّا إِلَى ثَلَاثَةِ مَسَاجِدَ: مَسْجِدِي، وَمَسْجِدِ

حضرت ابوبصرہ غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابوہریرہ سے ملا، میں نے عرض کی: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ اپنی سواریوں پر کجاوے تین مسجدوں کے علاوہ کی طرف نہ باندھو: مسجد نبوی، مسجد حرام اور مسجد بیت المقدس کے لیے۔

الْحَرَامِ، وَمَسْجِدِ الْاَقْصَى

## بَابٌ

2119 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو عَاصِمٍ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْيَزَنِيِّ، عَنْ اَبِي بَصْرَةَ الْغِفَارِيِّ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُمْ: اِنِّي اَرْكَبُ اِلَى يَهُودَ فَمَنِ انْطَلَقَ مَعِي مِنْكُمْ فَلَا تَبْدَءُوهُمُ السَّلَامَ، فَاِنْ سَلَّمُوا فَقُولُوا: وَعَلَيْكُمْ فَلَمَّا جِئْنَاهُمْ سَلَّمُوا عَلَيْنَا، فَقُلْنَا: وَعَلَيْكُمْ

2120 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ اَبِي الْخَيْرِ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْيَزَنِيِّ، عَنْ اَبِي بَصْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّا ذَاهِبُونَ غَدًا اِلَى الْيَهُودِ فَاِذَا لَقِيتُمُوهُمْ فَسَلَّمُوا عَلَيْكُمْ، فَقُولُوا: وَعَلَيْكُمْ فَلَقِينَاهُمْ وَسَلَّمُوا عَلَيْنَا فَقُلْنَا: وَعَلَيْكُمْ

2121 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْيَزَنِيِّ، عَنْ اَبِي بَصْرَةَ الْغِفَارِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي مُنْطَلِقٌ غَدًا اِلَى يَهُودَ فَلَا تَبْدَءُوهُمْ بِالسَّلَامِ، فَاِنْ سَلَّمُوا عَلَيْكُمْ فَقُولُوا: وَعَلَيْكُمْ

## باب

حضرت ابوبصرہ غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں فرمایا: میں یہود کی طرف سوار ہوکر جا رہا ہوں جو تم میں سے میرے ساتھ چلے ان کو سلام کرنے میں ابتداء نہ کرے، اگر وہ سلام کریں تو تم جواباً وعلیکم کہنا۔ ہم جب آئے تو اُنہوں نے ہمیں سلام کیا تو ہم نے جواباً کہا: وعلیکم!

حضرت ابوبصرہ غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں فرمایا: میں یہود کی طرف سوار ہوکر جا رہا ہوں جو تم میں سے میرے ساتھ چلے ان کو سلام کرنے میں ابتداء نہ کرے، اگر وہ سلام کریں تو تم جواباً وعلیکم کہنا۔ ہم جب آئے تو اُنہوں نے ہمیں سلام کیا تو ہم نے جواباً کہا: وعلیکم!

حضرت ابوبصرہ غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں فرمایا: میں یہود کی طرف سوار ہوکر جا رہا ہوں جو تم میں سے میرے ساتھ چلے ان کو سلام کرنے میں ابتداء نہ کرے، اگر وہ سلام کریں تو تم جواباً وعلیکم کہنا۔ ہم جب آئے تو اُنہوں نے ہمیں سلام کیا تو ہم نے جواباً کہا: وعلیکم!

## بَابٌ

**2122** - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ خَيْرِ بْنِ نُعَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ هُبَيْرَةَ، عَنْ اَبِي تَمِيمٍ الْجَيْشَانِيِّ، عَنْ اَبِي بَصْرَةَ الْغِفَارِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى يَوْمًا صَلَاةَ الْعَصْرِ بِالْمُخَمَّصِ ثُمَّ انْصَرَفَ، فَقَالَ: هٰذِهِ الصَّلَاةُ عُرِضَتْ عَلَى مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ فَتَوَانَوْا عَنْهَا وَتَرَكُوهَا، فَمَنْ صَلَّاهَا مِنْكُمْ ضُعِّفَ لَهُ اَجْرُهَا ضِعْفَيْنِ، وَلَا صَلَاةَ بَعْدَهَا حَتَّى يَطْلُعَ الشَّاهِدُ، قَالَ اللَّيْثُ: وَقَدْ سَمِعْتُهُ مِنْ خَيْرِ بْنِ نُعَيْمٍ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

**2123** - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمُقْرِءُ، وَحَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، قَالَا: ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، ثنا ابْنُ هُبَيْرَةَ، اَنَّ اَبَا تَمِيمٍ الْجَيْشَانِيَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَالِكٍ حَدَّثَهُ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا بَصْرَةَ الْغِفَارِيَّ، يَقُولُ: صَلَّى لَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَصْرَ بِالْمُخَمَّصِ وَادٍ مِنْ بَعْضِ اَوْدِيَتِهِمْ ثُمَّ قَالَ: اِنَّ هٰذِهِ الصَّلَاةَ عُرِضَتْ عَلَى الَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ فَتَرَكُوهَا، اَلَا وَمَنْ صَلَّاهَا ضُعِّفَ لَهُ اَجْرُهَا وَلَا صَلَاةَ بَعْدَهَا حَتَّى تَرَوُا الشَّاهِدَ وَهُوَ النَّجْمُ

## بَابٌ

**2124** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ

## باب

حضرت ابوبصرہ غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے ایک دن نمازِ عصر مقامِ مخمص میں پڑھائی' پھر آپ اُٹھے' آپ نے فرمایا: یہ نماز تم سے پہلے لوگوں کو دی گئی تھی' اُنہوں نے سستی کی اور چھوڑ دیا' جو تم میں اسے پڑھے گا تو اس کے لیے دُگنا ثواب ہوگا' اس کے بعد کوئی نماز نہیں ہے یہاں تک کہ ستارے ظاہر ہوں۔ حضرت لیث فرماتے ہیں: میں نے یہ حدیث اسی سند کے ساتھ خیر بن نعیم سے سنی۔

حضرت ابوبصرہ غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے ایک دن نمازِ عصر مقامِ مخمص میں پڑھائی' پھر آپ اُٹھے' آپ نے فرمایا: یہ نماز تم سے پہلے لوگوں کو دی گئی تھی' اُنہوں نے سستی کی اور چھوڑ دیا' جو تم میں اسے پڑھے گا تو اس کے لیے دُگنا ثواب ہوگا' اس کے بعد کوئی نماز نہیں ہے یہاں تک کہ ستارے ظاہر ہوں۔

## باب

حضرت عمرو بن عاص فرماتے ہیں کہ مجھے

بْنُ مُوسَى، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، حَدَّثَنِي ابْنُ هُبَيْرَةَ، أَنَّ أَبَا تَمِيمٍ الْجَيْشَانِيَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَالِكٍ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ سَمِعَ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ، يَقُولُ: أَخْبَرَنِي رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ زَادَكُمْ صَلَاةً فَصَلُّوهَا فِيمَا بَيْنَ صَلَاةِ الْعِشَاءِ إِلَى صَلَاةِ الصُّبْحِ الْوِتْرَ الْوِتْرَ، أَلَا وَإِنَّهُ أَبُو بَصْرَةَ الْغِفَارِيُّ

حضور ﷺ کے اصحاب میں سے ایک آدمی نے خبر دی کہ اُنہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے تمہارے لیے ایک نماز کا اضافہ کیا ہے اس کو نمازِ عشاء اور فجر کے درمیان پڑھو وہ وتر ہیں۔ جن سے سنی ہے وہ ابوبصرہ غفاری ہیں۔

**2125** - قَالَ أَبُو تَمِيمٌ: فَكُنْتُ أَنَا وَأَبُو ذَرٍّ قَاعِدَيْنِ فَأَخَذَ بِيَدِي أَبُو ذَرٍّ، فَانْطَلَقْنَا إِلَى أَبِي بَصْرَةَ فَوَجَدْنَاهُ عِنْدَ الْبَابِ الَّذِي عِنْدَ دَارِ عَمْرٍو فَقَالَ لَهُ أَبُو ذَرٍّ: يَا أَبَا بَصْرَةَ أَنْتَ سَمِعْتَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ اللَّهَ قَدْ زَادَكُمْ صَلَاةً فَصَلُّوهَا فِيمَا بَيْنَ الْعِشَاءِ إِلَى صَلَاةِ الصُّبْحِ الْوِتْرَ الْوِتْرَ، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: أَنْتَ سَمِعْتَ؟، قَالَ: نَعَمْ

حضرت تمیم فرماتے ہیں کہ میں اور ابوذر دونوں بیٹھے ہوئے تھے کہ ابوذر نے میرا ہاتھ پکڑا' ہم حضرت ابوبصرہ رضی اللہ عنہ کے پاس گئے' ہم نے انہیں عمرو کے گھر کے پاس پایا' حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے آپ کو کہا: اے ابوبصرہ! آپ نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے تمہارے لیے ایک نماز کا اضافہ کیا' اس کو عشاء اور فجر کے درمیان پڑھو' وہ وتر ہیں۔ حضرت ابوبصرہ نے فرمایا: ہاں! حضرت ابوذر سے کہا: آپ نے سنا ہے؟ حضرت ابوذر نے فرمایا: جی ہاں!

**2126** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ هُبَيْرَةَ، عَنْ أَبِي تَمِيمٍ، عَنْ أَبِي بَصْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ زَادَكُمْ صَلَاةً فَحَافِظُوا عَلَيْهَا، وَجَعَلَ وَقْتَهَا فِيمَا بَيْنَ الْعِشَاءِ إِلَى

حضرت ابوبصرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے تمہارے لیے ایک نماز کا اضافہ کیا ہے' اس پر ہمیشگی کرو' اس کا وقت عشاء اور فجر کے درمیان ہے اور وہ وتر ہیں۔

الْفَجْرِ وَهِيَ الْوِتْرُ

**2127** - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَلُولٍ الْبَصْرِيُّ، ثنا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ قَالَ: حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ اَبِي حَبِيبٍ، اَنَّ كُلَيْبَ بْنَ ذُهْلٍ، حَدَّثَهُ اَنَّ عُبَيْدَ بْنَ جَبْرٍ، قَالَ: رَكِبْتُ مَعَ اَبِي بَصْرَةَ صَاحِبِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَفِينَةً مِنَ الْفُسْطَاطِ ثُمَّ قَرَّبَ غَدَاءَهُ، ثُمَّ قَالَ لِي: اقْتَرِبْ فَقُلْتُ: اَلَيْسَ نَحْنُ فِي الْبُيُوتِ؟ فَقَالَ اَبُو بَصْرَةَ: اَرَغِبْتَ عَنْ سُنَّةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟

حضرت عبید بن جبر فرماتے ہیں کہ میں صحابیِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ فسطاط سے ایک کشتی میں سوار ہوا' پھر انہوں نے صبح کا کھانا میرے قریب کیا' پھر مجھے فرمایا: قریب ہو! میں نے کہا: کیا ہم اپنے گھر میں نہیں ہیں؟ حضرت ابوبصرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا آپ سنتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بے رغبتی کرنا چاہتے ہیں؟

**2128** - حَدَّثَنَا الْمُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، وَحَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ كُلَيْبِ بْنِ ذُهْلٍ الْحَضْرَمِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ جَبْرٍ اَنَّهُ: سَافَرَ مَعَ اَبِي بَصْرَةَ الْغِفَارِيِّ فِي رَمَضَانَ، فَلَمَّا دَفَعُوا مِنَ الْفُسْطَاطِ دَعَا بِطَعَامٍ وَنَحْنُ نَنْظُرُ اِلَى الْفُسْطَاطِ، فَقُلْتُ لَهُ: تَاْكُلُ وَلَوْ نُرِيدُ اَنْ نَنْظُرَ اِلَى الْفُسْطَاطِ نَظَرْنَا اِلَيْهِ؟ فَقَالَ: تَرْغَبُ عَنْ سُنَّةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابِهِ؟ فَاَفْطَرَ

حضرت عبید بن جبیر فرماتے ہیں کہ وہ حضرت ابوبصرہ غفاری رضی اللہ عنہ کے ساتھ رمضان المبارک میں سفر کیا' جب آپ کو خیمہ دیا گیا تو آپ نے کھانا منگوایا' ہم خیمہ کے انتظار میں تھے' میں نے کہا: آپ کھائیں! اگر ہم خیمہ کا انتظار کریں تو اس کو دیکھ لیں گے؟ آپ نے فرمایا: کیا آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کے صحابہ کی سنت سے بے رغبت ہیں؟ انہوں نے روزہ افطار کیا۔

**2129** - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ اَبِي هَانِي الْخَوْلَانِيِّ، عَمَّنْ حَدَّثَهُ، عَنْ اَبِي بَصْرَةَ الْغِفَارِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَاَلْتُ رَبِّي

حضرت ابوبصرہ غفاری رضی اللہ عنہ' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے راوی ہیں' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں نے اپنے رب سے چار چیزوں کا سوال کیا' اللہ نے ان میں سے تین مجھے عطا فرمادیں اور ایک سے روک دیا۔ میں

---

**2127**- أخرج نحوه الدارمي في سننه جلد2صفحه18 رقم الحديث: 1713' وأبو داؤد في سننه جلد 2صفحه318 رقم الحديث: 2412 كلاهما عن كليب بن ذهل عن عبيد بن جبير عن أبي بصرة به .

اَرْبَعًا فَاَعْطَانِي ثَلَاثًا وَمَنَعَنِي وَاحِدَةً، سَاَلْتُهُ اَنْ لَا يُجْمِعَ اُمَّتِي عَلَى ضَلَالَةٍ فَاَعْطَانِيهَا، وَسَاَلْتُهُ اَنْ لَا يُهْلِكَهُمْ بِالسِّنِينَ كَمَا اَهْلَكَ الْاُمَمَ قَبْلَهُمْ فَاَعْطَانِيهَا، وَسَاَلْتُهُ اَنْ لَا يُظْهِرَ عَلَيْهِمْ عَدُوًّا مِنْ غَيْرِهِمْ فَاَعْطَانِيهَا، وَسَاَلْتُهُ اَنْ لَا يَلْبِسَهُمْ شِيَعًا وَلَا يُذِيقَ بَعْضَهُمْ بَاْسَ بَعْضٍ فَمَنَعَنِيهَا

نے اپنے رب سے مانگا کہ میری ساری امت کبھی گمراہی پر اکٹھی نہ ہو'اس نے یہ مجھے عطا کیا' میں نے اپنے رب سے مانگا کہ میری اُمت قحط سالی سے ہلاک نہ ہو جیسے ان سے پہلی بعض اُمتیں ہلاک ہوئیں' یہ بھی میرے رب نے مجھے عطا کیا' میں نے اپنے رب سے مانگا کہ دشمن ان پر غالب نہ ہو' یہ بھی اس نے مجھے عطا کیا اور میں نے اپنے رب سے سوال کیا کہ میری اُمت فرقوں میں نہ بٹے اور آپس میں لڑائی جھگڑے نہ کرے' پس اپنی ہزار ہا حکمتوں کے تحت اللہ نے یہ مانگنے سے مجھے روک دیا۔

## جُعَيْلٌ الْاَشْجَعِيُّ

## حضرت جعیل اشجعی رضی اللہ عنہ

**2130** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِيُّ، ثنا رَافِعُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ زِيَادٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ جُعَيْلٍ الْاَشْجَعِيِّ، قَالَ: غَزَوْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْضِ غَزَوَاتِهِ، وَاَنَا عَلَى فَرَسٍ لِي عَجْفَاءَ ضَعِيفَةٍ، فَكُنْتُ فِي آخِرِ النَّاسِ فَلَحِقَنِي، فَقَالَ: سِرْ يَا صَاحِبَ الْفَرَسِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ عَجْفَاءُ ضَعِيفَةٌ، فَرَفَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِخْفَقَةً كَانَتْ مَعَهُ فَضَرَبَهَا بِهَا، وَقَالَ: اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُ فِيهَا قَالَ: فَلَقَدْ رَاَيْتُنِي اُمْسِكُ رَاْسَهَا اَنْ تَقَدَّمَ النَّاسَ، قَالَ: وَلَقَدْ بِعْتُ مِنْ بَطْنِهَا بِاثْنَيْ عَشَرَ

حضرت جعیل اشجعی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ بعض غزوات میں شریک ہوا' میں بوڑھے اور کمزور گھوڑے پر سوار تھا' میں لوگوں کے پیچھے تھا' آپ مجھے ملے' آپ نے فرمایا: اے گھوڑے کے مالک! جلدی چل! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! بوڑھا کمزور گھوڑا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے چھڑی جو آپ کے پاس تھی' اسے ماری اور عرض کی: اے اللہ! اس میں برکت دے! میں نے دیکھا کہ میں اس کو روکتا لیکن وہ لوگوں سے آگے نکلتا' میں نے اس کو بارہ ہزار روپے کے بدلے فروخت کیا۔

اَلْفًا

# جُنَادَةُ بْنُ اَبِی اُمَيَّةَ الْاَزْدِیُّ

# حضرت جنادہ بن ابوامیہ ازدی رضی اللہ عنہ

## بَابٌ

## باب

2131 - حَدَّثَنَا اِدْرِيسُ بْنُ جَعْفَرٍ الْعَطَّارُ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِیُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْوَهْبِیُّ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِی حَبِيبٍ، عَنْ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْيَزَنِیِّ، عَنْ حُذَافَةَ الْاَزْدِیِّ، عَنْ جُنَادَةَ الْاَزْدِیِّ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِی نَفَرٍ مِنَ الْاَزْدِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، فَدَعَانَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى طَعَامٍ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقُلْنَا: اِنَّا صِيَامٌ، فَقَالَ: صُمْتُمْ اَمْسِ؟ قُلْنَا: لَا قَالَ: فَتَصُومُونَ غَدًا؟ قُلْنَا: لَا، قَالَ: فَاَفْطِرُوا ثُمَّ قَالَ: لَا تَصُومُوا يَوْمَ الْجُمُعَةِ مُفْرَدًا

حضرت جنادہ ازدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس جمعہ کے دن ازد کے گروہ میں آیا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے کھانا تھا' آپ نے ہمیں دعوت دی' ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم روزے کی حالت میں ہیں' آپ نے فرمایا: تم نے کل روزہ رکھا تھا؟ ہم نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: (آئندہ) کل رکھو گے؟ ہم نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: روزہ کھول لو۔ پھر فرمایا: صرف جمعہ کا روزہ رکھنا منع ہے۔

حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِی شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِی حَبِيبٍ، عَنْ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْيَزَنِیِّ، عَنْ حُذَافَةَ الْاَزْدِیِّ، عَنْ جُنَادَةَ الْاَزْدِیِّ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت جنادہ رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔



---

2131- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد 3 صفحه 704 رقم الحديث: 6557' وابن أبي شيبة في مصنفه جلد 2 صفحه 301 رقم الحديث: 9242' وأبو بكر الشيباني في الآحاد والمثاني جلد 4 صفحه 277 رقم الحديث: 2297 كلهم عن مرثد بن عبد الله عن حذافة الأزدي عن جنادة الأزدي به .

**2132** - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبَ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ اَبِي الْخَيْرِ، عَنْ حُذَيْفَةَ الْاَزْدِيِّ، عَنْ جُنَادَةَ الْاَزْدِيِّ، اَنَّهُمْ وَلَجُوا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُمْ ثَمَانِيَةُ رَهْطٍ هُوَ ثَامِنُهُمْ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِطَعَامٍ، فَقَالَ لِرَجُلٍ: كُلْ فَقَالَ: صَائِمٌ، قَالَ لِآخَرَ: كُلْ فَقَالَ: صَائِمٌ حَتَّى سَأَلَهُمْ جَمِيعًا، فَقَالَ: صُمْتُمْ اَمْسِ؟ فَقَالُوا: لَا، فَقَالَ: اَصِيَامٌ غَدًا؟ قَالُوا: لَا فَاَمَرَهُمْ اَنْ يُفْطِرُوا

حضرت جنادہ ازدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آٹھ گروہ حضور ﷺ کی بارگاہ میں جمعہ کے دن آئے' وہ ان میں سے آٹھویں تھے' رسول اللہ ﷺ نے کھانا منگوایا' ایک آدمی سے فرمایا: تُو کھا! اُس نے کہا: میں روزہ سے ہوں' دوسرے سے فرمایا: تُو کھا! اُس نے کہا: میں روزہ کی حالت میں ہوں' یہاں تک کہ سب سے کہا' پھر آپ نے فرمایا: کل تم نے روزہ رکھا تھا؟ اُنہوں نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: (آئندہ) کل روزہ رکھو گے؟ اُنہوں نے عرض کی: نہیں! آپ نے ان سب کو افطار کرنے کا حکم دیا۔

**2133** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، ثنا يَزِيدُ بْنُ اَبِي حَبِيبٍ، اَنَّ اَبَا الْخَيْرِ حَدَّثَهُ، اَنَّ حُذَيْفَةَ الْبَارِقِيَّ حَدَّثَهُ اَنَّ جُنَادَةَ بْنَ اَبِي اُمَيَّةَ الْاَزْدِيَّ حَدَّثَهُ، اَنَّهُمْ دَخَلُوا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَمَانِيَةَ نَفَرٍ هُوَ ثَامِنُهُمْ فَقَرَّبَ اِلَيْهِمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامًا فِي يَوْمِ جُمُعَةٍ، فَقَالَ: كُلُوا فَقَالُوا: صِيَامٌ، فَقَالَ: اَصُمْتُمْ اَمْسِ؟، قَالُوا: لَا قَالَ: اَفَصَائِمُونَ اَنْتُمْ غَدًا؟ قَالُوا: لَا، قَالَ: فَاَفْطِرُوا

حضرت جنادہ ازدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے' وہ ان آدمیوں میں سے آٹھویں تھے' رسول اللہ ﷺ نے جمعہ کے دن کھانا قریب کیا' ان سب نے کہا: ہم روزے کی حالت میں ہیں' آپ نے فرمایا: کل تم نے روزہ رکھا تھا؟ اُنہوں نے کہا: نہیں! آپ نے فرمایا: (آئندہ) کل رکھو گے؟ اُنہوں نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: تم روزہ افطار کرو۔

**2134** - حَدَّثَنَا اَبُو حَبِيبٍ يَحْيَى بْنُ نَافِعٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ الْيَسَعِ، حَدَّثَنِي اَبُو بَكْرٍ الْهُذَلِيُّ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ الصَّنْعَانِيِّ، اَنَّ جُنَادَةَ الْاَزْدِيَّ اَمَّ قَوْمًا، فَلَمَّا قَامَ اِلَى الصَّلَاةِ الْتَفَتَ عَنْ

حضرت ابوعبدالرحمٰن صنعانی فرماتے ہیں کہ حضرت جنادہ ازدی رضی اللہ عنہ لوگوں کی امامت کرتے تھے' جب نماز کے لیے کھڑے ہوتے تو آپ دائیں جانب متوجہ ہوتے' فرماتے: کیا تم میری امامت پر خوش ہو؟ اُنہوں نے کہا: جی ہاں! پھر بائیں جانب

يَمِينِهِ، فَقَالَ: اَتَرْضَوْنَ، قَالُوا: نَعَمْ، ثُمَّ فَعَلَ مِثْلَ ذَلِكَ عَنْ يَسَارِهِ، ثُمَّ قَالَ: اِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: مَنْ اَمَّ قَوْمًا وَهُمْ لَهُ كَارِهُونَ فَاِنَّ صَلَاتَهُ لَا تُجَاوِزُ تَرْقُوَتَهُ

متوجہ ہوتے' پھر فرماتے: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جولوگوں کی امامت کروائے' وہ اسے ناپسند کرتے ہوں تو اس کی نماز اس کے گلے سے اوپر نہیں جاتی ہے۔

## جُنَادَةُ بْنُ مَالِكٍ

## حضرت جنادہ بن مالک رضی اللہ عنہ

**2135** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْاَزْدِيُّ، عَنْ عُبَيْدَةَ بْنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ قَاسِمِ بْنِ الْوَلِيدِ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ جُنَادَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ جُنَادَةَ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثٌ مِنْ فِعْلِ اَهْلِ الْجَاهِلِيَّةِ لَا يَدَعُهُنَّ اَهْلُ الْاِسْلَامِ اسْتِسْقَاءٌ بِالْكَوَاكِبِ، وَطَعْنٌ فِي النَّسَبِ، وَالنِّيَاحَةُ عَلَى الْمَيِّتِ

حضرت جنادہ بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جاہلیت کے تین کام اسلام والے نہیں چھوڑیں گے: (۱) ستاروں کے ذریعے بارش طلب کرنا (۲) نسب میں طعن کرنا (۳) میت پر نوحہ کرنا۔

## جُنَادَةُ بْنُ جَرَادٍ الْغَيْلَانِيُّ

## حضرت جنادہ بن جراد غیلانی رضی اللہ عنہ

**2136** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا عَوْنُ بْنُ الْحَكَمِ بْنِ سَعْدٍ الْبَاهِلِيُّ، حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ قُرَيْعٍ، اَحَدُ بَنِي غَيْلَانَ بْنِ جَاوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جُنَادَةَ بْنِ جَرَادَةَ اَحَدِ بَنِي غَيْلَانَ بْنِ جَاوَةَ، قَالَ: اَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاِبِلٍ قَدْ

حضرت جنادہ بن جراد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کی بارگاہ میں اونٹ لے کر آیا' اس کے ناک کو داغا ہوا تھا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اے جنادہ! میں پا رہا ہوں کہ اس کے چہرے پر داغا گیا ہے' اس کا آگے قصاص ہے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں

وَسَمْتُها فِي اَنْفِها فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا جُنَادَةُ مَا وَجَدْتُ فِيهَا عَضْوًا تَسِمُهُ اِلَّا فِي الْوَجْهِ، اَمَا اِنَّ اَمَامَكَ الْقِصَاصُ فَقَالَ: اَمْرُهَا اِلَيْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ: ائْتِنِي بِشَيْءٍ لَيْسَ عَلَيْهِ وَسْمٌ فَاَتَيْتُهُ بِابْنِ لَبُونٍ وَحِقَّةٍ فَوَضَعْتُ الْمِيسَمَ فِي الْعُنُقِ فَلَمْ يَزَلْ، يَقُولُ: اَخِّرْ اَخِّرْ حَتَّى بَلَغَ الْفَخِذَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سِمْ عَلَى بَرَكَةِ اللّٰهِ فَوَسَمْتُها فِي اَفْخَاذِها وَكَانَتْ صَدَقَتُها حِقَّتَانِ وَكَانَتْ تِسْعِينَ

اسے آپ کے پاس سے لے جاتا ہوں! آپ نے فرمایا: ایسے جانور کو لا جس کو داغا نہ گیا ہو۔ میں ابن لبون یا حقہ لے کر آیا' میں داغنے والی شی لے کر آیا' اسے اس کی گردن پر رکھا۔ آپ مسلسل فرماتے رہے: پیچھے کر پیچھے! یہاں تک کہ ران تک پہنچ گیا' حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ کی برکت ہو! اسے داغ' میں نے اس کی ران پر داغا' ان کا صدقہ دو حقے اور نوّے درہم تھے۔

## جُرْمُوزٌ الْهُجَيْمِيُّ

## حضرت جرموز ہجیمی رضی اللہ عنہ

**2137** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامٍ الْمُسْتَمْلِي، انا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَرْعَرَةَ، ثنا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ هَوْذَةَ، عَنْ جُرْمُوزٍ الْهُجَيْمِيِّ، يَقُولُ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَوْصِنِي، قَالَ: اُوصِيكَ اَنْ لَا تَكُونَ لَعَّانًا

حضرت جرموز ہجیمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے وصیت کریں! آپ نے فرمایا: تمہیں وصیت کرتا ہوں کہ تُو لعنت کرنے والا نہ ہونا۔

**2138** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ عَبْدِ الْوَارِثِ، حَدَّثَنِي، اَبِي، حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ هَوْذَةَ الْقُرَيْعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي رَجُلٌ اَنَّهُ سَمِعَ جُرْمُوزَ الْهُجَيْمِيَّ، يَقُولُ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَوْصِنِي، قَالَ: اُوصِيكَ اَنْ لَا تَكُونَ لَعَّانًا

حضرت جرموز ہجیمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے وصیت کریں! آپ نے فرمایا: تمہیں وصیت کرتا ہوں کہ تُو لعنت کرنے والا نہ ہونا۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ

حضرت جرموز رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے

الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الصَّيْرَفِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ حَبِيبِ بْنِ نُدْبَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ هَوْذَةَ الْقُرَيْعِيِّ، عَنْ شَيْخٍ، عَنْ جُرْمُوزٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

اسی کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

## جَعْدَةُ الْجُشَمِيُّ

## حضرت جعدہ جشمی رضی اللہ عنہ

**2139** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، انا شُعْبَةُ، اَخْبَرَنِي اَبُو اِسْرَائِيلَ مَوْلَى بَنِي جُشَمِ بْنِ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ جَعْدَةَ، رَجُلًا مِنْهُمْ يُحَدِّثُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: جَاءُوا بِرَجُلٍ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: اِنَّ هَذَا اَرَادَ اَنْ يَقْتُلَكَ فَقَالَ لَهُ: لَمْ تُرَعْ لَمْ تُرَعْ لَوْ اَرَدْتَ ذَلِكَ لَمْ تُسَلَّطْ عَلَيَّ

حضرت جعدہ رضی اللہ عنہ، حضورﷺ سے بیان کرتے ہیں کہ وہ ایک آدمی کو لے کر حضورﷺ کی بارگاہ میں آئے' اُنہوں نے کہا: یہ آپ کو قتل کرنے کا ارادہ رکھتا ہے' آپ نے اسے فرمایا: تجھے ڈر نہیں لگا' تجھے خوف نہیں آیا! تو نے خیال نہیں کیا! اگر تو یہ ارادہ رکھتا تو پھر بھی مجھ پر مسلط نہ ہو سکتا۔

**2140** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، انا وَكِيعٌ، عَنْ شُعْبَةَ، ثنا اَبُو اِسْرَائِيلَ الْجُشَمِيُّ، عَنْ شَيْخٍ لَهُمْ يُقَالُ لَهُ جَعْدَةُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَى لَهُ رَجُلٌ رُؤْيَا فَبَعَثَ اِلَيْهِ فَجَاءَ فَقَصَّهَا عَلَيْهِ وَكَانَ عَظِيمَ الْبَطْنِ، فَقَالَ بِاِصْبَعِهِ فِي بَطْنِهِ: لَوْ كَانَ هَذَا فِي غَيْرِ هَذَا لَكَانَ خَيْرًا لَكَ

حضرت جعدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ کے حوالے سے ایک آدمی نے خواب دیکھا' وہ آپ کی طرف بھیجا گیا تھا' وہ آیا اُس نے آپ کے سامنے وہ خواب بیان کیا' اس کا پیٹ بڑا تھا' آپ نے اپنی انگلی اُس کے پیٹ میں ماری اور کہا: اگر اس کے علاوہ کوئی اور صورت ہوتی تو تیرے لیے بہتر تھا۔

**2141** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ رَاهَوَيْهِ، ثنا اَبِي، ثنا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي اِسْرَائِيلَ، عَنْ شَيْخٍ لَهُمْ يُقَالُ لَهُ جَعْدَةُ، اَنَّ النَّبِيَّ

حضرت جعدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے ایک بڑے پیٹ والے آدمی کو دیکھا' آپ نے اپنی انگلی مبارک اس کے پیٹ میں ماری اور

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَى رَجُلًا عَظِيمَ الْبَطْنِ، فَقَالَ بِاِصْبَعِهِ فِي بَطْنِهِ، وَقَالَ: لَوْ كَانَ هَذَا فِي غَيْرِ هَذَا لَكَانَ خَيْرًا لَكَ

فرمایا: اگر یہ اس کے علاوہ صورت ہوتی تو تیرے لیے بہتر تھا۔

## جَعْدَةُ بْنُ هُبَيْرَةَ

## حضرت جعدہ بن ھبیرہ رضی اللہ عنہ

**2142** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ جَعْدَةَ بْنِ هُبَيْرَةَ، قَالَ: ذُكِرَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَوْلًى لِبَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ يُصَلِّي وَلَا يَنَامُ وَيَصُومُ وَلَا يُفْطِرُ، فَقَالَ: اَنَا اُصَلِّي وَاَنَامُ وَاَصُومُ وَاُفْطِرُ، وَلِكُلِّ عَمَلٍ شِرَّةٌ وَلِكُلِّ شِرَّةٍ فَتْرَةٌ، فَمَنْ يَكُنْ فَتْرَتُهُ اِلَى السُّنَّةِ فَقَدِ اهْتَدَى، وَمَنْ يَكُ اِلَى غَيْرِ ذَلِكَ فَقَدْ ضَلَّ

حضرت جعدہ بن ھبیرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاں بنی عبدالمطلب کے غلام کا ذکر کیا گیا کہ وہ نماز پڑھتا ہے سوتا نہیں ہے' روزے رکھتا ہے روزہ افطار نہیں کرتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں سوتا بھی ہوں اور نماز بھی پڑھتا ہوں' میں روزہ بھی رکھتا ہوں اور افطار بھی کرتا ہوں۔ آپ نے فرمایا: ہر عمل کے لیے ایک تیزی ہوتی ہے اور ہر تیزی کے لیے ایک کمزوری ڈھیلا پن بھی ہوتا ہے' جس کی ڈھیل سنت کی طرف ہو وہ ہدایت پا گیا' جو اس کے علاوہ کسی اور کی طرف ہو تو وہ گمراہ ہو گیا۔

**2143** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيسَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ جَعْدَةَ بْنِ هُبَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ النَّاسِ قَرْنِي ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ ثُمَّ الْآخَرُونَ اَرْذَلُ

حضرت جعدہ بن ھبیرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: لوگوں میں بہتر زمانہ میرا ہے' پھر جو ان سے ملے' پھر جو ان سے ملے' پھر جو ان سے ملے' پھر اس کے بعد رذیل قسم کے لوگ ہوں گے۔



---

2143- أخرج نحوه الحاكم في مستدركه جلد 3 صفحه 211 رقم الحديث: 4871' وذكره أبو بكر الشيباني في الآحاد والمثاني جلد 2 صفحه 47 رقم الحديث: 726' وعبد بن حميد في مسنده جلد 1 صفحه 148 رقم الحديث 383 كلهم عن عبد الله بن ادريس عن أبيه عن جده عن جعدة بن هبيرة به .

2144 - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّا الْمُطَرِّزُ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا ابْنُ اِدْرِيسَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ جَعْدَةَ بْنِ هُبَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ النَّاسِ قَرْنِي ثُمَّ الَّذِي يَلِيهِ ثُمَّ الْآخَرُونَ اَرْذَلُ

حضرت جعدہ بن ھبیرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: لوگوں میں بہتر زمانہ میرا ہے، پھر جوان سے ملے، پھر جوان سے ملے، پھر جوان سے ملے، پھر اس کے بعد رذیل قسم کے لوگ ہوں گے۔

2145 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، ثنا ابْنُ جُرَيْجٍ، حَدَّثَنِي اَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، اَنَّهُ حَدَّثَهُ جَعْدَةُ بْنُ هُبَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: نَهَانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ثَلَاثٍ: اَنْ اَتَخَتَّمَ بِالذَّهَبِ وَلُبْسِ الْقَسِّيِّ وَعَنِ الْمِيثَرَةِ

حضرت جعدہ بن ھبیرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے تین چیزوں سے منع کیا: (۱) سونے کی انگوٹھی بنواؤں (۲) مصری ریشمی کپڑے پہنوں (۳) ریشمی نرم زین پوش سے۔



# جَفْشِيشٌ الْكِنْدِيُّ

# حضرت جفشیش الکندی رضی اللہ عنہ

2146 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ نَائِلَةَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْجَفْشِيشِ الْكِنْدِيِّ، قَالَ: جَاءَ قَوْمٌ مِنْ كِنْدَةَ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: اَنْتَ مِنَّا، فَادَّعَوْهُ، فَقَالَ: لَا نَقْفُوا اُمَّنَا وَلَا نَنْتَفِي مِنْ اَبِينَا نَحْنُ وَلَدُ النَّضْرِ بْنِ كِنَانَةَ

حضرت جفشیش الکندی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قبیلہ کندہ کے کچھ لوگ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آئے، اُنہوں نے عرض کی: آپ ہم سے ہیں؟ اُنہوں نے دعویٰ کیا! آپ نے فرمایا: ہم نہ اپنی ماں پر بُری تہمت لگاتے ہیں اور نہ باپ سے نفی کرتے ہیں، ہم نضر بن کنانہ کی اولاد سے ہیں۔

2147 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا حَيَّانُ بْنُ بِشْرٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ حَيٍّ، عَنْ اَبِيهِ، ثنا الْجَفْشِيشُ الْكِنْدِيُّ،

حضرت جفشیش الکندی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قبیلہ کندہ کے کچھ لوگ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آئے، اُنہوں نے عرض کی: آپ ہم سے ہیں؟ اُنہوں

قَالَ: قُلْتُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْتَ مِمَّنْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: نَحْنُ بَنُو النَّضْرِ بْنِ كِنَانَةَ لَا نَقْفُو اُمَّنَا وَلَا نَنْتَفِي مِنْ اَبِينَا

نے آپ پر دعویٰ کیا! آپ نے فرمایا: ہم نضر بن کنانہ کے بیٹے ہیں' نہ ہم اپنی ماں پر بُری تہمت لگاتے ہیں اور نہ اپنے باپ سے نفی کرتے ہیں۔

## جَبَلَةُ بْنُ حَارِثَةَ الْكَلْبِيُّ اَخُو زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ

## حضرت جبلہ بن حارثہ کلبی' جو حضرت زید بن حارثہ کے بھائی ہیں

2148 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، انا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ اَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ، حَدَّثَنِي جَبَلَةُ بْنُ حَارِثَةَ، قَالَ: قَدِمْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَرْسِلْ مَعِي اَخِي زَيْدًا، قَالَ: هُوَ ذَاكَ فَاِنِ انْطَلَقَ مَعَكَ لَمْ اَمْنَعْهُ، فَقَالَ: لَا وَاللّٰهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَا اَخْتَارُ عَلَيْكَ اَحَدًا اَبَدًا قَالَ: فَرَاَيْتُ رَاْيَ اَخِي اَفْضَلَ مِنْ رَاْيِي

حضرت جبلہ بن حارثہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کی بارگاہ میں آیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے ساتھ میرے بھائی زید کو بھیجیں! آپ نے فرمایا: وہ موجود ہے اگر وہ تیرے ساتھ جانا چاہے تو میں اسے منع نہیں کروں گا۔ حضرت زید نے عرض کی: اللہ کی قسم! اے اللہ کے رسول! میں زندگی بھر کسی کو آپ پر ترجیح نہیں دوں گا۔ حضرت جبلہ فرماتے ہیں: میں نے دیکھا کہ میرے بھائی کی سوچ میری رائے سے افضل ہے۔

حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سِكِّينٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ النَّضْرِ، انا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ اَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ جَبَلَةَ بْنِ حَارِثَةَ، قَالَ: اَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ مِثْلَهُ

حضرت جبلہ بن حارثہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ کی بارگاہ بیکس پناہ میں مجھے حاضری کا شرف ملا' اس کے بعد اسی کی مثل حدیث ذکر کی۔

2149 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا مُحَمَّدُ

حضرت جبلہ بن حارثہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ



---

2148- أخرجه الترمذي في سننه جلد 5 صفحه 676 رقم الحديث: 3815 عن اسماعيل بن أبي خالد عن أبي عمرو الشيباني عن جبلة بن حارثة به وقال: هذا حديث غريب لا نعرفه الا من حديث ابن الرومي عن علي بن مسهر .

بْنُ سَعِيدِ بْنِ الْاَصْبَهَانِيّ، ح، وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الطُّفَيْلِ، ح، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالُوا: ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ جَبَلَةَ بْنِ حَارِثَةَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا لَمْ يَغْزُ اَعْطَى سِلَاحَهُ عَلِيًّا اَوْ اُسَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضورﷺ کسی جنگ کے موقع پر جب خود لڑائی نہ کرتے تو اپنے ہتھیار حضرت علی یا اسامہ کو دے دیتے۔

**2150** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الطُّفَيْلِ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ جَبَلَةَ بْنِ حَارِثَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اَوَيْتَ اِلَى فِرَاشِكَ فَاقْرَاْ قُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُونَ، حَتَّى تَمُرَّ بِآخِرِهَا، فَاِنَّهَا بَرَاءَةٌ مِنَ الشِّرْكِ

حضرت جبلہ بن حارثہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جب تُو اپنے بستر پر آئے تو یہ پڑھ: قل یا ایھا الکافرون، مکمل، کیونکہ یہ سورت شرک سے بری کر دیتی ہے۔

## جَبَلَةُ بْنُ الْاَزْرَقِ

## حضرت جبلہ بن ازرق رضی اللہ عنہ

**2151** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ رَاشِدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ جَبَلَةَ بْنِ الْاَزْرَقِ وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى اِلَى جَنْبِ جِدَارٍ كَثِيرِ الْاَحْجِرَةِ صَلَّى ظُهْرًا اَوْ عَصْرًا، فَلَمَّا جَلَسَ فِي الرَّكْعَتَيْنِ خَرَجَتْ عَقْرَبٌ فَلَدَغَتْهُ فَغُشِيَ عَلَيْهِ فَرَقَاهُ النَّاسُ فَلَمَّا اَفَاقَ قَالَ: اللّٰهُ شَفَانِي وَلَيْسَ بِرُقْيَتِكُمْ

حضرت جبلہ بن ازرق رضی اللہ عنہ حضورﷺ کے صحابی فرماتے ہیں کہ حضورﷺ ایک ایسی دیوار کے پاس نماز پڑھ رہے تھے جس میں بہت زیادہ سوراخ تھے، آپ نے ظہر یا عصر کی نماز پڑھی جب دو رکعتیں پڑھ کر بیٹھے تو ایک بچھو نکلا، اس نے آپ کو ڈسا، آپ کو اس کی تکلیف ہوئی تو صحابہ کرام نے آپ کو دم کیا، جب آپ کو افاقہ ہوا تو آپ نے فرمایا: اللہ نے مجھے شفاء دی ہے، تمہارے دم نے مجھے شفاء نہیں دی۔

## جَبَلَةُ بْنُ عَمْرٍو اَخُو اَبِي مَسْعُودٍ

**2152** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: وَفِي حَدِيثِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ مَعَ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ جَبَلَةُ بْنُ عَمْرٍو وَمِنْ بَنِي بَيَاضَةَ بَدْرِيٌّ

## حضرت جبلہ بن عمرو حضرت ابومسعود کے بھائی

حضرت ابورافع فرماتے ہیں کہ جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ جنگ میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام جبلہ بن عمرو اور بنی بیاضہ سے بدری ہیں۔

## جَبَلَةُ بْنُ ثَعْلَبَةَ الْاَنْصَارِيُّ مِنْ بَنِي بَيَاضَةَ بَدْرِيٌّ

**2153** - ثنا الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: وَفِي حَدِيثِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ: فِي تَسْمِيَتِهِ مَنْ شَهِدَ مَعَ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ، جَبَلَةُ مِنْ بَنِي بَيَاضَةَ بَدْرِيٌّ

## حضرت جبلہ بن ثعلبہ انصاری' بنی بیاضہ سے بدری رضی اللہ عنہ

حضرت عبیداللہ بن ابورافع فرماتے ہیں کہ جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ جنگ میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام' بنی بیاضہ سے جبلہ بدری ہیں۔

## جِرَاحٌ الْاَشْجَعِيُّ جَحْشٌ الْجُهَنِيُّ

**2154** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى الْمُحَارِبِيُّ، وَهَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ، قَالَا: ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَحْشٍ، عَنْ

## حضرت جراح اشجعی حضرت جحش جہنی رضی اللہ عنہ

حضرت جحش الجہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں دیہاتی آدمی ہوں' وہاں نماز پڑھتا ہوں' آپ مجھے حکم دیں کہ ایک رات مسجد میں رہوں اور اس میں نماز پڑھوں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم تئیس راتیں رہو۔

اَبِيهِ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّ لِي بَادِيَةً أُصَلِّي فِيهَا فَمُرْنِي بِلَيْلَةٍ اَنْزِلُهَا اِلَى الْمَسْجِدِ فَاُصَلِّيَ فِيهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: انْزِلْ لَيْلَةَ ثَلَاثٍ وَعِشْرِينَ

## جَهْرٌ اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ

## حضرت جہر ابوعبداللہ رضی اللہ عنہ

**2155** - حَدَّثَنَا اَبُو عُبَيْدَةَ عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى بْنِ خَلَّادٍ الْمِنْقَرِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عُمَرَ السَّدُوسِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمَدَنِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَهْرٍ، عَنْ اَبِيهِ جَهْرٍ قَالَ: قَرَاْتُ خَلْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا انْصَرَفَ، قَالَ: يَا جَهْرُ اسْمِعْ رَبَّكَ وَلَا تُسْمِعْنِي

حضرت جہر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے قرأت کی' جب آپ نے سلام پھیرا تو آپ نے فرمایا: اے جہر! تُو اپنے رب کو سنا' مجھے نہ سنا۔

## جُفَيْنَةُ

## حضرت جفینہ رضی اللہ عنہ

**2156** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ، ثنا اَبُو بَكْرٍ الدَّاهِرِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عُرَيْنَةَ الْعُرَنِيِّ، عَنْ جُفَيْنَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلَيْهِ كِتَابًا فَرَقَعَ بِهِ دَلْوَهُ، فَقَالَتْ لَهُ ابْنَتُهُ: عَمَدْتَ اِلَى كِتَابِ سَيِّدِ الْعَرَبِ فَرَقَعْتَ بِهِ دَلْوَكَ، فَهَرَبَ وَاَخَذَ كُلَّ قَلِيلٍ وَكَثِيرٍ هُوَ لَهُ، ثُمَّ جَاءَ بَعْدُ مُسْلِمًا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: انْظُرْ مَا وَجَدْتَ مِنْ مَتَاعِكَ قَبْلَ قِسْمَةِ السِّهَامِ فَخُذْهُ

حضرت جفینہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میری طرف خط لکھا' میں نے اس کے ساتھ اپنا ڈول اُٹھایا' میری بیٹی نے کہا: میں عرب کے سردار کے خط کی طرف جارہی ہوں' تو نے ڈول اٹھالیا ہے' پس میں بھاگا اور اپنی تھوڑی یا زیادہ جو چیز تھی' وہ لے لی پھر اس کے بعد مسلمان ہو کر آیا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: دیکھو! اپنے سامان میں حصہ تقسیم ہونے سے پہلے جو تو نے پایا ہے' اس کو پکڑو۔

# جَاهِمَةُ اَبُو مُعَاوِيَةَ السُّلَمِيُّ

2157 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْمُبَارَكِ الْعَيْشِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ حَبِيبٍ، ثنا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ طَلْحَةَ بْنِ يَزِيدَ بْنِ رُكَانَةَ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ جَاهِمَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: اَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسْتَشِيرُهُ فِي الْجِهَادِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَكَ وَالِدَانِ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: الْزَمْهُمَا فَاِنَّ الْجَنَّةَ تَحْتَ اَرْجُلِهِمَا

# حضرت جاھمہ ابومعاویہ السلمی رضی اللہ عنہ

حضرت جاھمہ ابومعاویہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس جہاد کا مشورہ لینے کے لیے آیا' حضور ﷺ نے فرمایا: کیا آپ کے والدین ہیں؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: ان دونوں کی خدمت کر! کیونکہ جنت ان دونوں کے قدموں کے نیچے ہے۔

# جِدَارٌ

2158 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا اَبُو مُوسَى الْهَرَوِيُّ، ح، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ، ثنا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَا: ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنِي الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْاَنْصَارِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ شَجَرَةَ، عَنْ جِدَارٍ رَجُلٍ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: غَزَوْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَقِينَا عَدُوَّنَا، فَقَامَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنَى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ: اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّكُمْ قَدْ اَصْبَحْتُمْ بَيْنَ اَخْضَرَ وَاَصْفَرَ وَاَحْمَرَ وَفِي الرِّحَالِ مَا فِيهَا، فَاِذَا لَقِيتُمْ عَدُوَّكُمْ فَقُدُمًا قُدُمًا فَاِنَّهُ لَيْسَ اَحَدٌ يَحْمِلُ فِي سَبِيلِ

# حضرت جدار رضی اللہ عنہ

حضور ﷺ کے اصحاب میں سے ایک آدمی حضرت جدار فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جہاد کیا' ہم دشمن سے ملے' آپ کھڑے ہوئے' اللہ کی حمد وثناء کی' پھر فرمایا: اے لوگو! تم نے صبح سبز' زرد' سرخ اور کجاووں میں کی ہے' یہاں جب تم نے دشمن سے لڑنا تو آگے بڑھنا' جو تم میں سے اللہ کی راہ میں لڑنے کے لیے جلدی کرے گا' حورالعین میں سے دو اس کے لیے جلدی کریں گی' اگر وہ شہید ہو تو خون کا پہلا قطرہ گرنے سے پہلے سارے گناہ معاف ہو جائیں گے اور تیرے چہرے پر لگنے والا غبار وہ صاف کریں گی اور کہیں گی: ہم تیرے لیے ہیں اور تُو کہے گا: میں تمہارے لیے ہوں۔

اللّٰهِ إِلَّا ابْتَدَرَتْ إِلَيْهِ ثِنْتَانِ مِنَ الْحُورِ الْعِينِ، فَإِذَا اسْتُشْهِدَ فَإِنَّ أَوَّلَ قَطْرَةٍ تَقَعُ مِنْ دَمِهِ يُكَفِّرُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَنْهُ كُلَّ ذَنْبٍ وَتَمْسَحَانِ الْغُبَارَ عَنْ وَجْهِهِ تَقُولَانِ قَدْ أَنَا لَكَ وَيَقُولُ قَدْ أَنَا لَكُمَا

## جُنَيْدُ بْنُ سَبُعٍ وَيُقَالُ حَبِيبُ بْنُ سِبَاعٍ وَهُوَ أَبُو جُمُعَةَ قَدْ خَرَّجْتُ حَدِيثَهُ فِي بَابِ الْحَاءِ

## حضرت جنید بن سبع رضی اللہ عنہ انہیں حبیب بن سباع بھی کہا جاتا ہے یہ ابو جمعہ ہیں میں نے ان کی حدیث کی تخریج باب الحاء میں کی ہے

2159 - حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ أَبُو سَعِيدٍ مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ، ثنا حُجْرُ بْنُ خَلَفٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَوْفٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ جُنَيْدَ بْنَ سَبُعٍ، يَقُولُ: قَاتَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوَّلَ النَّهَارِ كَافِرًا، وَقَاتَلْتُ مَعَهُ آخِرَ النَّهَارِ مُسْلِمًا وَنَزَلَتْ فِينَا: (وَلَوْلَا رِجَالٌ مُؤْمِنُونَ وَنِسَاءٌ مُؤْمِنَاتٌ) (الفتح: 25) ، قَالَ: كُنَّا تِسْعَةَ نَفَرٍ سَبْعَةَ رِجَالٍ وَامْرَأَتَيْنِ

حضرت جنید بن سبع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ دن کے اوّل حصہ میں حالتِ کفر میں لڑا اور آپ کے ساتھ دن کے آخری حصہ میں حالتِ اسلام میں لڑا' یہ آیت ہمارے متعلق نازل ہوئی: ''اگر مؤمن مرد اور مؤمن عورتیں نہ ہوں'' ہم نو تھے' سات مرد اور دو عورتیں تھیں۔



## جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيُّ يُكْنَى أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ وَيُقَالُ: أَبُو عَمْرٍو

## حضرت جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ' آپ کی کنیت ابوعبداللہ ہے آپ کو ابوعمرو بھی کہا جاتا ہے

2160 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت ابراہیم بن جریر فرماتے ہیں کہ حضرت

مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا الْأَسْوَدُ بْنُ شَيْبَانَ، ثنا زِيَادُ بْنُ أَبِي سُفْيَانَ الْبَجَلِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ جَرِيرٍ، قَالَ: غَدَا أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ يَعْنِي جَرِيرًا إِلَى الْكُنَاسَةِ لِيَبْتَاعَ مِنْهَا دَابَّةً

ابوعبداللہ یعنی حضرت جریر رضی اللہ عنہ کناسہ کی طرف گئے تا کہ وہاں سے جانور خرید کر لائیں۔

**2161** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا أَبُو أُسَامَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنِي شَيْخٌ مِنْ بَنِي سُلَيْمٍ قَالَ: قُلْتُ لِجَرِيرٍ: يَا أَبَا عَمْرٍو

بنی سلیم کے ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت جریر رضی اللہ عنہ سے کہا: اے ابوعمرو!

**2162** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ قَالَ: رَأَيْتُ جَرِيرًا يُصَفِّرُ لِحْيَتَهُ

حضرت عبدالملک بن عمیر فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت جریر رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ آپ اپنی داڑھی کو زرد رنگ لگاتے تھے۔

**2163** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ، ثنا الْمُحَارِبِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الْمَلِكِ بْنَ عُمَيْرٍ قَالَ: رَأَيْتُ جَرِيرًا يُخَضِّبُ بِالصُّفْرَةِ وَالزَّعْفَرَانِ

حضرت عبدالملک بن عمیر فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت جریر رضی اللہ عنہ کو زرد اور زعفران کا رنگ لگاتے ہوئے دیکھا۔

**2164** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ الْكَلْبِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي سُلَيْمٌ أَبُو الْهُذَيْلِ قَالَ: رَأَيْتُ جَرِيرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يُخَضِّبُ رَأْسَهُ وَلِحْيَتَهُ بِالسَّوَادِ

حضرت سلیم ابوہذیل فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کو سر اور داڑھی پر سیاہ خضاب لگائے ہوئے دیکھا۔

## مِنْ أَخْبَارِهِ

## آپ سے مروی احادیث

**2165** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ آئے، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تمہارے پاس یمن کا بہترین آدمی آیا ہے

ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: طَلَعَ جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَطْلُعُ عَلَيْكُمْ خَيْرُ ذِي يُمْنٍ عَلَيْهِ مَسْحَةُ مَلَكٍ فَطَلَعَ جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

اس کو فرشتے نے چھوا ہے۔ پھر حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ آئے۔

**2166** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ اَبَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيِّ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ حَفْصٍ قَالَ: قَالَ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: جَرِيرٌ مِنَّا اَهْلَ الْبَيْتِ ظَهْرًا لِبَطْنٍ قَالَهَا ثَلَاثًا

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جریر ہم سے ہے' اے اہل بیت بطن سے ظاہر ہونے کے لحاظ سے' یہ کلمہ آپ نے تین مرتبہ فرمایا۔

**2167** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الْمَعْرُوفُ بِابْنِ التَّلِّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ بِشْرٍ، عَنِ ابْنِ شُبْرُمَةَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، اَنَّ جَرِيرًا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، بَارَزَ مِهْرَانَ فَقَتَلَهُ فَقُوِّمَتْ مِنْطَقَتُهُ ثَلَاثِينَ اَلْفًا، وَكَانَ مَنْ بَارَزَ رَجُلًا فَقَتَلَهُ فَلَهُ سَلَبُهُ، فَكَتَبُوا اِلَى عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ عُمَرُ: لَيْسَ هٰذَا مِنَ السَّلَبِ الَّذِي يُعْطَى لَيْسَ مِنَ السِّلَاحِ، وَلَا مِنَ الْكُرَاعِ، وَلَمْ يُنَفِّلْهُ وَجَعَلَهُ مَغْنَمًا

حضرت شعبی فرماتے ہیں کہ حضرت جریر رضی اللہ عنہ بارز مہران سے لڑے' اسے قتل کیا' تیس ہزار اس کی قیمت لگائی گئی' اس وقت یہ تھا کہ جو آدمی جس سے لڑتا تھا اس کو قتل کرتا تو اُس کا مال اس کو ملتا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو خط لکھا گیا تو حضرت عمر نے فرمایا: یہ مال اس کو نہیں دیا جائے گا' نہ اسلحہ نہ گھوڑا' نہ بطور اعزاز' اس کو مالِ غنیمت میں رکھا جائے۔

**2168** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى، عَنْ مُجَالِدٍ، ثنا عَامِرٌ، عَنْ جَرِيرٍ: اَنَّ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ صَلَّى بِالنَّاسِ فَخَرَجَ مِنْ اِنْسَانٍ شَيْءٌ فَقَالَ: عَزَمْتُ عَلَى صَاحِبِ هٰذِهِ اِلَّا تَوَضَّاَ وَاَعَادَ صَلَاتَهُ، فَقَالَ جَرِيرٌ: اَوَ تَعْزِمُ عَلَى كُلِّ مَنْ سَمِعَهَا

حضرت جریر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عمر نے لوگوں کو نماز پڑھائی' ایک انسان سے کوئی شی نکلی' آپ نے فرمایا: میں اس آدمی کو قسم دے کر کہتا ہوں کہ یہ وضو کر کے نماز لوٹائے۔ حضرت جریر رضی اللہ عنہ نے کہا: کیا آپ قسم کھاتے ہیں ہر اس پر

اَنْ يَتَوَضَّا وَاَنْ يُعِيدَ الصَّلَاةَ، قَالَ: نِعِمَّا، قُلْتُ: جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا فَاَمَرَهُمْ بِذَلِكَ

جس نے اس کو سنا ہے کہ وہ وضو کرے اور نماز لوٹائے۔ آپ نے فرمایا: اور اچھا ہے! میں نے کہا: اللہ آپ کو اچھی جزاء دے! ان سب کو آپ نے ایسا کرنے کا حکم دیا۔

**2169** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ الْكَلْبِيُّ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، ثنا سُلَيْمٌ اَبُو الْهُذَيْلِ، قَالَ: كُنْتُ رَفًّا عَلَى بَابِ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَكَانَ يَخْرُجُ فَيَرْكَبُ بَغْلَةً لَهُ وَيَحْمِلُ غُلَامَهُ خَلْفَهُ

حضرت سلیم ابوہذیل فرماتے ہیں کہ میں حضرت جریر بن عبداللہ کے دروازے پر تھا' آپ نکلتے تھے اور اپنے خچر پر سوار ہوتے اور اپنے غلام کو اپنے پیچھے سوار کرتے۔

**2170** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ الْعَوَّامِ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ جَرِيرٍ قَالَ: اِنَّ الرَّجُلَ لَيَكْتَسِي وَهُوَ عَارٍ يَعْنِي الثِّيَابَ الرِّقَاقَ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آدمی کپڑے پہننے کے باوجود ننگا ہوتا ہے' یعنی باریک کپڑے پہننے کی وجہ سے۔

**2171** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ حَكِيمٍ الْاَوْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ قَالَ: اجْتَمَعَ جَرِيرٌ، وَالْاَشْعَثُ بْنُ قَيْسٍ فِي جِنَازَةٍ فَقَدَّمَ الْاَشْعَثُ جَرِيرًا فَصَلَّى عَلَيْهَا

حضرت قیس بن ابوحازم فرماتے ہیں کہ حضرت جریر اور اشعث بن قیس ایک جنازہ میں شریک ہوئے۔ حضرت اشعث نے حضرت جریر کو آگے کیا' حضرت جریر نے نمازِ جنازہ پڑھائی۔

**2172** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مُغِيرٍ قَالَ: خَرَجَ مِنَ الْكُوفَةِ جَرِيرٌ، وَعَدِيُّ بْنُ حَاتِمٍ، وَحَنْظَلَةُ الْكَاتِبُ اِلَى قِرْقِيسِيَا، وَقَالُوا: لَا نُقِيمُ فِي بَلْدَةٍ يُشْتَمُ فِيهَا عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت مغیر فرماتے ہیں کہ حضرت جریر اور حضرت عدی بن حاتم اور حنظلہ کاتب کوفہ سے نکل کر قرقیسیا کے ملک آئے' اُنہوں نے کہا: ہم ایسی جگہ نہیں ٹھہریں گے جس شہر میں حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ کو گالیاں دی جاتی ہیں۔

## اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ عَنْ جَرِيرٍ

2173 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَرْعَرَةَ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: صَحِبْتُ جَرِيرًا فَكَانَ يَخْدُمُنِي وَكَانَ اَكْبَرَ مِنْ اَنَسٍ

2174 - وَقَالَ جَرِيرٌ: اِنِّي رَاَيْتُ الْاَنْصَارَ يَصْنَعُونَ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا لَا اَرَى اَحَدًا مِنْهُمْ اِلَّا اَكْرَمْتُهُ

## حضرت انس' حضرت جریر سے روایت کرتے ہیں

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت جریر کی خدمت میں رہا ہوں' آپ میری خدمت کرتے تھے' حالانکہ آپ حضرت انس سے بڑے تھے۔

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے انصار کو دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ کوئی اچھا سلوک کرتے ہیں' میں ان میں سے ہر ایک کو عزت کی نگاہ سے دیکھتا ہوں۔

## قَيْسُ بْنُ اَبِي حَازِمٍ عَنْ جَرِيرٍ

## بَابٌ فِي فَضْلِ جَرِيرٍ

2175 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ جَرِيرٍ رَضِيَ اللّٰهُ

## حضرت قیس بن ابوحازم' حضرت جریر سے روایت کرتے ہیں

## حضرت جریر رضی اللہ عنہ کی فضیلت کا باب

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب سے میں اسلام لایا ہوں' اُس وقت سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے نہیں روکا اور آپ مجھے جب بھی

---

2173- أخرجه البخارى فى صحيحه جلد 3 صفحه 1058 رقم الحديث: 2731 عن يونس بن عبيد عن ثابت عن أنس بن مالك به .

2175- أخرجه مسلم فى صحيحه جلد 4 صفحه 1925 رقم الحديث: 2475' والبخارى فى صحيحه جلد 3 صفحه 1104 رقم الحديث: 2871' جلد 5 صفحه 2260 رقم الحديث: 5739 كلاهما عن اسماعيل عن قيس عن جرير به .

تَعَالَى عَنْهُ قَالَ: مَا حَجَبَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنْذُ اَسْلَمْتُ وَلَا رَآنِي اِلَّا تَبَسَّمَ

دیکھتے تو تبسم فرماتے تھے۔

2176 - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جَرِيرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُولُ: مَا رَآنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَطُّ اِلَّا تَبَسَّمَ فِي وَجْهِي

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب سے میں اسلام لایا ہوں' اُس وقت سے رسول اللہ ﷺ نے مجھے نہیں روکا اور آپ مجھے جب دیکھتے تو تبسم فرماتے تھے۔

2177 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ ح، وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا وَكِيعٌ، وَاَبُو اُسَامَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: مَا حَجَبَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنْذُ اَسْلَمْتُ وَلَا رَآنِي قَطُّ اِلَّا تَبَسَّمَ فِي وَجْهِي

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب سے میں اسلام لایا ہوں' اُس وقت سے رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے پردہ نہیں کیا اور آپ مجھے جب بھی دیکھتے تو میرے سامنے تبسم فرماتے تھے۔

2178 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا اَبُو حَاتِمٍ السِّجِسْتَانِيُّ النَّحْوِيُّ، ثنا اَبُو جَابِرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ هُشَيْمٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيِّ قَالَ: مَا حَجَبَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنْذُ اَسْلَمْتُ وَلَا رَآنِي اِلَّا تَبَسَّمَ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب سے میں اسلام لایا ہوں' اُس وقت سے رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے پردہ نہیں کیا اور آپ مجھے جب بھی دیکھتے تو تبسم فرماتے تھے۔

2179 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَبَّاسِ، ثنا اَبُو مَسْعُودٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيِّ، قَالَ: مَا حَجَبَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنْذُ اَسْلَمْتُ وَلَا رَآنِي اِلَّا تَبَسَّمَ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب سے میں اسلام لایا ہوں' اُس وقت سے رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے پردہ نہیں کیا اور آپ مجھے جب بھی دیکھتے تو تبسم فرماتے تھے۔

# بَابُ بَيَانِ كُفْرِ الْجَهْمِيَّةِ الضُّلَّالِ بِرُؤْيَةِ الرَّبِّ عَزَّ وَجَلَّ فِي الْقِيَامَةِ

# یہ باب ہے کہ گمراہ فرقہ جہمیہ کا قیامت کے دن ربِ تعالیٰ کی زیارت کے انکار کے بیان میں (اور اُن کا ردّ کرنے کے بیان میں)



**2180** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا اَبِي، قَالَا: ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ، ثنا قَيْسٌ، قَالَ: قَالَ لِي جَرِيرٌ: كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْبَدْرِ، فَقَالَ: اِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ رَبَّكُمْ كَمَا تَرَوْنَ هٰذَا الْقَمَرَ لَا تُضَامُونَ فِي رُؤْيَتِهِ، فَاِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ لَا تُغْلَبُوا عَلَى صَلَاتَيْنِ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوبِهَا ثُمَّ تَلَا هٰذِهِ الْآيَةَ: (وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوبِهَا) (طه: **130**)

حضرت قیس فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت جریر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم چودھویں رات کو حضور ﷺ کے پاس تھے' آپ نے فرمایا: عنقریب تم اپنے رب کو ایسے دیکھو گے جس طرح اس چاند کو دیکھ رہے ہو کہ اسے دیکھنے میں تمہاری آنکھیں جھپکتی نہیں ہیں' تم طاقت رکھتے ہو کہ تمہاری نمازِ فجر اور عصر رہنی نہیں چاہیے' پھر آپ نے یہ آیت پڑھی: ''اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کریں طلوعِ آفتاب سے پہلے اور غروبِ شمس سے پہلے''۔

**2181** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ قَالَ: سَمِعْتُ قَيْسَ بْنَ اَبِي حَازِمٍ يُحَدِّثُ عَنْ جَرِيرٍ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْبَدْرِ، فَقَالَ: اِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ رَبَّكُمْ كَمَا تَرَوْنَ الْقَمَرَ لَا تُضَامُونَ فِي

حضرت قیس فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت جریر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم چاند کی چودھویں رات کو حضور ﷺ کے پاس تھے' آپ نے فرمایا: عنقریب تم اپنے رب کو ایسے دیکھو گے جس طرح اس چاند کو دیکھ رہے ہو کہ اسے دیکھنے میں تمہاری آنکھیں جھپکتی نہیں ہیں' تم طاقت رکھتے ہو کہ تمہاری نمازِ فجر اور عصر رہنی نہیں چاہیے'

---

**2180**- أخرجه مسلم فی صحيحه جلد **1** صفحه **439** رقم الحديث: **633**' والبخاری فی صحيحه جلد **1** صفحه **203** رقم الحديث: **529**' جلد **1** صفحه **209** رقم الحديث: **547**' جلد **4** صفحه **1836** رقم الحديث: **4570** كلاهما عن اسماعيل عن قيس عن جرير به .

رُؤْيَتِهِ، فَإِنِ اسْتَطَعْتُمْ أَنْ لَا تُغْلَبُوا عَلَى صَلَاتَيْنِ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوبِهَا ثُمَّ تَلَا هَذِهِ الْآيَةَ: (وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوبِهَا) (طه: 130)

پھر آپ نے یہ آیت پڑھی: ''اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کریں طلوعِ آفتاب سے پہلے اور غروبِ شمس سے پہلے''۔

**2182** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا ابْنُ نُمَيْرٍ، وَأَبُو أُسَامَةَ، وَوَكِيعٌ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَنْظُرُ إِلَى الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ فَقَالَ: أَمَا إِنَّكُمْ سَتُعْرَضُونَ عَلَى رَبِّكُمْ فَتَرَوْنَهُ كَمَا تَرَوْنَ هَذَا الْقَمَرَ لَا تُضَامُونَ فِي رُؤْيَتِهِ، فَإِنِ اسْتَطَعْتُمْ أَنْ لَا تُغْلَبُوا عَلَى صَلَاةٍ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوبِهَا ثُمَّ قَرَأَ: (وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوبِ) (ق: 39)

حضرت قیس فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت جریر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم چاند کی چودھویں رات کو حضور ﷺ کے پاس تھے' آپ نے فرمایا: عنقریب تم اپنے رب کے سامنے پیش کیے جاؤ گے' تم اسے ایسے دیکھو گے جیسے اس چاند کو دیکھ رہے ہو کہ اسے دیکھنے میں تمہاری آنکھیں جھپکتی نہیں ہیں' تم طاقت رکھتے ہو تو تمہاری طلوع شمس سے پہلے نماز اور غروب سے پہلے والی نماز رہنی نہیں چاہیے' پھر آپ نے یہ آیت پڑھی: ''اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کریں طلوعِ آفتاب سے پہلے اور اس کے غروب سے پہلے''۔

**2183** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا حَمَّادُ بْنُ أُسَامَةَ، وَيَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِي زَائِدَةَ، وَوَكِيعٌ، قَالُوا: ثنا إِسْمَاعِيلُ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: كُنَّا جُلُوسًا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَظَرَ إِلَى الْقَمَرِ لَيْلَةَ أَرْبَعَ عَشْرَةَ، فَقَالَ: إِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ رَبَّكُمْ كَمَا تَرَوْنَ هَذَا لَا تُضَامُونَ فِي رُؤْيَتِهِ، فَإِنِ اسْتَطَعْتُمْ أَنْ لَا تُغْلَبُوا عَنْ صَلَاةٍ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوبِهَا فَافْعَلُوا ثُمَّ قَرَأَ هَذِهِ الْآيَةَ: (وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوبِهَا) (طه: 130)

حضرت قیس فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت جریر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم حضور ﷺ کے پاس تھے' آپ نے چودھویں کی رات چاند کی طرف دیکھ کر فرمایا: عنقریب تم اپنے رب کو ایسے دیکھو گے جس طرح اس چاند کو دیکھ رہے ہو کہ اسے دیکھنے میں تمہاری آنکھیں جھپکتی نہیں ہیں' اگر تم طاقت رکھتے ہو تو تمہاری سورج طلوع ہونے سے پہلے والی نماز اور غروب سے پہلے کی نماز رہنی نہیں چاہیے' پھر آپ نے یہ آیت پڑھی: ''اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کریں طلوعِ شمس سے پہلے اور اس کے غروب ہونے سے پہلے''۔

حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا جَرِيرٌ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں اسی جیسی حدیث۔

2184 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَطَاءٍ الْخُزَاعِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَرَوْنَ رَبَّكُمْ كَمَا تَرَوْنَ الْقَمَرَ لَا تُضَامُونَ فِي رُؤْيَتِهِ

حضرت قیس، حضرت جریر سے روایت فرماتے ہیں کہ حضرت جریر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضور ﷺ فرماتے ہیں: عنقریب تم اپنے رب کو ایسے دیکھو گے جس طرح اس چاند کو دیکھ رہے ہو کہ اسے دیکھنے میں تمہاری آنکھیں جھپکتی نہیں ہیں۔

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ لُوَيْنٌ، ثنا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ نبی کریم ﷺ سے اس جیسی حدیث روایت کرتے ہیں۔

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَبْدِ الْحَكَمِ الْوَرَّاقُ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْأُمَوِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ نبی کریم ﷺ سے اس جیسی حدیث روایت کرتے ہیں۔

2185 - حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، وَعَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ رَبَّكُمْ لَا تُضَامُونَ فِي رُؤْيَتِهِ كَمَا تَنْظُرُونَ لَيْلَةَ الْبَدْرِ

حضرت جریر بن عبداللہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عنقریب تم اپنے رب کو ایسے دیکھو گے جس طرح اس چاند کو دیکھ رہے ہو کہ اسے دیکھنے میں تمہاری آنکھیں جھپکتی نہیں ہیں۔

2186 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ الْبَزَّارُ، ثنا أَبُو شِهَابٍ الْخَيَّاطُ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ فَنَظَرَ إِلَى الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ، فَقَالَ: إِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ رَبَّكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عِيَانًا كَمَا تَرَوْنَ هَذَا لَا تُضَامُونَ فِي رُؤْيَتِهِ، فَإِنِ اسْتَطَعْتُمْ أَنْ لَا تُغْلَبُوا عَنْ صَلَاةٍ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوبِ فَافْعَلُوا ثُمَّ قَرَأَ: (وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوبِ) (ق:39) قَالَ أَبُو الْقَاسِمِ: فِي هَذَا الْحَدِيثِ زِيَادَةُ لَفْظَةِ قَوْلِهِ عِيَانًا تَفَرَّدَ بِهِ أَبُو شِهَابٍ وَهُوَ حَافِظٌ مُتْقِنٌ مِنْ ثِقَاتِ الْمُسْلِمِينَ

حضرت جریر فرماتے ہیں کہ ہم ایک سفر میں حضورﷺ کے پاس تھے' آپ نے بدر والی رات چاند کی طرف دیکھ کر فرمایا: عنقریب تم اپنے رب کو ایسے دیکھو گے جس طرح اس چاند کو دیکھ رہے ہو کہ اسے دیکھنے میں تمہاری آنکھیں جھپکتی نہیں ہیں' اگر تم طاقت رکھتے ہو کہ تمہاری سورج طلوع ہونے سے پہلے والی نماز اور سورج غروب ہونے سے پہلے والی نماز رہنی نہیں چاہیے' پھر آپ نے یہ آیت پڑھی: ''اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کریں طلوعِ شمس سے پہلے اور غروبِ آفتاب سے پہلے''۔ اس حدیث کے بارے حضرت ابوالقاسم نے ''عیانًا'' کے قول کی زیادتی کے ساتھ روایت کیا' اس کے ساتھ ابوشہاب اکیلے ہیں' وہ حافظِ حدیث صاحب اتقان ہیں' مسلمانوں کی با اعتماد شخصیات سے ان کا تعلق ہے۔

2187 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ح وثنا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، وَمَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْفَزَارِيُّ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ أَرْبَعَ عَشْرَةَ مِنْ شَهْرٍ، فَقَالَ: أَتَرَوْنَ هَذَا الْقَمَرَ؟ فَإِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ رَبَّكُمْ كَمَا تَرَوْنَ هَذَا الْقَمَرَ لَا تُضَامُونَ فِي رُؤْيَتِهِ فَمَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ فَلَا يُغْلَبَنَّ عَلَى صَلَاةٍ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوبِهَا

حضرت جریر فرماتے ہیں کہ ہم چودھویں رات حضورﷺ کے پاس تھے' آپ نے فرمایا: کیا تم اس چاند کو دیکھ رہے ہو؟ عنقریب تم اپنے رب کو ایسے دیکھو گے جس طرح اس چاند کو دیکھ رہے ہو کہ اسے دیکھنے میں تمہاری آنکھیں جھپکتی نہیں ہیں' تم طاقت رکھتے ہو کہ تمہاری نمازِ فجر اور عصر رہنی نہیں چاہیے۔

2188 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْأَخْرَمُ

حضرت جریر بن عبداللہ فرماتے ہیں کہ ہم ایک

الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقِلَّوْرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ كَثِيرٍ اَبُو غَسَّانَ، ثنا شُعْبَةُ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ، قَالَا: ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ فَشُخِصَتْ اَبْصَارُنَا فَجَعَلْنَا نَنْظُرُ اِلَى الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ، فَقَالَ: اَمَا اِنَّكُمْ تَنْظُرُونَ اِلَى رَبِّكُمْ كَمَا تَنْظُرُونَ اِلَى هَذَا لَا تُضَامُونَ فِي رُؤْيَتِهِ، فَاِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ لَا تُغْلَبُوا عَلَى صَلَاتَيْنِ فَافْعَلُوا صَلَاةً قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَصَلَاةً قَبْلَ غُرُوبِهَا

رات حضورﷺ کے پاس تھے' ہماری نظریں حضورﷺ کے چہرے سے ہٹ گئیں' ہم نے چودھویں رات کے چاند کو دیکھنا شروع کر دیا تو آپ نے فرمایا: عنقریب تم اپنے رب کو ایسے دیکھو گے جس طرح اس چاند کو دیکھ رہے ہو کہ اسے دیکھنے میں تمہاری آنکھیں جھپکتی نہیں ہیں' تم طاقت رکھتے ہو کہ تمہاری نمازِ فجر اور عصر رہنی نہیں چاہیے۔

**2189** - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا عَبْدُ الْاَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، ثنا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ اِسْمَاعِيلَ بْنَ اَبِي خَالِدٍ يُحَدِّثُ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَظَرَ اِلَى الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ، فَقَالَ لَنَا: اِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ رَبَّكُمْ كَمَا تَرَوْنَ هَذَا لَا تُضَامُونَ فِي رُؤْيَتِهِ

حضرت قیس روایت فرماتے ہیں کہ حضرت جریر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم حضورﷺ کے پاس تھے' آپ نے چاند کی طرف دیکھ کر ہم سے فرمایا: عنقریب تم اپنے رب کو ایسے دیکھو گے جس طرح اس چاند کو دیکھ رہے ہو کہ اسے دیکھنے میں تمہاری آنکھیں جھپکتی نہیں ہیں۔

**2190** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَارُودِيُّ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اُسَيْدُ بْنُ عَاصِمٍ، ثنا عَامِرُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا يَعْقُوبُ الْقُمِّيُّ، عَنْ عَنْبَسَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَطَلَعَ الْقَمَرُ فَقَالَ: لَتَنْظُرُونَ اِلَى رَبِّكُمْ لَا تُضَامُونَ فِي رُؤْيَتِهِ كَمَا تَنْظُرُونَ اِلَى الْقَمَرِ

حضرت قیس روایت فرماتے ہیں کہ حضرت جریر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم حضورﷺ کے پاس تھے' پس چاند طلوع ہوا' آپ نے فرمایا: عنقریب تم اپنے رب کو ایسے دیکھو گے جس طرح اس چاند کو دیکھ رہے ہو کہ اسے دیکھنے میں تمہاری آنکھیں جھپکتی نہیں ہیں۔

## بَابٌ

## باب

**2191** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَا يَرْحَمِ النَّاسَ لَا يَرْحَمْهُ اللّٰهُ

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا ہے اس پر رحم نہیں کیا جاتا۔

**2192** - حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ، ثنا سُفْيَانُ، وَمَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَا يَرْحَمِ النَّاسَ لَا يَرْحَمْهُ اللّٰهُ

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا ہے اللہ اس پر رحم نہیں کرے گا۔

**2193** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَرْحَمُ اللّٰهُ مَنْ لَا يَرْحَمُ النَّاسَ

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ اس پر رحم نہیں فرماتا جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا ہے۔

**2194** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ شُعَيْبٍ النَّسَائِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ النَّيْسَابُورِيُّ، ثنا مُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ، عَنْ دَاوُدَ الطَّائِيِّ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَا يَرْحَمِ النَّاسَ لَا يَرْحَمْهُ اللّٰهُ

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا ہے اللہ اس پر رحم نہیں فرماتا۔

**2195** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

---

2191- أخرجه الترمذي في سننه جلد 4 صفحه 591 رقم الحديث: 1922، وأحمد في مسنده جلد 4 صفحه 360 رقم الحديث: 19208 كلاهما عن اسماعيل عن قيس عن جرير به.

التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ مُطِيعٍ الشَّيْبَانِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي غَنِيَّةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ لَا يَرْحَمِ النَّاسَ لَا يَرْحَمْهُ اللّٰهُ

کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا ہے' اللہ اس پر رحم نہیں فرماتا۔

2196 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَبَّاسِ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اَبُو مَسْعُودٍ اَحْمَدُ بْنُ الْفُرَاتِ، ثنا اَبُو اُسَامَةَ، وَيَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ لَا يَرْحَمِ النَّاسَ لَا يَرْحَمْهُ اللّٰهُ

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا ہے' اللہ اس پر رحم نہیں فرماتا۔

## بَابٌ

## باب

2197 - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ، سَمِعَ قَيْسَ بْنَ اَبِي حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جَرِيرًا، يَقُولُ: بَايَعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى اِقَامِ الصَّلَاةِ، وَاِيتَاءِ الزَّكَاةِ، وَالنُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی بیعت کی' نماز قائم کرنے اور زکوٰۃ دینے اور ہر مسلمان کی خیر خواہی کرنے پر۔

2198 - ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا جَرِيرٌ، وَعَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی بیعت کی' نماز قائم کرنے اور زکوٰۃ دینے اور ہر مسلمان کی خیر خواہی کرنے

2197- اخرجه مسلم فی صحيحه جلد 1 صفحه 75 رقم الحديث: 56' والبخاری فی صحيحه جلد 1 صفحه 31 رقم الحديث: 57' جلد 1 صفحه 196 رقم الحديث: 501' جلد 2 صفحه 757 رقم الحديث: 2049' جلد 2 صفحه 968 رقم الحديث: 2566 كلاهما عن اسماعيل عن قيس عن جرير به .

اَبِی حَازِمٍ، عَنْ جَرِیرٍ، قَالَ: بَایَعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلَی اِقَامِ الصَّلَاةِ، وَاِیتَاءِ الزَّکَاةِ، وَالنُّصْحِ لِکُلِّ مُسْلِمٍ

پر۔

**2199** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّی، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا یَحْیَی، عَنْ اِسْمَاعِیلَ، عَنْ قَیْسٍ، عَنْ جَرِیرٍ، قَالَ: بَایَعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلَی اِقَامِ الصَّلَاةِ، وَاِیتَاءِ الزَّکَاةِ، وَالنُّصْحِ لِکُلِّ مُسْلِمٍ

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کی بیعت کی' نماز قائم کرنے اور زکوٰۃ دینے اور ہر مسلمان کی خیرخواہی کرنے پر۔

**2200** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَی، ثنا یَزِیدُ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ اِسْمَاعِیلَ، عَنْ قَیْسٍ، عَنْ جَرِیرٍ، قَالَ: بَایَعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلَی اِقَامِ الصَّلَاةِ، وَاِیتَاءِ الزَّکَاةِ، وَالنُّصْحِ لِکُلِّ مُسْلِمٍ

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کی بیعت کی' نماز قائم کرنے اور زکوٰۃ دینے اور ہر مسلمان کی خیرخواہی کرنے پر۔

**2201** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَی، ثنا یَحْیَی بْنُ زَکَرِیَّا بْنِ اَبِی زَائِدَةَ، ثنا ابْنُ اَبِی خَالِدٍ، عَنْ قَیْسٍ، عَنْ جَرِیرٍ، قَالَ: بَایَعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلَی اِقَامِ الصَّلَاةِ، وَاِیتَاءِ الزَّکَاةِ، وَالنُّصْحِ لِکُلِّ مُسْلِمٍ

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کی بیعت کی' نماز قائم کرنے اور زکوٰۃ دینے اور ہر مسلمان کی خیرخواہی کرنے پر۔

**2202** - حَدَّثَنَا اَبُو بَکْرِ بْنُ صَدَقَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ خُلِّی الْحِمْصِیُّ، حَدَّثَنِی اَبِی، ثنا سَلَمَةُ الْعَوْصِیُّ، ثنا اَبُو الْحَسَنِ الْهَمْدَانِیُّ وَهُوَ عَلِیُّ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ اِسْمَاعِیلَ بْنِ اَبِی خَالِدٍ، عَنْ قَیْسِ بْنِ اَبِی حَازِمٍ، عَنْ جَرِیرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: بَایَعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلَی اِقَامِ الصَّلَاةِ، وَاِیتَاءِ الزَّکَاةِ، وَالنُّصْحِ لِکُلِّ مُسْلِمٍ

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کی بیعت کی' نماز قائم کرنے اور زکوٰۃ دینے اور ہر مسلمان کی خیرخواہی کرنے پر۔

2203 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا جُمْهُورُ بْنُ مَنْصُورٍ، حَدَّثَنِي إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُجَالِدٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: بَايَعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ،

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کی بیعت کی سننے اور اطاعت کرنے پر۔

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَبَّاسِ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اَبُو مَسْعُودٍ اَحْمَدُ بْنُ الْفُرَاتِ، حَدَّثَنَا اَبُو اُسَامَةَ، وَيَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ نبی کریم ﷺ سے اسی کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

## بَابٌ

## باب

2204 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَا تُرِيحُنِي مِنْ ذِي الْخَلَصَةِ، وَكَانَ بَيْتًا فِي خَثْعَمٍ يُسَمَّى كَعْبَةَ الْيَمَانِيَةِ، فَانْطَلَقْتُ فِي سِتِّينَ وَمِئَةِ فَارِسٍ مِنْ اَحْمَسَ وَكَانُوا اَصْحَابَ خَيْلٍ وَكُنْتُ لَا اَثْبُتُ عَلَى الْخَيْلِ فَضَرَبَ صَدْرِي حَتَّى رَاَيْتُ اَثَرَ اَصَابِعِهِ فِي صَدْرِي، وَقَالَ: اللّٰهُمَّ ثَبِّتْهُ وَاجْعَلْهُ هَادِيًا مَهْدِيًّا، فَانْطَلَقَ اِلَيْهَا فَكَسَرَهَا وَحَرَّقَهَا، وَبَعَثَ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کیا آپ مجھے ذی الخلصہ سے نجات نہیں دیں گے؟ ذی الخلصہ قبیلہ خثعم میں ایک گھر تھا جس کا نام کعبہ یمانیہ تھا' میں ایک سو ساٹھ احمس کے گھڑسواروں کے ساتھ چلا' وہ گھڑسوار چلے' میں گھوڑے پر اچھی طرح نہیں بیٹھ سکتا تھا' آپ ﷺ نے اپنا دست مبارک میرے سینے پر مارا' میں نے آپ کی انگلیوں کی ٹھنڈک اپنے سینے میں پائی اور آپ نے یہ دعا کی: اے اللہ! اس کو مضبوط کر' اسے ہدایت دینے والا بنا اور اس کے ذریعے ہدایت دے۔ میں چلا' اس کی

2204- اخرجه مسلم فی صحيحه جلد 4صفحه1926 رقم الحديث: 2476' والبخاری فی صحيحه جلد 3 صفحه 1100 رقم الحديث: 2857' جلد 3صفحه1119 رقم الحديث: 2911' جلد 4صفحه1583 رقم الحديث: 4098' جلد5صفحه2333 رقم الحديث: 5974 كلاهما عن اسماعيل عن قيس عن جرير به .

وَسَلَّمَ يُخْبِرُهُ، فَقَالَ رَسُولُ جَرِيرٍ: وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا جِئْتُكَ حَتَّى تَرَكْتُهَا كَأَنَّهَا جُمَلٌ أَجْرَبُ، فَبَارَكَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى خَيْلِ أَحْمَسَ وَرِجَالِهَا خَمْسَ مَرَّاتٍ

طرف' اس کو توڑا اور اسے جلایا۔ رسول اللہ ﷺ کی طرف ایک آدمی کو خبر دینے کے لیے بھیجا۔ حضرت جریر رضی اللہ عنہ کے نمائندہ نے عرض کی: وہ ذات جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے! میں آپ کے پاس نہیں آیا یہاں تک کہ میں نے اس کو چھوڑا ایسے جس طرح خارش زدہ اونٹ ہوتا ہے۔ حضور پُرنور سرورِ کونین ﷺ نے احمس کے گھڑسواروں اور پیدل چلنے والے کے لیے پانچ مرتبہ برکت کی دعا کی۔

2205 - حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، وَمَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، قَالَا: ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ، سَمِعَ قَيْسَ بْنَ أَبِي حَازِمٍ، سَمِعَ جَرِيرًا، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا تَكْفِينِي ذَا الْخُلَصَةِ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللهِ إِنِّي رَجُلٌ لَا أَثْبُتُ عَلَى الْخَيْلِ فَصَكَّ فِي صَدْرِي، وَقَالَ: اللَّهُمَّ اجْعَلْهُ هَادِيًا مَهْدِيًّا، قَالَ: فَخَرَجْتُ إِلَيْهَا فِي خَمْسِينَ مِنْ قَوْمِي فَحَرَّقْتُهَا بِالنَّارِ فَرَجَعْتُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللهِ مَا أَتَيْتُكَ حَتَّى تَرَكْتُهَا مِثْلَ الْجَمَلِ الْأَجْرَدِ، فَدَعَا لِأَحْمَسَ خَيْلِهَا وَرِجَالِهَا ثَلَاثًا

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کیا آپ مجھے ذوالخلصہ (بت خانہ) سے کفایت نہیں کرو گے؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں ایسا آدمی ہوں جو گھوڑے پر اچھی طرح بیٹھ نہیں سکتا ہوں۔ آپ نے میرے سینہ پر دستِ مبارک مارا اور عرض کی: اے اللہ! اس کو ہدایت دینے والا بنا دے اور اس کے ذریعے ہدایت دے۔ حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اس کی طرف اپنی قوم کے پچاس افراد لے کر گیا' میں نے اس کو آگ میں جلایا' میں واپس رسول اللہ ﷺ کی طرف آیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں آپ کے پاس آیا ہوں' اس حالت میں کہ میں نے اس کو ایسے کر چھوڑا ہے جس طرح خارش زدہ اونٹ ہوتا ہے' آپ نے تین مرتبہ احمس کے گھڑسوار اور پیدل چلنے والوں کے لیے دعا کی۔

2206 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں

الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا اَبُو اُسَامَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: كُنْتُ لَا اَثْبُتُ عَلَى الْخَيْلِ، فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضَرَبَ يَدَهُ عَلَى صَدْرِي حَتَّى رَاَيْتُ اَثَرَ يَدِهِ فِي صَدْرِي، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ ثَبِّتْهُ وَاجْعَلْهُ هَادِيًا مَهْدِيًّا، فَمَا سَقَطْتُ عَنْ فَرَسٍ بَعْدُ

گھوڑے پر نہیں بیٹھ سکتا تھا' میں نے اس کا ذکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں کیا' آپ نے اپنا دستِ مبارک میرے سینے پر مارا' میں نے آپ کے دستِ مبارک کے نشانات اپنے سینے پر پائے' آپ نے اللہ کی بارگاہ میں عرض کی: اے اللہ! اس کو مضبوط کر اور اس کو ہدایت دینے والا بنا اور اس کے ذریعے ہدایت دے۔ اس کے بعد میں کبھی بھی گھوڑے سے نہیں گرا۔

2457 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، ثنا أَيُّوبُ، ثنا زِيَادٌ، عَنْ عَزَّةَ بِنْتِ عِيَاضٍ، قَالَتْ: سَمِعْتُ أَبَا قِرْصَافَةَ قَالَ: كَسَانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بُرْنُسًا وَقَالَ: الْبَسْهُ

حضرت ابوقرصافہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے ٹوپی پہنائی اور فرمایا: اس کو پہنو!

2458 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، ثنا أَيُّوبُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا زِيَادُ بْنُ سَيَّارٍ، عَنْ عَزَّةَ بِنْتِ عِيَاضٍ، قَالَتْ: سَمِعْتُ أَبَا قِرْصَافَةَ أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: ابْنُوا الْمَسَاجِدَ وَأَخْرِجُوا الْقُمَامَةَ مِنْهَا، فَمَنْ بَنَى لِلّٰهِ مَسْجِدًا بَنَى اللّٰهُ لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ . قَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَهَذِهِ الْمَسَاجِدُ الَّتِي تُبْنَى فِي الطَّرِيقِ؟ قَالَ: نَعَمْ،

حضرت ابوقرصافہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: مسجد بناؤ' اس سے تنکے نکالو' جس نے اللہ کی رضا کے لیے مسجد بنائی' اللہ عزوجل اس کے لیے جنت میں گھر بنائے گا۔ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ جو مساجد راستوں میں بنائی جاتی ہے؟ آپ نے فرمایا: ہاں! وہاں سے تنکا اُٹھانا' حورالعین (موٹی آنکھوں والی) کا مہر ہو جائے

وَاِخْرَاجُ الْقُمَامَةِ مِنْهَا مُهُورُ حُورِ الْعِينِ

گا۔

2459 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي يُونُسُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْعَسْقَلَانِيُّ، حَدَّثَنِي عَيَّاشُ بْنُ مَرْثَدٍ الْكِنَانِيُّ، حَدَّثَنِي عَمِّي عَطِيَّةُ بْنُ سَعِيدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا قِرْصَافَةَ يَقُولُ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ لَا تُخْزِنِي يَوْمَ الْبَاْسِ، وَلَا تُخْزِنِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ابوقرصافہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: اے اللہ! قیامت کے دن (اُمت کے معاملہ) میں پریشان نہ کرنا۔

2460 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْخَزَرِ الطَّبَرَانِيُّ، ثنا اَيُّوبُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْهَيْصَمِ، ثنا زِيَادُ بْنُ سَيَّارٍ، حَدَّثَتْنِي عَزَّةُ بِنْتُ عِيَاضِ بْنِ اَبِي قِرْصَافَةَ، قَالَتْ: اَسَرَ الرُّومُ ابْنًا لِاَبِي قِرْصَافَةَ، فَكَانَ اَبُو قِرْصَافَةَ اِذَا كَانَ وَقْتُ كُلِّ صَلَاةٍ صَعِدَ سُورَ عَسْقَلَانَ، وَنَادَى: يَا فُلَانُ الصَّلَاةَ، فَسَمِعَهُ وَهُوَ فِي بَلَدِ الرُّومِ

حضرت عزہ بنت عیاض بن ابوقرصافہ فرماتی ہیں کہ روم کے لوگوں نے ابوقرصافہ کے لیے ایک منارہ بنایا' حضرت ابوقرصافہ رضی اللہ عنہ کی عادت تھی کہ ہر نماز کے وقت عسقلان کی فصیلوں پر چڑھ کر اعلان کرتے: اے فلاں! نماز! آپ کی آواز روم میں سنائی دیتی تھی۔

2461 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، ثنا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ، حَدَّثَنِي شَيْخٌ مِنْ بَنِي كِنَانَةَ، قَالَ: صَلَّيْتُ خَلْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ لَا تُخْزِنِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَلَا تُخْزِنِي يَوْمَ الْبَاْسِ

بنی کنانہ کے شیخ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھی' میں نے آپ کو یہ دعا کرتے ہوئے سنا: اے اللہ! مجھے قیامت کے دن (اُمت کے معاملہ میں) پریشان نہ کرنا اور اے اللہ! تنگی کے دن' مجھے رسوانہ کرنا۔

# بَابُ الْحَاءِ

## حَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

# باب الحاء

## حضرت سیّدنا مولانا حسن بن علی ابوطالب رضی اللہ عنہما'

## يُكَنَّى اَبَا مُحَمَّدٍ ذِكْرُ مَوْلِدِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ وَصِفَتِهِ وَوَفَاتِهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ



2462 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ يَقُولُ: الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ يُكَنَّى اَبَا مُحَمَّدٍ

2463 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ الْمُرِّيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ قَابُوسَ بْنِ الْمُخَارِقِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: جَاءَتْ اُمُّ الْفَضْلِ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: اِنِّي رَاَيْتُ بَعْضَ جِسْمِكَ فِيَّ . فَقَالَ: نِعْمَ مَا رَاَيْتِ، تَلِدُ فَاطِمَةُ غُلَامًا، وتُرْضِعِينَهُ بِلَبَنِ قُثَمَ . قَالَ: فَجَاءَتْ بِهِ تَحْمِلُهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَضَعَتْهُ فِي حِجْرِهِ، فَبَالَ، فَلَطَمَتْهُ بِيَدِهَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَوْجَعْتِ ابْنِي رَحِمَكِ اللّٰهُ . قَالَتْ: هَاتِ اِزَارَكَ حَتَّى نَغْسِلَهُ . قَالَ: اِنَّمَا يُغْسَلُ بَوْلُ الْجَارِيَةِ، وَيُنْضَحُ بَوْلُ الْغُلَامِ

## آپ کی کنیت ابومحمد ہے‘ حضرت امام حسن بن علی کی ولادت اورحلیہ اوروصال مبارک کا ذکر

حضرت محمد بن عبداللہ بن نمیر فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کی کنیت ابومحمد تھی۔

حضرت قابوس بن مخارق شیبانی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں‘ وہ فرماتے ہیں کہ حضرت اُم فضل رضی اللہ عنہا‘ حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئیں‘ عرض کی: یارسول اللہ! میں نے آپ کے جسم اطہر کا کچھ حصہ اپنی گود میں دیکھا ہے۔ آپ نے فرمایا: بہت اچھا خواب دیکھا‘ فاطمہ کے ہاں بچہ پیدا ہوگا‘ تو اس کو اپنے بیٹے قثم کے ساتھ دودھ پلائے گی۔ حضرت قابوس فرماتے ہیں: حضرت اُم فضل‘ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کو اُٹھا کر حضور ﷺ کی بارگاہ میں لائیں‘ آپ کی گود میں رکھا تو حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے پیشاب کیا۔ حضرت اُم فضل رضی اللہ عنہا نے اپنے ہاتھ سے انہیں طمانچہ مارا تو حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ تم پر رحم کرے! تو میرے بیٹے کو تکلیف دی ہے۔ حضرت اُم فضل نے عرض کی: لائیں میں آپ کے تہبند کو دھو دیتی ہوں۔ آپ نے

---

2463- اخرج نحوه ابن ماجه في سننه جلد 2 صفحه 1239 رقم الحديث: 3923 عن علي بن صالح عن سماك عن قابوس به ولم يقل عن قابوس عن أبيه .

فرمایا: بچی کے پیشاب کو دھویا جائے گا اور بچہ کے پیشاب پر پانی چھڑکا جائے گا۔

**2464** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَكَمِ بْنِ اَبِي زِيَادٍ، ثنا اَبُو زِيَادٍ، ثنا اَبُو دَاوُدَ الْحَفَرِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيدٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: اِنِّي لَمَعَ اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حِينَ مَرَّ عَلَى الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَوَضَعَهُ عَلَى عُنُقِهِ، وَقَالَ: بِاَبِي شِبْهُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا شَبِيهُ عَلِيٍّ . قَالَ: وَعَلِيٌّ مَعَهُ، فَجَعَلَ يَضْحَكُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَجْمَعِينَ .

حضرت عقبہ بن حارث رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے' جب آپ امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کے پاس سے گزرے تو آپ کو اپنے کندھوں پر رکھا۔عرض کی: آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مشابہ ہیں' علی کے مشابہ نہیں ہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ آپ کے ساتھ تھے' وہ مسکرانے لگے۔

حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اَبُو اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ اَبِي حُسَيْنٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: خَرَجْتُ مَعَ اَبِي بَكْرٍ. فَذَكَرَ مِثْلَهُ

حضرت عقبہ بن حارث فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ نکلا' اس کے بعد اس کی مثل حدیث ذکر کی۔

**2465** - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ حَمْدَوَيْهِ الصَّفَّارُ الْبَغْدَادِيُّ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: ذُكِرَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عِنْدَ ابْنِ عَبَّاسٍ، فَقَالَ: اِنَّهُ كَانَ يُشْبِهُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عاصم بن کلیب اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کا ذکر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس کیا گیا تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مشابہ تھے۔

**2466** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ عَبْدِ الْوَارِثِ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا مُحْتَسِبٌ اَبُو عَائِذٍ،

حضرت شجاع بن عبدالرحمٰن فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما کو دیکھا' آپ کے سر کے بال کندھوں تک تھے۔

حَدَّثَنِي شُجَاعُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ اَنَّهُ رَاَى الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَضْرِبُ شَعْرُهُ مَنْكِبَيْهِ

**2467** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُبَادَةُ بْنُ زِيَادٍ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي زُهَيْرٍ مَوْلَى الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: رَاَيْتُ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَخْضِبُ بِالْوَسْمَةِ . قَالَ الْحَضْرَمِيُّ: هَكَذَا قَالَ عُبَادَةُ: مَوْلَى الْحَسَنِ، وَاِنَّمَا هُوَ مَوْلَى الْحُسَيْنِ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کے غلام حضرت عبداللہ بن زہیر فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کو دیکھا' آپ وسمہ کا خضاب لگاتے تھے۔ حضرت حضرمی فرماتے ہیں: حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کے غلام عبادہ اسی طرح فرماتے ہیں۔

**2468** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي زُهَيْرٍ النَّخَعِيِّ، قَالَ: رَاَيْتُ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَخْضِبُ بِالسَّوَادِ

حضرت عبداللہ بن ابوزہیر النخعی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہ کو سیاہ خضاب لگاتے ہوئے دیکھا۔

**2469** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا الْعَلَاءُ بْنُ خَالِدٍ الرِّيَاحِيُّ، عَنْ زَاذَانَ اَبِي مَنْصُورٍ، قَالَ: رَاَيْتُ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ يَخْضِبُ بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ

حضرت زاذان ابومنصور فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما کو حناء اور کتم لگائے ہوئے دیکھا۔

**2470** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَامِرِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ جَدِّي عَامِرٍ، عَنْ يَعْقُوبَ الْقُمِّيِّ، عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مُهَاجِرٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ اَنَّ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ يَخْضِبُ بِالسَّوَادِ

حضرت ابراہیم بن مہاجر' امام شعبی سے روایت فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سیاہ خضاب لگاتے تھے۔

**2471** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِيلَ بْنِ رَجَاءٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ

حضرت جعفر بن محمد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سیاہ خضاب لگاتے تھے۔

مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ اَنَّ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ يَخْضِبُ بِالسَّوَادِ

**2472** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ، ثنا اَبِي، ثنا مُحْتَسِبٌ اَبُو عَائِذٍ، حَدَّثَنِي شُجَاعُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ اَنَّهُ رَاَى الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مَخْضُوبًا بِالسَّوَادِ عَلَى فَرَسٍ ذَنُوبٍ

حضرت شجاع بن عبدالرحمٰن فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کو گھوڑوں کی دُم پر سیاہ خضاب لگاتے ہوئے دیکھا۔

**2473** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا جُمْهُورُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ رَبِيعَةَ، عَنْ مُسْتَقِيمِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ، قَالَ: رَاَيْتُ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا شَابًا وَمَا يَخْضِبَانِ

حضرت مستقیم بن عبدالملک فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما کو جوانی میں دیکھا کہ وہ دونوں خضاب نہیں لگاتے تھے۔

**2474** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا ابْنُ الصَّلْتِ، عَنْ اَبِي شِهَابٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: رَاَيْتُ فِي رَاْسِ الْحَسَنِ قُزْعَةً، فَلَقَدْ رَاَيْتُ الْحَسَنَ يَجْبِذُهَا حَتَّى يُدْنِيَهَا

حضرت حسن بن زید اپنے والد سے روایت کرتے ہیں‘ وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کے سر کے درمیان میں چھوڑے ہوئے تھوڑے سے بال تھے‘ پس میں نے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کو دیکھا‘ آپ ان کو پکڑ کے کھینچتے حتیٰ کہ انہیں قریب کر لیتے۔

**2475** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا طَاهِرُ بْنُ اَبِي اَحْمَدَ، ثنا مَعْنُ بْنُ عِيسَى، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ جَعْفَرٍ، عَنْ اَبِيهِ اَنَّهُ قَالَ: كَانَ الْحَسَنُ يَتَخَتَّمُ فِي يَسَارِهِ

حضرت جعفر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں‘ وہ فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما بائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنتے تھے۔

**2476** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْمُحَارِبِيُّ، ثنا

حضرت جعفر بن محمد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں‘ وہ فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ

حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: كَانَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَتَخَتَّمُ فِي يَسَارِهِ

عنہما بائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنتے تھے۔

**2477** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْحِمَّانِيُّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ قَابُوسَ بْنِ الْمُخَارِقِ، عَنْ اُمِّ الْفَضْلِ، قَالَتْ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، رَاَيْتُ فِي الْمَنَامِ كَاَنَّ عُضْوًا مِنْ اَعْضَائِكَ فِي بَيْتِي، اَوْ قَالَتْ: فِي حُجْرَتِي. فَقَالَ: تَلِدُ فَاطِمَةُ غُلَامًا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ فَتَكْفُلِينَهُ . قَالَتْ: فَوَلَدَتْ فَاطِمَةُ حَسَنًا، فَدَفَعَهُ اِلَيْهَا فَاَرْضَعَتْهُ بِلَبَنِ قُثَمَ بْنِ الْعَبَّاسِ. قَالَتْ: فَجِئْتُ بِهِ يَوْمًا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَبَالَ عَلَى صَدْرِهِ، فَدَحَيْتُ فِي ظَهْرِهِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَهْلًا يَرْحَمُكِ اللّٰهُ اَوْجَعْتِ ابْنِي . فَقُلْتُ: ادْفَعْ اِلَيَّ اِزَارَكَ فَاَغْسِلَهُ . فَقَالَ: لَا، صُبِّي عَلَيْهِ الْمَاءَ، فَاِنَّهُ يُصَبُّ عَلَى بَوْلِ الْغُلَامِ، وَيُغْسَلُ بَوْلُ الْجَارِيَةِ

حضرت قابوس بن مخارق شیبانی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضرت اُم فضل رضی اللہ عنہا' حضورﷺ کی بارگاہ میں آئیں' عرض کی: یارسول اللہ! میں نے خواب میں آپ کے جسم اطہر کے اعضاء میں سے ایک عضو گویا اپنے گھر میں دیکھا ہے۔ آپ نے فرمایا: بہت اچھا خواب دیکھا' فاطمہ کے ہاں بچہ پیدا ہوگا' اگر اللہ نے چاہا تو اس کی کفالت کرے گی۔ آپ فرماتی ہیں: حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کو اُٹھا کر حضورﷺ نے میرے حوالے کر دیا' میں نے آپ کو قثم بن عباس کے ساتھ دودھ پلایا۔ فرماتی ہیں: میں ایک دن آپ کو نبی کریمﷺ کی بارگاہ میں لائی تو حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے آپﷺ کے سینے پر پیشاب کیا۔ حضرت اُم فضل رضی اللہ عنہا نے ان کی پیٹھ پر چمیٹ ماری تو حضورﷺ نے فرمایا: اللہ تم پر رحم کرے! تُو میرے بیٹے کو تکلیف دیتی ہے۔ حضرت اُم فضل نے عرض کی: لائیں میں آپ کے تہبند کو دھو دیتی ہوں۔ آپ نے فرمایا: بچی کے پیشاب کو دھویا جائے گا اور بچہ کے پیشاب پر پانی چھڑکا جائے گا۔

**2478** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ ضِرَارُ بْنُ صُرَدَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُيَسَّرٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ عُمَيْرٍ،

حضرت سورہ بنت مشرح فرماتے ہیں: جس وقت حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو وہ تکلیف ہوئی جو عورتوں کو ہوتی ہے تو حضورﷺ ہمارے پاس آئے' آپ نے

عَنْ عُرْوَةَ بْنِ فَيْرُوزَ، عَنْ سُورَةَ بِنْتِ مِشْرَحٍ، قَالَتْ: كُنْتُ فِيمَنْ حَضَرَ فَاطِمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا حِينَ ضَرَبَهَا الْمَخَاضُ فِي نِسْوَةٍ، فَأَتَانَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: كَيْفَ هِيَ؟ قُلْتُ: إِنَّهَا لَمَجْهُودَةٌ يَا رَسُولَ اللّٰهِ . قَالَ: فَإِذَا هِيَ وَضَعَتْ فَلَا تَسْبِقِينِي فِيهِ بِشَيْءٍ . قَالَتْ: فَوَضَعَتْ، فَسَرُّوهُ وَلَفَّفُوهُ فِي خِرْقَةٍ صَفْرَاءَ، فَجَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا فَعَلَتْ؟ قُلْتُ: قَدْ وَلَدَتْ غُلَامًا، وَسَرَرْتُهُ وَلَفَفْتُهُ فِي خِرْقَةٍ . قَالَ: عَصَيْتِنِي . قَالَتْ: أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ مَعْصِيَةِ اللّٰهِ وَمِنْ غَضَبِ رَسُولِهِ . قَالَ: ائْتِينِي بِهِ . فَأَتَيْتُهُ بِهِ، فَأَلْقَى الْخِرْقَةَ الصَّفْرَاءَ، وَلَفَّهُ فِي خِرْقَةٍ بَيْضَاءَ، وَتَفَلَ فِي فِيهِ، وَأَلْبَأَهُ بِرِيقِهِ، فَجَاءَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ: مَا سَمَّيْتَهُ يَا عَلِيُّ؟ قَالَ: سَمَّيْتُهُ جَعْفَرًا يَا رَسُولَ اللّٰهِ . قَالَ: لَا، وَلَكِنْ حَسَنٌ، وَبَعْدَهُ حُسَيْنٌ، وَأَنْتَ أَبُو حَسَنٍ الْخَيْرِ

فرمایا: وہ کیسی ہیں؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ تکلیف میں ہیں۔ آپ نے فرمایا: جب وہ بچہ جن لیں تو مجھ سے پہلے کوئی کام نہیں کرنا ہے۔ حضرت سودہ فرماتی ہیں کہ جب بچہ کی ولادت ہوئی تو اس کو ایک زرد کپڑے میں لپیٹ دیا گیا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے' آپ نے فرمایا: کیا ہوا؟ میں نے عرض کی: بچہ پیدا ہوا ہے' میں نے اسے کپڑے میں لپیٹا ہے۔ آپ نے فرمایا: میری نافرمانی کی ہے۔ میں نے عرض کی: میں اللہ کی نافرمانی اور اس کے رسول کے غضب سے اللہ کی پناہ مانگتی ہوں۔ آپ نے فرمایا: وہ میرے پاس لے کر آؤ! میں آپ کے پاس لے کر آئی تو آپ نے زرد رنگ کا کپڑا پھینک دیا اور سفید کپڑے میں لپیٹا' آپ نے ان کے منہ میں لعابِ دہن ڈالا' اپنے لعاب سے گھٹی دی۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ تشریف لائے' آپ نے فرمایا: اے علی! آپ نے ان کا نام کیا رکھا ہے؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے اس کا نام جعفر رکھا ہے۔ آپ نے فرمایا: جعفر نام نہیں ہے' بلکہ اس کا نام حسن ہے اور اس کے بعد حسین ہوئے اور آپ کی کنیت ابوحسن الخیر ہے۔

**2479** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ أَشْبَهَهُمْ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زیادہ مشابہ تھے۔

2480 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ أَبِي جُحَيْفَةَ، قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ يُشْبِهُهُ

حضرت ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا ہے' حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ آپ کے مشابہ تھے۔

2481 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَبَّاسِ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا أَبُو مَسْعُودٍ أَحْمَدُ بْنُ الْفُرَاتِ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ هَارُونَ بْنِ الْمُغِيرَةِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ أَبِي قَيْسٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، عَنِ الْبَهِيِّ، قَالَ: تَذَاكَرْنَا شِبْهَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنْ أَرَدْتُمْ أَنْ تَنْظُرُوا إِلَى شِبْهِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَانْظُرُوا إِلَى الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

حضرت بہی فرماتے ہیں کہ ہم اس کا ذکر کرتے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہم شکل کون ہے؟ فرمایا: اگر یہ چاہتے ہو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہم شکل دیکھنا ہو تو حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما کو دیکھ لو۔

2482 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، ثنا إِسْمَاعِيلُ، قَالَ: قَالَ لِي أَبُو جُحَيْفَةَ: قَدْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ يُشْبِهُهُ

حضرت ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا ہے' حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ آپ کے مشابہ تھے۔

2483 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ شَاهِينَ، ثنا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ أَبِي جُحَيْفَةَ، قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ يُشْبِهُهُ

حضرت ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا ہے' حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ آپ کے مشابہ تھے۔

---

**2480**- أخرجه الترمذي في سننه جلد **5** صفحه **129** رقم الحديث: **3827**' جلد **5** صفحه **659** رقم الحديث: **3777**' والنسائي في السنن الكبرى جلد **4** صفحه **49** رقم الحديث: **8162** كلاهما عن يحيى عن اسماعيل بن أبي خالد عن أبي جحيفة به .

2484 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، قَالَ: قُلْتُ لِاَبِي جُحَيْفَةَ: رَاَيْتَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَاَشْبَهُ النَّاسِ بِهِ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

حضرت اسماعیل بن ابوخالد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوجحیفہ سے پوچھا: آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا ہے؟ حضرت ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں! حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہم شکل ہیں۔

2485 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيسَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ اَبِي جُحَيْفَةَ، قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ يُشْبِهُهُ

حضرت ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا ہے، حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ آپ کے مشابہ تھے۔

2486 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ فُسْتُقَةُ، ثنا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، عَنِ الْهَيْثَمِ بْنِ عَدِيٍّ، قَالَ: هَلَكَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَاَرْبَعِينَ. هَكَذَا قَالَ الْهَيْثَمُ بْنُ عَدِيٍّ، وَخُولِفَ

حضرت ہیثم بن عدی فرماتے ہیں کہ حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما کا وصال 44 ہجری میں ہوا۔ ہیثم بن عدی نے ایسے ہی کہا اور اس سے اختلاف بھی کیا گیا ہے۔

2487 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: مَاتَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ سَنَةَ ثَمَانٍ وَاَرْبَعِينَ

حضرت بکر بن ابوشیبہ فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کا وصال 48 ہجری میں ہوا۔

2488 - حَدَّثَنَا عُبَيْدٌ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَحْيَى بْنُ اَبِي بُكَيْرٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ حَفْصٍ، قَالَ: تُوُفِّيَ سَعْدٌ وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ سَنَةَ ثَمَانٍ وَاَرْبَعِينَ

حضرت ابوبکر بن حفص فرماتے ہیں کہ حضرت سعد اور امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کا وصال 48 ہجری میں ہوا۔

2489 - حَدَّثَنَا عُبَيْدٌ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَحْيَى بْنُ اَبِي بُكَيْرٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ حَفْصٍ، قَالَ: تُوُفِّيَ سَعْدٌ وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ

حضرت ابوبکر بن ابوحفص فرماتے ہیں کہ حضرت سعد اور حسن بن علی کا وصال حضرت امیر معاویہ کی حکومت کے دس سال بعد ہوا۔

بَعْدَ مَا مَضَى مِنْ إِمْرَةِ مُعَاوِيَةَ عَشْرُ سِنِينَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

2490 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ يَقُولُ: مَاتَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَهُوَ ابْنُ سَبْعٍ وَأَرْبَعِينَ

حضرت محمد بن عبداللہ بن نمیر فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کا وصال ہوا' اُس وقت آپ کی عمر 49 سال تھی۔

2491 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ يَقُولُ: مَاتَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ سَنَةَ ثَمَانٍ وَأَرْبَعِينَ

حضرت محمد بن عبداللہ بن نمیر فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کا وصال 48 ہجری میں ہوا۔

2492 - حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: تُوُفِّيَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ سَنَةَ تِسْعٍ وَأَرْبَعِينَ، وَصَلَّى عَلَيْهِ سَعِيدُ بْنُ الْعَاصِ، وَكَانَ مَوْتُهُ بِالْمَدِينَةِ وَسِنُّهُ سِتٌّ أَوْ سَبْعٌ وَأَرْبَعُونَ، وَيُكْنَى أَبَا مُحَمَّدٍ

حضرت یحییٰ بن بکیر فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کا وصال 49 ہجری میں ہوا' آپ کا جنازہ سعید بن عاص نے پڑھایا' آپ کی وفات مدینہ میں 46 یا 47 ہجری میں ہوا' آپ کی کنیت ابومحمد تھی۔

2493 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، قَالَ: كَانَتِ الْفِتْنَةُ خَمْسَ سِنِينَ لِلْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنْ ذَلِكَ أَرْبَعَةُ أَشْهُرٍ، وَكَانَتِ الْجَمَاعَةُ عَلَى مُعَاوِيَةَ سَنَةَ أَرْبَعِينَ

حضرت عبداللہ بن محمد بن عقیل فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما پانچ سال چار ماہ تک آزمائش میں رہے' اور جماعت حضرت امیر معاویہ کے ساتھ تھی چالیس سال۔

2494 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَدِينِيُّ، ثنا أَبُو زَيْدٍ عُمَرُ بْنُ شَبَّةَ، عَنْ أَبِي نُعَيْمٍ، قَالَ: وَفِيهَا مَاتَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ وَسَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ سَنَةَ ثَمَانٍ وَخَمْسِينَ

حضرت ابونعیم فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسن بن علی اور سعد بن ابووقاص کا وصال 58 ہجری میں ہوا۔

**2495** - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ: شَهِدْتُ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِالنَّخِيلَةِ حِينَ صَالَحَهُ مُعَاوِيَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ لَهُ مُعَاوِيَةُ: اِذَا كَانَ ذَا فَقُمْ فَتَكَلَّمْ، وَاَخْبِرِ النَّاسَ اَنَّكَ قَدْ سَلَّمْتَ هَذَا الْاَمْرَ لِي . وَرُبَّمَا قَالَ سُفْيَانُ: اَخْبِرِ النَّاسَ بِهَذَا الْاَمْرِ الَّذِي تَرَكْتَهُ لِي. فَقَامَ فَخَطَبَ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنَى عَلَيْهِ - قَالَ الشَّعْبِيُّ: وَاَنَا اَسْمَعُ - ثُمَّ قَالَ: اَمَّا بَعْدُ، فَاِنَّ اَكْيَسَ الْكَيْسِ التُّقَى، وَاِنَّ اَحْمَقَ الْحُمْقِ الْفُجُورُ، وَاِنَّ هَذَا الْاَمْرَ الَّذِي اخْتَلَفْتُ فِيهِ اَنَا وَمُعَاوِيَةُ اِمَّا كَانَ حَقًّا لِي تَرَكْتُهُ لِمُعَاوِيَةَ اِرَادَةَ صَلَاحِ هَذِهِ الْاُمَّةِ، وَحَقْنِ دِمَائِهِمْ، اَوْ يَكُونُ حَقًّا كَانَ لِامْرِءٍ اَحَقَّ بِهِ مِنِّي، فَفَعَلْتُ ذَلِكَ، (وَاِنْ اَدْرِي لَعَلَّهُ فِتْنَةٌ لَكُمْ وَمَتَاعٌ اِلَى حِينٍ) (الانبياء: **111**)

حضرت امام شعبی فرماتے ہیں: میں مقامِ نخیلہ پر اُس وقت موجود تھا جس وقت امام حسن رضی اللہ عنہ نے حضرت امیر معاویہ سے صلح کی' حضرت امیر معاویہ نے آپ سے عرض کی: آپ گفتگو کریں اور لوگوں کو بتائیں کہ یہ حکومت مجھے سونپ دی گئی ہے۔ سفیان فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: آپ لوگوں کو بتائیں کہ یہ حکومت میں نے ان کے لیے چھوڑ دی ہے۔ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ منبر پر کھڑے ہوئے اور خطبہ دیا' اللہ کی حمد وثناء کی۔ حضرت امام شعبی فرماتے ہیں: میں سن رہا تھا' پھر اس کے بعد فرمایا: سب سے بڑی عقلمندی تقویٰ وہ متقی ہے' سب سے بڑا احمق وہ ہے جو فاجر ہے' یہ معاملہ جس کا میرے اور معاویہ کے درمیان اختلاف تھا' یہ میرا حق تھا جو میں نے معاویہ کے لیے چھوڑ دیا' اس اُمت کی اصلاح کی وجہ سے اور خون محفوظ رکھنے کے لیے' اگرچہ اس کا میں زیادہ حق دار ہوں' میں اس کو لے سکتا ہوں۔

**2496** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ اَعْيَنَ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ عَمْرٍو الضَّبِّيُّ، ثنا اَسْبَاطُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْاَصَمِّ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا وَهُوَ فِي دَارِ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ، فَقُلْتُ: اِنَّ نَاسًا يَزْعُمُونَ اَنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَرْجِعُ قَبْلَ يَوْمِ الْقِيَامَةِ. فَضَحِكَ وَقَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، لَوْ عَلِمْنَا ذَلِكَ مَا زَوَّجْنَا نِسَاءَهُ، وَلَا سَاهَمْنَا

حضرت عمرو بن اصم فرماتے ہیں کہ میں حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کے پاس عمرو بن حریث کے گھر میں آیا' میں نے عرض کی: لوگ گمان کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ قیامت کے دن سے پہلے واپس آئیں گے۔ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ مسکرائے' فرمایا: اللہ پاک ہے' اگر ہمیں اس کا علم ہوتا تو ہم آپ کی ازواج کی شادی نہ کرتے' آپ کی وراثت تقسیم نہ کرتے۔

مِيرَاثُهُ

**2497** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: مَتَّعَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ امْرَأَتَيْنِ بِعِشْرِينَ أَلْفًا وَزِقَاقٍ مِنْ عَسَلٍ، فَقَالَتْ إِحْدَاهُمَا، وَأُرَاهَا حَنَفِيَّةَ: مَتَاعٌ قَلِيلٌ مِنْ حَبِيبٍ مُفَارِقٍ

حضرت حسن بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما نے دوعورتوں کو بیس ہزار اور شہد کا مٹکا دیا' ان میں سے ایک نے کہا: میرا خیال ہے کہ وہ حنفیہ تھیں' محبوب کی جدائی سے' سامان تھوڑا ہے۔

# بَقِيَّةُ أَخْبَارِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

# حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کی بقیہ احادیث

**2498** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ إِسْرَائِيلَ بْنِ يُونُسَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، قَالَ: مَتَّعَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا امْرَأَةً بِعِشْرِينَ أَلْفًا، فَلَمَّا أُتِيَتْ بِهَا وَوُضِعَتْ بَيْنَ يَدَيْهَا قَالَتْ: مَتَاعٌ قَلِيلٌ مِنْ حَبِيبٍ مُفَارِقٍ

حضرت ابواسحاق فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما نے اپنی بیوی کو بیس ہزار دیئے' جب اس کو دیئے گئے تو اس کے آگے رکھے گئے' اُس نے کہا: دوست کی جدائی سے سامان تھوڑا ہے۔

**2499** - حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ مُوسَى شِيرَانُ الرَّامَهُرْمُزِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي صَفْوَانَ الثَّقَفِيُّ، ثنا قُرَيْشُ بْنُ أَنَسٍ، ثنا ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدٍ، قَالَ: خَطَبَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا إِلَى مَنْظُورِ بْنِ سَيَّارِ بْنِ رَيَّانَ الْفَزَارِيِّ ابْنَتَهُ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ إِنِّي لَأُنْكِحُكَ وَإِنِّي لَأَعْلَمُ أَنَّكَ غَلِقٌ

حضرت محمد فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہ نے منظور بن سیار بن ریان الفزاری کی بیٹی کو نکاح کا پیغام بھیجا' منظور نے کہا: اللہ کی قسم! میں آپ سے نکاح کروں گا' میں جانتا ہوں آپ جلدی طلاق دینے والے ہیں' لیکن یہ ہے کہ آپ عرب کے گھر والوں سے زیادہ عزت والے اور زیادہ اچھے نسب

طَلِقٌ مَلِقٌ، غَيرَ اَنَّكَ اَكرَمُ الْعَرَبِ بَيْتًا، واَكْرَمُهُ نَسَبًا

والے ہیں۔

**2500** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِى شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ الْاَعْلَى، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، قَالَ: تَزَوَّجَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ امْرَاَةً، فَاَرْسَلَ لَهَا بِمِائَةِ جَارِيَةٍ، مَعَ كُلِّ جَارِيَةٍ اَلْفُ دِرْهَمٍ

حضرت ابن سیرین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما نے ایک عورت سے شادی کی' اس کے لیے سو لونڈیاں بھیجیں اور ہر لونڈی کے ساتھ ایک ہزار درہم بھیجے۔

**2501** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ نَائِلَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ نُصَيْرٍ الْاَصْبَهَانِيَّانِ، قَالَا: ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: ثنا عُبَيْدُ بْنُ وَسِيمٍ، ثنا اَبُو شَدَّادٍ، قَالَ: كُنْتُ اُلَاعِبُ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ بِالْمَدَاحِي، فَاِذَا مَادَحَانِي رَكِبَانِي، وَاِذَا مَادَحْتُهُمَا قَالَا: تَرْكَبُ بِضْعَةً مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟

حضرت ابوشداد فرماتے ہیں: میں حضرت امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما کے ساتھ کھیلا کرتا تھا' ایک دوسرے کی کوکھ پر سوار ہونے کا کھیل' یعنی ایک دوسرے کی سواری بننا' پس جب وہ دونوں مجھے اپنی سواری بناتے تو مجھ پر سوار ہوتے اور جب میں ان دونوں کو سواری بنانے لگتا تو دونوں بیک زبان فرماتے: رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جگر کے ٹکڑے پر سوار ہوتا ہے؟

**2502** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ سَالِمٍ اَبِى عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِى ثَابِتٍ، قَالَ: سَاَلْتُ عَطَاءً اَحْمِلُ مِنْ مَاءِ زَمْزَمَ؟ فَقَالَ: قَدْ حَمَلَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَحَمَلَهُ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضرت حبیب بن ابوثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عطاء سے پوچھا: میں زمزم کا پانی اُٹھاؤں؟ حضرت عطاء نے کہا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُٹھایا ہے' امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما نے اُٹھایا ہے۔

**2503** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو مَعْمَرٍ الْمُقْعَدُ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَقَّ عَنِ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت امام حسن و حسین رضی اللہ عنہ کا عقیقہ خود کیا۔

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

2504 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ حَفْصٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: عَقَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت امام حسن وحسین رضی اللہ عنہ کا عقیقہ خود کیا۔

2505 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ الْمُحَارِبِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْاَجْلَحِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: عُقَّ عَنِ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسن وحسین رضی اللہ عنہ کا عقیقہ کیا گیا۔

2506 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الْكِنْدِيُّ، ثنا الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ حَسَنًا وَحُسَيْنًا عُقَّ عَنْهُمَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسن وحسین رضی اللہ عنہ کا عقیقہ کیا گیا۔

2507 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ اَحْمَدَ الْعَرْزَمِيُّ، ثنا عَمِّي، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَمَّا حَسَنٌ وَحُسَيْنٌ وَمُحَسِّنٌ فَاِنَّمَا سَمَّاهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَعَقَّ عَنْهُمْ، وَحَلَقَ رُءُوسَهُمْ، وَتَصَدَّقَ بِوَزْنِهَا، وَاَمَرَ بِهِمْ فَسُرُّوا وَخُتِنُوا

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حسن وحسین ومحسن رضی اللہ عنہم کے یہ نام رسول اللہ ﷺ نے رکھے' ان کا عقیقہ کیا' ان کے سروں کے بال کٹوائے' ان کے بالوں کے برابر چاندی صدقہ دی' ان کے متعلق حکم دیا کہ ان کو صاف کیا گیا اور ان کا ختنہ کیا گیا۔

2508 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ،

حضرت علی رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ

ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَابِرٍ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنْ بَعْضِ اَصْحَابِهِ، عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَقَّ عَنِ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضور ﷺ نے حضرت امام حسن وحسین رضی اللہ عنہ کا عقیقہ خود کیا۔

**2509** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ زَنْجَلَةَ الرَّازِيُّ، وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ، قَالَا: ثنا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: عَقَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت امام حسن وحسین رضی اللہ عنہ کا عقیقہ خود کیا۔

**2510** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيقٍ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: عَقَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضرت عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت امام حسن وحسین رضی اللہ عنہ کا عقیقہ خود کیا۔

**2511** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ الرَّقِّيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ اَبِی عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِرَاْسَيِ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ ابْنَيْ عَلِيِّ بْنِ اَبِی طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ يَوْمَ سَابِعِهِمَا فَحُلِقَ، ثُمَّ تَصَدَّقَ بِوَزْنِهِ فِضَّةً، وَلَمْ يَجِدْ ذِبْحًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے امام حسن وحسین رضی اللہ عنہما، حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے جگر کے ٹکڑوں کے متعلق، جب وہ سات دن کے ہوئے، حکم دیا کہ ان کے بال مونڈے جائیں، پھر اُن بالوں کے برابر چاندی وزن کر کے صدقہ دی اور جانور ذبح کرنے کے لیے نہ پایا۔

2512 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ دَاوُدَ الضَّبِّيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُعَلَّى بْنُ مَهْدِيٍّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، قَالَ: لَمَّا وَلَدَتْ فَاطِمَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا حَسَنًا قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَلا اَعُقُّ عَنِ ابْنِي؟ قَالَ: لَا، وَلٰكِنِ احْلِقِي رَاْسَهُ، وَتَصَدَّقِي بِوَزْنِ شَعْرِهِ وَرِقًا - اَوْ قَالَ: فِضَّةً- عَلَى الْمَسَاكِينِ . فَلَمَّا وَلَدَتْ حُسَيْنًا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَعَلَتْ بِهِ مِثْلَ ذٰلِكَ وَقَالَ مُوسَى بْنُ دَاوُدَ فِي حَدِيثِهِ: عَلَى الْاَوْفَاضِ وَالْمَسَاكِينِ. وَقَالَ اَبُو الْقَاسِمِ: الْاَوْفَاضُ الْفُقَرَاءُ، وَالْاَوْقَاصُ مَا بَيْنَ الْفَرِيضَتَيْنِ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت سیدہ فاطمہ بنت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاں امام حسن رضی اللہ عنہ کی ولادت ہوئی تو حضرت سیدہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: میں اپنے بیٹے کا عقیقہ کروں؟ آپ نے فرمایا: نہیں! بلکہ اس کے سر کے بال کٹواؤ اور اس کے بالوں کے وزن کے برابر چاندی صدقہ کرواور مساکین پر صدقہ کرو۔ جب حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی ولادت ہوئی تو حضرت سیّدہ رضی اللہ عنہا نے ایسے ہی کیا۔ موسیٰ بن داؤد نے اپنی حدیث میں کہا کہ کمزوروں اور مساکین کودو۔ امام طبرانی فرماتے ہیں کہ اوفاض' فُقراء کو کہتے ہیں' اوقاص کہتے ہیں کہ جو دو فرضوں کے درمیان ہو۔

2513 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي الرَّبِيعِ السَّمَّانُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ اَبِي الْحُسَامِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ اَنَّ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا حِينَ وَلَدَتْهُ فَاطِمَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَرَادَتْ اَنْ تَعُقَّ عَنْهُ بِكَبْشٍ عَظِيمٍ، فَاَتَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: لَا تَعُقِّي عَنْهُ بِشَيْءٍ، وَلٰكِنِ احْلِقِي شَعَرَ رَاْسِهِ، ثُمَّ تَصَدَّقِي بِوَزْنِهِ مِنَ الْوَرِقِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، اَوْ عَلَى الْاَوْفَاضِ . ثُمَّ وَلَدَتِ الْحُسَيْنَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنَ الْعَامِ الْمُقْبِلِ، فَصَنَعَتْ بِهِ كَذٰلِكَ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس وقت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کی ولادت حضرت سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے ہاں ہوئی' تو آپ نے ایک عقیقہ میں ایک بہت بڑا مینڈھا ذبح کرنے کا ارادہ کیا۔ حضرت سیدہ رضی اللہ عنہا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئیں' آپ نے فرمایا: کسی شی سے عقیقہ نہ کرو بلکہ اس کے سر کے بال کاٹو' پھر اس کے بالوں کے وزن کے برابر چاندی صدقہ کر کے اللہ کی راہ میں فقیروں کو دے دو۔ پھر دوسرے سال حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی ولادت ہوئی' آپ کے ساتھ بھی ایسے کیا گیا۔

2514 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ

حضرت عبیداللہ بن ابورافع اپنے والد سے

2514- أخرجه الترمذي في سننه جلد4صفحه97 رقم الحديث: 1514 .

الـدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَذَّنَ فِي اُذُنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ بِالصَّلَاةِ حِينَ وَلَدَتْهُ فَاطِمَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ جس وقت حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کی ولادت حضرت سیّدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کے ہاں ہوئی تو آپ نے ان کے کان میں اذان پڑھی۔

**2515** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَوْنُ بْنُ سَلَّامٍ وَجُبَارَةُ بْنُ مُغَلِّسٍ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ شُعَيْبٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَذَّنَ فِي اُذُنِ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ حِينَ وُلِدَا، وَاَمَرَ بِهِ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امام حسن وحسین کے کان میں اذان پڑھی' جس وقت ان شہزادوں کی ولادت ہوئی اور آپ نے ان کے متعلق حکم دیا (یعنی عقیقہ وغیرہ کرنے کا)۔

**2516** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا اَبُو عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ عُمَيْرِ بْنِ اِسْحَاقَ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ لَقِيَ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ، فَقَالَ: ارْفَعْ ثَوْبَكَ حَتَّى اُقَبِّلَ حَيْثُ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُ . فَرَفَعَ عَنْ بَطْنِهِ، وَوَضَعَ يَدَهُ عَلَى سُرَّتِهِ

حضرت عمیر بن اسحاق فرماتے ہیں کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے ملے' عرض کی: اپنا کپڑا اُٹھائیں تاکہ میں اس جگہ کا بوسہ لوں' جس جگہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بوسہ لیتے ہوئے دیکھا ہے' حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے اپنے پیٹ سے کپڑا اُٹھایا' اپنا ہاتھ آپ کی ناف پر رکھا۔

**2517** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، حَدَّثَنَا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي زِيَادٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ يَحْنَسَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَضَنَ حَسَنًا، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ اِنِّي قَدْ اَحْبَبْتُهُ فَاَحِبَّهُ

حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کو اپنی گود میں بٹھایا' پھر عرض کی: اے اللہ! میں اس سے محبت کرتا ہوں' تو بھی اس سے محبت کر۔

**2518** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ وَاَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا شُعْبَةُ اَنَا عَدِيُّ بْنُ ثَابِتٍ قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ يَقُولُ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ عَلَى عَاتِقِهِ، وَهُوَ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ اِنِّي اُحِبُّهُ فَاَحِبَّهُ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس حالت میں دیکھا کہ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ آپ کے کندھوں پر تھے‘ آپ یہ دعا کر رہے تھے: اے اللہ! میں اس سے محبت کرتا ہوں تُو بھی اس سے محبت کر۔

**2519** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، حَدَّثَنَا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا فُضَيْلُ بْنُ مَرْزُوقٍ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اللّٰهُمَّ اِنِّي قَدْ اَحْبَبْتُهُ فَاَحِبَّهُ وَاَحِبَّ مَنْ اَحَبَّهُ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما کے متعلق فرمایا: اے اللہ! میں اس سے محبت کرتا ہوں تُو بھی اس سے محبت کر اور جو اس سے محبت کرتے تُو اس سے محبت کر۔

**2520** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطَرَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الطُّفَيْلِ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ اَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَامِلًا الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ عَلَى عَاتِقِهِ، وَهُوَ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ اِنِّي اُحِبُّ حَسَنًا فَاَحِبَّهُ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کو اپنے کندھے پر اُٹھایا ہوا تھا اور یہ دعا کر رہے تھے: اے اللہ! میں اس سے محبت کرتا ہوں‘ تُو بھی اس سے محبت کر۔

**2521** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَيَّانَ الْبَصْرِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي الْوَزِيرِ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي الْكَنَّاتِ، عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَاْخُذُ حَسَنًا فَيَضُمُّهُ اِلَيْهِ، فَيَقُولُ: اللّٰهُمَّ اِنَّ هَذَا ابْنِي

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کو پکڑا‘ اپنے ساتھ لگایا اور عرض کی: اے اللہ! یہ میرا بیٹا ہے‘ تُو اس سے محبت کر اور جو اس سے محبت کرے تُو اس سے محبت کر۔

---

**2518**- اخرجه مسلم في صحيحه جلد 4 صفحه 1883 رقم الحديث: 2422‘ والبخاري في صحيحه جلد 3 صفحه 1370 رقم الحديث: 3539 كلاهما عن شعبة عن عدي بن ثابت عن البراء بن عازب به .

فَاَحِبَّهُ، وَاَحِبَّ مَنْ يُحِبُّهُ

**2522** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ رَاشِدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ يَعْلَى بْنِ مُرَّةَ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدُعِينَا اِلَى طَعَامٍ، فَاِذَا الْحُسَيْنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَلْعَبُ فِي الطَّرِيقِ، فَاَسْرَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَامَ الْقَوْمِ، ثُمَّ بَسَطَ يَدَيْهِ، فَجَعَلَ حُسَيْنٌ يَمُرُّ مَرَّةً هَاهُنَا وَمَرَّةً هَاهُنَا، فَيُضَاحِكُهُ حَتَّى اَخَذَهُ، فَجَعَلَ اِحْدَى يَدَيْهِ فِي ذَقْنِهِ، وَالْاُخْرَى بَيْنَ رَاْسِهِ وَاُذُنَيْهِ، ثُمَّ اعْتَنَقَهُ فَقَبَّلَهُ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حُسَيْنٌ مِنِّي وَاَنَا مِنْهُ، اَحَبَّ اللّٰهُ مَنْ اَحَبَّهُ، الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ سِبْطَانِ مِنَ الْاَسْبَاطِ

حضرت یعلیٰ بن مرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ تھے، ہمیں کھانے کی دعوت دی گئی، حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ راستے میں کھیل رہے تھے، حضور ﷺ لوگوں سے آگے جلدی سے آئے، پھر اپنے دونوں ہاتھ پھیلا دیئے، حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کبھی اس طرف کبھی اُس طرف ہو جاتے، ہنسنے ہنسانے لگے یہاں تک کہ آپ نے پکڑ لیا، آپ نے اپنا ایک ہاتھ ان کی ٹھوڑی کے نیچے رکھا، دوسرا ان کے سر اور کانوں پر، پھر اپنے گلے لگایا اور بوسہ لیا، پھر حضور ﷺ نے فرمایا: حسین مجھ سے ہے اور میں حسین سے ہوں، جو اس سے محبت کرے گا اللہ اُس سے محبت کرے گا، حسین وحسین بیٹوں سے بیٹا ہے۔

**2523** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي رَاشِدٍ، عَنْ يَعْلَى بْنِ مُرَّةَ اَنَّ حَسَنًا وَحُسَيْنًا اَقْبَلَا يَمْشِيَانِ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا جَاءَ اَحَدُهُمَا جَعَلَ يَدَهُ فِي عُنُقِهِ، ثُمَّ جَاءَ الْآخَرُ فَجَعَلَ يَدَهُ الْاُخْرَى فِي عُنُقِهِ، فَقَبَّلَ هَذَا، ثُمَّ قَبَّلَ هَذَا، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ اِنِّي اُحِبُّهُمَا فَاَحِبَّهُمَا، اَيُّهَا النَّاسُ، اِنَّ الْوَلَدَ مَبْخَلَةٌ مَجْبَنَةٌ

حضرت یعلیٰ بن مرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسن وحسین رضی اللہ عنہما دونوں رسول اللہ ﷺ کے آگے چل رہے تھے، جب ان میں سے ایک آیا تو آپ نے اپنا ہاتھ ان کی گردن پر رکھا، پھر دوسرا آیا، دوسرا ہاتھ آپ نے ان کی گردن پر رکھا، اس کا بوسہ لیا، پھر اُس کا بوسہ لیا، پھر عرض کی: اے اللہ! میں ان دونوں سے محبت کرتا ہوں، تو بھی ان دونوں سے محبت کر، اے لوگو! اولاد بخیل اور مجنون بنا دیتی ہے۔



---

2523- أخرج نحوه ابن ماجه في سننه جلد 2 صفحه 1209 رقم الحديث: 3666، والحاكم في مستدركه جلد 3 صفحه 179 رقم الحديث: 4771، والبيهقي في سننه الكبرى جلد 10 صفحه 202 كلهم عن عبد الله بن عثمان بن خثيم عن سعيد بن أبي راشد عن يعلى بن مرة به .

2524 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ وَعَارِمٌ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي بَكْرَةَ، قَالَ: بَيْنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ اِذْ صَعِدَ اِلَيْهِ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَضَمَّهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنَّ ابْنِي هٰذَا سَيِّدٌ، وَلَعَلَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اَنْ يُصْلِحَ بِهِ بَيْنَ فِئَتَيْنِ مِنَ الْمُسْلِمِينَ

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خطبہ دے رہے تھے' اچانک حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ منبر پر چڑھ گئے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے ساتھ لگایا' فرمایا: یہ میرا بیٹا سردار ہے' اللہ عزوجل اس کے ذریعے مسلمانوں کے دو گروہوں کے درمیان صلح کروائے گا۔

2525 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَوَّاسُ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي رَاشِدٍ، عَنْ يَعْلَى بْنِ مُرَّةَ الْعَامِرِيِّ اَنَّهُمْ خَرَجُوا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى طَعَامٍ دُعُوا اِلَيْهِ، فَاِذَا حُسَيْنٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَلْعَبُ مَعَ صِبْيَانٍ، فَاسْتَقْبَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَبَسَطَ يَدَهُ، فَجَعَلَ الْغُلَامُ يَفِرُّ هَاهُنَا وَهَاهُنَا، فَيُضَاحِكُهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى اَخَذَهُ، فَجَعَلَ اِحْدَى يَدَيْهِ فِي عُنُقِهِ، وَالْاُخْرَى فِي فَاْسِ رَاْسِهِ، ثُمَّ اعْتَنَقَهُ فَقَبَّلَهُ، ثُمَّ قَالَ: حُسَيْنٌ مِنِّي وَاَنَا مِنْ حُسَيْنٍ، اَحَبَّ اللّٰهُ مَنْ اَحَبَّ حُسَيْنًا، حُسَيْنٌ سِبْطٌ مِنَ الْاَسْبَاطِ

حضرت یعلی بن مرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے' ہمیں کھانے کی دعوت دی گئی' حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ راستے میں کھیل رہے تھے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لوگوں سے آگے جلدی سے آئے' پھر اپنے دونوں ہاتھ پھیلا دیئے' حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کبھی اس طرف کبھی اُس طرف ہو جاتے' ہنسنے ہنسانے لگے یہاں تک کہ آپ نے پکڑ لیا' آپ نے اپنا ایک ہاتھ ان کی ٹھوڑی کے نیچے رکھا' دوسرا ان کے سر پر اور کانوں پر' پھر اپنے ساتھ لگایا اور بوسہ لیا' پھر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حسین مجھ سے ہے اور میں حسین سے ہوں' جو اس سے محبت کرے گا اللہ اُس سے محبت کرے گا' حسین وحسین بیٹوں سے بیٹا ہے۔

2526 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَ: ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، قَالَا: ثنا

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو منبر پر دیکھا اور حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما آپ کے ساتھ پہلو میں ہیں اور وہ

بقیۃ اخبار الحسن بن علی رضی اللہ عنہما

سُفْيَانُ، عَنْ اِسْرَائِيلَ اَبِي مُوسَى، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو بَكْرَةَ، قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اِلَى جَنْبِهِ، وَهُوَ يَنْظُرُ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَظْرَةً، وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْظُرُ اِلَيْهِ نَظْرَةً، وَيَقُولُ: اِنَّ ابْنِي هٰذَا سَيِّدٌ، وَلَعَلَّ اللّٰهَ اَنْ يُصْلِحَ بِهِ بَيْنَ فِئَتَيْنِ مِنَ الْمُسْلِمِينَ

رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایک نظر دیکھتے ہیں' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک دفعہ ان کو دیکھتے اور فرماتے: یہ میرا بیٹا سردار ہے' اللہ عزوجل اس کے ذریعے مسلمانوں کے دو گروہوں کے درمیان صلح کروائے گا۔

**2527** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ الْبَصْرِيُّ وَاَبُو خَلِيفَةَ، قَالَا: ثنا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي بَكْرَةَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي، فَكَانَ الْحَسَنُ يَجِيءُ وَهُوَ صَبِيٌّ صَغِيرٌ، فَكَانَ كُلَّمَا سَجَدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَثَبَ عَلَى رَقَبَتِهِ وَظَهْرِهِ، فَيَرْفَعُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاْسَهُ رَفْعًا رَفِيقًا حَتَّى يَضَعَهُ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّكَ لَتَصْنَعُ بِهٰذَا الْغُلَامِ شَيْئًا مَا رَاَيْنَاكَ تَصْنَعُهُ. اِنَّهُ رَيْحَانَتِي مِنَ الدُّنْيَا، اِنَّ ابْنِي هٰذَا سَيِّدٌ، وَعَسَى اَنْ يُصْلِحَ اللّٰهُ بِهِ بَيْنَ فِئَتَيْنِ مِنَ الْمُسْلِمِينَ

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز پڑھ رہے ہوتے تو حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ آئے' جو اُس وقت چھوٹے بچے تھے' جب بھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سجدہ کرتے' آپ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گردن اور پشت پر سوار ہو جاتے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنا سر آہستہ آہستہ اُٹھاتے' پھر نیچے اُترتے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ اس شہزادے سے جیسے کرتے ہیں' آپ کو ایسے کرتے کبھی نہیں دیکھا۔ آپ نے فرمایا: یہ میرے دنیا کے پھول ہیں' یہ میرا لختِ جگر سردار ہے' اللہ عزوجل اس کے ذریعے مسلمانوں کے دو گروہوں کے درمیان صلح کروائے گا۔

**2528** - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ النَّيْسَابُورِيُّ، ثنا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ شَيْبَةَ الْجُدِّيُّ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنْ يُونُسَ وَمَنْصُورٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي بَكْرَةَ، قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَهُوَ يَقُولُ: اِنَّ ابْنِي هٰذَا سَيِّدٌ،

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کے متعلق فرمایا: یہ میرا بیٹا سردار ہے' میں اُمید کرتا ہوں کہ اللہ عزوجل میری اُمت کے دو گروہوں کے درمیان صلح کروائے گا۔

التُّسْتَرِیُّ، ثنا یُوسُفُ بْنُ سَلْمَانَ الْمَازِنِیُّ، حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِیلَ، ثنا سَعْدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ اَبِی حَبِیبَةَ مَوْلَی رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ اَنَّ مَرْوَانَ بْنَ الْحَكَمِ اَتَی اَبَا هُرَیْرَةَ فِی مَرَضِهِ الَّذِی مَاتَ فِیهِ، فَقَالَ مَرْوَانُ لِاَبِی هُرَیْرَةَ: مَا وَجَدْتُ عَلَیْكَ فِی شَیْءٍ مُنْذُ اصْطَحَبْنَا اِلَّا فِی حُبِّكَ الْحَسَنَ وَالْحُسَیْنَ. قَالَ: فَتَحَفَّزَ اَبُو هُرَیْرَةَ فَجَلَسَ، فَقَالَ: اَشْهَدُ لَخَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، حَتَّی اِذَا كُنَّا بِبَعْضِ الطَّرِیقِ سَمِعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ صَوْتَ الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ وَهُمَا یَبْكِیَانِ وَهُمَا مَعَ اُمِّهِمَا، فَاَسْرَعَ السَّیْرَ حَتَّی اَتَاهُمَا، فَسَمِعْتُهُ یَقُولُ لَهَا: مَا شَاْنُ ابْنَیَّ؟ فَقَالَتِ: الْعَطَشُ. قَالَ: فَاَخْلَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلَی شَنَّةٍ یَبْتَغِی فِیهَا مَاءً، وَكَانَ الْمَاءُ یَوْمَئِذٍ اَغْدَارًا، وَالنَّاسُ یُرِیدُونَ الْمَاءَ، فَنَادَی: هَلْ اَحَدٌ مِنْكُمْ مَعَهُ مَاءٌ؟ فَلَمْ یَبْقَ اَحَدٌ اِلَّا اَخْلَفَ بِیَدِهِ اِلَی كُلَّابِهِ یَبْتَغِی الْمَاءَ فِی شَنَّةٍ، فَلَمْ یَجِدْ اَحَدٌ مِنْهُمْ قَطْرَةً، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: نَاوِلِینِی اَحَدَهُمَا فَنَاوَلَتْهُ اِیَّاهُ مِنْ تَحْتِ الْخِدْرِ، فَرَاَیْتُ بَیَاضَ ذِرَاعَیْهَا حِینَ نَاوَلَتْهُ، فَاَخَذَهُ فَضَمَّهُ اِلَی صَدْرِهِ وَهُوَ یَطْغُو مَا یَسْكُتُ، فَاَدْلَعَ لَهُ لِسَانَهُ فَجَعَلَ یَمُصُّهُ حَتَّی هَدَاَ اَوْ سَكَنَ، فَلَمْ اَسْمَعْ لَهُ بُكَاءً، وَالْآخَرُ یَبْكِی كَمَا هُوَ مَا یَسْكُتُ، فَقَالَ:

سے روایت ہے کہ مروان بن حکم' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے پاس اس بیماری میں آئے جس میں آپ نے وصال فرمایا۔ مروان نے حضرت ابوہریرہ سے کہا: میں آپ کے متعلق کوئی شے نہیں پاتا جب سے ہماری ملاقات ہوئی ہے سوائے حسن اور حسین کی محبت کے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے حرکت کی اور اس کے بعد بیٹھ گئے اور کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نکلے' ابھی ہم آدھے راستے میں تھے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امام حسن اور امام حسین کے رونے کی آواز سنی' دونوں اپنی والدہ کے پاس تھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تیزی سے چلے اور دونوں کے پاس آئے میں نے آپ کو فرماتے ہوئے سنا: میرے بیٹوں کو کیا ہوا؟ حضرت سیّدہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: ان کو پیاس لگی ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک مشکیزہ کی طرف پانی تلاش کرنے کے لیے گئے' ان دنوں پانی نہیں مل رہا تھا' لوگ بھی پانی چاہتے تھے' اعلان کیا گیا: کیا تم میں سے کسی کے پاس پانی ہے؟ کسی کے پاس پانی نہیں تھا' سوائے اس کے جو پیچھے چھوڑ آئے تھے' اُن میں سے کسی سے پانی کا قطرہ تک نہ ملا۔ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: دونوں میں سے ایک مجھے دو۔ حضرت سیّدہ رضی اللہ عنہا نے پردے کے نیچے سے آپ کو پکڑایا۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت سیّدہ رضی اللہ عنہا کے دونوں کلائیوں کی سفیدی دیکھی' جب آپ نے پکڑایا تو

نَاوِلِينِي الْآخَرَ ، فَنَاوَلَتْهُ إِيَّاهُ فَفَعَلَ بِهِ كَذَلِكَ، فَسَكَتَا فَمَا أَسْمَعُ لَهُمَا صَوْتًا، ثُمَّ قَالَ: سِيرُوا ، فَصَدَعْنَا يَمِينًا وَشِمَالًا عَنِ الظَّعَائِنِ حَتَّى لَقِينَاهُ عَلَى قَارِعَةِ الطَّرِيقِ، فَأَنَا لَا أُحِبُّ هَذَيْنِ وَقَدْ رَأَيْتُ هَذَا مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟

آپ ﷺ نے پکڑا اور سینے سے لگایا' وہ خاموش نہیں ہو رہے تھے۔ حضور ﷺ نے اپنی زبان مبارک ان کے منہ میں داخل کی اور وہ چوسنے لگے یہاں تک کہ وہ خاموش ہو گئے' میں نے رونے کی آواز نہ سنی' جب یہ خاموش ہو گیا تو دوسرا رونے لگا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: دوسرا مجھے پکڑاؤ! حضرت سیّدہ رضی اللہ عنہا نے پکڑایا تو آپ نے ان کے ساتھ بھی ایسا ہی کیا' دونوں خاموش ہو گئے' دونوں کے رونے کی آواز نہ سنی' پھر فرمایا: چلو! ہم آپ کی سواری کے دائیں اور بائیں جانب چلنے لگے یہاں تک کہ ہم آپ کو راستے کے آخر میں ملے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے مروان سے کہا: میں ان دونوں سے محبت کیوں نہ کروں جبکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ کرتے دیکھا ہے؟



**2591** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، ثنا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، قَالَ: جَاءَ الْحُسَيْنُ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي، فَالْتَزَمَ عُنُقَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَامَ بِهِ وَأَخَذَ بِيَدِهِ، فَلَمْ يَزَلْ مُمْسِكَهَا حَتَّى رَكَعَ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسین اس حال میں تشریف لائے کہ رسول پاک ﷺ نماز پڑھا رہے تھے' حضرت امام حسین نبی کریم ﷺ کی گردن سے چمٹ گئے' آپ کے ساتھ کھڑے ہوئے تو آپ نے اپنے ہاتھ سے پکڑ لیا' آپ رکوع کرنے تک حضور ﷺ سے چمٹے رہے۔

**2592** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْفَسَوِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْعُرَنِيُّ، ثنا جَرِيرٌ، عَنْ قَابُوسَ بْنِ أَبِي ظَبْيَانَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَّجَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے امام حسین کی قمیص اُتاری اور آپ کی ناف کا بوسہ لیا۔

مَا بَيْنَ فَخِذَيِ الْحُسَيْنِ وَقَبَّلَ زَبِيبَتَهُ

**2593** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا كَامِلٌ أَبُو الْعَلَاءِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ نُصَلِّي مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعِشَاءَ، فَكَانَ إِذَا سَجَدَ وَثَبَ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَلَى ظَهْرِهِ، فَإِذَا أَرَادَ أَنْ يَرْكَعَ أَخَذَهُمَا بِيَدِهِ أَخْذًا رَفِيقًا حَتَّى يَضَعَهُمَا عَلَى الْأَرْضِ، فَإِذَا عَادَ عَادَا، حَتَّى قَضَى صَلَاتَهُ وَانْصَرَفَ وَوَضَعَهُمَا عَلَى فَخِذَيْهِ. قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ: فَقُمْتُ إِلَيْهِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَذْهَبُ بِهِمَا؟ قَالَ: لَا . فَبَرَقَتْ بَرْقَةٌ، فَقَالَ: الْحَقَا بِأُمِّكُمَا . فَلَمْ يَزَالَا فِي ضَوْئِهَا حَتَّى دَخَلَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نمازِ عشاء پڑھ رہے تھے' آپ جب سجدہ کرتے تو امام حسن اور امام حسین آپ کی پشت پر سوار ہو جاتے اور جب رکوع کرنے کا ارادہ کرتے تو ان میں سے کسی ایک کو اپنے ہاتھ سے پکڑتے' آہستہ آہستہ اُتار کر زمین پر رکھ دیتے اور جب سجدہ کرتے تو دوبارہ دونوں سوار ہو جاتے یہاں تک کہ آپ نے نماز مکمل کر لی' آپ نے سلام پھیرا اور دونوں کو اپنی ران پر بٹھا لیا۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں ان کی طرف کھڑا ہوا' میں نے عرض کی: میں ان کو چھوڑ آؤں؟ آپ نے فرمایا: نہیں! ایک بجلی آئی' آپ نے فرمایا: ان دونوں کو ان کی والدہ کے پاس لے جاؤ' یہ دونوں اس کی روشنی میں چلتے رہے یہاں تک کہ گھر داخل ہو گئے۔

**2594** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نَصْرِ بْنِ حُمَيْدٍ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ صَالِحٍ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ عُثْمَانَ الْحَضْرَمِيُّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ الْحُسَيْنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ يُحِبُّهُ حُبًّا شَدِيدًا، فَقَالَ: أَذْهَبُ إِلَى أُمِّي . فَقُلْتُ: أَذْهَبُ مَعَهُ . فَجَاءَتْ بَرْقَةٌ مِنَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھے' آپ سے حضرت امام حسین شدید محبت کرتے تھے' انہوں نے عرض کی: میں اپنی والدہ کے پاس جاؤں گا' میں نے عرض کی: میں ان کے ساتھ خود جاؤں گا' آسمان سے بجلی آئی تو آپ اس کی روشنی میں چلے یہاں تک کہ گھر پہنچ گئے۔



2593- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد3 صفحه183 رقم الحديث: 4782' وأحمد في مسنده جلد2 صفحه513 رقم الحديث: 10669 كلاهما عن أبي صالح عن أبي هريرة به .

السَّمَاءِ فَمَشَى فِي ضَوْئِهَا حَتَّى بَلَغَ

**2595** - حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ وَجَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، قَالَا: ثنا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ الرَّمْلِيُّ، حَدَّثَنَا مَسْرُوحٌ أَبُو شِهَابٍ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَمْشِي عَلَى أَرْبَعَةٍ وَعَلَى ظَهْرِهِ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا وَهُوَ يَقُولُ: نِعْمَ الْجَمَلُ جَمَلُكُمَا، وَنِعْمَ الْعِدْلَانِ أَنْتُمَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے پاس آیا اس حالت میں کہ آپ دونوں گھٹنوں اور دونوں ہاتھوں کے بل چل رہے تھے اور امام حسن اور امام حسین رضی اللہ عنہما آپ کی پشت پر تھے اور آپ فرما رہے تھے: تمہارا اونٹ بہت اچھا اونٹ ہے، تم دونوں کی سواریاں بڑی اچھی ہیں۔

**2596** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا فُضَيْلُ بْنُ مَرْزُوقٍ، ثنا عَطِيَّةُ الْعَوْفِيُّ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ فِي بَيْتِي: (إِنَّمَا يُرِيدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا) (الاحزاب: 33) ، وَهِيَ جَالِسَةٌ عَلَى الْبَابِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَلَسْتُ مِنْ أَهْلِ الْبَيْتِ؟ قَالَ: أَنْتِ إِلَى خَيْرٍ

حضرت سیدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ''اللہ چاہتا ہے کہ تم سے پلیدی لے جائے، اے گھر والو! تمہیں خوب پاک کرے'' یہ آیت ہمارے گھر میں اُتری اس حال میں کہ میں دروازے میں بیٹھی ہوئی تھی، میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں آپ کی اہل بیت سے نہیں ہوں؟ آپ نے فرمایا: تُو بھلائی پر ہے۔

**2597** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ مُسَافِرٍ التِّنِّيسِيُّ، ثنا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، ثنا مُوسَى بْنُ يَعْقُوبَ الزَّمْعِيُّ، عَنْ هَاشِمِ بْنِ هَاشِمٍ، عَنْ وَهْبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَمْعَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمَعَ فَاطِمَةَ وَحَسَنًا وَحُسَيْنًا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ ثُمَّ أَدْخَلَهُمْ تَحْتَ ثَوْبِهِ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ هَؤُلَاءِ أَهْلُ بَيْتِي . قَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ:

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے امام حسن و امام حسین رضی اللہ عنہما کو اکٹھا کیا، پھر اپنے کپڑے کے نیچے داخل کر لیا، پھر یہ دعا کی: اے اللہ! یہ میرے گھر والے ہیں، میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے بھی ان میں داخل کریں؟ آپ نے فرمایا: تُو میرے گھر والوں میں سے ہے۔

قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَدْخِلْنِي مَعَهُمْ . قَالَ: اِنَّكِ مِنْ اَهْلِي

2598 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِفَاطِمَةَ: ائْتِينِي بِزَوْجِكِ وَابْنَيْهِ . فَجَاءَتْ بِهِمْ، فَاَلْقَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كِسَاءً فَدَكِيًّا، ثُمَّ وَضَعَ يَدَهُ عَلَيْهِمْ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ اِنَّ هٰؤُلَاءِ آلُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَبَرَكَاتِكَ عَلَى آلِ مُحَمَّدٍ فَاِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ . قَالَتْ اُمُّ سَلَمَةَ: فَرَفَعْتُ الْكِسَاءَ لِاَدْخُلَ مَعَهُمْ، فَجَذَبَهُ مِنْ يَدِي، وَقَالَ: اِنَّكِ عَلَى خَيْرٍ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: تُو اور تیرا شوہر اور اپنے دونوں بیٹوں کو میرے پاس لاؤ۔ حضرت سیّدہ رضی اللہ عنہا ان کو لے کر آئیں‘ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان پر چادر ڈال دی اور ان کو ڈھانپ لیا‘ پھر ان پر اپنا ہاتھ رکھا‘ پھر عرض کی: اے اللہ! یہ آلِ محمد ہیں! آلِ محمد پر رحمت اور برکات نازل فرما! تُو عزت و بزرگی والا اور تُو قابلِ تعریف ہے۔ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے چادر اُٹھائی تاکہ میں ان کے ساتھ داخل ہو جاؤں۔ آپ نے میرے ہاتھ سے کھینچ لی اور فرمایا: تُو بھلائی پر ہے۔

2599 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ اَبُو عُبَيْدَةَ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا حَوْثَرَةُ بْنُ اَشْرَسَ الْمِنْقَرِيُّ، ثنا عُقْبَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرِّفَاعِيُّ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِفَاطِمَةَ: ائْتِينِي بِزَوْجِكِ وَابْنَيْكِ . فَجَاءَتْ بِهِمْ، فَاَلْقَى عَلَيْهِمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كِسَاءً، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ هٰؤُلَاءِ آلُ مُحَمَّدٍ فَاجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَبَرَكَاتِكَ عَلَى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا جَعَلْتَهَا عَلَى اِبْرَاهِيمَ اِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: تُو اور تیرا شوہر اور اپنے دونوں بیٹوں کو میرے پاس لاؤ۔ حضرت سیّدہ رضی اللہ عنہا ان کو لے کر آئیں‘ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان پر چادر ڈال دی اور ان کو ڈھانپ لیا‘ پھر ان پر اپنا ہاتھ رکھا‘ پھر عرض کی: اے اللہ! یہ آلِ محمد ہیں! آلِ محمد پر رحمت اور برکات نازل فرما! تُو عزت و بزرگی والا اور تُو قابلِ تعریف ہے۔

2600 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ وَاَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ح

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا ایک برتن میں ثرید لے کر

وَحَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، ثنا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَا: ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ بَهْرَامَ الْفَزَارِيُّ، ثنا شَهْرُ بْنُ حَوْشَبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اُمَّ سَلَمَةَ تَقُولُ: جَاءَتْ فَاطِمَةُ غُدَيَّةً بِثَرِيدٍ لَهَا تَحْمِلُهَا فِي طَبَقٍ لَهَا حَتَّى وَضَعَتْهَا بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَالَ لَهَا: وَاَيْنَ ابْنُ عَمِّكِ؟ قَالَتْ: هُوَ فِي الْبَيْتِ. قَالَ: اذْهَبِي فَادْعِيهِ وَائْتِينِي بِابْنَيَّ. فَجَاءَتْ تَقُودُ ابْنَيْهَا كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا فِي يَدٍ، وَعَلِيٌّ يَمْشِي فِي اَثَرِهِمَا، حَتَّى دَخَلُوا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَجْلَسَهُمَا فِي حِجْرِهِ، وَجَلَسَ عَلِيٌّ عَنْ يَمِينِهِ، وَجَلَسَتْ فَاطِمَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا فِي يَسَارِهِ. قَالَتْ اُمُّ سَلَمَةَ: فَاَخَذْتُ مِنْ تَحْتِي كِسَاءً كَانَ بِسَاطَنَا عَلَى الْمَنَامَةِ فِي الْبَيْتِ بِبُرْمَةٍ فِيهَا خَزِيرَةٌ، فَقَالَ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ادْعِي لِي بَعْلَكِ وَابْنَيْكِ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ. فَدَعَتْهُمْ فَجَلَسُوا جَمِيعًا يَاْكُلُونَ مِنْ تِلْكَ الْبُرْمَةِ. قَالَتْ: وَاَنَا اُصَلِّي فِي تِلْكَ الْحُجْرَةِ، فَنَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ: (اِنَّمَا يُرِيدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا) (الاحزاب: 33)، فَاَخَذَ فَضْلَ الْكِسَاءِ فَغَشَّاهُمْ، ثُمَّ اَخْرَجَ يَدَهُ الْيُمْنَى مِنَ الْكِسَاءِ وَاَلْوَى بِهَا اِلَى السَّمَاءِ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ هَؤُلَاءِ اَهْلُ بَيْتِي وَحَامَتِي فَاَذْهِبْ عَنْهُمُ الرِّجْسَ وَطَهِّرْهُمْ تَطْهِيرًا. قَالَتْ اُمُّ سَلَمَةَ: فَاَدْخَلْتُ رَاْسِي الْبَيْتَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَاَنَا مَعَكُمْ؟ قَالَ: اَنْتِ عَلَى خَيْرٍ مَرَّتَيْنِ

بقیۃ اخبار الحسن بن علی رضی اللہ عنھما

آئیں یہاں تک کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آگے رکھا' نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آپ سے فرمایا: آپ کا چچازاد کہاں ہے؟ حضرت سیّدہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: وہ گھر میں ہیں۔ آپ نے فرمایا: تُو جا اور اس کو بلا اور میرے دونوں لختِ جگر لے کر آؤ۔ حضرت سیّدہ اپنے دونوں لختِ جگر لے کر آئیں اس حالت میں کہ ہر ایک کا ہاتھ پکڑا ہوا تھا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ ان دونوں کے پیچھے چل رہے تھے' جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے تو آپ نے امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما کو اپنی گود میں بٹھایا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اپنی دائیں جانب اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو اپنی بائیں جانب۔ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے چادر نیچے سے پکڑی' ہم نے گھر میں دسترخوان بچھایا' اس میں خزیرہ رکھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے فرمایا: میرے داماد اور دونوں بیٹوں حسن و حسین کو بلاؤ۔ میں نے انہیں بلوایا' وہ سارے کھانے لگے۔ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں گھر میں نماز پڑھ رہی تھی کہ یہ آیت نازل ہوئی: ''اللہ تم گھر والوں سے پلیدی دور کرنے کا ارادہ فرماتا ہے اور تمہیں خوب پاک کرنے کا''۔ آپ نے چادر پکڑی اور ان کو ڈھانپ لیا' پھر اپنا دایاں ہاتھ چادر سے نکال کر آسمان کی طرف اشارہ کیا' پھر عرض کی: اے اللہ! یہ میرے اہل بیت اور خاص ہیں' ان سے پلیدی لے جا اور ان کو خوب پاک کر دے۔ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے اپنا سر گھر میں

داخل کیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں آپ کے ساتھ ہوں؟ آپ نے دو مرتبہ فرمایا: تُو بھلائی پر ہے۔

2601 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ، حَدَّثَنَا هَوْذَةُ بْنُ خَلِيفَةَ، ثنا عَوْفٌ، عَنْ عَطِيَّةَ اَبِى الْمُعَذِّلِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: اعْتَنَقَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيًّا وَفَاطِمَةَ بِيَدٍ، وَحَسَنًا وَحُسَيْنًا بِيَدٍ، وَعَطَفَ عَلَيْهِمْ خَمِيصَةً كَانَتْ عَلَيْهِ سَوْدَاءَ، وَقَبَّلَ عَلِيًّا وَقَبَّلَ فَاطِمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ اِلَيْكَ لَا اِلَى النَّارِ اَنَا وَاَهْلُ بَيْتِي . قَالَتْ اُمُّ سَلَمَةَ: قُلْتُ: وَاَنَا؟ قَالَ: وَاَنْتِ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت علی و فاطمہ رضی اللہ عنہما کو ایک ہاتھ سے اور دوسرے ہاتھ سے حضرت امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما کو پکڑا' ان پر چادر ڈالی' وہ چادر کالی تھی' آپ نے حضرت علی اور فاطمہ رضی اللہ عنہما کو چوما' پھر عرض کی: اے اللہ! میں اور میری اہل بیت جہنم میں نہیں جلیں گے۔ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں؟ آپ نے فرمایا: تُو بھی۔

2602 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الصَّبَّاحِ الرَّقِّيُّ، ثنا اَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، ثنا جَعْفَرٌ الْاَحْمَرُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِى سُلَيْمَانَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّ فَاطِمَةَ جَاءَتْ بِطُعَيمٍ لَهَا اِلَى اَبِيهَا وَهُوَ عَلَى مَنَامَةٍ لَهُ فِي بَيْتِ اُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: قَالَ: اذْهَبِى فَادْعِي ابْنَيَّ وَابْنَ عَمِّكِ . فَجَاءُوا فَجَلَّلَهُمْ بِكِسَاءٍ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ هَؤُلَاءِ اَهْلُ بَيْتِي وَحَامَتِي فَاَذْهِبْ عَنْهُمُ الرِّجْسَ وَطَهِّرْهُمْ تَطْهِيرًا . قَالَتْ اُمُّ سَلَمَةَ: وَاَنَا مَعَهُمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: اَنْتِ زَوْجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِلَى- اَوْ عَلَى- خَيْرٍ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کھانا لے کر اپنے والد کے پاس آئیں' آپ میرے گھر میں آرام کر رہے تھے' آپ نے فرمایا: تُو جا اور اپنے دونوں بیٹوں اور اپنے چچازاد کو بلا۔ یہ حضرات آئے تو انہیں چادر سے ڈھانپ لیا' پھر آپ نے عرض کی: اے اللہ! یہ میرے گھر والے اور خاص ہیں' ان سے پلیدی دور کر دے اور انہیں خوب پاک کر دے۔ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: یارسول اللہ! میں ان کے ساتھ ہوں؟ حضور ﷺ نے فرمایا: میری بیوی ہے اور تُو بھلائی پر ہے۔

2603 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ كُلْثُومِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ اَبِى عَمَّارٍ، قَالَ: اِنِّي لَجَالِسٌ عِنْدَ وَاثِلَةَ بْنِ

حضرت ابوعمار فرماتے ہیں کہ میں واثلہ بن اسقع کے پاس بیٹھا ہوا تھا' اچانک حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ذکر ہوا' آپ کو کسی نے بُرا بھلا کہا' جب وہ لوگ اُٹھے

الْاَسْقَعِ، اِذْ ذَكَرُوا عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَشَتَمُوهُ، فَلَمَّا قَامُوا، قَالَ: اجْلِسْ حَتّٰى اُخْبِرَكَ عَنْ هٰذَا الَّذِي شَتَمُوا، اِنِّي عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ اِذْ جَاءَ عَلِيٌّ وَفَاطِمَةُ وَالْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ، فَاَلْقَى عَلَيْهِمْ كِسَاءً لَهُ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ هٰؤُلَاءِ اَهْلُ بَيْتِي، اللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنْهُمُ الرِّجْسَ وَطَهِّرْهُمْ تَطْهِيرًا . فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَاَنَا؟ قَالَ: وَاَنْتَ . قَالَ: فَوَاللّٰهِ اِنَّهَا لَاَوْثَقُ عَمَلٍ فِي نَفْسِي

لگے تو حضرت واثلہ نے فرمایا: بیٹھ! تا کہ میں اس کی شان بتاؤں! جس کو اُنہوں نے گالی دی ہے' میں ایک دن رسول اللہ ﷺ کے پاس تھا' اچانک حضرت علی' فاطمہ' حسن وحسین رضی اللہ عنہم تشریف لائے' آپ نے ان پر چادر ڈالی' پھر عرض کی: اے اللہ! یہ میرے گھر والے ہیں' ان سے پلیدی دور کر دے' ان کو خوب پاک کر دے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں؟ آپ نے فرمایا: تُو بھی۔ حضرت واثلہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اللہ کی قسم! میں اپنے دل میں اس کو مضبوطی سے پاتا ہوں۔

**2604** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ التِّنِّيسِيُّ، ثنا الْاَوْزَاعِيُّ، ثنا اَبُو عَمَّارٍ شَدَّادٌ، قَالَ: قَالَ وَاثِلَةُ بْنُ الْاَسْقَعِ اللَّيْثِيُّ: كُنْتُ اُرِيدُ عَلِيًّا فَلَمْ اَجِدْ، فَقَالَتْ فَاطِمَةُ: انْطَلَقَ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُوهُ حَتّٰى يَاْتِيَ . قَالَ: فَجَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَاءَ، فَدَخَلْتُ مَعَهُمَا، فَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَسَنًا وَحُسَيْنًا، فَاَجْلَسَ كُلَّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا عَلَى فَخِذِهِ، وَاَدْنَى فَاطِمَةَ مِنْ حِجْرِهِ، ثُمَّ لَفَّ عَلَيْهِمْ ثَوْبَهُ وَاَنَا مُسْتَنِدٌ، ثُمَّ قَالَ: (اِنَّمَا يُرِيدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا) (الاحزاب: 33) ، ثُمَّ قَالَ: هٰؤُلَاءِ اَهْلِي . قَالَ وَاثِلَةُ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَاَنَا مِنْ اَهْلِكَ؟ قَالَ: وَاَنْتَ مِنْ اَهْلِي . قَالَ وَاثِلَةُ: اِنَّهُ لَاَرْجَى مَا

حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ملنا چاہتا تھا لیکن میری ملاقات نہ ہوسکی۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: میں رسول اللہ ﷺ کے پاس جارہی ہوں' آپ کو بلاتی ہوں' وہ آئیں گے۔ رسول اللہ ﷺ آئے اور علی بھی آئے تو میں دونوں کے ساتھ داخل ہوا تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: حضرت امام حسن وحسین رضی اللہ عنہما کو بلاؤ! ان میں سے ہر ایک کو اپنی ران پر بٹھایا۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو اپنی گود کے قریب کیا اور ان سب پر کپڑا لپیٹا' میں ٹیک لگائے ہوئے تھا' پھر فرمایا: اللہ تم گھر والوں سے پلیدی دور کرنے کا ارادہ کرتا ہے اور تمہیں خوب پاک کرنا چاہتا ہے۔ پھر فرمایا: یہ میرے گھر والے ہیں۔ حضرت واثلہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں آپ

اَرْجُوهُ

کے گھر والوں میں سے ہوں؟ آپ نے فرمایا: تُو بھی میرے گھر والوں سے ہے۔ حضرت واثلہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جس کی میں نے اُمید کی وہ اُمید ملی۔

**2605** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ وَابُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَمُرُّ بِبَيْتِ فَاطِمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا سِتَّةَ اَشْهُرٍ اِذَا خَرَجَ مِنْ صَلَاةِ الْفَجْرِ يَقُولُ: يَا اَهْلَ الْبَيْتِ الصَّلَاةَ، (اِنَّمَا يُرِيدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا) (الاحزاب: **33** )

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے گھر کے پاس سے چھ ماہ تک گزرتے رہے، جب بھی آپ نمازِ فجر کے لیے نکلتے تو آپ فرماتے: اے گھر والو! نماز کا وقت ہو گیا ہے! ''انما یرید اللّٰہ الٰی آخرہٖ''۔

**2606** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْاَنْمَاطِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ مَنْصُورَ بْنَ اَبِي الْاَسْوَدِ يَقُولُ: سَمِعْتُ اَبَا دَاوُدَ يَقُولُ: سَمِعْتُ اَبَا الْحَمْرَاءِ يَقُولُ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْتِي بَابَ فَاطِمَةَ سِتَّةَ اَشْهُرٍ، فَيَقُولُ: (اِنَّمَا يُرِيدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا) (الاحزاب: **33** )

حضرت ابوحمراء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ چھ ماہ تک حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے دروازے پر آتے رہے، یہ کہتے تھے: ''انما یرید اللّٰہ الٰی آخرہٖ''۔

**2607** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَيْمُونٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَابِسٍ، عَنْ اَبِي الْجَحَّافِ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ، وَعَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ، قَالَ: نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ: (اِنَّمَا يُرِيدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ آیت ''انما یرید اللّٰہ الٰی آخرہٖ'' رسول اللہ ﷺ، حضرت علی، فاطمہ، حسن و حسین رضی اللہ عنہم کے متعلق نازل ہوئی۔

عَنْكُمُ الرِّجْسَ) (الاحزاب: 33 ) اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا فِي رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلِيٍّ وَفَاطِمَةَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

2608 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْحِمَّانِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِبْعِيٍّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ تَعَالَى قَسَّمَ الْخَلْقَ قِسْمَيْنِ، فَجَعَلَنِي فِي خَيْرِهَا قِسْمًا، فَذَلِكَ قَوْلُهُ: (وَاَصْحَابُ الْيَمِينِ) (الواقعة: 27 ) (وَاَصْحَابُ الشِّمَالِ) (الواقعة: 41 ) ، فَاَنَا مِنْ اَصْحَابِ الْيَمِينِ، وَاَنَا مِنْ خَيْرِ اَصْحَابِ الْيَمِينِ، ثُمَّ جَعَلَ الْقِسْمَيْنِ بُيُوتًا، فَجَعَلَنِي فِي خَيْرِهِمَا بَيْتًا، فَذَلِكَ قَوْلُهُ: (فَاَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ مَا اَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ، وَاَصْحَابُ الْمَشْاَمَةِ مَا اَصْحَابُ الْمَشْاَمَةِ، وَالسَّابِقُونَ السَّابِقُونَ) (الواقعة: 9 ) ، فَاَنَا مِنْ خَيْرِ السَّابِقِينَ، ثُمَّ جَعَلَ الْبُيُوتَ قَبَائِلَ، فَجَعَلَنِي فِي خَيْرِهَا قَبِيلَةً، فَذَلِكَ قَوْلُهُ: (شُعُوبًا وَقَبَائِلَ) (الحجرات: 13 ) ، فَاَنَا اَتْقَى وَلَدِ آدَمَ وَاَكْرَمُهُمْ عَلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَلَا فَخْرَ، ثُمَّ جَعَلَ الْقَبَائِلَ بُيُوتًا، فَجَعَلَنِي فِي خَيْرِهَا بَيْتًا، فَذَلِكَ قَوْلُهُ: (اِنَّمَا يُرِيدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا) (الاحزاب: 33 )

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل نے دو قسم کی مخلوق بنائی' مجھے ان قسم میں سے بہتر میں بنایا ہے' اللہ عزوجل کا ارشاد: ''دائیں طرف والے'' ''بائیں طرف والے'' میں دائیں طرف والوں میں سے ہوں اور دائیں طرف والوں میں سے بہتر ہوں' پھر دو قسموں کے گھر بنائے مجھے ان دونوں گھروں میں سے بہتر میں بنایا ہے۔ اللہ عزوجل کا ارشاد ہے: ''تو دائیں طرف والے' کیسے دائیں طرف والے اور بائیں طرف والے' کیسے بائیں طرف والے' جو سبقت لے گئے وہ سبقت لے گئے'' میں سبقت کرنے والوں میں سے بہتر ہوں' پھر گھروں کے قبیلے بنائے' تو مجھے اس میں بہتر قبیلہ میں بنایا اور ''تمہیں شاخیں اور قبیلے بنایا'' میں اولادِ آدم میں سب سے زیادہ متقی ہوں' اللہ کے ہاں زیادہ عزت والا ہوں' کوئی فخر نہیں! پھر قبائل کے گھر بنائے تو مجھے اس میں بہتر گھر میں بنایا' یہ مطلب ہے ارشادِ باری تعالیٰ کا: ''اللہ تو یہی چاہتا ہے کہ اے نبی کے گھر والو! تم سے ہر ناپاکی دور فرما دے اور تمہیں پاک کر کے خوب ستھرا کرے''۔

2609 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقِ بْنِ جَامِعٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا الْهَيْثَمُ بْنُ حَبِيبٍ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَلِيٍّ الْمَكِّيِّ الْهِلَالِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي شَكَاتِهِ الَّتِي قُبِضَ فِيهَا، فَإِذَا فَاطِمَةُ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا عِنْدَ رَأْسِهِ. قَالَ: فَبَكَتْ حَتَّى ارْتَفَعَ صَوْتُهَا، فَرَفَعَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَرْفَهُ إِلَيْهَا، فَقَالَ: حَبِيبَتِي فَاطِمَةُ مَا الَّذِي يُبْكِيكِ؟ فَقَالَتْ: أَخْشَى الضَّيْعَةَ مِنْ بَعْدِكَ. فَقَالَ: يَا حَبِيبَتِي، أَمَا عَلِمْتِ أَنَّ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ اطَّلَعَ إِلَى الْأَرْضِ اطِّلَاعَةً فَاخْتَارَ مِنْهَا أَبَاكِ فَبَعَثَهُ بِرِسَالَتِهِ، ثُمَّ اطَّلَعَ اطِّلَاعَةً فَاخْتَارَ مِنْهَا بَعْلَكِ وَأَوْحَى إِلَيَّ أَنْ أُنْكِحَكِ إِيَّاهُ، يَا فَاطِمَةُ وَنَحْنُ أَهْلُ بَيْتٍ قَدْ أَعْطَانَا اللهُ سَبْعَ خِصَالٍ لَمْ يُعْطَ أَحَدٌ قَبْلَنَا، وَلَا يُعْطَى أَحَدٌ بَعْدَنَا: أَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّينَ، وَأَكْرَمُ النَّبِيِّينَ عَلَى اللهِ، وَأَحَبُّ الْمَخْلُوقِينَ إِلَى اللهِ عَزَّ وَجَلَّ، وَأَنَا أَبُوكِ، وَوَصِيِّي خَيْرُ الْأَوْصِيَاءِ وَأَحَبُّهُمْ إِلَى اللهِ، وَهُوَ بَعْلُكِ، وَشَهِيدُنَا خَيْرُ الشُّهَدَاءِ وَأَحَبُّهُمْ إِلَى اللهِ، وَهُوَ عَمُّكِ حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، وَهُوَ عَمُّ أَبِيكِ، وَعَمُّ بَعْلِكِ، وَمِنَّا مَنْ لَهُ جَنَاحَانِ أَخْضَرَانِ يَطِيرُ فِي الْجَنَّةِ مَعَ الْمَلَائِكَةِ حَيْثُ يَشَاءُ، وَهُوَ ابْنُ عَمِّ أَبِيكِ وَأَخُو بَعْلِكِ، وَمِنَّا سِبْطَا هَذِهِ الْأُمَّةِ، وَهُمَا ابْنَاكِ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ، وَهُمَا سَيِّدَا شَبَابِ أَهْلِ الْجَنَّةِ، وَأَبُوهُمَا وَالَّذِي بَعَثَنِي بِالْحَقِّ خَيْرٌ مِنْهُمَا، يَا فَاطِمَةُ وَالَّذِي

حضرت علی بن علی مکی الہلالی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس اس بیماری میں آیا جس میں آپ نے وصال فرمایا' حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سر کے پاس تھیں' آپ نے دعا پڑھی' جس وقت آپ کی آواز اونچی ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آپ کی طرف نگاہ اُٹھائی' فرمایا: میری لختِ جگر فاطمہ کیوں رو رہی ہیں؟ حضرت سیّدہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: آپ کے بعد ضائع ہونے کا خوف ہے۔ آپ نے فرمایا: اے میری پیاری! کیا تمہیں معلوم نہیں ہے کہ اللہ عزوجل نے زمین پر دیکھا' ان میں سے تیرے باپ کو چنا' رسالت دے کر بھیجا' پھر دوسری دفعہ دیکھا تو ان میں سے تیرے شوہر کو چنا اور میری طرف وحی کی اس کا تجھ سے نکاح کرنے کی' اے فاطمہ! ہم گھر والوں کو اللہ عزوجل نے سات خصوصیات دی ہیں جو ہم سے پہلے کسی کو نہیں دی ہیں' نہ ہمارے بعد کسی کو دے گا' میں خاتم النبیین ہوں اور اللہ کے ہاں تمام انبیاء سے زیادہ عزت والا ہوں اور تمام مخلوق سے زیادہ محبوب ہوں' میں آپ کا والد ہوں' میرا وصی تمام وصیوں سے بہتر ہے اور اللہ کے ہاں محبوب ہیں' وہ تیرا شوہر ہے اور ہمارا شہید تمام شہداء سے بہتر ہے اور اللہ کا محبوب ہے' وہ آپ کا چچا حمزہ بن عبدالمطلب ہے (اس لحاظ سے کہ حضرت امیر حمزہ' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے رضاعی بھائی بھی تھے) اور آپ کے والد کا چچا ہے اور تیرے شوہر کا چچا ہے اور ہم میں سے

بَعَثَنِي بِالْحَقِّ إِنَّ مِنْهُمَا مَهْدِيَّ هَذِهِ الْأُمَّةِ إِذَا صَارَتِ الدُّنْيَا هَرْجًا وَمَرْجًا، وَتَظَاهَرَتِ الْفِتَنُ، وَتَقَطَّعَتِ السُّبُلُ، وَأَغَارَ بَعْضُهُمْ عَلَى بَعْضٍ، فَلَا كَبِيرَ يَرْحَمُ صَغِيرًا، وَلَا صَغِيرَ يُوَقِّرُ كَبِيرًا، فَيَبْعَثُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عِنْدَ ذَلِكَ مِنْهُمَا مَنْ يَفْتَتِحُ حُصُونَ الضَّلَالَةِ، وَقُلُوبًا غُلْفًا، يَقُومُ بِالدِّينِ فِي آخِرِ الزَّمَانِ كَمَا قُمْتُ بِهِ فِي أَوَّلِ الزَّمَانِ، وَيَمْلَأُ الدُّنْيَا عَدْلًا كَمَا مُلِئَتْ جَوْرًا، يَا فَاطِمَةُ لَا تَحْزَنِي وَلَا تَبْكِي؛ فَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ أَرْحَمُ بِكِ وَأَرْأَفُ عَلَيْكِ مِنِّي، وَذَلِكَ لِمَكَانِكِ مِنِّي، وَمَوْضِعِكِ مِنْ قَلْبِي، وَزَوَّجَكِ اللّٰهُ زَوْجَكِ وَهُوَ أَشْرَفُ أَهْلِ بَيْتِكِ حَسَبًا، وَأَكْرَمُهُمْ مَنْصِبًا، وَأَرْحَمُهُمْ بِالرَّعِيَّةِ، وَأَعْدَلُهُمْ بِالسَّوِيَّةِ، وَأَبْصَرُهُمْ بِالْقَضِيَّةِ، وَقَدْ سَأَلْتُ رَبِّي عَزَّ وَجَلَّ أَنْ تَكُونِي أَوَّلَ مَنْ يَلْحَقُنِي مِنْ أَهْلِ بَيْتِي . قَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: فَلَمَّا قُبِضَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ تَبْقَ فَاطِمَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا بَعْدَهُ إِلَّا خَمْسَةً وَسَبْعِينَ يَوْمًا حَتَّى أَلْحَقَهَا اللّٰهُ بِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ہے جس کے دو سبز پَر ہیں' ان کے ذریعے فرشتوں کے ساتھ اُڑتا ہے جہاں چاہتا ہے اور آپ کے والد کا چچازاد اور آپ کے شوہر کا بھائی ہے اور ہم میں سے اس امت کے دو سبط ہیں' وہ دونوں تیرے لختِ جگر حسن و حسین ہیں' دونوں جنتی نوجوانوں کے سردار ہیں' ان دونوں کے والد وہ ہیں وہ ذات جس نے مجھے حق کے ساتھ بھیجا ہے! جو دونوں سے بہتر ہیں' اے فاطمہ! وہ ذات جس نے مجھے حق کے ساتھ بھیجا ہے! اس اُمت میں ان دونوں سے مہدی ہو گا' جب دنیا میں قتل و غارت ہو گی' فتنے ہوں گے' سبھی راستے ختم ہوں گے' ایک دوسرے پر غارت کریں گے' بڑا چھوٹے پر اور چھوٹا بڑے پر رحم نہیں کرے گا۔ اللہ عزوجل اس وقت ان دونوں میں سے اس کو بھیجے گا جو گمراہی کے قلعے فتح کرے گا اور دلوں کی غفلت ختم کرے گا' آخری زمانہ میں دین کو ایسے قائم کرے گا جس طرح میں نے اوّل زمانہ میں قائم کیا تھا' دنیا کو انصاف سے بھرے گا جس طرح ظلم سے بھری ہوئی ہوگی' اے فاطمہ! پریشان نہ ہو اور رو نہیں! اللہ عزوجل آپ پر مجھ سے زیادہ رحم کرے گا اور نرمی کرے گا' اور یہ سب اس مقام و مرتبہ کی وجہ سے ہے' جو آپ کو مجھ سے حاصل ہے اور جو تیری جگہ میرے دل میں ہے' اللہ عزوجل نے جس بندے سے آپ کی شادی کے اسباب مہیا فرمائے ہیں' وہ آپ کے گھر والوں میں سے حسب کے لحاظ سے بندگی والا ہے اور منصب کے لحاظ سے بڑا عزت والا ہے' عوام پر

رحم کرنے والا ہے' برابری کرنے میں عدل کرنے والا ہے' فیصلہ کرنے میں بڑی بصیرت رکھنے والا ہے' میں نے اپنے رب سے یہ چیز مانگی ہے کہ میرے گھر والوں میں سے تُو مجھ سے پہلے ملے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب نبی کریم ﷺ کا وصال ہوا تو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا پچھتر دن زندہ رہیں' اس کے بعد اللہ عزوجل نے آپ کو آپ ﷺ کے ساتھ ملا دیا۔

**2610** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْبَرَاءِ، ثنا عَبْدُ الْمُنْعِمِ بْنُ اِدْرِيسَ بْنِ سِنَانٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ فِي قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: (اِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ، وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُونَ فِي دِينِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا، فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ اِنَّهُ كَانَ تَوَّابًا) (النصر: 2) ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ قَالَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا جِبْرِيلُ نَفْسِي قَدْ نُعِيَتْ . قَالَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ: الْآخِرَةُ خَيْرٌ لَكَ مِنَ الْاُولَى، وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضَى. فَاَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلَالًا اَنْ يُنَادِيَ بِالصَّلَاةِ جَامِعَةً، فَاجْتَمَعَ الْمُهَاجِرُونَ وَالْاَنْصَارُ اِلَى مَسْجِدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ صَعِدَ الْمِنْبَرَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَاَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ خَطَبَ خُطْبَةً وَجِلَتْ مِنْهَا الْقُلُوبُ وَبَكَتِ الْعُيُونُ، ثُمَّ قَالَ: اَيُّهَا النَّاسُ اَيُّ نَبِيٍّ كُنْتُ لَكُمْ؟ فَقَالُوا: جَزَاكَ اللّٰهُ

حضرت جابر بن عبداللہ اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے اللہ تعالیٰ کے اس قول کے بارے میں روایت ہے: ''جب اللہ تعالیٰ کی مدد آ گئی اور آپ نے لوگوں کو دیکھا کہ وہ فوج درفوج اللہ کے دین میں داخل ہو رہے ہیں تو اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کریں اور اس سے استغفار کریں' کیونکہ وہ توبہ قبول کرنے والا ہے''۔ فرمایا: جب یہ سورت نازل ہوئی تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ہر آنے والی گھڑی آپ کے لیے پہلی گھڑی سے بہتر ہے اور آپ کا رب آپ کو اتنا عطا فرمائے گا کہ آپ راضی ہو جائیں گے۔ تو رسول کریم ﷺ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ وہ نداء کر دیں کہ نماز تیار ہے۔ پس مہاجرین اور انصار مسجد نبوی شریف میں جمع ہو گئے' تو آپ نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء کی' پھر ایک مختصر سا خطبہ دیا جس سے لوگوں کے دل ڈرنے لگے اور آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے' پھر آپ نے فرمایا: اے لوگو! میں تمہارے لیے

مِنْ نَبِيٍّ خَيْرًا؛ فَلَقَدْ كُنْتَ بِنَا كَالْأَبِ الرَّحِيمِ، وَكَالْأَخِ النَّاصِحِ الْمُشْفِقِ، أَدَّيْتَ رِسَالَاتِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَأَبْلَغْتَنَا وَحْيَهُ، وَدَعَوْتَ إِلَى سَبِيلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ، فَجَزَاكَ اللّٰهُ عَنَّا أَفْضَلَ مَا جَازَى نَبِيًّا عَنْ أُمَّتِهِ. فَقَالَ لَهُمْ: مَعَاشِرَ الْمُسْلِمِينَ، أَنَا أَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ وَبِحَقِّي عَلَيْكُمْ، مَنْ كَانَتْ لَهُ قِبَلِي مَظْلَمَةٌ فَلْيَقُمْ فَلْيَقْتَصَّ مِنِّي. فَلَمْ يَقُمْ إِلَيْهِ أَحَدٌ، فَنَاشَدَهُمُ الثَّانِيَةَ، فَلَمْ يَقُمْ إِلَيْهِ أَحَدٌ، فَنَاشَدَهُمُ الثَّالِثَةَ: مَعَاشِرَ الْمُسْلِمِينَ أَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ وَبِحَقِّي عَلَيْكُمْ مَنْ كَانَتْ لَهُ قِبَلِي مَظْلَمَةٌ فَلْيَقُمْ فَلْيَقْتَصَّ مِنِّي قَبْلَ الْقِصَاصِ فِي الْقِيَامَةِ. فَقَامَ مِنْ بَيْنِ الْمُسْلِمِينَ شَيْخٌ كَبِيرٌ يُقَالُ لَهُ عُكَّاشَةُ، فَتَخَطَّى الْمُسْلِمِينَ حَتَّى وَقَفَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: فِدَاكَ أَبِي وَأُمِّي، لَوْلَا أَنَّكَ نَاشَدْتَنَا مَرَّةً بَعْدَ أُخْرَى مَا كُنْتُ بِالَّذِي يُقْدِمُ عَلَى شَيْءٍ مِنْ هَذَا، كُنْتُ مَعَكَ فِي غَزَاةٍ، فَلَمَّا فَتَحَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَيْنَا وَنَصَرَ نَبِيَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكُنَّا فِي الِانْصِرَافِ حَاذَتْ نَاقَتِي نَاقَتَكَ فَنَزَلْتُ عَنِ النَّاقَةِ، وَدَنَوْتُ مِنْكَ لِأُقَبِّلَ فَخِذَكَ، فَرَفَعْتَ الْقَضِيبَ فَضَرَبْتَ خَاصِرَتِي، وَلَا أَدْرِي أَكَانَ عَمْدًا مِنْكَ، أَمْ أَرَدْتَ ضَرْبَ النَّاقَةِ. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أُعِيذُكَ بِجَلَالِ اللّٰهِ أَنْ يَتَعَمَّدَكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالضَّرْبِ، يَا بِلَالُ انْطَلِقْ إِلَى مَنْزِلِ فَاطِمَةَ وَائْتِنِي

کون سا نبی ہوں؟ تو انہوں نے کہا: اللہ تعالیٰ اپنی طرف سے آپ کو اچھی جزاء دے! پس آپ ہمارے لیے مہربان باپ کی طرح اور شفقت کرنے والے مخلص بھائی کی طرح ہیں' آپ نے اللہ تعالیٰ کے پیغامات پہنچانے کا مخلص حق ادا کر دیا اور اللہ تعالیٰ کی وحی کو ہم تک پہنچایا' آپ نے اپنے رب کے راستے کی طرف حکمت اور اچھی نصیحت کے ساتھ دعوت دی' اللہ تعالیٰ ہماری طرف سے آپ کو اس سے افضل جزاء عطاء فرمائے! جو اُس نے کسی نبی کو اس کی امت کی طرف سے عطا فرمائی ہے۔ پس آپ نے اُن سے فرمایا: اے مسلمانوں کے گروہ! میں تمہیں اللہ اور اپنے اس حق کی قسم دیتا ہوں جو میرا تمہارے اوپر ہے' جس آدمی پر میری طرف سے کوئی ظلم ہوا ہے' اُسے چاہیے کہ اُٹھے اور مجھ سے اس کا بدلہ لے لے۔ راوی کا بیان ہے: کوئی آدمی بھی نہ اُٹھا تو آپ نے ان کو دوسری بار قسم دی تو بھی کوئی آدمی اُٹھ کر آپ کی طرف نہ گیا تو آپ نے تیسری مرتبہ قسم دی: اے مسلمانوں کے گروہ! میری طرف سے جس پر کوئی ظلم ہوا ہے اسے چاہیے کہ وہ اُٹھے اور قیامت میں بدلہ لینے سے پہلے ابھی مجھ سے بدلہ لے لے۔ تو مسلمانوں کے درمیان سے ایک بوڑھا آدمی اُٹھا جس کو عکاشہ کہا جاتا تھا' اس نے مسلمانوں کے پاس سے لکیر کھینچنا شروع کی یہاں تک کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے جا کھڑا ہوا اور عرض کی: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! آپ کیوں

بِالْقَضِيبِ الْمَمْشُوقِ . فَخَرَجَ بِلَالٌ مِنَ الْمَسْجِدِ وَيَدُهُ عَلَى أُمِّ رَأْسِهِ، وَهُوَ يُنَادِي: هٰذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْطِي الْقِصَاصَ مِنْ نَفْسِهِ. فَقَرَعَ الْبَابَ عَلَى فَاطِمَةَ، فَقَالَ: يَا بِنْتَ رَسُولِ اللّٰهِ نَاوِلِينِي الْقَضِيبَ الْمَمْشُوقَ. فَقَالَتْ فَاطِمَةُ: يَا بِلَالُ وَمَا يَصْنَعُ أَبِي بِالْقَضِيبِ وَلَيْسَ هٰذَا يَوْمَ حَجٍّ وَلَا يَوْمَ غَزَاةٍ؟ فَقَالَ: يَا فَاطِمَةُ مَا أَغْفَلَكِ عَمَّا فِيهِ أَبُوكِ، إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوَدِّعُ الدِّينَ وَيُفَارِقُ الدُّنْيَا، وَيُعْطِي الْقِصَاصَ مِنْ نَفْسِهِ. فَقَالَتْ فَاطِمَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا: يَا بِلَالُ وَمَنْ ذَا الَّذِي تَطِيبُ نَفْسُهُ أَنْ يَقْتَصَّ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ يَا بِلَالُ فَقُلْ لِلْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ يَقُومَانِ إِلَى هٰذَا الرَّجُلِ فَيَقْتَصُّ مِنْهُمَا، وَلَا يَدَعَانِهِ يَقْتَصُّ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. فَدَخَلَ بِلَالٌ الْمَسْجِدَ، وَدَفَعَ الْقَضِيبَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَدَفَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقَضِيبَ إِلَى عُكَّاشَةَ، فَلَمَّا نَظَرَ أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا إِلَى ذٰلِكَ، قَامَا فَقَالَا: يَا عُكَّاشَةُ هٰذَانِ نَحْنُ بَيْنَ يَدَيْكَ فَاقْتَصَّ مِنَّا، وَلَا تَقْتَصَّ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . فَقَالَ لَهُمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: امْضِ يَا أَبَا بَكْرٍ وَأَنْتَ يَا عُمَرُ، فَامْضِ فَقَدْ عَرَفَ اللّٰهُ مَكَانَكُمَا وَمَقَامَكُمَا . فَقَامَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ، فَقَالَ: يَا عُكَّاشَةُ أَنَا فِي الْحَيَاةِ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى

بار بار ہمیں قسمیں دے رہے ہیں' میں کسی شی پر اس سے اقدام نہیں کرتا' میں ایک جنگ میں آپ کے ساتھ تھا' جب اللہ تعالیٰ نے ہمیں فتح عطا فرمائی تھی اور اپنے نبی کی مدد فرمائی تھی اور ہم لوٹ رہے تھے' میری اونٹنی آپ کی اونٹنی کے قریب ہوئی اور میں آپ کے قریب ہوا تا کہ آپ کی ران کو بوسہ دوں' آپ نے ڈنڈا اُٹھایا اور میری پیٹھ پر مارا' مجھے معلوم نہیں کہ آپ نے مجھے جان بوجھ کر مارا یا اونٹنی کو مارنے کا ارادہ کیا (اور مجھے لگ گیا) پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں اللہ کے جلال کی پناہ چاہتا ہوں کہ اللہ کے رسول تجھے جان بوجھ کر ماریں! اے بلال! فاطمہ کے گھر جاؤ اور وہی والا پتلا لمبا ڈنڈا لے کے آؤ۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ مسجد سے نکلے اس حال میں کہ ان کا ہاتھ ان کے سر پر تھا اور وہ بلند آواز سے نداء دے رہے تھے: یہ اللہ کے رسول ہیں جو اپنی طرف سے قصاص عطا فرما رہے ہیں' انہوں نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہ کا دروازہ کھٹکھٹایا اور عرض کی: اے اللہ کے رسول کی بیٹی! مجھے وہی لمبا ڈنڈا عطا فرمائیں! تو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اے بلال! میرے والد گرامی ڈنڈے سے کیا کرنا چاہتے ہیں؟ نہ تو یہ حج کا دن ہے اور نہ ہی کسی جنگ کا دن ہے؟ آپ نے عرض کی: اے فاطمہ! آپ کے والد گرامی اس حالت میں آپ خوب جانتی ہیں بے شک رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دین کو الوداع کہہ رہے ہیں اور دنیا سے جدائی اختیار فرما رہے ہیں اور اپنی طرف سے قصاص

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَا تَطِيبُ نَفْسِي اَنْ يُضْرَبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَهٰذَا ظَهْرِي وَبَطْنِي، اقْتَصَّ مِنِّي بِيَدِكَ وَاجْلِدْنِي مِئَةً، وَلَا تَقْتَصَّ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَلِيُّ اقْعُدْ فَقَدْ عَرَفَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مَقَامَكَ وَنِيَّتَكَ . وَقَامَ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فَقَالَا: يَا عُكَّاشَةُ اَلَيْسَ تَعْلَمُ اَنَّا سِبْطَا رَسُولِ اللّٰهِ؟ فَالْقِصَاصُ مِنَّا كَالْقِصَاصِ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . فَقَالَ لَهُمَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْعُدَا يَا قُرَّةَ عَيْنِي، لَا نَسِيَ اللّٰهُ لَكُمَا هٰذَا الْمَقَامَ . ثُمَّ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عُكَّاشَةُ اضْرِبْ اِنْ كُنْتَ ضَارِبًا . فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ضَرَبْتَنِي وَاَنَا حَاسِرٌ عَنْ بَطْنِي . فَكَشَفَ عَنْ بَطْنِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَصَاحَ الْمُسْلِمُونَ بِالْبُكَاءِ، وَقَالُوا: اَتُرَى عُكَّاشَةُ ضَارِبٌ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَلَمَّا نَظَرَ عُكَّاشَةُ اِلَى بَيَاضِ بَطْنِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَاَنَّهُ الْقَبَاطِيُّ، لَمْ يَمْلِكْ اَنْ كَبَّ عَلَيْهِ وَقَبَّلَ بَطْنَهُ، وَهُوَ يَقُولُ: فِدَاءٌ لَكَ اَبِي وَاُمِّي، وَمَنْ تُطِيقُ نَفْسُهُ اَنْ يَقْتَصَّ مِنْكَ؟ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِمَّا اَنْ تَضْرِبَ، وَاِمَّا اَنْ تَعْفُوَ . فَقَالَ: قَدْ عَفَوْتُ عَنْكَ رَجَاءَ اَنْ يَعْفُوَ اللّٰهُ عَنِّي فِي الْقِيَامَةِ . فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَرَادَ اَنْ يَنْظُرَ اِلَى رَفِيقِي فِي الْجَنَّةِ فَلْيَنْظُرْ اِلَى هٰذَا الشَّيْخِ . فَقَامَ



عطا فرمانا چاہتے ہیں۔ تو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اے بلال! وہ کون آدمی ہے جس کو پسند ہے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بدلہ لے؟ اے بلال! حسن وحسین سے کہو کہ وہ اُٹھ کر اس آدمی کے سامنے کھڑے ہو جائیں اور وہ اس سے بدلہ لے لے اور وہ اس کو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بدلہ نہ لینے دیں۔ تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ ڈنڈا لے کر مسجد میں داخل ہوئے اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حوالے کر دیا اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وہ ڈنڈا حضرت عکاشہ رضی اللہ عنہ کو دے دیا' پس جب حضرت ابوبکر اور عمر رضی اللہ عنہما کی اس طرف نظر پڑی تو وہ دونوں کھڑے ہو گئے اور کہا: اے عکاشہ! یہ ہم دونوں آپ کے سامنے ہیں' تو ہم سے کہا: جس نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے قصاص نہ لے' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے لیے فرمایا: اے ابوبکر! آپ جائیں اور اے عمر! آپ بھی جائیں' اللہ تعالیٰ آپ دونوں کے مقام و مرتبہ کو پہچانتا ہے' اس کے بعد حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور کہا: اے عکاشہ! میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے ہوں' میرا دل نہیں کرتا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ضرب لگے' یہ میری پیٹھ اور پیٹ حاضر ہے' وہ اپنے ہاتھ کے ساتھ مجھ سے قصاص لے اور مجھے سو کوڑے مار لیکن رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے قصاص نہ لے' تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے علی! آپ بیٹھ جائیں! اللہ تعالیٰ آپ کے مقام اور نیت کو پہچانتا ہے۔ اس کے بعد حضرت امام حسن اور حسین رضی اللہ

الْمُسْلِمُونَ، فَجَعَلُوا يُقَبِّلُونَ مَا بَيْنَ عَيْنَيْ عُكَّاشَةَ، وَيَقُولُونَ: طُوبَاكَ طُوبَاكَ، نِلْتَ الدَّرَجَاتِ الْعُلَى وَمُرَافَقَةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. فَمَرِضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ يَوْمِهِ، فَكَانَ مَرِيضًا ثَمَانِيَةَ عَشَرَ يَوْمًا يَعُودُهُ النَّاسُ، وَكَانَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وُلِدَ يَوْمَ الِاثْنَيْنِ، وَبُعِثَ يَوْمَ الِاثْنَيْنِ، وَقُبِضَ يَوْمَ الِاثْنَيْنِ، فَلَمَّا كَانَ فِي يَوْمِ الْاَحَدِ ثَقُلَ فِي مَرَضِهِ، فَاَذَّنَ بِلَالٌ بِالْاَذَانِ، ثُمَّ وَقَفَ بِالْبَابِ فَنَادَى: السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، الصَّلَاةَ رَحِمَكَ اللّٰهُ. فَسَمِعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَوْتَ بِلَالٍ، فَقَالَتْ فَاطِمَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا: يَا بِلَالُ اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْيَوْمَ مَشْغُولٌ بِنَفْسِهِ. فَدَخَلَ بِلَالٌ الْمَسْجِدَ، فَلَمَّا اَسْفَرَ الصُّبْحُ، قَالَ: وَاللّٰهِ لَا اُقِيمُهَا اَوْ اَسْتَاْذِنَ سَيِّدِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. فَرَجَعَ فَقَامَ بِالْبَابِ وَنَادَى: السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُولَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، الصَّلَاةَ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ. فَسَمِعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَوْتَ بِلَالٍ، فَقَالَ: ادْخُلْ يَا بِلَالُ اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَشْغُولٌ بِنَفْسِهِ، مُرْ اَبَا بَكْرٍ يُصَلِّ بِالنَّاسِ. فَخَرَجَ وَيَدُهُ عَلَى اُمِّ رَاْسِهِ، وَهُوَ يَقُولُ: وَاغَوْثَا بِاللّٰهِ، وَانْقِطَاعَ رَجَائِهِ، وَانْقِطَاعَ رَجَائِهِ، وَانْقِصَامَ ظَهْرِي، لَيْتَنِي لَمْ تَلِدْنِي اُمِّي، وَاِذْ وَلَدَتْنِي لَمْ اَشْهَدْ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا الْيَوْمَ. ثُمَّ

عنہ کھڑے ہوئے اور کہا: اے عکاشہ! کیا تو نہیں جانتا ہے کہ ہم دونوں رسول کریم ﷺ کے نواسے ہیں؟ پس ہم سے بدلہ لینا رسول کریم ﷺ سے بدلہ لینے کی طرح ہے۔ تو رسول کریم ﷺ نے ان دونوں کو فرمایا: اے میری آنکھوں کی ٹھنڈک! بیٹھ جایئے! اللہ تعالیٰ کو آپ کے اس مقام سے بھول نہیں ہے۔ پھر نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اے عکاشہ! اگر تو نے مارنا ہے تو مارو! تو اس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ نے مجھے اس حال میں مارا کہ میرا پیٹ ننگا تھا! تو نبی کریم ﷺ نے اپنے پیٹ سے کپڑا ہٹا دیا' یہ دیکھ کر مسلمانوں کی چیخیں نکل گئیں اور سب نے مل کر کہا: اے عکاشہ! کیا تو رسول کریم ﷺ کو مارے گا! تو حضرت عکاشہ رضی اللہ عنہ کی نظر حضور ﷺ کے پیٹ کی سفیدی پر پڑی گویا کہ وہ سونے کی ڈلی ہے' وہ اپنے آپ پر قابو نہ رکھ سکے' آپ پر جھک گئے اور آپ کے پیٹ مبارک کو بوسہ دیا اور زبان سے کہہ رہے تھے: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہو جائیں! کس اُمتی میں طاقت ہے کہ آپ سے قصاص لے؟ نبی کریم ﷺ نے اس سے فرمایا: تمہیں دو کاموں میں سے ایک کام ضرور کرنا ہوگا' یا تم ڈنڈا مارو گے یا معاف کرو گے؟ اس نے عرض کی: میں نے آپ کو معاف کیا اس اُمید پر کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن مجھے معاف فرمائے گا۔ تو نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس کا ارادہ ہو کہ وہ جنت میں میرا رفیق دیکھے' اسے چاہیے کہ

قَالَ: يَا اَبَا بَكْرٍ، اَلَا اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَكَ اَنْ تُصَلِّيَ بِالنَّاسِ. فَتَقَدَّمَ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لِلنَّاسِ، وَكَانَ رَجُلًا رَقِيقًا، فَلَمَّا نَظَرَ اِلَى خَلْوَةِ الْمَكَانِ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَتَمَالَكْ اَنْ خَرَّ مَغْشِيًّا عَلَيْهِ، وَصَاحَ الْمُسْلِمُونَ بِالْبُكَاءِ، فَسَمِعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَجِيجَ النَّاسِ، فَقَالَ: مَا هَذِهِ الضَّجَّةُ؟، قَالُوا: ضَجَّةُ الْمُسْلِمِينَ لِفَقْدِكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ . فَدَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيَّ بْنَ اَبِي طَالِبٍ وَابْنَ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، فَاتَّكَاَ عَلَيْهِمَا، فَخَرَجَ اِلَى الْمَسْجِدِ، فَصَلَّى بِالنَّاسِ رَكْعَتَيْنِ خَفِيفَتَيْنِ، ثُمَّ اَقْبَلَ بِوَجْهِهِ الْمَلِيحِ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِينَ، اَسْتَوْدِعُكُمُ اللّٰهَ، اَنْتُمْ فِي رَجَاءِ اللّٰهِ وَاَمَانِهِ، وَاللّٰهُ خَلِيفَتِي عَلَيْكُمْ، مَعَاشِرَ الْمُسْلِمِينَ، عَلَيْكُمْ بِاتِّقَاءِ اللّٰهِ وَحِفْظِ طَاعَتِهِ مِنْ بَعْدِي، فَاِنِّي مُفَارِقُ الدُّنْيَا، هَذَا اَوَّلُ يَوْمٍ مِنَ الْآخِرَةِ، وَآخِرُ يَوْمٍ مِنْ اَيَّامِ الدُّنْيَا . فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ الِاثْنَيْنِ اشْتَدَّ بِهِ الْاَمْرُ، وَاَوْحَى اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اِلَى مَلَكِ الْمَوْتِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنِ اهْبِطْ اِلَى حَبِيبِي وَصَفِيِّي مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي اَحْسَنِ صُورَةٍ، وَارْفُقْ بِهِ فِي قَبْضِ رُوحِهِ، فَهَبَطَ مَلَكُ الْمَوْتِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَقَفَ بِالْبَابِ شِبْهَ اَعْرَابِيٍّ، ثُمَّ قَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَهْلَ بَيْتِ النُّبُوَّةِ، وَمَعْدِنَ الرِّسَالَةِ، وَمُخْتَلَفَ الْمَلَائِكَةِ، اَدْخُلُ؟ فَقَالَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا لِفَاطِمَةَ:

اس بوڑھے آدمی کو دیکھ لے۔ مسلمان اُٹھے اور حضرت عکاشہ رضی اللہ عنہ کی دونوں آنکھوں کے درمیان بوسے دینے لگے اور زبان سے کہہ رہے تھے: آپ کو مبارک ہو! آپ کو مبارک ہو! تُو بلند درجات پانے میں کامیاب ہوگیا اور نبی کریم ﷺ کی رفاقت حاصل کر لی۔ رسول کریم ﷺ اسی دن سے بیمار ہوئے اور اٹھارہ دن بیماری کی حالت میں گزر گئے' لوگ آپ کی بیمار پرسی کرتے رہے' نبی کریم ﷺ سوموار کے دن پیدا ہوئے اور سوموار کے دن ہی بعثت ہوئی اور سوموار کے دن ہی آپ کا وصال ہوا' پس جب ہفتے کا دن آیا تو آپ کی مرض میں اضافہ ہوگیا تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اذان دی پھر دروازے پر آ کر کھڑے ہوئے اور نداء دینے لگے: السلام علیک یا رسول اللہ ورحمۃ اللہ الصلوٰۃ رحمک اللہ! (اے اللہ کے رسول! آپ پر سلام ہو اور اللہ کی رحمت ہو! نماز کا وقت ہوگیا ہے' اللہ آپ پر رحم فرمائے)۔ پس حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی آواز سنی تو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اے بلال! رسول کریم ﷺ کو آج اپنی جان کا خیال ہے' تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ مسجد میں چلے گئے' پس جب صبح خوب روشن ہوگئی تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ کی قسم! میں اس وقت تک اقامت نہیں پڑھوں گا جب تک اپنے آقا رسول اللہ ﷺ سے اجازت نہ لے لوں' پس وہ لوٹے اور نبی کریم ﷺ کے دروازے پر آئے' نداء دی: اے اللہ کے رسول!

اَجِيبِي الرَّجُلَ. فَقَالَتْ فَاطِمَةُ: آجَرَكَ اللّٰهُ فِي مَمْشَاكَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ، اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَشْغُولٌ بِنَفْسِهِ. فَدَعَا الثَّانِيَةَ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ: يَا فَاطِمَةُ اَجِيبِي الرَّجُلَ. فَقَالَتْ فَاطِمَةُ: آجَرَكَ اللّٰهُ فِي مَمْشَاكَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ، اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ مَشْغُولٌ بِنَفْسِهِ. ثُمَّ دَعَا الثَّالِثَةَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَهْلَ بَيْتِ النُّبُوَّةِ، وَمَعْدِنَ الرِّسَالَةِ، وَمُخْتَلَفَ الْمَلَائِكَةِ، اَاَدْخُلُ؟ فَلَابُدَّ مِنَ الدُّخُولِ. فَسَمِعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَوْتَ مَلَكِ الْمَوْتِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا فَاطِمَةُ مَنْ بِالْبَابِ؟ فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ رَجُلًا بِالْبَابِ يَسْتَاْذِنُ فِي الدُّخُولِ، فَاَجَبْنَاهُ مَرَّةً بَعْدَ اُخْرَى، فَنَادَى فِي الثَّالِثَةِ صَوْتًا اقْشَعَرَّ مِنْهُ جِلْدِي، وَارْتَعَدَتْ فَرَائِصِي. فَقَالَ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا فَاطِمَةُ، اَتَدْرِينَ مَنْ بِالْبَابِ؟ هَذَا هَادِمُ اللَّذَّاتِ، وَمُفَرِّقُ الْجَمَاعَاتِ، هَذَا مُرَمِّلُ الْاَزْوَاجِ، وَمُوتِمُ الْاَوْلَادِ، هَذَا مُخَرِّبُ الدُّورِ، وَعَامِرُ الْقُبُورِ، هَذَا مَلَكُ الْمَوْتِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ادْخُلْ رَحِمَكَ اللّٰهُ يَا مَلَكَ الْمَوْتِ. فَدَخَلَ مَلَكُ الْمَوْتِ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا مَلَكَ الْمَوْتِ، جِئْتَنِي زَائِرًا اَمْ قَابِضًا؟ قَالَ: جِئْتُكَ زَائِرًا وَقَابِضًا، وَاَمَرَنِي اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اَنْ لَا اَدْخُلَ عَلَيْكَ اِلَّا بِاِذْنِكَ، وَلَا اَقْبِضَ رُوحَكَ اِلَّا بِاِذْنِكَ، فَاِنْ اَذِنْتَ وَاِلَّا رَجَعْتُ اِلَى رَبِّي

آپ پر سلام ہو اور اس کی رحمت اور اس کی برکتیں، نماز تیار ہے اللہ آپ پر رحم فرمائے۔ پس رسول کریم ﷺ نے آواز سنی تو فرمایا: اے بلال! داخل ہو جا! بے شک رسول کریم ﷺ کو اپنی جان کا خیال ہے اور ابوبکر کو کہو کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائے، پس وہ اس حال میں نکلے کہ انہوں نے اپنا ہاتھ سر کی چوٹی پر رکھا ہوا تھا اور زبان سے کہہ رہے تھے: ہائے اللہ کی مدد! آپ ﷺ کے اس دنیا پر رہنے کی اُمید ختم ہو گئی، اس دنیا پر رہنے کی اُمید ختم ہو گئی اور میری کمر ٹوٹ گئی، کاش! مجھے میری ماں نے نہ جنا ہوتا اور جب میری ماں نے مجھے جنا تھا تو آج کا دن رسول کریم ﷺ کے پاس حاضر نہ ہوتا، یعنی فوت ہو گیا ہوتا۔ پھر کہا: اے ابوبکر! خبردار! رسول کریم ﷺ نے آپ کو حکم دیا ہے کہ آپ لوگوں کو نماز پڑھائیں۔ پس حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ لوگوں کو نماز پڑھانے کے لیے آگے ہوئے، وہ نرم دل آدمی تھے جب ان کی نظر اس جگہ پر پڑی جہاں رسول کریم ﷺ موجود ہوتے تھے تو وہ خالی تھی، آپ اپنے آپ پر قابو نہ رکھ سکے، غش کھا کر گر پڑے، مسلمانوں کی چیخیں نکل گئیں۔ رسول کریم ﷺ نے لوگوں کا شور سنا تو فرمایا: یہ شور کیسا ہے؟ انہوں نے کہا: مسلمانوں کا شور ہے، آپ کے ان کے پاس نہ ہونے کی وجہ سے اے اللہ کے رسول!۔ نبی کریم ﷺ نے حضرت علی اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم کو بلایا، دونوں کے کندھوں پر ہاتھ رکھ کر آپ مسجد میں تشریف لے گئے

عَزَّ وَجَلَّ. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا مَلَكَ الْمَوْتِ، اَيْنَ خَلَّفْتَ حَبِيبِي جِبْرِيلَ؟ قَالَ: خَلَّفْتُهُ فِي السَّمَاءِ الدُّنْيَا وَالْمَلَائِكَةُ يُعَزُّونَهُ فِيكَ، فَمَا كَانَ بِاَسْرَعِ اَنْ اَتَاهُ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، فَقَعَدَ عِنْدَ رَاْسِهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا جِبْرِيلُ، هٰذَا الرَّحِيلُ مِنَ الدُّنْيَا، فَبَشِّرْنِي مَا لِي عِنْدَ اللّٰهِ؟ قَالَ: اُبَشِّرُكَ يَا حَبِيبَ اللّٰهِ اَنِّي قَدْ تَرَكْتُ اَبْوَابَ السَّمَاءِ قَدْ فُتِحَتْ، وَالْمَلَائِكَةَ قَدْ قَامُوا صُفُوفًا صُفُوفًا بِالتَّحِيَّةِ وَالرَّيْحَانِ يُحَيُّونَ رُوحَكَ يَا مُحَمَّدُ. فَقَالَ: لِوَجْهِ رَبِّيَ الْحَمْدُ، وَبَشِّرْنِي يَا جِبْرِيلُ. قَالَ: اُبَشِّرُكَ اَنَّ اَبْوَابَ الْجِنَانِ قَدْ فُتِحَتْ، وَاَنْهَارَهَا قَدِ اطَّرَدَتْ، وَاَشْجَارَهَا قَدْ تَدَلَّتْ، وَحُورَهَا قَدْ تَزَيَّنَتْ لِقُدُومِ رُوحِكَ يَا مُحَمَّدُ. قَالَ: لِوَجْهِ رَبِّيَ الْحَمْدُ، فَبَشِّرْنِي يَا جِبْرِيلُ. قَالَ: اَنْتَ اَوَّلُ شَافِعٍ وَاَوَّلُ مُشَفَّعٍ فِي الْقِيَامَةِ. قَالَ: لِوَجْهِ رَبِّيَ الْحَمْدُ. قَالَ جِبْرِيلُ: يَا حَبِيبِي، عَمَّ تَسْاَلُنِي؟ قَالَ: اَسْاَلُكَ عَنْ غَمِّي وَهَمِّي، مَنْ لِقُرَّاءِ الْقُرْآنِ مِنْ بَعْدِي؟ مَنْ لِصَوْمِ شَهْرِ رَمَضَانَ مِنْ بَعْدِي؟ مَنْ لِحَاجِّ بَيْتِ اللّٰهِ الْحَرَامِ مِنْ بَعْدِي؟ مَنْ لِاُمَّتِي الْمُصْفَاةِ مِنْ بَعْدِي؟ قَالَ: اَبْشِرْ يَا حَبِيبَ اللّٰهِ، فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُولُ: قَدْ حَرَّمْتُ الْجَنَّةَ عَلَى جَمِيعِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْاُمَمِ حَتّٰى تَدْخُلَهَا اَنْتَ وَاُمَّتُكَ يَا مُحَمَّدُ. قَالَ: الْآنَ طَابَتْ نَفْسِي، اِذَنْ يَا مَلَكَ الْمَوْتِ فَانْتَهِ اِلَى مَا اُمِرْتَ. فَقَالَ عَلِيٌّ

لوگوں کو مختصر سی دو رکعتیں پڑھائیں' پھر اپنا خوبصورت چہرہ اُن کی طرف کیا اور فرمایا: اے مسلمانوں کے گروہ! میں آپ لوگوں کو اللہ کے سپرد کرتا ہوں' تم اللہ تعالیٰ کی اُمید اور اس کی امان میں ہو' اللہ ہی تمہارا محافظ ہے' اے مسلمانوں کے گروہ! تمہارے اوپر اللہ سے ڈرنا لازم ہے اور میرے بعد اس کی اطاعت کی حفاظت بھی ضروری ہے کیونکہ میں دنیا کو چھوڑنے والا ہوں' آج آخرت کا پہلا دن ہے اور دنیا کا آخری دن ہے۔ پس جب سوموار کا دن آیا تو آپ کی بیماری میں اضافہ ہو گیا' اللہ تعالیٰ نے ملک الموت کی طرف وحی فرمائی کہ میرے حبیب اور میرے چنے ہوئے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف چلے جاؤ اور انتہائی خوبصورت شکل اختیار کر کے حاضری دینا اور آپ کی روح قبض کرنے میں بہت زیادہ نرمی سے کام لینا' پس حضرت ملک الموت زمین پر اُترے' ایک اعرابی کی طرح آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دروازے پر آ کر کھڑے ہو گئے' پھر عرض کرنے لگے: السلام علیکم! اے نبوت کے گھر والو! معدنِ رسالت اور فرشتوں کے بار بار آنے جانے کی جگہ! کیا مجھے اندر آنے کی اجازت ہے؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے کہا: آدمی کو جواب دو! تو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہ نے کہا: اے اللہ کے بندے! اللہ تجھے ہر قدم پر اجر عطا فرمائے! رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنی جان کا خیال ہے۔ اس نے دوبارہ صدا دی تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے کہا: اس

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِذَا اَنْتَ قُبِضْتَ فَمَنْ يُغَسِّلُكَ؟ وَفِيمَ نُكَفِّنُكَ؟ وَمَنْ يُصَلِّي عَلَيْكَ؟ وَمَنْ يَدْخُلُ الْقَبْرَ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَلِيُّ اَمَّا الْغُسْلُ فاغْسِلْنِي اَنْتَ، وَالْفَضْلُ بْنُ عَبَّاسٍ يَصُبُّ عَلَيْكَ الْمَاءَ، وَجِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ ثَالِثُكُمَا، فَاِذَا اَنْتُمْ فَرَغْتُمْ مِنْ غُسْلِي فَكَفِّنُونِي فِي ثَلَاثَةِ اَثْوَابٍ جُدُدٍ، وَجِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ يَاْتِينِي بِحَنُوطٍ مِنَ الْجَنَّةِ، فَاِذَا اَنْتُمْ وَضَعْتُمُونِي عَلَى السَّرِيرِ فَضَعُونِي فِي الْمَسْجِدِ وَاخْرُجُوا عَنِّي، فَاِنَّ اَوَّلَ مَنْ يُصَلِّي عَلَيَّ الرَّبُّ عَزَّ وَجَلَّ مِنْ فَوْقِ عَرْشِهِ، ثُمَّ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، ثُمَّ مِيكَائِيلُ، ثُمَّ اِسْرَافِيلُ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ، ثُمَّ الْمَلَائِكَةُ زُمَرًا زُمَرًا، ثُمَّ ادْخُلُوا، فَقُومُوا صُفُوفًا لَا يَتَقَدَّمْ عَلَيَّ اَحَدٌ . فَقَالَتْ فَاطِمَةُ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهَا: الْيَوْمَ الْفِرَاقُ، فَمَتَى اَلْقَاكَ؟ فَقَالَ لَهَا: يَا بُنَيَّةُ، تَلْقَيْنَنِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ عِنْدَ الْحَوْضِ وَاَنَا اَسْقِي مَنْ يَرِدُ عَلَى الْحَوْضِ مِنْ اُمَّتِي . قَالَتْ: فَاِنْ لَمْ اَلْقَكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: تَلْقَيْنَنِي عِنْدَ الْمِيزَانِ وَاَنَا اَشْفَعُ لِاُمَّتِي . قَالَتْ: فَاِنْ لَمْ اَلْقَكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: تَلْقَيْنَنِي عِنْدَ الصِّرَاطِ وَاَنَا اُنَادِي رَبِّي سَلِّمْ اُمَّتِي مِنَ النَّارِ . فَدَنَا مَلَكُ الْمَوْتِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَالِجُ قَبْضَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا بَلَغَ الرُّوحُ الرُّكْبَتَيْنِ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَوِهْ . فَلَمَّا بَلَغَ الرُّوحُ السُّرَّةَ نَادَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

آدمی کو جواب دو! حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کہا: اے اللہ کے بندے! اللہ تعالیٰ تجھے ہر قدم پر اجر عطا فرمائے! رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنی جان کا خیال ہے تھوڑی دیر گزرنے کے بعد اس نے پھر صدا دی: کیا میں داخل ہوسکتا ہوں؟ مجھے ضرور داخل ہونا ہے۔ تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عزرائیل علیہ السلام کی آواز سن لی‘ فرمایا: اے فاطمہ! دروازے پر کون ہے؟ انہوں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ایک آدمی دروازے پر اندر آنے کی اجازت مانگ رہا ہے‘ ہم نے اسے دو مرتبہ جواب دیا ہے تو اس نے تیسری بار صدا دی جس سے میری جان کانپنے لگی۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے فاطمہ! کیا تو جانتی ہے دروازے پر کون ہے؟ یہ لذتوں کو ختم کرنے والا ہے‘ جماعتوں کو بکھیرنے والا ہے‘ یہ عورتوں کو بیوہ کرنے والا‘ بچوں کو یتیم کرنے والا ہے‘ یہ گھروں کو بے آباد اور قبروں کو آباد کرنے والا ہے‘ یہ ملک الموت ہے۔ فرمایا: اے ملک الموت! اللہ آپ پر رحم کرے! داخل ہو جاؤ۔ پس ملک الموت‘ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آئے تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے ملک الموت! تم صرف میری زیارت کرنے کے لیے آئے ہو یا جان قبض کرنے کیلئے؟ اُس نے عرض کی: میں دونوں کام کرنے کیلئے آپ کے پاس آیا ہوں‘ مجھے اللہ تعالیٰ نے حکم دیا کہ میں آپ کی اجازت کے بغیر آپ کے پاس داخل نہ ہوں اور آپ کی روح آپ کی اجازت کے بغیر نہ

وَاكَرْبَاهُ . فَقَالَتْ فَاطِمَةُ عَلَيْهَا السَّلَامُ: كَرْبِي يَا اَبَتَاهُ. فَلَمَّا بَلَغَ الرُّوحُ اِلَى الثُّنْدُوَةِ نَادَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا جِبْرِيلُ، مَا اَشَدَّ مَرَارَةَ الْمَوْتِ . فَوَلَّى جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَجْهَهُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا جِبْرِيلُ، كَرِهْتَ النَّظَرَ اِلَيَّ؟ فَقَالَ جِبْرِيلُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا حَبِيبِي، وَمَنْ تُطِيقُ نَفْسُهُ اَنْ يَنْظُرَ اِلَيْكَ وَاَنْتَ تُعَالِجُ سَكَرَاتِ الْمَوْتِ؟ فَقُبِضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَغَسَّلَهُ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ، وَابْنُ عَبَّاسٍ يَصُبُّ عَلَيْهِ الْمَاءَ، وَجِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ مَعَهُمَا، وَكُفِّنَ بِثَلَاثَةِ اَثْوَابٍ جُدُدٍ، وَحُمِلَ عَلَى سَرِيرٍ، ثُمَّ اَدْخَلُوهُ الْمَسْجِدَ، وَوَضَعُوهُ فِي الْمَسْجِدِ، وَخَرَجَ النَّاسُ عَنْهُ، فَاَوَّلُ مَنْ صَلَّى عَلَيْهِ الرَّبُّ تَعَالَى مِنْ فَوْقِ عَرْشِهِ، ثُمَّ جِبْرِيلُ، ثُمَّ مِيكَائِيلُ، ثُمَّ اِسْرَافِيلُ، ثُمَّ الْمَلَائِكَةُ زُمَرًا زُمَرًا . قَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ: لَقَدْ سَمِعْنَا فِي الْمَسْجِدِ هَمْهَمَةً، وَلَمْ نَرَ لَهُمْ شَخْصًا، فَسَمِعْنَا هَاتِفًا يَهْتِفُ وَيَقُولُ: اُدْخُلُوا رَحِمَكُمُ اللّٰهُ فَصَلُّوا عَلَى نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . فَدَخَلْنَا، وَقُمْنَا صُفُوفًا صُفُوفًا كَمَا اَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَبَّرْنَا بِتَكْبِيرِ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ، وَصَلَّيْنَا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِصَلَاةِ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ، مَا تَقَدَّمَ مِنَّا اَحَدٌ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَدَخَلَ

لوں! اگر آپ اجازت دیں تو ٹھیک ہے ورنہ میں اپنے رب کے پاس لوٹ جاؤں! تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اے ملک الموت! میرے محبوب جرائیل علیہ السلام آپ کہاں رہ گئے ہیں! انہوں نے عرض کی: میں نے انہیں آسمانِ دنیا میں چھوڑا ہے جب کہ دوسرے ملائکہ آپ کے حوالے سے ان سے تعزیت کر رہے ہیں۔ زیادہ دیر نہ گزری تھی کہ جرائیل علیہ السلام آ گئے اور آپ کے سر کے پاس آ کر بیٹھ گئے تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اے جرائیل! آج دنیا سے کوچ کا دن ہے' مجھے خوشخبری سنائیں کہ اللہ کے پاس میرے لیے کیا اجر ہے! حضرت جرائیل علیہ السلام نے عرض کی: اے اللہ کے حبیب! میں آپ کو بشارت دیتا ہوں کہ میں نے آسمان کے دروازے کھلے چھوڑے ہیں اور ملائکہ صف در صف کھڑے ہیں کہ وہ آپ کی روح کو سلام پیش کریں! تو آپ نے فرمایا: میرے رب کیلئے حمد ہے! اے جرائیل! اگلی بشارت دیجئے! مجھے بشارت دیجئے! تو حضرت جرائیل علیہ السلام نے کہا: میں آپ کو بشارت دیتا ہوں کہ جنتوں کے دروازے کھلے ہیں' اس کی نہریں بہہ رہی ہیں' اس کے درختوں کے سائے قریب ہیں' اس کی حوریں زینت اختیار کیے ہوئے ہیں تاکہ آپ کی روح کو خوش آمدید کہیں' اے محمد ﷺ! آپ نے فرمایا: میرے رب کیلئے حمد ہے! مجھے اور خوشخبری سنائیے! اے جرائیل! ۔ حضرت جرائیل علیہ السلام نے کہا: آپ سب سے پہلے سفارش کرنے

الْقَبْرَ اَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ، وَعَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ، وَابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُمْ، وَدُفِنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. فَلَمَّا انْصَرَفَ النَّاسُ قَالَتْ فَاطِمَةُ لِعَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ: يَا اَبَا الْحَسَنِ، دَفَنْتُمْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَتْ فَاطِمَةُ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهَا: كَيْفَ طَابَتْ اَنْفُسُكُمْ اَنْ تَحْثُوا التُّرَابَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ اَمَا كَانَ فِي صُدُورِكُمْ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّحْمَةُ، اَمَا كَانَ مُعَلِّمَ الْخَيْرِ؟ قَالَ: بَلَى يَا فَاطِمَةُ، وَلَكِنْ اَمْرُ اللّٰهِ الَّذِي لَا مَرَدَّ لَهُ. فَجَعَلَتْ تَبْكِي وَتَنْدُبُ، وَهِيَ تَقُولُ: يَا اَبَتَاهُ، الْآنَ انْقَطَعَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، وَكَانَ جِبْرِيلُ يَاْتِينَا بِالْوَحْيِ مِنَ السَّمَاءِ

والے ہیں اور سب سے پہلے آپ کی سفارش قیامت کے دن قبول کی جائے گی۔ آپ نے فرمایا: میرے رب کیلئے حمد ہے! حضرت جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی: اے میرے محبوب! آپ مجھ سے کس چیز کا سوال کرتے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: میں کہتا ہوں کہ جو مجھے غم ہے وہی تجھے لگ جائے! میرے بعد قرآن کے قاریوں کیلئے کون ہوگا؟ میرے بعد رمضان شریف کا روزہ رکھنے والوں کیلئے کون ہوگا؟ میرے بعد بیت اللہ شریف کا حج کرنے والوں کیلئے کون ہوگا؟ میرے بعد میرے صوفی اُمتیوں کیلئے کون ہوگا؟ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی: اے اللہ کے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم! میں آپ کو بشارت دیتا ہوں کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: تمام انبیاء پر جنت کا داخلہ ممنوع ہوگا یہاں تک کہ آپ اور آپ کی اُمت جنت میں داخل ہو جائے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: اب میں خوش ہوگیا ہوں اب اے ملک الموت! وہ کام کرو جس کا تجھے حکم دیا گیا ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! جب آپ کا وصال ہو جائے تو آپ کو غسل کون دے؟ آپ کو کس چیز میں کفن دیا جائے؟ آپ پر نمازِ جنازہ کون پڑھائے؟ آپ کو قبر میں کون اُتارے؟ تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: اے علی! آپ مجھے غسل دینا حضرت فضل بن عباس پانی ڈالے اور تمہارے ساتھ تیسرے حضرت جبرائیل ہوں گے اور جب تم مجھے غسل دے کر فارغ ہو جاؤ تو مجھے تین کپڑوں میں کفن دینا'

حضرت جبرائیل علیہ السلام جنت سے حنوط لائیں گے' جب تم مجھے چارپائی پر رکھو تو مجھے مسجد میں رکھ دینا اور میرے پاس سے نکل جانا' کیونکہ سب سے پہلے مجھ پر میرا رب اپنے عرش کے اوپر سے درود بھیجے گا پھر جبرائیل' پھر میکائیل' پھر اسرافیل' پھر گروہ در گروہ تمام ملائکہ پھر تم داخل ہونا اور صف در صف کھڑے ہو جانا' کوئی آدمی مجھ پر آگے نہ بڑھے۔ تو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: آج جدائی کا دن ہے' میں آپ سے کب ملوں گی؟ آپ نے انہیں فرمایا: اے میری بیٹی! تُو مجھ سے قیامت کے دن حوضِ کوثر پر ملے گی' جبکہ میں اپنی اُمت میں سے حوض پر آنے والے ہر ایک کو جامِ کوثر پلا رہا ہوں گا۔ آپ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! اگر وہاں آپ سے ملاقات نہ ہو سکی (تو کہاں ملوں)؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم مجھ سے میزان کے پاس ملنا جبکہ میں اپنے اُمتیوں کی سفارش کر رہا ہوں گا۔ انہوں نے عرض کی: اگر وہاں آپ سے ملاقات نہ ہو سکی؟ تو آپ نے فرمایا: تم مجھ سے پل صراط پر ملنا جبکہ میں اپنے رب سے دعا کر رہا ہوں گا کہ اے میرے رب! میری اُمت کو جہنم سے سلامتی عطا فرما۔ ملک الموت قریب ہوئے جبکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روح قبض کر رہے تھے' جب روح گھٹنوں تک پہنچی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''اَوْہِ'' یعنی ٹھنڈی سانس لی' پس جب روح ناف تک پہنچی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نداء دی: ''واکرباہ'' (موت کی سختی!) تو حضرت فاطمہ رضی

اللہ عنہا نے عرض کی: موت کی کڑواہٹ کتنی سخت ہے۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اپنا چہرہ دوسری طرف کرلیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے جبرائیل! کیا میری طرف دیکھنا پسند نہیں کر رہے ہو؟ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے کہا. اے میرے محبوب! کس کو طاقت ہے کہ اس وقت آپ کی طرف دیکھے جبکہ آپ پر سکرات کا عالم طاری ہے؟ پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انتقال ہوگیا تو حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے آپ کو غسل دیا اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے آپ پر پانی ڈالا جبکہ جبرائیل علیہ السلام ان کے ساتھ تھے' تین نئے کپڑوں کو آپ کو کفن دیا گیا' آپ کو چارپائی پر رکھا گیا' پھر آپ کو مسجد میں لے جا کر رکھ دیا گیا' لوگ آپ کے پاس سے نکل گئے' سب سے پہلے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے رب نے اپنے عرش کے اوپر سے آپ پر درود پڑھا' پھر جبرائیل' پھر میکائیل' پھر اسرافیل' پھر گروہ در گروہ تمام ملائکہ نے درود پڑھا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مسجد میں ہم نے ہلکی ہلکی آواز تو سنی لیکن کوئی آدمی نہیں دیکھا' ہم نے ھاتف غیبی کے نعرے سنے اور وہ کہہ رہے تھے: داخل ہو جاؤ! اللہ تم پر رحم کرے اور اپنے نبی پر درود پڑھو۔ پس ہم داخل ہوئے' صفوں کی صورت میں کھڑے ہوگئے جس طرح رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حکم دیا تھا' پس ہم نے جبرائیل کی تکبیر کے ساتھ تکبیر کہی اور جبرائیل علیہ السلام کی صلوٰۃ کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

پر صلوٰۃ پڑھی' ہم میں سے کوئی آدمی بھی رسول اللہ ﷺ پر آگے نہیں بڑھا' حضرت ابوبکر' حضرت علی ابن ابی طالب اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم قبر میں داخل ہوئے اور رسول اللہ ﷺ کو دفن کر دیا گیا۔ ہاں جب لوگ واپس ہوئے تو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے حضرت علی رضی اللہ عنہا سے کہا: اے ابوالحسن! کیا تم نے رسول کریم ﷺ کو دفن کر دیا؟ انہوں نے کہا: ہاں! حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کہا: تمہارے دلوں نے رسول کریم ﷺ پر مٹی ڈالنا کیسے گوارا کیا؟ کیا تمہارے دلوں میں ان کے لیے رحم موجود نہ تھا؟ کیا وہ بھلائی سکھانے والے نہ تھے؟ انہوں نے کہا: اے فاطمہ! کیوں نہیں (ساری چیزیں تھیں) لیکن اللہ کا حکم ٹالا تو نہیں جا سکتا' آپ نے رونا شروع کیا اور نبی کریم ﷺ کی صفات گنوائیں' آپ کی زبان پر یہ الفاظ تھے: اے میرے باپ! اب جبرائیل کا آنا بند ہو گیا حالانکہ وہ آسمان سے وحی لے کر آیا کرتے تھے۔

**2611** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَنَّاطُ الرَّامَهُرْمُزِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ رُشْدِ بْنِ خَيْثَمٍ الْهِلَالِيُّ، ثنا عَمِّي سَعِيدُ بْنُ خَيْثَمٍ، ثنا مُسْلِمٌ الْمُلَائِيُّ، عَنْ حَبَّةَ الْعُرَنِيِّ وَاَبِي الْبَخْتَرِيِّ، عَنْ سَلْمَانَ، قَالَ: كُنَّا حَوْلَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَتْ اُمُّ اَيْمَنَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَقَدْ ضَلَّ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ . قَالَ: وَذَلِكَ رَادَّ النَّهَارِ، يَقُولُ: ارْتِفَاعَ النَّهَارِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے اردگرد تھے' حضرت اُم ایمن تشریف لائیں' عرض کرنے لگیں: یارسول اللہ! حسن و حسین گم ہو گئے ہیں۔ حضرت سلمان نے فرمایا: دن کا اوّل حصہ تھا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اُٹھو! میرے بیٹوں کو تلاش کرو۔ ہر ایک آدمی نے ایک آدمی ساتھ لے کر تلاش کرنا شروع کر دیا' میں حضور ﷺ کے ساتھ چلا' آپ تلاش کرتے رہے یہاں تک کہ پہاڑ

قُومُوا فَاطْلُبُوا ابْنَيَّ . قَالَ: وَاَخَذَ كُلُّ رَجُلٍ تُجَاهَ وَجْهِهِ، وَاَخَذْتُ نَحْوَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ يَزَلْ حَتَّى اَتَى سَفْحَ جَبَلٍ، وَاِذَا الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا مُلْتَزِقٌ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا صَاحِبَهُ، وَاِذَا شُجَاعٌ قَائِمٌ عَلَى ذَنَبِهِ، يَخْرُجُ مِنْ فِيهِ شِبْهُ النَّارِ، فَاَسْرَعَ اِلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَالْتَفَتَ مُخَاطِبًا لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ انْسَابَ فَدَخَلَ بَعْضَ الْاَحْجِرَةِ، ثُمَّ اَتَاهُمَا فَاَفْرَقَ بَيْنَهُمَا وَمَسَحَ وَجْهَهُمَا، وَقَالَ: بِاَبِي وَاُمِّي اَنْتُمَا مَا اَكْرَمَكُمَا عَلَى اللّٰهِ . ثُمَّ حَمَلَ اَحَدَهُمَا عَلَى عَاتِقِهِ الْاَيْمَنِ، وَالْآخَرَ عَلَى عَاتِقِهِ الْاَيْسَرِ، فَقُلْتُ: طُوبَاكُمَا، نِعْمَ الْمَطِيَّةُ مَطِيَّتُكُمَا. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَنِعْمَ الرَّاكِبَانِ هُمَا، وَاَبُوهُمَا خَيْرٌ مِنْهُمَا

**2612** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيُّهَا النَّاسُ اِنِّي تَارِكٌ فِيكُمْ مَا اِنْ اَخَذْتُمْ بِهِ لَنْ تَضِلُّوا بَعْدِي اَمْرَيْنِ، اَحَدُهُمَا اَكْبَرُ مِنَ الْآخَرِ: كِتَابَ اللّٰهِ، حَبْلٌ مَمْدُودٌ مَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ، وَعِتْرَتِي اَهْلَ بَيْتِي، وَاِنَّهُمَا لَنْ يَفْتَرِقَا حَتَّى يَرِدَا عَلَيَّ الْحَوْضَ

**2613** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

کے دامن میں آئے' وہاں حضرت امام حسن و حسین دونوں آپس میں ایک دوسرے سے چمٹ کر بیٹھے تھے' ایک سانپ اپنی دُم پر کھڑا تھا' اس کے منہ سے آگ کے شعلے نکل رہے تھے۔ حضور ﷺ جلدی سے آگے بڑھے' وہ سانپ رسول اللہ ﷺ کی طرف متوجہ ہوا' پھر کسی سوراخ میں داخل ہو گیا' پھر حضور ﷺ دونوں کے پاس آئے' دونوں کو ایک دوسرے سے الگ کیا' دونوں کے چہروں کو صاف کیا' فرمایا: میرے ماں باپ قربان! تم دونوں اللہ کے ہاں عزت والے ہو! پھر دونوں میں سے ایک کو دائیں کندھے پر اور دوسرے کو بائیں کندھے پر سوار کیا' میں نے کہا: دونوں کے لیے خوشخبری! تم دونوں کی سواری بہت اچھی ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: دونوں سوار بھی بہت اچھے ہیں' ان دونوں کے ماں باپ دونوں سے افضل ہیں۔

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے لوگو! میں تمہیں چھوڑ کر جا رہا ہوں' تم نے اگر ان دونوں کو پکڑے رکھا تو میرے بعد گمراہ نہیں ہو گے' ان میں سے ایک قرآن پاک ہے یہ ایک رسّی ہے جس کی لمبائی زمین و آسمان کے درمیان ہے اور میری اہل بیت' یہ دونوں کبھی ایک دوسرے سے جدا نہیں ہوں گے یہاں تک کہ دونوں مل کر میرے پاس حوض پر آئیں گے۔

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ مرفوعاً بیان کرتے

الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ صَالِحٍ، ثنا صَالِحُ بْنُ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ، رَفَعَهُ، قَالَ: كَاَنِّي قَدْ دُعِيتُ فَاَجَبْتُ فَاِنِّي تَارِكٌ فِيكُمُ الثَّقَلَيْنِ: كِتَابَ اللّٰهِ، حَبْلٌ مَمْدُودٌ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ، وَعِتْرَتِي اَهْلَ بَيْتِي، وَاِنَّهُمَا لَنْ يَفْتَرِقَا حَتَّى يَرِدَا عَلَيَّ الْحَوْضَ، فَانْظُرُوا كَيْفَ تَخْلُفُونِي فِيهِمَا

ہیں کہ آپ نے فرمایا: گویا مجھے بلاوا آیا تو میں نے پسند کیا کیونکہ میں تم میں دو بھاری چیزیں چھوڑ کر جا رہا ہوں' ایک قرآن پاک ہے' وہ ایک ایسی رسّی ہے جو آسمان و زمین کے درمیان بندھی ہوئی ہے اور میری اہل بیت' یہ دونوں کبھی ایک دوسرے سے جدانہیں ہوں گے یہاں تک کہ میرے حوضِ کوثر پر دونوں ایک ساتھ میرے پاس آئیں گے' تم دیکھو کہ میرے بعد ان دونوں سے کیا سلوک کرتے ہو۔

**2614** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا نَصْرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْوَشَّاءُ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحَسَنِ الْاَنْمَاطِيُّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّتِهِ يَوْمَ عَرَفَةَ وَهُوَ عَلَى نَاقَتِهِ الْقَصْوَاءِ، فَخَطَبَ، فَسَمِعْتُهُ وَهُوَ يَقُولُ: اَيُّهَا النَّاسُ، قَدْ تَرَكْتُ فِيكُمْ مَا اِنْ اَخَذْتُمْ بِهِ لَنْ تَضِلُّوا: كِتَابَ اللّٰهِ وَعِتْرَتِي اَهْلَ بَيْتِي

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حجۃ الوداع کے موقع پر عرفہ کے دن قصواء اونٹنی پر خطبہ دیتے ہوئے دیکھا' آپ نے خطبہ دیا' میں نے آپ کو فرماتے ہوئے سنا: اے لوگو! میں تم میں وہ چیز چھوڑ کر جا رہا ہوں' اگر تم نے ان کے دامن کو پکڑے رکھا تو تم ہرگز گمراہ نہ ہوگے' وہ یہ ہیں: قرآن پاک اور میری اہل بیت۔

**2615** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ حُمَيْدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُكَيْرٍ الْغَنَوِيُّ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي لَكُمْ فَرَطٌ، وَاِنَّكُمْ وَارِدُونَ عَلَيَّ الْحَوْضَ، عَرْضُهُ مَا بَيْنَ صَنْعَاءَ اِلَى بُصْرَى، فِيهِ عَدَدُ الْكَوَاكِبِ مِنْ قِدْحَانِ الذَّهَبِ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں تمہارا انتظار کروں گا' تم میرے حوض پر آؤ گے' اس کی چوڑائی صنعاء سے لے کر بصریٰ تک ہے' اس میں سونے اور چاندی کے برتن ستاروں کی تعداد کے برابر ہوں گے' تم دیکھو کہ میرے بعد ان دونوں بھاری چیزوں سے کیا سلوک کرتے ہو۔ ایک آدمی کھڑا ہوا' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ

بقية اخبار الحسن بن علي رضي الله عنهما

---

**2614**- أخرجه الترمذي في سننه جلد5صفحة662 رقم الحديث: 3786 عن جعفر بن محمد عن أبيه عن جابر به .

وَالْفِضَّةِ، فَانْظُرُوا كَيْفَ تَخْلُفُونِي فِي الثَّقَلَيْنِ؟ فَقَامَ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَمَا الثَّقَلَانِ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْاَكْبَرُ كِتَابُ اللّٰهِ، سَبَبٌ طَرَفُهُ بِيَدِ اللّٰهِ، وَطَرَفُهُ بِاَيْدِيكُمْ، فَتَمَسَّكُوا بِهِ لَنْ تَزَالُوا، وَلَنْ تَضِلُّوا، وَالْاَصْغَرُ عِتْرَتِي، وَاِنَّهُمَا لَنْ يَفْتَرِقَا حَتَّى يَرِدَا عَلَيَّ الْحَوْضَ، وَسَاَلْتُ لَهُمَا ذَاكَ رَبِّي، فَلَا تَقْدُمُوهُمَا فَتَهْلِكُوا، وَلَا تُعَلِّمُوهُمَا؛ فَاِنَّهُمَا اَعْلَمُ مِنْكُمْ

دونوں بھاری چیزیں کیا ہیں؟ حضورﷺ نے فرمایا: ایک بڑی ہے وہ قرآن پاک ہے' اس کا ایک حصہ اللہ کے قبضۂ قدرت میں ہے اور ایک تمہارے پاس ہے' اسے مضبوطی سے پکڑے رکھو' ہمیشہ ہرگز گمراہ نہیں ہو گے' اور چھوٹی میری اولاد ہے' دونوں جدا نہیں ہوں گے دونوں میرے حوض پر آئیں گے' میں نے دونوں کے لیے اپنے رب سے مانگا ہے' دونوں سے آگے نہ بڑھو ورنہ ہلاک ہو جاؤ گے' ان دونوں سے سیکھو کیونکہ دونوں تم سے زیادہ علم والے ہیں۔

**2616** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُرْسٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْيَمَامِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ ابْنِ اَبِي نَجِيحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الْعَصْرِ، فَلَمَّا كَانَ فِي الرَّابِعَةِ اَقْبَلَ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ حَتَّى رَكِبَا عَلَى ظَهْرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا سَلَّمَ وَضَعَهُمَا بَيْنَ يَدَيْهِ، وَاَقْبَلَ الْحُسَيْنُ، فَحَمَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَسَنَ عَلَى عَاتِقِهِ الْاَيْمَنِ، وَالْحُسَيْنَ عَلَى عَاتِقِهِ الْاَيْسَرِ، ثُمَّ قَالَ: اَيُّهَا النَّاسُ، اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ النَّاسِ جَدًّا وَجَدَّةً؟ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ النَّاسِ عَمًّا وَعَمَّةً؟ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ النَّاسِ خَالًا وَخَالَةً؟ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ النَّاسِ اَبًا وَاُمًّا؟ هُمَا الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ، جَدُّهُمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نمازِ عصر پڑھا رہے تھے' جب چوتھی رکعت میں تھے تو حضرت امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما تشریف لائے' دونوں حضورﷺ کی پشت پر سوار ہوئے' جب حضورﷺ نے سلام پھیرا' دونوں کو اپنے آگے رکھا' حضورﷺ نے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کو دائیں کندھے اور امام حسین رضی اللہ عنہ کو بائیں کندھے پر سوار کیا۔ پھر فرمایا: اے لوگو! کیا تمہیں لوگوں میں سب سے بہتر نانا اور نانی کے لحاظ سے ان کے متعلق نہ بتاؤں؟ کیا تمہیں لوگوں میں سے بہتر چچا اور پھوپھی کے لحاظ سے نہ بتاؤں؟ کیا تمہیں لوگوں میں سے بہتر خالہ اور خالو کے لحاظ سے نہ بتاؤں؟ کیا تمہیں لوگوں میں سے بہتر والدہ اور والد کے لحاظ سے نہ بتاؤں؟ وہ دونوں حسن و حسین ہیں' دونوں کے نانا رسول اللہﷺ دونوں کی نانی خدیجہ بنت خویلد ہیں' دونوں کی والدہ

وَجَدَّتُهُمَا خَدِيجَةُ بِنْتُ خُوَيْلِدٍ، وَأُمُّهُمَا فَاطِمَةُ بِنْتُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَبُوهُمَا عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَعَمُّهُمَا جَعْفَرُ بْنُ أَبِي طَالِبٍ، وَعَمَّتُهُمَا أُمُّ هَانِءٍ بِنْتُ أَبِي طَالِبٍ، وَخَالُهُمَا الْقَاسِمُ بْنُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَخَالَاتُهُمَا زَيْنَبُ، وَرُقَيَّةُ، وَأُمُّ كُلْثُومٍ بَنَاتُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، جَدُّهُمَا فِي الْجَنَّةِ، وَأَبُوهُمَا فِي الْجَنَّةِ، وَعَمُّهُمَا فِي الْجَنَّةِ، وَعَمَّتُهُمَا فِي الْجَنَّةِ، وَخَالَاتُهُمَا فِي الْجَنَّةِ، وَهُمَا فِي الْجَنَّةِ، وَمَنْ أَحَبَّهُمَا فِي الْجَنَّةِ

فاطمہ بنت رسول اللہ ہیں' دونوں کے والد علی بن ابوطالب ہیں' دونوں کے خالو قاسم بن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں' دونوں کی خالہ زینب' رقیہ اور کلثوم' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شہزادیاں ہیں' دونوں کے نانا نانی جنتی' دونوں کے والدین جنتی' دونوں کے چچا اور پھوپھی جنتی ہیں' دونوں کی خالہ جنتی' یہ دونوں جنتی' جو ان دونوں سے محبت کرے گا وہ بھی جنتی ہے۔

**2617** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، وَزَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، قَالَا: ثنا نَصْرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْوَشَّاءُ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحَسَنِ الْأَنْمَاطِيُّ، ثنا مَعْرُوفُ بْنُ خَرَّبُوذَ، عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ أَسِيدٍ الْغِفَارِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ، إِنِّي فَرَطٌ لَكُمْ، وَارِدُونَ عَلَيَّ الْحَوْضَ، حَوْضٌ أَعْرَضُ مَا بَيْنَ صَنْعَاءَ وَبُصْرَى، فِيهِ عَدَدُ النُّجُومِ قِدْحَانٌ مِنْ فِضَّةٍ، وَإِنِّي سَائِلُكُمْ حِينَ تَرِدُونَ عَلَيَّ عَنِ الثَّقَلَيْنِ، فَانْظُرُوا كَيْفَ تَخْلُفُونِي فِيهِمَا؟ السَّبَبُ الْأَكْبَرُ كِتَابُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، سَبَبٌ طَرَفُهُ بِيَدِ اللّٰهِ، وَطَرَفُهُ بِأَيْدِيكُمْ، فَاسْتَمْسِكُوا بِهِ، وَلَا تَضِلُّوا وَلَا تُبَدِّلُوا، وَعِتْرَتِي أَهْلُ بَيْتِي، فَإِنَّهُ قَدْ نَبَّأَنِي

حضرت حذیفہ بن اُسید غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے لوگو! میں تمہارا حوض پر انتظار کروں گا' میرا حوض صنعاء سے لے کر بصریٰ تک چوڑا ہے' اس میں چاندی کے برتن ستاروں کی تعداد کے برابر ہیں' میں نے تمہارے لیے مانگے ہیں' جب تم میرے پاس حوض پر آؤ گے تو میں تم سے ان دو بھاری چیزوں کے بارے پوچھوں گا' تم دیکھو کہ میرے بعد ان دونوں کا کیا کرتے ہو؟ ایک بڑی ہے' وہ قرآن پاک ہے کہ اس کا ایک حصہ اللہ کے دستِ قدرت میں ہے اور دوسرا تمہارے پاس ہے' اسے مضبوطی سے پکڑے رکھو' تم نہ گمراہ ہو گے نہ تبدیل ہو گے اور میری اولاد میری اہل بیت ہے۔ مجھے لطیف الخبیر نے بتایا ہے کہ دونوں ایک دوسرے سے جدا نہ ہوں حتیٰ کہ دونوں ایک ساتھ میرے حوض پر پیش کیے

اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ أَنَّهُمَا لَنْ يَنْقَضِيَا حَتَّى يَرِدَا عَلَيَّ الْحَوْضَ

جائیں گے۔

**2618** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي السَّوَّارِ الضُّبَعِيِّ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: رُفِعَ الْكِتَابُ، وَجَفَّ الْقَلَمُ، وَأُمُورٌ يُقْضَى فِي كِتَابٍ قَدْ خَلَا

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ کتاب اُٹھالی گئی ہے' قلم لکھ کر خشک ہو گیا ہے' جن اُمور کا فیصلہ کتاب میں ہے' وہ ہو چکے ہیں۔

**2619** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ، عَنْ جَدَّتِهِ أَنَّ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ كَانَ يَعْزِلُ عَنْهَا، وَكَانَتْ سَرِيَّتَهُ

حضرت علی بن حسن اپنی دادی جان سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما ان سے علیحدہ رہتے تھے' یہ ہی آپ کی سیرت تھی۔

**2620** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ جَحْشٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ أَنَّهُ سُئِلَ عَنِ الْجُبْنِ، فَقَالَ: ضَعِ السِّكِّينَ، وَسَمِّ وَكُلْ

حضرت حسن بن علی' حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ سے پنیر کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: تُو چھری رکھ' اللہ کا نام لے اور کھا۔

**2621** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو النُّعَيْمِ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَمَّارٍ الدُّهْنِيِّ، عَنْ أَبِي شُعْبَةَ، قَالَ: رَأَيْتُ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا طَافَا بَعْدَ الْعَصْرِ وَصَلَّيَا رَكْعَتَيْنِ

حضرت ابوشعبہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما کو دیکھا' دونوں نے عصر کے بعد طواف کیا اور دو رکعت برائے طواف پڑھے۔

**2622** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمُنْذِرِ الطَّرِيقِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ الزَّيَّاتُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ أَبُو رَجَاءٍ الْحَبَطِيُّ التُّسْتَرِيُّ، ثنا شُعْبَةُ بْنُ الْحَجَّاجِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ أَنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ سَأَلَ

حضرت حارث رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنے لخت جگر امام حسن رضی اللہ عنہ نے مروت کے متعلق پوچھا' فرمایا: اے میرے بیٹے! اس سے راہنمائی کیسے ہے؟ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے ابو جان! برائی کو نیکی سے

ابْنَهُ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ اَشْيَاءَ مِنْ اَمْرِ الْمُرُوءَةِ، فَقَالَ: يَا بُنَيَّ، مَا السَّدَادُ؟ قَالَ: يَا اَبَهْ، السَّدَادُ دَفْعُ الْمُنْكَرِ بِالْمَعْرُوفِ. قَالَ: فَمَا الشَّرَفُ؟ قَالَ: اصْطِنَاعُ الْعَشِيرَةِ، وَحَمْلُ الْجَرِيرَةِ، وَمُوَافَقَةُ الْاِخْوَانِ، وَحِفْظُ الْجِيرَانِ. قَالَ: فَمَا الْمُرُوءَةُ؟ قَالَ: الْعَفَافُ، وَاِصْلَاحُ الْمَالِ. قَالَ: فَمَا الدِّقَّةُ؟ قَالَ: النَّظَرُ فِي الْيَسِيرِ، وَمَنْعُ الْحَقِيرِ. قَالَ: فَمَا اللُّومُ؟ قَالَ: اِحْرَازُ الْمَرْءِ نَفْسَهُ، وَبَذْلُهُ عُرْسَهُ. قَالَ: فَمَا السَّمَاحَةُ؟ قَالَ: الْبَذْلُ مِنَ الْعَسِيرِ وَالْيَسِيرِ. قَالَ: فَمَا الشُّحُّ؟ قَالَ: اَنْ تَرَى مَا اَنْفَقْتَهُ تَلَفًا. قَالَ: فَمَا الْاِخَاءُ؟ قَالَ: الْمُوَاسَاةُ فِي الشِّدَّةِ وَالرَّخَاءِ. قَالَ: فَمَا الْجُبْنُ؟ قَالَ: الْجُرْاَةُ عَلَى الصَّدِيقِ، وَالنُّكُولُ عَنِ الْعَدُوِّ. قَالَ: فَمَا الْغَنِيمَةُ؟ قَالَ: الرَّغْبَةُ فِي التَّقْوَى، وَالزَّهَادَةُ فِي الدُّنْيَا هِيَ الْغَنِيمَةُ الْبَارِدَةُ. قَالَ: فَمَا الْحِلْمُ؟ قَالَ: كَظْمُ الْغَيْظِ، وَمِلْكُ النَّفْسِ. قَالَ: فَمَا الْغِنَى؟ قَالَ: رِضَى النَّفْسِ بِمَا قَسَمَ اللّٰهُ تَعَالَى لَهَا وَاِنْ قَلَّ، وَاِنَّمَا الْغِنَى غِنَى النَّفْسِ. قَالَ: فَمَا الْفَقْرُ؟ قَالَ: شَرَهُ النَّفْسِ فِي كُلِّ شَيْءٍ. قَالَ: فَمَا الْمَنَعَةُ؟ قَالَ: شِدَّةُ الْبَاسِ، وَمُنَازَعَةُ اَعِزَّاءِ النَّاسِ. قَالَ: فَمَا الذُّلُّ؟ قَالَ: الْفَزَعُ عِنْدَ الْمَصْدُوقَةِ. قَالَ: فَمَا الْعِيُّ؟ قَالَ: الْعَبَثُ بِاللِّحْيَةِ، وَكَثْرَةُ الْبَزْقِ عِنْدَ الْمُخَاطَبَةِ. قَالَ: فَمَا الْجُرْاَةُ؟ قَالَ: مُوَافَقَةُ الْاَقْرَانِ. قَالَ: فَمَا الْكُلْفَةُ؟ قَالَ: كَلَامُكَ فِيمَا لَا يَعْنِيكَ. قَالَ: فَمَا الْمَجْدُ؟

دور کرنا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: عزت کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے فرمایا: رشتے داروں سے اچھا سلوک کرنا' جرم اپنے سر لینا' بھائیوں کا خیال کرنا' پڑوسیوں کا خیال کرنا۔ حضرت علی نے فرمایا: مروّۃ کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: پاکیزہ رہنا' لوگوں کے مال کی اصلاح کرنا۔ حضرت علی نے فرمایا: باریکی کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: تھوڑے کو دیکھنا' حقیر شی دینے سے روکنا۔ حضرت علی نے فرمایا: شرمندگی کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: آدمی کا اپنے آپ کو بچانا اور اپنی خوشی کو خرچ کرنا۔ حضرت علی نے فرمایا: درگزر کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: تنگی اور آسانی میں خرچ کرنا۔ حضرت علی نے فرمایا: کنجوسی کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: خرچ کیے ہوئے مال کو ضائع خیال کرنا۔ حضرت علی نے فرمایا: بھائی چارہ کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: خوشحالی اور تنگدستی میں غمگساری کرنا۔ حضرت علی نے فرمایا: بزدلی کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: دوست پر جرأت کرنا اور دشمن کو چھوڑنا۔ حضرت علی نے فرمایا: غنیمت کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: تقویٰ کی کوشش کرنا' دنیا سے بے رغبتی کرنا' یہ ہی ٹھنڈی غنیمت ہے۔ حضرت علی نے فرمایا: بردباری کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: غصہ پینا اور نفس قابو میں رکھنا۔ حضرت علی نے فرمایا: غناء کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: جو اللہ نے اس کے لیے

قَالَ: اَنْ تُعْطِيَ فِي الْغُرْمِ، وَتَعْفُوَ عَنِ الْجُرْمِ. قَالَ: فَمَا الْعَقْلُ؟ قَالَ: حِفْظُ الْقَلْبِ كُلَّمَا اسْتَوْعَيْتَهُ. قَالَ: فَمَا الْخُرْقُ؟ قَالَ: مُعَازَتُكَ اِمَامَكَ، وَرَفْعُكَ عَلَيْهِ كَلَامَكَ. قَالَ: فَمَا حُسْنُ الثَّنَاءِ؟ قَالَ: اِتْيَانُ الْجَمِيلِ وَتَرْكُ الْقَبِيحِ. قَالَ: فَمَا الْحَزْمُ؟ قَالَ: طُولُ الْاَنَاةِ، وَالرِّفْقُ بِالْوُلَاةِ. قَالَ: فَمَا السَّفَهُ؟ قَالَ: اتِّبَاعُ الدُّنَاءَةِ، وَمُصَاحَبَةُ الْغُوَاةِ. قَالَ: فَمَا الْغَفْلَةُ؟ قَالَ: تَرْكُكَ الْمَسْجِدَ، وَطَاعَتُكَ الْمُفْسِدَ. قَالَ: فَمَا الْحِرْمَانُ؟ قَالَ: تَرْكُكَ حَظَّكَ وَقَدْ عُرِضَ عَلَيْكَ. قَالَ: فَمَا الْمُفْسِدُ؟ قَالَ: الْاَحْمَقُ فِي مَالِهِ، الْمُتَهَاوِنُ فِي عِرْضِهِ. ثُمَّ قَالَ عَلِيٌّ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا فَقْرَ اَشَدُّ مِنَ الْجَهْلِ، وَلَا مَالَ اَعْوَدُ مِنَ الْعَقْلِ، وَلَا وَحْدَةَ اَوْحَشُ مِنَ الْعُجْبِ، وَلَا اسْتِظْهَارَ اَوْفَقُ مِنَ الْمُشَاوَرَةِ، وَلَا عَقْلَ كَالتَّدْبِيرِ، وَلَا حَسَبَ كَحُسْنِ الْخُلُقِ، وَلَا وَرَعَ كَالْكَفِّ، وَلَا عِبَادَةَ كَالتَّفَكُّرِ، وَلَا اِيمَانَ كَالْحَيَاءِ وَالصَّبْرِ، وَآفَةُ الْحَدِيثِ الْكَذِبُ، وَآفَةُ الْعِلْمِ النِّسْيَانُ، وَآفَةُ الْحِلْمِ السَّفَهُ، وَآفَةُ الْعِبَادَةِ الْفَتْرَةُ، وَآفَةُ الظَّرْفِ الصَّلَفُ، وَآفَةُ الشَّجَاعَةِ الْبَغْيُ، وَآفَةُ السَّمَاحَةِ الْمَنُّ، وَآفَةُ الْجَمَالِ الْخُيَلَاءُ، وَآفَةُ الْحَسَبِ الْفَخْرُ. يَا بُنَيَّ، لَا تَسْتَخِفَّنَّ بِرَجُلٍ تَرَاهُ اَبَدًا، فَاِنْ كَانَ خَيْرًا مِنْكَ فَاحْسَبْ اَنَّهُ اَبُوكَ، وَاِنْ كَانَ مِثْلَكَ فَهُوَ اَخُوكَ، وَاِنْ كَانَ اَصْغَرَ مِنْكَ فَاحْسَبْ اَنَّهُ ابْنُكَ. قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ: لَمْ يَرْوِ

تقسیم کے وقت لکھا ہے اگرچہ تھوڑا ہے' اس پر خوش ہوجانا' یہ دل کا غنی ہونا ہے۔ حضرت علی نے فرمایا: فقر کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: ہر شی میں نفس کا لالچ کرنا۔ حضرت علی نے فرمایا: روکنا یا دفاع وحفاظت کرنا کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: مصیبت کا سخت ہونا اور لوگوں کے قریبی رشتہ داروں سے جھگڑنا۔ حضرت علی نے فرمایا: ذلت کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: صدقہ دیتے وقت پریشان ہونا۔ حضرت علی نے فرمایا: فضول کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: داڑھی سے کھیلنا اور کسی سے بات کرتے وقت کثرت سے تھوکنا۔ حضرت علی نے فرمایا: جرات کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: ہم عصروں کی موافقت کرنا۔ حضرت علی نے فرمایا: کلفت کیا ہے؟ حضرت حسن نے عرض کی: لایعنی گفتگو کرنا۔ حضرت علی نے فرمایا: بزرگی کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: چٹی میں دینا اور جرم معاف کرنا۔ حضرت علی نے فرمایا: عقل کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: دل کا حفاظت کرنا جب بھی تو یاد کرے۔ حضرت علی نے فرمایا: جہالت و بے وقوفی کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: آپ کے امام کی عزت نہ کی جائے اور اس پر اونچی گفتگو کی جائے۔ حضرت علی نے فرمایا: اچھی تعریف کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: بُری باتوں کو چھوڑنا اور اچھی باتیں اپنانا۔ حضرت علی نے فرمایا: احتیاط کیا ہے؟ حضرت حسن نے عرض کی: ہمیشہ کا

هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ شُعْبَةَ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ أَبُو رَجَاءٍ الْحَبَطِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ الزَّيَّاتُ، وَلَا يُرْوَى عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ إِلَّا بِهٰذَا الْإِسْنَادِ

وقار اور بردباری کی اُمید کرنا اور حاکموں سے نرمی کرنا۔ حضرت علی نے فرمایا: بیوقوفی کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: کمینگی کی اتباع کرنا' گمراہ کو دوست بنانا۔ حضرت علی نے فرمایا: غفلت کیا ہے؟ اور حضرت امام حسن نے عرض کی: مسجد کو چھوڑنا اور فسادی آدمی کی اطاعت کرنا۔ حضرت علی نے فرمایا: حرمان کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: جب اس کو اس کا حصہ دیا جائے تو وہ چھوڑ دے۔ حضرت علی نے فرمایا: کون کیا ہے؟ حضرت امام حسن نے عرض کی: اپنے مال میں حماقت کرنے والا' اپنی عزت میں سستی کرنے والا۔ پھر حضرت علی نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جہالت سے زیادہ کوئی محتاجی نہیں' عقل سے زیادہ نفع بخش کوئی مال نہیں' اکیلے رہنے سے زیادہ وحشت ہوتی ہے' مشاورت سے زیادہ کوئی غلبہ نہیں ہے' تدبیر جیسی کوئی عقل نہیں ہے' حسنِ خلق جیسا حسب نہیں ہے' گناہوں سے روکنے جیسے تقویٰ نہیں ہے' تفکر جیسی کوئی عبادت نہیں ہے' حیاء وصبر جیسا کوئی ایمان نہیں ہے' بات کی آفت جھوٹ ہے' علم کی آفت بھولنا ہے' بردباری کی آفت بیوقوفی ہے' عبادت کی آفت تھکنا' برتن کی آفت تنگ ہونا' شجاعت کی آفت بغاوت ہے' نیکی کی آفت احسان جتانا ہے' خوبصورتی کی آفت تکبر ہے' حسب کی آفت فخر ہے' اے میرے بیٹے! کسی آدمی کو حقیر نہ جاننا' اگر وہ تجھ سے اچھا ہے تو سمجھنا وہ تیرا باپ ہے' اگر تیری طرح ہے تو وہ تیرا بھائی

ہے' اگر تم سے چھوٹا ہے تو تیرا بیٹا ہے۔ امام طبرانی فرماتے ہیں: یہ حدیث شعبہ سے محمد بن عبداللہ ابورجاء حبطی روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں عثمان بن سعید الزیات اکیلے ہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**2623** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، حَدَّثَنَا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ نُسَيْرِ بْنِ ذُعْلُوقٍ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ عِيَاضٍ، قَالَ: سَاَلْتُ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ رَكْعَتَيِ الْجُمُعَةِ، فَقَالَ: هُمَا قَاضِيَتَانِ عَمَّا سِوَاهُمَا

حضرت مسلم بن عیاض فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہ سے جمعہ کی دو رکعتوں کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا: ان دونوں کو ضرور ادا کرنا ہے سوائے ان دو کے' یعنی دو کے علاوہ باقی سنتیں ہیں' فرض صرف دو ہیں۔

**2624** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: كَانَ زِيَادٌ يَتَتَبَّعُ شِيعَةَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَيَقْتُلُهُمْ، فَبَلَغَ ذٰلِكَ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ تَفَرَّدْ بِمَوْتِهِ؛ فَاِنَّ الْقَتْلَ كَفَّارَةٌ

حضرت حسن فرماتے ہیں کہ زیاد' حضرت علی رضی اللہ عنہ سے محبت کرنے والوں کو تلاش کرتا' انہیں مارتا۔ یہ بات حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما تک پہنچی تو آپ نے عرض کی: اے اللہ! اس کو اکیلے موت دے' کیونکہ اس کا قتل کرنا ہی کفارہ ہے۔

**2625** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَكَمِ بْنِ اَبِي زِيَادٍ، ثنا اَبُو اُسَامَةَ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَصَمِّ، عَنْ عَمِّهِ يَزِيدَ بْنِ الْاَصَمِّ، قَالَ: خَرَجْتُ مَعَ الْحَسَنِ، وَجَارِيَةٌ تَحُتُّ شَيْئًا مِنَ الْحِنَّاءِ عَنْ اَظْفَارِهِ، فَجَاءَتْهُ اِضْبَارَةٌ مِنْ كُتُبٍ، فَقَالَ: يَا جَارِيَةُ هَاتِ الْمِخْضَبَ. فَصَبَّ فِيهِ مَاءً، وَاَلْقَى الْكُتُبَ فِي الْمَاءِ، فَلَمْ يَفْتَحْ مِنْهَا شَيْئًا، وَلَمْ يَنْظُرْ اِلَيْهِ، فَقُلْتُ: يَا اَبَا مُحَمَّدٍ، مِمَّنْ هٰذِهِ الْكُتُبُ؟ قَالَ:

حضرت یزید بن اصم فرماتے ہیں کہ میں حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کے ساتھ نکلا' آپ کی لونڈی آپ کے ناخنوں سے مہندی اتار رہی تھی' خطوط کا گٹھا آیا' آپ نے فرمایا: اے لونڈی! یہ مہندی کا برتن لاؤ اور اس میں پانی ڈالو' سارے خط پانی میں ڈالا' آپ نے اس سے کوئی شی نہ کھولی' اس کو دیکھا نہیں۔ میں نے عرض کی: اے ابومحمد! یہ خط کس کے ہیں؟ آپ نے فرمایا: عراق والوں کا' ایسی قوم کا جو حق کی طرف نہیں لوٹتی ہے' باطل سے پیچھے نہیں ہوتی' مجھے اپنے اوپر کوئی خوف نہیں

مِنْ اَهْلِ الْعِرَاقِ، مِنْ قَوْمٍ لَا يَرْجِعُونَ اِلَى حَقٍّ، وَلَا يُقْصِرُونَ عَنْ بَاطِلٍ، اَمَا اِنِّي لَسْتُ اَخْشَاهُمْ عَلَى نَفْسِي، وَلَكِنِّي اَخْشَاهُمْ عَلَى ذَلِكَ . وَاَشَارَ اِلَى الْحُسَيْنِ

ہے' مجھے اس پر ان کا خوف ہے۔ آپ نے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی طرف اشارہ کیا۔

2626 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اَبُو اُسَامَةَ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ رَقَبَةَ بْنِ مَصْقَلَةَ، قَالَ: لَمَّا حُضِرَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: اَخْرِجُونِي اِلَى الصَّحْرَاءِ لَعَلِّي اَنْظُرُ فِي مَلَكُوتِ السَّمَاوَاتِ . يَعْنِي الْآيَاتِ، فَلَمَّا اُخْرِجَ بِهِ قَالَ: اللّٰهُمَّ اِنِّي اَحْتَسِبُ نَفْسِي عِنْدَكَ، فَاِنَّهَا اَعَزُّ الْاَنْفُسِ عَلَيَّ. وَكَانَ مِمَّا صَنَعَ اللّٰهُ لَهُ اَنَّهُ احْتَسَبَ نَفْسَهُ

حضرت رقبہ بن مصقلہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کی وفات کا وقت قریب آیا تو آپ نے فرمایا: مجھے میدان میں نکالو تاکہ میں آسمان کی بادشاہی کو دیکھوں' یعنی نشانیاں دیکھوں۔ جب آپ کو نکالا گیا تو آپ نے یہ دعا کی: اے اللہ! میں اپنے کو تیرے پاس خیال کرتا ہوں' تجھ سے ثواب حاصل کرتا ہوں' کیونکہ یہ جان مجھ پر تمام جانوں سے زیادہ عزیز ہے۔ راوی کا بیان لگتا ہے: اور اللہ نے جو سلوک ان سے فرمایا وہ یہ کہ انہیں خوب خوب ثواب عطا فرمایا۔

2627 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ يَقُولُ: تُوُفِّيَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَهُوَ ابْنُ سَبْعٍ وَاَرْبَعِينَ

حضرت محمد بن عبداللہ بن نمیر فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کا وصال ہوا' اُس وقت آپ کی عمر 47 سال تھی۔

2628 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ اَبِي بُكَيْرٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ حَفْصٍ اَنَّ سَعْدًا وَالْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا مَاتَا فِي زَمَنِ مُعَاوِيَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَيَرَوْنَ اَنَّهُ سَمَّهُ

حضرت ابوبکر بن حفص فرماتے ہیں کہ حضرت سعد اور امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کا وصال حضرت امیر معاویہ کے زمانہ میں ہوا' یہ خیال کیا جاتا ہے کہ آپ کو زہر دیا گیا تھا۔

2629 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت عبداللہ بن نمیر فرماتے ہیں کہ حضرت امام

الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ يَقُولُ: تُوُفِّيَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ سَنَةَ تِسْعٍ وَأَرْبَعِينَ فِي شَهْرِ رَبِيعِ الْأَوَّلِ

حسن بن علی رضی اللہ عنہما کا وصال ربیع الاوّل کے مہینے میں 49 ہجری کو ہوا۔

**2630** - حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ الْمِصْرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: تُوُفِّيَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ سَنَةَ تِسْعٍ وَأَرْبَعِينَ، وَصَلَّى عَلَيْهِ سَعِيدُ بْنُ الْعَاصِ، وَكَانَ مَوْتُهُ بِالْمَدِينَةِ وَسِنُّهُ سِتٌّ أَوْ سَبْعٌ وَأَرْبَعُونَ

حضرت یحییٰ بن بکیر فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کا وصال 49 ہجری کو ہوا' آپ کا جنازہ حضرت سعید بن العاص نے پڑھا' آپ کا وصال مدینہ میں 46 یا 47 ہجری کو ہوا۔

**2631** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ الطُّوسِيُّ، ثنا أَبُو أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ عَدَوِيَّةَ، حَدَّثَنِي شُرَحْبِيلُ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَأُخْرِجَ بِسَرِيرِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَأَرَادَ أَنْ يَدْفِنَهُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَخَافَ أَنْ يَمْنَعَهُ بَنُو أُمَيَّةَ، فَلَمَّا انْتَهَوْا بِهِ إِلَى الْمَسْجِدِ قَامَتْ بَنُو أُمَيَّةَ، فَقَامَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ، فَقَالَ: إِنِّي سَمِعْتُهُ يَقُولُ: إِنْ مَنَعُوكُمْ فَادْفِنُونِي مَعَ أُمِّي

حضرت شرحبیل فرماتے ہیں کہ میں حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما کے ساتھ تھا' حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کا جنازہ نکالا گیا' آپ کو حضور ﷺ کے ساتھ دفن کرنے کا ارادہ تھا' بنوامیہ کے منع کرنے کا خوف تھا' جب آپ کا جنازہ مسجد تک لے جایا گیا تو بنوامیہ کھڑے ہوئے' حضرت عبداللہ بن جعفر نے فرمایا: میں نے آپ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ اگر یہ مجھے یہاں دفن نہ کرنے دیں تو مجھے میری والدہ کے ساتھ دفن کر دینا۔

**2632** - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ بُنْدَارٌ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الصَّبَّاحِ الْمِسْمَعِيُّ، ثنا عِمْرَانُ بْنُ حُدَيْرٍ، أَظُنُّهُ عَنْ أَبِي مِجْلَزٍ، قَالَ: قَالَ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ وَالْمُغِيرَةُ بْنُ شُعْبَةَ لِمُعَاوِيَةَ: إِنَّ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ عَيِيٌّ، وَإِنَّ لَهُ كَلَامًا وَرَأْيًا، وَإِنَّهُ قَدْ عَلِمْنَا كَلَامَهُ، فَيَتَكَلَّمُ كَلَامًا

حضرت ابومجلز فرماتے ہیں کہ حضرت عمرو بن عاص اور مغیرہ بن شعبہ نے حضرت معاویہ سے کہا کہ حسن بن علی تھک گئے ہیں' ان کی بات اور رائے ہے' ہم ان کی گفتگو کو جانتے ہیں' ایسا کلام کیا' جیسا کلام پایا نہیں۔ حضرت امیر معاویہ نے کہا: ایسا نہ کرو' اُنہوں نے انکار کیا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ منبر پر چڑھے

فَلا يَجِدُ كَلامًا. فَقَالَ: لَا تَفْعَلُوا. فَأَبَوْا عَلَيْهِ، فَصَعِدَ عَمْرٌو الْمِنْبَرَ، فَذَكَرَ عَلِيًّا وَوَقَعَ فِيهِ، ثُمَّ صَعِدَ الْمُغِيرَةُ بْنُ شُعْبَةَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ وَقَعَ فِي عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، ثُمَّ قِيلَ لِلْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ: اصْعَدْ، فَقَالَ: لَا أَصْعَدُ وَلَا أَتَكَلَّمُ حَتَّى تُعْطُونِي إِنْ قُلْتُ حَقًّا أَنْ تُصَدِّقُونِي، وَإِنْ قُلْتُ بَاطِلًا أَنْ تُكَذِّبُونِي. فَأَعْطَوْهُ، فَصَعِدَ الْمِنْبَرَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، فَقَالَ: بِاللّٰهِ يَا عَمْرُو وَأَنْتَ يَا مُغِيرَةُ تَعْلَمَانِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَعَنَ اللّٰهُ السَّائِقَ وَالرَّاكِبَ أَحَدُهُمَا فُلَانٌ؟ قَالَا: اللّٰهُمَّ نَعَمْ بَلَى. قَالَ: أَنْشُدُكَ اللّٰهَ يَا مُعَاوِيَةُ وَيَا مُغِيرَةُ أَتَعْلَمَانِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ عَمْرًا بِكُلِّ قَافِيَةٍ قَالَهَا لَعْنَةً؟ قَالَا: اللّٰهُمَّ بَلَى. قَالَ: أَنْشُدُكَ اللّٰهَ يَا عَمْرُو وَأَنْتَ يَا مُعَاوِيَةُ بْنَ أَبِي سُفْيَانَ، أَتَعْلَمَانِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ قَوْمَ هَذَا؟ قَالَا: بَلَى. قَالَ الْحَسَنُ: فَإِنِّي أَحْمَدُ اللّٰهَ الَّذِي وَقَعْتُمْ فِيمَنْ تَبَرَّأَ مِنْ هَذَا. وَذَكَرَ الْحَدِيثَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ذکر کیا اور اُتر گئے' حضرت مغیرہ بن شعبہ منبر پر چڑھے' اللہ کی حمد وثناء کی اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے متعلق گفتگو کی۔ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ سے عرض کی گئی: آپ چڑھیں! آپ نے فرمایا: نہ میں چڑھوں گا نہ گفتگو کروں گا یہاں کہ مجھے وعدہ دو کہ اگر میں حق کہوں گا تو میری تصدیق کرنا اور اگر حق نہ کہوں تو مجھے جھٹلانا۔ اُنہوں نے اقرار کیا تو آپ منبر پر تشریف فرما ہوئے' اللہ کی حمد وثناء کی' فرمایا: اے عمرو! اے مغیرہ! اللہ کی قسم! تم دونوں جانتے ہو کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ کی لعنت ہو آگے سے پکڑ کر' چلائے اور سوار ہونے والے پر' ان میں سے ایک فلاں ہے؟ دونوں نے کہا: جی ہاں! کیوں نہیں! آپ نے فرمایا: اے امیر معاویہ! آپ کو اللہ کی قسم دیتا ہوں' اور اے مغیرہ! کیا تم دونوں جانتے ہو کہ حضور ﷺ نے عمر پر لعنت فرمائی ہے۔ دونوں نے کہا: جی ہاں! کیوں نہیں! آپ نے فرمایا: اے عمرو! اور اے معاویہ بن سفیان! تم دونوں کو قسم دیتا ہوں کہ کیا تم دونوں جانتے ہو؟ حضور ﷺ نے اس قوم پر لعنت فرمائی ہے' ان دونوں نے کہا: کیوں نہیں! حضرت امام حسن نے فرمایا: میں اللہ کی حمد کرتا ہوں جس نے تم کو اس میں مبتلا کیا ہے' جس سے میں بری ہوں۔

بقية اخبار الحسن بن علي رضي الله عنهما

**2633** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَوْنٍ السِّيرَافِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْوَاسِطِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَنَا حَرِيزُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف فرماتے ہیں کہ حضرت عمرو بن عاص اور ابوالاعور سلمی نے حضرت امیر معاویہ سے کہا: حسن بن علی تھکنے والا آدمی ہے۔

عَوْفٍ، قَالَ: قَالَ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ وَأَبُو الْأَعْوَرِ السُّلَمِيُّ لِمُعَاوِيَةَ: إِنَّ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا رَجُلٌ عَيِيٌّ . فَقَالَ مُعَاوِيَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: لَا تَقُولَا ذَلِكَ؛ فَإِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ تَفَلَ فِي فِيهِ، وَمَنْ تَفَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي فِيهِ فَلَيْسَ بِعَيِيٍّ . فَقَالَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: أَمَّا أَنْتَ يَا عَمْرُو فَإِنَّهُ تَنَازَعَ فِيكَ رَجُلَانِ، فَانْظُرْ أَيُّهُمَا أَبُوكَ، وَأَمَّا أَنْتَ يَا أَبَا الْأَعْوَرِ فَإِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ رِعْلًا وَذَكْوَانَ وَعَمْرَو بْنَ سُفْيَانَ

حضرت معاویہ نے کہا: دونوں ایسے نہ کہو کیونکہ حضور ﷺ نے آپ کے منہ میں لعابِ دہن ڈالا ہے اور جس کے منہ میں رسول اللہ ﷺ نے لعابِ دہن ڈالا ہو وہ تھکتا نہیں ہے۔ حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اے عمرو! آپ کے بارے دو آدمی جھگڑتے تھے' دیکھو ان دونوں میں آپ کا باپ کون ہے؟ اے ابواعور! حضور ﷺ نے قبیلہ رعل' ذکوان اور عمرو بن سفیان پر لعنت فرمائی ہے۔

## وَمَا أَسْنَدَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

## حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہ کی روایت کردہ احادیث

### عَائِشَةُ عَنِ الْحَسَنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

### حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا' حضرت امام حسن سے روایت کرتی ہیں

2634 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدِ بْنِ بَشِيرٍ الرَّازِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ دَاوُدَ الْمُنْكَدِرِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شَهْرِيَارَ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زُرَارَةَ الرَّقِّيُّ، قَالَا: ثنا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، حَدَّثَنِي إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عُقْبَةَ،

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے وتروں میں پڑھنے کے لیے یہ دعا سکھائی: ''اللّٰهم اهدنا فِيمَنْ هَدَيْتَ الى آخره''۔



---

2634- أخرج نحوه الحاكم في مستدركه جلد 3 صفحه 188 رقم الحديث: 4800' والطبراني في الأوسط جلد 4 صفحه 169 رقم الحديث: 3887 كلاهما عن عروة عن عائشة عن الحسن به .

عَنْ عَمِّهِ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا قَالَتْ: أَخْبَرَنِي الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: عَلَّمَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دُعَاءَ الْقُنُوتِ فِي الْوِتْرِ: اللَّهُمَّ اهْدِنَا فِيمَنْ هَدَيْتَ، وَعَافِنَا فِيمَنْ عَافَيْتَ، وَتَوَلَّنَا فِيمَنْ تَوَلَّيْتَ، وَبَارِكْ لَنَا فِيمَا أَعْطَيْتَ، وَقِنَا شَرَّ مَا قَضَيْتَ؛ إِنَّكَ تَقْضِي وَلَا يُقْضَى عَلَيْكَ، وَإِنَّهُ لَا يَذِلُّ مَنْ وَالَيْتَ، تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ



## أَبُو الْحَوْرَاءِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا

## حضرت ابوالحوراء، حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں

**2635** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ وَاضِحٍ الْعَسَّالُ الْمِصْرِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، عَنْ أَبِي الْحَوْرَاءِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: عَلَّمَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ أَقُولَ فِي الْوِتْرِ: اللَّهُمَّ اهْدِنِي فِيمَنْ هَدَيْتَ، وَعَافِنِي فِيمَنْ عَافَيْتَ، وَتَوَلَّنِي فِيمَنْ تَوَلَّيْتَ، وَبَارِكْ لِي فِيمَا أَعْطَيْتَ، وَقِنِي شَرَّ مَا قَضَيْتَ؛ إِنَّكَ تَقْضِي وَلَا يُقْضَى عَلَيْكَ، إِنَّهُ لَا يَذِلُّ مَنْ وَالَيْتَ، وَلَا يَعِزُّ مَنْ عَادَيْتَ، تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے وتروں میں پڑھنے کے لیے یہ دعا سکھائی: ''اللّٰھم اھدنی فِیمَنْ ھَدَیْتَ، الی آخرہ''۔

**2636** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا الْحَكَمُ بْنُ مَرْوَانَ، ثنا اِسْرَائِيلُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، عَنْ اَبِي الْحَوْرَاءِ، قَالَ: قِيلَ لِلْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا: اَيَّ شَيْءٍ حَفِظْتَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: مَا حَفِظْتُ مِنْهُ اِلَّا كَلِمَاتٍ اَقُولُهُنَّ فِي الْوِتْرِ: اللّٰهُمَّ اهْدِنِي فِيمَنْ هَدَيْتَ، وَعَافِنِي فِيمَنْ عَافَيْتَ، وَتَوَلَّنِي فِيمَنْ تَوَلَّيْتَ، وَبَارِكْ لِي فِيمَا اَعْطَيْتَ، وَقِنِي شَرَّ مَا قَضَيْتَ؛ اِنَّكَ تَقْضِي وَلَا يُقْضَى عَلَيْكَ، تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے وتروں میں پڑھنے کے لیے یہ دعا سکھائی: ''اللّٰهم اهدنی فیمن هدیت، الٰی آخرہ''۔

**2637** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ حَكِيمٍ الْاَوْدِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، وَيَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالُوا: ثنا شَرِيكٌ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، عَنْ اَبِي الْحَوْرَاءِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: عَلَّمَنِي جَدِّي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَلِمَاتٍ اَقُولُهُنَّ فِي الْوِتْرِ: اللّٰهُمَّ اهْدِنِي فِيمَنْ هَدَيْتَ، وَعَافِنِي فِيمَنْ عَافَيْتَ، وَبَارِكْ لِي فِيمَا اَعْطَيْتَ، وَقِنِي شَرَّ مَا قَضَيْتَ؛ اِنَّكَ تَقْضِي وَلَا يُقْضَى عَلَيْكَ، اِنَّهُ لَا يَذِلُّ مَنْ وَالَيْتَ، وَلَا يَعِزُّ مَنْ عَادَيْتَ، تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے وتروں میں پڑھنے کے لیے یہ دعا سکھائی: ''اے اللہ! مجھے بھی ان لوگوں میں ہدایت دے جن کو تُو نے ہدایت دی ہے جس کو تُو نے عافیت دی مجھے بھی ان میں عافیت دے' مجھے برکت دے' اس میں جو تُو نے مجھے عطا کیا ہے' جس تکلیف دینے کا تُو نے فیصلہ کیا' مجھے اس سے بچا' تُو اپنی مرضی سے فیصلے کرتا ہے تیرے خلاف کوئی بھی فیصلہ نہیں کر سکتا ہے' کیونکہ جس کو تُو والی بنائے اسے کوئی ذلیل نہیں کر سکتا' جس کو تُو دشمن بنائے اسے کوئی عزت نہیں دے سکتا ہے اے ہمارے رب! تُو برکت والا ہے اور تُو بلند و بالا ہے۔

**2638** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، ثنا اَبُو اِسْحَاقَ،

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے وتروں میں پڑھنے کے لیے یہ

عَنْ بُرَيْدِ بنِ اَبِى مَرْيَمَ، عَنْ اَبِى الْحَوْرَاءِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ قَالَ: عَلَّمَنِى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَللّٰهُمَّ اهْدِنِى فِيمَنْ هَدَيْتَ، وَعَافِنِى فِيمَنْ عَافَيْتَ، وَتَوَلَّنِى فِيمَنْ تَوَلَّيْتَ، وَقِنِى شَرَّ مَا قَضَيْتَ؛ اِنَّكَ تَقْضِى وَلَا يُقْضَى عَلَيْكَ، لَا يَذِلُّ مَنْ وَالَيْتَ، وَلَا يَعِزُّ مَنْ عَادَيْتَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ

دعا سکھائی: ''اللّٰهم اهدنی فِیمَنْ هَدَیْتَ، الٰی آخرہٖ''۔

2639 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ اَبِى اِسْحَاقَ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ اَبِى مَرْيَمَ، عَنْ اَبِى الْحَوْرَاءِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: عَلَّمَنِى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَلِمَاتٍ اَقُولُهُنَّ فِى قُنُوتِ الْوِتْرِ: اَللّٰهُمَّ اهْدِنِى فِيمَنْ هَدَيْتَ، وَعَافِنِى فِيمَنْ عَافَيْتَ، وَتَوَلَّنِى فِيمَنْ تَوَلَّيْتَ، وَبَارِكْ لِى فِيمَا اَعْطَيْتَ، وَقِنِى شَرَّ مَا قَضَيْتَ؛ اِنَّكَ تَقْضِى وَلَا يُقْضَى عَلَيْكَ، اِنَّهُ لَا يَذِلُّ مَنْ وَالَيْتَ، وَلَا يَعِزُّ مَنْ عَادَيْتَ، تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے وتروں میں پڑھنے کے لیے یہ دعا سکھائی: ''اللّٰهم اهدنی فِیمَنْ هَدَیْتَ، الٰی آخرہٖ''۔

2640 - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ الطَّبَرَانِيُّ، ثنا اَبُو صَالِحٍ الْفَرَّاءُ، ثنا اَبُو اِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ اَبِى اِسْحَاقَ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ اَبِى مَرْيَمَ، عَنْ اَبِى الْحَوْرَاءِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: عَلَّمَنِى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَقُولَ هٰؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ فِى الْوِتْرِ: اَللّٰهُمَّ اهْدِنِى فِيمَنْ هَدَيْتَ، وَعَافِنِى فِيمَنْ عَافَيْتَ، وَتَوَلَّنِى فِيمَنْ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے وتروں میں پڑھنے کے لیے یہ دعا سکھائی: ''اللّٰهم اهدنی فِیمَنْ هَدَیْتَ، الٰی آخرہٖ''۔

تَوَلَّيْتَ، وَبَارِكْ لِي فِيمَا اَعْطَيْتَ، وَقِنِي شَرَّ مَا قَضَيْتَ؛ اِنَّكَ تَقْضِي وَلَا يُقْضَى عَلَيْكَ، وَلَا يَذِلُّ مَنْ وَالَيْتَ، تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ

2641 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، اَنَا شُعْبَةُ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، عَنْ اَبِي الْحَوْرَاءِ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُولُ: عَلَّمَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَقُولَ فِي الْوِتْرِ: اللّٰهُمَّ اهْدِنِي فِيمَنْ هَدَيْتَ، وَتَوَلَّنِي فِيمَنْ تَوَلَّيْتَ، وَعَافِنِي فِيمَنْ عَافَيْتَ، وَبَارِكْ لِي فِيمَا اَعْطَيْتَ، وَقِنِي شَرَّ مَا قَضَيْتَ؛ اِنَّكَ تَقْضِي وَلَا يُقْضَى عَلَيْكَ، اِنَّهُ لَا يَذِلُّ مَنْ وَالَيْتَ، وَلَا يَعِزُّ مَنْ عَادَيْتَ، تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے وتروں میں پڑھنے کے لیے یہ دعا سکھائی: ''اللّٰھم اھدنی فِیمَنْ ھَدَیْتَ، الٰی آخرہٖ''۔

2642 - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ الطَّبَرَانِيُّ، ثنا اَبُو صَالِحٍ الْفَرَّاءُ، ثنا اَبُو اِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، عَنْ اَبِي الْحَوْرَاءِ، قَالَ: قُلْتُ لِلْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا: مِثْلُ مَنْ كُنْتَ فِي عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ وَمَا عَقَلْتَ عَنْهُ؟ قَالَ: عَقَلْتُ عَنْهُ اَنِّي سَمِعْتُهُ يَقُولُ: دَعْ مَا يَرِيبُكَ اِلَى مَا لَا يَرِيبُكَ، فَاِنَّ الشَّرَّ رِيبَةٌ، وَالْخَيْرَ طُمَانِينَةٌ، وَعَقَلْتُ عَنْهُ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسَ، وَكَلِمَاتٍ اَقُولُهُنَّ عِنْدَ انْقِضَائِهِنَّ، قَالَ: قُلِ: اللّٰهُمَّ اهْدِنِي فِيمَنْ هَدَيْتَ، وَعَافِنِي فِيمَنْ عَافَيْتَ، وَتَوَلَّنِي فِيمَنْ تَوَلَّيْتَ، وَبَارِكْ لِي فِيمَا اَعْطَيْتَ، وَقِنِي شَرَّ مَا

حضرت ابوحوراء فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے کہا: آپ کی مثل یعنی عمر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں کس کے برابر تھی؟ آپ نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کیا سمجھا؟ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں سمجھدار تھا' میں نے آپ کو فرماتے ہوئے سنا: جو شک میں ڈالے اس کو چھوڑ دے' جو نہ ڈالے اس کو اختیار کر کیونکہ شر ہی شک ہے اور نیکی میں طمانیت ہے' میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پانچ نمازیں سیکھیں اور نمازوں میں مانگی جانے والی دعائیں سیکھی ہیں' آپ نے فرمایا: ''اللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ الٰی آخرہٖ''۔ حضرت بریدہ بن ابومریم فرماتے ہیں کہ میں حضرت محمد بن علی کے پاس آیا گھاٹی میں' ان سے میں

قَضَيْتَ، إِنَّكَ تَقْضِي وَلَا يُقْضَى عَلَيْكَ، إِنَّهُ لَا يَذِلُّ مَنْ وَالَيْتَ، تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ . قَالَ بُرَيْدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ: فَدَخَلْتُ عَلَى مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ فِي الشِّعْبِ، فَحَدَّثْتُهُ بِهَذَا الْحَدِيثِ، عَنْ أَبِي الْحَوْرَاءِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ: صَدَقَ، هُنَّ كَلِمَاتٌ عَلَّمْنَاهُنَّ أَنْ نَقُولَهُنَّ فِي الْقُنُوتِ

نے یہ حدیث بیان کی۔ حضرت ابوالحوراء؛ حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے سچ فرمایا' وہ کلمات ہیں جو ہم نے سکھائے کہ ان کو وتروں میں پڑھیں۔

**2643** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ، ثنا أَبُو أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، ثنا الْعَلَاءُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، عَنْ أَبِي الْحَوْرَاءِ، قَالَ: قُلْتُ لِلْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: مَا حَفِظْتَ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ: الصَّلَوَاتِ الْخَمْسَ

حضرت ابوالحوراء فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے عرض کی: آپ نے نبی کریم ﷺ سے کیا یاد کیا؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: پانچ نمازیں۔

**2644** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ مُسَاوِرٍ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا عَفَّانُ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، عَنْ أَبِي الْحَوْرَاءِ، قَالَ: قُلْتُ لِلْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ: مَا تَذْكُرُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: أَذْكُرُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنِّي أَخَذْتُ تَمْرَةً مِنْ تَمْرِ الصَّدَقَةِ، فَجَعَلْتُهَا فِي فِيَّ، فَنَزَعَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلُعَابِهَا، فَجَعَلَهَا فِي التَّمْرِ، فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا عَلَيْكَ مِنْ هَذِهِ التَّمْرَةِ لِهَذَا الصَّبِيِّ؟ فَقَالَ: إِنَّا آلَ مُحَمَّدٍ لَا تَحِلُّ لَنَا الصَّدَقَةُ

حضرت ابوالحوراء فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے دریافت کیا کہ رسول اللہ ﷺ کے حوالے سے آپ کو کوئی شی یاد ہے؟ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ سے یاد کیا کہ میں نے صدقے کی کھجوریں لیں' میں نے اپنے منہ میں رکھیں' تو رسول اللہ ﷺ نے کھجوروں کے لعاب سمیت ان کو نکال لیا۔ عرض کی گئی: یارسول اللہ! آپ نے بچہ کو یہ کھجور کھانے دیتی تھی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہم آلِ محمد زکوٰۃ نہیں کھاتے ہیں۔

**2645** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ

حضرت ابوحوراء فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت

---

**2645**- أخرجه الترمذي في سننه جلد**4**صفحه**668** رقم الحديث: **2518**' والدارمي في سننه جلد **2**صفحه**319** رقم الحديث: **2532**' وأحمد في مسنده جلد**1**صفحه**200** رقم الحديث: **1723** .

الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُمَارَةَ، حَدَّثَنِي بُرَيْدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، عَنْ اَبِي الْحَوْرَاءِ، قَالَ: قُلْتُ لِلْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: مِثْلَ مَا كُنْتَ يَوْمَ مَاتَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ وَمَا تَعْقِلُ مِنْهُ؟ عَقَلْتُ عَنْهُ اَنَّ رَجُلًا جَاءَهُ يَوْمًا، فَسَاَلَهُ عَنْ شَيْءٍ، فَقَالَ: دَعْ مَا يَرِيبُكَ اِلَى مَا لَا يَرِيبُكَ؛ فَاِنَّ الشَّرَّ رِيبَةٌ، وَاِنَّ الْخَيْرَ طُمَاْنِينَةٌ، وَعَقَلْتُ عَنْهُ اَنِّي مَرَرْتُ بِهِ يَوْمًا وَبَيْنَ يَدَيْهِ فِي جُرْنٍ مِنْ جِرَانِ تَمْرِ الصَّدَقَةِ، فَاَخَذْتُ تَمْرَةً فَطَرَحْتُهَا فِي فِيَّ، فَاَخَذَ بِقَفَايَ، ثُمَّ اَدْخَلَ يَدَهُ فِي فِيَّ فَانْتَزَعَهَا بِلُعَابِهَا، ثُمَّ طَرَحَهَا فِي الْجُرْنِ، فَقَالَ لَهُ اَصْحَابُهُ: لَوْ تَرَكْتَ الْغُلَامَ فَاَكَلَهَا؟ فَقَالَ: اِنَّ الصَّدَقَةَ لَا تَحِلُّ لِآلِ مُحَمَّدٍ. قَالَ: وَعَلَّمَنِي كَلِمَاتٍ اَدْعُو بِهِنَّ فِي آخِرِ الْقُنُوتِ: اللّٰهُمَّ اهْدِنِي فِيمَنْ هَدَيْتَ، وَتَوَلَّنِي فِيمَنْ تَوَلَّيْتَ، وَعَافِنِي فِيمَنْ عَافَيْتَ، وَبَارِكْ لِي فِيمَا اَعْطَيْتَ، وَقِنِي شَرَّ مَا قَضَيْتَ؛ اِنَّكَ تَقْضِي وَلَا يُقْضَى عَلَيْكَ، وَاِنَّهُ لَا يَذِلُّ مَنْ وَالَيْتَ، تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ

امام حسن رضی اللہ عنہ سے عرض کی: آپ کی مثال جس دن رسول اللہ ﷺ کا وصال ہوا ہے' آپ سمجھ دار نہیں تھے؟ آپ نے فرمایا: میں نے آپ سے جانا ہے کہ ایک آدمی آپ کے پاس آیا' اُس نے آپ سے کسی شی کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا: جوشی شک میں ڈالے اس کو چھوڑ دے کیونکہ شک بُرا ہے اور نیکی اطمینان ہے۔ میں نے ایسا جانا ہے کہ میں آپ کے پاس سے گزرا' آپ کے آگے کھجوروں کا ٹوکرا پڑا ہوا تھا' میں نے ایک کھجور پکڑی اور اپنے منہ میں رکھی' آپ نے مجھے گردن سے پکڑا' پھر اپنا ہاتھ میرے منہ میں داخل کیا' اس کو لعاب سمیت نکال لیا' پھر اس کو ٹوکرے میں پھینک دیا۔ آپ کے صحابہ نے عرض کی: یہ بچہ ہے' آپ نے کھانے دینا تھا؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: آلِ محمد کے لیے زکوٰۃ حلال نہیں ہے۔ اور مجھے آپ نے دعائے قنوت کے کلمات پڑھنے کے لیے سکھائے: ''اللّٰهُمَّ اهْدِنِیْ الٰی آخرہٖ''۔

**2646** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ النُّعْمَانِ الْقَزَّازُ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعِ بْنِ الْجَرَّاحِ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ يُونُسَ بْنِ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ السَّلُولِيِّ، عَنْ اَبِي الْحَوْرَاءِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: عَلَّمَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَلِمَاتٍ اَقُولُهُنَّ

حضرت ابوحوراء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے وتر میں پڑھنے کے لیے یہ دعا سکھائی: ''اللّٰهُمَّ اهْدِنِیْ الٰی آخرہٖ''۔

فِی قُنُوتِ الْوِتْرِ: اللّٰهُمَّ اهْدِنِی فِیمَنْ هَدَیْتَ، وَعَافِنِی فِیمَنْ عَافَیْتَ، وَتَوَلَّنِی فِیمَنْ تَوَلَّیْتَ، وَبَارِكْ لِی فِیمَا اَعْطَیْتَ، وَقِنِی شَرَّ مَا قَضَیْتَ؛ فَاِنَّكَ تَقْضِی وَلَا یُقْضَی عَلَیْكَ؛ اِنَّهُ لَا یَذِلُّ مَنْ وَالَیْتَ، تَبَارَكْتَ وَتَعَالَیْتَ

ابو الحوراء عن الحسن بن علی رضی اللہ عنہما

**2647** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِی شَیْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَیْدٍ الْمُحَارِبِیُّ، ثنا الرَّبِیعُ بْنُ سَهْلٍ اَبُو اِبْرَاهِیمَ الْفَزَارِیُّ، ثنا الرَّبِیعُ بْنُ الرُّكَیْنِ، عَنْ اَبِی یَزِیدَ الزَّرَّادِ، عَنْ اَبِی الْحَوْرَاءِ، قَالَ: لَقِیتُ الْحَسَنَ بْنَ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ بِالْبَصْرَةِ، فَقُلْتُ: بِنَفْسِی اَنْتَ مَا حَفِظْتَ عَنْ اَبِیكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ: عَلَّمَنِی كَلِمَاتٍ اَقُولُهُنَّ فِی الْوِتْرِ. قُلْتُ: مَا هِیَ؟ قَالَ: اللّٰهُمَّ اهْدِنِی فِیمَنْ هَدَیْتَ، وَعَافِنِی فِیمَنْ عَافَیْتَ، وَتَوَلَّنِی فِیمَنْ تَوَلَّیْتَ، وَبَارِكْ لِی فِیمَا اَعْطَیْتَ، وَقِنِی شَرَّ مَا قَضَیْتَ؛ اِنَّكَ تَقْضِی وَلَا یُقْضَی عَلَیْكَ. قُلْتُ: بِنَفْسِی مَا حَفِظْتَ عَنْهُ غَیْرَ هَذَا؟ قَالَ: كُنْتُ اَمْشِی مَعَهُ فِی حَائِطِ الصَّدَقَةِ، فَاَخَذْتُ تَمْرَةً، فَاَدْخَلْتُهَا فِی فِیَّ، فَاَدْخَلَ یَدَهُ حَتَّى اَخْرَجَهَا، وَقَالَ: اَیْ بُنَیَّ، اَمَا عَلِمْتَ اَنَّا اَهْلُ بَیْتٍ لَا تَحِلُّ لَنَا الصَّدَقَةُ؟

حضرت ابوحوراء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے بصرہ میں ملا' میں نے اُن سے کہا کہ آپ نے رسول اللہ ﷺ سے کیا یاد کیا ہے؟ تو آپ نے فرمایا: مجھے آپ نے وتروں میں پڑھنے کے لیے دعا سکھائی۔ میں نے عرض کی: وہ کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: وہ دعا یہ ہے: ''اللّٰهُمَّ اهْدِنِیْ اِلٰی آخرہ ''۔ میں نے عرض کی: اس کے علاوہ بھی کچھ یاد ہے؟ آپ نے فرمایا: میں زکوٰۃ کے باغ میں چل رہا تھا کہ میں نے کھجور پکڑی اور اسے اپنے منہ میں داخل کیا تو آپ نے اپنا ہاتھ داخل کر کے اس کو نکال دیا اور فرمایا: اے میرے لختِ جگر! تمہیں علم نہیں ہے کہ ہم اہل بیت کے لیے زکوٰۃ جائز نہیں ہے۔

**2648** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ، ثنا طَاهِرُ بْنُ اَبِی اَحْمَدَ الزُّبَیْرِیُّ، ثنا اَبِی، ثنا الْعَلَاءُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ بُرَیْدِ بْنِ اَبِی مَرْیَمَ، عَنْ اَبِی الْحَوْرَاءِ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ

حضرت ابوحوراء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کے پاس تھے' آپ سے پوچھا گیا: آپ نے رسول اللہ ﷺ سے کیا یاد کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: میں ایک دن آپ ﷺ کے

فَسُئِلَ: مَا عَقَلْتَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ: كُنْتُ اَمْشِي مَعَهُ يَوْمًا، فَمَرَّ عَلَى جَرِينٍ مِنْ تَمْرِ الصَّدَقَةِ، فَوَجَدْتُ تَمْرَةً، فَاَلْقَيْتُهَا فِي فِيَّ، فَاَخْرَجَهَا بِلُعَابِي، فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ: مَا عَلَيْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَوْ تَرَكْتَهَا؟ قَالَ: اِنَّا آلَ مُحَمَّدٍ لَا تَحِلُّ لَنَا الصَّدَقَةُ

ساتھ چل رہا تھا' میں کھجوروں کے ٹوکرے کے پاس سے گزرا' میں نے ایک کھجور پکڑی اور اسے اپنے منہ میں ڈالا' تو آپ نے لعاب سمیت وہ نکال لی' بعض لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے کھانا دینی تھی؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہم آلِ محمد کے لیے زکوٰۃ جائز نہیں ہے۔

## اَبُو وَائِلٍ شَقِيقُ بْنُ سَلَمَةَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

## حضرت ابووائل شقیق بن سلمہ' حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں

2649 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا حُدَيْجُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: جَاءَتِ امْرَاَةٌ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهَا ابْنَانِ لَهَا، فَاَعْطَاهَا ثَلَاثَ تَمَرَاتٍ، فَاَعْطَتِ ابْنَيْهَا كُلَّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا تَمْرَةً، فَاَكَلَا تَمْرَتَيْهِمَا، ثُمَّ جَعَلَا يَنْظُرَانِ اِلَى اُمِّهِمَا، فَشَقَّتْ تَمْرَتَهَا بِنِصْفَيْنِ بَيْنَهُمَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ رَحِمَهَا اللّٰهُ بِرَحْمَتِهَا ابْنَيْهَا

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک عورت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئی' اس کے ساتھ دو بچے تھے' آپ نے اسے تین کھجوریں دیں' اُس نے ایک ایک کھجور بچوں کو دے دی تو دونوں نے کھجوریں کھالیں' پھر دونوں اپنی ماں کی طرف دیکھنے لگے تو اُس نے دو حصے کر کے وہ تیسری کھجور بھی دونوں کو آدھی آدھی دے دی۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل اس پر اس کے بچوں کی وجہ سے رحم کرتا ہے۔

## عَامِرٌ الشَّعْبِيُّ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ

## حضرت عامر شعبی' حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے

## رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

**2650** - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ الْمِصْرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُعْفِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ بِشْرٍ، ثنا مُجَالِدٌ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِهِ وَفِي يَدِهِ عَرْقٌ يَتَعَرَّقُ مِنْهُ . قَالَ: فَتَنَاوَلَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَهَسَ مِنْهُ نَهْسَةً اَوْ نَهْسَتَيْنِ، ثُمَّ صَلَّى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ

## روایت کرتے ہیں

حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس سے گزرا اس حالت میں کہ آپ کے دستِ مبارک میں بے گوشت ہڈی تھی' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک دفعہ یا دو دفعہ اس کو کھایا' پھر آپ نے نماز پڑھائی اور آپ نے وضو نہیں کیا۔

## هُبَيْرَةُ بْنُ يَرِيمَ عَنِ الْحَسَنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

**2651** - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا يَحْيَى بْنُ اِسْحَاقَ السَّيْلَحِينِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ يَرِيمَ اَنَّ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ خَطَبَ النَّاسَ، فَقَالَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، لَقَدْ فَقَدْتُمْ رَجُلًا لَمْ يَسْبِقْهُ الْاَوَّلُونَ، وَلَا يُدْرِكُهُ الْآخِرُونَ، اِنْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَبْعَثُهُ فِي السَّرِيَّةِ، وَاِنَّ جِبْرِيلَ عَنْ يَمِينِهِ، وَمِيكَائِيلَ عَنْ يَسَارِهِ، وَاللّٰهِ مَا تَرَكَ بَيْضَاءَ وَلَا صَفْرَاءَ اِلَّا ثَمَانَ مِائَةِ دِرْهَمٍ فِي ثَمَنِ خَادِمٍ

## حضرت ھبیرہ بن یریم' حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں

حضرت ھبیرہ بن مریم سے روایت ہے کہ حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما نے لوگوں کو خطبہ دیا' فرمایا: اے لوگو! تم نے ایک آدمی کھویا جس کی مثال نہ پہلے لوگوں میں ہے اور نہ بعد والوں میں ہے۔ اگر اسے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سریہ میں بھیجتے تو حضرت جبریل علیہ السلام آپ کی دائیں جانب اور میکائیل علیہما السلام بائیں جانب ہوتے تھے' اللہ کی قسم! آپ نے کوئی سفید اور زرد نہیں چھوڑا ہے سوائے خادم کی قیمت آٹھ سو درہم کے۔

**2652** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں



2651- أخرجه أحمد في مسنده جلد 1 صفحه 199 رقم الحديث: 1719 عن أبي اسحاق عن هبيرة عن الحسن بن علي به.

شَيْبَةَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ حَكِيمٍ الْاَوْدِيُّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ يَرِيمَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْعَثُهُ بِالسَّرِيَّةِ- يَعْنِي عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ- فَيُقَاتِلُ، جِبْرِيلُ عَنْ يَمِينِهِ، وَمِيكَائِيلُ عَنْ يَسَارِهِ، وَلَا يَرْجِعُ حَتَّى يَفْتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ

کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو سریہ میں بھیجا تو حضرت جبریل علیہ السلام آپ کی دائیں جانب اور حضرت میکائیل علیہ السلام بائیں جانب ہوتے' آپ واپس تب آتے جب اللہ آپ کو فتح دے دیتا۔

**2653** - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الْمُزَنِيُّ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ يَرِيمَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَخْطُبُ النَّاسَ، فَقَالَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، لَقَدْ فَارَقَكُمْ بِالْاَمْسِ رَجُلٌ مَا سَبَقَهُ الْاَوَّلُونَ بِعِلْمٍ، وَلَا يُدْرِكُهُ الْآخِرُونَ، اِنْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْعَثُهُ الْمَبْعَثَ فَيُعْطِيهِ الرَّايَةَ، فَمَا يَرْجِعُ حَتَّى يَفْتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، اِنَّ جِبْرِيلَ عَنْ يَمِينِهِ، وَمِيكَائِيلَ عَنْ يَسَارِهِ، مَا تَرَكَ صَفْرَاءَ وَلَا بَيْضَاءَ اِلَّا سَبْعَ مِائَةِ دِرْهَمٍ، اَرَادَ اَنْ يَشْتَرِيَ بِهَا خَادِمًا

حضرت ھبیرہ بن مریم سے روایت ہے کہ حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما نے لوگوں کو خطبہ دیا' فرمایا: اے لوگو! تم میں سے ایک آدمی جدا ہوا جس کی مثال نہ پہلے لوگوں میں ہے اور نہ بعد والوں میں ہے۔ اگر انہیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سریہ میں بھیجتے تو حضرت جبریل علیہ السلام آپ کی دائیں جانب اور میکائیل علیہما السلام بائیں جانب ہوتے تھے' اللہ کی قسم! آپ نے کوئی سفید اور زرد نہیں چھوڑا ہے سوائے خادم کی قیمت سات سو درہم کے ارادہ کیا تھا کہ ان کے ساتھ خادم خریدیں۔

**2654** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا ضِرَارُ بْنُ صُرَدَ، ثنا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ يَرِيمَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَبْعَثُ عَلِيًّا مَبْعَثًا اِلَّا اَعْطَاهُ الرَّايَةَ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب بھی حضرت علی کو بھیجتے تھے تو آپ جھنڈا دیتے تھے۔

**2655** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِی شَیْبَةَ، ثنا ضِرَارُ بْنُ صُرَدَ، ثنا عَلِیُّ بْنُ هَاشِمٍ، عَنْ صَدَقَةَ بْنِ اَبِی عِمْرَانَ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنْ هُبَیْرَةَ بْنِ یَرِیمَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: مَا بَعَثَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلِیًّا مَبْعَثًا اِلَّا اَعْطَاهُ الرَّایَةَ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب بھی حضرت علی کو بھیجتے تھے تو آپ کو جھنڈا دیتے تھے۔

هبيرة بن يريم عن الحسن

**2656** - حَدَّثَنَا مُوسَی بْنُ هَارُونَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِیُّ، قَالَا: ثنا عِیسَی بْنُ سَالِمٍ الشَّاشِیُّ، ثنا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَیْدِ بْنِ اَبِی اُنَیْسَةَ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنْ هُبَیْرَةَ بْنِ یَرِیمَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: لَقَدْ فَارَقَكُمْ رَجُلٌ لَمْ یَسْبِقْهُ اَحَدٌ مِنَ الْاَوَّلِینَ بِعِلْمٍ، وَلَا یُدْرِكُهُ اَحَدٌ مِنَ الْآخِرِینَ، مَنْ كَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَبْعَثُهُ فَیُعْطِیهِ الرَّایَةَ، ثُمَّ یَخْرُجُ وَلَا یَرْجِعُ حَتَّی یَفْتَحَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَیْهِ، جِبْرِیلُ عَنْ یَمِینِهِ، وَمِیكَائِیلُ عَنْ یَسَارِهِ یُقَاتِلُونَ مَعَهُ، مَاتَ وَلَمْ یَتْرُكْ دِینَارًا وَلَا دِرْهَمًا، اِلَّا حُلِیًّا قِیمَتُهُ سَبْعُ مِائَةِ دِرْهَمٍ فَضَلَتْ عَنْ عَطَائِهِ

حضرت ھبیرہ بن مریم سے روایت ہے کہ حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما نے لوگوں کو خطبہ دیا' فرمایا: اے لوگو! تم میں سے ایک آدمی جدا ہوا ہے جس کی مثال نہ پہلے لوگوں میں ہے اور نہ بعد والوں میں ہے۔ اگر انہیں حضور ﷺ سریہ میں بھیجتے تو حضرت جبریل علیہ السلام آپ کی دائیں جانب اور میکائیل علیہما السلام بائیں جانب ہوتے تھے' وہ آپ کے ساتھ مل کر جہاد کرتے' اللہ کی قسم! آپ کا وصال ہوا تو آپ نے کوئی دینار اور درہم نہیں چھوڑا ہے سوائے ایک زیور کے جس کی قیمت سات سو درہم تھی۔

**2657** - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِیفَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِیرٍ، ثنا سُفْیَانُ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنْ هُبَیْرَةَ بْنِ یَرِیمَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: لَقَدْ فَارَقَكُمْ رَجُلٌ مَا تَرَكَ صَفْرَاءَ وَلَا بَیْضَاءَ اِلَّا سَبْعَ مِائَةِ دِرْهَمٍ عَنْ عَطَائِهِ اَرَادَ اَنْ یَبْتَاعَ بِهَا خَادِمًا. یَعْنِی عَلِیًّا رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ تم میں سے ایک ایسا آدمی جدا ہوا ہے' جس نے کوئی زرد سفید نہیں چھوڑا سوائے سات سو درہم کے' وہ بھی ایک غلام کی قیمت ادا کرنے کے لیے جو آپ نے یعنی حضرت علی رضی اللہ عنہ نے خرید نے کا ارادہ کیا تھا۔

**2658** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ زَكَرِيَّا الْكُوفِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَابِسٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ يَرِيمَ، قَالَ: خَطَبَ الْحَسَنُ، فَقَالَ: لَقَدْ فَارَقَكُمْ بِالْأَمْسِ رَجُلٌ مَا سَبَقَهُ الْأَوَّلُونَ بِعِلْمٍ وَلَا يُدْرِكُهُ الْآخِرُونَ، إِنْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَبْعَثُهُ الْمَبْعَثَ فَيُعْطِيهِ الرَّايَةَ، جِبْرِيلُ عَنْ يَمِينِهِ، وَمِيكَائِيلُ عَنْ يَسَارِهِ، فَمَا يَرْجِعُ حَتَّى يَفْتَحَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لَهُ

حضرت ھبیرہ بن مریم سے روایت ہے کہ حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما نے لوگوں کو خطبہ دیا' فرمایا: اے لوگو! تم میں سے ایک آدمی جدا ہوا ہے جس کی مثال نہ پہلے لوگوں میں ہے اور نہ بعد والوں میں ہے۔ اگر انہیں حضور ﷺ سریہ میں بھیجتے تو حضرت جبریل علیہ السلام آپ کی دائیں جانب اور میکائیل علیہما السلام بائیں جانب ہوتے تھے' وہ نہیں لوٹتے تھے یہاں تک کہ اللہ ان کو فتح دیتا تھا۔

**2659** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ غُلَيْبٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ، ثنا بَكَّارُ بْنُ زَكَرِيَّا، عَنِ الْأَجْلَحِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ يَرِيمَ أَنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ لَمَّا تُوُفِّيَ قَامَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَقَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ، قَدْ قُبِضَ فِيكُمُ اللَّيْلَةَ رَجُلٌ لَمْ يَسْبِقْهُ الْأَوَّلُونَ، وَلَا يُدْرِكُهُ الْآخِرُونَ، قَدْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْعَثُهُ الْمَبْعَثَ، فَيَكْتَنِفُهُ جِبْرِيلُ عَنْ يَمِينِهِ، وَمِيكَائِيلُ عَنْ يَسَارِهِ، لَا يَنْثَنِي حَتَّى يُفْتَحَ لَهُمْ، مَا تَرَكَ إِلَّا سَبْعَ مِائَةِ دِرْهَمٍ أَرَادَ أَنْ يَبْتَاعَ بِهَا خَادِمًا، وَقَدْ قُبِضَ فِي اللَّيْلَةِ الَّتِي عَرَجَ فِيهَا عِيسَى بْنُ مَرْيَمَ، لَيْلَةَ سَبْعٍ وَعِشْرِينَ مِنْ رَمَضَانَ

حضرت ھبیرہ بن یریم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت علی رضی اللہ عنہ اک وصال ہوا تو حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما منبر پر کھڑے ہوئے' فرمایا: اے لوگو! آج رات ایسے آدمی کا وصال ہوا ہے کہ جس کی مثال اوّلین و آخرین میں نہیں ملتی ہے' حضور ﷺ آپ کو بھیجتے تو حضرت جبریل علیہ السلام آپ کی دائیں جانب اور حضرت میکائیل علیہ السلام آپ کی بائیں جانب پڑھتے' آپ فتح کر کے واپس آتے' آپ نے بوقتِ وصال صرف سات سو درہم چھوڑے وہ بھی اس کے لیے جو آپ نے خادم خریدا تھا اُس کی قیمت ادا کرنے کے لیے' ان کا وصال اس رات میں ہوا جس میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اُٹھایا گیا تھا' یعنی 27 رمضان المبارک کو۔

## مُعَاوِيَةُ بْنُ حُدَيْجٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ

## حضرت معاویہ بن حدیج' حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے

# رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

**2660** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو الْوَاقِفِيُّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ حُدَيْجٍ، قَالَ: اَرْسَلَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ اَبِي سُفْيَانَ رَحِمَهُ اللّٰهُ اِلَى الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَخْطُبُ عَلَى يَزِيدَ بِنْتًا لَهُ اَوْ اُخْتًا لَهُ، فَاَتَيْتُهُ فَذَكَرْتُ لَهُ يَزِيدَ، فَقَالَ: اِنَّا قَوْمٌ لَا تُزَوَّجُ نِسَاؤُنَا حَتَّى نَسْتَأْمِرَهُنَّ، فَائْتِهَا. فَاَتَيْتُهَا فَذَكَرْتُ لَهَا يَزِيدَ، فَقَالَتْ: وَاللّٰهِ لَا يَكُونُ ذَاكَ حَتَّى يَسِيرَ فِينَا صَاحِبُكَ كَمَا سَارَ فِرْعَوْنُ فِي بَنِي اِسْرَائِيلَ، يُذَبِّحُ اَبْنَاءَهُمْ، وَيَسْتَحْيِي نِسَاءَهُمْ. فَرَجَعْتُ اِلَى الْحَسَنِ، فَقُلْتُ: اَرْسَلْتَنِي اِلَى فِلْقَةٍ مِنَ الْفَلَقِ تُسَمِّي اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ فِرْعَوْنَ. فَقَالَ: يَا مُعَاوِيَةُ اِيَّاكَ وَبُغْضَنَا، فَاِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يُبْغِضُنَا وَلَا يَحْسُدُنَا اَحَدٌ اِلَّا زِيدَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِسِيَاطٍ مِنْ نَارٍ

# اَبُو كَبِيرٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

**2661** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ

# روایت کرتے ہیں

حضرت معاویہ بن خدیج فرماتے ہیں کہ حضرت امیر معاویہ بن ابوسفیان نے حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کی طرف بھیجا کہ یزید سے بیٹی یا بہن کا نکاح کر دیں' میں آپ کے پاس آیا' میں نے آپ کے پاس یزید کے متعلق کہا' آپ نے فرمایا: ہم ایسی قوم ہیں کہ ہم اپنی عورتوں کی شادی ان کی اجازت سے کرتے ہیں' تو اس کے پاس جا' میں اس کی خدمت میں آیا' میں نے یزید کے متعلق کہا۔ اس نے کہا: اللہ کی قسم! ایسا نہیں ہوسکتا ہے یہاں تک کہ تیرا صاحب ہم سے وہی سلوک کرے جو فرعون نے بنی اسرائیل سے کیا' ان کے بیٹوں کو ذبح کرتا تھا اور ان کی عورتوں کو زندہ رکھتا تھا۔ میں حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' میں نے عرض کی: مجھے پھٹی ہوئی چیز کے کسی ٹکڑے کی طرف بھیجا' اس نے تو اُمیر المؤمنین کا نام فرعون رکھا۔ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تو اے معاویہ! ہم سے بغض رکھنا چھوڑ دے کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہم سے جو بغض اور حسد رکھے گا اسے قیامت کے دن جہنم کے کوڑے لگیں گے۔

# حضرت ابوکبیر' حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابوکبیر فرماتے ہیں کہ میں حضرت حسن

حَنبَلٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ، قَالَا: ثنا عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوبَ الْاَسَدِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَابِسٍ، عَنْ بَدْرِ بْنِ الْخَلِيلِ اَبِي الْخَلِيلِ، عَنْ اَبِي كَبِيرٍ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَجَاءَهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: لَقَدْ سَبَّ عِنْدَ مُعَاوِيَةَ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا سَبًّا قَبِيحًا رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ مُعَاوِيَةُ يَعْنِي ابْنَ حُدَيْجٍ تَعْرِفُهُ؟ قَالَ: نَعَمْ . قَالَ: اِذَا رَاَيْتَهُ فَائْتِنِي بِهِ . قَالَ: فَرَآهُ عِنْدَ دَارِ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ، فَاَرَاهُ اِيَّاهُ، قَالَ: اَنْتَ مُعَاوِيَةُ بْنُ حُدَيْجٍ؟ فَسَكَتَ فَلَمْ يُجِبْهُ ثَلَاثًا، ثُمَّ قَالَ: اَنْتَ السَّبَّابُ عَلِيًّا عِنْدَ ابْنِ آكِلَةِ الْاَكْبَادِ، اَمَا لَئِنْ وَرَدْتَ عَلَيْهِ الْحَوْضَ، وَمَا اَرَاكَ تَرِدُهُ، لَتَجِدَنَّهُ مُشَمِّرًا حَاسِرًا ذِرَاعَيْهِ يَذُودُ الْكُفَّارَ وَالْمُنَافِقِينَ عَنْ حَوْضِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَمَا تُذَادُ غَرِيبَةُ الْاِبِلِ عَنْ صَاحِبِهَا، قَوْلُ الصَّادِقِ الْمَصْدُوقِ اَبِي الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

بن علی کے پاس تھا' آپ کے پاس ایک آدمی آیا' اُس نے کہا: ایک بڑے آدمی نے حضرت امیر معاویہ کے پاس حضرت علی کو گالی دی ہے' اس کو معاویہ بن حدیج کہا جاتا تھا' آپ اس کو جانتے ہیں؟ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں! آپ نے فرمایا: جب تُو اس کو دیکھے تو اس کو میرے پاس لانا۔ حضرت ابوکبیر فرماتے ہیں کہ میں نے عمرو بن حریث کے گھر کے پاس اس کو دیکھا' میں نے وہ انہیں دکھایا' حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تُو معاویہ بن حدیج ہے؟ وہ خاموش رہا' تین دفعہ جواب نہیں دیا۔ پھر حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تو جگر کھانے والے کے بیٹے کے پاس حضرت علی رضی اللہ عنہ کو گالیاں نہیں دیں' اگر تو حوضِ کوثر پر آیا تو میں تجھے واپس کروں گا' حضور ﷺ کے حوضِ کوثر سے منافقوں اور کافروں کو ایسے ہی پیچھے کیا جائے گا' جس طرح جس اونٹ کو کوئی نہ جانتا ہو اس کو پیچھے کیا جاتا ہے۔ یہ اس نے فرمایا: جو سچ بولتے ہیں اور جن کے سچ کی تصدیق کی گئی ہے۔

## الْمُسَيَّبُ بْنُ نَجَبَةَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

## حضرت مسیّب بن نجبہ' حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**2662** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَسَنِ التَّغْلِبِيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ بُكَيْرٍ الْغَنَوِيُّ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ

حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنگ دھوکہ کا نام ہے۔

اَبِی اِدْرِیسَ، عَنِ الْمُسَیّبِ بْنِ نَجَبَةَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اَلْحَرْبُ خَدْعَةٌ

## حَسَنُ بْنُ حَسَنِ بْنِ عَلِیّ عَنْ اَبِیهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

## حضرت حسن بن حسن بن علی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

**2663** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِینَ الْمِصْرِیُّ، ثنا سَعِیدُ بْنُ اَبِی مَرْیَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، اَخْبَرَنِی حُمَیْدُ بْنُ اَبِی زَیْنَبَ، عَنْ حَسَنِ بْنِ حَسَنِ بْنِ عَلِیّ بْنِ اَبِی طَالِبٍ، عَنْ اَبِیهِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: حَیْثُمَا کُنْتُمْ فَصَلُّوا عَلَیَّ، فَاِنَّ صَلَاتَکُمْ تَبْلُغُنِی

حضرت حسین بن حسن بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم جہاں سے بھی مجھ پر درود پاک پڑھو تمہارا درود مجھ تک پہنچایا جاتا ہے۔

**2664** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِیُّ، ثنا کَثِیرُ بْنُ یَحْیَی، ثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الرَّقَاشِیُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حَسَنِ بْنِ حَسَنِ بْنِ عَلِیّ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قِیلَ: یَا رَسُولَ اللّٰهِ الْقَوْمُ یَأْتُونَ الدَّارَ فَیَسْتَاْذِنُ وَاحِدٌ مِنْهُمْ، اَیُجْزِءُ عَنْهُمْ جَمِیعًا؟ قَالَ: نَعَمْ ۔ قِیلَ: فَیَرُدُّ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ، اَیُجْزِءُ عَنِ الْجَمِیعِ؟ قَالَ: نَعَمْ ۔ قِیلَ: الْقَوْمُ یَمُرُّونَ فَیُسَلِّمُ وَاحِدٌ مِنْهُمْ، اَیُجْزِءُ عَنِ الْجَمِیعِ؟ قَالَ: نَعَمْ ۔ قِیلَ: فَیَرُدُّ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ، اَیُجْزِءُ عَنِ الْجَمِیعِ؟ قَالَ: نَعَمْ

حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ عرض کی: یارسول اللہ! کچھ لوگ گھر میں آتے ہیں ان میں سے ایک اجازت مانگتا ہے کیا وہ سب کے لیے کافی ہے؟ آپ نے فرمایا: ہاں! عرض کی گئی: یارسول اللہ! ایک کو جواب دیا جائے تو سب کے لیے جواب کافی ہوگا؟ آپ نے فرمایا: ہاں! عرض کی: یارسول اللہ! لوگ گزر رہے ہوں تو ان میں سے ایک سلام کرے تو کیا کافی ہے؟ آپ نے فرمایا: ہاں! عرض کی: یارسول اللہ! قوم میں سے ایک جواب دے تو کیا سب کی طرف سے ہو جائے گا؟ آپ نے فرمایا: ہاں!

**2665** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَادَةَ الْوَاسِطِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا جَهْمُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَسَنِ بْنِ حَسَنٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ مِنْ مُوجِبَاتِ الْمَغْفِرَةِ اِدْخَالَ السُّرُورِ عَلَى اَخِيكَ الْمُسْلِمِ

کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بخشش کے اسباب میں سے یہ ہے کہ مسلمان بھائی کو خوش کرنا۔

**2666** - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثنا قَيْسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْكِنْدِيُّ، ثنا طَلْحَةُ بْنُ كَامِلٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: الْمَغْبُونُ لَا مَحْمُودٌ وَلَا مَاْجُورٌ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مغبون وہ ہے جس کی نہ تعریف کی جائے اور قابلِ ثواب ہو۔

**2667** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا كَثِيرُ بْنُ يَحْيَى، ثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الرَّقَاشِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حَسَنِ بْنِ حَسَنٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَرَاَ آيَةَ الْكُرْسِيِّ فِي دُبُرِ الصَّلَاةِ الْمَكْتُوبَةِ كَانَ فِي ذِمَّةِ اللّٰهِ اِلَى الصَّلَاةِ الْاُخْرَى

حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے فرض نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھی وہ دوسری نماز تک اللہ کے ذمہ میں ہے۔

**2668** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُصَرِّفُ بْنُ عَمْرٍو الْيَامِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ يَاسِينَ الزَّيَّاتِ اَبِي مُعَاذٍ، عَنْ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ الْمَكِّيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى، وَالرِّجَالُ وَالنِّسَاءُ يَطُوفُونَ بَيْنَ يَدَيْهِ بِغَيْرِ سُتْرَةٍ مِمَّا

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نماز پڑھی جبکہ مرد اور عورتیں ان کے آگے بغیر سترہ کے طواف کیا جا رہا تھا۔

يَلِي الْحَجَرَ الْاَسْوَدَ

2669 - حَدَّثَنَا اَبُو عُبَيْدَةَ عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَامِعٍ الْعَطَّارُ، ثنا فَضَالَةُ بْنُ حُصَيْنٍ، حَدَّثَنِي رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ الْمَدِينَةِ يُكَنَّى اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حَسَنِ بْنِ حَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: النَّخْلُ وَالشَّجَرُ بَرَكَةٌ عَلَى اَهْلِهِ، وَعَلَى عَقِبِهِمْ بَعْدَهُمْ، اِذَا كَانُوا لِلّٰهِ شَاكِرِينَ

حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کھجور اور کھجور کا درخت گھر والوں کے لیے برکت ہے اور ان کے بعد والوں کے لیے بھی برکت ہے بشرطیکہ وہ اللہ کا شکریہ ادا کرنے والے ہیں۔

2670 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ النَّخَعِيُّ الْقَاضِي الْكُوفِيُّ، ثنا عَمَّارُ بْنُ اَبِي مَالِكٍ الْجَنْبِيُّ، ثنا اَبُو دَاوُدَ النَّخَعِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَسَنِ بْنِ حَسَنٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ ضَحَّى طَيِّبَةً بِهَا نَفْسُهُ، مُحْتَسِبًا لِاُضْحِيَّتِهِ، كَانَتْ لَهُ حِجَابًا مِنَ النَّارِ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنی طرف سے حلال مال سے قربانی کی ثواب کی نیت سے تو وہ قربانی اس کے لیے جہنم سے رکاوٹ ہو جائے گی۔

2671 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ النَّضْرِ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ النُّعْمَانِ الْفَرَّاءُ الْمِصِّيصِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُثْمَانَ الْحَاطِبِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْجُهَنِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: صَعِدَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمِنْبَرَ يَوْمَ غَزْوَةِ تَبُوكَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: اَيُّهَا النَّاسُ، اِنِّي وَاللّٰهِ مَا آمُرُكُمْ اِلَّا بِمَا اَمَرَكُمُ اللّٰهُ بِهِ، وَلَا اَنْهَاكُمْ اِلَّا عَمَّا نَهَاكُمُ اللّٰهُ عَنْهُ،

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ غزوۂ تبوک کے دن منبر پر تشریف فرما ہوئے اللہ کی حمد و ثناء کی پھر فرمایا: اے لوگو! اللہ کی قسم! میں تم کو وہی حکم دیتا ہوں جس کا اللہ مجھے حکم دیتا ہے تمہیں اس سے منع کرتا ہوں جس سے اللہ منع کرتا ہے اچھے طریقے سے رزق تلاش کرو اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں ابوالقاسم ﷺ کی جان ہے! تم کو رزق ایسے ہی تلاش کرتا ہے جس طرح موت تلاش

فَاجْمِلُوا فِي الطَّلَبِ، فَوَالَّذِي نَفْسُ اَبِي الْقَاسِمِ بِيَدِهِ اِنَّ اَحَدَكُمْ لَيَطْلُبُهُ رِزْقُهُ كَمَا يَطْلُبُهُ اَجَلُهُ، فَاِنْ تَعَسَّرَ عَلَيْكُمْ شَيْءٌ مِنْهُ فَاطْلُبُوهُ بِطَاعَةِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

کرتی ہے اگر تم پر کوئی شی مشکل ہو جائے تو اللہ کی اطاعت کر کے اس کو تلاش کرو۔

**2672** - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ جُمْهُورٍ التِّنِّيسِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُصَفًّى، ثنا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ، حَدَّثَنِي جَهْمُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَسَنِ بْنِ حَسَنٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ مِنْ وَاجِبِ الْمَغْفِرَةِ اِدْخَالَكَ السُّرُورَ عَلَى اَخِيكَ الْمُسْلِمِ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بخشش کے اسباب میں سے یہ ہے کہ مسلمان بھائی کو خوش کرنا۔

## زَيْدُ بْنُ عَلِيٍّ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

## حضرت زید بن علی، حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں

**2673** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَالِمٍ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ زَيْدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا تَوَضَّا فَضَلَ مَاءٌ حَتّٰى يُسِيلَهُ عَلَى مَوْضِعِ سُجُودِهِ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کی عادت تھی کہ جب وضو کا پانی بچ جاتا تو اپنی سجدہ والی جگہ پر بہا دیتے تھے۔

## اَبُو يَحْيَى الْاَعْرَجُ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

## حضرت ابو یحییٰ اعرج، حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں

**2674** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ وَاَبُو

حضرت ابو یحییٰ فرماتے ہیں کہ میں حضرات حسن و

مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ الْأَنْمَاطِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِي يَحْيَى، قَالَ: كُنْتُ بَيْنَ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ وَمَرْوَانَ يَتَسَابَّانِ، فَجَعَلَ الْحَسَنُ يُسْكِتُ الْحُسَيْنَ، فَقَالَ مَرْوَانُ: أَهْلُ بَيْتٍ مَلْعُونُونَ. فَغَضِبَ الْحَسَنُ، وَقَالَ: قُلْتَ أَهْلُ بَيْتٍ مَلْعُونُونَ، فَوَاللّٰهِ لَقَدْ لَعَنَكَ اللّٰهُ عَلَى لِسَانِ نَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنْتَ فِي صُلْبِ أَبِيكَ

حسین رضی اللہ عنہما کے درمیان تھا' مروان دونوں کو گالیاں دے رہا تھا۔ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہما کو خاموش کروا رہے تھے۔ مروان نے کہا: اہل بیت ملعون ہیں۔ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ ناراض ہوئے' آپ نے فرمایا: تُو نے کہا ہے کہ اہل بیت ملعون ہیں' اللہ کی قسم! اللہ عزوجل نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان سے تیرے اوپر لعنت کی تھی اس حالت میں کہ تُو اپنے باپ کی پشت میں تھا۔

## رَبِيعَةُ بْنُ شَيْبَانَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ

## حضرت ربیعہ بن شیبان' حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں

2675 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا وَكِيعٌ وَأَبُو أُسَامَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ عُمَارَةَ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ شَيْبَانَ، قَالَ: قُلْتُ لِلْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: مَا تَعْقِلُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: صَعِدْتُ مَعَهُ غُرْفَةَ الصَّدَقَةِ، فَأَخَذْتُ تَمْرَةً فَلُكْتُهَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلْقِهَا؛ فَإِنَّا لَا تَحِلُّ لَنَا الصَّدَقَةُ

حضرت ربیعہ بن سنان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے دریافت کیا: آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کوئی شی یاد کی ہے؟ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے زکوٰۃ کی کھجور لی' اس کو منہ میں ڈالا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پھینک دو کیونکہ ہم زکوٰۃ نہیں کھاتے ہیں۔

## اِسْحَاقُ بْنُ يَسَارٍ أَبُو

## حضرت اسحاق بن یسار ابو محمد بن

# مُحَمَّدِ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ

# اسحاق' حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں

2676 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرِو بْنِ اَبَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ دَخَلَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْتَ فَاطِمَةَ، فَنَاوَلَتْهُ كَتِفَ شَاةٍ مَطْبُوخَةٍ فَاَكَلَهَا، ثُمَّ قَامَ يُصَلِّي، فَاَخَذَتْ ثِيَابَهُ، فَقَالَتْ: اَلا تَوَضَّأُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: مِمَّ يَا بُنَيَّةُ؟ قَالَتْ: قَدْ اَكَلْتَ مِمَّا مَسَّتْهُ النَّارُ. قَالَ: اِنَّ اَطْهَرَ طَعَامِكُمْ لَمَا مَسَّتْهُ النَّارُ

حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے گھر آئے' آپ نے بھنی ہوئی بکری کی دستی پکڑی' اسے کھایا' پھر کھڑے ہوئے اور نماز پڑھائی' حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے آپ کے کپڑے پکڑے' عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ وضو نہیں کریں گے؟ آپ نے فرمایا: اے بیٹی! کیوں؟ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: آپ نے آگ سے پکی ہوئی چیز کھائی ہے؟ آپ نے فرمایا: تمہارا سب سے پاکیزہ کھانا وہی ہے جس کو آگ نے چھوا ہو۔

# مُحَمَّدُ بْنُ سِيرِينَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

# حضرت محمد بن سیرین' حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں

2677 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ اَنَّ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ وَابْنَ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا كَانَا جَالِسَيْنِ، فَمَرَّتْ جِنَازَةٌ، فَقَامَ اَحَدُهُمَا وَلَمْ يَقُمِ الْآخَرُ، فَقَالَ اَحَدُهُمَا: اَلَمْ يَقُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ الْآخَرُ: بَلَى، ثُمَّ قَعَدَ

حضرت محمد بن سیرین فرماتے ہیں کہ حضرت حسن بن علی اور ابن عباس رضی اللہ عنہم دونوں بیٹھے ہوئے تھے' ایک جنازہ گزرا تو ان میں سے ایک کھڑے ہوئے اور دوسرے کھڑے نہیں ہوئے' ان میں سے ایک نے کہا: کیا رسول اللہ ﷺ کھڑے نہیں ہوتے تھے؟ دوسرے نے کہا: کیوں نہیں! پھر بیٹھ گئے۔

2678 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، قَالَ: مَرَّتْ جِنَازَةٌ بِابْنِ عَبَّاسٍ وَالْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، فَقَامَ الْحَسَنُ، وَقَعَدَ ابْنُ عَبَّاسٍ، فَقَالَ الْحَسَنُ: أَلَيْسَ قَدْ قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِجِنَازَةِ يَهُودِيٍّ أَوْ يَهُودِيَّةٍ مَرَّتْ بِهِ؟ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: بَلَى، وَجَلَسَ

حضرت محمد بن سیرین فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عباس اور حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہم کے پاس سے ایک جنازہ گزرا' حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور ابن عباس رضی اللہ عنہما بیٹھے رہے' حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا حضور ﷺ یہودی یا یہودیہ کے جنازہ کے لیے کھڑے نہیں ہوئے ہیں؟ حضرت ابن عباس نے عرض کی: کیوں نہیں! امام حسن رضی اللہ عنہ بھی بیٹھ گئے۔

2679 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ حَمَّادٍ الشُّعَيْثِيُّ، ثنا ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدٍ أَنَّ جِنَازَةً مَرَّتْ عَلَى ابْنِ عَبَّاسٍ وَالْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، فَقَامَ أَحَدُهُمَا، وَقَعَدَ الْآخَرُ، فَقَالَ الْقَائِمُ لِلْقَاعِدِ: أَلَيْسَ قَدْ قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: بَلَى، ثُمَّ قَعَدَ

حضرت محمد بن سیرین فرماتے ہیں کہ ایک جنازہ حضرت امام حسن اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم کے پاس سے گزرا' ان حضرات میں سے ایک کھڑے ہو گئے اور دوسرے حضرت بیٹھے رہے' کھڑے ہونے والے نے بیٹھنے والے سے کہا: کیا حضور ﷺ کھڑے نہیں ہوتے تھے؟ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے عرض کی: کیوں نہیں! پھر حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ تشریف فرما ہوئے۔

2680 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَبَّاسِ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، ثنا النُّعْمَانُ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَيَزِيدَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ التُّسْتَرِيِّ، وَأَبِي بَكْرٍ الْهُذَلِيِّ، قَالُوا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِيرِينَ، قَالَ: نُبِّئْتُ أَنَّ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ وَابْنَ عَبَّاسٍ مَرَّتْ عَلَيْهِمَا جِنَازَةٌ، فَقَامَ الْحَسَنُ، وَجَلَسَ ابْنُ عَبَّاسٍ، فَقَالَ الْحَسَنُ لِابْنِ عَبَّاسٍ: أَلَمْ تَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت محمد بن سیرین فرماتے ہیں کہ ایک جنازہ حضرت امام حسن اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم کے پاس سے گزرا' ان میں سے ایک کھڑا ہوا اور دوسرا بیٹھا رہا' کھڑے ہونے والے نے بیٹھنے والے سے کہا: کیا حضور ﷺ کھڑے نہیں ہوتے تھے؟ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے عرض کی: کیوں نہیں! پھر حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ تشریف فرما ہوئے۔

مَرَّتْ بِهِ جِنَازَةٌ فَقَامَ؟ قَالَ: بَلَى، وَقَدْ جَلَسَ

**2681** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ الرَّجَانِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ حَكِيمٍ الْمُقَوِّمُ، ثنا أَبُو بَحْرٍ الْبَكْرَاوِيُّ، ثنا أَشْعَثُ، عَنْ مُحَمَّدٍ أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ وَالْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا كَانَا جَالِسَيْنِ، فَمَرَّتْ بِهِمَا جِنَازَةٌ، فَقَامَ الْحَسَنُ، وَقَعَدَ ابْنُ عَبَّاسٍ، فَقَالَ: أَمَا عَلِمْتَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ قَامَ وَجَلَسَ؟

حضرت محمد بن سیرین فرماتے ہیں کہ حضرت حسن بن علی اور ابن عباس رضی اللہ عنہم دونوں بیٹھے ہوئے تھے ایک جنازہ گزرا تو ان میں ایک کھڑے ہوئے اور دوسرے کھڑے نہیں ہوئے ان میں سے ایک نے کہا: کیا رسول اللہ ﷺ کھڑے نہیں ہوتے تھے؟ دوسرے نے کہا: کیوں نہیں! پھر بیٹھ بھی گئے۔

**2682** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أنا مَعْمَرٌ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ أَنَّ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: لَوْ نَظَرْتُمْ مَا بَيْنَ جَابَرْسَ إِلَى جَابَلْقَ مَا وَجَدْتُمْ رَجُلًا جَدُّهُ نَبِيٌّ غَيْرِي وَأَخِي، وَإِنِّي أَرَى أَنْ تَجْتَمِعُوا عَلَى مُعَاوِيَةَ، (وَإِنْ أَدْرِي لَعَلَّهُ فِتْنَةٌ لَكُمْ وَمَتَاعٌ إِلَى حِينٍ) (الانبياء: 111). قَالَ مَعْمَرٌ: جَابَرْسُ وَجَابَلْقُ: الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ

حضرت ابن سیرین فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اگر تم مشرق و مغرب کے درمیان دیکھو تو تم کسی آدمی کو نہیں پاؤ گے کہ جس کا نانا نبی ہو میرے اور حسین کے علاوہ میں دیکھتا ہوں کہ تم حضرت معاویہ کے پاس جمع ہو رہے ہو ''میں اپنے طور سے کیا اندازہ بتاؤں وہ تمہارے لیے آزمائش ہی ہو یا ایک معین وقت تک کا سامان''۔ حضرت معمر فرماتے ہیں: جابرس اور جابلق سے مراد مشرق و مغرب ہیں۔

## أَبُو لَيْلَى عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

## حضرت ابولیلیٰ حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں

**2683** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ إِسْحَاقَ الصِّينِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ أَبِي لَيْلَى، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ

حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: انس! جاؤ عرب کے سردار کو بلاؤ یعنی علی کو۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی:

عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا أَنَسُ انْطَلِقْ فَادْعُ لِي سَيِّدَ الْعَرَبِ - يَعْنِي عَلِيًّا - فَقَالَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا: أَلَسْتَ سَيِّدَ الْعَرَبِ؟ قَالَ: أَنَا سَيِّدُ وَلَدِ آدَمَ، وَعَلِيٌّ سَيِّدُ الْعَرَبِ . فَلَمَّا جَاءَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَرْسَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْأَنْصَارِ فَأَتَوْهُ، فَقَالَ لَهُمْ: يَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ، أَلَا أَدُلُّكُمْ عَلَى مَا إِنْ تَمَسَّكْتُمْ بِهِ لَنْ تَضِلُّوا بَعْدَهُ؟ قَالُوا: بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ. قَالَ: هَذَا عَلِيٌّ فَأَحِبُّوهُ بِحُبِّي، وَكَرِّمُوهُ لِكَرَامَتِي، فَإِنَّ جِبْرِيلَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَنِي بِالَّذِي قُلْتُ لَكُمْ عَنِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

یارسول اللہ! کیا آپ عرب کے سردار نہیں ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میں اولادِ آدم کا سردار ہوں اور علی عرب کا سردار ہے۔ جب حضرت علی رضی اللہ عنہ آئے تو حضور ﷺ نے اُنہیں انصار کی طرف بھیجا اُنہیں بلانے کے لیے۔ آپ نے فرمایا: اے انصار! کیا تمہیں بتاؤ کہ اگر تم اسے مضبوطی سے تھام لوتو تم ہرگز ہرگز اس کے بعد گمراہ نہ ہوگے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: کیوں نہیں! آپ نے فرمایا: یہ علی ہے' اس سے محبت کرو' میری محبت کی وجہ سے اس کی عزت کرو میری عزت کی وجہ سے' کیونکہ حضرت جبریل نے مجھ سے عرض کی ہے: میں تم کو اللہ کی طرف سے کہہ رہا ہوں۔



## عُمَيْرُ بْنُ مَأْمُونٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

## حضرت عمیر بن مامون' حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں

2684 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ طَرِيفٍ، عَنْ عُمَيْرِ بْنِ مَأْمُونٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُولُ: سَمِعْتُ جَدِّي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ أَدْمَنَ الِاخْتِلَافَ إِلَى الْمَسْجِدِ أَصَابَ أَخًا مُسْتَفَادًا فِي اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، وَعِلْمًا مُسْتَطْرَفًا، وَكَلِمَةً تَدْعُوهُ إِلَى الْهُدَى، وَكَلِمَةً تَصْرِفُهُ عَنِ الرَّدَى، وَيَتْرُكُ الذُّنُوبَ حَيَاءً أَوْ خَشْيَةً، وَنِعْمَةً أَوْ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے نانا رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے اپنا تعلق مجھ سے قائم کرلیا' اپنے بھائی سے استفادہ کرے اللہ کی رضا کے لیے اور نفع مند علم حاصل کرے اور ایسی بات جو ہدایت کا ذریعہ ہے اور ایسی بات جو اس کو بُرائی سے دور کرے' حیاء یا خوف سے گناہ چھوڑ دے اور نعمت کی وجہ سے' یا اس رحمت کی وجہ سے' جس کا انتظار کیا جاتا ہے۔

رَحْمَةٌ مُنْتَظَرَةٌ

2685 - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، ثنا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ طَرِيفٍ، عَنْ عُمَيْرِ بْنِ مَامُونٍ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تُحْفَةُ الصَّائِمِ الدُّهْنُ وَالْمُجْمَرُ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: روزے دار کے لیے تحفہ تیل اور خوشبو ہے۔

## حَبِيبُ بْنُ اَبِي ثَابِتٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

## حضرت حبیب بن ابوثابت، حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں

حضرت جعفر بن محمد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہما کوشہید کیا گیا' اُس وقت آپ کی عمر 58 سال تھی۔

**2738** - حَـدَّثَـنَـا مُـحَـمَّـدُ بْـنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْـحَـضْـرَمِـيُّ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ عَاصِمٍ الرَّازِيُّ، ثنا يَـحْـيَـى بْـنُ ضُـرَيْـسٍ، عَنْ فِطْرٍ، عَنْ مُنْذِرٍ الثَّوْرِيِّ، قَالَ: كَانَ اِذَا ذُكِرَ قَتْلُ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَـنْـهُ عِـنْـدَ مُـحَمَّدِ بْنِ الْحَنَفِيَّةِ، قَالَ: لَقَدْ قُتِلَ مَعَهُ سَبْـعَـةَ عَشَـرَ مِـمَّـنِ ارْتَكَضَ فِی رَحِمِ فَاطِمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُمْ

حضرت منذر ثوری فرماتے ہیں کہ حضرت محمد بن حنفیہ کے ہاں جب حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کا ذکر کیا جاتا تو آپ فرماتے: آپ کے ساتھ 17 افراد کوشہید کیا گیا ہے' جن کا رشتہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے تھا۔

**2739** - حَـدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ

حضرت لیث فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسین

الْمِصْرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، قَالَ: أَبَى الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا أَنْ يُسْتَأْسَرَ، فَقَاتَلُوهُ فَقَتَلُوهُ، وَقَتَلُوا ابْنَيْهِ وَأَصْحَابَهُ الَّذِينَ قَاتَلُوا مِنْهُ بِمَكَانٍ يُقَالُ لَهُ الطَّفُّ، وَانْطُلِقَ بِعَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، وَفَاطِمَةَ بِنْتِ حُسَيْنٍ، وَسُكَيْنَةَ بِنْتِ حُسَيْنٍ إِلَى عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زِيَادٍ، وَعَلِيٌّ يَوْمَئِذٍ غُلَامٌ قَدْ بَلَغَ، فَبَعَثَ بِهِمْ إِلَى يَزِيدَ بْنِ مُعَاوِيَةَ، فَأَمَرَ بِسُكَيْنَةَ فَجُعِلَتْ خَلْفَ سَرِيرِهِ لِئَلَّا تَرَى رَأْسَ أَبِيهَا وَذَوِي قَرَابَتِهَا، وَعَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فِي غُلٍّ، فَوَضَعَ رَأْسَهُ، فَضَرَبَ عَلَى ثَنِيَّتَيِ الْحُسَيْنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ:

(البحر الطويل)

نُفَلِّقُ هَامًا مِنْ رِجَالٍ أَحِبَّةٍ ... إِلَيْنَا وَهُمْ كَانُوا أَعَقَّ وَأَظْلَمَا

بن علی رضی اللہ عنہما نے لڑنے سے انکار کیا تھا' آپ لڑے اور شہید ہو گئے' آپ کے بیٹے اور ساتھی آپ کے ساتھ اس جگہ شہید ہوئے اُسے طف کہا جاتا تھا۔ حضرت علی بن حسین اور فاطمہ بنت حسین اور سکینہ بنت حسین کو عبیداللہ بن زیاد کے پاس بھیجا گیا' حضرت علی بن حسین بلوغت کے قریب تھے' ان کو عبید نے یزید بن معاویہ کی طرف بھیجا' سکینہ کے متعلق حکم دیا کہ ان کو پردہ کے پیچھے کروں گا کہ اپنے والد کا سر نہ دیکھیں اور اپنے قریبیوں کو۔ حضرت علی بن حسین کو زنجیریں پہنائی گئی تھیں' یزید نے آپ کا سر رکھا' آپ کے ہونٹوں پر مارا' کہا:

''ہم ان لوگوں کے سر پھوڑتے ہیں جو ہمیں پیارے ہیں لیکن وہ نافرمان اور ظالم ہیں''۔

فَقَالَ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: (مَا أَصَابَ مِنْ مُصِيبَةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي أَنْفُسِكُمْ إِلَّا فِي كِتَابٍ مِنْ قَبْلِ أَنْ نَبْرَأَهَا إِنَّ ذَلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيرٌ) (الحديد: 22). فَثَقُلَ عَلَى يَزِيدَ أَنْ يَتَمَثَّلَ بِبَيْتِ شِعْرٍ، وَتَلَا عَلِيٌّ آيَةً مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، فَقَالَ يَزِيدُ: بَلْ بِمَا كَسَبَتْ أَيْدِيكُمْ وَيَعْفُو عَنْ كَثِيرٍ. فَقَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: أَمَا وَاللّٰهِ لَوْ رَآنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَغْلُولِينَ لَأَحَبَّ أَنْ يُخَلِّيَنَا مِنَ الْغُلِّ. قَالَ: صَدَقْتَ، فَخَلُّوهُمْ مِنَ الْغُلِّ. قَالَ: وَلَوْ وَقَفْنَا بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت علی بن حسین رضی اللہ عنہما نے فرمایا: ''نہیں پہنچتی کوئی مصیبت زمین میں اور نہ تمہاری جانوں میں مگر وہ کتاب میں قبل اس کے کہ ہم اس کو پیدا کریں' بے شک اللہ پر یہ آسان ہے''۔ یہ آیت یزید پر بھاری گزری' شعر پڑھنے سے پہلے علی بن حسین نے قرآن کی آیت تلاوت کی۔ یزید نے کہا: بلکہ جو تمہارے ہاتھوں نے کمایا اور بہت زیادہ معاف کرتا ہے۔ حضرت علی نے فرمایا: اگر رسول اللہ ﷺ ہمیں زنجیروں کی حالت میں دیکھتے تو ہم سے زنجیریں کھولتے۔ یزید نے کہا: سچ کہا! آپ کی زنجیریں کھول

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى بُعْدٍ لَاَحَبَّ اَنْ يُقَرِّبَنَا . قَالَ: صَدَقْتَ، فَقَرِّبُوهُمْ. فَجَعَلَتْ فَاطِمَةُ وَسُكَيْنَةُ يَتَطَاوَلَانِ لِتَرَيَا رَأْسَ اَبِيهِمَا، وَجَعَلَ يَزِيدُ يَتَطَاوَلُ فِي مَجْلِسِهِ لِيَسْتُرَ عَنْهُمَا رَأْسَ اَبِيهِمَا، ثُمَّ اَمَرَ بِهِمْ فَجُهِّزُوا، فَاَصْلَحَ اِلَيْهِمْ، وَاُخْرِجُوا اِلَى الْمَدِينَةِ

دی گئیں۔ حضرت علی بن حسین نے فرمایا: اگر ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آگے کھڑے ہوتے تو آپ ہمیں قریب کرنا پسند کرتے۔ یزید نے کہا: آپ نے سچ کہا! ان کو قریب کیا گیا' حضرت فاطمہ اور سکینہ حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے سر کو دیکھنے کے لیے آگے بڑھنے لگیں' یزید مجلس میں آگے ہونے لگا تا کہ آپ کے سر کو ان سے چھپائے' پھر اس نے حکم دیا کہ ان کے سامان تیار کیا جائے' ضروری انتظامات کیے اور مدینہ کی طرف بھیج دیا۔

**2740** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الصُّوفِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبَانَ، ثنا حِبَّانُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ سَعْدِ بْنِ طَرِيفٍ، عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُقْتَلُ حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَلَى رَأْسِ سِتِّينَ مِنْ مُهَاجَرَتِي

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حسین بن علی کو ساٹھ ہجری میں شہید کیا جائے گا۔

**2741** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الصُّوفِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبَانَ، حَدَّثَنِي حِبَّانُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ سَعْدِ بْنِ طَرِيفٍ، عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُقْتَلُ الْحُسَيْنُ حِينَ يَعْلُوهُ الْقَتِيرُ . قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ: الْقَتِيرُ: الشَّيْبُ.

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت حسین بن علی کو شہید کیا جائے گا جس وقت بڑھاپا آئے گا۔ امام طبرانی فرماتے ہیں: القتیر کا معنی بڑھاپا ہے۔

حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبَّادٍ الْخَطَّابِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا

حضرت عوان بن حکم فرماتے ہیں: جب عبدالرحمن

سَعِيدُ بْنُ صُبَيْحٍ، قَالَ: قَالَ هِشَامُ بْنُ الْكَلْبِيِّ، عَنْ عَوَانَةَ بْنِ الْجَكَمِ قَالَ: لَمَّا ضَرَبَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُلْجَمٍ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ. وَذَكَرَ الْحَدِيثَ

بن ملجم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو شہید کیا تھا' اس کے بعد حدیث ذکر کی۔

**2742** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ أَبِي عُيَيْنَةَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيهِ أَنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قُتِلَ وَهُوَ ابْنُ ثَمَانٍ وَخَمْسِينَ، وَقُتِلَ الْحُسَيْنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَهُوَ ابْنُ ثَمَانٍ وَخَمْسِينَ، وَتُوُفِّيَ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ وَهُوَ ابْنُ ثَمَانٍ وَخَمْسِينَ

حضرت جعفر بن محمد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا' اُس وقت آپ کی عمر 58 سال تھی' حضرت حسین رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا تو آپ کی عمر بھی 58 سال تھی' حضرت علی بن حسین (امام زین العابدین) کا وصال ہوا تو اُس وقت آپ کی عمر بھی 58 سال تھی۔

**2743** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ، حَدَّثَنِي شُرَحْبِيلُ بْنُ مُدْرِكٍ الْجُعْفِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُجَيٍّ، عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ سَافَرَ مَعَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَلَمَّا حَاذَى نِينَوَى، قَالَ: صَبْرًا أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ، صَبْرًا بِشَطِّ الْفُرَاتِ. قُلْتُ: وَمَا ذَاكَ؟ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ وَعَيْنَاهُ تَفِيضَانِ، فَقُلْتُ: هَلْ أَغْضَبَكَ أَحَدٌ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ مَالِي أَرَى عَيْنَيْكَ مُفِيضَتَيْنِ؟ قَالَ: قَامَ مِنْ عِنْدِي جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، فَأَخْبَرَنِي أَنَّ أُمَّتِي تَقْتُلُ الْحُسَيْنَ ابْنِي. ثُمَّ قَالَ: هَلْ لَكَ أَنْ أُرِيَكَ مِنْ تُرْبَتِهِ؟ قُلْتُ: نَعَمْ. فَمَدَّ يَدَهُ فَقَبَضَ، فَلَمَّا رَأَيْتُهَا لَمْ أَمْلِكْ عَيْنَيَّ أَنْ فَاضَتَا

حضرت عبداللہ بن نجی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ سفر کیا' جب نینویٰ (نزد کربلا) کے قریب ہوئے تو آپ نے فرمایا: اے ابوعبداللہ! فرات کے کنارے رکنا۔ میں نے عرض کی: کیوں؟ آپ نے فرمایا: میں ایک دن رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا تو آپ کی دونوں آنکھوں سے آنسو جاری تھے' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ کو کسی نے تکلیف دی ہے؟ آپ نے فرمایا: مجھے کیا ہے کہ میں آپ کی آنکھیں آنسوؤں سے تربتر دیکھ رہا ہوں؟ فرمایا: میرے پاس سے حضرت جبریل علیہ السلام کھڑے ہوئے اور مجھے بتایا کہ میری اُمت میرے لختِ جگر حسین کو شہید کرے گی' پھر حضرت جبریل نے عرض کی: کیا اس جگہ کی مٹی دکھاؤں؟ میں نے کہا: ہاں! حضرت جبریل نے اپنا ہاتھ مٹی لی' جب میں نے اسے دیکھا تو میں اپنے آشوب پر قابو نہ پا سکا۔

**2744** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ حَمْزَةَ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْطَبٍ، قَالَ: لَمَّا أُحِيطَ بِالْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ، قَالَ: مَا اسْمُ هَذِهِ الْأَرْضِ؟ قِيلَ: كَرْبَلَاءُ. فَقَالَ: صَدَقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّهَا أَرْضُ كَرْبٍ وَبَلَاءٍ

حضرت مطلب بن عبداللہ بن مطلب فرماتے ہیں کہ جب حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما کو گھیرا گیا تو آپ نے فرمایا: اس زمین کا کیا نام ہے؟ آپ سے عرض کی گئی: کربلا! آپ نے فرمایا: (میرے نانا) حضور ﷺ نے سچ کہا ہے' یہ زمین کرب و بلا ہے۔

**2745** - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنِ حَسَّانَ الْمَرْوَزِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ الْبَصْرِيُّ، وَعَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، قَالُوا: ثنا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ، قَالَا: ثنا عُمَارَةُ بْنُ زَاذَانَ الصَّيْدَلَانِيُّ، قَالَا: ثنا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: اسْتَأْذَنَ مَلَكُ الْقَطْرِ رَبَّهُ عَزَّ وَجَلَّ أَنْ يَزُورَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَذِنَ لَهُ، فَجَاءَهُ وَهُوَ فِي بَيْتِ أُمِّ سَلَمَةَ، فَقَالَ: يَا أُمَّ سَلَمَةَ احْفَظِي عَلَيْنَا الْبَابَ، لَا يَدْخُلْ عَلَيْنَا أَحَدٌ. فَبَيْنَمَا هُمْ عَلَى الْبَابِ إِذْ جَاءَ الْحُسَيْنُ فَفَتَحَ الْبَابَ، فَجَعَلَ يَتَقَفَّزُ عَلَى ظَهْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَلْتَثِمُهُ وَيُقَبِّلُهُ، فَقَالَ لَهُ الْمَلَكُ: تُحِبُّهُ يَا مُحَمَّدُ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ: أَمَا إِنَّ أُمَّتَكَ سَتَقْتُلُهُ، وَإِنْ شِئْتَ أَنْ أُرِيَكَ مِنْ تُرْبَةِ الْمَكَانِ الَّذِي يُقْتَلُ فِيهَا. قَالَ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ عزوجل سے بارش کے فرشتے نے حضور ﷺ کی زیارت کے لیے اجازت مانگی' اس کو اجازت دی گئی' وہ فرشتہ آیا' آپ اُس وقت حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کے گھر تھے۔ آپ نے فرمایا: اے اُم سلمہ! ہمارے دروازہ کی حفاظت کرنا کہ کوئی داخل نہ ہو! آپ دروازہ پر تھیں کہ اچانک حضرت امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما تشریف لائے اور حضور ﷺ کی پیٹھ پر سوار ہونے لگے۔ حضور ﷺ انہیں پکڑ کے اپنے ساتھ لگا رہے ہیں اور بوسے لے رہے ہیں۔ فرشتہ نے آپ سے عرض کی: اے محمد ﷺ! آپ اس سے محبت کرتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: ہاں! اس فرشتے نے عرض کی: آپ کی اُمت اسے شہید کرے گی' اگر آپ چاہیں تو آپ کو اس جگہ کی مٹی دکھا دوں جس جگہ ان کو شہید کیا جائے گا' فرشتے نے ایک مٹھی مٹی اس جگہ سے لی جہاں

2745- أخرجه ابن حبان في صحيحه جلد15صفحه142 رقم الحديث:6742' وأبو يعلى في مسنده جلد6صفحه129 رقم الحديث:3402 كلاهما عن عمارة بن زاذان عن ثابت عن أنس به .

فَقَبَضَ قَبْضَةً مِنَ الْمَكَانِ الَّذِي يُقْتَلُ فِيهِ، فَأَتَاهُ بِسَهْلَةٍ حَمْرَاءَ، فَأَخَذَتْهُ أُمُّ سَلَمَةَ فَجَعَلَتْهُ فِي ثَوْبِهَا. قَالَ ثَابِتٌ: كُنَّا نَقُولُ إِنَّهَا كَرْبَلَاءُ

آپ کو شہید کیا جانا تھا' وہ سرخ مٹی لایا۔ حضرت اُم سلمہ نے اسے کپڑا میں رکھا۔ حضرت ثابت فرماتے ہیں: ہم کہتے تھے: وہ کربلا ہے۔

2746 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: دَخَلَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُوحَى إِلَيْهِ، فَنَزَا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُنْكَبٌّ، وَلَعِبَ عَلَى ظَهْرِهِ، فَقَالَ جِبْرِيلُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَتُحِبُّهُ يَا مُحَمَّدُ؟ قَالَ: يَا جِبْرِيلُ، وَمَا لِي لَا أُحِبُّ ابْنِي . قَالَ: فَإِنَّ أُمَّتَكَ سَتَقْتُلُهُ مِنْ بَعْدِكَ. فَمَدَّ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ يَدَهُ، فَأَتَاهُ بِتُرْبَةٍ بَيْضَاءَ، فَقَالَ: فِي هَذِهِ الْأَرْضِ يُقْتَلُ ابْنُكَ هَذَا يَا مُحَمَّدُ، وَاسْمُهَا الطَّفُّ. فَلَمَّا ذَهَبَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ مِنْ عِنْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالتُّرْبَةُ فِي يَدِهِ يَبْكِي، فَقَالَ: يَا عَائِشَةُ، إِنَّ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ أَخْبَرَنِي أَنَّ الْحُسَيْنَ ابْنِي مَقْتُولٌ فِي أَرْضِ الطَّفِّ، وَأَنَّ أُمَّتِي سَتُفْتَتَنُ بَعْدِي . ثُمَّ خَرَجَ إِلَى أَصْحَابِهِ فِيهِمْ عَلِيٌّ وَأَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَحُذَيْفَةُ وَعَمَّارٌ وَأَبُو ذَرٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَهُوَ يَبْكِي، فَقَالُوا: مَا يُبْكِيكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: أَخْبَرَنِي جِبْرِيلُ أَنَّ ابْنِي الْحُسَيْنَ يُقْتَلُ بَعْدِي

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما' حضورﷺ کے پاس آئے' اُس وقت آپ پر وحی اُتر رہی تھی' حضورﷺ کے کندھے پر سوار ہوئے اور آپ کی پشت پر کھیلنے لگے' حضرت جبریل علیہ السلام نے حضورﷺ سے عرض کی: کیا آپ اس سے محبت کرتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: اے جبریل! یہ میرا لختِ جگر ہے' میں اس سے محبت کیوں نہ کروں؟ آپ نے فرمایا: آپ کے بعد آپ کی اُمت اسے قتل کرے گی۔ حضرت جبریل علیہ السلام نے اپنا ہاتھ گھمایا اور سفید مٹی لائے اور عرض کی: اے محمدﷺ! اس جگہ آپ کے لختِ جگر کو شہید کیا جائے گا' اس کا نام الطف ہے۔ جب حضرت جبریل' حضورﷺ کے پاس سے گئے تو حضورﷺ نکلے' مٹی آپ کے ہاتھ میں تھی اور آپ رو رہے تھے۔ فرمایا: اے عائشہ! حضرت جبریل علیہ السلام نے مجھے بتایا ہے کہ حسین کو طف کی زمین میں شہید کیا جائے گا اور میری اُمت عنقریب میرے بعد اسے شہید کرے گی۔ پھر اپنے صحابہ کی طرف نکلے' ان صحابہ میں حضرت علی' حضرت ابوبکر' حضرت عمر' حضرت حذیفہ' حضرت عمار اور حضرت ابوذر رضی اللہ عنہم تھے' آپ رو رہے تھے۔ ان حضرات نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کیوں رو رہے

بِأَرْضِ الطَّفِّ، وَجَاءَنِي بِهَذِهِ التُّرْبَةِ، وَأَخْبَرَنِي أَنَّ فِيهَا مَضْجَعَهُ

ہیں؟ آپ نے فرمایا: مجھے حضرت جبریل نے بتایا کہ میرے لختِ جگر حسین کو میرے بعد سرزمین الطّف میں شہید کیا جائے گا' میرے پاس مٹی لائی گئی اور مجھے بتایا گیا کہ اس میں لٹایا جائے گا۔

**2747** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ، ثنا الْفَضْلُ بْنُ مُوسَى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ دَخَلَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَائِشَةُ، أَلَا أُعَجِّبُكِ؟ لَقَدْ دَخَلَ عَلَيَّ مَلَكٌ آنِفًا مَا دَخَلَ عَلَيَّ قَطُّ، فَقَالَ: إِنَّ ابْنِي هَذَا مَقْتُولٌ، وَقَالَ: إِنْ شِئْتَ أَرَيْتُكَ تُرْبَةً يُقْتَلُ فِيهَا، فَتَنَاوَلَ الْمَلَكُ بِيَدِهِ، فَأَرَانِي تُرْبَةً حَمْرَاءَ.

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے' حضور ﷺ نے فرمایا: اے عائشہ! کیا تم تعجب نہیں کرتی ہو کہ ابھی میرے پاس ایک فرشتہ آیا جو میرے پاس کبھی نہیں آیا' اُس نے عرض کی: میرے اس لختِ جگر کو شہید کیا جائے گا اور عرض کی کہ اگر آپ چاہیں تو آپ کو اس جگہ کی مٹی دکھا دوں جس جگہ ان کو شہید کیا جائے گا' اس فرشتے نے اپنے ہاتھ سے مٹی لی' پھر آپ نے مجھے سرخ مٹی دکھائی۔

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا هُدْبَةُ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، قَالَ: قَالَ لِي الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ قَبْلَ قَتْلِهِ بِيَوْمٍ: إِنَّ بَنِي إِسْرَائِيلَ كَانَ لَهُمْ مَلَكٌ. وَذَكَرَ الْحَدِيثَ

حضرت علی بن حسین فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما نے ایک دن شہادت سے پہلے فرمایا: بنی اسرائیل کے ہاں فرشتہ تھا' اس کے بعد حدیث ذکر کی۔

**2748** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي عَبَّادُ بْنُ زِيَادٍ الْأَسَدِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ ثَابِتٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: كَانَ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يَلْعَبَانِ بَيْنَ يَدَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَيْتِي، فَنَزَلَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، فَقَالَ: يَا

حضرت اُمِ سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما دونوں میرے گھر میں حضور ﷺ کے آگے کھیل رہے تھے' حضرت جبریل علیہ السلام آئے اور عرض کی: اے محمد ﷺ! آپ کی اُمت آپ کے بعد آپ کے لختِ جگر کو شہید کرے گی۔ اپنے ہاتھ سے حضرت امام حسین کی طرف اشارہ کیا۔

مُحَمَّدُ، إِنَّ أُمَّتَكَ تَقْتُلُ ابْنَكَ هَذَا مِنْ بَعْدِكَ . فَأَوْمَأَ بِيَدِهِ إِلَى الْحُسَيْنِ، فَبَكَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَضَمَّهُ إِلَى صَدْرِهِ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَدِيعَةٌ عِنْدَكِ هَذِهِ التُّرْبَةُ . فَشَمَّهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ: وَيْحَ كَرْبٍ وَبَلَاءٍ . قَالَتْ: وَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا أُمَّ سَلَمَةَ إِذَا تَحَوَّلَتْ هَذِهِ التُّرْبَةُ دَمًا فَاعْلَمِي أَنَّ ابْنِي قَدْ قُتِلَ قَالَ: فَجَعَلَتْهَا أُمُّ سَلَمَةَ فِي قَارُورَةٍ، ثُمَّ جَعَلَتْ تَنْظُرُ إِلَيْهَا كُلَّ يَوْمٍ، وَتَقُولُ: إِنَّ يَوْمًا تَحَوَّلِينَ دَمًا لَيَوْمٌ عَظِيمٌ

رسول اللہ ﷺ رو پڑے' اُنہیں اپنے سینے سے لگایا' پھر حضور ﷺ نے فرمایا: اس کی مٹی آپ کے پاس ہے' حضور ﷺ نے اس مٹی کو سونگھا' فرمایا: کربلا کے لیے ہلاکت! حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے اُم سلمہ! جب یہ مٹی خون میں تبدیل ہو جائے تو جان لینا کہ میرے لخت جگر کو شہید کیا گیا ہے۔ حضرت اُم سلمہ فرماتی ہیں کہ میں نے اسے بوتل میں رکھا' پھر میں اس کو روز دیکھتی اور کہتی: بے شک ایک دن یہ مٹی خون میں تبدیل ہو جائے گی' وہ عظیم دن ہوگا۔

**2749** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَأَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَا: ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ بَهْرَامَ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أُمَّ سَلَمَةَ حِينَ جَاءَ نَعْيُ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ لَعَنَتْ أَهْلَ الْعِرَاقِ، وَقَالَتْ: قَتَلُوهُ قَتَلَهُمُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ، غَرُّوهُ وَذَلُّوهُ، لَعَنَهُمُ اللَّهُ

حضرت شہر بن حوشب فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے سنا: جس دن آپ کے پاس حضرت امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما کی شہادت کی خبر آئی' آپ نے فرمایا: عراق والوں پر اللہ کی لعنت ہو! اور فرمایا: انہوں نے آپ کو شہید کیا' اللہ ان کو ہلاک کرے اور ان کو دھوکہ دیا اور ان کو ذلت کا شکار کیا' اللہ کی ان پر لعنت ہو۔

**2750** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْحِمَّانِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ حَنْطَبٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسًا ذَاتَ يَوْمٍ فِي بَيْتِي، فَقَالَ: لَا يَدْخُلْ عَلَيَّ أَحَدٌ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ ایک دن میرے گھر میں بیٹھے ہوئے تھے آپ نے فرمایا: میرے پاس کسی کو نہ آنے دینا' میں انتظار میں تھی کہ حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما داخل ہوئے' میں نے رسول اللہ ﷺ کے رونے کی آواز سنی' میں نے جھانکا تو میری نظر پڑی' حضرت امام حسین رضی

. فَانتَظَرْتُ فَدَخَلَ الْحُسَيْنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَسَمِعْتُ نَشِيجَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْكِي، فَاطَّلَعْتُ فَإِذَا حُسَيْنٌ فِي حِجْرِهِ، وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ جَبِينَهُ وَهُوَ يَبْكِي، فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ مَا عَلِمْتُ حِينَ دَخَلَ، فَقَالَ: إِنَّ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ كَانَ مَعَنَا فِي الْبَيْتِ، فَقَالَ: تُحِبُّهُ؟ قُلْتُ: أَمَّا مِنَ الدُّنْيَا فَنَعَمْ. قَالَ: إِنَّ أُمَّتَكَ سَتَقْتُلُ هَذَا بِأَرْضٍ يُقَالُ لَهَا كَرْبَلَاءُ. فَتَنَاوَلَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ مِنْ تُرْبَتِهَا، فَأَرَاهَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا أُحِيطَ بِحُسَيْنٍ حِينَ قُتِلَ، قَالَ: مَا اسْمُ هَذِهِ الْأَرْضِ؟ قَالُوا: كَرْبَلَاءُ. قَالَ: صَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ، أَرْضُ كَرْبٍ وَبَلَاءٍ

اللہ عنہ آپ ﷺ کی گود میں تھے' آپ ان کی پیشانی پر ہاتھ پھیر رہے تھے اور رو رہے تھے' میں نے عرض کی: اللہ کی قسم! جس دن یہ داخل ہوئے مجھے علم نہیں تھا۔ آپ نے فرمایا: حضرت جبریل گھر میں ہمارے پاس تھے' حضرت جبریل نے عرض کی: آپ اس سے محبت کرتے ہیں؟ میں نے کہا: دنیا میں سب سے زیادہ اس سے محبت کرتا ہوں' حضرت جبریل نے عرض کی: آپ کی اُمت عنقریب اس سرزمین پر شہید کرے گی جسے کربلا کہا جاتا ہے۔ حضرت جبریل نے مٹی پکڑی اور حضور ﷺ کو دکھائی' جب حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو گھیرا گیا جب آپ کو شہید کیا گیا تو آپ نے فرمایا: اس زمین کا کیا نام ہے؟ اُنہوں نے کہا: کربلا! آپ نے فرمایا: اللہ اور اُس کے رسول نے سچ کہا ہے' یہ کرب و بلاء کی زمین ہے۔

2751 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ، ثنا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ، قَالَا: ثنا مُوسَى بْنُ صَالِحٍ الْجُهَنِيُّ، عَنْ صَالِحِ بْنِ أَرْبَدَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اجْلِسِي بِالْبَابِ، وَلَا يَلِجَنَّ عَلَيَّ أَحَدٌ. فَقُمْتُ بِالْبَابِ، إِذْ جَاءَ الْحُسَيْنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَذَهَبْتُ أَتَنَاوَلُهُ، فَسَبَقَنِي الْغُلَامُ، فَدَخَلَ عَلَى جَدِّهِ، فَقُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، جَعَلَنِي اللّٰهُ فِدَاكَ، أَمَرْتَنِي أَنْ لَا يَلِجَ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میرے دروازے پر بیٹھ جا اور میرے پاس کسی کو نہ آنے دینا۔ میں دروازے پر کھڑی ہوئی' اچانک امام حسین رضی اللہ عنہ آئے' میں آپ کو پکڑنے کے لیے گئی تو آپ مجھ سے آگے نکل گئے' آپ اپنے نانا کے پاس آئے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے اللہ آپ پر فدا کرے! مجھے آپ نے حکم دیا تھا کہ کوئی داخل نہ ہو' یہ آپ کا لخت جگر آیا ہے' میں اس کو پکڑنے لگی تو یہ مجھ سے آگے نکل گیا۔ جب تھوڑی دیر گزری تو میں نے دیکھا کہ آپ اپنے ہاتھ

عَلَيْكَ اَحَدٌ، وَاِنَّ ابْنَكَ جَاءَ، فَذَهَبْتُ اَتَنَاوَلُهُ فَسَبَقَنِي، فَلَمَّا طَالَ ذٰلِكَ تَطَلَّعْتُ مِنَ الْبَابِ، فَوَجَدْتُكَ تُقَلِّبُ بِكَفَّيْكَ شَيْئًا وَدُمُوعُكَ تَسِيلُ، وَالصَّبِيُّ عَلٰى بَطْنِكَ . قَالَ: نَعَمْ، اَتَانِي جِبْرِيلُ، فَاَخْبَرَنِي اَنَّ اُمَّتِي يَقْتُلُونَهُ، وَاَتَانِي بِالتُّرْبَةِ الَّتِي يُقْتَلُ عَلَيْهَا، فَهِيَ الَّتِي اُقَلِّبُ بِكَفَّيَّ

میں کسی شی کو پلٹ رہے ہیں اور آپ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہیں اور امام حسین آپ کے پیٹ پر ہیں۔ آپ نے فرمایا: جی ہاں! میرے پاس حضرت جبریل علیہ السلام آئے اور مجھے بتایا کہ میری اُمت اسے قتل کرے گی اور میرے پاس اس جگہ کی مٹی بھی لائے جس جگہ شہید کیا جائے گا' میں اس مٹی کو اپنے ہاتھوں پر پلٹ رہا ہوں۔

**2752** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ مُسَافِرٍ التِّنِّيسِيُّ، ثنا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ، ثنا مُوسَى بْنُ يَعْقُوبَ الزَّمْعِيُّ، عَنْ هَاشِمِ بْنِ هَاشِمِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ، عَنْ عُتْبَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَمْعَةَ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اضْطَجَعَ ذَاتَ يَوْمٍ، فَاسْتَيْقَظَ وَهُوَ خَاثِرُ النَّفْسِ، وَفِي يَدِهِ تُرْبَةٌ حَمْرَاءُ يُقَلِّبُهَا، فَقُلْتُ: مَا هٰذِهِ التُّرْبَةُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: اَخْبَرَنِي جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَنَّ هٰذَا يُقْتَلُ بِاَرْضِ الْعِرَاقِ - لِلْحُسَيْنِ- فَقُلْتُ لِجِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ: اَرِنِي تُرْبَةَ الْاَرْضِ الَّتِي يُقْتَلُ بِهَا، فَهٰذِهِ تُرْبَتُهَا

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور ﷺ ایک دن لیٹے ہوئے تھے' آپ اُٹھے تو پریشان تھے' آپ کے دست مبارک میں سرخ مٹی تھی جسے آپ پلٹ رہے تھے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ مٹی کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: مجھے حضرت جبریل علیہ السلام نے بتایا کہ اس عراق کی سرزمین پر حسین کو شہید کیا جائے گا۔ میں نے کہا: اے جبریل! مجھے اس جگہ کی مٹی دکھاؤ جس جگہ انہیں شہید کیا جائے گا' تو یہ وہ مٹی ہے۔

**2753** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَاَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَا: ثنا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے دوپہر کے وقت رسول اللہ ﷺ کو خواب میں دیکھا' آپ کے سر مبارک کے بال مبارک بکھرے



---

2752- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد4صفحه440 .

2753- أخرجه نحوه الحاكم في مستدركه جلد 4صفحه439 رقم الحديث: 8201' واحمد في مسنده جلد1صفحه242 رقم الحديث: 2165' جلد 1صفحه283 رقم الحديث: 2553 كلاهما عن حماد بن سلمة عن عامر بن أبي عمار عن ابن عباس به' وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9صفحه194 عن ابن عباس .

حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ اَبِي عَمَّارٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَا يَرَى النَّائِمُ بِنِصْفِ النَّهَارِ اَشْعَثَ اَغْبَرَ، بِيَدِهِ قَارُورَةٌ فِيهَا دَمٌ، فَقُلْتُ: بِاَبِي اَنْتَ وَاُمِّي يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا هٰذَا؟ فَقَالَ: دَمُ الْحُسَيْنِ وَاَصْحَابِهِ، لَمْ اَزَلْ اَلْتَقِطُهُ مُنْذُ الْيَوْمِ . فَاُحْصِيَ ذٰلِكَ الْيَوْمُ، فَوُجِدَ قَدْ قُتِلَ يَوْمَئِذٍ

ہوئے ہیں اور آپ کے دستِ مبارک میں بوتل ہے جس میں خون ہے۔ میں نے عرض کی: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! یہ کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: حسین اور اس کے ساتھیوں کا خون ہے۔ میں مسلسل آج کے دن اس کو اُٹھاتا رہا ہوں' میں نے آج کا دن شمار کیا ہے کہ آج کے دن آپ کو شہید کیا گیا۔

**2754** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا سَعْدُ بْنُ وَهْبٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ شُبَيْلِ بْنِ عَزْرَةَ، عَنْ اَبِي جَبْرَةَ، قَالَ: صَحِبْتُ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حَتَّى اَتَى الْكُوفَةَ، فَصَعِدَ الْمِنْبَرَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: كَيْفَ اَنْتُمْ اِذَا نَزَلَ بِذُرِّيَّةِ نَبِيِّكُمْ بَيْنَ ظَهْرَانَيْكُمْ؟ قَالُوا: اِذًا نُبْلِيَ اللّٰهَ فِيهِمْ بَلَاءً حَسَنًا . فَقَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَيَنْزِلُنَّ بَيْنَ ظَهْرَانَيْكُمْ، وَلَتَخْرُجُنَّ اِلَيْهِمْ فَلَتَقْتُلُنَّهُمْ . ثُمَّ اَقْبَلَ يَقُولُ:

(البحر الطويل)

هُمُ اَوْرَدُوهُمْ بِالْغُرُورِ وَعَرَّدُوا... اَحَبُّوا نَجَاةً لَا نَجَاةَ وَلَا عُذْرَا

حضرت ابوحبرہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ کوفہ میں آیا' حضرت علی منبر پر تشریف فرما ہوئے' اللہ کی حمد وثناء کی' پھر فرمایا: تم پر وہ کیا وقت ہوگا جب تمہارے درمیان تمہارے نبی کی اولاد ہو گی؟ اُنہوں نے کہا: ہمیں اللہ اس آزمائش میں مبتلا کرے گا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! وہ تمہارے درمیان ضرور اُتریں گے' تم ان کی طرف ضرور نکلو گے' تم ضرور بضرور ان کو قتل کرو گے۔ پھر فرمایا: ان کو دھوکہ سے لایا جائے گا اور تم ان کے مقابلے سے پیچھے ہٹو گے' نجات کو پسند کرو گے' نہ نجات ہوگی' نہ کوئی عذر قبول ہوگا۔

**2755** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَكَمِ بْنِ اَبِي زِيَادٍ، وَاَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الصُّوفِيُّ، قَالَا: ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، عَنْ اِسْرَائِيلَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ هَانِئِ بْنِ هَانِئٍ، عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: لَيُقْتَلَنَّ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضرت امام حسین کو ضرور شہید کیا جائے گا اور بے شک میں اُس زمین سے بھی واقف ہوں' دو دریاؤں کے قریب جس میں یہ شہید ہوں گے۔

الْحُسَيْنُ قَتْلًا، وَإِنِّي لَأَعْرِفُ التُّرْبَةَ الَّتِي يُقْتَلُ فِيهَا قَرِيبًا مِنَ النَّهْرَيْنِ

**2756** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا أَبُو الْأَعْمَشِ، عَنْ سَلَّامٍ أَبِي شُرَحْبِيلَ، عَنْ أَبِي هَرْثَمَةَ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِنَهْرَيْ كَرْبَلَاءَ، فَمَرَّ بِشَجَرَةٍ تَحْتَهَا بَعْرُ غِزْلَانٍ، فَأَخَذَ مِنْهُ قَبْضَةً فَشَمَّهَا، ثُمَّ قَالَ: يُحْشَرُ مِنْ هَذَا الظَّهْرِ سَبْعُونَ أَلْفًا يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ

حضرت ابی ہرثمہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ کربلا کے دو دریاؤں کے پاس تھا' پس آپ ایک درخت کے پاس سے گزرے جس کے نیچے ہرن کی مینگنیاں تھیں' آپ نے اُس سے ایک مٹھی بھری اور سونگھا' پھر کہا: اس زمین سے ستر ہزار ایسے لوگ اُٹھیں گے جو بغیر حساب و کتاب جنت میں داخل ہوں گے۔

**2757** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ أَبِي سَمِينَةَ، ثنا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ مَيْمُونِ بْنِ مِهْرَانَ، عَنْ شَيْبَانَ بْنِ مَخْرَمٍ، وَكَانَ عُثْمَانِيًّا، قَالَ: إِنِّي لَمَعَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ إِذْ أَتَى كَرْبَلَاءَ، فَقَالَ: يُقْتَلُ فِي هَذَا الْمَوْضِعِ شُهَدَاءُ لَيْسَ مِثْلَهُمْ شُهَدَاءُ إِلَّا شُهَدَاءُ بَدْرٍ . فَقُلْتُ: بَعْضُ كَذَبَاتِهِ، وَثَمَّ رِجْلُ حِمَارٍ مَيِّتٍ، فَقُلْتُ لِغُلَامِي: خُذْ رِجْلَ هَذَا الْحِمَارِ فَأَوْتِدْهَا فِي مَقْعَدِهِ وَغَيِّبْهَا، فَضَرَبَ الدَّهْرُ ضَرْبَةً، فَلَمَّا قُتِلَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، انْطَلَقْتُ وَمَعِي أَصْحَابٌ لِي، فَإِذَا جُثَّةُ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَلَى رِجْلِ ذَاكَ الْحِمَارِ، وَإِذَا أَصْحَابُهُ رَبْضَةٌ حَوْلَهُ

حضرت شیبان بن مخرم عثمانی فرماتے ہیں: جب حضرت علی رضی اللہ عنہ کربلا آئے تو میں بھی ان کے ساتھ تھا' پس آپ نے کہا: اس جگہ میں ایسے شہداء شہید ہوں گے جن کی مثل شہداءِ بدر کے علاوہ اور کوئی شہید نہیں ہوگا۔ میں نے کہا: اس کے بعض جھوٹے ہیں' وہاں ایک مردار گدھے کی ٹانگ موجود تھی' میں نے اپنے غلام سے کہا کہ اس گدھے کی ٹانگ کو پکڑ و اس کی مقصد میں غائب کر دو' زمانے نے ایک ضرب ماری' پس جب حضرت امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما شہید ہوئے' میں گیا جبکہ میرے ساتھ کچھ میرے ساتھی بھی تھے' اچانک میری نظر پڑی' حضرت امام حسین ابن علی کا جسد مبارک گدھے کی اس ٹانگ پر ہے اور آپ کے ساتھی اردگرد ہیں۔

**2758** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ

راس الجالوت نے فرمایا: ہم سنا کرتے تھے کہ

الْبَصْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْعَبْدِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ كَثِيرٍ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ اَبِي عَائِشَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ رَاْسِ الْجَالُوتِ، قَالَ: كُنَّا نَسْمَعُ اَنَّهُ يُقْتَلُ بِكَرْبَلَاءَ ابْنُ نَبِيٍّ، فَكُنْتُ اِذَا دَخَلْتُهَا رَكَضْتُ فَرَسِي حَتَّى اَجُوزَ عَنْهَا، فَلَمَّا قُتِلَ الْحُسَيْنُ جَعَلْتُ اَسِيرُ بَعْدَ ذَلِكَ عَلَى هَيْاَتِي

کریم ﷺ کے بیٹے کربلا میں شہید کیے جائیں گے پس جب میں کربلا میں داخل ہوا کرتا تھا تو میں اپنے گھوڑے کو ایڑ لگاتا تھا یہاں تک کہ میں وہاں سے آگے گزر جاتا' جب حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ شہید کر دیئے گئے تو اس کے بعد میں نے اسی حالت پر چلنا شروع کر دیا۔

2759 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا فُرَاتُ بْنُ مَحْبُوبٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنِي اَسْلَمُ الْمِنْقَرِيُّ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى الْحَجَّاجِ، فَدَخَلَ سِنَانُ بْنُ اَنَسٍ قَاتِلُ الْحُسَيْنِ، فَاِذَا شَيْخٌ آدَمُ فِيهِ حِنَّاءٌ، طَوِيلُ الْاَنْفِ فِي وَجْهِهِ بَرَشٌ، فَاُوقِفَ بِحِيَالِ الْحَجَّاجِ، فَنَظَرَ اِلَيْهِ الْحَجَّاجُ، فَقَالَ: اَنْتَ قَتَلْتَ الْحُسَيْنَ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ: وَكَيْفَ صَنَعْتَ بِهِ؟ قَالَ: دَعَمْتُهُ بِالرُّمْحِ، وَهَبَرْتُهُ بِالسَّيْفِ هَبْرًا. فَقَالَ لَهُ الْحَجَّاجُ: اَمَا اِنَّكُمَا لَنْ تَجْتَمِعَا فِي دَارٍ

حضرت اسلم المنقری فرماتے ہیں کہ میں حجاج کے پاس آیا تو امام حسین رضی اللہ عنہ کو شہید کرنے والا سنان بن انس بھی آیا جبکہ وہ بوڑھا آدمی تھا لیکن اس کے ہاتھوں میں مہندی تھی اس کی ناک لمبی تھی' اس کے چہرے میں برص کے نشان تھے' میں حجاج کے حیلوں سے واقف تھا' پس حجاج نے اس کی طرف دیکھا اور کہا: ارے تُو نے امام حسین کو شہید کیا ہے؟ اُس نے کہا: جی ہاں! حجاج بولا: تُو نے ان کے ساتھ کیا سلوک کیا' اس نے کہا: میں نے انہیں تیر مارے اور تلوار کے ساتھ وار کیا' حجاج نے اُس سے کہا: لیکن تم دونوں ہرگز کسی گھر میں اکٹھے نہیں ہو سکو گے۔

2760 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ خُثَيْمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ الضَّبِّيِّ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: لَوْ كُنْتُ فِيمَنْ قَتَلَ الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ، ثُمَّ غُفِرَ لِي، ثُمَّ اُدْخِلْتُ الْجَنَّةَ، اسْتَحْيَيْتُ اَنْ اَمُرَّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَيَنْظُرَ فِي وَجْهِي

ابراہیم فرماتے ہیں: بفرضِ محال اگر میں اُن لوگوں میں ہوتا جنہوں نے حضرت امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما کو شہید کیا' پھر مجھے بخش دیا جاتا' پھر جنت میں داخل کیا جاتا تو مجھے حیاء آتی کہ نبی ﷺ کے پاس سے گزروں اور آپ میرے چہرے کو دیکھیں۔

2761 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ

قرہ ابن خالد فرماتے ہیں کہ میں نے ابورجاء کو

حَنْبَلٍ، ثنا بَكْرُ بْنُ خَلَفٍ، ثنا اَبُو عَاصِمٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا اَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، كِلَاهُمَا عَنْ قُرَّةَ بْنِ خَالِدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا رَجَاءٍ الْعُطَارِدِيَّ يَقُولُ: لَا تَسُبُّوا عَلِيًّا وَلَا اَهْلَ هٰذَا الْبَيْتِ، فَاِنَّ جَارًا لَنَا مِنْ بَلْهُجَيْمِ قَالَ: اَلَمْ تَرَوْا اِلَى هٰذَا الْفَاسِقِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ قَتَلَهُ اللّٰهُ، فَرَمَاهُ اللّٰهُ بِكَوْكَبَيْنِ فِي عَيْنَيْهِ، فَطَمَسَ اللّٰهُ بَصَرَهُ

سنا' وہ فرما رہے تھے: علی کو گالی مت دو اور نہ اس کے گھر والوں کو گالی دو کیونکہ ہمارے پڑوسی کا تعلق بلہجیم سے ہے' اس نے کہا: کیا تم نے اس فاسق حسین بن علی کی طرف نہیں دیکھا' اللہ اسے غارت کرے' پس اللہ تعالیٰ نے اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان دو ستاروں کے ساتھ تیر مارا اور اس کی آنکھیں لپیٹ دیں۔

2762 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الصُّوفِيُّ، نا اَبُو غَسَّانَ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ كُرْدُوسٍ، عَنْ حَاجِبِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زِيَادٍ، قَالَ: دَخَلْتُ الْقَصْرَ خَلْفَ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زِيَادٍ حِينَ قُتِلَ الْحُسَيْنُ، فَاضْطَرَمَ فِي وَجْهِهِ نَارٌ، فَقَالَ هٰكَذَا بِكُمِّهِ عَلَى وَجْهِهِ، فَقَالَ: هَلْ رَاَيْتَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، فَاَمَرَنِي اَنْ اَكْتُمَ ذٰلِكَ

عبیداللہ بن زیاد کے چوکی دار نے کہا: میں عبیداللہ بن زیاد کے پیچھے محل میں داخل ہوا' جب حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ شہید کیے گئے' اس کے چہرے میں آگ بھڑک اُٹھی' اس نے کہا: اس طرح اس نے اپنی آستین چہرے پر رکھی اور کہا: کیا تُو نے دیکھا؟ میں نے کہا: ہاں! تُو نے اسے مجھے حکم دیا کہ تم اُسے چھپاؤ۔

2763 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ، قَالَ: لَمَّا جِيءَ بِرَاْسِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زِيَادٍ وَاَصْحَابِهِ، نُصِبَتْ فِي الرَّحَبَةِ، فَانْتَهَيْتُ اِلَيْهِمْ وَهُمْ يَقُولُونَ: قَدْ جَاءَتْ قَدْ جَاءَتْ، فَاِذَا حَيَّةٌ قَدْ جَاءَتْ تَخَلَّلُ الرُّءُوسَ حَتَّى دَخَلَتْ فِي مَنْخَرِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، فَمَكَثَتْ هُنَيْهَةً، ثُمَّ خَرَجَتْ فَذَهَبَتْ، ثُمَّ قَالُوا: قَدْ جَاءَتْ

عمارہ بن عمیر نے کہا: جب عبیداللہ بن زیاد اور اس کے ساتھیوں کے سر لا کر ایک مجمع عام میں رکھ دیے گئے تو میں بھی ان کی طرف گیا' جبکہ لوگ کہہ رہے تھے (دیکھو) وہ آیا' وہ آیا' اچانک میری نظر پڑی تو ایک سانپ ہے جو آیا اور ان میں سے ایک ایک کے سر میں الگ الگ داخل ہوا' حتیٰ کہ وہ عبیداللہ کے نتھنے سے داخل ہوا' کچھ دیر ٹھہرنے کے بعد نکل کر چلا گیا پھر لوگوں کی آوازیں بلند ہوئیں' وہ آیا' پس اس نے دو یا

فَفَعَلَتْ ذٰلِكَ مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا

تین بار ایسا کیا۔

**2764** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا سَلْمُ بْنُ جُنَادَةَ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ: رَاَيْتُ فِي النَّوْمِ كَاَنَّ رِجَالًا نَزَلُوا مِنَ السَّمَاءِ مَعَهُمْ حِرَابٌ يَتَتَبَّعُونَ قَتَلَةَ الْحُسَيْنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَمَا لَبِثْتُ اَنْ نَزَلَ الْمُخْتَارُ فَقَتَلَهُمْ

شعبی نے کہا: میں نے خواب دیکھا' آسمان سے کچھ ایسے لوگ اُترے ہیں' جن کے پاس جنگی ہتھیار ہیں' وہ امام حسین رضی اللہ عنہ کے قاتلوں کو تلاش کر رہے ہیں' تھوڑی دیر گزری تو مختار اُترا تو اس نے امام عالی مقام کے قاتلوں کو قتل کر دیا۔

**2765** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ مِهْرَانَ اَبُو خَالِدٍ، ثنا اَسْبَاطُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِي بَكْرٍ الْهُذَلِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: لَمَّا قُتِلَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لَمْ يُرْفَعْ حَجَرٌ بِبَيْتِ الْمَقْدِسِ اِلَّا وُجِدَ تَحْتَهُ دَمٌ عَبِيطٌ

امام زہری فرماتے ہیں: جب حضرت امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما کی شہادت ہوئی تو بیت المقدس کا جو بھی پتھر اُٹھایا جاتا تھا اس کے نیچے سے تازہ خون پایا جاتا تھا۔

**2766** - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: مَا رُفِعَ بِالشَّامِ حَجَرٌ يَوْمَ قُتِلَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ اِلَّا عَنْ دَمٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں: شام میں کوئی پتھر اُٹھایا جاتا جس دن حسین بن علی رضی اللہ عنہما شہید ہوئے تو اس کے نیچے سے خون دیکھا جاتا تھا۔

**2767** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، حَدَّثَتْنِي جَدَّتِي اُمُّ حَكِيمٍ، قَالَتْ: قُتِلَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ وَاَنَا يَوْمَئِذٍ جُوَيْرِيَةٌ، فَمَكَثَتِ السَّمَاءُ اَيَّامًا مِثْلَ الْعَلَقَةِ

حضرت اُم حکیم فرماتی ہیں: حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ شہید ہوئے' میں ان دنوں میں لونڈی تھی کئی دن تک آسمان خون کے لوتھڑے کی مانند رہا۔

**2768** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَحْيَى بْنِ الرَّبِيعِ بْنِ اَبِي

جمیل بن زید فرماتے ہیں: جب حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ شہید ہوئے تو آسمان سرخ ہو گیا'

رَاشِدٍ الْكَاهِلِيُّ، حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ أَبِي نُوَيْرَةَ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنْ جَمِيلِ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: لَمَّا قُتِلَ الْحُسَيْنُ احْمَرَّتِ السَّمَاءُ . قُلْتُ: أَيَّ شَيْءٍ تَقُولُ؟ فَقَالَ: إِنَّ الْكَذَّابَ مُنَافِقٌ، إِنَّ السَّمَاءَ احْمَرَّتْ حِينَ قُتِلَ

میں نے کہا: کس چیز کی وجہ سے یہ سرخ ہوا ہے؟ تو کسی نے کہا: جھوٹا منافق ہے' بے شک آسمان اس وقت سرخ ہوا جب حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا۔

2769 - حَدَّثَنَا قَيْسُ بْنُ أَبِي قَيْسٍ الْبُخَارِيُّ، ثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي قَبِيلٍ، قَالَ: لَمَّا قُتِلَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ انْكَسَفَتِ الشَّمْسُ كَسْفَةً حَتَّى بَدَتِ الْكَوَاكِبُ نِصْفَ النَّهَارِ، حَتَّى ظَنَنَّا أَنَّهَا هِيَ

ابوقبیل نے کہا: جب حضرت امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما شہید ہوئے تو سورج کو گرہن لگ گیا یہاں تک کہ دن کے وقت تارے نکل آئے' ہم نے گمان کیا کہ یہ رات ہے۔

2770 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ جَدِّي، عَنْ عِيسَى بْنِ الْحَارِثِ الْكِنْدِيِّ، قَالَ: لَمَّا قُتِلَ الْحُسَيْنُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ مَكَثْنَا سَبْعَةَ أَيَّامٍ إِذَا صَلَّيْنَا الْعَصْرَ نَظَرْنَا إِلَى الشَّمْسِ عَلَى أَطْرَافِ الْحِيطَانِ كَأَنَّهَا الْمَلَاحِفُ الْمُعَصْفَرَةُ، وَنَظَرْنَا إِلَى الْكَوَاكِبِ يَضْرِبُ بَعْضُهَا بَعْضًا

عیسیٰ ابن حارث کندی فرماتے ہیں: جب حضرت امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما کو شہید کیا گیا تو ہم سات دن اس طرح رہے کہ جب عصر کی نماز پڑھتے تو ہم سورج کو چار دیواریوں کے اطراف میں دیکھتے گویا کہ وہ زرد رنگ کی چادریں ہیں جنہیں لپیٹ دیا گیا ہے اور ہم نے ستاروں کو دیکھا کہ ایک دوسرے سے ٹکرا رہے ہیں۔

2771 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، قَالَ: لَمْ يَكُنْ فِي السَّمَاءِ حُمْرَةٌ حَتَّى قُتِلَ الْحُسَيْنُ

محمد بن سیرین فرماتے ہیں: حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت سے پہلے آسمان میں سرخی نہیں تھی۔

2772 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الصُّوفِيُّ، ثنا أَبُو غَسَّانَ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنِ الْكَلْبِيِّ،

کلبی کہتے ہیں: ایک آدمی نے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو تیر مارا اس حالت میں کہ وہ پانی پی رہا تھا' اس کا ہاتھ شل ہو گیا' کہا: اللہ تجھے سیراب نہ کرے!

قَالَ: رَمَى رَجُلٌ الْحُسَيْنَ وَهُوَ يَشْرَبُ، فَشَلَّ شِدْقُهُ، فَقَالَ: لَا اَرْوَاكَ اللّٰهُ قَالَ: فَشَرِبَ حَتّٰى تَفَطَّرَ

**2773** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الزُّبَيْرُ بْنُ بَكَّارٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَ عُمَرُ بْنُ سَعْدٍ بِحُسَيْنٍ، وَاَيْقَنَ اَنَّهُمْ قَاتِلُوهُ، وَقَامَ فِي اَصْحَابِهِ خَطِيبًا، فَحَمِدَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَاَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: قَدْ نَزَلَ مَا تَرَوْنَ مِنَ الْاَمْرِ، وَاِنَّ الدُّنْيَا تَغَيَّرَتْ وَتَنَكَّرَتْ وَاَدْبَرَ مَعْرُوفُهَا، واسْتَمَرَّتْ حَتّٰى لَمْ يَبْقَ مِنْهَا اِلَّا كَصُبَابَةِ الْاِنَاءِ اِلَّا خَسِيسُ عَيْشٍ كَالْمَرْعَى الْوَبِيلِ، اَلَا تَرَوْنَ الْحَقَّ لَا يُعْمَلُ بِهِ، وَالْبَاطِلَ لَا يُتَنَاهَى عَنْهُ، لِيَرْغَبِ الْمُؤْمِنُ فِي لِقَاءِ اللّٰهِ، وَاِنِّي لَا اَرَى الْمَوْتَ اِلَّا سَعَادَةً، وَالْحَيَاةَ مَعَ الظَّالِمِينَ اِلَّا بُرْمًا ۔ وَقُتِلَ الْحُسَيْنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَوْمَ عَاشُورَاءَ سَنَةَ اِحْدَى وَسِتِّينَ بِالطَّفِّ بِكَرْبَلَاءَ، وَعَلَيْهِ جُبَّةُ خَزٍّ دَكْنَاءُ، وَهُوَ صَابِغٌ بِالسَّوَادِ، وَهُوَ ابْنُ سِتٍّ وَخَمْسِينَ

محمد بن حسن فرماتے ہیں: جب عمرو بن سعد حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرا اور آپ کو یقین ہوگیا کہ وہ لوگ آپ کو شہید کر دیں گے تو آپ اپنے دوستوں میں خطبہ دینے کے لیے کھڑے ہوئے' اللہ کی حمد وثناء کی' پھر کہا: جو مصیبت نازل ہوئی ہے' تم دیکھ رہے ہو بے شک دنیا تبدیل ہوگئی ہے اور بُرائی عام ہوگئی ہے' نیکی ختم ہوگئی ہے اور یہ سلسلہ جاری رہے گا یہاں تک کہ اس میں سے برتن کی تلچھٹ کی طرح باقی رہ جائے گا' گھٹیا زندگی ہوگی' چراگاہ کی طرح' کیا تم دیکھتے نہیں ہو کہ حق پر عمل نہیں کیا جارہا' باطل ختم نہیں ہورہا تاکہ مؤمن اللہ کی ملاقات میں رغبت کرے اور میں موت کو سعادت سمجھ رہا ہوں' ظالموں کے ساتھ مقابلہ ہے' دس محرم کے دن حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو شہید کر دیا گیا' اکسٹھ ہجری تھی' میدانِ کربلا میں طف کا مقام تھا' آپ پر ایک جُبّہ تھا' جو سیاہ رنگ کے ساتھ رنگا ہوا تھا اور آپ کی عمر چھپن سال تھی۔

**2774** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الزُّبَيْرُ، حَدَّثَنِي اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ الدَّرَاوَرْدِيِّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَايَعَ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ جَعْفَرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَهُمْ صِغَارٌ لَمْ يَبْلُغُوا ۔ قَالَ: وَلَمْ يُبَايِعْ صَغِيرًا اِلَّا

حضرت جعفر بن محمد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امام حسن' امام حسین' عبداللہ بن عباس' عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہم سے بیعت لی جبکہ وہ ابھی چھوٹے تھے' بالغ نہیں ہوئے تھے' فرماتے ہیں: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: چھوٹا بچہ صرف مجھ سے ہی بیعت کرسکتا ہے۔

مِنَّا

**2775** - حَدَّثَنَا عَلِيٌّ، ثنا الزُّبَيْرُ، قَالَ: وَحَدَّثَنِي عَمِّي مُصْعَبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: حَجَّ الْحُسَيْنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ خَمْسًا وَعِشْرِينَ حَجَّةً مَاشِيًا

حضرت مصعب بن عبداللہ فرماتے ہیں: حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے پچیس حج پیدل چل کر کیے۔

**2776** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، حَدَّثَنَا الزُّبَيْرُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الضَّحَّاكِ بْنِ عُثْمَانَ الْحِزَامِيُّ، قَالَ: كَانَ جَسَدُ الْحُسَيْنِ شِبْهَ جَسَدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

محمد بن ضحاک بن عثمان حزامی فرماتے ہیں: حضرت امام عالی مقام امام حسین رضی اللہ عنہم کا جسم مبارک رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جسم مبارک کے مشابہ تھا۔

**2777** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الزُّبَيْرُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الضَّحَّاكِ بْنِ عُثْمَانَ الْحِزَامِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: خَرَجَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا إِلَى الْكُوفَةِ سَاخِطًا لِوِلَايَةِ يَزِيدَ بْنِ مُعَاوِيَةَ، فَكَتَبَ يَزِيدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ إِلَى عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زِيَادٍ وَهُوَ وَالِيهِ عَلَى الْعِرَاقِ: إِنَّهُ قَدْ بَلَغَنِي أَنَّ حُسَيْنًا قَدْ سَارَ إِلَى الْكُوفَةِ، وَقَدِ ابْتُلِيَ بِهِ زَمَانُكَ مِنْ بَيْنِ الْأَزْمَانِ، وَبَلَدُكَ مِنْ بَيْنِ الْبُلْدَانِ، وَابْتُلِيتَ بِهِ مِنْ بَيْنِ الْعُمَّالِ، وَعِنْدَهَا يُعْتَقُ أَوْ يَعُودُ عَبْدًا كَمَا يُعْتَبَدُ الْعَبِيدُ . فَقَتَلَهُ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ زِيَادٍ، وَبَعَثَ بِرَأْسِهِ إِلَيْهِ، فَلَمَّا وُضِعَ بَيْنَ يَدَيْهِ تَمَثَّلَ بِقَوْلِ الْحُسَيْنِ بْنِ الْحُمَامِ:

(البحر الطويل)

نُفَلِّقُ هَامًا مِنْ رِجَالٍ أَحِبَّةٍ ... إِلَيْنَا وَهُمْ كَانُوا أَعَقَّ وَأَظْلَمَا

محمد بن ضحاک بن عثمان حزامی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے کہا: حضرت امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما کوفہ کی طرف اس حال میں تشریف لے چلے کہ آپ یزید بن معاویہ کی حکومت سے نالاں تھے' پس یزید بن معاویہ نے عبیداللہ بن زیاد کی طرف جبکہ وہ عراق پر حاکم تھا کہ مجھے خبر پہنچی ہے کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کوفہ کی طرف چل پڑے ہیں جبکہ تو ان کا مقابلہ کر سکتا ہے اور حاکموں میں سے تجھے ان کے ساتھ جنگ کرنے کی تکلیف دی جاتی ہے۔ عبیداللہ بن زیاد نے آپ کو شہید کر کے آپ کا سر یزید کی طرف بھیج دیا' پس جب وہ اس کے سامنے رکھا گیا تو اس نے حسین بن حمام کے قول کے ساتھ مثال دی:

''ہم نے ان لوگوں کی کھوپڑیاں پھوڑ دی' وہ ہمیں پسند تھے لیکن وہ نافرمان اور ظالم تھے''۔

2778 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي زِيَادٍ، قَالَ: خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ بَيْتِ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، فَمَرَّ عَلَى بَيْتِ فَاطِمَةَ، فَسَمِعَ حُسَيْنًا يَبْكِي رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ: اَلَمْ تَعْلَمِي اَنَّ بُكَاءَهُ يُؤْذِينِي؟

یزید بن ابی زیاد کہتے ہیں: نبی کریم ﷺ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے گھر سے نکلے تو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس سے گزرے تو آپ نے حضرت حسین رضی اللہ عنہ کو روتے ہوئے سنا' آپ نے فرمایا: اے بیٹی! کیا تو نہیں جانتی کہ اس کے رونے سے مجھے تکلیف ہوتی ہے؟

2779 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الزُّبَيْرُ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الْمَخْزُومِيُّ، قَالَ: لَمَّا اُدْخِلَ ثِقَلُ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَلَى يَزِيدَ بْنِ مُعَاوِيَةَ، وَوُضِعَ رَاْسُهُ بَيْنَ يَدَيْهِ، بَكَى يَزِيدُ، وَقَالَ:

(البحر الطويل)

نُفَلِّقُ هَامًا مِنْ رِجَالٍ اَحِبَّةٍ ... اِلَيْنَا وَهُمْ كَانُوا اَعَقَّ وَاَظْلَمَا

اَمَا وَاللّٰهِ لَوْ كُنْتُ اَنَا صَاحِبَكَ مَا قَتَلْتُكَ اَبَدًا . قَالَ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ: لَيْسَ هَكَذَا . فَقَالَ: كَيْفَ يَا ابْنَ اُمِّ؟ فَقَالَ: (مَا اَصَابَ مِنْ مُصِيبَةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي اَنْفُسِكُمْ اِلَّا فِي كِتَابٍ مِنْ قَبْلِ اَنْ نَبْرَاَهَا اِنَّ ذَلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيرٌ) (سورة: الحديد، آية رقم: 22). وَعِنْدَهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ ابْنُ اُمِّ الْحَكَمِ، فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ:

(البحر الطويل)

لَهَامٌ بِجَنْبِ الطَّفِّ اَدْنَى قَرَابَةً ... مِنِ ابْنِ زِيَادٍ الْعَبْدِ ذِي النَّسَبِ الْوَغْلِ

محمد بن حسن مخزومی کہتے ہیں: جب حسین بن علی رضی اللہ عنہما کا سامان یزید بن معاویہ کے پاس داخل کیا گیا اور آپ کا سر مبارک اس کے سامنے رکھ دیا گیا تو یزید ایک بار رو دیا اور کہا:

''ہم نے ان لوگوں کے سر پھوڑ دیئے جو ہمیں پیارے تھے لیکن وہ نافرمان اور ظالم تھے''۔

لیکن قسم بخدا! اگر میں آپ کے ساتھ ہوتا تو میں آپ کو کبھی قتل نہ کرتا۔ یہ سن کر حضرت علی بن حسین رضی اللہ عنہما نے کہا: بات اس طرح نہیں ہے' اس نے کہا: کیسے؟ اے میری ماں جائے! تو آپ نے فرمایا: زمین میں اور تمہاری جانوں میں تمہیں کوئی بھی مصیبت پہنچتی ہے اس سے پہلے کہ ہم اسے پیدا کریں تو وہ ہماری کتاب یعنی لوح محفوظ میں لکھی ہوئی ہے' بے شک یہ پہلے لکھ دینا اللہ پر آسان ہے۔ عبدالرحمٰن ابن اُم حکیم نے کہا: جو وہاں موجود تھے: (بحر طویل)

''مقام طف کی ایک جانب اس کے بالکل قریب ایک سر ہے' ابن زیاد عبد ذی نسب وغل'

سمیہ کہتے ہیں: اس کی نسل ریت کے ذرّوں

سُمَيَّةُ اَمْسَى نَسْلُهَا عَدَدَ الْحَصَى... وَبِنْتُ رَسُولِ اللّٰهِ لَيْسَ لَهَا نَسْلُ

فَرَفَعَ يَزِيدُ يَدَهُ، فَضَرَبَ صَدْرَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَقَالَ: اسْكُتْ

سے بھی زیادہ ہے اور رسول اللہ ﷺ کی بیٹی کی کوئی نسل نہیں'

یزید نے اپنا ہاتھ اُٹھایا اور عبدالرحمٰن کے سینہ پر مارا اور یزید نے کہا: خاموش ہو جاؤ۔

**2780** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ الْاَصْبَهَانِيِّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنِ ابْنِ وَائِلٍ اَوْ وَائِلِ بْنِ عَلْقَمَةَ اَنَّهُ شَهِدَ مَا هُنَاكَ، قَالَ: قَامَ رَجُلٌ، فَقَالَ: اَفِيكُمْ حُسَيْنٌ؟ قَالُوا: نَعَمْ. فَقَالَ: اَبْشِرْ بِالنَّارِ. فَقَالَ: اَبْشِرْ بِرَبٍّ رَحِيمٍ، وَشَفِيعٍ مُطَاعٍ. قَالَ: مَنْ اَنْتَ؟ قَالَ: اَنَا ابْنُ جُوَيْزَةَ - اَوْ حُوَيْزَةَ - قَالَ: فَقَالَ: اللّٰهُمَّ حُزْهُ اِلَى النَّارِ. فَنَفَرَتْ بِهِ الدَّابَّةُ، فَتَعَلَّقَتْ رِجْلُهُ فِي الرِّكَابِ. قَالَ: فَوَاللّٰهِ مَا بَقِيَ عَلَيْهَا مِنْهُ اِلَّا رِجْلُهُ

جناب وائل یا وائل بن علقمہ سے روایت ہے کہ وہ اُس چیز کے گواہ ہیں جو کچھ وہاں ہوا' کہتے ہیں: ایک نے کھڑے ہو کر پوچھا: تم میں حسین ہیں؟ لوگوں نے جواب دیا: ہاں! اس نے کہا: انہیں آگ کی خوشخبری دے دو! کسی نے کہا: انہیں رحم فرمانے والے رب اور شفاعت کرنے والے اس نبی کی خوشخبری حاصل ہے' جس کی بات مانی جاتی ہے۔ اس نے کہا: تو کون ہے؟ کہا: میں جویزہ کا بیٹا ہوں' دعا کی: اے اللہ! اس کو آگ کی طرف لے جا! پس اس کی سواری کا پاؤں پھسلا' پس اس کا پاؤں رکاب میں اُلجھ گیا۔ راوی کا بیان ہے: قسم بخدا! سواری پر صرف اس کا ایک پاؤں رہ گیا۔

**2781** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الطَّالْقَانِيُّ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى، قَالَ: قَالَ حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حِينَ اَحَسَّ بِالْقَتْلِ: ائْتُونِي ثَوْبًا لَا يَرْغَبُ فِيهِ اَحَدٌ اَجْعَلُهُ تَحْتَ ثِيَابِي لَا اُجَرَّدُ. فَقِيلَ لَهُ: تُبَّانٌ؟ فَقَالَ: لَا؛ ذٰلِكَ لِبَاسُ مَنْ ضُرِبَتْ عَلَيْهِ الذِّلَّةُ. فَاَخَذَ ثَوْبًا فَمَزَّقَهُ، فَجَعَلَهُ تَحْتَ ثِيَابِهِ، فَلَمَّا اَنْ قُتِلَ جَرَّدُوهُ

ابن لیلیٰ فرماتے ہیں: حضرت امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما نے جب محسوس کیا کہ میں شہید ہو جاؤں گا تو فرمایا: میرے پاس ایک کپڑا لاؤ' جس کی کسی اور کو ضرورت نہ ہو تا کہ میں اُسے اپنے کپڑوں کے نیچے رکھ لوں اور میرے کپڑے نہ اُتارے جاسکیں' عرض کی گئی: لنگوٹ یا جانگیا ہے؟ آپ نے فرمایا: نہیں! یہ تو اس شخص کا لباس ہے جس پر ذلت چھا گئی ہو! پس آپ نے کپڑے کو پکڑ کر پھاڑا اور اُسے اپنے کپڑوں کے نیچے رکھ لیا' پس جب آپ کو شہید کر دیا گیا تو انہوں نے

آپ کے کپڑے اُتارنے کی کوشش کی رئیں ناکام رہے)۔

**2782** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَبَّاسِ، عَنْ عَمَّارٍ الدُّهْنِيِّ، قَالَ: مَرَّ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَلَى كَعْبٍ، فَقَالَ: يُقْتَلُ مِنْ وَلَدِ هٰذَا الرَّجُلِ رَجُلٌ فِي عِصَابَةٍ، لَا يَجِفُّ عَرَقُ خُيُولِهِمْ حَتَّى يَرِدُوا عَلَى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . فَمَرَّ حَسَنٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالُوا: هٰذَا يَا اَبَا اِسْحَاقَ؟ قَالَ: لَا . فَمَرَّ حُسَيْنٌ، فَقَالُوا: هٰذَا؟ قَالَ: نَعَمْ

حضرت عمار الدھنی نے فرمایا: حضرت علی رضی اللہ عنہ حضرت کعب کے پاس سے گزرے تو انہوں نے کہا: اس آدمی کی اولاد سے ایک شخص لوگوں کے گروہ میں شہید کر دیا جائے گا' اُن کے گھوڑوں کا پسینہ خشک نہیں ہوا ہوگا یہاں تک کہ وہ محمد ﷺ کے پاس آئیں گے پس حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ گزرے تو لوگوں نے کہا: اے ابواسحٰق! کیا یہ ہیں؟ انہوں نے کہا: نہیں! کچھ دیر بعد امام حسین رضی اللہ عنہ گزرے تو لوگوں نے کہا: کیا یہ ہیں؟ انہوں نے کہا: ہاں! (یہی ہیں)۔

**2783** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الزُّبَيْرُ بْنُ بَكَّارٍ، قَالَ: وُلِدَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لِخَمْسِ لَيَالٍ خَلَوْنَ مِنْ شَعْبَانَ سَنَةَ اَرْبَعٍ مِنَ الْهِجْرَةِ، وَقُتِلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ يَوْمَ عَاشُورَاءَ فِي الْمُحَرَّمِ سَنَةَ اِحْدَى وَسِتِّينَ، وَقَتَلَهُ سِنَانُ بْنُ اَبِي اَنَسٍ النَّخَعِيُّ، وَاَجْهَزَ عَلَيْهِ خَوْلِيُّ بْنُ يَزِيدَ الْاَصْبَحِيُّ مِنْ حِمْيَرَ، وَحَزَّ رَاْسَهُ وَاَتَى بِهِ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ زِيَادٍ، فَقَالَ سِنَانُ بْنُ اَنَسٍ:

(البحر الرجز)

اَوْقِرْ رِكَابِي فِضَّةً وَذَهَبَا
اَنَا قَتَلْتُ الْمَلِكَ الْمُحَجَّبَا
قَتَلْتُ خَيْرَ النَّاسِ اُمًّا وَاَبَا

زبیر بن بکار فرماتے ہیں: حضرت امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما شعبان کی پانچ تاریخ کو چار ہجری میں پیدا ہوئے اور دسویں محرم کو جمعہ کے دن اکسٹھ ہجری میں شہید کیے گئے اور آپ کو قتل کرنے کی کوشش سنان ابن ابی انس نخعی نے کی اور خولی بن یزید نے شہید کیا' جس کا تعلق حمیر قبیلہ سے تھا اور آپ کا سر جدا کر کے عبید اللہ بن زیاد کے پاس لایا تو سنان بن انس نے کہا:

''میرے اونٹ سونا چاندی سے لاد دو! کیونکہ میں نے اُس بادشاہ کو شہید کیا ہے جو پردہ نشین یا بہت بڑی رکاوٹ تھا' میں نے اس آدمی کو شہید کیا ہے جو اپنے ماں باپ کے لحاظ سے سب لوگوں سے بہتر تھا''۔

**2784** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

مصعب بن عبداللہ فرماتے ہیں کہ زینب صغریٰ

الزُّبَيْرُ، عَنْ عَمِّهِ مُصْعَبِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: خَرَجَتْ زَيْنَبُ الصُّغْرَى بِنْتُ عَقِيلِ بْنِ اَبِي طَالِبٍ عَلَى النَّاسِ بِالْبَقِيعِ تَبْكِي قَتْلَاهَا بِالطَّفِّ، وَهِيَ تَقُولُ:

(البحر البسيط)

مَاذَا تَقُولُونَ اِنْ قَالَ النَّبِيُّ لَكُمْ ... مَاذَا فَعَلْتُمْ وَكُنْتُمْ آخِرَ الْاُمَمِ

بِاَهْلِ بَيْتِي وَاَنْصَارِي وَذُرِّيَّتِي ... مِنْهُمْ اُسَارَى وَقَتْلَى ضُرِّجُوا بِدَمِ

مَا كَانَ ذَاكَ جَزَائِي اِذْ نَصَحْتُ لَكُمْ ... اَنْ تَخْلُفُونِي بِسُوءٍ فِي ذَوِي رَحِمِي

فَقَالَ اَبُو الْاَسْوَدِ الدُّؤَلِيُّ: نَقُولُ: (رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا) (الاعراف:23) الْآيَةَ، ثُمَّ قَالَ اَبُو الْاَسْوَدِ الدُّؤَلِيُّ:

(البحر الوافر)

اَقُولُ وَزَادَنِي جَزَعًا وَغَيْظًا ... اَزَالَ اللَّهُ مُلْكَ بَنِي زِيَادِ

وَاَبْعَدَهُمْ كَمَا غَدَرُوا وَخَانُوا ... كَمَا بَعِدَتْ ثَمُودُ وَقَوْمُ عَادِ

وَلَا رَجَعَتْ رِكَابُهُمُ اِلَيْهِمْ ... اِذَا قَفَّتْ اِلَى يَوْمِ التَّنَادِ

بنت عقیل بن ابی طالب لوگوں کے پاس سے گزر کر بقیع کے قبرستان میں گئیں' اس حال میں کہ آپ طف کے مقام پر شہید ہونے والوں کی وجہ سے رو رہی تھیں اور زبان سے کہہ رہی تھیں:

''تم کیا جواب دو گے اگر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تمہیں پوچھا کہ تم نے کیا کیا جبکہ تم تمام اُمتوں سے آخری اُمت تھی' میرے اہل بیت' ان کے مددگاروں اور میری اولاد کے ساتھ ان میں سے کچھ قیدی ہوئے اور کچھ شہید' انہیں خون میں نہلا دیا گیا' کیا یہ میرا بدلہ ہے' جب میں نے تمہیں نصیحت کر دی تھی کہ تم نے مجھے قریبی رشتہ داروں کی وجہ سے مجھے تکلیف دی''۔

پس ابواسود نے کہا: ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا۔ پھر کہا:

''میں کہتا ہوں اور اس نے میرے غصے کو زیادہ کیا اور کہا: زیاد کی بادشاہی کو اللہ ختم کرے! اور اُن کو اس طرح دور کر دے جس طرح ثمود اور عاد کی قوم کو دور کیا' اس وجہ سے کہ انہوں نے دھوکہ کیا ہے اور خیانت کی ہے' اُن کے اونٹ ان کی طرف لوٹ کر کبھی نہ آئے' قیامت کے دن تک جب وہ چلے گئے''۔

**2785** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الطَّالْقَانِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ اَبِي مُوسَى، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: قُتِلَ مَعَ

حضرت حسن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضرت امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما کے ساتھ اہل بیت کے سولہ آدمی شہید ہوئے' اللہ کی قسم! روئے زمین پر اس

الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ سِتَّةَ عَشَرَ رَجُلًا مِنْ اَهْلِ بَيْتِهِ، وَاللّٰهِ مَا عَلَى ظَهْرِ الْاَرْضِ يَوْمَئِذٍ اَهْلُ بَيْتٍ يُشْبِهُونَ . قَالَ سُفْيَانُ: وَمَنْ يَشُكُّ فِي هَذَا؟

دن ان کی مانند کوئی نہ تھا۔ حضرت سفیان فرماتے ہیں: اس میں کون شک کرے گا؟

**2786** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا فِطْرُ بْنُ خَلِيفَةَ، عَنْ مُنْذِرٍ الثَّوْرِيِّ، قَالَ: كُنَّا اِذَا ذَكَرْنَا حُسَيْنًا وَمَنْ قُتِلَ مَعَهُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَنَفِيَّةِ: قُتِلَ مَعَهُ سَبْعَةَ عَشَرَ شَابًّا، كُلُّهُمُ ارْتَكَضَ فِي رَحِمِ فَاطِمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا

حضرت منذر ثوری کہتے ہیں: جب بھی ہم نے امام حسین رضی اللہ عنہ اور آپ کے ساتھ شہید ہونے والوں کا ذکر کیا تو محمد بن حنفیہ نے کہا: اُن کے ساتھ سترہ جوان شہید ہوئے' جن میں سے ہر ایک نے رحمِ فاطمہ سے جنم لیا تھا۔

**2787** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْهَرَوِيُّ، اَنَا هُشَيْمٌ، ثنا اَبُو مَعْشَرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: قَالَ لِي عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مَرْوَانَ: اَيُّ وَاحِدٍ اَنْتَ اِنْ اَخْبَرْتَنِي اَيُّ عَلَامَةٍ كَانَتْ يَوْمَ قُتِلَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ؟ قَالَ: قُلْتُ: لَمْ تُرْفَعْ حَصَاةٌ بِبَيْتِ الْمَقْدِسِ اِلَّا وُجِدَ تَحْتَهَا دَمٌ عَبِيطٌ . فَقَالَ عَبْدُ الْمَلِكِ: اِنِّي وَاِيَّاكَ فِي هَذَا الْحَدِيثِ لَقَرِينَانِ

حضرت امام زہری فرماتے ہیں: عبدالملک بن مروان نے مجھ سے پوچھا کہ تُو ہی ایک آدمی ہے جو مجھے خبر دے سکتا ہے کہ حسین بن علی کی شہادت کے دن کون سی خاص علامت تھی؟ میں نے کہا: بیت المقدس کے پاس جو بھی پتھر اُٹھایا جاتا تھا تو اس کے نیچے سے تازہ خون نکلتا تو عبدالملک نے کہا: اس بات میں تُو اور میں ساتھی ہیں۔

**2788** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، ثنا سُفْيَانُ، حَدَّثَتْنِي جَدَّتِي اُمُّ اَبِي، قَالَتْ: شَهِدَ رَجُلَانِ مِنَ الْجُعْفِيِّينَ قَتْلَ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ . قَالَتْ: وَاَمَّا اَحَدُهُمَا فَطَالَ ذَكَرُهُ حَتَّى كَانَ يَلُفُّهُ، وَاَمَّا الْآخَرُ فَكَانَ يَسْتَقْبِلُ الرَّاوِيَةَ بِفِيهِ حَتَّى يَاْتِيَ عَلَى آخِرِهَا . قَالَ سُفْيَانُ: رَاَيْتُ وَلَدَ اَحَدِهِمَا كَاَنَّ لَهُ خَبَلًا، وَكَاَنَّهُ مَجْنُونٌ

حضرت سفیان نے بیان کیا کہ میری دادی نے مجھے بتایا کہ جعفیہ والوں میں سے دو آدمی امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کے وقت موجود تھے' ان میں سے ایک کی بات تو طویل ہے' کچھ راوی مختصر کر دیتے ہیں لیکن دوسرا جھنڈا منہ میں لے کر سامنے آتا ہے یہاں تک کہ آخری آدمی تک جاتا ہے۔ حضرت سفیان نے کہا: میں نے ان میں سے ایک کی اولاد کو دیکھا' گویا

اس کی عقل خراب ہوگئی تھی اور گویا وہ پاگل تھے۔

**2789** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ثنا سُفْيَانُ، حَدَّثَتْنِي جَدَّتِي أُمُّ أَبِي قَالَتْ: رَأَيْتُ الْوَرْسَ الَّذِي أُخِذَ مِنْ عَسْكَرِ الْحُسَيْنِ صَارَ مِثْلَ الرَّمَادِ

حضرت سفیان نے بیان کیا کہ میری دادی نے مجھے بتایا کہ میں نے ورس (ایک قسم کی خوشبو) کو دیکھا جسے امام حسین رضی اللہ عنہ کے لشکر والی جگہ سے اُٹھایا گیا تھا اور راکھ کی مانند ہوگئی تھی۔

**2790** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا إِسْحَاقُ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ طَاوُسٍ، قَالَ: قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: اسْتَأْذَنَنِي حُسَيْنٌ فِي الْخُرُوجِ، فَقُلْتُ: لَوْلَا أَنْ يُزْرِيَ ذَلِكَ بِي أَوْ بِكَ لَشَبَكْتُ بِيَدِي فِي رَأْسِكَ. قَالَ: فَكَانَ الَّذِي رَدَّ عَلَيَّ أَنْ قَالَ: لَأَنْ أُقْتَلَ بِمَكَانِ كَذَا وَكَذَا أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ يُسْتَحَلَّ بِي حَرَمُ اللَّهِ وَرَسُولِهِ . قَالَ: فَذَلِكَ الَّذِي سَلَّى بِنَفْسِي عَنْهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے مجھ سے کوفہ جانے کی اجازت مانگی تو میں نے کہا: اگر یہ میرے اور تیرے لیے رسوائی کا باعث نہ ہوتا تو میں تیرے سر کے بالوں سے پکڑ لیتا۔ تو حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے دور دراز کسی جگہ میں شہید ہو جانا زیادہ پسند ہے' اس چیز سے کہ میری وجہ سے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے حرم کو حلال سمجھا جائے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: اسی وجہ سے میں نے اپنے آپ کو دور کر لیا۔ فرمایا: کیا اس چیز نے ان کے جدا ہونے کے بعد مجھے اپنا آپ بھلا دیا۔

**2791** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا جَرِيرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، قَالَ: خَرِءَ رَجُلٌ مِنْ بَنِي أَسَدٍ عَلَى قَبْرِ حُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ . قَالَ: فَأَصَابَ أَهْلَ ذَلِكَ الْبَيْتِ خَبْلٌ وَجُنُونٌ وَجُذَامٌ وَمَرَضٌ وَفَقْرٌ

اعمش کہتے ہیں: بنی اسد قبیلہ سے ایک آدمی نے حضرت امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما کی قبر پر قضائے حاجت کی تو اس گھر والوں کو دیوانگی' پاگل پن' جزام' مرض اور محتاجی نے آلیا۔

**2792** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْعَبَّاسِ الرَّازِيُّ، ثنا سُلَيْمُ بْنُ مَنْصُورِ بْنِ عَمَّارٍ، ثنا أَبِي، ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ الرَّقِّيُّ، ثنا عَمْرُو

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم ﷺ ہمارے پاس اس حال میں آئے کہ آپ ﷺ کا رنگ بدلا ہوا تھا' فرمایا: میں محمد ہوں' مجھے

بْنُ بُكَيْرِ بْنِ بَكَّارٍ الْقَعْنَبِيُّ، ثنا مُجَاشِعُ بْنُ عَمْرٍو، قَالَا: ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي قَبِيلٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اَنَّ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ اَخْبَرَهُ، قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَغَيِّرَ اللَّوْنِ، فَقَالَ: اَنَا مُحَمَّدٌ، اُوتِيتُ فَوَاتِحَ الْكَلَامِ وَخَوَاتِمَهُ، فَاَطِيعُونِي مَا دُمْتُ بَيْنَ اَظْهُرِكُمْ، فَاِذَا ذُهِبَ بِي فَعَلَيْكُمْ بِكِتَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، اَحِلُّوا حَلَالَهُ، وَحَرِّمُوا حَرَامَهُ، اَتَتْكُمْ بِالرَّوْحِ وَالرَّاحِةِ، كِتَابٌ مِنَ اللّٰهِ سَبَقَ، اَتَتْكُمْ فِتَنٌ كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ، كُلَّمَا ذَهَبَ رُسُلٌ جَاءَ رُسُلٌ، تَنَاسَخَتِ النُّبُوَّةُ فَصَارَتْ مُلْكًا، رَحِمَ اللّٰهُ مَنْ اَخَذَهَا بِحَقِّهَا، وَخَرَجَ مِنْهَا كَمَا دَخَلَهَا، اَمْسِكْ يَا مُعَاذُ وَاَحْصِ. قَالَ: فَلَمَّا بَلَغْتُ خَمْسَةً قَالَ: يَزِيدُ لَا يُبَارِكُ اللّٰهُ فِي يَزِيدَ. ثُمَّ ذَرَفَتْ عَيْنَاهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: نُعِيَ اِلَيَّ حُسَيْنٌ، وَاُتِيتُ بِتُرْبَتِهِ، وَاُخْبِرْتُ بِقَاتِلِهِ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَا يُقْتَلُ بَيْنَ ظَهْرَانَيْ قَوْمٍ لَا يَمْنَعُوهُ اِلَّا خَالَفَ اللّٰهُ بَيْنَ صُدُورِهِمْ وَقُلُوبِهِمْ، وَسَلَّطَ عَلَيْهِمْ شِرَارَهُمْ، وَاَلْبَسَهُمْ شِيَعًا. ثُمَّ قَالَ: وَاهًا لِفِرَاخِ آلِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ خَلِيفَةٍ مُسْتَخْلَفٍ مُتْرَفٍ، يَقْتُلُ خَلَفِي وَخَلَفَ الْخَلَفِ، اَمْسِكْ يَا مُعَاذُ. فَلَمَّا بَلَغْتُ عَشَرَةً قَالَ: الْوَلِيدُ اسْمُ فِرْعَوْنَ هَادِمِ شَرَائِعِ الْاِسْلَامِ بَيْنَ يَدَيْهِ، رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ بَيْتٍ يَسُلُّ اللّٰهُ سَيْفَهُ فَلَا غِمَادَ لَهُ، وَاخْتَلَفَ النَّاسُ فَكَانُوا هٰكَذَا، وَشَبَّكَ بَيْنَ اَصَابِعِهِ،

کلام کی فتوحات اور خاتمہ عطا کیے گئے ہیں' پس تم میری اطاعت کرو جب تک میں تمہارے اندر ہوں' جب میں وصال کر جاؤں تو تمہارے اوپر اللہ کی کتاب پر عمل کرنا لازم ہے' اس کے حلال کو حلال جانو اور اس کے حراموں کو حرام جانو' ہم پر آرام اور راحت کا دور آئے گا اور اللہ کا لکھا سبقت لے گیا' رات کی تاریکی کی طرح تم پر فتنے آئیں گے' جب بھی کوئی رسول تشریف لے گئے تو دوسرا رسول تشریف لایا' اس کی نبوت منسوخ اور بادشاہی بن گئی' اللہ رحم فرمائے اس آدمی پر جس نے اُس کے حق کو پہچانا اور اس سے اسی طرح نکلا جس طرح اس میں داخل ہوا تھا' ٹھہرو! اے معاذ! اور شمار کرو' پس جب میں پانچ تک پہنچا تو کہا: یزیدُ اللہ یزید کو برکت نہ دے! پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔ پھر فرمایا: مجھے حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کی خبر دی گئی اور مجھے ان کی قتل گاہ کی مٹی لا کر دی گئی اور مجھے اُن کو شہید کرنے والے کے بارے بتا دیا گیا' قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے! قوم کے سامنے وہ شہید نہیں کیے جائیں گے' ان کی حفاضت صرف وہی کریں گے جن کے دلوں میں اللہ نے اپنے دشمنوں کی مخالفت ڈالی ہے اور اُن پر اُن کے شرارتی لوگ مسلط ہو جائیں گے اور انہیں گروہ در گروہ بانٹ دیں گے۔ پھر فرمایا: آلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بچوں کے لیے آنے والے خلیفہ کی طرف سے کمزوری ہے' وہ میرے بعد شہید ہوں گے اور میرے خلیفوں کے بعد' ٹھہرو!

ثُمَّ قَالَ: بَعْدَ الْعِشْرِينَ وَمِئَةٍ مَوْتٌ سَرِيعٌ، وَقَتْلٌ ذَرِيعٌ، فَفِيهِ هَلَاكُهُمْ، وَيَلِي عَلَيْهِمْ رَجُلٌ مِنْ وَلَدِ الْعَبَّاسِ

اے معاذ! پس جب میں دس تک پہنچا تو فرمایا: ولید فرعون کا نام ہے' اسلام کے احکام اس کے سامنے گرائے جائیں گے' اہل بیت کا ایک آدمی جس کی تلوار کو اللہ باہر لائے گا تو اس کے لیے نیام میں آنا نہیں ہو گا' لوگ اختلاف کریں گے' پس وہ اس طرح ہوں گے اور اپنی انگلیوں کو ایک دوسرے میں داخل فرمایا' ایک سو بیس کے بعد جلدی آنے والی موت ہوگی اور قتل عام ہو گا' جس میں لوگ ہلاک ہوں گے' ایک عباسی آدمی اُن پر حاکم ہوگا۔



**2793** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ اَبِي عَمَّارٍ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: سَمِعْتُ الْجِنَّ تَنُوحُ عَلَى الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما پر جنوں کو نوحہ کرتے ہوئے سنا۔

**2794** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الصُّوفِيُّ، ثنا اَبُو غَسَّانَ، حَدَّثَنَا اَبُو نُمَيْرٍ عَمُّ الْحَسَنِ بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِي حُمَيْدٍ الطَّحَّانِ، قَالَ: كُنْتُ فِي خُزَاعَةَ، فَجَاءُوا بِشَيْءٍ مِنْ تَرِكَةِ الْحُسَيْنِ، فَقِيلَ لَهُمْ: نَنْحَرُ اَوْ نَبِيعُ فَنَقْسِمُ. قَالَ: انْحَرُوا. قَالَ: فَجَلَسَ عَلَى جَفْنَةٍ، فَلَمَّا وُضِعَتْ فَارَتْ نَارًا

ابوحمید طحان کہتے ہیں: میں بنوخزاعہ قبیلے میں تھا وہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے ترکہ میں سے کوئی شے لائے اور ان سے کہا گیا: ہم اسے ذبح کرتے ہیں یا بیچتے ہیں' اس کے بعد ہم تقسیم کریں گے' کسی نے کہا: ذبح کر دو! پس اسے پکا کر برتن یعنی بڑے پیالے میں ڈال کر بیٹھا' جب پیالے کو رکھا گیا تو اُس سے آگ بھڑک اُٹھی۔

**2795** - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُوسَى السُّدِّيُّ، ثنا ذُوَيْدٌ الْجُعْفِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: لَمَّا قُتِلَ الْحُسَيْنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

جناب ذوید جعفی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے کہا: آپ رضی اللہ عنہ کے لشکر سے کچھ اونٹ لوٹ لیے گئے' پس جب انہیں پکایا گیا تو وہ

انُتُهِبَ جَزُورٌ مِنْ عَسْكَرِهِ، فَلَمَّا طُبِخَتْ اِذَا هِيَ دَمٌ فَاكْفَؤُوهَا

خون ہی خون تھا' پس انہوں نے اسے الٹ دیا۔

2796 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، ثنا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ اَبُو حَفْصٍ الْاَبَّارُ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْاَزْدِيِّ، عَنْ اَبِي جَنَابٍ، قَالَ: سُمِعَ مِنَ الْجِنِّ يَبْكُونَ عَلَى الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ:

(البحر الكامل)

مَسَحَ الرَّسُولُ جَبِينَهُ ... فَلَهُ بَرِيقٌ فِي الْخُدُودِ

اَبَوَاهُ مِنْ عُلْيَا قُرَيْشٍ... جَدُّهُ خَيْرُ الْجُدُودِ

حضرت ابو جناب فرماتے ہیں: جنوں سے سنا گیا کہ وہ حضرت حسین بن علی بن ابو طالب رضی اللہ عنہما پر رو رہے ہیں۔

''رسول اللہ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بذاتِ خود ان کی پیشانی سے گرد کو صاف کیا' پس ان کے رخساروں میں کمال درجے کی چمک تھی'

ان کے والد ماجد حضرت علی قریشی ہیں' ان کے نانا تمام نانوں سے بہتر ہیں۔

2797 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا جَنْدَلُ بْنُ وَالِقٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الطُّفَيْلِ، عَنْ اَبِي زَيْدٍ الْفُقَيْمِيِّ، عَنْ اَبِي جَنَابٍ الْكَلْبِيِّ، حَدَّثَنِي الْجَصَّاصُونَ، قَالُوا: كُنَّا اِذَا خَرَجْنَا بِاللَّيْلِ اِلَى الْجَبَّانَةِ عِنْدَ مَقْتَلِ الْحُسَيْنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، سَمِعْنَا الْجِنَّ يَنُوحُونَ عَلَيْهِ وَيَقُولُونَ:

(البحر الكامل)

مَسَحَ الرَّسُولُ جَبِينَهُ ... فَلَهُ بَرِيقٌ فِي الْخُدُودِ

اَبَوَاهُ مِنْ عُلْيَا قُرَيْشٍ... جَدُّهُ خَيْرُ الْجُدُودِ

جناب جصاصون نے کہا: جب ہم رات کو جبانہ کی طرف نکلے تھے' ہم حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے شہید ہونے کی جگہ کے پاس تھے' ہم نے بقائمی ہوش و حواس جنوں کو ان الفاظ میں نوحہ کرتے ہوئے سنا' وہ کہہ رہے تھے:

''رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آپ رضی اللہ عنہ کی پیشانی سے گرد صاف کی' پس ان کے رخساروں میں عجب طرح کی چمک تھی'

ان کے والد ماجد حضرت علی قریشی ہیں' ان کے نانا تمام نانوں سے بہتر ہیں۔

2798 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ،

ام المؤمنین حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ پر جنوں کو نوحے

عَنْ عَمَّارِ بْنِ اَبِي عَمَّارٍ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ الْجِنَّ تَنُوحُ عَلَى الْحُسَيْنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

کرتے ہوئے سنا گیا۔

**2799** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَمَّارٍ، عَنْ مَيْمُونَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ الْجِنَّ تَنُوحُ عَلَى الْحُسَيْنِ

ام المؤمنین حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ پر جنوں کو نوحے کرتے ہوئے سنا۔

**2800** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبَّادٍ الْخَطَّابِيُّ، ثنا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ ثَابِتٍ، قَالَ: قَالَتْ اُمُّ سَلَمَةَ: مَا سَمِعْتُ نَوْحَ الْجِنِّ مُنْذُ قُبِضَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا اللَّيْلَةَ، وَمَا اَرَى ابْنِي اِلَّا قَدْ قُتِلَ - تَعْنِي الْحُسَيْنَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ - فَقَالَتْ لِجَارِيَتِهَا: اخْرُجِي فَسَلِي فَاُخْبِرَتْ اَنَّهُ قَدْ قُتِلَ، وَاِذَا جِنِّيَّةٌ تَنُوحُ:

(البحر الوافر)

اَلَا يَا عَيْنُ فَاحْتَفِلِي بِجَهْدِ... وَمَنْ يَبْكِي عَلَى الشُّهَدَاءِ بَعْدِي

عَلَى رَهْطٍ تَقُودُهُمُ الْمَنَايَا... اِلَى مُتَحَيِّرٍ فِي مُلْكِ عَبْدِ

حضرت عمرو بن ثابت فرماتے ہیں: حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: ایک اُس دن میں نے جنوں کا نوحہ سنا جس دن نبی کریم ﷺ کا وصال ہوا اور دوسرا حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کی رات میں نے یہی خیال کیا کہ میرا بیٹا امام حسین شہید ہو گیا ہے۔ پس آپ نے اپنی لونڈی سے فرمایا: باہر نکل کر لوگوں سے دریافت کرو پس اسے بتایا گیا کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ شہید کر دیئے گئے ہیں' جن اس طرح نوحہ کر رہے تھے:

''خبردار! اے آنکھ! اچھی طرح روؤ اور میرے بعد شہیدوں پر کون روئے گا'

اس گروہ پر جس کی قیادت موتوں کے ہاتھ ہے' غلامی کے ملک میں حیران و ششدر کی طرف جا رہی ہیں''۔

**2801** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَكَمِ بْنِ اَبِي زِيَادٍ، ثنا اَبُو الْجَوَادِ، ثنا يُونُسُ بْنُ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ بَعْجَةَ، قَالَ: اَوَّلُ ذُلٍّ دَخَلَ عَلَى الْعَرَبِ قَتْلُ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

حضرت عمر بن بعجہ فرماتے ہیں: عربوں پر سب سے پہلی ذلت جو نازل ہوئی وہ حضرت امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما کو شہید کرنا اور زیاد کے دعوے ہیں۔

وَادِّعَاءُ زِيَادٍ

**2802** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الصُّوفِيُّ، ثنا اَبُو غَسَّانَ، ثنا نُوحُ بْنُ دَرَّاجٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قُتِلَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَعَلَيْهِ دَيْنٌ كَثِيرٌ، فَبَاعَ فِيهَا عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنٍ عَيْنَ كَذَا وَعَيْنَ كَذَا

حضرت عمر بن علی بن حسین رضی اللہ عنہم اپنے والد گرامی روایت کر کے فرماتے ہیں: حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ اس حال میں شہید ہوئے کہ آپ پر بہت زیادہ قرض تھا' اس قرض کی ادائیگی میں حضرت زین العابدین علی بن حسین نے فلاں فلاں چیز کو فروخت کیا۔

**2803** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمَسْرُوقِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ اَبِي الْجَحَّافِ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: اَمَرَ الْحُسَيْنُ مُنَادِيًا، فَنَادَى: لَا يُقْبَلُ مَعَنَا رَجُلٌ عَلَيْهِ دَيْنٌ . فَقَالَ رَجُلٌ: اِنَّ امْرَاَتِي ضَمِنَتْ دَيْنِي . فَقَالَ حُسَيْنٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: وَمَا ضَمَانُ امْرَاَةٍ؟

حضرت موسیٰ بن عمیر اپنے والد سے روایت کر کے فرماتے ہیں: حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے نداء دینے والے کو حکم دیا' پس اس نے نداء دی: جس آدمی پر کوئی قرض ہے وہ ہمارے ساتھ نہ آئے۔ پس ایک آدمی نے حاضر ہو کر عرض کی: میرے قرض کا ذمہ میری بیوی نے اُٹھا لیا ہے' تو امام حسین رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا عورت بھی ذمہ داری ہوتی ہے؟

**2804** - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ صَالِحٍ الْاَسَدِيُّ، ثنا السَّرِيُّ بْنُ مَنْصُورِ بْنِ عَمَّارٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي قَبِيلٍ، قَالَ: لَمَّا قُتِلَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُمَا، احْتَزُّوا رَاْسَهُ، وَقَعَدُوا فِي اَوَّلِ مَرْحَلَةٍ يَشْرَبُونَ النَّبِيذَ يَتَحَيَّوْنَ بِالرَّاْسِ، فَخَرَجَ عَلَيْهِمْ قَلَمٌ مِنْ حَدِيدٍ مِنْ حَائِطٍ، فَكَتَبَ بِسَطْرِ دَمٍ:

(البحر الوافر)

اَتَرْجُو اُمَّةٌ قَتَلَتْ حُسَيْنًا ... شَفَاعَةَ جَدِّهِ يَوْمَ

جناب ابو قبیل فرماتے ہیں: جب حضرت امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما کو شہید کیا گیا' وہ آپ کے سرانور کو جدا کر کے ساتھ لے گئے' پہلے ہی مرحلہ میں جا کر بیٹھے' نبیذ پینے لگے' سر کے اشارے سے سلام کرتے تھے' ان کے سامنے دیوار سے ایک لوہے کا قلم ظاہر ہوا' پس اس نے خون کے ساتھ ایک سطر لکھی:

''وہ لوگ جنہوں نے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو شہید کیا ہے' کیا وہ قیامت کے دن ان کا نانا جان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت کی اُمید بھی رکھتے ہیں''۔

پس وہ سر کو وہیں چھوڑ کر بھاگ کھڑے ہوئے

الْحِسَابِ

فَهَرَبُوا وَتَرَكُوا الرَّأْسَ، ثُمَّ رَجَعُوا

پھر واپس آئے۔

2805 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ غُورَكٍ، ثنا أَبُو سَعِيدٍ التَّغْلِبِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ يَمَانٍ، عَنْ إِمَامٍ لِبَنِي سُلَيْمٍ، عَنْ أَشْيَاخٍ لَهُ غَزَوُا الرُّومَ، فَنَزَلُوا فِي كَنِيسَةٍ مِنْ كَنَائِسِهِمْ، فَقَرَءُوا فِي حَجَرٍ مَكْتُوبٍ:

(البحر الوافر)

أَيَرْجُو مَعْشَرٌ قَتَلُوا حُسَيْنًا ... شَفَاعَةَ جَدِّهِ يَوْمَ الْحِسَابِ

فَسَأَلْنَاهُمْ: مُنْذُ كَمْ بُنِيَتْ هَذِهِ الْكَنِيسَةُ؟ قَالُوا: قَبْلَ أَنْ يُبْعَثَ نَبِيُّكُمْ بِثَلَاثِ مِائَةِ سَنَةٍ. قَالَ أَبُو جَعْفَرٍ الْحَضْرَمِيُّ: وَثنا جَنْدَلُ بْنُ وَالِقٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ غُورَكٍ، ثُمَّ سَمِعْتُهُ مِنْ مُحَمَّدِ بْنِ غُورَكٍ

بنی سلیم کے امام نامی آدمی سے روایت ہے' انہوں نے ان شیوخ سے روایت کیا جنہوں نے روم سے لڑائی کی تھی' پس اُن کے ایک کنیسہ میں داخل ہوئے' پس اُنہوں نے لکھے ہوئے ایک پتھر میں یہ بات پڑھی:

''وہ گروہ جس نے حضرت امام حسین کو شہید کیا ہے' کیا وہ قیامت کے دن ان کے نانا کی شفاعت کا اُمیدوار بھی ہے''۔

پس ہم نے ان سے پوچھا: یہ عبادت خانہ کب بنایا گیا؟ انہوں نے جواب دیا: آپ کے نبی کے اعلانِ نبوت سے تین سو سال پہلے بنایا گیا' ابوجعفر حضرمی نے کہا: اور ہمیں حدیث بیان کی جندل بن والق نے' انہوں نے محمد بن غورک سے' پھر میں نے اسے محمد بن غورک سے سنا۔

2806 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَحْمَدَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ حُمَيْدٍ الْجَهْمِيَّ، مِنْ وَلَدِ أَبِي جَهْمِ بْنِ حُذَيْفَةَ، يُنْشِدُ فِي قَتْلِ الْحُسَيْنِ، وَقَالَ هَذَا الشِّعْرَ لِزَيْنَبَ بِنْتِ عَقِيلِ بْنِ أَبِي طَالِبٍ:

(البحر البسيط)

مَاذَا تَقُولُونَ إِنْ قَالَ الرَّسُولُ لَكُمْ... مَاذَا فَعَلْتُمْ وَأَنْتُمْ آخِرُ الْأُمَمِ

بِأَهْلِ بَيْتِي وَأَنْصَارِي وَذُرِّيَّتِي ... مِنْهُمْ

زکریا بن یحییٰ ساجی فرماتے ہیں: ابوجہم بن حذیفہ کی اولاد میں سے احمد بن محمد بن حمید جہمی کو میں نے سنا: حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کے حوالے سے شعر کہتے ہوئے اور اس نے بتایا کہ یہ شعر زینب بنت عقیل بن ابوطالب کے ہیں: (بحر بسیط)

''تم کیا جواب دو گے اگر رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے (کل قیامت کے دن) تم سے پوچھا کہ آخری اُمت ہو کر بھی تم نے میری اہل بیت' ان کے مددگاروں اور میری اولاد کے ساتھ کیا سلوک کیا' ان میں سے بعض کو

أُسَارَى وقَتْلَى ضُرِّجُوا بِدَمِ
مَا كَانَ ذَاكَ جَزَائِي إِذْ نَصَحْتُ لَكُمْ ... أَنْ تَخْلُفُونِي بِسُوءٍ فِي ذَوِي رَحِمِي
فَقَالَ أَبُو الْأَسْوَدِ الدُّؤَلِيُّ: نَقُولُ: (ظَلَمْنَا أَنْفُسَنَا وَإِنْ لَمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُونَنَّ مِنَ الْخَاسِرِينَ) (الاعراف:23)

قیدی اور بعض کو شہید کر دیا' وہ اپنے خون میں لت پت ہیں' تمہارے لیے میں نے جو اخلاص کا مظاہرہ کیا یہ اسی کا بدلہ ہے کہ تم نے میرے قریبی رشتہ داروں کے حوالے سے دکھ دیا''۔

تو حضرت ابوالاسود دؤلی نے کہا کہ ہم کہتے ہیں: ''ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا اور تُو ہماری مغفرت نہ فرمائے اور ہم پر رحم نہ کرے تو ہم خسارہ پانے والوں سے ہو جائیں گے''۔

2807 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ حُمَيْدٍ الْجَهْمِيُّ، ثنا الْوَاقِدِيُّ، عَنْ عِيسَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ: رَأْسُ الْحُسَيْنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَوَّلُ رَأْسٍ حُمِلَ فِي الْإِسْلَامِ

حضرت امام شعبی فرماتے ہیں کہ اسلام میں سب سے پہلے جس کا سر اُٹھایا گیا' وہ امام حسین رضی اللہ عنہ کا سر ہے۔

2808 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْهَبَّارِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُوَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زِيَادٍ، وَإِذَا رَأْسُ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قُدَّامَهُ عَلَى تُرْسٍ، فَوَاللّٰهِ مَا لَبِثْتُ إِلَّا قَلِيلًا حَتَّى دَخَلْتُ عَلَى الْمُخْتَارِ، فَإِذَا رَأْسُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زِيَادٍ عَلَى تُرْسٍ، فَوَاللّٰهِ مَا لَبِثْتُ إِلَّا قَلِيلًا حَتَّى دَخَلْتُ عَلَى مُصْعَبِ بْنِ الزُّبَيْرِ وَإِذَا رَأْسُ الْمُخْتَارِ عَلَى تُرْسٍ، فَوَاللّٰهِ مَا لَبِثْتُ إِلَّا قَلِيلًا حَتَّى دَخَلْتُ عَلَى عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَرْوَانَ وَإِذَا رَأْسُ مُصْعَبِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَلَى تُرْسٍ

حضرت عبدالمالک بن عمیر فرماتے ہیں کہ میں عبیداللہ بن زیاد کے پاس آیا تو امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما کا سر ڈھال پر پڑا ہوا تھا' اللہ کی قسم! میں کچھ عرصہ ٹھہرا' مختار کے پاس آیا' وہاں ڈھال پر عبیداللہ بن زیاد کا سر پڑا ہوا تھا' اللہ کی قسم! میں کچھ عرصہ ٹھہرا' مصعب بن زبیر کے پاس آیا تو وہاں ڈھال پر مختار کا سر پڑا ہوا تھا' پھر میں کچھ عرصہ ٹھہرا' میں عبدالملک بن مروان کے پاس آیا تو وہاں مصعب بن زبیر کا سر ڈھال پر پڑا ہوا تھا۔

**2809** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: لَمَّا اُتِيَ بِرَاْسِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ اِلَى عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زِيَادٍ، جَعَلَ يَنْكُتُ بِقَضِيبٍ فِي يَدِهِ، وَيَقُولُ: اِنْ كَانَ لَحَسَنَ الثَّغْرِ. فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ لَاَسُوءَنَّكَ، لَقَدْ رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُ مَوْضِعَ قَضِيبِكَ مِنْ فِيهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب سیّدنا امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما کا سر عبیداللہ بن زیاد کے پاس لایا گیا تو وہ چھڑی اپنے ہاتھ میں لے کر اس سے آپ کے دانتوں پر مارنے لگا اور کہنے لگا: اگرچہ آپ کے دانت بڑے خوبصورت ہیں۔ میں نے کہا: اللہ کی قسم! میں تجھے ضرور رسوا کروں گا' میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس جگہ پر بوسہ لیتے دیکھا ہے۔

**2810** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْكُوفِيُّ، ثنا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، ثنا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيرِينَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ ابْنِ زِيَادٍ حِينَ اُتِيَ بِرَاْسِ الْحُسَيْنِ، فَجَعَلَ يَقُولُ بِقَضِيبٍ فِي اَنْفِهِ: مَا رَاَيْتُ مِثْلَ هٰذَا حُسْنًا. فَقُلْتُ: اَمَا اِنَّهُ كَانَ مِنْ اَشْبَهِهِمْ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ابن زیاد کے پاس تھا جس وقت امام حسین رضی اللہ عنہ کا سر لایا گیا' وہ چھڑی آپ کے ناک پر مار رہا تھا اور کہنے لگا: میں نے اس جیسا خوبصورت نہیں دیکھا' میں نے کہا: یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سب سے زیادہ ہم شکل ہیں۔

**2811** - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَرِيكٍ، عَنْ بِشْرِ بْنِ غَالِبٍ، عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ، قَالَ: مَنْ اَحَبَّنَا لِلدُّنْيَا فَاِنَّ صَاحِبَ الدُّنْيَا يُحِبُّهُ الْبَرُّ وَالْفَاجِرُ، وَمَنْ اَحَبَّنَا لِلّٰهِ كُنَّا نَحْنُ وَهُوَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَهَاتَيْنِ. وَاَشَارَ بِالسَّبَّابَةِ وَالْوُسْطَى

حضرت سیّدنا امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں' آپ نے فرمایا: جو ہم سے دنیا کے لیے محبت کرتا ہے' دنیا والا بُرائی اور نیکی سے محبت کرتا ہے اور جو ہم سے اللہ کے لیے محبت کرتا ہے' ہم اور وہ قیامت کے دن اس طرح ہوں گے' آپ نے سبابہ اور وسطی انگلی کے ساتھ اشارہ کیا۔

**2812** - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، وَمُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، وَاَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّونَ، قَالُوا: ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ اَبِي

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کی تین حرمات ہیں' جس نے ان کی حفاظت کی تو اللہ اُس کے

حَازِمٍ الْمَدِينِيُّ، ثنا عِمْرَانُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ حُرُمَاتٍ ثَلَاثٍ، مَنْ حَفِظَهُنَّ حَفِظَ اللّٰهُ لَهُ اَمْرَ دِينِهِ وَدُنْيَاهُ، وَمَنْ لَمْ يَحْفَظْهُنَّ لَمْ يَحْفَظِ اللّٰهُ لَهُ شَيْئًا: حُرْمَةَ الْإِسْلَامِ، وَحُرْمَتِي، وَحُرْمَةَ رَحِمِي

دین اور دنیا کے کاموں کی حفاظت فرمائے گا‘ جس نے ان کی حفاظت نہیں کی‘ اللہ اُس کے کسی کام کی حفاظت نہیں فرمائے گا‘ وہ تین چیزیں یہ ہیں: (۱) اسلام کی عزت (۲) میری عزت (۳) اور میرے رشتہ داروں کی عزت۔

**2813** - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ الْمِصْرِيُّ، ثنا يُوسُفُ بْنُ عَدِيٍّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ الْمُخْتَارِ، عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: قَدْ اُعْطِيتُ الْكَوْثَرَ . قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَمَا الْكَوْثَرُ؟ قَالَ: نَهْرٌ فِي الْجَنَّةِ، عَرْضُهُ وَطُولُهُ مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ، وَلَا يَشْرَبُ مِنْهُ اَحَدٌ فَيَظْمَأُ، وَلَا يَتَوَضَّأُ مِنْهُ اَحَدٌ فَيَشْعَثُ، لَا يَشْرَبُهُ اِنْسَانٌ خَفَرَ ذِمَّتِي، وَلَا قَتَلَ اَهْلَ بَيْتِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا تو آپ نے فرمایا: مجھے کوثر دی گئی ہے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کوثر کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: جنت میں ایک نہر ہے‘ اس کی چوڑائی اور لمبائی مشرق جتنی ہے‘ اس سے پینے والا کبھی پیاسا نہیں ہوگا‘ کوئی اس سے وضو نہیں کرے گا جو اس سے وضو کرے گا وہ پراگندہ حال ہوگا‘ لیکن میری توہین کرنے والا‘ میرے اہل بیت کو بُرا کہنے والا کبھی اس سے نہیں پی سکے گا۔

**2814** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ شُعَيْبٍ النَّسَائِيُّ، انا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا ابْنُ اَبِي الْمَوَالِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مَوْهَبٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سِتَّةٌ لَعَنْتُهُمْ، وَكُلُّ نَبِيٍّ مُجَابٌ:

اُم المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی پاک ﷺ نے فرمایا: چھ آدمیوں پر میں لعنت کرتا ہوں‘ ہر نبی کی دعا قبول ہوتی ہے‘ وہ چھ افراد یہ ہیں: (۱) کتاب اللہ میں زیادتی کرنے والا (۲) اللہ کی تقدیر کا انکار کرنے والا (۳) اللہ کی حرام کردہ چیزوں کو



**2814**- أخرجه الترمذي في سننه جلد **4** صفحه **457** رقم الحديث: **2154**' وابن حبان في صحيحه جلد **13** صفحه **60** رقم الحديث: **5749**' والطبراني في الأوسط جلد **2** صفحه **186** رقم الحديث: **1667** كلهم عن عبيد الله بن عبد الرحمن بن موهب عن عمرة عن عائشة به .

الزَّائِدُ فِی کِتَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، وَالْمُکَذِّبُ بِقَدَرِ اللّٰهِ، وَالْمُسْتَحِلُّ مَحَارِمَ اللّٰهِ، وَالْمُسْتَحِلُّ مِنْ عِتْرَتِی مَا حَرَّمَ اللّٰهُ، وَالتَّارِكُ لِلسُّنَّةِ

حلال کرنے والا (۴) میری اولاد کے متعلق جو چیزیں اللہ نے حرام کی ہیں' ان کو حلال کرنے والا (۵) میری سنت کو چھوڑنے والا۔

**2815** - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیزِ، وَاَبُو مُسْلِمٍ الْکَشِّیُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا مَهْدِیُّ بْنُ مَیْمُونٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی یَعْقُوبَ، عَنِ ابْنِ اَبِی نُعْمٍ، قَالَ: کُنْتُ عِنْدَ ابْنِ عُمَرَ، فَسَاَلَهُ رَجُلٌ عَنْ دَمِ الْبَعُوضِ، فَقَالَ: مِمَّنْ اَنْتَ؟ قَالَ: مِنْ اَهْلِ الْعِرَاقِ . قَالَ: انْظُرُوا اِلَی هَذَا، یَسْاَلُنِی عَنْ دَمِ الْبَعُوضِ، وَقَدْ قَتَلُوا ابْنَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، وَقَدْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُولُ: هُمَا رَیْحَانَتَایَ مِنَ الدُّنْیَا

حضرت ابن ابی نعم فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس تھا' آپ سے ایک آدمی نے مچھر کے خون کے متعلق پوچھا یعنی اسے مارنا جائز ہے یا نہیں' تو آپ نے فرمایا: تُو کہاں کا رہنے والا ہے؟ اُس نے کہا: عراق کا۔ آپ نے فرمایا: اس آدمی کو دیکھو مجھ سے مچھر کے خون کے متعلق پوچھتا ہے' انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لختِ جگر کو شہید کیا ہے حالانکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: یہ دونوں میرے دنیا کے پھول ہیں۔

# وَمَا اَسْنَدَ الْحُسَیْنُ بْنُ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

# حضرت سیّدنا امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما کی روایت کردہ احادیث

## عَلِیُّ بْنُ الْحُسَیْنِ عَنْ اَبِیهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

## حضرت علی بن حسین اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں

**2816** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت عبداللہ بن علی بن حسین رضی اللہ عنہم اپنے



2815- أخرجه البخاری فی صحیحه جلد 5صفحه2234 رقم الحدیث: 5648' وأحمد فی مسنده جلد 2صفحه114 رقم الحدیث:5940 کلاهما عن ابن أبی یعقوب عن ابن أبی نعم عن ابن عمر به .

2816- أخرجه ابن حبان فی صحیحه جلد3صفحه189 رقم الحدیث: 909' وأحمد فی مسنده جلد 1صفحه201 رقم الحدیث:1736 .

الْحَضْرَمِيُّ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، قَالَا: ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْبَخِيلُ مَنْ ذُكِرْتُ عِنْدَهُ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيَّ

والد ماجد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بخیل وہ ہے جس کے پاس میرا ذکر کیا جائے اور وہ مجھ پر درود پاک نہ پڑھے۔

2817 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا مُوسَى بْنُ دَاوُدَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مِنْ حُسْنِ إِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْكُهُ مَا لَا يَعْنِيهِ

حضرت علی بن حسین اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آدمی کے اسلام کی خوبی یہ ہے کہ لایعنی کام چھوڑ دینا۔

2818 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ الْحَكَمِ الضَّبِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشِيرٍ الْكِنْدِيُّ، ثنا عَبِيدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ، حَدَّثَنِي فِطْرُ بْنُ خَلِيفَةَ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ حُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ ذُكِرْتُ عِنْدَهُ فَخَطِئَ الصَّلَاةَ عَلَيَّ؛ خَطِئَ طَرِيقَ الْجَنَّةِ

حضرت سیّدنا امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کے پاس میرا ذکر کیا جائے اور وہ مجھ پر درود پڑھنا بھول جائے تو وہ جنت کا راستہ بھول جائے گا۔

2819 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا الْهَيَّاجُ بْنُ بِسْطَامٍ، ثنا عَنْبَسَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اعْتِكَافُ عَشْرٍ فِي رَمَضَانَ كَحَجَّتَيْنِ وَعُمْرَتَيْنِ

حضرت سیّدنا امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: رمضان المبارک کے دس دن کا اعتکاف دو حج اور دو عمروں کے برابر ہے۔

2820 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ

حضرت سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

التُّسْتَرِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الصُّوفِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ قَادِمٍ، عَنْ عَبْدِ السَّلَامِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: اَحِبُّونَا بِحُبِّ الْإِسْلَامِ، فَإِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَرْفَعُونِي فَوْقَ حَقِّي، فَإِنَّ اللّٰهَ تَعَالَى اتَّخَذَنِي عَبْدًا قَبْلَ اَنْ يَتَّخِذَنِي رَسُولًا

کہ ہم سے محبت اسلام کی محبت کے لیے کرو کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے حق سے اوپر مجھے نہ لے جاؤ' کیونکہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنا بندہ بنایا' رسول بنانے سے پہلے۔

علی بن الحسین عن ابیہ

**2821** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَرَّاجِيُّ الْمَكِّيُّ، وَالْعَبَّاسُ بْنُ حَمْدَانَ الْحَنَفِيُّ الْاَصْبَهَانِيُّ، قَالَا: ثنا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَيْمُونٍ الْقَدَّاحُ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِي يَقُولُ: لَمَّا كَانَ قَبْلَ وَفَاةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِثَلَاثَةِ اَيَّامٍ، هَبَطَ عَلَيْهِ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اَرْسَلَنِي اِلَيْكَ اِكْرَامًا لَكَ، وَتَفْضِيلًا لَكَ، وَخَاصَّةً لَكَ، اَسْاَلُكَ عَمَّا هُوَ اَعْلَمُ بِهِ مِنْكَ، يَقُولُ: كَيْفَ تَجِدُكَ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَجِدُنِي يَا جِبْرِيلُ مَغْمُومًا، وَاَجِدُنِي يَا جِبْرِيلُ مَكْرُوبًا. قَالَ: فَلَمَّا كَانَ الْيَوْمُ الثَّالِثُ هَبَطَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، وَهَبَطَ مَلَكُ الْمَوْتِ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ، وَهَبَطَ مَعَهُمَا مَلَكٌ فِي الْهَوَاءِ يُقَالُ لَهُ اِسْمَاعِيلُ عَلَى سَبْعِينَ اَلْفَ مَلَكٍ، لَيْسَ فِيهِمْ مَلَكٌ اِلَّا عَلَى سَبْعِينَ اَلْفَ مَلَكٍ، يُشَيِّعُهُمْ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اَرْسَلَنِي اِلَيْكَ اِكْرَامًا لَكَ، وَتَفْضِيلًا لَكَ، وَخَاصَّةً لَكَ،

حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے تین دن پہلے حضرت جبریل علیہ السلام آپ کی بارگاہ میں آئے' عرض کی: اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! اللہ عزوجل نے مجھے آپ کی طرف آپ کی عزت کی خاطر بھیجا ہے' آپ کی عزت و تکریم اور فضیلت کی خاطر آپ کو خاص کرنے کے لیے' آپ سے پوچھنے کے لیے حالانکہ وہ آپ سے زیادہ جانتا ہے' آپ کیا پاتے ہیں؟ یعنی آپ کا کیا حال ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے جبریل! میں آپ کو پریشان پاتا ہوں' اے جبریل! میں اپنے آپ کو غم اور کرب کی حالت میں پاتا ہوں' پس جب تیسرا دن تھا تو حضرت جبریل اور ملک الموت آئے' دونوں کے ساتھ ہوا میں ایک فرشتہ آیا' اس کو اسماعیل کہا جاتا ہے' ستر ہزار فرشتوں کے ساتھ' ہر فرشتے کے ساتھ ستر ہزار فرشتے تھے' حضرت جبریل ان کے سردار ہیں۔ عرض کی: اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! اللہ عزوجل نے مجھے آپ کے پاس بھیجا ہے' آپ کی عزت اور فضیلت کی خاطر' آپ کو خاص کرنے کے لیے' میں آپ سے پوچھوں حالانکہ اللہ

أَسْأَلُكَ عَمَّا هُوَ أَعْلَمُ بِهِ مِنْكَ، يَقُولُ: كَيْفَ تَجِدُكَ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَجِدُنِي يَا جِبْرِيلُ مَغْمُومًا، وَأَجِدُنِي يَا جِبْرِيلُ مَكْرُوبًا . قَالَ: فَاسْتَأْذَنَ مَلَكُ الْمَوْتِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْبَابِ، فَقَالَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ: يَا مُحَمَّدُ، هَذَا مَلَكُ الْمَوْتِ يَسْتَأْذِنُ عَلَيْكَ، مَا اسْتَأْذَنَ عَلَى آدَمِيٍّ قَبْلَكَ، وَلَا يَسْتَأْذِنُ عَلَى آدَمِيٍّ بَعْدَكَ . فَقَالَ: ائْذَنْ لَهُ . فَأَذِنَ لَهُ جِبْرِيلُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَقْبَلَ حَتَّى وَقَفَ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ أَرْسَلَنِي إِلَيْكَ، وَأَمَرَنِي أَنْ أُطِيعَكَ فِيمَا أَمَرْتَنِي بِهِ، إِنْ أَمَرْتَنِي أَنْ أَقْبِضَ نَفْسَكَ قَبَضْتُهَا، وَإِنْ كَرِهْتَ تَرَكْتُهَا . فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَتَفْعَلُ يَا مَلَكَ الْمَوْتِ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَبِذَلِكَ أُمِرْتُ أَنْ أُطِيعَكَ فِيمَا أَمَرْتَنِي بِهِ . فَقَالَ لَهُ جِبْرِيلُ؟ عَلَيْهِ السَّلَامُ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدِ اشْتَاقَ إِلَى لِقَائِكَ. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: امْضِ لِمَا أُمِرْتَ بِهِ . فَقَالَ لَهُ جِبْرِيلُ: هَذَا آخِرُ وَطْئِي الْأَرْضَ، إِنَّمَا كَانَتْ حَاجَتِي فِي الدُّنْيَا . فَلَمَّا تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَاءَتِ التَّعْزِيَةُ، جَاءَ آتٍ، يَسْمَعُونَ حِسَّهُ وَلَا يَرَوْنَ شَخْصَهُ، فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ، إِنَّ فِي اللّٰهِ عَزَاءً مِنْ كُلِّ مُصِيبَةٍ، وَخَلَفًا مِنْ كُلِّ هَالِكٍ، وَدَرَكًا مِنْ كُلِّ مَا فَاتَ، فَبِاللّٰهِ فَثِقُوا، وَإِيَّاهُ فَارْجُوا، فَإِنَّ

آپ سے زیادہ جانتا ہے' آپ کیسے پاتے ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اے جبریل! میں اپنے آپ کو غم زدہ اور پریشان پاتا ہوں۔ عرض کی: ملک الموت آپ کے دروازے پر اجازت مانگتے ہیں' آپ سے پہلے اور آپ کے بعد بھی کسی سے اجازت نہیں مانگے گا' آپ نے فرمایا: اس کو اجازت دو! حضرت جبریل نے اجازت دی۔ ملک الموت آئے' آپ کے آگے کھڑے ہوئے' عرض کی: اے محمد ﷺ! اللہ عزوجل نے مجھے آپ کی طرف بھیجا ہے اور مجھے حکم دیا ہے' جو مجھے آپ حکم دیں گے میں وہ مانوں گا' اگر مجھے اپنی روح مبارک نکالنے کا حکم دیں تو میں لے لوں گا' اگر آپ ناپسند کرتے ہیں تو میں نہیں لوں گا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اے ملک الموت! کیا تُو ایسا کرے گا؟ فرشتے نے عرض کی: جی ہاں! مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں آپ کی اطاعت کروں جو آپ حکم دیں۔ حضرت جبریل علیہ السلام نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کی: اللہ عزوجل آپ سے ملاقات کا شوق رکھتا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: وہ کام کرو جو حکم دیا گیا ہے' حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کی: میں آخری بار زمین پہ آیا ہوں' یہ دنیا میں ضرورت تھی' جب حضور ﷺ کا وصال ہوا' تعزیت کرنے والا آیا' اس کی اہمیت معلوم ہو رہی تھی لیکن اس کی شخصیت معلوم نہیں تھی' اس نے کہا: السلام علیکم ورحمۃ اللہ! ہر نفس نے موت کا ذائقہ چکھنا ہے' اللہ عزوجل ہر مصیبت کی جزاء دینے والا ہے' ہر مرنے

الْمُصَابَ مَنْ حُرِمَ الثَّوَابَ، وَالسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ

والے کا پیچھے ہوگا' جو دنیا میں چھوڑ کر مرنے والا ہے وہ پائے گا' اللہ کی قسم! اسے مضبوطی سے تھام لو' اُمید رکھو کیونکہ مصیبت وہ ہے جو ثواب سے محروم کیا جائے گا' والسلام علیکم ورحمۃ اللہ!

2822 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْاَخْرَمُ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ثنا اَبُو دَاوُدَ، ثنا شَيْبَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْصَى عِنْدَ مَوْتِهِ بِثَلَاثٍ، اَوْصَى اَنْ يُنْفَذَ جَيْشُ اُسَامَةَ، وَلَا يَسْكُنَ مَعَهُ الْمَدِينَةَ اِلَّا اَهْلُ دِينِهِ . قَالَ مُحَمَّدٌ: وَنَسِيتُ الثَّالِثَةَ

حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اپنے وصال کے وقت تین وصیتیں کیں: (۱) اسامہ کے لشکر کو جانے کی وصیت (۲) مدینہ میں دین اسلام والے رہیں۔ حضرت محمد فرماتے ہیں: میں تیسری بات بھول گیا۔

2823 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْمَازِنِيُّ، ثنا اَرْطَاةُ بْنُ الْاَشْعَثِ الْعَدَوِيُّ، ثنا بِشْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ الْخَثْعَمِيُّ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ وَعِنْدَهُ ابْنُهُ، فَقَالَ: هَلُمَّ اِلَى الْغَدَاءِ . فَقُلْتُ: قَدْ تَغَدَّيْتُ يَا ابْنَ رَسُولِ اللّٰهِ. فَقَالَ لِي: اِنَّهُ هِنْدِبَاءٌ. قُلْتُ: يَا ابْنَ رَسُولِ اللّٰهِ، وَمَا فِي الْهِنْدِبَاءِ؟ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي عَنْ جَدِّي اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ وَرَقَةٍ مِنْ وَرَقِ الْهِنْدِبَاءِ اِلَّا وَعَلَيْهَا قَطْرَةٌ مِنْ مَاءِ الْجَنَّةِ

حضرت بشر بن عبداللہ بن عمرو بن سعید خثعمی فرماتے ہیں کہ میں محمد بن علی بن حسین کے پاس آیا' آپ کے پاس آپ کا بیٹا تھا' آپ نے فرمایا: کھانا کھاؤ! میں نے عرض کی: اے ابن رسول اللہ! مجھے فرمایا: یہ ھندباء ہے۔ میں نے عرض کی: اے ابن رسول اللہ! ھندباء کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: مجھے میرے والد نے' اُنہوں نے میرے دادا سے روایت کیا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: پتوں میں سے ھندباء جو پتہ ہوتا ہے اس پر جنت کے پانی کا قطرہ ہے۔

2824 - ثُمَّ اَتَى بِدُهْنٍ، فَقَالَ: ادَّهِنْ . فَقُلْتُ: قَدِ ادَّهَنْتُ يَا ابْنَ رَسُولِ اللّٰهِ. قَالَ: اِنَّهُ

پھر تیل لایا گیا' فرمایا: تیل لگاؤ! میں نے عرض کی: اے ابن رسول اللہ! میں نے تیل لگایا ہے' آپ نے

بَنَفْسَجٌ. قُلْتُ: وَمَا فِي الْبَنَفْسَجِ؟ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ جَدِّي، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ فَضْلَ الْبَنَفْسَجِ عَلَى سَائِرِ الْأَدْهَانِ كَفَضْلِ وَلَدِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ عَلَى سَائِرِ قُرَيْشٍ، وَإِنَّ فَضْلَ دُهْنِ الْبَنَفْسَجِ كَفَضْلِ الْإِسْلَامِ عَلَى سَائِرِ الْأَدْيَانِ

فرمایا: یہ بنفسج ہے، میں نے عرض کی: بنفسج کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: مجھے میرے والد نے، اُنہوں نے میرے دادا سے روایت کیا کہ حضورﷺ نے فرمایا: سارے تیلوں میں بنفسج کو فضیلت حاصل ہے جس طرح اولادِ عبدالمطلب کو سارے قریش پر اور بنفسج کے تیل کی فضیلت ایسے ہے جس طرح اسلام کو سارے دینوں پر فضیلت ہے۔

## فَاطِمَةُ بِنْتُ الْحُسَيْنِ عَنْ أَبِيهَا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا

## حضرت فاطمہ بنت حسین رضی اللہ عنہا اپنے والد سے روایت کرتی ہیں

2825 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، ثنا سُفْيَانُ، حَدَّثَنِي مُصْعَبُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ يَعْلَى بْنِ أَبِي يَحْيَى، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْحُسَيْنِ، عَنْ أَبِيهَا، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِلسَّائِلِ حَقٌّ وَإِنْ جَاءَ عَلَى فَرَسٍ

حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: مانگنے والے کا حق ہے، اگرچہ گھوڑے پر آئے۔

2826 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ إِلْيَاسَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْحُسَيْنِ، عَنْ حُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ مَعَالِيَ الْأُمُورِ وَأَشْرَافَهَا،

حضرت امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل اعلیٰ اور عزت والے کاموں کو پسند کرتا ہے اور بُرے اعمال کو ناپسند کرتا ہے۔



---

2825- أخرجه أبو داؤد في سننه جلد 2 صفحه 126 رقم الحديث: 1665، وذكره البيهقي في سننه الكبرى جلد 7 صفحه 23 رقم الحديث: 12983، والبزار في مسنده جلد 4 صفحه 186 رقم الحديث: 1343، وأبو يعلى في مسنده جلد 12 صفحه 154 رقم الحديث: 6784 كلهم عن يعلى بن أبي يحيى عن فاطمة بنت الحسين عن أبيها به .

وَيَكْرَهُ سَفَاسِفَهَا

2827 - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، وَاِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، قَالَا: ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلَّامٍ الْجُمَحِيُّ، ثنا هِشَامٌ اَبُو الْمِقْدَامِ، عَنْ اُمِّهِ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْحُسَيْنِ، عَنْ اَبِيهَا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَصَابَتْهُ مُصِيبَةٌ، فَقَالَ اِذَا ذَكَرَهَا: اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُونَ، جَدَّدَ اللّٰهُ لَهُ مِنْ اَجْرِهَا مِثْلَ مَا كَانَ يَوْمَ اَصَابَتْهُ

حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کو مصیبت پہنچی تھی، جب اس کو یاد آئے وہ انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھے، اللہ عزوجل دوبارہ اس کو وہی ثواب دے گا، جو ثواب اس دن ملا تھا جس دن مصیبت پہنچی تھی۔

2828 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْبَكْرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْقُرَشِيُّ، حَدَّثَتْنَا عَائِشَةُ بِنْتُ طَلْحَةَ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْحُسَيْنِ، عَنْ اَبِيهَا اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَطْرُقُوا الطَّيْرَ فِي اَوْكَارِهَا، فَاِنَّ اللَّيْلَ لَهُ اَمَانٌ

حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: رات کو پرندوں کو نہ اُڑاؤ کیونکہ رات ان کے لیے سکون ہے۔

2829 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ اُمِّهِ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْحُسَيْنِ، عَنْ اَبِيهَا الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُدِيمُوا النَّظَرَ اِلَى الْمَجْذُومِينَ

حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جذام والوں کو نظر جما کر نہ دیکھو۔

2830 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْبَاقِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ لُوَيْنٌ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا یہ تکبر ہے کہ ہم میں سے کسی کے لیے اچھی اونٹنی ہو؟ آپ نے

الْحُسَيْنِ، عَنْ اَبِيهَا اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو جَاءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَمِنَ الْكِبْرِ اَنْ اَلْبَسَ الْحُلَّةَ الْحَسَنَةَ؟ قَالَ: لَا . قَالَ: فَمِنَ الْكِبْرِ اَنْ اَرْكَبَ النَّاقَةَ النَّجِيبَةَ؟ قَالَ: لَا . قَالَ: اَفَمِنَ الْكِبْرِ اَنْ اَصْنَعَ طَعَامًا فَاَدْعُوَ قَوْمًا يَاْكُلُونَ عِنْدِي، وَيَمْشُونَ خَلْفَ عَقِبِي؟ قَالَ: لَا . قَالَ: فَمَا الْكِبْرُ؟ قَالَ: اَنْ تُسَفِّهَ الْحَقَّ، وتَغْمِصَ النَّاسَ

فرمایا: نہیں! عرض کی: ہم میں کوئی اچھے کپڑے پہنے تو یہ تکبر ہے؟ آپ نے فرمایا: نہیں! عرض کی: یہ تکبر ہے کہ ہم میں سے کوئی اچھی جوتی پہنے؟ آپ نے فرمایا: نہیں! عرض کی: یہ تکبر ہے کہ میں کھانا پکاؤں اور اپنی قوم کی دعوت کروں، وہ میرے پیچھے چل کر آئیں اور میرے پاس کھائیں؟ آپ نے فرمایا: نہیں! عرض کی: یارسول اللہ! تکبر کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: حق اور لوگوں کو حقیر جاننا۔

## سُكَيْنَةُ بِنْتُ الْحُسَيْنِ عَنْ اَبِيهَا

## حضرت سکینہ بنت حسین رضی اللہ عنہا اپنے والد سے روایت کرتی ہیں

2831 - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ الْعَطَّارُ الْمَكِّيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ مَوْلَى جُمَيْعِ بْنِ حَارِثَةَ الْاَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَاهَانَ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنِي فَايِدٌ مَوْلَى عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، حَدَّثَتْنِي سُكَيْنَةُ بِنْتُ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ اَبِيهَا، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَمَلَةُ الْقُرْآنِ عُرَفَاءُ اَهْلِ الْجَنَّةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن قرآن پڑھنے والے جنتوں کے سردار ہوں گے۔

## عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي يَزِيدَ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

## حضرت عبید اللہ بن ابو یزید، حضرت حسین بن علی رضی اللہ رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں

2832 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ

حضرت سفیان بن عیینہ فرماتے ہیں کہ میں نے

حَنْبَلٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، قَالَ: سَأَلْتُ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ اَبِي يَزِيدَ: رَاَيْتَ الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ قَالَ: نَعَمْ، رَاَيْتُهُ جَالِسًا فِي حَوْضِ زَمْزَمَ. قُلْتُ: هَلْ رَاَيْتَهُ صَبَغَ. قَالَ: لَا اِلَّا اَنِّي رَاَيْتُهُ وَلِحْيَتُهُ سَوْدَاءُ اِلَى هَذَا الْمَوْضِعِ، يَعْنِي عَنْفَقَتَهُ، وَاَسْفَلُ مِنْ ذَلِكَ بَيَاضٌ. وَذَكَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَابَ ذَلِكَ الْمَوْضِعُ مِنْهُ، وَكَانَ يَتَشَبَّهُ بِهِ

عبیداللہ بن ابو یزید سے پوچھا: آپ نے حسین بن علی رضی اللہ عنہما کو دیکھا ہے؟ عبید نے کہا: جی ہاں! میں نے آپ کو زمزم کے حوض میں بیٹھے ہوئے دیکھا' میں نے کہا: کیا آپ نے انہیں خضاب لگاتے دیکھا؟ عبیداللہ نے کہا: نہیں! سوائے اس کے کہ میں نے دیکھا کہ آپ کی داڑھی مبارک اس جگہ تک یعنی گردن تک سیاہ تھی' اس سے نیچے سفید تھی' اور ذکر کیا کہ اس جگہ سے حضور ﷺ کے بال سفید تھے' آپ حضور ﷺ کے ہم شکل تھے۔

## عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَارِثِ عَنِ الْحُسَيْنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

## حضرت عبیداللہ بن حارث' حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں

2833 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا ابْنُ الْاَصْبَهَانِيِّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ حَبِيبٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحُرِّ اَنَّهُ سَاَلَ الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَعَهِدَ اِلَيْكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَسِيرِكَ هَذَا شَيْئًا؟ قَالَ: لَا

حضرت عبیداللہ بن حُر فرماتے ہیں کہ انہوں نے حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما سے پوچھا: کیا آپ سے رسول اللہ ﷺ نے اس سفر میں کسی شی کا وعدہ لیا تھا؟ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نہیں!

## الْمُطَّلِبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ الْحُسَيْنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

## حضرت مطلب بن عبداللہ' حضرت امام حسین رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں

2834 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ حَمْزَةَ، عَنْ كَثِيرِ

حضرت مطلب بن عبداللہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو گھیرا گیا تو آپ نے

بْنِ زَيْدٍ، عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: لَمَّا أُحِيطَ بِالْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: مَا اسْمُ هٰذَا الْمَوْضِعِ؟ قَالُوا: كَرْبَلَاءُ. قَالَ: صَدَقَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، هِيَ كَرْبٌ وَبَلَاءٌ

فرمایا: اس جگہ کا کیا نام ہے؟ اُنہوں نے عرض کی: کربلا! آپ نے فرمایا: اللہ اور اُس کے رسول نے سچ کہا ہے یہ کرب و بلاء ہے۔

## طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنِ الْحُسَيْنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

## حضرت طلحہ بن عبید اللہ' حضرت امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں

2835 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الصُّوفِيُّ، ثنا الْهَيْثَمُ بْنُ خَارِجَةَ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْعَطَّارُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْعَلَاءِ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: نِعْمَ الشَّيْءُ الْهَدِيَّةُ أَمَامَ الْحَاجَةِ

حضرت حسین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بہترین شی ہدیہ والی وہ ہے جو ضرورت مند کو دی جائے۔

## بِشْرُ بْنُ غَالِبٍ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ

## حضرت بشر بن غالب' حضرت امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں

2836 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ النُّعْمَانِ الْقَزَّازُ الْبَصْرِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ، قَالَا: ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ الْمُنْذِرِ، عَنْ بِشْرِ بْنِ غَالِبٍ، عَنْ حُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو کھڑے ہو کر پیتے ہوئے دیکھا ہے۔

وَسَلَّمَ يَشْرَبُ وَهُوَ قَائِمٌ

## الْبَهْزِيُّ عَنِ الْحُسَيْنِ

2837 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ صَالِحٍ الْاَزْدِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ حَمْدَانَ الْحَنَفِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ يُوسُفَ الصَّيْرَفِيُّ، قَالَا: ثنا عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَطَاءٍ، عَنِ الْبَهْزِيِّ، قَالَ: سَاَلْتُ الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ تَشَهُّدِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ: هُوَ تَشَهُّدُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . قُلْتُ: فَتَشَهُّدُ عَبْدِ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُحِبُّ اَنْ يُخَفِّفَ عَلَى اُمَّتِهِ . فَقُلْتُ: كَيْفَ تَشَهَّدَ عَلِيٌّ بِتَشَهُّدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: التَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ، وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ الْغَادِيَاتُ الرَّائِحَاتُ الزَّاكِيَاتُ الطَّاهِرَاتُ لِلّٰهِ

## حضرت بہزی، حضرت حسین رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت بہزی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما سے پوچھا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کون سی التحیات پڑھتے تھے' فرمایا: وہی جو حضور ﷺ پڑھتے تھے' میں نے کہا کہ مجھے وہ التحیات سکھاؤ جو نبی کریم ﷺ سے سیکھ کر حضرت علی رضی اللہ عنہ پڑھتے تھے۔ وہ یہ ہے: ''اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ الٰی آخره''۔



## اَبُو سَعِيدٍ التَّيْمِيُّ عَقِيصَا عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

2838 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ النُّعْمَانِ الْقَزَّازُ الْبَصْرِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ، ثنا

## حضرت ابوسعید تیمی عقیصا' حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابوسعید تیمی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما کو فرماتے ہوئے

حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ فُضَيْلِ بْنِ مَرْزُوقٍ، عَنْ اَبِى سَعِيدٍ التَّيْمِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يَقُولَانِ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَبِسَ مَشْهُورًا مِنَ الثِّيَابِ اَعْرَضَ اللّٰهُ عَنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ .

سنا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے شہرت حاصل کرنے کے لیے کپڑے پہنے' اللہ عزوجل اس سے قیامت کے دن اعراض کرے گا۔

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ النُّعْمَانِ الْقَزَّازُ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبَانَ الْوَرَّاقُ، عَنْ زِيَادِ بْنِ الْمُنْذِرِ، عَنْ اَبِى سَعِيدٍ التَّيْمِيِّ، عَنِ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

حضرت ابوسعید تیمی' حضرت امام حسن وحسین رضی اللہ عنہما' حضور ﷺ سے اس کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

## سِنَانُ بْنُ اَبِى سِنَان عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

## حضرت سنان بن ابوسنان' حضرت امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں

2839 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سِنَانِ بْنِ اَبِى سِنَانٍ اَنَّهُ سَمِعَ حُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ يُحَدِّثُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَبَّاَ لِابْنِ صَائِدٍ دُخَانًا، فَسَاَلَهُ عَمَّا خَبَّاَ لَهُ، فَقَالَ: دُخْ، فَقَالَ: اخْسَاْ فَلَنْ تَعْدُوَ قَدْرَكَ . فَلَمَّا وَلَّى، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا قَالَ؟ فَقَالَ بَعْضُهُمْ: دُخْ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: بَلْ قَالَ زُخْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدِ اخْتَلَفْتُمْ وَاَنَا بَيْنَ اَظْهُرِكُمْ، فَاَنْتُمْ بَعْدِى اَشَدُّ اخْتِلَافًا

حضرت سنان بن ابوسنان سے روایت ہے کہ اس نے حضرت امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما کو حدیث بیان کرتے ہوئے سنا کہ نبی کریم ﷺ نے ابن صائد کے لیے دھواں چھپایا۔ پس اس سے آپ نے اس بارے پوچھا' اس نے کہا: دُخ (دھواں)' آپ نے فرمایا: تھک جائے گا لیکن اپنی تقدیر سے ہرگز نہیں بھاگ سکے گا۔ پس جب وہ واپس لوٹ گیا تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: بتاؤ اس نے کیا کہا؟ بعض نے جواب دیا: دُخ کہا۔ ان سے بعض نے جواب دیا: بلکہ اس نے تو زخ کہا' تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ابھی

میرے ہوتے ہوئے اختلاف کرنے لگے ہو تو یقیناً میرے بعد اس سے زیادہ اختلاف کرو گے۔

2840 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي عُقَيْلٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سِنَانِ بْنِ اَبِي سِنَانٍ، عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا خَبَّاَ لِابْنِ صَائِدٍ دُخَانًا سَاَلَهُ عَمَّا خَبَّاَ لَهُ، فَقَالَ: دُخٌ، فَقَالَ: اخْسَاْ فَلَنْ تَعْدُوَ اَجَلَكَ. فَلَمَّا وَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ الْقَوْمُ: مَاذَا قَالَ؟ قَالَ بَعْضُهُمْ: دُخٌ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: بَلْ زُخٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هٰذَا وَاَنْتُمْ مَعِي تَخْتَلِفُونَ، فَاَنْتُمْ بَعْدِي اَشَدُّ اخْتِلَافًا

حضرت امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے جب ابن صائد کے لیے دھواں چھپایا تو سوال فرمایا: تجھ سے کون سی چیز چھپائی گئی ہے؟ اس نے جواب دیا: دُخ (دھواں)' آپ نے فرمایا: تم دوڑ دوڑ کے تھک جاؤ پھر بھی اپنی موت سے ہرگز نہیں بھاگ سکو گے۔ پس جب رسول کریم ﷺ تشریف لے گئے تو قوم ایک دوسرے سے کہنے لگی: اس نے کیا کہا؟ بعض نے کہا: اس نے دُخ کہا' بعض بولے: اس نے کہا: زُخ' رسول کریم ﷺ نے سن کر فرمایا: ابھی میں تمہارے پاس ہوں تو یہ اختلاف ہے' میرے بعد اس سے زیادہ اختلاف کرو گے۔

## عَبَايَةُ بْنُ رِفَاعَةَ عَنِ الْحُسَيْنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

## حضرت عبایہ بن رفاعہ رضی اللہ عنہ' حضرت امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں

2841 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، ثنا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنِّي جَبَانٌ، وَاِنِّي ضَعِيفٌ. قَالَ: هَلُمَّ اِلَى جِهَادٍ لَا شَوْكَةَ فِيهِ، الْحَجُّ

حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا اور عرض کی: میں بزدل اور کمزور ہوں' آپ نے فرمایا: تم ایسے جہاد کی طرف کیوں نہیں جاتے ہو جس میں کوئی تکلیف نہیں ہے' وہ حج ہے۔

# حَبِيبُ بْنُ اَبِي ثَابِتٍ عَنِ الْحُسَيْنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

2842 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ، ثنا زِيَادُ بْنُ يَحْيَى، ثنا اَبُو عَتَّابٍ الدَّلَّالُ، انا عَمْرُو بْنُ ثَابِتٍ، حَدَّثَنِي حَبِيبُ بْنُ اَبِي ثَابِتٍ، قَالَ: صَنَعَتِ امْرَاَةٌ مِنْ نِسَاءِ الْحُسَيْنِ طَعَامًا فِي بَعْضِ اَرْضِهِ، فَطَعِمَ ثُمَّ رُفِعَ الطَّعَامُ، فَجَاءَ مَوْلًى لَهُ، فَدَعَا بِالطَّعَامِ، فَقَالَ: يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ لَا اُرِيدُهُ. قَالَ: لِمَ؟ قَالَ: اَكَلْنَا قُبَيْلُ عِنْدَ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، فَقَالَ الْحُسَيْنُ: اِنَّ اَبَاهُ كَانَ سَيِّدَ قُرَيْشٍ، اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اَطْعِمُوا الطَّعَامَ، وَاَطِيبُوا الْكَلَامَ

# حضرت حبیب بن ابوثابت‘ حضرت امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں

حضرت حبیب بن ثابت فرماتے ہیں: حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی بیویوں میں سے ایک نے اپنی زمین میں کھانا تیار کیا‘ پس آپ نے کھایا‘ پھر کھانے کا دسترخوان اُٹھالیا گیا تو آپ کا غلام آیا تو آپ نے کھانا منگوایا‘ اس نے عرض کی: اے ابوعبداللہ! مجھے کھانا نہیں چاہیے! آپ نے فرمایا: کیوں؟ اس نے عرض کی: ہم نے ابھی تھوڑی دیر پہلے عبیداللہ بن عباس کے پاس کھایا ہے‘ تو حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بے شک اس کا باپ قریش کا سردار ہے‘ بے شک رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اے عبدالمطلب کے بیٹو! لوگوں کو کھانا کھلاؤ اور اچھی کلام کرو۔

# اَبُو حَازِمٍ الْاَشْجَعِيُّ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

2843 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنَا الثَّوْرِيُّ، عَنْ سَالِمٍ، يَعْنِي ابْنَ اَبِي حَفْصَةَ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، قَالَ: شَهِدْتُ حُسَيْنًا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حِينَ مَاتَ الْحَسَنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَهُوَ يَدْفَعُ فِي قَفَا سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ، وَهُوَ يَقُولُ:

# حضرت ابوحازم اشجعی‘ حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں کہ میں حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے پاس تھا جس وقت حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا‘ آپ سعید بن العاص کو آگے لا رہے تھے‘ آپ فرما رہے تھے: آگے بڑھو! پس کیوں نہیں‘ یہی سنت ہے۔ شیبہ فرماتے ہیں: میں نے

تَقَدَّمْ، فَلَوْلَا اَنَّهَا السُّنَّةُ - يَقُولُ الشَّيْبَةُ- مَا قَدَّمْتُكَ . وَسَعِيدٌ اَمِيرٌ عَلَى الْمَدِينَةِ يَوْمَئِذٍ

تجھے آگے نہیں کیا۔ سعید بن عاص ان دنوں مدینہ کے امیر تھے۔

**2844** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَسْرُوقِيُّ، ثنا حُسَيْنٌ الْجُعْفِيُّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي حَفْصَةَ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، قَالَ: رَاَيْتُ الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَدَّمَ سَعِيدَ بْنَ الْعَاصِ فِي جِنَازَةِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما کو دیکھا کہ آپ نے حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کے جنازہ میں حضرت سعید بن عاص کو آگے کیا۔

## بَابُ مَنِ اسْمُهُ حَمْزَةُ

## یہ باب ہے جس کا نام حمزہ ہے

حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ عَمُّ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاُمُّ حَمْزَةَ هَالَةُ بِنْتُ اُهَيْبِ بْنِ عَبْدِ مَنَافِ بْنِ زُهْرَةَ، شَهِدَ بَدْرًا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَيُكَنَّى اَبَا عُمَارَةَ، وَيُقَالُ: اَبُو يَعْلَى

سیّد الشہداء حضرت سیّدنا حمزہ بن عبدالمطلب بن عبدمناف رضی اللہ عنہم' رسول اللہ ﷺ کے چچا جان' حضرت حمزہ کی والدہ ہالہ بنت اہیب بن عبدمناف بن زہرہ ہیں' آپ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ بدر میں شریک ہوئے' آپ کی کنیت ابوعمارہ ہے' آپ کو ابویعلیٰ بھی کہا جاتا ہے۔

**2845** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ حَمْدَانَ الْحَنَفِيُّ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ الْجَوَارِبِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عِمْرَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ الْمَخْرَمِيِّ، عَنْ اَبِي عَوْنٍ مَوْلَى الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، عَنْ اَبِي عَبَّاسٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: تَزَوَّجَ عَبْدُ الْمُطَّلِبِ هَالَةَ بِنْتَ اُهَيْبِ بْنِ عَبْدِ مَنَافِ بْنِ زُهْرَةَ، فَوَلَدَتْ لَهُ حَمْزَةَ وَصَفِيَّةَ

حضرت ابوعباس اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبدالمطلب رضی اللہ عنہ نے حضرت ہالہ بنت اہیب بن عبدمناف بن زہرہ سے شادی کی' آپ کے ہاں حضرت حمزہ اور حضرت صفیہ رضی اللہ عنہما کی ولادت ہوئی۔

**2846** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ جو رسول اللہ ﷺ کے ساتھ بدر میں شریک ہوئے' ان کے ناموں میں

الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ

سے حضرت حمزہ بن عبدالمطلب کا نام بھی ہے۔

**2847** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْفَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيِّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ جو رسول اللہ ﷺ کے ساتھ بدر میں شریک ہوئے' ان کے ناموں میں سے حضرت حمزہ بن عبدالمطلب کا نام بھی ہے۔

**2848** - حَدَّثَنِي الْعَبَّاسُ بْنُ حَمْدَانَ الْحَنَفِيُّ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ الْجَوَارِبِيُّ الْوَاسِطِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عِمْرَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ الْمَخْرَمِيِّ، عَنْ اَبِي عَوْنٍ مَوْلَى الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، عَنِ الْمِسْوَرِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ الْمُطَّلِبِ: خَرَجْتُ اِلَى الْيَمَنِ فِي اِحْدَى رِحْلَتَيِ الْاِيلَافِ، فَنَزَلْتُ عَلَى رَجُلٍ مِنَ الْيَهُودِ، فَرَآنِي رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ الدُّيُورِ، فَنَسَبَنِي فَانْتَسَبْتُ لَهُ، فَقَالَ: اَتَاذَنُ لِي اَنْ اَنْظُرَ اِلَى بَعْضِكَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، مَا لَمْ تَكُنْ عَوْرَةً، فَفَتَحَ اِحْدَى مَنْخَرَيَّ فَنَظَرَ، ثُمَّ نَظَرَ فِي الْآخَرِ، فَقَالَ: اَشْهَدُ اَنَّ فِي اِحْدَى يَدَيْكَ مُلْكًا، وَفِي الْاُخْرَى نُبُوَّةً، وَاِنَّا لَنَجِدُ ذٰلِكَ فِي بَنِي زُهْرَةَ، فَكَيْفَ ذٰلِكَ؟ قُلْتُ: لَا اَدْرِي. قَالَ: هَلْ لَكَ مِنْ شَاعَةٍ؟ قُلْتُ: وَمَا الشَّاعَةُ؟ قَالَ: زَوْجَةٌ. قُلْتُ: اَمَّا

حضرت ابن عباس اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبدالمطلب نے فرمایا: میں یمن کی طرف نکلا' ایلاف کی سواریوں میں سے کسی سواری پر' میں ایک یہودی آدمی کے پاس اُترا' دیور والوں میں سے ایک آدمی نے مجھے دیکھا' اس نے میری نسبت لی' میں نے اُس کی نسبت لی۔ اُس نے کہا: آپ مجھے اجازت دیں گے کہ میں آپ کا کوئی حصہ (جسم کا) دیکھوں؟ میں نے کہا: ہاں! لیکن شرمگاہ نہیں۔ اُس نے میری ایک پنڈلی سے کپڑا اُٹھایا اور اُسے دیکھا' پھر دوسری کو دیکھا' اُس نے کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ کے ایک ہاتھ میں بادشاہی ہے اور دوسرے میں نبوت اور ہم یہ بنی زہرہ میں پاتے ہیں۔ اُس نے کہا: یہ کیسے ہوگا؟ میں نے کہا: میں نہیں جانتا ہوں' اُس نے کہا: آپ کیلئے شاعہ ہیں؟ میں نے کہا: شاعہ سے مراد کیا ہے؟ اس نے کہا: بیوی! میں نے کہا: ابھی نہیں۔ اُس نے کہا: جب آپ واپس

الْيَوْمَ فَلَا. قَالَ: فَإِذَا رَجَعْتَ فَتَزَوَّجْ فِي بَنِي زُهْرَةَ. فَرَجَعَ عَبْدُ الْمُطَّلِبِ، فَتَزَوَّجَ هَالَةَ بِنْتَ وُهَيْبِ بْنِ عَبْدِ مَنَافِ بْنِ زُهْرَةَ، فَوَلَدَتْ لَهُ حَمْزَةَ وَصَفِيَّةَ، وَزَوَّجَ عَبْدَ اللّٰهِ ابْنَهُ آمِنَةَ بِنْتَ وَهْبٍ، فَقَالَتْ قُرَيْشٌ: نَتَجَ عَبْدُ الْمُطَّلِبِ عَلَى ابْنِهِ، فَوَلَدَتْ لَهُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَانَ حَمْزَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَخَا رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الرَّضَاعَةِ، أَرْضَعَتْهُمَا ثُوَيْبَةُ مَوْلَاةُ أَبِي لَهَبٍ، وَكَانَ أَسَنَّ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

جائیں گے تو آپ نے بنی زہرہ میں شادی کرنی ہے۔ حضرت عبدالمطلب واپس آئے' حضرت ھالہ بنت وھیب بن عبدمناف بن زہرہ سے شادی کی' ان کے ہاں حضرت حمزہ اور حضرت جعفر کی ولادت ہوئی۔ حضرت سیّدنا ومولانا حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے (سیّدہ طیبہ طاہرہ' عابدہ' زاہدہ' عفیفہ' مخدومہ' کائنات) آمنہ بنت وہب سے شادی کی۔ قریش نے کہا: عبدالمطلب نے اپنے بیٹے کے لیے ایک انتخاب کیا ہے' آپ کے ہاں حضرت جانِ کائنات' سرورِ عالم' نورِ مجسم' حضور پُرنور ﷺ کی ولادت ہوئی۔ حضرت حمزہ' رسول اللہ ﷺ کے رضاعی بھائی ہیں' دونوں نے حضرت ثویبہ' ابولہب کی لونڈی کا دودھ پیا ہے' آپ رسول اللہ ﷺ سے عمر میں بڑے تھے۔

**2849** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قُلْتُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا أَدُلُّكَ عَلَى أَحْسَنِ فَتَاةٍ قُرَيْشٍ؟ قَالَ: مَنْ هِيَ؟ قَالَ: بِنْتُ حَمْزَةَ. قَالَ: إِنَّهَا ابْنَةُ أَخِي مِنَ الرَّضَاعَةِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ سے عرض کی: آپ کو قریش کی سب سے زیادہ خوبصورت لڑکی کے متعلق نہ بتاؤں؟ آپ نے فرمایا: وہ کون ہے؟ میں نے عرض کی: حضرت حمزہ کی بیٹی! آپ نے فرمایا: وہ میرے رضاعی بھائی کی بیٹی ہے۔

**2850** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، وَيُوسُفُ الْقَاضِي، قَالَا: ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، قَالَ: قَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ هَلْ لَكَ فِي بِنْتِ عَمِّكَ أَجْمَلِ فَتَاةٍ فِي قُرَيْشٍ؟ قَالَ: أَمَا عَلِمْتَ أَنَّ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ سے عرض کی: آپ کو قریش کی سب سے زیادہ خوبصورت لڑکی کے متعلق نہ بتاؤں؟ آپ نے فرمایا: وہ کون ہے؟ میں نے عرض کی: حضرت حمزہ کی بیٹی! آپ نے فرمایا: وہ میرے رضاعی بھائی کی بیٹی

حَمْزَةَ اَخِی مِنَ الرَّضَاعَةِ؟

ہے۔

**2851** - حَدَّثَنَا یُوسُفُ الْقَاضِی، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، اَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِی عَوْنٍ، عَنْ اَبِی صَالِحٍ الْحَنَفِیِّ، عَنْ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: ذَكَرْتُ بِنْتَ حَمْزَةَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَتَزَوَّجَها، فَقَالَ: هِیَ ابْنَةُ اَخِی مِنَ الرَّضَاعَةِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے ہاں حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی بیٹی کا ذکر کیا گیا کہ آپ ان سے شادی کر لیں' آپ ﷺ نے فرمایا: وہ میرے رضاعی بھائی کی بیٹی ہے۔

**2852** - حَدَّثَنَا یُوسُفُ الْقَاضِی، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی بَكْرٍ الْمُقَدَّمِیُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِیٍّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ اَبِی عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِیِّ، عَنْ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَالِی اَرَاكَ تَتُوقُ فِی قُرَيْشٍ وَتَدَعُنَا؟ قَالَ: عِنْدَكَ شَیْءٌ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، بِنْتُ حَمْزَةَ. قَالَ: اِنَّهَا ابْنَةُ اَخِی مِنَ الرَّضَاعَةِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے کیا ہے کہ میں آپ کو دیکھتا ہوں کہ آپ قریش کے متعلق بتاتے ہیں اور ہمیں چھوڑتے ہیں' آپ نے فرمایا: تمہارے پاس کوئی شی ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! حضرت حمزہ کی بیٹی! آپ نے فرمایا: وہ میرے رضاعی بھائی کی بیٹی ہے۔

**2853** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُرِيدَ عَلَى بِنْتِ حَمْزَةَ، فَقَالَ: اِنَّهَا لَا تَحِلُّ لِی؛ اِنَّهَا ابْنَةُ اَخِی مِنَ الرَّضَاعَةِ، وَيَحْرُمُ مِنَ الرَّضَاعَةِ مَا يَحْرُمُ مِنَ النَّسَبِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں حضرت حمزہ کی بیٹی سے نکاح کرنا چاہتا ہوں لیکن وہ میرے لیے حلال نہیں ہے کیونکہ وہ میرے رضاعی بھائی کی بیٹی ہے' جو نسب سے حرام ہوتا ہے وہی رضاعت سے حرام ہوتا ہے۔

**2854** - حَدَّثَنَا یُوسُفُ الْقَاضِی، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُرِيدَ عَلَى بِنْتِ حَمْزَةَ، فَقَالَ:

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں حضرت حمزہ کی بیٹی سے نکاح کرنا چاہتا ہوں لیکن وہ میرے لیے حلال نہیں ہے کیونکہ وہ میرے رضاعی بھائی کی بیٹی ہے' جو نسب سے

باب من اسمه حمزة

---

**2853**- أخرجه مسلم في صحيحه جلد2 صفحه 1071 رقم الحديث: 1447 عن قتادة عن جابر بن زيد عن ابن عباس به .

إِنَّهَا بِنْتُ أَخِي مِنَ الرَّضَاعَةِ، وَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يُحَرِّمُ مِنَ الرَّضَاعِ مَا يُحَرِّمُ مِنَ النَّسَبِ

حرام ہوتا ہے وہی رضاعت سے حرام ہوتا ہے۔

**2855** - حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْخَفَّافُ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي مَخْرَمَةُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مُسْلِمٍ يَقُولُ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ مُسْلِمٍ يَقُولُ: سَمِعْتُ حُمَيْدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ يَقُولُ: سَمِعْتُ أُمَّ سَلَمَةَ تَقُولُ: قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَيْنَ أَنْتَ مِنْ بِنْتِ حَمْزَةَ؟ أَوْ قِيلَ: أَلَا تَخْطُبُ بِنْتَ حَمْزَةَ؟ قَالَ: حَمْزَةُ أَخِي مِنَ الرَّضَاعَةِ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ عرض کی گئی: یارسول اللہ! آپ حمزہ کی بیٹی کو نکاح کا پیغام کیوں نہیں بھیجتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: حمزہ میرا رضاعی بھائی ہے۔

**2856** - حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْخَفَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ اللَّيْثِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ كَعْبٍ الْقُرَظِيَّ يَقُولُ: كَانَ إِسْلَامُ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رَحِمَهُ اللّٰهُ حَمِيَّةً، وَكَانَ رَجُلًا رَامِيًا، وَكَانَ يَخْرُجُ مِنَ الْحَرَمِ فَيَصْطَادُ، فَإِذَا رَجَعَ مَرَّ بِمَجْلِسِ قُرَيْشٍ، وَكَانُوا يَجْلِسُونَ عِنْدَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، فَيَمُرُّ بِهِمْ فَيَقُولُ: رَمَيْتُ كَذَا، وَصَنَعْتُ كَذَا وَكَذَا، ثُمَّ يَنْطَلِقُ إِلَى مَنْزِلِهِ، وَأَقْبَلَ مِنْ رَمْيِهِ ذَاتَ يَوْمٍ، فَلَقِيَتْهُ امْرَأَةٌ، فَقَالَتْ: يَا أَبَا عُمَارَةَ، مَاذَا لَقِيَ ابْنُ أَخِيكَ مِنْ أَبِي جَهْلِ بْنِ هِشَامٍ؟ وَتَنَاوَلَهُ وَفَعَلَ بِهِ وَفَعَلَ. فَقَالَ: هَلْ رَآهُ أَحَدٌ؟ قَالَتْ: إِي

حضرت محمد بن کعب قرظی فرماتے ہیں کہ حضرت حمزہ بن عبدالمطلب کا اسلام لانا حمیت و غیرت کی بنیاد پر تھا اور آپ تیرانداز آدمی تھے آپ شکار کرنے کے لیے حرم سے نکلے جب واپس آئے تو قریش کے پاس سے گزرے وہ صفا و مروہ کے پاس بیٹھے تھے آپ ان کے پاس سے گزرے تو آپ نے فرمایا: میں نے ایسے تیراندازی کی میں نے ایسے ایسے کیا پھر اپنے گھر آئے اپنے تیر کی طرف متوجہ ہوئے ایک عورت آپ کو ملی اُس نے کہا: اے ابوعمارہ! کیا بدر میں آپ کے بھائی کے بیٹے سے کیا سلوک ہوا ابوجہل بن ہشام کی طرف سے ابوجہل نے پکڑا ایسے ایسے کیا ہے؟ حضرت حمزہ نے فرمایا: کیا کسی نے دیکھا؟ اُس عورت نے کہا: بہت

باب من اسمه حمزة

---

**2855**- أخرجه مسلم في صحيحه جلد2 صفحه 1071 رقم الحديث: **1448** عن محمد بن مسلم عن حميد بن عبد الرحمن عن أم سلمة به .

وَاللّٰهِ لَقَدْ رَآهُ نَاسٌ . فَاَقْبَلَ حَتّٰى انْتَهٰى اِلٰى ذٰلِكَ الْمَجْلِسِ عِنْدَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، فَاِذَا هُمْ جُلُوسٌ وَاَبُو جَهْلٍ فِيهِمْ، فَاتَّكَاَ عَلٰى قَوْسِهِ، فَقَالَ: رَمَيْتُ كَذَا وَفَعَلْتُ كَذَا ، ثُمَّ جَمَعَ يَدَهُ بِالْقَوْسِ، فَضَرَبَ بِهَا بَيْنَ اُذُنَيْ اَبِي جَهْلٍ، فَدَقَّ سِيَتَهَا، ثُمَّ قَالَ: خُذْهَا بِالْقَوْسِ، وَاُخْرٰى بِالسَّيْفِ، اَشْهَدُ اَنَّهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَنَّهُ جَاءَ بِالْحَقِّ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ . قَالُوا: يَا اَبَا عُمَارَةَ، اِنَّهُ سَبَّ آلِهَتَنَا، وَلَوْ كُنْتَ اَنْتَ، وَاَنْتَ اَفْضَلُ مِنْهُ، مَا اَقْرَرْنَاكَ وَذَاكَ، وَمَا كُنْتَ يَا اَبَا عُمَارَةَ فَاحِشًا

زیادہ لوگوں نے دیکھا ہے' آپ مجلس میں صفا و مروہ کے پاس واپس آئے' وہاں ان میں ابوجہل بیٹھا ہوا تھا' اپنی کمان پر ٹیک لگائی ہوئی تھی' فرمایا: میں نے ایسے تیراندازی کی ہے' میں نے ایسے ایسے کیا ہے۔ پھر اپنے ہاتھ سے کمان پکڑی' وہ ابوجہل کے دونوں کانوں کے درمیان ماری تو ابوجہل سرین کے بل گرا' پھر فرمایا: اس کو کمان کے ساتھ پکڑ' دوسری تلوار پکڑی' میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ سے رسول اللہ ﷺ حق لے کر آئے ہیں' اُنہوں نے کہا: اے ابوعمار! وہ ہمارے خداؤں کو گالی دیتا ہے' اگر تو ہوش میں ہے اور تُو اس سے افضل ہے' ہم تیرا اور اس کا اقرار نہیں کرتے ہیں' اے ابوعمار! تو کیا غلطی کر رہا ہے۔

**2857** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ يَعْقُوبَ الْجُوزَجَانِيُّ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ عَقِيلٍ، ثنا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ الْاَخْنَسِ بْنِ شَرِيقٍ حَلِيفِ بَنِي زُهْرَةَ اَنَّ اَبَا جَهْلٍ اعْتَرَضَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالصَّفَا فَآذَاهُ، وَكَانَ حَمْزَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ صَاحِبَ قَنْصٍ وَصَيْدٍ، وَكَانَ يَوْمَئِذٍ فِي قَنْصِهِ، فَلَمَّا رَجَعَ قَالَتْ لَهُ امْرَاَتُهُ، وَكَانَتْ قَدْ رَاَتْ مَا صَنَعَ اَبُو جَهْلٍ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا اَبَا عُمَارَةَ، لَوْ رَاَيْتَ مَا صَنَعَ - تَعْنِي اَبَا جَهْلٍ - بِابْنِ اَخِيكَ؟ فَغَضِبَ حَمْزَةُ، وَمَضَى كَمَا هُوَ قَبْلَ اَنْ يَدْخُلَ بَيْتَهُ، وَهُوَ

حضرت یعقوب بن عتبہ بن مغیرہ بن اخنس بن شریق بنی زہرہ کے حلیف سے روایت ہے کہ ابوجہل صفا کے مقام پر رسول اللہ ﷺ کے آگے ہوا' آپ کو تکلیف دی' حضرت حمزہ طاقت ور شکار کرنے والے تھے' اس دن آپ شکار کر رہے تھے' جب واپس آئے تو آپ کی بیوی نے کہا: اے ابوعمار! آپ نے دیکھا کہ ابوجہل نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ کیا کیا ہے؟ اگر آپ دیکھتے تو ابوجہل کو کیا کہتے؟ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو غصہ آیا' واپس آئے اپنے گھرانے سے ملے' تلوار اپنی گردن میں لٹکائی ہوئی تھی' مسجد میں داخل ہوئے' ابوجہل کو قریش کی مجلس میں پایا' بغیر گفتگو کیے اس کے سر پر کمان ماری' اس کو زخمی کیا۔ قریش میں سے کچھ لوگ

مُعَلِّقٌ قَوْسَهُ فِي عُنُقِهِ حَتَّى دَخَلَ الْمَسْجِدَ، فَوَجَدَ اَبَا جَهْلٍ فِي مَجْلِسٍ مِنْ مَجَالِسِ قُرَيْشٍ، فَلَمْ يُكَلِّمْهُ حَتَّى عَلَا رَأْسَهُ بِقَوْسِهِ فَشَجَّهُ، فَقَامَ رِجَالٌ مِنْ قُرَيْشٍ اِلَى حَمْزَةَ يُمْسِكُونَهُ عَنْهُ، فَقَالَ حَمْزَةُ: دِينِي دِينُ مُحَمَّدٍ، اَشْهَدُ اَنَّهُ رَسُولُ اللّٰهِ، فَوَاللّٰهِ لَا اَنْثَنِي عَنْ ذٰلِكَ، فَامْنَعُونِي مِنْ ذٰلِكَ اِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ . فَلَمَّا اَسْلَمَ حَمْزَةُ عَزَّ بِهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْمُسْلِمُونَ، وَثَبَتَ لَهُمْ بَعْضُ اَمْرِهِمْ وهَابَتْهُ قُرَيْشٌ، وَعَلِمُوا اَنَّ حَمْزَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ سَيَمْنَعُهُ

حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو روکنے کے لیے اُٹھے' حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرا دین' دینِ محمد ہے' میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں' اللہ کی قسم! میں پیچھے نہیں ہٹوں گا' مجھے روکو اگر تم سچے ہو۔ جب حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ اسلام لائے تو آپ کے اسلام لانے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور مسلمانوں کو اور عزت مل گئی' ان کے لیے بعض کام مقرر کیے۔ قریش ڈر گئے اور جان لیا کہ حضرت حمزہ اس کو روکیں گے۔

## وَآخَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ حَمْزَةَ وَبَيْنَ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت حمزہ اور زید بن حارثہ کے درمیان بھائی چارہ قائم کیا

**2858** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ اَنَّ زَيْدَ بْنَ حَارِثَةَ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، آخَيْتَ بَيْنِي وَبَيْنَ حَمْزَةَ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے میرے اور حضرت حمزہ کے درمیان بھائی چارہ قائم کیا۔

**2859** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي غَنِيَّةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ اَصْحَابِ عَلِيٍّ، عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: آخَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت حمزہ بن عبدالمطلب اور زید بن حارثہ کے درمیان بھائی چارہ قائم کیا۔ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو اُحد کے دن شہید کیا گیا۔

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَبَيْنَ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ، وَاسْتُشْهِدَ حَمْزَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَوْمَ أُحُدٍ

**2860** - حَدَّثَنَا أَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، قَالَ: وَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ حِينَ صَلَّى الْجُمُعَةَ، فَأَصْبَحَ بِالشِّعْبِ مِنْ أُحُدٍ، فَالْتَقَوْا يَوْمَ السَّبْتِ فِي النِّصْفِ مِنْ شَوَّالٍ سَنَةَ ثَلَاثٍ

حضرت محمد بن اسحاق فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جمعہ کے دن جمعہ کی نماز پڑھا کر نکلے' صبح اُحد کے پہاڑ پر کی' 15 شوال کو ہفتہ کے دن۔

**2861** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، قَالَ: كَانَتْ أُحُدٌ فِي شَوَّالٍ سَنَةَ ثَلَاثٍ

حضرت محمد بن اسحاق فرماتے ہیں کہ جنگ شوال 3 ہجری کو ہوئی۔

**2862** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثنا ابْنُ نُمَيْرٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ مِنَ الْمُسْلِمِينَ يَوْمَ أُحُدٍ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ: حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ

حضرت محمد بن اسحاق فرماتے ہیں کہ اُحد کے دن مہاجرین مسلمانوں میں سے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا تھا۔

**2863** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا هَارُونُ بْنُ إِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ أَبِي حَمَّادٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: لَمَّا جَرَّدَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَمْزَةَ بَكَى، فَلَمَّا رَأَى مُثَالَهُ شَهَقَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ نے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ سے چادر اُٹھائی تو رو پڑے جب آپ کو حالتِ مثلہ میں دیکھا' آپ کی ہچکی بندھ گئی۔

**2864** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت سعید بن جبیر فرماتے ہیں کہ حضرت حمزہ

الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مَنْصُورُ بْنُ اَبِي مُزَاحِمٍ، ثنا اَبُو سَعِيدٍ الْمُؤَدِّبُ، عَنْ سَالِمِ الْاَفْطَسِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: اُصِيبَ حَمْزَةُ يَوْمَ اُحُدٍ

رضی اللہ عنہ کو اُحد کے دن شہید کیا گیا۔

**2865** - حَدَّثَنَا الْحَضْرَمِيُّ، ثنا ابْنُ نُمَيْرٍ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: اُصِيبَ حَمْزَةُ يَوْمَ اُحُدٍ

حضرت سعید بن جبیر فرماتے ہیں کہ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو اُحد کے دن شہید کیا گیا۔

**2866** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي زِيَادٍ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: لَمَّا قُتِلَ حَمْزَةُ يَوْمَ اُحُدٍ اَقْبَلَتْ صَفِيَّةُ تَطْلُبُهُ لَا تَدْرِي مَا صَنَعَ، فَلَقِيَتْ عَلِيًّا وَالزُّبَيْرَ، فَقَالَ عَلِيٌّ لِلزُّبَيْرِ: اذْكُرْ لِاُمِّكَ. وَقَالَ الزُّبَيْرُ لِعَلِيٍّ: اذْكُرْ اَنْتَ لِعَمَّتِكَ. فَقَالَتْ: مَا فَعَلَ حَمْزَةُ؟ فَاَرَيَاهَا اَنَّهُمَا لَا يَدْرِيَانِ، فَجَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنِّي اَخَافُ عَلَى عَقْلِهَا. فَوَضَعَ يَدَهُ عَلَى صَدْرِهَا، وَدَعَا لَهَا، فَاسْتَرْجَعَتْ وَبَكَتْ، ثُمَّ جَاءَ فَقَامَ عَلَيْهِ وَقَدْ مُثِّلَ بِهِ، فَقَالَ: لَوْلَا جَزَعُ النِّسَاءِ لَتَرَكْتُهُ حَتَّى يُحْشَرَ مِنْ حَوَاصِلِ الطَّيْرِ وَبُطُونِ السِّبَاعِ . ثُمَّ اَمَرَ بِالْقَتْلَى، فَجَعَلَ يُصَلِّي عَلَيْهِمْ، فَيَضَعُ تِسْعَةً وَحَمْزَةَ، فَيُكَبِّرُ عَلَيْهِمْ سَبْعَ تَكْبِيرَاتٍ، ثُمَّ يُرْفَعُونَ وَيُتْرَكُ حَمْزَةُ، ثُمَّ دَعَا بِتِسْعَةٍ، فَكَبَّرَ عَلَيْهِمْ سَبْعَ تَكْبِيرَاتٍ، حَتَّى فَرَغَ مِنْهُمْ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جب حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو اُحد کے دن شہید کیا گیا تو حضرت صفیہ آپ کو تلاش کرنے لگیں' آپ کو معلوم ہے کیا کیا ہے؟ میں حضرت علی اور حضرت زبیر سے ملا' حضرت علی نے حضرت زبیر سے کہا: اپنی والدہ کو بتائیں! حضرت زبیر نے حضرت علی سے کہا: آپ بتائیں! آپ کی پھوپھی ہیں۔ حضرت صفیہ نے فرمایا: حمزہ کو کیا کیا ہے؟ دونوں نے ظاہر کیا کہ وہ دونوں نہیں جانتے' حضور ﷺ تشریف لائے' آپ نے فرمایا: میں خوف کرتا ہوں کہ اس کی عقل نہ چلی جائے' آپ نے اپنا دست مبارک حضرت صفیہ کے سینہ پر رکھا' آپ کے لیے دعا کی۔ حضرت صفیہ نے انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھا اور رو پڑیں' پھر آپ حضرت حمزہ کے پاس کھڑے ہوئے' آپ کو مثلہ کیا گیا تھا' آپ نے فرمایا: اگر مجھے عورتوں کے رونے کا خوف نہ ہوتا تو میں ان کو چھوڑ دیتا یہاں تک کہ یہ پرندوں کے پیٹوں اور درندوں کے پیٹوں میں سے قیامت کے دن اُٹھتے پھر آپ نے شہیدوں کے متعلق حکم دیا' آپ نے ان کی نمازِ جنازہ

پڑھائی اور نوشہیدوں اور حضرت حمزہ کا جنازہ رکھا' پھر ان کی نمازِ جنازہ کی سات تکبیریں پڑھیں' پھر جنازہ اُٹھایا گیا' حضرت حمزہ کا جنازہ رکھا رہا' پھر آپ نے نو اور جنازے منگوائے پھر ان کے جنازہ میں سات تکبیریں پڑھیں' یہاں تک کہ جنازہ پڑھ کر فارغ ہو گئے۔

**2867** - حَدَّثَنَا الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ مِهْرَانَ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي زِيَادٍ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي عَلَى شُهَدَاءِ اُحُدٍ تِسْعَةً وَحَمْزَةُ عَاشِرُهُمْ، حَتّٰى فَرَغَ مِنْهُمْ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے شہداءِ اُحد کے نو اور حضرت حمزہ دس افراد کا جنازہ پڑھایا۔

**2868** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ خِدَاشٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَا: ثنا صَالِحٌ الْمُرِّيُّ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ اُحُدٍ نَظَرَ اِلَى حَمْزَةَ وَقَدْ قُتِلَ وَمُثِّلَ بِهِ، فَرَاَى مَنْظَرًا لَمْ يَرَ مَنْظَرًا قَطُّ اَوْجَعَ لِقَلْبِهِ مِنْهُ وَلَا اَوْجَلَ، فَقَالَ: رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْكَ، فَقَدْ كُنْتَ وَصُولًا لِلرَّحِمِ، فَعُولًا لِلْخَيْرَاتِ، وَلَوْلَا حُزْنُ مَنْ بَعْدَكَ عَلَيْكَ لَسَرَّنِي اَنْ اَدَعَكَ حَتّٰى تَجِيءَ مِنْ اَفْوَاجٍ شَتّٰى. ثُمَّ حَلَفَ وَهُوَ وَاقِفٌ مَكَانَهُ: وَاللّٰهِ لَاُمَثِّلَنَّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اُحد کے دن حضرت حمزہ کو دیکھا' آپ کو شہید کیا گیا اور مثلہ کیا گیا' آپ نے ایسا منظر دیکھا کہ ایسا منظر دل کو ڈرانے والا اور پریشان کرنے والا کبھی نہیں دیکھا' آپ نے فرمایا: آپ پر اللہ کی رحمت ہو! آپ صلہ رحمی کرنے والے' خیرات کرنے والے تھے' اگر مجھے آپ کے بعد غم نہ ہوا' میں چاہتا ہوں کہ آپ کو پڑا رہنے دیتا یہاں تک کہ مختلف قسم کے گروہوں سے قیامت کو آپ آتے' پھر آپ نے اس جگہ سے پاؤں نہ ہٹایا کہ اللہ کی قسم! آپ کو ستّر جگہ سے مثلہ کیا گیا تھا' قرآن اُترنے لگا' آپ اس جگہ کھڑے

**2868**- اخرجه الحاكم في مستدركه جلد3 صفحه 218 رقم الحديث: 4894 عن سليمان التيمي عن ابي عثمان النهدي عن ابي هريرة به .

بِسَبْعِينَ مِنْهُمْ مَكَانَكَ . فَنَزَلَ الْقُرْآنُ وَهُوَ وَاقِفٌ فِي مَكَانِهِ لَمْ يَبْرَحْ بَعْدُ: (وَإِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوا بِمِثْلِ مَا عُوقِبْتُمْ بِهِ وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِلصَّابِرِينَ) (النحل: 126 ) حَتَّى تُخْتَمَ السُّورَةُ، فَكَفَّرَ رَسُولُ اللّهِ صَلَّى اللّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَمْسَكَ عَمَّا أَرَادَ

ہو گئے' اس کے بعد آگے نہیں ہوئے'' اگر تم نے بدلہ لینا ہے تو اتنا ہی لو جتنا اُنہوں نے کیا' اگر تم صبر کرو تو صبر کرنے والوں کے لیے بھلائی ہے'' مکمل سورت تک۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خاموش ہو گئے اور رُک گئے' اس سے جو آپ نے ارادہ کیا تھا۔

## واخي رسول الله ﷺ بين حمزة وبين زيد بن حارثة

**2869** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَحْمَدَ الْجَرْمِيُّ، ثنا أَبُو تُمَيْلَةَ، ثنا عِيسَى بْنُ عُبَيْدٍ الْكِنْدِيُّ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ أَنَسٍ، حَدَّثَنِي أَبُو الْعَالِيَةِ، عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ رَحِمَهُ اللّهُ قَالَ: أُصِيبَ يَوْمَ أُحُدٍ مِنَ الْأَنْصَارِ أَرْبَعَةٌ وَسِتُّونَ، وَأُصِيبَ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ سِتَّةٌ فِيهِمْ حَمْزَةُ رَضِيَ اللّهُ عَنْهُ، فَمَثَّلُوا بِقَتْلَاهُمْ، فَقَالَتِ الْأَنْصَارُ: لَئِنْ أَصَبْنَا مِنْهُمْ يَوْمًا مِنَ الدَّهْرِ لَنُرْبِيَنَّ عَلَيْهِمْ . فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ فَتْحِ مَكَّةَ نَادَى رَجُلٌ لَا يُعْرَفُ يَقُولُ: لَا قُرَيْشَ بَعْدَ الْيَوْمِ، وَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَى نَبِيِّهِ صَلَّى اللّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (وَإِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوا بِمِثْلِ مَا عُوقِبْتُمْ بِهِ وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِلصَّابِرِينَ) (النحل: 126) ، فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُفُّوا عَنِ الْقَوْمِ

حضرت اُبی بن کعب فرماتے ہیں کہ انصار اُحد کے دن شہید کیے گئے جو مہاجرین تھے اُن میں حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ بھی' ان شہداء کا مثلہ کیا گیا' انصار نے کہا: اگر ہم نے ان پر کوئی قابو پایا تو ہم دیکھیں گے جب مکہ فتح ہوا' ایک آدمی نے اعلان کیا اس کا نام معلوم نہیں' اس نے کہا: آج کے بعد قریش نہیں' اللہ عزوجل نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر یہ آیت نازل فرمائی: ''اِنْ عَاقَبْتُمْ الی آخرہ '' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: لوگوں سے ہاتھ روکو!

**2870** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، ثنا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ، عَنْ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اُحد کے بعد حضرت حمزہ کے پاس سے گزرے اُنہیں مثلہ کیا گیا تھا' آپ نے فرمایا: اگر مجھے

---

2870- أخرجه الترمذي في سننه جلد3 صفحه335 رقم الحديث: 1016' وذكر نحوه أبو داؤد في سننه جلد 3 صفحه195 رقم الحديث: 3136' ذكره أحمد في مسنده جلد 3 صفحه128 رقم الحديث: 12322 كلهم عن أسامة بن زيد عن الزهري عن أنس به .

اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلَى حَمْزَةَ بَعْدَ اُحُدٍ وَقَدْ مُثِّلَ بِهِ، فَقَالَ: لَوْلَا اَنْ تَجِدَ صَفِيَّةُ فِي نَفْسِهَا لَتَرَكْتُهُ حَتَّى تَاْكُلَهُ الْعَافِيَةُ حَتَّى يُحْشَرَ مِنْ بُطُونِهَا . ثُمَّ دَعَا بِنَمِرَةٍ، فَكَانَتْ اِذَا مُدَّتْ عَلَى رَاْسِهِ بَدَتْ رِجْلَاهُ، وَاِذَا مُدَّتْ عَلَى رِجْلَيْهِ الثِّيَابُ بَدَا رَاْسُهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مُدُّوهَا عَلَى رَاْسِهِ . وَقَلَّتِ الثِّيَابُ وَكَثُرَتِ الْقَتْلَى، وَكَانَ الرَّجُلُ وَالرَّجُلَانِ وَالثَّلَاثَةُ يُكَفَّنُونَ فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ، وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْاَلُ اَيُّهُمْ اَكْثَرُ قُرْآنًا فَيُقَدِّمُهُ اِلَى الْقِبْلَةِ، فَدُفِنُوا وَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِمْ

یہ خوف نہ ہوتا کہ صفیہ اپنے دل میں کوئی بات پائے گی تو میں ان کو چھوڑ دیتا یہاں کہ پرندے کھا کر اپنے پیٹوں میں جمع کر لیتے' پھر آپ نے چادر منگوائی' جب چادر آپ کے سر پر ڈالی جاتی تو آپ کے پاؤں ننگے ہو جاتے' جب پاؤں ڈھانپے جاتے تو سر ننگا ہو جاتا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ان کا سر ڈھانپ دو' کپڑا کم ہے شہداء زیادہ ہیں' ایک اور دو' تین آدمیوں کو ایک کپڑے میں کفن دو' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پوچھتے' ان میں قرآن کا زیادہ قاری کون ہے' اس کو پہلے رکھا جاتا' ان کو دفن کیا گیا اور ان کی نماز جنازہ نہیں پڑھائی۔

2871 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحٍ التَّمَّارُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِي اُسَيْدٍ السَّاعِدِيِّ، قَالَ: اَنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى قَبْرِ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، فَجَعَلُوا يَجُرُّونَ النَّمِرَةَ عَلَى وَجْهِهِ، فَيَنْكَشِفُ قَدَمَاهُ، وَيَجُرُّونَهَا عَلَى قَدَمَيْهِ فَيَنْكَشِفُ وَجْهُهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اجْعَلُوهَا عَلَى وَجْهِهِ، وَاجْعَلُوا عَلَى قَدَمَيْهِ مِنْ هَذَا الشَّجَرِ . قَالَ: فَرَفَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاْسَهُ، فَاِذَا اَصْحَابُهُ يَبْكُونَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّهُ يَاْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يَخْرُجُونَ اِلَى الْاَرْيَافِ، وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا

حضرت ابواُسید الساعدی فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ حضرت حمزہ کی قبر کے پاس تھا' آپ کے چہرہ پر چادر رکھی جاتی تو آپ کے قدم ننگے ہو جاتے' قدم ڈھانپے جاتے تو چہرہ ننگا ہو جاتا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ان کے چہرے پر رکھ دو اور دونوں پاؤں پر درخت کے پتے رکھ دو۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کا سر اٹھایا تو دیکھا کہ صحابہ کرام رو رہے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: لوگوں پر ایسا زمانہ آئے گا کہ لوگ ڈیروں کی طرف نکلیں گے حالانکہ مدینہ ان کے لیے بہتر ہوگا اگر جانتے ہوں' جو مدینہ کی تکلیف اور آزمائش پر صبر کرے گا' میں قیامت کے دن اس کے لیے شفاعت اور گواہی دوں گا۔

يَعْلَمُونَ، لا يَصْبِرُ عَلَى لَأْوَائِهَا وَشِدَّتِهَا اَحَدٌ اِلَّا كُنْتُ لَهُ شَفِيعًا اَوْ شَهِيدًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ

**2872** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ: لَقَدْ رَاَيْتُ حَمْزَةَ وَمَا وَجَدْنَا لَهُ ثَوْبًا نُكَفِّنُهُ فِيهِ غَيْرَ بُرْدَةٍ، اِذَا غَطَّيْنَا بِهَا رِجْلَيْهِ خَرَجَ رَاْسُهُ، وَاِذَا غَطَّيْنَا بِهَا رَاْسَهُ خَرَجَتْ رِجْلَاهُ، فَغَطَّيْنَا رَاْسَهُ، وَوَضَعْنَا عَلَى رِجْلَيْهِ مِنَ الْاِذْخِرِ

حضرت خباب فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ ہم نے آپ کے لیے کپڑا پایا' ہم نے بغیر چادر کے کفن دیا' ہم آپ کے پاؤں ڈھانپتے تو سر ننگا ہو جاتا' جب سر ڈھانپتے تو پاؤں ننگے ہو جاتے' ہم نے آپ کے دونوں پاؤں پر اذخر گھاس رکھی۔

**2873** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا سَعْدُ بْنُ الصَّلْتِ، عَنْ حَجَّاجٍ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ حَمْزَةَ كَانَتْ عَلَيْهِ نَمِرَةٌ، فَاِذَا غُطِّيَ بِهَا رَاْسُهُ بَدَتْ رِجْلَاهُ، وَاِذَا غُطِّيَتْ رِجْلَاهُ خَرَجَ رَاْسُهُ، فَاَمَرَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَغُطِّيَ رَاْسُهُ، وَجُعِلَ عَلَى رِجْلَيْهِ شَجَرَةٌ وَحِجَارَةٌ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت حمزہ کے کفن کے لیے چادر تھی جب اس کے ذریعے آپ کا سر ڈھانپا جاتا تو پاؤں ننگے ہو جاتے' جب پاؤں ڈھانپے جاتے تو سر ننگا ہو جاتا' حضور ﷺ نے سر ڈھانپنے کا حکم دیا اور پاؤں پر گھاس اور چھوٹے چھوٹے پتھر رکھے گئے۔

**2874** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا اَبُو اُسَامَةَ، عَنْ زَائِدَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كَفَّنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَمْزَةَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت حمزہ کو ایک کپڑے میں کفن دیا' حضرت جابر فرماتے ہیں: وہ کپڑا چادر تھی۔

فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ . قَالَ جَابِرٌ: ذَلِكَ الثَّوْبُ نَمِرَةٌ

**2875** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمَسْرُوقِيُّ، ثنا أَبُو أُسَامَةَ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: رَجَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ أُحُدٍ، فَسَمِعَ نِسَاءَ بَنِي عَبْدِ الْأَشْهَلِ يَبْكِينَ عَلَى هَلْكَاهُنَّ، فَقَالَ: لَكِنَّ حَمْزَةَ لَا بَوَاكِيَ لَهُ . فَجِئْنَ نِسَاءُ الْأَنْصَارِ يَبْكِينَ عَلَى حَمْزَةَ عِنْدَهُ، فَاسْتَيْقَظَ وَهُنَّ يَبْكِينَ، فَقَالَ: يَا وَيْحَهُنَّ، إِنَّهُنَّ هَاهُنَا حَتَّى الْآنَ، مُرُوهُنَّ فَلْيَرْجِعْنَ وَلَا يَبْكِينَ عَلَى هَالِكٍ بَعْدَ الْيَوْمِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ اُحد کے دن واپس آئے' آپ نے بنی عبدالاشہل کی عورتوں کو سنا' وہ اپنے شہداء پر رونے لگیں' آپ نے فرمایا: حضرت حمزہ کے لیے رونے والیاں نہیں' حضرت امیر حمزہ پر انصار کی عورتیں رونے لگیں' آپ جاگے تو عورتیں رو رہی تھیں' آپ نے فرمایا: ان عورتوں کیلئے ہلاکت! یہ کام اب تک جائز تھا' آپ نے حکم دیا کہ واپس چلی جاؤ' آج کے بعد کسی مردے پر نہ رونا۔

**2876** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ، ثنا زَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ وَهْرَامَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَخَلْتُ الْبَارِحَةَ الْجَنَّةَ، فَنَظَرْتُ فِيهَا فَإِذَا حَمْزَةُ مُتَّكِءٌ عَلَى سَرِيرٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں آج رات جنت میں داخل ہوا' میں نے دیکھا کہ وہاں حضرت حمزہ پلنگ پر ٹیک لگائے ہوئے تھے۔

**2877** - حَدَّثَنَا الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مَنْصُورُ بْنُ مُزَاحِمٍ، ثنا أَبُو سَعِيدٍ مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ، عَنْ سَالِمٍ

حضرت سعید بن جبیر فرماتے ہیں کہ جب حضرت حمزہ اور ان کے ساتھیوں کو اُحد کے دن شہید کیا گیا تو



2875- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد 3 صفحه 215 رقم الحديث: 4883' وابن ماجه في سننه جلد 1 صفحه 507 رقم الحديث: 1591' وأحمد في مسنده جلد 2 صفحه 84 رقم الحديث: 5563' جلد 2 صفحه 92 رقم الحديث: 5666 كلهم عن أسامة بن زيد عن نافع عن ابن عمر به .

2876- أخرجه نحوه مطولا الحاكم في مستدركه جلد 3 صفحه 217 رقم الحديث: 4890' جلد 3 صفحه 231 رقم الحديث: 4933 عن سلمة بن وهرام عن عكرمة عن ابن عباس به .

الْاَفْطَسِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: لَمَّا اُصِيبَ حَمْزَةُ وَاَصْحَابُهُ يَوْمَ اُحُدٍ، قَالُوا: لَيْتَ اَنَّ مَنْ خَلْفَنَا عَلِمُوا مَا اَعْطَانَا اللّٰهُ مِنَ الثَّوَابِ لِيَكُونَ اَجْرًا لَهُمْ، فَقَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: اَنَا اُعْلِمُهُمْ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: (وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا) (آل عمران: 169) الْآيَةَ

## واخی رسول اللّٰہ ﷺ بین حمزۃ وبین زید بن حارثۃ

**2878** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيسَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عَمْرِو بْنِ اُمَيَّةَ الضَّمْرِيِّ، قَالَ: خَرَجْتُ اَنَا وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَدِيِّ بْنِ الْخِيَارِ، فَاَدْرَبْنَا - يَعْنِي دَرْبَ الرُّومِ - ثُمَّ مَرَرْنَا بِحِمْصَ وَبِهَا وَحْشِيٌّ، فَقُلْتُ: لَوْ اَتَيْنَاهُ فَسَاَلْنَاهُ عَنْ قَتْلِهِ حَمْزَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ كَيْفَ قَتَلَهُ؟ فَاَقْبَلْنَا نَحْوَهُ، فَلَقِيَنَا رَجُلٌ وَنَحْنُ نَسْاَلُ عَنْهُ، فَقَالَ: اِنَّهُ رَجُلٌ قَدْ غَلَبَتْ عَلَيْهِ هَذَا الْخَمْرُ، فَاِنْ تَجِدَاهُ صَاحِيًا تَجِدَاهُ رَجُلًا عَرَبِيًّا، يُحَدِّثُكُمَا مَا شِئْتُمَا مِنْ حَدِيثٍ، وَاِنْ تَجِدَاهُ عَلَى غَيْرِ ذَلِكَ فَانْصَرِفَا عَنْهُ. فَاَتَيْنَاهُ فَوَجَدْنَاهُ بِفِنَائِهِ، فَنَظَرَ اِلَى عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَدِيٍّ، فَقَالَ: ابْنُ عَدِيِّ بْنِ الْخِيَارِ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ: مَا رَاَيْتُكَ مُنْذُ نَاوَلَتْنِيكَ اُمُّكَ السَّعْدِيَّةُ بِعُرْضَتِكَ، وَمَا هُوَ اِلَّا اَنْ لَمَعَتْ لِي قَدَمَاكَ فَعَرَفْتُكَ. قَالَ: قُلْتُ لَهُ: اِنَّا جِئْنَاكَ لِتُخْبِرَنَا عَنْ قَتْلِكَ حَمْزَةَ كَيْفَ قَتَلْتَهُ؟ قَالَ: كُنْتُ عَبْدًا لِجُبَيْرِ

اُنہوں نے کہا: کاش ہمارے لیے پیچھے کوئی ہوتا' تا کہ وہ جانتے کہ اللہ نے ہمارے مُردوں کو کیا ثواب دیا تا کہ اپنے لیے ثواب معلوم کرتے۔ اللہ عزوجل نے فرمایا: میں بتاتا ہوں کہ اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ''وہ لوگ ہرگز مُردہ گمان نہ کریں اُنہیں جو اللہ کی راہ میں شہید ہوجاتے ہیں''۔

حضرت عبیداللہ بن عدی بن خیار رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم روم سے واپس آئے تو جب ہم حمص کے قریب ہوئے تو ہم نے کہا: اگر ہم حضرت وحشی کے پاس جائیں تو ہم ان سے حضرت حمزہ کے قتل کی تفصیل پوچھ سکتے ہیں' سو ہم ایک آدمی سے ملے' ہم نے اس سے حضرت وحشی کا ذکر کیا' اس نے کہا: وہ ایسا آدمی ہے جس پر نشہ غالب رہتا ہے' اگر تم اس کو پاؤ' اور وہ صحیح ہو تو تم اس سے کوئی شی بھی پوچھو گے وہ تم کو بتائے گا' اگر تم اس حالت میں پاؤ کہ اس نے شراب پی ہو تو تم دونوں اس سے کچھ نہ پوچھنا۔ سو ہم دونوں چلے یہاں تک کہ ان کے پاس پہنچ گئے' وہ اپنے گھر کے صحن میں تھے اور وہ درست حالت میں بیٹھے ہوئے تھے' انہوں نے کہا: اے ابن خیار! میں نے عرض کی: جی ہاں! میں نے آپ کو اس وقت دیکھا جب آپ کی والدہ آپ کو حالت حمل میں میرے پاس ذی طویٰ میں لائی تھی' جب اس نے تجھے جنا' تو میں نے تیرے پاؤں کو دیکھا تو میں نے تجھے پہچان لیا۔ کہا کہ میں نے عرض کی: ہم آپ سے حضرت حمزہ کے قتل کی تفصیل پوچھنے آئے ہیں' تم نے

بْنِ مُطْعِمٍ، وَكَانَ عَمُّهُ طُعَيْمَةُ بْنُ عَدِيٍّ قُتِلَ يَوْمَ بَدْرٍ، فَقَالَ: إِنْ قَتَلْتَ عَمَّ مُحَمَّدٍ بِعَمِّي فَأَنْتَ حُرٌّ . فَخَرَجْتُ يَوْمَ أُحُدٍ فِي النَّاسِ مَعَ حَرْبَتِي، وَإِنَّمَا هَمِّي أَنْ أُعْتَقَ، فَجَعَلْتُ حَمْزَةَ مِنْ شَأْنِي، فَعَمَدْتُ لَهُ، وَتَقَدَّمَنِي إِلَيْهِ سِبَاعُ بْنُ عَبْدِ الْعُزَّى. قَالَ: وَصَدَرْتُ عَنْهُ وَهُوَ يَهُدُّ النَّاسَ بِسَيْفِهِ هَدًّا، كَأَنَّهُ جَمَلٌ أَوْرَقُ، فَلَمَّا تَقَدَّمَنِي إِلَيْهِ سِبَاعٌ، قَالَ حَمْزَةُ: هَلُمَّ يَا ابْنَ مُقَطِّعَةِ الْبُظُورِ . قَالَ: فَدَنَا إِلَيْهِ فَضَرَبَهُ، فَكَأَنَّمَا أَخْطَأَهُ، وَاسْتَتَرْتُ بِشَيْءٍ، هَزَزْتُ حَرْبَتِي حَتَّى إِذَا رَضِيتُ مِنْهَا دَفَعْتُهَا، فَوَقَعَتْ فِي ثُنَّتِهِ. قَالَ: وَذَهَبَ لِيَنُوءَ فَغُلِبَ، وَاعْتَزَلْتُ وَرَجَعْتُ فِي النَّاسِ إِلَى مَكَّةَ، وَعَتَقْتُ، فَلَمَّا فَتَحَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ خَرَجْتُ إِلَى الطَّائِفِ، فَأَقَمْتُ بِهَا، فَلَمَّا أَجْمَعَ أَهْلُ الطَّائِفِ عَلَى مُصَالَحَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعَيَّتْ عَلَيَّ الْمَذَاهِبُ، فَجَعَلْتُ أَتَذَكَّرُ أَيْنَ أَذْهَبُ؟ فَبَيْنَا أَنَا فِي هَمِّي إِذْ عَرَضَ لِي رَجُلٌ، فَقَالَ: مَا لِي أَرَاكَ هَكَذَا؟ قُلْتُ: هَذَا الرَّجُلُ قَدْ بَلَغْتُ مِنْ عَمِّهِ، وَقَدْ أَرَى هَؤُلَاءِ الْقَوْمَ قَدْ أَجْمَعُوا عَلَى مُصَالَحَتِهِ، فَمَا أَدْرِي أَيْنَ أَذْهَبُ؟ قَالَ: فَوَاللّٰهِ مَا يَقْتُلُ أَحَدًا أَتَاهُ وَشَهِدَ شَهَادَتَهُ . فَخَرَجْتُ كَمَا أَنَا، فَوَاللّٰهِ مَا شَعَرْتُ حَتَّى قُمْتُ عَلَى رَأْسِهِ بِالْمَدِينَةِ، فَرَفَعَ رَأْسَهُ، فَنَظَرَ إِلَيَّ، فَقَالَ: وَحْشِيٌّ؟ قُلْتُ: وَحْشِيٌّ، وَشَهِدْتُ بِشَهَادَتِهِ، فَقَالَ: وَيْحَكَ، أَخْبِرْنِي عَنْ قَتْلِكَ حَمْزَةَ، كَيْفَ قَتَلْتَهُ؟ فَأَخْبَرْتُهُ

آپ کو کیسے قتل کیا' انہوں نے فرمایا کہ میں جبیر بن مطعم کا غلام تھا' اس کا چچا طعیمہ بن عدی جنگ بدر میں قتل ہوا تھا' اس نے کہا: اگر تو محمد کے چچا حضرت حمزہ کو قتل کرے گا میرے چچا کے بدلے میں تو اس کے بعد تُو آزاد ہوگا۔ سو میں اُحد کے دن اپنے نیزہ کو ساتھ لے کر چلا' میں آزادی چاہتا تھا' سو میں اُحد کے دن نکلا' میرا ارادہ حضرت حمزہ کے قتل کے علاوہ کسی اور کو قتل کرنے کا نہیں تھا۔ سباع بن عبدالعزیٰ نے مجھ سے پہلے ان کی طرف پیش قدمی کی۔ میں نے دیکھا وہ مست خاکستری اونٹ کی طرح لگ رہے تھے اور کوئی بھی آپ کے سامنے آنے کی جرأت نہ کر رہا تھا' میں موقع کی تلاش کرنے لگا' اسی دوران سباع سامنے آ نکلا تو میں نے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو یہ کہتے ہوئے سنا: اے ختنہ کرنے والی کے بیٹے! میرے سامنے آ! (یہ کہہ کر) آپ نے اس پر حملہ کیا اور اسے موت کے گھاٹ اتار دیا' میں درختوں میں چھپتا چھپاتا آپ پر حملے کی تیاری کرنے لگا اور میرے پاس چھوٹا نیزہ تھا یہاں تک کہ جب میں قدرت یا غلبہ پانے کے قریب ہوا تو میں نے اپنے چھوٹے نیزے کو حرکت دی' جب مجھے اطمینان ہو گیا تو میں نے اسے آپ پر پھینک دیا اور وہ آپ کی دونوں ٹانگوں کے درمیان سے نکل گیا' آپ نے کھڑے ہونے کی کوشش کی لیکن بے سود' پھر لوگوں کے ساتھ میں واپس مکہ آیا تو میں آزاد کر دیا گیا' جب نبی اکریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مکہ فتح کیا تو میں بھاگ کر ملک طائف

وَاللّٰهِ كَمَا اَخْبَرْتُكُمَا، فَقَالَ: وَيْحَكَ، غَيِّبْ عَنِّي وَجْهَكَ. فَكُنْتُ اَتَجَنَّبُهُ حَتّٰى قَبَضَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى، فَلَمَّا بَعَثَ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ الْجَيْشَ اِلَى الْيَمَامَةِ خَرَجْتُ مَعَ النَّاسِ، فَجَعَلْتُ مُسَيْلِمَةَ مِنْ شَانِي، فَحَمَلْتُ عَلَيْهِ اَنَا وَرَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ وَمَعِي حَرْبَتِي الَّتِي قَتَلْتُ بِهَا حَمْزَةَ. قَالَ: فَقَذَفْتُهُ بِالْحَرْبَةِ، وَحَمَلَ عَلَيْهِ الْاَنْصَارِيُّ، فَرَبُّكَ اَعْلَمُ اَيُّنَا قَتَلَهُ، فَاِنْ اَكُ قَتَلْتُهُ فَقَدْ قَتَلْتُ خَيْرَ النَّاسِ وَشَرَّ النَّاسِ

کی طرف چلا گیا' جا کر وہیں مقیم ہو گیا جب طائف والوں نے آپ ﷺ سے صلح کی نیت کر لی تو میں سوچ میں پڑ گیا کہ اب میں کدھر جاؤں؟ پس اسی سوچ میں پیچ و تاب کھا رہا تھا کہ ایک شخص مجھے آ کر کہنے لگا: اے وحشی! تجھ پر افسوس! جو شخص محمد ﷺ کے پاس کلمہ شہادت پڑھتا ہوا جائے گا تو نبی اکرم ﷺ ایسے شخص کو قتل نہیں کرتے' تو میں وہاں سے چل پڑا تو میں آپ کے پس پشت کے بالکل قریب کھڑے ہو کر کلمہ شہادت پڑھنے لگا تو آپ نے پوچھا: کیا تُو وحشی ہے؟ میں نے عرض کی: ہاں! یا رسول اللہ! فرمایا: تجھ پر افسوس! تو مجھے حضرت حمزہ کے قتل کا واقعہ سنا! تو میں نے وہ ماجرا سنایا جس طرح میں نے تم دونوں کو سنایا ہوا ہے' پھر آپ نے فرمایا: اے وحشی! تجھ پر افسوس! تُو میری نظروں سے دور ہو جا! تیرا چہرہ میں نہ دیکھوں۔ تو میں اپنے آپ کو اس بات سے بچاتا تھا کہ کہیں نبی اکرم ﷺ مجھے دیکھ نہ لیں' یہاں تک کہ نبی اکرم ﷺ کا انتقال ہو گیا۔ پس جب حضرت ابوبکر نے یمامہ کی طرف لشکر بھیجا' جو لشکر اس کی طرف روانہ ہوا ان میں میں بھی شامل ہو گیا تو میں نے مسیلمہ کو اپنا نشانہ بنایا۔ تو میں نے اپنا چھوٹا نیزہ لیا' جب ہم ایک دوسرے کے مدمقابل ہوئے تو میں نے اس کی طرف جلدی سے حملہ کر دیا' اسی طرح ایک انصاری شخص نے بھی اس پر حملہ کر دیا' تیرا رب ہی بہتر جانتا ہے کہ ہم میں سے اسے کس نے قتل کیا؟ اگر میں نے قتل کیا ہے تو میں نے لوگوں میں سے بہتر کو بھی

شهید کیا ہے اور بدترین کو بھی قتل کیا ہے۔

**2879** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، قَالَ: وَقُتِلَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ أُحُدٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ، ثُمَّ مِنْ بَنِي هَاشِمٍ حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، قَتَلَهُ وَحْشِيٌّ مَوْلَى عُتْبَةَ بْنِ غَزْوَانَ.

حضرت عمرو فرماتے ہیں کہ اُحد کے دن رسول اللہ ﷺ کے ساتھ مسلمانوں میں سے بنی ہاشم سے حضرت حمزہ بن عبدالمطلب شہید ہوئے' عتبہ بن غزوان کے غلام وحشی نے آپ کو قتل کیا تھا۔

حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي سَلَمَةَ الْمَاجِشُونُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ أُمَيَّةَ الضَّمْرِيِّ، قَالَ: خَرَجْتُ أَنَا وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَدِيِّ بْنِ الْخِيَارِ فَأَدْرَبْنَا، ثُمَّ مَرَرْنَا بِحِمْصَ وَبِهَا وَحْشِيٌّ. فَذَكَرَ مِثْلَ حَدِيثِ ابْنِ إِسْحَاقَ.

حضرت جعفر بن عمرو بن امیہ ضمری فرماتے ہیں: میں اور عبیداللہ بن عدی بن خیار نکلے' پھر ہم حمص سے گزرے' وہاں وحشی تھے' اس کے بعد ابن اسحاق کی حدیث والی مثل ذکر کی۔

حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ دُحَيْمٍ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ شَابُورَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: خَرَجْتُ أَنَا وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَدِيِّ بْنِ الْخِيَارِ زَمَنَ مُعَاوِيَةَ فَأَدْرَبْنَا، فَلَمَّا قَفَلْنَا مَرَرْنَا بِحِمْصَ، وَكَانَ بِهَا وَحْشِيُّ بْنُ حَرْبٍ. فَذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ ابْنِ إِسْحَاقَ

حضرت جعفر بن عمرو فرماتے ہیں کہ میں اور عبیداللہ بن عدی بن خیار حضرت امیر معاویہ کے زمانہ میں نکلے' پس دشمن کے علاقے میں جا نکلے' پس جب ہم واپس لوٹے تو ہم حمص کے پاس سے گزرے وہاں حضرت وحشی بن حرب تھے' اس کے بعد حضرت ابن اسحاق کی حدیث ذکر کی۔

**2880** - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں



---

**2880**- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد **3** صفحه **219** رقم الحديث: **4896**، وذكر نحوه أحمد في مسنده جلد **3** صفحه **267** رقم الحديث: **13852** كلاهما عن حماد بن سلمة عن علي بن زيد عن أنس به .

ثنا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى فِيمَا يَرَى النَّائِمُ، قَالَ: رَأَيْتُ كَأَنِّي مُرْدِفٌ كَبْشًا، وَكَأَنَّ ظُبَةَ سَيْفِي انْكَسَرَتْ، فَأَوَّلْتُ أَنِّي أَقْتُلُ كَبْشَ الْقَوْمِ، وَأَوَّلْتُ ظُبَةَ سَيْفِي قَتْلَ رَجُلٍ مِنْ عِتْرَتِي . فَقُتِلَ حَمْزَةُ، وَقَتَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَلْحَةَ، وَكَانَ صَاحِبَ اللِّوَاءِ

کہ حضور ﷺ نے خواب میں دیکھا' آپ نے فرمایا: میں گویا مینڈھے کے پیچھے ہوں' میری تلوار کی دھار کند ہوگئی ہے' میں نے تاویل یہ کی کہ میں قوم کے مینڈھے کو قتل کروں گا اور میں نے تلوار کی دھار کی تاویل اس سے کی کہ میرے خاندان کے ایک آدمی کو قتل کیا جائے گا' حضرت حمزہ کو شہید کیا گیا' رسول اللہ ﷺ نے طلحہ کو مارا' طلحہ جھنڈے والے تھے۔

**2881** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ الْعَطَّارُ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُنْذِرٍ الْحِزَامِيُّ، ثنا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَبِيبَةَ، عَنْ جَدِّهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ إِنَّهُ لَمَكْتُوبٌ عِنْدَ اللّٰهِ فِي السَّمَاءِ السَّابِعَةِ حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ أَسَدُ اللّٰهِ وَأَسَدُ رَسُولِهِ

حضرت یحییٰ بن عبدالرحمن بن ابولبیبہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! اللہ کے ہاں ساتویں آسمان میں لکھا ہوا ہے کہ حمزہ بن عبدالمطلب اللہ اور اس کے رسول کا شیر ہے۔

**2882** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا أَبُو أُسَامَةَ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ عُمَيْرِ بْنِ إِسْحَاقَ، قَالَ: كَانَ حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ يُقَاتِلُ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَيْفَيْنِ، وَيَقُولُ: أَنَا أَسَدُ اللّٰهِ وَأَسَدُ رَسُولِهِ

حضرت عمیر بن اسحاق فرماتے ہیں کہ حضرت حمزہ رسول اللہ ﷺ کے لیے دو تلواروں سے لڑتے تھے اور کہتے: میں اللہ اور اس کے رسول کا شیر ہوں۔

**2883** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ،

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اللہ

---

**2881**- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد **3** صفحه **219** رقم الحديث: **4889** عن حاتم بن اسماعيل عن يحيى بن عبد الرحمٰن بن أبي لبيبة عن جده به .

حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، اَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي هَاشِمٍ ـرُمَّانِيِّ، عَنْ اَبِي مِجْلَزٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ عَبَّادٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا ذَرٍّ يَقُولُ: اُقْسِمُ بِاللّٰهِ اُنْزِلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ: هٰذَانِ خَصْمَانِ اخْتَصَمُوا فِي رَبِّهِمْ (الحج: 19) فِي هٰؤُلَاءِ السِّتَّةِ: حَمْزَةَ وَعُبَيْدَةَ وَعَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ، وَعُتْبَةَ وَشَيْبَةَ ابْنَيْ رَبِيعَةَ وَالْوَلِيدِ بْنِ عُتْبَةَ، وَكَانُوا تَبَارَزُوا يَوْمَ بَدْرٍ

کی قسم اُٹھاتا ہوں کہ یہ آیت ''هذان خصمان اختصموا فی ربهم '' چھ افراد کے متعلق نازل ہوئی' حضرت حمزہ' عبیدہ' علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہم' عتبہ' شیبہ اور ربیعہ کے بیٹے ولید بن عتبہ' بدر کے دن یہ آپس میں لڑے تھے۔

**2884** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا حَمَّادٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ الْحَرِيشِ، ثنا حُسَيْنٌ الْاَشْقَرُ، عَنْ قَيْسٍ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ عَبْدِ خَيْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: اُعِنْتُ اَنَا وَحَمْزَةُ وَعُبَيْدَةُ بْنُ الْحَارِثِ يَوْمَ بَدْرٍ عَلَى الْوَلِيدِ بْنِ عُتْبَةَ- اَظُنُّهُ قَالَ: فَلَمْ يَغِبْ ذٰلِكَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بدر کے دن ولید بن عتبہ کے خلاف میری اور حمزہ اور عبیدہ بن حارث کی مدد کی گئی۔ راوی کا گمان ہے کہ حضور ﷺ اُس دن وہاں تھے۔

**2885** - حَدَّثَنَا مَحْمُودٌ الْوَاسِطِيُّ، ثنا الْقَاسِمُ بْنُ عِيسَى الطَّائِيُّ، حَدَّثَنَا رَحْمَةُ بْنُ مُصْعَبٍ الْبَاهِلِيُّ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ: قَدِمَ عَلَى مُعَاوِيَةَ رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ هَوْذَةُ، فَقَالَ لَهُ مُعَاوِيَةُ: يَا هَوْذَةُ، هَلْ شَهِدْتَ بَدْرًا؟ قَالَ: نَعَمْ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، عَلَيَّ لَا لِي ـ قَالَ: فَكَمْ اَتَى عَلَيْكَ؟ قَالَ: اَنَا يَوْمَئِذٍ قُمُدٌّ قُمْدُودٌ مِثْلُ الصَّفَاةِ الْجُلْمُودِ، كَاَنِّي اَنْظُرُ اِلَيْهِمْ وَقَدْ صَفُّوا لَنَا صَفًّا طَوِيلًا، وَكَاَنِّي اَنْظُرُ اِلَى بَرِيقِ سُيُوفِهِمْ كَشُعَاعِ الشَّمْسِ مِنْ خَلَلِ السَّحَابِ، فَمَا اسْتَفَقْتُ حَتّٰى غَشِيَتْنَا عَادِيَةُ الْقَوْمِ، فِي اَوَائِلِهِمْ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لَيْثًا

حضرت شعبی فرماتے ہیں کہ حضرت معاویہ کے پاس ایک آدمی آیا' اس کو ھوذہ کہا جاتا ہے' حضرت امیر معاویہ نے فرمایا: اے ھوذہ! کیا آپ بدر میں حاضر تھے؟ حضرت ھوذہ نے عرض کی: اے امیر المؤمنین! جی ہاں! میں حاضر تھا' لیکن مجھ پر اس کا وبال ہے' میرے لیے اس کا فائدہ نہیں (کیونکہ میں نبی ﷺ کے دشمنوں میں تھا) فرمایا: تیرے اوپر کتنے (تیر) آئے؟ اس نے عرض کی: اس دن میں سخت مضبوط آدمی تھا' گویا میں ان کی طرف دیکھ رہا ہوں' انہوں نے ہمارے لیے ایک لمبی صف بنا لی ہے اور گویا کہ میں ان کی تلواروں کی چمک اس طرح دیکھ رہا تھا جس طرح بادلوں کے درمیان سے

عِفْرِيًّا يَفْرِي الْفَرِيَّا، وَهُوَ يَقُولُ: لَنْ تَأْكُلُوا التَّمْرَ بِبَطْنِ مَكَّةَ، لَنْ تَأْكُلُوا التَّمْرَ بِبَطْنِ مَكَّةَ، يَتْبَعُهُ حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، فِي صَدْرِهِ رِيشَةٌ بَيْضَاءُ قَدْ أُعْلِمَ بِهَا كَأَنَّهُ جَمَلٌ يَحْطِمُ يَبِيسًا، فَرُعْتُ مِنْهُمَا، وَأَحَالَا عَلَى حَنْظَلَةَ - يَعْنِي أَخَا مُعَاوِيَةَ - فَقَالَ مُعَاوِيَةُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: عَنْكَ وَلَا كُفْرَانَ لِلَّهِ زِلْتَ فَلَيْتَ شِعْرِي مَتَى أَرَحْتَ يَا هَوْذَةُ؟ قَالَ: وَاللَّهِ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ مَا أَرَحْتُ حَتَّى نَظَرْتُ إِلَى الْهَضَبَاتِ مِنْ أَرْثَدَ - فَقُلْتُ: لَيْتَ شِعْرِي مَا فَعَلَ حَنْظَلَةُ - فَقَالَ مُعَاوِيَةُ: أَنْتَ بِذِكْرِكَ حَنْظَلَةَ كَذِكْرِ الْغَنِيِّ أَخَاهُ الْفَقِيرَ، فَإِنَّهُ لَا يَكَادُ يَذْكُرُ إِلَّا وَسْنَانًا أَوْ مُتَوَاسِنًا

سورج کی شعار ہوتی ہے' مجھے زیادہ دیر نہ ہوئی کہ ہمیں قوم کے بڑے بڑوں نے گھیر لیا' ان کے آگے آگے حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ تھے' بپھرے ہوئے شیر کی مانند جو شکار کو بھون کے رکھ دیئے' زبان سے کہہ رہے تھے: وادیٔ مکہ سے تم لوگ کھجوریں ہرگز نہیں کھا سکو گے' تم لوگ وادیٔ مکہ سے ہرگز کھجوریں نہیں کھا سکو گے' ان کے پیچھے حضرت حمزہ بن عبدالمطلب تھے' ان کے سینے میں سفید پر تھا' وہ اس سے پہچانے جا رہے تھے گویا کہ وہ اونٹ ہیں جو خشک (وتر) کو بھسم کر دیں گے' میں ان دونوں کو دیکھ کر ڈر گیا' انہوں نے حنظلہ یعنی معاویہ کے بھائی پر حملہ کیا۔ حضرت معاویہ نے فرمایا: رُک جا! اس بات کو چھوڑ دے' اللہ کی ناشکری نہ کر' تُو ہمیشہ رہے' تُو بتا! اے ہوذہ! تجھے کب راحت ملی؟ اس نے عرض کی: اے امیر المؤمنین! مجھے آرام نہ ملا حتیٰ کہ میں نے اللہ کے زمین پر پھیلے ہوئے پہاڑوں کو دیکھا۔ میں نے کہا: کاش میرے شعر حنظلہ نے کیا کیا' معاویہ نے کہا: تیرا حنظلہ کا ذکر کرنا ایسے ہے جیسے ایک مالدار بھائی اپنے محتاج بھائی کا ذکر کرتا ہے' کیونکہ قریب ہے کہ اس کا ذکر بے مقصد ہو۔

**2886** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَنْبَرٍ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ التَّيْمِيُّ، حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ الْحَارِثِ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كَانَ حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ يَوْمَ بَدْرٍ مُعَلَّمًا بِرِيشَةِ نَعَامَةٍ، فَقَالَ

حضرت موسیٰ بن حارث تیمی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت حمزہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ پر بدر کے دن شتر مرغ کے پَر کے ساتھ نشانی لگائی گئی تھی' مشرکوں میں سے ایک آدمی نے کہا: یہ کون آدمی ہے جس پر شتر مرغ کے پَر کے ساتھ نشانی لگائی گئی

رَجُلٌ مِنَ الْمُشْرِكِينَ: مَنْ رَجُلٌ أُعْلِمَ بِرِيشَةِ نَعَامَةٍ؟ فَقِيلَ: حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ ـ فَقَالَ: ذَاكَ الَّذِى فَعَلَ بِنَا الْفِعَلَ

ہے؟ کہا گیا: حمزہ بن عبدالمطلب! اُس نے کہا: یہ وہ ہے جس نے ہمارے ساتھ یہ یہ کیا ہے۔

**2887** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا أَبُو أُسَامَةَ الْكَلْبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عِمْرَانَ بْنِ أَبِى لَيْلَى، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْأَصْبَهَانِيِّ، عَنْ أَبِى إِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَزَوَّرِ، ثنا الْأَصْبَغُ بْنُ نُبَاتَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيَّ بْنَ أَبِى طَالِبٍ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَيِّدُ الشُّهَدَاءِ حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ

حضرت اصبغ بن نباتہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حضرت حمزہ بن عبدالمطلب شہداء کے سردار ہیں۔

# مَا أَسْنَدَ حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

# حضرت حمزہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کی روایت کردہ احادیث

**2888** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ خَلَّادٍ الْبَاهِلِيُّ وَعُمَرُ بْنُ شَبَّةَ، قَالَا: ثنا سُلْمَى بْنُ عِيَاضِ بْنِ مُنْقِذِ بْنِ سُلْمَى بْنِ مَالِكٍ، حَدَّثَنِى جَدِّى مُنْقِذُ بْنُ سُلْمَى، عَنْ حَدِيثِ جَدِّهِ مَالِكٍ، عَنْ حَدِيثِ جَدِّهِ أَبِى مَرْثَدٍ، عَنْ حَدِيثِ حَلِيفِهِ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ ـ وَكَانَ حَلِيفُهُ مَا تَسَ عَبْدٌ بِلَقُوحٍ، وَمَا نَادَى غُلَامٌ أَبَاهُ، وَمَا أَقَامَ أَحَدٌ مَكَانَهُ ـ حَدَّثَهُ حَدِيثًا مُسْنَدًا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْزَمُوا هَذَا الدُّعَاءَ: اللّٰهُمَّ إِنِّى أَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ الْأَعْظَمِ، وَرِضْوَانِكَ الْأَكْبَرِ ـ

حضرت سُلمی بن عیاض بن منقذ بن سُلمی بن مالک فرماتے ہیں کہ مجھے میرے دادا منقذ بن سُلمی نے' اُنہوں نے اپنے دادا مالک سے' اُنہوں نے اپنے دادا مرثد سے' اُنہوں نے حضرت حمزہ بن عبدالمطلب کے حلیف سے' آپ کے حلیف کا کوئی غلام پیوند لگاتا' غلام نے اپنے والد کو آواز دی: کوئی بھی اپنی جگہ سے کھڑا نہ ہو! اُنہوں نے مسنداً رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث سنائی' فرمایا: یہ دعا ضرور کرو: اے اللہ! میں تیرے اسم اعظم اور تیری بڑی رضا کے وسیلہ سے دعا کرتا ہوں۔ سُلمی نے کئی مرتبہ دعا کی' کیونکہ یہ اللہ کے ناموں میں سے ایک

يَقُولُهَا سُلْمَى مِرَارًا، فَإِنَّهُ اسْمٌ مِنْ اَسْمَاءِ اللّٰهِ تَعَالَى، وَلَمْ اَزَلْ اَسْمَعُ اَنَّ جَدَّ بَنِي عَامِرٍ صَخْرَةٌ يَرْفَعُهَا الْمَاءُ لَا تَرْسُبُ. قَالَ: وَهُوَ مَالِكُ ابْنُ فَاطِمَةَ بِنْتِ اَبِي مَرْثَدٍ كَنَّازِ بْنِ حُصَيْنِ بْنِ نَفَرِ بْنِ يَرْبُوعٍ

نام ہے' اپنے دادا بنی عامر صخرہ سے سنتا تھا' یہ پانی اُٹھتا' کرتا نہیں تھا۔ مالک بن فاطمہ بنت ابومرثد' کناز بن حصین بن نضر بن یربوع نے کہا۔

ما اسند حمزة بن عبد المطلب

2889 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْعَلَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي حَرَامُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَى حَمْزَةَ بْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ يَوْمًا وَلَمْ يَجِدْهُ، فَسَاَلَ امْرَاَتَهُ عِنَبَةَ، وَكَانَتْ مِنْ بَنِي النَّجَّارِ، فَقَالَتْ: خَرَجَ بِاَبِي اَنْتَ آنِفًا عَامِدًا نَحْوَكَ، فَاَظُنُّهُ اَخْطَاَكَ فِي بَعْضِ اَزِقَّةِ بَنِي النَّجَّارِ، اَفَلَا تَدْخُلُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ فَدَخَلَ، فَقَدَّمَتْ لَهُ حَيْسًا، فَاَكَلَ مِنْهُ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَنِيئًا لَكَ وَمَرِيئًا، لَقَدْ جِئْتَ وَاَنَا اُرِيدُ اَنْ آتِيَكَ اُهَنِّئُكَ وَاُمَرِّئُكَ، اَخْبَرَنِي اَبُو عُمَارَةَ اَنَّكَ اُعْطِيتَ نَهَرًا فِي الْجَنَّةِ يُدْعَى الْكَوْثَرَ. قَالَ: اَجَلْ، وَعَرْصَتُهُ يَاقُوتٌ وَمَرْجَانٌ وَزَبَرْجَدٌ وَلُؤْلُؤٌ. قَالَتْ: اَحْبَبْتُ اَنْ تَصِفَ لِي حَوْضَكَ بِصِفَةٍ اَسْمَعُهَا مِنْكَ. فَقَالَ: هُوَ مَا بَيْنَ اَيْلَةَ وَصَنْعَاءَ، فِيهِ اَبَارِيقُ مِثْلُ عَدَدِ النُّجُومِ، وَاَحَبُّ وَارِدِهَا عَلَيَّ قَوْمُكِ يَا بِنْتَ قَهْدٍ. يَعْنِي الْاَنْصَارَ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت حمزہ بن عبدالمطلب کے پاس آئے' آپ سے ملاقات نہ ہوئی تو آپ نے اُن کی بیوی عنبہ سے پوچھا' وہ بنی نجار کی تھیں' اُس نے کہا: ابھی ارادہ کر کے نکلے تھے آپ کی طرف جبکہ میں نے گمان کیا کہ بنی نجار کے پاس گئے ہیں' یارسول اللہ! آپ آئیں گے نہیں؟ آپ داخل ہوئے' آپ کے آگے کھجور و پنیر کا حلوہ رکھا گیا تو آپ نے اُس سے کھایا۔ عرض کی: یارسول اللہ! آپ سے پہلے خوشی' آپ خود ہی تشریف لے آئے' میں آپ کو مبارکباد دینے کے لیے آ رہی تھی' مجھے ابوعمارہ نے بتایا ہے کہ آپ کو جنت میں ایک نہر دی گئی ہے جس کو کوثر کہا جاتا ہے۔ آپ نے فرمایا: اس کی دیوار یاقوت' مرجان' زبرجد اور موتیوں کی ہے۔ عرض کی: میں پسند کرتی ہوں کہ آپ اپنے حوض کے متعلق بتائیں کہ اس کا حلیہ کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: ایلہ اور صنعاء کے درمیان جتنا فاصلہ ہے اُس کے برابر ہے' اس میں ستاروں کی تعداد کے برابر پیالے ہیں' اے بنت قہد! میں پسند کرتا ہوں کہ انصار میرے حوض پر آئیں۔

2889- أخرج نحوه الحاكم في مستدركه جلد3صفحه216 رقم الحديث: 4886 عن عبد الرحمٰن الأغر عن أبي سلمة عن أسامة بن زيد به .

## حَمْزَةُ بْنُ عَمْرٍو الْاَسْلَمِيُّ، يُكَنَّى اَبَا صَالِحٍ، وَيُقَالُ: اَبُو مُحَمَّدٍ

## حضرت حمزہ بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہ آپ کی کنیت ابوصالح ان کو ابومحمد بھی کہا جاتا ہے

2890 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ خَلَّادٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ حَمْزَةَ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ حَمْزَةَ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيهِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَنَّاهُ اَبَا صَالِحٍ

حضرت محمد بن حمزہ بن عمرو اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے والد کی کنیت ابوصالح رکھی۔

## عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَمْرٍو

## حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا حضرت حمزہ بن عمرو سے روایت کرتی ہیں

2891 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا مُصْعَبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزُّبَيْرِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَمْرٍو الْاَسْلَمِيِّ اَنَّهُ قَالَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي رَجُلٌ اَسْرُدُ الصَّوْمَ، اَفَاَصُومُ فِي السَّفَرِ؟ قَالَ: اِنْ شِئْتَ فَصُمْ، وَاِنْ شِئْتَ فَاَفْطِرْ

حضرت حمزہ بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی: میں لگاتار روزے رکھتا ہوں تو کیا میں سفر میں روزہ رکھوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر تو چاہے تو رکھ اگر چاہے تو نہ رکھ۔

2892 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت حمزہ بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہما فرماتے

الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنْ حَمْزَةَ الْاَسْلَمِيِّ اَنَّهُ قَالَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي رَجُلٌ اَصُومُ، اَفَاَصُومُ فِي السَّفَرِ؟ قَالَ: اِنْ شِئْتَ فَصُمْ، وَاِنْ شِئْتَ فَاَفْطِرْ

ہیں کہ میں نے حضور ﷺ سے عرض کی: میں لگاتار روزے رکھتا ہوں تو کیا میں سفر میں روزہ رکھوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر تُو چاہے تو رکھ اگر چاہے تو نہ رکھ۔

**2893** - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْحَكَمِ، اَنَا مَالِكٌ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ حَمْزَةَ بْنَ عَمْرٍو الْاَسْلَمِيَّ قَالَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَصُومُ فِي السَّفَرِ؟ وَكَانَ كَثِيرَ الصِّيَامِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنْ شِئْتَ فَصُمْ، وَاِنْ شِئْتَ فَاَفْطِرْ

حضرت حمزہ بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ سے عرض کی: کیا میں سفر میں روزہ رکھوں؟ وہ زیادہ روزے رکھنے والے تھے آپ ﷺ نے فرمایا: اگر تُو چاہے تو رکھ اگر چاہے تو نہ رکھ۔

**2894** - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ حَمْزَةَ بْنَ عَمْرٍو الْاَسْلَمِيَّ سَاَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصِّيَامِ فِي السَّفَرِ، فَقَالَ: اِنْ شِئْتَ فَصُمْ، وَاِنْ شِئْتَ فَاَفْطِرْ

حضرت حمزہ بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ سے عرض کی: کیا میں سفر میں روزہ رکھوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر تُو چاہے تو رکھ اگر چاہے تو نہ رکھ۔

**2895** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ

حضرت حمزہ بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ سے عرض کی: کیا میں سفر

عائشة عن حمزة بن عمرو

---

**2893**- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد 2 صفحه 789 رقم الحديث: 1121، والنسائي في سننه (المجتبى) جلد 4 صفحه 207 رقم الحديث: 2384، وأحمد في مسنده جلد 6 صفحه 202 رقم الحديث: 25706 كلهم عن هشام بن عروة عن أبيه عن عائشة به .

هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ اَنَّ حَمْزَةَ بْنَ عَمْرٍو الْاَسْلَمِيَّ سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصِّيَامِ فِي السَّفَرِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنْ شِئْتَ فَصُمْ، وَاِنْ شِئْتَ فَاَفْطِرْ

میں روزہ رکھوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر تُو چاہے تو رکھ اگر چاہے تو نہ رکھ۔

**2896** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، قَالَ: اَخْبَرَنِي عُرْوَةُ، عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ حَمْزَةَ الْاَسْلَمِيَّ اَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنِّي رَجُلٌ كُنْتُ اُسَافِرُ، فَاَصُومُ فِي السَّفَرِ؟ فَقَالَ: اِنْ شِئْتَ فَصُمْ، وَاِنْ شِئْتَ فَاَفْطِرْ

حضرت حمزہ بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی: میں لگاتار سفر کا سلسلہ جاری رکھتا ہوں تو کیا میں سفر میں روزہ رکھوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر تُو چاہے تو رکھ اگر چاہے تو نہ رکھ۔

**2897** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ اَنَّ عَائِشَةَ اَخْبَرَتْهُ اَنَّ حَمْزَةَ بْنَ عَمْرٍو الْاَسْلَمِيَّ سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنِّي رَجُلٌ كُنْتُ اُسَافِرُ، فَاَصُومُ فِي السَّفَرِ؟ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنْ شِئْتَ فَصُمْ، وَاِنْ شِئْتَ فَاَفْطِرْ

حضرت حمزہ بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی: میں لگاتار سفر کا سلسلہ جاری رکھتا ہوں تو کیا میں سفر میں روزہ رکھوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر تُو چاہے تو رکھ اگر چاہے تو نہ رکھ۔

**2898** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ الْحَلَبِيُّ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا اَبِي، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ حَمْزَةَ بْنَ عَمْرٍو الْاَسْلَمِيَّ قَالَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي رَجُلٌ اَصُومُ، فَاَصُومُ فِي السَّفَرِ؟ فَقَالَ: اِنْ شِئْتَ فَصُمْ، وَاِنْ شِئْتَ فَاَفْطِرْ

حضرت حمزہ بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی: میں لگاتار روزے رکھتا ہوں تو کیا میں سفر میں روزہ رکھوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر تُو چاہے تو رکھ اگر چاہے تو نہ رکھ۔

**2899** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى بْنِ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ، ثنا مُسَدَّدٌ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ

حضرت حمزہ بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی: میں لگاتار

اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ حَمْزَةَ بْنَ عَمْرٍو الْاَسْلَمِيَّ سَالَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنِّي رَجُلٌ اَسْرُدُ الصَّوْمَ، اَفَاَصُومُ فِي السَّفَرِ؟ فَقَالَ: صُمْ اِنْ شِئْتَ، وَاَفْطِرْ اِنْ شِئْتَ

روزے رکھتا ہوں تو کیا میں سفر میں روزہ رکھوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر تُو چاہے تو رکھ اگر چاہے تو نہ رکھ۔

**2900** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّلَّالُ، ثنا عَوْنُ بْنُ سَلَّامٍ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ حَمْزَةَ الْاَسْلَمِيَّ سَالَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّوْمِ فِي السَّفَرِ، فَقَالَ: اِنْ شِئْتَ فَصُمْ، وَاِنْ شِئْتَ فَاَفْطِرْ

حضرت حمزہ بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی: کیا میں سفر میں روزہ رکھوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر تُو چاہے تو رکھ اگر چاہے تو نہ رکھ۔

**2901** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا عَاصِمُ بْنُ النَّضْرِ، ثنا الْمُعْتَمِرُ، ثنا الْحَجَّاجُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ حَمْزَةَ بْنَ عَمْرٍو الْاَسْلَمِيَّ سَالَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّوْمِ فِي السَّفَرِ، فَقَالَ: اِنْ شِئْتَ فَصُمْ، وَاِنْ شِئْتَ فَاَفْطِرْ

حضرت حمزہ بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی: کیا میں سفر میں روزہ رکھوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر تُو چاہے تو رکھ اگر چاہے تو نہ رکھ۔

**2902** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ دَاوُدَ الصَّوَّافُ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْبُخَارِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، حَدَّثَنِي اَخِي، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ حَمْزَةَ الْاَسْلَمِيَّ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ بِي قُوَّةً فِي السَّفَرِ، اَفَاَصُومُ؟ قَالَ: اِنْ شِئْتَ فَصُمْ، وَاِنْ شِئْتَ فَاَفْطِرْ

حضرت حمزہ بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی: میں لگاتار روزے رکھتا ہوں تو کیا میں سفر میں روزہ رکھوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر تُو چاہے تو رکھ اگر چاہے تو نہ رکھ۔

**2903** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ خَلَّادٍ الدَّوْرَقِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادِ بْنِ آدَمَ، ثنا عَبْدُ الْوَهَّابِ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ حَمْزَةَ- رَجُلٌ مِنْ أَسْلَمَ- قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي أَسْرُدُ الصَّوْمَ فَلَا أُفْطِرُ، أَفَأَصُومُ فِي السَّفَرِ؟ قَالَ: إِنْ شِئْتَ فَصُمْ، وَإِنْ شِئْتَ فَأَفْطِرْ

حضرت حمزہ بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی: میں لگاتار روزے رکھتا ہوں تو کیا میں سفر میں روزہ رکھوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر تُو چاہے تو رکھ' اگر چاہے تو نہ رکھ۔

**2904** - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ سِنَانٍ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَنَا شُعْبَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ حَمْزَةَ بْنَ عَمْرٍو الْأَسْلَمِيَّ سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّوْمِ فِي السَّفَرِ، فَقَالَ: إِنْ شِئْتَ فَصُمْ، وَإِنْ شِئْتَ فَأَفْطِرْ

حضرت حمزہ بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی: میں لگاتار روزے رکھتا ہوں تو کیا میں سفر میں روزہ رکھوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر تُو چاہے تو رکھ' اگر چاہے تو نہ رکھ۔

**2905** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ حَمْزَةَ بْنَ عَمْرٍو قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي كُنْتُ أَسْرُدُ الصَّوْمَ، فَأَصُومُ فِي السَّفَرِ؟ قَالَ: إِنْ شِئْتَ فَصُمْ، وَإِنْ شِئْتَ فَأَفْطِرْ

حضرت حمزہ بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی: میں لگاتار روزے رکھتا ہوں تو کیا میں سفر میں روزہ رکھوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر تُو چاہے تو رکھ' اگر چاہے تو نہ رکھ۔

**2906** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْكَبِيرِ بْنُ عُمَرَ الْخَطَّابِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ مُدْرِكٍ الرَّازِيُّ، ثنا مَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَالِمٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ حَمْزَةَ بْنَ عَمْرٍو الْأَسْلَمِيَّ سَأَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّوْمِ فِي السَّفَرِ، فَقَالَ: إِنْ شِئْتَ فَصُمْ، وَإِنْ شِئْتَ فَأَفْطِرْ

حضرت حمزہ بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی: میں لگاتار روزے رکھتا ہوں تو کیا میں سفر میں روزہ رکھوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر تُو چاہے تو رکھ' اگر چاہے تو نہ رکھ۔

**2907** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَرَّادٍ الْاَشْعَرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيسَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَمْرٍو اَنَّهُ سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّوْمِ فِي السَّفَرِ، فَقَالَ: اِنْ شِئْتَ فَصُمْ، وَاِنْ شِئْتَ فَاَفْطِرْ

حضرت حمزہ بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ سے عرض کی: میں لگاتار روزے رکھتا ہوں تو کیا میں سفر میں روزہ رکھوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر تُو چاہے تو رکھ اگر چاہے تو نہ رکھ۔

**2908** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَاطِبٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَمْرٍو الْاَسْلَمِيِّ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اِنِّي اَقْوَى عَلَى الصِّيَامِ. قَالَ: اِنْ قَوِيتَ فَاَنْتَ وَذَاكَ

حضرت حمزہ بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں روزہ رکھنے کی طاقت رکھتا ہوں؟ آپ نے فرمایا: اگر تُو طاقت رکھتا ہے تو رکھ۔

**2909** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَبْدُ الْقُدُّوسِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَطَّارُ الْحَبْحَابِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ، ثنا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ اَنَّ حَمْزَةَ بْنَ عَمْرٍو الْاَسْلَمِيَّ سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّوْمِ فِي السَّفَرِ، فَقَالَ: صُمْ اِنْ شِئْتَ، وَاَفْطِرْ اِنْ شِئْتَ

حضرت حمزہ بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ سے عرض کی: میں لگاتار روزے رکھتا ہوں تو کیا میں سفر میں روزہ رکھوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر تُو چاہے تو رکھ اگر چاہے تو نہ رکھ۔

**2910** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ

حضرت حمزہ اسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے سفر میں روزہ رکھنے



---

2910- أخرجه مسلم في صحيحه جلد2 صفحه790 رقم الحديث: 1121' والنسائي في سننه (المجتبى) جلد 4 صفحه186 رقم الحديث: 2303 كلاهما عن عروة عن أبي المرواح عن حزة بن عمرو به .

الْحَارِثِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ اَبِى الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِى مُرَاوِحٍ، عَنْ حَمْزَةَ الْاَسْلَمِيِّ اَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ بِى قُوَّةً لِلصِّيَامِ فِى السَّفَرِ، فَهَلْ عَلَيَّ جُنَاحٌ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هِيَ رُخْصَةٌ مِنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، مَنْ شَاءَ اَخَذَ بِهَا فَحَسَنٌ، وَمَنْ اَحَبَّ اَنْ يَصُومَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ

کی طاقت ہے‘ تو کیا سفر میں روزے رکھنے میں مجھ پر کوئی گناہ ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ اللہ کی طرف سے رخصت ہے‘ جو عمل کرے تو اچھا ہے جو روزہ رکھنا پسند کرتا ہے تو اس پر کوئی گناہ نہیں ہے۔

## سُلَيْمَانُ بْنُ يَسَارٍ عَنْ حَمْزَةَ

## حضرت سلیمان بن یسار‘ حضرت حمزہ سے روایت کرتے ہیں

**2911** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ اَنَّ حَمْزَةَ بْنَ عَمْرٍو الْاَسْلَمِيَّ سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّوْمِ فِى السَّفَرِ، فَقَالَ: اِنْ شِئْتَ فَصُمْ، وَاِنْ شِئْتَ فَاَفْطِرْ

حضرت حمزہ بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی: کیا میں سفر میں روزہ رکھوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر تُو چاہے تو رکھ‘ اگر چاہے تو نہ رکھ۔

**2912** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا سَلْمُ بْنُ جُنَادَةَ، ثنا وَكِيعٌ، ثنا هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ حَمْزَةَ الْاَسْلَمِيِّ اَنَّهُ سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّوْمِ فِى السَّفَرِ، فَقَالَ: اَنْتَ بِالْخِيَارِ، اِنْ شِئْتَ صُمْ، وَاِنْ شِئْتَ فَاَفْطِرْ

حضرت حمزہ بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی: کیا میں سفر میں روزہ رکھوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تجھے اختیار ہے اگر تُو چاہے تو رکھ‘ اگر چاہے تو نہ رکھ۔

**2913** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِى شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، ثنا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ اَنَّ

حضرت حمزہ بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی: کیا میں سفر میں روزہ رکھوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر تُو چاہے تو

حَمْزَةَ الْاَسْلَمِيَّ سَالَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّوْمِ فِي السَّفَرِ، فَقَالَ: اِنْ شِئْتَ صُمْتَ، وَاِنْ شِئْتَ اَفْطَرْتَ

رکھ اگر چاہے تو نہ رکھ۔

**2914** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا شُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى، ح وَحَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا اَبُو صَالِحٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، قَالَا: ثنا اللَّيْثُ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا اَبُو الْوَلِيدِ، ثنا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ اَنَّ حَمْزَةَ الْاَسْلَمِيَّ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنِّي اَجِدُ قُوَّةً عَلَى الصِّيَامِ فِي السَّفَرِ . فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنْ شِئْتَ فَصُمْ، وَاِنْ شِئْتَ فَاَفْطِرْ

حضرت حمزہ بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی: میں سفر میں روزے رکھنے کی قوت رکھتا ہوں تو کیا میں سفر میں روزہ رکھوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر تو چاہے تو رکھ اگر چاہے تو نہ رکھ۔

**2915** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا ابْنُ مُبَارَكٍ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ اَبِي اَنَسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سُلَيْمَانَ بْنَ يَسَارٍ، عَنْ حَمْزَةَ الْاَسْلَمِيِّ اَنَّهُ سَالَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّوْمِ فِي السَّفَرِ، فَقَالَ: اِنْ شِئْتَ فَصُمْ، وَاِنْ شِئْتَ فَاَفْطِرْ

حضرت حمزہ بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی: کیا میں سفر میں روزہ رکھوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر تو چاہے تو رکھ اگر چاہے تو نہ رکھ۔

**2916** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ حَمْزَةَ الْاَسْلَمِيِّ اَنَّهُ رَاَى رَجُلًا بِمِنًى يَطُوفُ عَلَى جَمَلٍ لَهُ آدَمَ يَقُولُ: لَا تَصُومُوا! هٰذِهِ الْاَيَّامَ،

حضرت حمزہ اسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک آدمی کو منیٰ میں دیکھا کہ وہ اپنے اونٹ پر طواف کر رہا تھا اور کہہ رہا تھا: ان دنوں روزے نہ رکھو کیونکہ یہ دن کھانے اور پینے کے ہیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے درمیان تھے۔

فَاِنَّهَا اَيَّامُ اَكْلٍ وَشُرْبٍ ، وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ اَظْهُرِهِمْ

## اَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَمْرٍو

## حضرت ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن‘ حضرت حمزہ اسلمی سے روایت کرتے ہیں

2917 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِى حَبِيبٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ اَبِى اَنَسٍ، عَنْ اَبِى سَلَمَةَ، عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَمْرٍو الْاَسْلَمِيِّ اَنَّهُ سَاَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصِّيَامِ فِي السَّفَرِ، فَقَالَ: اَيُّ ذَلِكَ اَيْسَرُ عَلَيْكَ فَافْعَلْ

حضرت حمزہ اسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سفر میں روزہ رکھنے کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا: جو آسانی سے رکھ سکتا ہو‘ وہ رکھے۔

2918 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَعْمَرِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ الْبَكْرِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ رَاشِدٍ النَّصْرِيُّ، عَنْ اَبِى سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَمْرٍو الْاَسْلَمِيِّ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِلْاَسْلَمِيِّينَ: ارْمُوا يَا بَنِى اِسْمَاعِيلَ، فَاِنَّ اَبَاكُمْ كَانَ رَامِيًا . قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاَنَا مَعَ مِحْجَنِ بْنِ الْاَذْرَعِ . فَاَمْسَكَ الْقَوْمُ، قَالَ: مَا لَكُمْ؟ قَالُوا: مَنْ كُنْتَ مَعَهُ فَقَدْ غَلَبَ . قَالَ: فَارْمُوا وَاَنَا مَعَكُمْ كُلِّكُمْ

حضرت حمزہ بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اسلمین کیلئے اے بنی اسماعیل! تیراندازی کرو کیونکہ تمہارے والد گرامی تیراندازی کرتے تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں محجن بن اذرع کے ساتھ ہوں‘ دوسری طرف والے (تیراندازی کرنے سے) روکے گئے تو آپ نے فرمایا: تمہیں کیا ہوا ہے؟ اُنہوں نے عرض کی: جس کے ساتھ آپ ہیں‘ وہ غالب آ گئی ہے‘ آپ نے فرمایا: تم سب تیراندازی کرو‘ میں تم سب کے ساتھ ہوں۔

## مُحَمَّدُ بْنُ حَمْزَةَ

## حضرت محمد بن حمزہ بن عمرو

# بْنِ عَمْرٍو الْاَسْلَمِيُّ عَنْ اَبِيهِ

# اسلمی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

**2919** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، عَنْ عَبْدُ اللّٰهِ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْقَطَّانُ الْمِصْرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالُوا: ثنا الْمُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحِزَامِيُّ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ حَمْزَةَ بْنِ عَمْرٍو الْاَسْلَمِيَّ اَخْبَرَهُ، اَنَّ اَبَاهُ اَخْبَرَهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَّرَهُ عَلَى سَرِيَّةٍ، قَالَ: فَخَرَجْتُ فِيهَا، فَقَالَ: اِنْ اَخَذْتُمْ فُلَانًا فَاَحْرِقُوهُ بِالنَّارِ . فَلَمَّا وَلَّيْتُ نَادَانِي، فَقَالَ: اِنْ اَخَذْتُمُوهُ فَاقْتُلُوهُ، فَاِنَّهُ لَا يُعَذِّبُ بِالنَّارِ اِلَّا رَبُّ النَّارِ . وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ سَعِيدِ بْنِ مَنْصُورٍ

حضرت حمزہ بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے انہیں ایک چھوٹے قافلے پر امیر مقرر کیا' میں بھی ان میں نکلا' آپ نے فرمایا: اگر تم فلاں کو پکڑو تو اس کو آگ میں جلاؤ۔ جب میں پلٹا تو آپ نے مجھے آواز دی' فرمایا: اگر تم فلاں کو پکڑو تو اسے قتل کرو کیونکہ آگ کا عذاب دینا رب تعالیٰ کے علاوہ کسی کے لیے جائز نہیں ہے۔ یہ الفاظ حدیث حضرت سعید بن منصور کے ہیں۔

**2920** - حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ حَمْزَةَ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمْزَةَ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ حَمْزَةَ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ حَمْزَةَ بْنِ عَمْرٍو الْاَسْلَمِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: اُنْفِرَ بِنَا وَنَحْنُ فِي سَفَرٍ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي لَيْلَةٍ ظَلْمَاءَ دَحِسَةٍ، فَاَضَاءَتْ اَصَابِعِي حَتَّى جَمَعُوا عَلَيْهَا ظَهْرَهُمْ وَمَا سَقَطَ مِنْ مَتَاعِهِمْ، وَاِنَّ اَصَابِعِي لَتُنِيرُ

حضرت حمزہ بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہمیں لے جایا گیا اس حال میں کہ ہم ایک سفر میں رسول کریم ﷺ کے ساتھ تھے' انتہائی کالی سیاہ رات میں تو میری انگلیاں روشن ہو گئیں یہاں تک کہ سارے ان پر جمع ہو گئے' جو ان کا سامان گرا تھا وہ بھی ان پر ظاہر ہو گیا جبکہ میری انگلیاں چمکتی رہیں۔

**2921** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نَصْرٍ الصَّائِغُ، ثنا

حضرت حمزہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

اِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمْزَةَ الزُّبَيْرِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ حَمْزَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا حَمْزَةُ بْنُ مَالِكِ بْنِ حَمْزَةَ الْمَدِينِيُّ، حَدَّثَنِي عَمِّي سُفْيَانُ بْنُ حَمْزَةَ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ حَمْزَةَ بْنِ عَمْرٍو الْاَسْلَمِيِّ، عَنْ اَبِيهِ حَمْزَةَ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: كَانَ طَعَامُ اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدُورُ عَلَى يَدَىْ اَصْحَابِهِ هٰذَا لَيْلَةً وَهٰذَا لَيْلَةً. قَالَ: فَدَارَ عَلَيَّ لَيْلَةً، فَصَنَعْتُ طَعَامَ اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَتَرَكْتُ النِّحْيَ وَلَمْ اُوكِهِ، وَذَهَبْتُ بِالطَّعَامِ اِلَيْهِ، فَتَحَرَّكَ فَاُهْرِيقَ مَا فِيهِ، فَقُلْتُ: اَعَلَى يَدِي اُهْرِيقَ طَعَامُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَدْنِهِ. فَقُلْتُ: لَا اَسْتَطِيعُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَرَجَعْتُ مَكَانِي، فَاِذَا النِّحْيُ يَقُولُ: قَبْ قَبْ، فَقُلْتُ: مَهْ، قَدْ اُهْرِيقَتْ فَضْلَةٌ فَضَلَتْ فِيهِ، فَجِئْتُ اَنْظُرُ فِيهِ فَوَجَدْتُهُ قَدْ مُلِءَ اِلَى ثَدْيَيْهِ، فَاجْتَذَبْتُهُ، وَجِئْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ: اَلَا اِنَّكَ لَوْ تَرَكْتَهُ لَمُلِءَ اِلَى فِيهِ ثُمَّ اُوكِءَ

(ہجرت کے بعد) رسول کریم ﷺ کے صحابہ کا کھانا‘ دیگر صحابہ کے ہاتھوں گھومتا تھا‘ ایک رات‘ ایک کے گھر اور دوسری رات دوسرے کے گھر ہوتا تھا۔ راوی کا بیان ہے: گھومتا ہوا ایک رات میرے گھر آ گیا‘ پس میں نے رسول کریم ﷺ کے صحابہ کا کھانا پکایا لیکن اتفاق سے میں نے مشکیزے کو یوں ہی چھوڑ دیا‘ اس کا منہ بند نہیں کیا‘ میں کھانا لے کر آپ ﷺ کی بارگاہ میں آیا‘ پس وہ ہلا تو جو کچھ اس میں تھا وہ نکل کر گر گیا‘ پس میں نے کہا: کیا میرے ہاتھ پر رسول کریم ﷺ کا کھانا گر گیا ہے؟ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: قریب ہو! میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! طاقت نہیں ہے‘ پس میں اپنی جگہ لوٹا جبکہ مشکیزے سے قب قب کی آواز نکال رہی تھی‘ میں نے کہا: ٹھہر! پس جو کچھ اس میں باقی تھا‘ وہ بھی نکل کر بہہ گیا‘ پس میں آیا تاکہ اس میں دیکھوں تو میں نے اسے پایا کہ وہ آدھے سے زیادہ (سینے تک) بھر چکا ہے‘ میں نے اسے پکڑ کر کھینچا اور رسول کریم ﷺ کو آ کر خبر دی‘ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر تُو اسے چھوٹ دیتا تو منہ تک بھر جاتا‘ پھر اس کا منہ باندھ دیتا۔

**2922** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ يَزِيدَ اَبُو خَالِدٍ الْخُزَاعِيُّ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَمْزَةَ بْنِ عَمْرٍو الْاَسْلَمِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى غَزْوَةِ تَبُوكَ،

حضرت حمزہ بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم ﷺ غزوۂ تبوک کی طرف تشریف لے چلے‘ اس سفر میں آپ کی خدمت کی ڈیوٹی میری تھی‘ پس میں نے گھی کے مشکیزے کی طرف دیکھا‘ اس میں گھی کم ہو چکا ہے‘ میں نے رسول کریم ﷺ کے لیے

وَكُنْتُ عَلَى خِدْمَتِهِ ذَلِكَ السَّفَرَ، فَنَظَرْتُ إِلَى نِحْيِ السَّمْنِ قَدْ قَلَّ مَا فِيهِ، وهَيَّأْتُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامًا، فَوَضَعْتُ النِّحْيَ فِي الشَّمْسِ وَنِمْتُ، فَانْتَبَهْتُ بِخَرِيرِ النِّحْيِ، فَقُمْتُ فَأَخَذْتُ بِرَأْسِهِ بِيَدِي، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَآنِي: لَوْ تَرَكْتَهُ لَسَالَ وَادِيًا سَمْنًا

کھانا تیار کیا اور اس مشکیزے کو دھوپ میں رکھ کر خود سو گیا، پس میں مشکیزے کے خراٹوں کی آواز سے بیدار ہوا، پس میں نے اُٹھ کر اس کے اوپر سے اپنے ہاتھ کے ساتھ پکڑا تو رسول کریم ﷺ نے مجھے دیکھ کر فرمایا: اگر تو اسے چھوڑ دیتا تو پوری وادی گھی سے بہہ جاتی۔

**2923** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ الطَّحَّانُ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ حَمْزَةَ بْنِ عَمْرٍو الْأَسْلَمِيَّ حَدَّثَهُ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَاهُ حَمْزَةَ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فِي ظَهْرِ كُلِّ بَعِيرٍ شَيْطَانٌ، فَإِذَا رَكِبْتُمُوهَا فَسَمُّوا اللّٰهَ، ثُمَّ لَا تُقَصِّرُوا عَنْ حَاجَتِكُمْ

حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر اونٹ کی پشت پر شیطان ہوتا ہے، جب تم اس پر سوار ہو تو اللہ کا نام لو، پھر تم اپنی ضرورتوں سے کوتاہی نہیں کرو گے، یعنی تمہارا کام ضرور ہوگا۔

**2924** - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ الْمَدَنِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ حَمْزَةَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ حَمْزَةَ بْنِ عَمْرٍو الْأَسْلَمِيَّ يَذْكُرُ أَنَّ أَبَاهُ أَخْبَرَهُ عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي صَاحِبُ ظَهْرٍ أُعَالِجُهُ أُسَافِرُ عَلَيْهِ وَأُكْرِيهِ، وَإِنَّهُ رُبَّمَا صَادَفَنِي هَذَا الشَّهْرُ - يَعْنِي رَمَضَانَ - وَأَنَا أَجِدُ الْقُوَّةَ وَأَنَا شَابٌّ، فَأَجِدُ أَنْ أَصُومَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَهْوَنُ عَلَيَّ مِنْ أَنْ أُؤَخِّرَهُ، فَيَكُونَ دَيْنًا عَلَيَّ، أَفَأَصُومُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَعْظَمُ

حضرت حمزہ بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں سفر میں رہتا ہوں، بسا اوقات حالتِ سفر میں رمضان کا مہینہ پاتا ہوں، میں نوجوان اور طاقتور ہوں، یا رسول اللہ! میں چاہتا ہوں کہ روزہ قضاء کرنے کے بجائے میں روزہ رکھ لوں، یارسول اللہ! کیا روزہ رکھنا زیادہ ثواب ہے یا نہ رکھنا؟ آپ نے فرمایا: اے حمزہ! اگر تو چاہتا ہے تو روزہ رکھ۔



---

2923- أخرجه ابن حبان في صحيحه جلد 4 صفحه 602 رقم الحديث: 1703، جلد 6 صفحه 411 رقم الحديث: 2694، وأحمد في مسنده جلد 3 صفحه 494، والحاكم في مستدركه جلد 1 صفحه 612 رقم الحديث: 1626 كلهم عن أسامة بن زيد عن محمد بن حمزة بن عمرو عن أبيه به .

لِاَجْرِی اَمْ اُفْطِرُ؟ فَقَالَ: اَیَّ ذٰلِكَ شِئْتَ یَا حَمْزَةُ

**2925** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِیمَ الدَّبَرِیُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ، عَنْ اَبِی الزِّنَادِ، اَخْبَرَنِی حَنْظَلَةُ الْاَسْلَمِیُّ اَنَّ حَمْزَةَ بْنَ عَمْرٍو الْاَسْلَمِیَّ صَاحِبَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَهُ وَرَهْطًا مَعَهُ سَرِیَّةً اِلَی رَجُلٍ مِنْ عَدُوِّهِ، فَقَالَ: اِنْ قَدَرْتُمْ عَلَی فُلَانٍ فَاَحْرِقُوهُ بِالنَّارِ . فَانْطَلَقُوا، حَتَّی اِذَا تَوَارَوْا مِنْهُ نَادَاهُمْ، فَاَرْسَلَ فِی آثَارِهِمْ فَرَدُّوهُمْ، ثُمَّ قَالَ: اِنْ اَنْتُمْ قَدَرْتُمْ عَلَیْهِ فَاقْتُلُوهُ، وَلَا تُحْرِقُوهُ بِالنَّارِ؛ فَاِنَّهُ لَا یُعَذِّبُ بِالنَّارِ اِلَّا رَبُّ النَّارِ

حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ صحابیٔ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیان کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک لشکر دشمنوں کی طرف بھیجا' آپ نے فرمایا: اگر تم فلاں کو پکڑو تو اس کو آگ میں جلاؤ۔ وہ چلے' جب وہ آگے ہوئے تو ان کی نظروں سے اوجھل ہوئے تو ان کے پیچھے کسی کو بلانے کے لیے بھیجا' ان کو واپس لایا گیا تو آپ نے فرمایا: اگر فلاں کو پکڑو تو اسے قتل کرو' اسے آگ میں نہ جلانا کیونکہ آگ کا عذاب دینا اللہ کی شان ہے۔

**2926** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ مُوسَی الْاَنْصَارِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَیْلٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِیُّ، ثنا عَلِیُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ سَالِمٍ، ثنا عَبْدُ الرَّحِیمِ بْنُ سُلَیْمَانَ، عَنْ اَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ، عَنْ اَبِی الْاَشْعَثِ الْعَطَّارِ، عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَمْرٍو الْاَسْلَمِیِّ، قَالَ: سَاَلْتُهُ عَنِ الصِّیَامِ فِی السَّفَرِ، قَالَ: كُنَّا نَصُومُ وَنُفْطِرُ، وَلَا یَعِیبُ الْمُفْطِرُ عَلَی الصَّائِمِ، وَلَا الصَّائِمُ عَلَی الْمُفْطِرِ

حضرت حمزہ اسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے سفر میں روزے رکھنے کے متعلق پوچھا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہم روزہ رکھتے بھی ہیں اور نہیں بھی رکھتے' روزہ نہ رکھنے والا روزہ رکھنے والے پر کوئی اعتراض نہیں کرتا تھا' اور روزہ رکھنے والا نہ رکھنے والے پر اعتراض نہیں کرتا تھا۔

**2927** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ، ثنا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، ثنا شَرِیكٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: اَكَلْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

حضرت حمزہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ کھانا کھا رہا تھا' آپ نے فرمایا: اپنے دائیں ہاتھ سے کھاؤ اور اپنے سامنے سے کھاؤ اور اللہ کا نام لو۔ حضرت حضرمی فرماتے ہیں: میں



2927- أخرج نحوه الترمذی جلد 4صفحه288 رقم الحدیث: 1857 عن هشام بن عروة عن أبیه عن عمر بن أبی سلمة

طَعَامًا، فَقَالَ: كُلْ بِيَمِينِكَ، وَكُلْ مِمَّا يَلِيكَ، وَاذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ . قَالَ الْحَضْرَمِيُّ: سَمِعْتُ مِنْجَابَ بْنَ الْحَارِثِ يَقُولُ: هٰذَا خَطَأٌ أَخْطَأَ فِيهِ شَرِيكٌ، أَخْبَرَنَا بِهِ عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ . حَمْزَةُ بْنُ عَمْرٍو، وَلَيْسَ بِصَحِيحٍ، أَخْطَأَ فِيهِ شَرِيكٌ

نے منجاب بن حارث کو فرماتے ہوئے سنا: اس میں شریک نے غلطی کی ہے' ہمیں علی بن مسہر نے حضرت ہشام بن عروہ کے حوالے سے بتایا' اُنہوں نے اپنے والد سے' اُنہوں نے عمرو بن ابوسلمہ سے' اُنہوں نے حضور ﷺ سے اس کی مثل' یعنی حمزہ بن عمرو کی' یہ صحیح نہیں ہے' شریک نے اس میں غلطی کی ہے۔

## حُذَيْفَةُ بْنُ الْيَمَانِ، يُكْنَى أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ الْعَبْسِيُّ

## حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ' آپ کی کنیت ابوعبداللہ عبسی رضی اللہ عنہ ہے

**2928** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عِقَالٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا زُهَيْرٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ جَامِعٍ الْأَرْحَبِيِّ، قَالَ: أَتَيْتُ أَنَا وَصَاحِبٌ لِي حُذَيْفَةَ بْنَ الْيَمَانِ، فَقُلْنَا: يَا أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت جامع ارحبی فرماتے ہیں کہ میں اور میرے ساتھی حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ آئے' ہم نے کہا: اے ابوعبداللہ!

**2929** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ أَنَّ حُذَيْفَةَ كَانَ أَحَدَ بَنِي عَبْسٍ، وَكَانَ عِدَادُهُ فِي الْأَنْصَارِ

حضرت زہری فرماتے ہیں کہ حضرت حذیفہ بنی عبس میں سے ایک تھے' لیکن ان کا شمار انصار میں ہوتا تھا۔

**2930** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا أَبِي، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ مُصْعَبِ

حضرت مصعب بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حذیفہ اور ان کے والد جس وقت یہ مشرک تھے' بدر سے پہلے ان کو پکڑا اور انہیں قتل کرنے کا ارادہ کیا' ان

بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: اَخَذَ حُذَيْفَةَ وَاَبَاهُ الْمُشْرِكُونَ قَبْلَ بَدْرٍ، فَاَرَادُوا اَنْ يَقْتُلُوهُمْ، وَاَخَذُوا عَلَيْهِمْ عَهْدًا وَمِيثَاقًا اَنْ لَا يُعِينُوا عَلَيْنَا، فَاَرْسَلُوهُمَا، فَاَتَيَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَا: اِنَّا قَدْ جَعَلْنَا لَهُمْ اَنْ لَا نُعِينَ عَلَيْهِمْ، فَاِنْ شِئْتَ قَاتَلْنَا مَعَكَ. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَلْ نَفِي لَهُمْ، وَنَسْتَعِينُ اللّٰهَ عَلَيْهِمْ

سے وعدہ اور معاہدہ لیا کہ ہم ان کی مدد آپ کے مقابلہ میں نہیں کریں گے' دونوں کو چھوڑا' دونوں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے' دونوں نے عرض کی: ہم نے ان سے وعدہ لیا ہے کہ ہم ان کی مدد نہیں کریں گے' اگر آپ چاہیں تو ہم آپ کے ساتھ لڑیں گے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہم ان سے برأت کا اظہار کرتے ہیں' ہم اللہ عزوجل سے ان پر مدد طلب کرتے ہیں۔

**2931** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيمٍ، ثنا شُرَيْحُ بْنُ مَسْلَمَةَ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ يُوسُفَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ اَنَّهُ اَقْبَلَ حُذَيْفَةُ وَاَبُوهُ يَوْمَ بَدْرٍ، فَلَقِيَهُمْ اَبُو جَهْلٍ وَاَصْحَابُهُ، فَقَالُوا لَهُمَا: لَعَلَّكُمَا تُرِيدَانِ مُحَمَّدًا. قَالَا: قُلْنَا: لَا. قَالَ: فَاَخَذَ عَلَيْنَا اَنْ لَا نُعِينَ عَلَيْهِمْ، فَلَمَّا اَتَيْنَا النَّبِيَّ عَلَيْهِ السَّلَامُ ذَكَرْنَا ذٰلِكَ لَهُ، وَقُلْنَا: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، اِنَّ الْقَوْمَ قَدْ اَخَذُوا عَلَيْنَا، وَاِنْ اَمَرْتَنَا اَنْ نُقَاتِلَ مَعَكَ فَعَلْنَا. فَقَالَ: بَلْ نَسْتَعِينُ اللّٰهَ وَنَفِي لَهُمْ

حضرت عامر بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حذیفہ اور ان کے والد بدر کے دن آئے' ان کو ابوجہل اور اس کے ساتھی ملے' ان دونوں کو کہا: تم دونوں محمد کو چاہتے ہو؟ ہم نے کہا: نہیں! ابوحذیفہ نے کہا: ہم سے معاہدہ لیا ہے کہ ہم ان کی مدد نہ کریں' ان کے علاوہ پر۔ ہم دونوں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے' ہم نے اس کا ذکر کیا' ہم نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! قوم نے ہم سے وعدہ لیا ہے اگرچہ آپ ہمیں حکم دیں کہ ہم آپ کی معیت میں لڑیں' تو ہم کیا کریں؟ آپ نے فرمایا: بلکہ ہم اللہ سے مدد مانگتے ہیں' ان سے برأت کا اعلان کرتے ہیں۔

**2932** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا اَبُو خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمَرْزُبَانِ اَبِي سَعْدٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ حُذَيْفَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَهُ يَوْمَ الْاَحْزَابِ سَرِيَّةً وَحْدَهُ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جنگ احزاب کے دن ایک سریہ بھیجا۔

**2933** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثنا اَبُو

حضرت ساعدہ بن حذیفہ فرماتے ہیں کہ کوئی دن

كُرَيْبٍ، ثنا عُمَرُ بْنُ بَزِيغٍ، ثنا الْحَارِثُ بْنُ الْحَجَّاجِ، عَنْ اَبِى مَعْمَرٍ التَّيْمِيِّ، عَنْ سَاعِدَةَ بْنِ حُذَيْفَةَ اَنَّ حُذَيْفَةَ كَانَ يَقُولُ: مَا مِنْ يَوْمٍ اَقَرَّ لِعَيْنِى وَلَا اَحَبَّ لِنَفْسِى مِنْ يَوْمٍ آتِى اَهْلِى فَلَا اَجِدُ عِنْدَهُمْ طَعَامًا، وَيَقُولُونَ: مَا نَقْدِرُ عَلَى قَلِيلٍ وَلَا كَثِيرٍ . وَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ اللّٰهَ اَشَدُّ حِمْيَةً لِلْمُؤْمِنِ مِنَ الدُّنْيَا مِنَ الْمَرِيضِ اَهْلُهُ مِنَ الطَّعَامِ، وَاللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اَشَدُّ تَعَاهُدًا لِلْمُؤْمِنِ بِالْبَلَاءِ مِنَ الْوَالِدِ لِوَلَدِهِ بِالْخَيْرِ

ایسا نہیں ہے کہ میری آنکھ ٹھنڈی ہو اور نہ ہی کوئی دن مجھے اپنی ذات کے لیے پسند ہے اس دن سے کہ کوئی اپنے گھر والوں کے پاس آؤں اور ان کے پاس کھانا نہ پاؤں' وہ کہیں: ہم نہ تھوڑے پر نہ زیادہ پر قدرت رکھتے ہیں۔ اور کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اللہ حفاظت فرماتا ہے مؤمن کی' دنیا سے جتنی مریض کے گھر والے کھانے سے اس کی حفاظت کرتے ہیں' اللہ عزوجل مؤمن کی آزمائش کے وقت زیادہ حفاظت فرماتا ہے جیسے اولاد کے لیے ماں باپ بھلائی کی چیز طلب کرتے ہیں' اس سے زیادہ حفاظت کرتا ہے۔

**2934** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِى شَيْبَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، عَنْ شَيْبَانَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ خَيْثَمَةَ، عَنْ فُلْفُلَةَ الْجُعْفِيِّ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: وَاللّٰهِ لَوْ شِئْتُ لَحَدَّثْتُكُمْ اَلْفَ كَلِمَةٍ تُحِبُّونِى عَلَيْهَا اَوْ تُتَابِعُونِى وَتُصَدِّقُونِى بِرًّا مِنَ اللّٰهِ وَرَسُولِهِ، وَلَوْ شِئْتُ لَحَدَّثْتُكُمْ اَلْفَ كَلِمَةٍ تُبْغِضُونِى عَلَيْهَا وَتُجَانِبُونِى وَتُكَذِّبُونِى

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ کی قسم! اگر میں چاہوں تو تمہیں ایک ہزار کلمہ بتاؤں کہ تم مجھ سے محبت کرو یا میری اتباع کرو اور اللہ اور اس کے رسول کی تصدیق کرو' اگر میں چاہوں تو تمہیں ایک ہزار کلمہ بتاؤں کہ تم مجھ سے بغض رکھو اور کنارہ کشی کرو اور مجھے جھٹلاؤ۔

**2935** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمَسْرُوقِيُّ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْجُعْفِيُّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ اَبِى اِسْحَاقَ السَّبِيعِيِّ، عَنْ صِلَةَ بْنِ زُفَرَ، قَالَ: بَعَثَ حُذَيْفَةُ مَنْ يَبْتَاعُ لَهُ كَفَنًا، فَابْتَاعُوا لَهُ كَفَنًا بِثَلَاثَةِ دَرَاهِمَ، فَقَالَ حُذَيْفَةُ: لَيْسَ اُرِيدُ هَذَا،

حضرت صلہ بن زفر فرماتے ہیں کہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے بھیجا کہ کون ہمارے لیے کفن خریدے گا' ہم نے آپ کے لیے تین درہم کا کفن خریدا' حضرت حذیفہ نے فرمایا: میری یہ مراد نہیں ہے بلکہ دو سفید اچھی چادریں خریدو۔

وَلٰكِنِ ابْتَاعُوا رَيْطَتَيْنِ بَيْضَاوَيْنِ حَسَنَتَيْنِ

**2936** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ اَنَّ صِلَةَ بْنَ زُفَرَ حَدَّثَهُ اَنَّ حُذَيْفَةَ بْنَ الْيَمَانِ كُفِّنَ فِي ثَوْبَيْنِ. قَالَ: بَعَثَنِي وَاَبَا مَسْعُودٍ، فَابْتَعْنَا لَهُ كَفَنًا حُلَّةَ عَصْبٍ بِثَلَاثِ مِائَةِ دِرْهَمٍ، فَقَالَ: اَرِيَانِي مَا ابْتَعْتُمَا لِي . فَاَرَيْنَاهُ، فَقَالَ: مَا هٰذَا لِي بِكَفَنٍ، اِنَّمَا يَكْفِينِي رَيْطَتَانِ بَيْضَاوَانِ لَيْسَ مَعَهُمَا قَمِيصٌ، وَاِنِّي لَا اَتْرُكُ اِلَّا قَلِيلًا حَتّٰى اَنَالَ خَيْرًا مِنْهُمَا اَوْ شَرًّا مِنْهُمَا . فَابْتَعْنَا لَهُ رَيْطَتَيْنِ بَيْضَاوَيْنِ

حضرت صلہ بن زفر فرماتے ہیں کہ حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ کو تین کپڑوں میں کفن دیا گیا' مجھے اور ابومسعود کو بھیجا' ہم نے آپ کے لیے تین سو درہم کا حُلّہ کفن کے لیے خریدا' آپ نے فرمایا: مجھے دکھاؤ کہ تم دونوں نے میرے لیے کتنے کا خریدا ہے؟ ہم نے دکھایا تو آپ نے فرمایا: یہ میرے لیے کفن نہیں' میرے لیے دو سفید چادریں ہوں' ان میں قمیص نہ ہو' میں تھوڑا چھوڑ کر جا رہا ہوں' میں ان دونوں سے بھلائی یا بُرائی پاؤں گا' ہم نے آپ کے لیے دو سفید چادریں خریدیں۔

**2937** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ عَبْدِ الْوَارِثِ، ثنا اَبِي، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّزَّالَ بْنَ سَبْرَةَ قَالَ: سَاَلْنَا اَبَا مَسْعُودٍ مَا قَالَ حُذَيْفَةُ عِنْدَ الْمَوْتِ؟ قَالَ: قَالَ: نَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ صَبَاحٍ اِلَى النَّارِ، اشْتَرُوا لِي ثَوْبَيْنِ اَبْيَضَيْنِ فَكَفِّنُونِي فِيهِمَا، فَاِنَّهُمَا لَنْ يُتْرَكَا عَلَيَّ اِلَّا يَسِيرًا حَتّٰى اُكْسَى خَيْرًا مِنْهُمَا، اَوْ اُسْلَبَهُمَا سَلْبًا سَرِيعًا

حضرت نزال بن سبرہ فرماتے ہیں کہ ہم نے ابومسعود سے پوچھا: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے موت کے وقت کیا کہا؟ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضرت حذیفہ نے فرمایا: میں اللہ عزوجل کی جہنم کی آگ کی پناہ مانگتا ہوں' میرے لیے دو سفید کپڑے خریدو' مجھے ان دونوں میں کفن دو' دونوں میرے لیے چھوڑنا سوائے تھوڑے کے' یہاں تک کہ میں ان دونوں میں سے بہتر پہنوں یا دونوں جلدی اُتار دوں۔

**2938** - ثنا الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جُمَيْعٍ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: مَا مَنَعَنِي

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے بدر میں شریک ہونے سے کوئی رکاوٹ نہیں سوائے اس سے کہ مشرکوں نے ہم سے معاہدہ لیا' اس کے بعد



**2938**- أخرجه مسلم في صحيحه جلد 3 صفحه 1414 رقم الحديث: 1787' وأحمد في مسنده جلد 5 صفحه 395 رقم الحديث: 23402 كلاهما عن الوليد بن عبد الله بن جميع عن أبي الطفل عن حذيفة به .

اَنْ اَشْهَدَ بَدْرًا اِلَّا اَنَّ الْمُشْرِكِينَ اَخَذُوا عَلَيْنَا . فَذَكَرَ الْحَدِيثَ

حدیث ذکر کی۔

**2939** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، ثنا عُبَيْدَةُ بْنُ اَسْوَدَ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ: قُلْنَا: كَيْفَ اَصَابَ حُذَيْفَةُ مَا لَمْ يُصِبْ اَبُو بَكْرٍ وَلَا عُمَرُ؟ قَالَ صِلَةُ بْنُ زُفَرَ: قَدْ وَاللّٰهِ سَاَلْنَا حُذَيْفَةَ عَنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ: كُنْتُ اَمْشِي مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَسِيرٍ ذَاتَ لَيْلَةٍ، فَاَدْلَجْنَا دُلْجَةً، فَنَعَسَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى رَاحِلَتِهِ، فَقَالَ اُنَاسٌ: لَوْ دَفَعْنَاهُ السَّاعَةَ فَوَقَعَ فَانْدَقَّتْ عُنُقُهُ اسْتَرَحْنَا مِنْهُ . فَلَمَّا سَمِعْتُهُمْ تَقَدَّمْتُهُمْ، فَسِرْتُ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُمْ، فَجَعَلْتُ اَقْرَاُ سُورَةً مِنَ الْقُرْآنِ، فَاسْتَيْقَظَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَنْ هٰذَا؟ قُلْتُ: حُذَيْفَةُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ . قَالَ: اُدْنُ فَدَنَوْتُ، فَقَالَ: مَا سَمِعْتَ هٰؤُلَاءِ خَلْفَكَ مَا قَالُوا؟ قُلْتُ: بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ؛ وَلِذٰلِكَ سِرْتُ بَيْنَكَ وَبَيْنَهُمْ . قَالَ: اَمَا اِنَّهُمْ مُنَافِقُونَ، فُلَانٌ وَفُلَانٌ وَفُلَانٌ

حضرت شعبی فرماتے ہیں کہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے کیسے پالیا جو حضرت ابوبکر وعمر نے نہیں پایا؟ حضرت صلہ بن زفر فرماتے ہیں: اللہ کی قسم! ہم نے حضرت حذیفہ سے پوچھا' وہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ایک رات چل رہا تھا' ہم پر رات کا آخری حصہ آیا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سواری پر سو گئے' منافقوں نے کہا: اگر اس وقت اس پر حملہ کریں تو اس کی گردن اُڑا دیں' ہم اس سے راحت حاصل کریں' جب تم سنو تو تم آگے بڑھنا' میں ان کے اور ان کے درمیان چلا' میں قرآن کی سورت پڑھنے لگا' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اُٹھے آپ نے فرمایا: یہ کون ہے؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! حذیفہ ہوں! آپ نے فرمایا: قریب ہو! میں قریب ہوا تو آپ نے فرمایا: آپ نے سنا آپ کے پیچھے یہ کیا کہہ رہا تھا؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیوں نہیں! اس لیے میں ان کے اور آپ کے درمیان چلا' آپ نے فرمایا: یہ منافق ہیں فلاں' فلاں' فلاں۔

**2940** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْخُزَاعِيُّ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ قَالَ: خَيَّرَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْهِجْرَةَ وَالنُّصْرَةَ فَاخْتَرْتُ النُّصْرَةَ

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہجرت اور مدد کے لیے اختیار دیا تو میں نے مدد کو اختیار کیا۔

**2941** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بدر کے

حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ صِلَةَ بْنِ زُفَرَ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: اَخَذَنِي وَاَبِي الْمُشْرِكُونَ يَوْمَ بَدْرٍ، فَاَخَذُوا عَلَيْنَا عَهْدًا اَنْ لَا نُعِينَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرْنَا ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: فُوا لَهُمْ، وَنَسْتَعِينُ اللّٰهَ عَلَيْهِمْ

دن مشرکوں نے مجھے اور میرے باپ کو پکڑ لیا اور ہم سے وعدہ لیا کہ ہم رسول اللہ ﷺ کی مدد نہ کریں' ہم نے اس کا ذکر حضور ﷺ کے ہاں کیا' آپ نے فرمایا: یہ ان کے منہ کی بات ہے' ہم ان کے خلاف اللہ سے مدد طلب کرتے ہیں۔

**2942** - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ الْمِصْرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُكَيْرٍ، قَالَ: تُوُفِّيَ حُذَيْفَةُ بْنُ الْيَمَانِ سَنَةَ سِتٍّ وَثَلَاثِينَ

حضرت یحییٰ بن عبداللہ بن بکیر فرماتے ہیں کہ حضرت حذیفہ بن یمان نے 36 ہجری میں وصال پایا۔

**2943** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ: مَاتَ حُذَيْفَةُ سَنَةَ سِتٍّ وَثَلَاثِينَ .

حضرت محمد بن عبداللہ بن نمیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت حذیفہ کا وصال 36 ہجری میں ہوا۔

**2944** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُصَرِّفُ بْنُ عَمْرٍو الْيَامِيُّ، ثنا اَبُو اُسَامَةَ، ثنا مُجَالِدٌ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ صِلَةَ بْنِ زُفَرَ، قَالَ: قُلْنَا لِحُذَيْفَةَ: كَيْفَ عَرَفْتَ اَمْرَ الْمُنَافِقِينَ، وَلَمْ يَعْرِفْهُ اَحَدٌ مِنْ اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبُو بَكْرٍ وَلَا عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ؟ قَالَ: اِنِّي كُنْتُ اَسِيرُ خَلْفَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَامَ عَلَى رَاحِلَتِهِ، فَسَمِعْتُ نَاسًا مِنْهُمْ يَقُولُونَ: لَوْ طَرَحْنَاهُ عَنْ رَاحِلَتِهِ فَانْدَقَّتْ عُنُقُهُ، فَاسْتَرَحْنَا مِنْهُ. فَسِرْتُ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَهُ، وَجَعَلْتُ اَقْرَاُ وَاَرْفَعُ صَوْتِي، فَانْتَبَهَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَنْ هٰذَا؟ فَقُلْتُ: حُذَيْفَةُ. قَالَ: مَنْ هٰؤُلَاءِ؟

حضرت صلہ بن زفر فرماتے ہیں کہ ہم نے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ نے منافقوں کو کیسے جان لیا حالانکہ حضور ﷺ کے اصحاب میں سے حضرت ابوبکر اور حضرت عمر نے نہ جانا؟ حضرت حذیفہ فرماتے ہیں: میں رسول اللہ ﷺ سے پیچھے چل رہا تھا' آپ سواری پر سو گئے' میں نے کچھ لوگوں کو کہتے ہوئے سنا: اگر ہم اس کو سواری سے گرادیں تو یہ گردن کے بل گرے گا' ہم اس سے راحت حاصل کریں گے' میں ان کے اور آپ کے درمیان چلا' میں نے بلند آواز سے قرآن پڑھنا شروع کیا' حضور جاگ اُٹھے' آپ نے فرمایا: کون ہے؟ میں نے کہا: حذیفہ! آپ نے فرمایا: یہ کون ہیں؟ میں نے عرض کی: فلاں فلاں! میں نے ان

قُلْتُ: فُلَانٌ وَفُلَانٌ، حَتَّى عَدَدْتُهُمْ . قَالَ: اَوَسَمِعْتَ مَا قَالُوا؟ قُلْتُ: نَعَمْ؛ وَلِذَلِكَ سِرْتُ بَيْنَكَ وَبَيْنَهُمْ . قَالَ: فَإِنَّ هَؤُلَاءِ فُلَانًا وَفُلَانًا- حَتَّى عَدَّ اَسْمَاءَ هُمْ - مُنَافِقُونَ، لَا تُخْبِرَنَّ اَحَدًا

سب کو گنا' آپ نے فرمایا: کیا تم نے سنا کہ یہ کیا کہہ رہے تھے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! اسی لیے میں آپ کے اور ان کے درمیان چل رہا تھا۔ آپ نے فرمایا: یہ فلاں اور فلاں ہیں یہاں تک کہ آپ نے منافقوں کے نام شمار کیے' کسی کو نہ بتانا۔

## تَسْمِيَةُ اَصْحَابِ الْعَقَبَةِ

## اصحابِ عقبہ کے نام

**2945** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُصْعَبُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْوَاقِدِيُّ، عَنِ ابْنِ اَبِي حَبِيبَةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ الْحُصَيْنِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: كَانَ بَيْنَ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ وَوَدِيعَةَ بْنِ ثَابِتٍ كَلَامٌ، فَقَالَ وَدِيعَةُ لِعَمَّارٍ: إِنَّمَا اَنْتَ عَبْدُ اَبِي حُذَيْفَةَ بْنِ الْمُغِيرَةِ، مَا اَعْتَقَكَ بَعْدُ . قَالَ عَمَّارٌ: كَمْ كَانَ اَصْحَابُ الْعَقَبَةِ؟ فَقَالَ: اللّٰهُ اَعْلَمُ. قَالَ: اَخْبِرْنِي عَنْ عِلْمِكَ . فَسَكَتَ وَدِيعَةُ، فَقَالَ مَنْ حَضَرَهُ: اَخْبِرْهُ عَمَّا سَاَلَكَ، وَإِنَّمَا اَرَادَ عَمَّارٌ اَنْ يُخْبِرَهُ اَنَّهُ كَانَ فِيهِمْ، فَقَالَ: كُنَّا نَتَحَدَّثُ اَنَّهُمْ اَرْبَعَةَ عَشَرَ رَجُلًا . فَقَالَ عَمَّارٌ: فَإِنْ كُنْتَ فِيهِمْ فَإِنَّهُمْ خَمْسَةَ عَشَرَ . فَقَالَ وَدِيعَةُ: مَهْلًا يَا اَبَا الْيَقْظَانِ اَنْشُدُكَ اللّٰهَ اَنْ تَفْضَحَنِي . فَقَالَ عَمَّارٌ: وَاللّٰهِ مَا سَمَّيْتُ اَحَدًا وَلَا اُسَمِّيهِ اَبَدًا، وَلَكِنِّي اَشْهَدُ اَنَّ الْخَمْسَةَ عَشَرَ رَجُلًا اثْنَا عَشَرَ مِنْهُمْ حَرْبٌ لِلّٰهِ وَلِرَسُولِهِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا

حضرتِ عبدالرحمٰن بن جابر رضی اللہ عنہما اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمار بن یاسر اور ودیعہ بن ثابت کے درمیان گفتگو ہوئی' حضرت ودیعہ نے حضرت عمار سے کہا: آپ ابوحذیفہ بن مغیرہ کے غلام ہیں' آپ کو اس کے بعد کس نے آزاد کیا' حضرت عمار نے فرمایا: اصحابِ عقبہ کتنے تھے؟ ودیعہ نے کہا: اللہ زیادہ جانتا ہے۔ حضرت عمار نے فرمایا: اپنے علم کے مطابق بتائیں! ودیعہ خاموش رہے' تو عمار بولے: ان کے پاس کون آیا' جو اس نے تجھ سے سوال کیا' اس آدمی کی خبر دو۔ حضرت عمار کا ارادہ صرف یہ تھا کہ وہ کم از کم اتنی بات ہی بتا دے کہ وہ بھی ان میں تھا' تو اس نے کہا: وہ چودہ افراد تھے ہم گفتگو کر رہے تھے۔ حضرت عمار نے فرمایا: تو ان میں پندرھواں تھا' حضرت ودیعہ نے کہا: اے ابویقظان! چھوڑیں! اللہ کی قسم! آپ نے مجھے رسوا کیا۔ حضرت عمار نے فرمایا: اللہ کی قسم! میں نے کسی کا نام نہیں لیا اور نہ ہمیشہ کے لیے نام لوں گا لیکن میں

وَيَوْمَ يَقُومُ الْاَشْهَادُ

گواہی دیتا ہوں کہ وہ پندرہ افراد تھے' بارہ ان میں سے دنیا کی زندگی میں اللہ اور اس کے رسول سے لڑتے رہے اور اس دن جب قیامت قائم ہوگی۔

**2946** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الزُّبَيْرُ بْنُ بَكَّارٍ، قَالَ: تَسْمِيَةُ اَصْحَابِ الْعَقَبَةِ: مُعْتِبُ بْنُ قُشَيْرِ بْنِ مُلَيْلٍ مِنْ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ شَهِدَ بَدْرًا، وَهُوَ الَّذِي قَالَ: يَعِدُنَا مُحَمَّدٌ كُنُوزَ كِسْرَى وَقَيْصَرَ، وَاَحَدُنَا لَا يَاْمَنُ عَلَى خَلَائِهِ ۔ وَهُوَ الَّذِي قَالَ: لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَا قُتِلْنَا هَاهُنَا قَالَ الزُّبَيْرُ: وَهُوَ الَّذِي شَهِدَ عَلَيْهِ الزُّبَيْرُ بِهَذَا الْكَلَامِ ۔ وَدِيعَةُ بْنُ ثَابِتِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ وَهُوَ الَّذِي قَالَ: اِنَّمَا كُنَّا نَخُوضُ وَنَلْعَبُ، وَهُوَ الَّذِي قَالَ: مَالِي اَرَى قُرَّاءَنَا هَؤُلَاءِ اَرْغَبَنَا بُطُونًا وَاَجْبَنَنَا عِنْدَ اللِّقَاءِ ۔ وَجَدُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نَبِيلِ بْنِ الْحَارِثِ مِنْ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ، وَهُوَ الَّذِي قَالَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ: يَا مُحَمَّدُ، مَنْ هَذَا الْاَسْوَدُ كَثِيرٌ شَعْرُهُ، عَيْنَاهُ كَاَنَّهُمَا قِدْرَانِ مِنْ صُفْرٍ، يَنْظُرُ بِعَيْنَيْ شَيْطَانٍ، وَكَبِدُهُ كَبِدُ حِمَارٍ، يُخْبِرُ الْمُنَافِقِينَ بِخَبَرِكَ، وَهُوَ الْمُجْتَرُّ بِخُرْئِهِ؟ وَالْحَارِثُ بْنُ يَزِيدَ الطَّائِيُّ، حَلِيفٌ لِبَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ، وَهُوَ الَّذِي سَبَقَ اِلَى الْوَشَلِ الَّذِي نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَمَسَّهُ اَحَدٌ، فَاسْتَقَى مِنْهُ ۔ وَاَوْسُ بْنُ قَيْظِيٍّ، وَهُوَ مِنْ بَنِي حَارِثَةَ، وَهُوَ الَّذِي قَالَ: اِنَّ بُيُوتَنَا عَوْرَةٌ، وَهُوَ جَدُّ يَحْيَى بْنِ سَعِيدِ بْنِ قَيْسٍ،

حضرت زبیر بن بکار فرماتے ہیں کہ اصحاب عقبہ کے ناموں میں سے حضرت معتب بن قشیر بن ملیل عمرو بن عوف کے خاندان سے ہیں' بدر میں شریک ہوئے' یہ وہ ہیں جو فرماتے ہیں کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمارے لیے کسریٰ اور قیصر کے خزانوں کا وعدہ کیا' ہم میں سے کوئی بھی ان کے اکیلا ہونے پر مطمئن نہیں ہے' یہ وہی ہے جس نے اگر ہمارے لیے کچھ اختیار ہوتا تو ہم یہاں نہ مارے جاتے (گھروں سے ہی نہ نکلتے) حضرت زبیر اس گفتگو پر گواہ تھے۔ ودیعہ بن ثابت بن عمرو بن عوف' یہ وہ ہیں کہ جس نے کہا: ہم کھیل وکود کرتے' یہ وہ ہیں جو فرماتے ہیں: مجھے کیا ہے کہ میں اپنے ان قاریوں کو دیکھتا ہوں کہ خاندانی لحاظ سے تو ہمارے ہیں لیکن ہماری ملاقات کو پسند نہیں کرتے ہیں۔ جو ابن عبداللہ بن نبیل بن حارث بنی عمرو بن عوف سے' یہ وہ ہیں کہ حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کی: اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! یہ کون کالا ہے جس کے بال کثیر ہیں اور آنکھیں زرد ہیں' شیطان کی آنکھوں سے دیکھتا ہے' منافقوں کو آپ کی خبر دیتا ہے' جرأت کرتا ہے۔ حارث بن یزید الطائی' بنی عمرو بن عوف کے حلیف' یہ وہ ہیں کہ جس نے وشل کی طرف سبقت کی' جس کو چھونے سے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منع فرمایا' جو اسے چھوئے گا اسے قے آئے گی'

وَالْجَلَّاسُ بْنُ سُوَيْدِ بْنِ الصَّامِتِ، وَهُوَ مِنْ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ، وَبَلَغَنَا أَنَّهُ تَابَ بَعْدَ ذَلِكَ. وَسَعْدُ بْنُ زُرَارَةَ مِنْ بَنِي مَالِكِ بْنِ النَّجَّارِ، وَهُوَ الْمُدَخِّنُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ أَصْغَرَهُمْ سِنًّا وَأَخْبَثَهُمْ. وَقَيْسُ بْنُ قَهْدٍ مِنْ بَنِي مَالِكِ بْنِ النَّجَّارِ. وَسُوَيْدٌ وَدَاعِسٌ، وَهُمَا مِنْ بَنِي بَلْحُبْلَى وَهُمَا مِمَّنْ جَهَّزَ ابْنُ أُبَيٍّ فِي تَبُوكَ يُخَذِّلَانِ النَّاسَ. وَقَيْسُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سَهْلٍ، وَزَيْدُ بْنُ اللُّصَيْتِ، وَكَانَ مِنْ يَهُودِ قَيْنُقَاعَ، فَأَظْهَرَ الْإِسْلَامَ، وَفِيهِ غِشُّ الْيَهُودِ، وَنِفَاقُ مَنْ نَافَقَ. وَسَلَامَةُ بْنُ الْحُمَامِ، مِنْ بَنِي قَيْنُقَاعَ، فَأَظْهَرَ الْإِسْلَامَ

اوس بن قیظی بنی حارثہ کے' یہ وہ ہیں جنہوں نے کہا: ہمارے گھر میں پردہ ہے' یہ سعید بن قیس کے دادا ہیں اور جلاس بن سوید بن صامت' بنی عمرو بن عوف سے ہمیں معلوم ہوا کہ اُنہوں نے اس کے بعد توبہ کر لی تھی اور سعد بن زرارہ' بنی مالک بن نجار سے' یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خلاف مدد کرتا تھا' یہ سب لوگوں سے عمر میں چھوٹا تھا لیکن سب سے بُرا تھا۔ قیس بن قہد' بنی مالک بن نجار سے اور سوید اور داعس دونوں بنی بلحبلی' یہ دونوں وہ ہیں کہ ابن اُبی کو تبوک میں تیار کیا لوگوں کو ذلیل کرنے کے لیے۔ قیس بن عمرو بن سہل' زید بن لصیت' قینقاع کے یہود سے تھے' اسلام ظاہر کیا' یہودیوں کی سازش اور منافقوں کی منافقت تھی' بنی قینقاع سے سلامہ بن حمام' اُنہوں نے اسلام کا اظہار کیا۔

## وَمِنْ مُسْنَدِ حُذَيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

## حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی روایت کردہ احادیث

2947 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا الْأَعْمَشُ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَذَكَرَ الدَّجَّالَ: مَكْتُوبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ كَافِرٌ، يَقْرَؤُهُ كُلُّ مُسْلِمٍ

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اور آپ نے دجال کا ذکر کیا' فرمایا: دجال کی دونوں آنکھوں کے درمیان کافر لکھا ہوا ہے' جس کو ہر مسلمان پڑھے گا۔

2948 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

الْمُؤَدِّبُ، ثنا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ حُذَيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اُنْزِلَ الْقُرْآنُ عَلَى سَبْعَةِ اَحْرُفٍ

حضور ﷺ نے فرمایا: قرآن سات قراُتوں پر نازل ہوا ہے۔

**2949** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا يُونُسُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْعُمَيْرِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ مُسَاوِرٍ الْجَوْهَرِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَا: ثنا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ اَبِي الصَّلْتِ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّهَا سَتَكُونُ عَلَيْكُمْ اُمَرَاءُ يَكْذِبُونَ، فَمَنْ صَدَّقَهُمْ بِكَذِبِهِمْ، وَاَعَانَهُمْ عَلَى ظُلْمِهِمْ؛ فَلَيْسَ مِنِّي وَلَسْتُ مِنْهُ، وَمَنْ لَمْ يُصَدِّقْهُمْ بِكَذِبِهِمْ، وَلَمْ يُعِنْهُمْ عَلَى ظُلْمِهِمْ؛ فَهُوَ مِنِّي وَاَنَا مِنْهُ، وَسَيَرِدُ عَلَيَّ الْحَوْضَ غَدًا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عنقریب ایسے حکمران ہوں گے جو جھوٹ بولیں گے، جو ان کے جھوٹ کی تصدیق کرے گا اور ان کے ظلم پر ان کی مدد کرے گا، اُس کا تعلق مجھ سے نہیں اور وہ ہم میں سے نہیں ہے، جو ان کے جھوٹ کی تصدیق کرے اور ان کے ظلم پر ان کی مدد نہیں کریں گے وہ مجھ سے ہیں اور میں ان سے ہوں اور اگر اللہ نے چاہا تو کل ہمارے حوض پر آئیں گے، انشاء اللہ!

**2950** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا اَبِي، ثنا اَبُو قَطَنٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ حُذَيْفَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَتَّاتٌ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: چغل خور جنت میں داخل نہیں ہو گا۔

**2951** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں



---

2950- اخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد 1 صفحه 101 رقم الحديث: 105، والبخاري في صحيحه جلد 5 صفحه 2250 رقم الحديث: 5709 كلاهما عن ابراهيم عن همام عن حذيفة به .

شَيْبَةَ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، ثنا سَعْدٌ اَبُو غَيْلَانَ الشَّيْبَانِيُّ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ صِلَةَ بْنِ زُفَرَ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَيَدْخُلَنَّ الْجَنَّةَ الْفَاجِرُ فِي دِينِهِ، الْاَحْمَقُ فِي مَعِيشَتِهِ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَيَدْخُلَنَّ الْجَنَّةَ الَّذِي قَدْ مَحَشَتْهُ النَّارُ بِذَنْبِهِ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَيَغْفِرَنَّ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَغْفِرَةً يَتَطَاوَلُ لَهَا اِبْلِيسُ رَجَاءَ اَنْ تُصِيبَهُ

نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! فاجر آخرکار جنت میں داخل ہوگا' جو اپنی کمائی کے لحاظ سے احمق تھا' اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! اللہ عزوجل مؤمن کو جنت میں داخل کرے گا' بعد اس کے کہ وہ اپنے گناہوں کی وجہ سے دوزخ میں جل کر ان کا گوشت جل گیا ہوگا' اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! اللہ عزوجل قیامت کے دن بخشش عام کر دے گا' ابلیس بھی اس کے لیے اپنی گردن لمبی کرے گا' اس امید پر کہ اسے بھی مغفرت حاصل ہو جائے۔



**2952** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبِي ح، وَحَدَّثَنَا اَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنَا جَدِّي اَحْمَدُ بْنُ اَبِي شُعَيْبٍ قَالَا: ثنا مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ صِلَةَ بْنِ زُفَرَ، عَنْ حُذَيْفَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ قَذْفَ الْمُحْصَنَةِ يَهْدِمُ عَمَلَ مِائَةِ سَنَةٍ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پاک دامن پر تہمت لگانے سے ایک سال کی نیکیاں ختم ہو جاتی ہیں۔

**2953** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا جُمْهُورُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُجَالِدٍ، ثنا مُجَالِدٌ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، قَالَ: حَجَجْتُ مَعَ حُذَيْفَةَ، فَقَعَدَ اِلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، فَقَالَ عُمَرُ: يَا اَصْحَابَ مُحَمَّدٍ، اَيُّكُمْ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُ الْفِتْنَةَ؟ فَقَالَ حُذَيْفَةُ:

حضرت ربعی بن حراش فرماتے ہیں کہ میں حذیفہ کا حاجب تھا' وہ حضرت عمر کے ساتھ جا بیٹھے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اے اصحاب محمد! تم میں سے کس نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فتنوں کا ذکر کرتے ہوئے سنا؟ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا: میں بتاؤں گا! (حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے) فرمایا: آپ بڑے جری ہیں' آپ نے عرض کی: مجھ سے زیادہ جری تو وہ ہے

اَنَا. فَقَالَ عُمَرُ: اِنَّكَ لَجَرِیءٌ. قَالَ: اَجْرَاُ مِنِّی مَنْ کَتَمَ عِلْمًا. قَالَ عُمَرُ: فَكَيْفَ سَمِعْتَهُ؟ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ فِی مَالِ الرَّجُلِ فِتْنَةً، وَفِی زَوْجَتِهِ فِتْنَةً وَوَلَدِهِ. فَقَالَ عُمَرُ: لَمْ اَسْاَلْ عَنْ فِتْنَتِهِ الْخَاصَّةِ. فَقَالَ حُذَيْفَةُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَاْتِيكُمْ بَعْدِی فِتَنٌ كَمَوْجِ الْبَحْرِ يَدْفَعُ بَعْضُهَا بَعْضًا. فَرَفَعَ يَدَهُ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ لَا تُدْرِكْنِی. فَقَالَ حُذَيْفَةُ: يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ لَا تَخَفْ؛ اِنَّ بَيْنَكَ وَبَيْنَهَا بَابًا مُغْلَقًا. فَقَالَ عُمَرُ: اَفَتْحًا يُفْتَحُ الْبَابُ اَوْ كَسْرًا؟ قَالَ حُذَيْفَةُ: كَسْرًا، ثُمَّ لَا يُغْلَقُ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ. فَقَالَ عُمَرُ: ذَاكَ شَرٌّ عَلَى هٰذِهِ الْاُمَّةِ

جس نے علم کو چھپایا ہے۔ حضرت عمر نے فرمایا: تم نے کیسے سنا؟ عرض کی: میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: آدمی کے لیے فتنہ اس کے اہل خانہ اور اس کا مال ہوں گے۔ (حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے) فرمایا: میں نے خاص فتنے کے متعلق نہیں پوچھا، حضرت حذیفہ نے عرض کی: میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میرے بعد سمندر کی موجوں کی طرح فتنے آئیں گے جن میں سے بعض بعض کو روکیں گے، تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ہاتھ اُٹھا کر دعا کی: اے اللہ! وہ فتنے مجھے نہ پائیں! انہوں نے عرض کی: اے امیر المؤمنین! آپ کے اور اس (فتنہ) کے درمیان ایک بند دروازہ ہے۔ (حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے) فرمایا: مجھے اس دروازے کے متعلق بتائیں کہ وہ توڑا جائے گا یا کھولا جائے گا؟ (حضرت حذیفہ نے) کہا: بلکہ وہ سختی سے توڑا جائے گا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: پھر تو وہ قیامت تک بند نہیں ہوگا۔ پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ اس اُمت مرحومہ پر سب سے بُرا وقت ہوگا۔

**2954** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْعَبَّاسِ الرَّازِيُّ، وَعَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، قَالَا: ثنا عَبْدُ الْمُؤْمِنِ بْنُ عَلِيٍّ الزَّعْفَرَانِيُّ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ اَبِی خَالِدٍ الدَّالَانِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِی بُرْدَةَ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اُعْطِيتُ خَوَاتِمَ سُورَةِ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: سورۂ بقرہ کی آخری آیات عرش کے نیچے خزانہ سے لے کر عطا کی گئی ہیں۔

الْبَقَرَةِ مِنْ كَنْزٍ تَحْتَ الْعَرْشِ

**2955** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ح وَحَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ عَمْرٍو الْعُكْبَرِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَذُوعِيُّ، قَالَا: ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَرْعَرَةَ، قَالَا: ثنا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: قَرَأْتُ فِي كِتَابِ أَبِي بِخَطِّ يَدِهِ وَلَمْ أَسْمَعْهُ مِنْهُ عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي مَعْشَرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ حُذَيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَكُونُ فِي أُمَّتِي دَجَّالُونَ كَذَّابُونَ سَبْعَةٌ وَعِشْرُونَ، مِنْهُمْ أَرْبَعَةُ نِسْوَةٍ، وَأَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّينَ، لَا نَبِيَّ بَعْدِي

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اُمت میں ستائیس جھوٹے دجال ہوں گے، ان میں سے چار عورتیں ہوں گی، میں آخری نبی ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔

**2956** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا عَمِّي سَعِيدُ بْنُ عِيسَى بْنِ تَلِيدٍ، ثنا مُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ يُوسُفَ الْمَكِّيِّ، عَنِ الْمُثَنَّى بْنِ الصَّبَّاحِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ أَنَّهُمْ كَانُوا يَتَحَدَّثُونَ فِي الْعَزْلِ، فَسَمِعَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَخَرَجَ عَلَيْهِمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنَّكُمْ تَفْعَلُونَهُ؟ قَالُوا: نَعَمْ. قَالَ: أَوَلَمْ تَعْلَمُوا أَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَمْ يَخْلُقْ نَسَمَةً هُوَ بَارِيهَا إِلَّا وَهِيَ كَائِنَةٌ؟

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لوگ عزل کے متعلق گفتگو کر رہے تھے، حضور ﷺ نے ان کی گفتگو سنی تو رسول اللہ ﷺ ان کے پاس آئے، آپ نے فرمایا: تم ایسا کرتے ہو؟ اُنہوں نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: تمہیں علم نہیں ہے کہ اللہ عزوجل نے جس روح کو پیدا کرنا ہے، وہ آکر ہی رہے گی۔

## حُذَيْفَةُ بْنُ أُسَيْدٍ أَبُو سَرِيحَةَ الْغِفَارِيُّ

## حضرت حذیفہ بن اسید ابوسریحہ الغفاری رضی اللہ عنہ

وَهُوَ حُذَيْفَةُ بْنُ أُسَيْدِ بْنِ الْأَغْوَسِ بْنِ وَاقِعَةَ بْنِ

یہ حذیفہ بن اسید بن اغوس بن واقعہ بن حرام بن

حَرَامِ بْنِ غِفَارِ بْنِ مُلَيْلِ بْنِ ضَمْرَةَ بْنِ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ مَنَاةِ بْنِ كِنَانَةَ بْنِ خُزَيْمَةَ بْنِ مُدْرِكَةَ بْنِ الْيَاسِ بْنِ مُضَرَ بْنِ نِزَارِ بْنِ مَعَدِّ بْنِ عَدْنَانَ

غفار بن ملیل بن ضمرہ بن بکر بن عبدمناۃ بن کنانہ بن خزیمہ بن مدرکہ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان ہے۔

## اَبُو الطُّفَيْلِ عَامِرُ بْنُ وَاثِلَةَ عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ اُسَيْدٍ

## ابوطفیل عامر بن واثلہ' حضرت حذیفہ بن اُسید سے روایت کرتے ہیں

2957 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، ح وَحَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا قُرَّةُ بْنُ حَبِيبٍ، قَالَ مُسْلِمٌ وَابْنُ كَثِيرٍ وَقُرَّةُ: ثنا شُعْبَةُ، وَقَالَ عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ: اَنَا شُعْبَةُ، عَنْ فُرَاتٍ الْقَزَّازِ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ اَسِيدٍ، قَالَ: اَشْرَفَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ غُرْفَةٍ، فَقَالَ: مَاذَا تَقُولُونَ؟ مَا تَذْكُرُونَ؟ قُلْنَا: السَّاعَةَ. فَقَالَ: اَمَا اِنَّهَا لَنْ تَقُومَ حَتَّى تَرَوْنَ عَشْرَ آيَاتٍ: خَسْفٌ بِالْمَشْرِقِ، وَخَسْفٌ بِالْمَغْرِبِ، وَخَسْفٌ بِجَزِيرَةِ الْعَرَبِ، وَخُرُوجُ يَاْجُوجَ وَمَاْجُوجَ، وَالدَّجَّالُ وَالدَّابَّةُ، وَطُلُوعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا، وَنُزُولُ عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ، وَنَارٌ تَخْرُجُ مِنْ قَعْرِ عَدَنَ تُرَحِّلُ النَّاسَ، تَقِيلُ مَعَهُمْ حَيْثُ قَالُوا، وَتُرِيحُ مَعَهُمْ حَيْثُ رَاحُوا، وَبِرِيحٍ تُلْقِيهِمْ فِي الْبَحْرِ

حضرت حذیفہ بن اسید الغفاری رضی اللہ عنہ جو اہل صفہ میں سے ہیں' فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک کمرہ سے ہمارے اوپر جھانک کر فرمایا: تم کیا کہتے ہو؟ تم کیا تذکرہ کرتے ہو؟ ہم نے عرض کی: قیامت کا۔ آپ نے فرمایا: قیامت نہیں آئے گی یہاں تک کہ دس نشانیاں ظاہر نہ ہو جائیں: (۱) دجال (۲) جانور (۳) سورج کا مغرب سے طلوع ہونا (۴) مشرق کا دھنسنا (۵) مغرب کا دھنسنا (۶) جزیرہ عرب کا دھنسنا (۷) حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کا نزول (۸) یاجوج و ماجوج کا نکلنا (۹) اور آگ کا نکلنا زمین عدن کی گہرائی سے جو لوگوں کو محشر کی طرف جانے پر مجبور کر دے گی' وہ قیلولہ کرے گی جہاں وہ قیلولہ کریں گے وہ ان کے ساتھ چلے گی جہاں وہ چلیں گے (۱۰) اور ایسی ہوا کے ساتھ جو انہیں سمندر میں ڈال دے گی۔

**2958** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ح وَحَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ جَعْفَرٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَا: ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ فُرَاتٍ الْقَزَّازِ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ اَسِيدٍ، قَالَ: اطَّلَعَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نَتَذَاكَرُ السَّاعَةَ، فَقَالَ: اِنَّ السَّاعَةَ لَا تَقُومُ حَتَّى يَكُونَ عَشْرُ آيَاتٍ: طُلُوعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا، وَالدُّخَانُ، وَالدَّجَّالُ، وَالدَّابَّةُ، وَثَلَاثَةُ خُسُوفٍ: خَسْفٌ بِالْمَشْرِقِ، وَخَسْفٌ بِالْمَغْرِبِ، وَخَسْفٌ فِي جَزِيرَةِ الْعَرَبِ، وَنُزُولُ عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ، وَفَتْحُ يَاْجُوجَ وَمَاْجُوجَ، وَنَارٌ تَخْرُجُ مِنْ قَعْرِ عَدَنَ تَسُوقُ النَّاسَ اِلَى الْمَحْشَرِ

حضرت حذیفہ بن اسید الغفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے‘ اور ہم قیامت کا ذکر کر رہے تھے‘ آپ نے فرمایا: قیامت نہیں آئے گی یہاں تک کہ دس نشانیاں ظاہر نہ ہو جائیں: (۱) دھواں (۲) دجال (۳) جانور (۴) سورج کا مغرب سے طلوع ہونا اور تین دھنسنے (۵) مشرق کا دھنسنا (۶) مغرب کا دھنسنا (۷) جزیرہ عرب کا دھنسنا (۸) حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کا نزول (۹) یاجوج و ماجوج کا دیوار کو کھولنا (۱۰) اور آگ کا نکلنا زمین کی گہرائی سے جو لوگوں کو ہانک کر محشر کی طرف لے جائے گی۔

**2959** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا اَبُو الْاَحْوَصِ، ثنا فُرَاتٌ الْقَزَّازُ، عَنْ عَامِرِ بْنِ وَاثِلَةَ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ اَسِيدٍ الْغِفَارِيِّ، قَالَ: كُنَّا قُعُودًا نَتَحَدَّثُ فِي ظِلِّ غُرْفَةٍ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرْنَا السَّاعَةَ، فَارْتَفَعَتْ اَصْوَاتُنَا، فَاَشْرَفَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ غُرْفَتِهِ، فَقَالَ: عَمَّ تَتَسَاءَلُونَ؟ اَوْ عَمَّ تَتَحَدَّثُونَ؟ قُلْنَا: ذَكَرْنَا السَّاعَةَ، فَارْتَفَعَتْ اَصْوَاتُنَا. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَنْ تَقُومَ السَّاعَةُ حَتَّى يَكُونَ قَبْلَهَا عَشْرُ آيَاتٍ: طُلُوعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا، وَخُرُوجُ الدَّابَّةِ، وَخُرُوجُ يَاْجُوجَ وَمَاْجُوجَ، وَالدَّجَّالُ، وَعِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ، وَالدُّخَانُ،

حضرت حذیفہ بن اسید الغفاری رضی اللہ عنہ جو اہل صفہ میں سے ہیں‘ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے کمرے کے سایہ میں ہم قیامت کا ذکر کر رہے تھے‘ ہماری آوازیں بلند ہو گئیں تو نبی کریم ﷺ نے اوپر سے جھانک کر ہمیں فرمایا: تم کس چیز کے بارے ایک دوسرے سے سوال کر رہے ہو؟ تم کس بارے گفتگو کر رہے ہو؟ ہم نے عرض کی: ہم قیامت کا ذکر کر رہے ہیں‘ تو آپ نے فرمایا: قیامت نہیں آئے گی یہاں تک کہ دس نشانیاں ظاہر نہ ہو جائیں: (۱) دھواں (۲) دجال (۳) جانور (۴) سورج کا مغرب سے طلوع ہونا اور تین دھنسنے (۵) مشرق کا دھنسنا (۶) مغرب کا دھنسنا (۷) جزیرہ عرب کا دھنسنا

وَثَلَاثَةُ خُسُوفٍ: خَسْفٌ بِالْمَشْرِقِ، وَخَسْفٌ بِالْمَغْرِبِ، وَخَسْفٌ بِجَزِيرَةِ الْعَرَبِ، وَآخِرُ ذَلِكَ نَارٌ تَخْرُجُ مِنَ الْيَمَنِ مِنْ قَعْرِ عَدَنَ تَسُوقُ النَّاسَ إِلَى الْمَحْشَرِ

(۸) حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کا نزول (۹) یاجوج وماجوج کا دیوار کو کھولنا (۱۰) اور آگ کا نکلنا یمن کی زمین عدن کی گہرائی سے جو لوگوں کو محشر کی طرف لے جائے گی۔

**2960** - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، ثنا قَبِيصَةُ، ثنا سُفْيَانُ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالُوا: ثنا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ فُرَاتٍ الْقَزَّازِ، عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ أَسِيدٍ، قَالَ: اطَّلَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ غُرْفَةٍ، وَنَحْنُ نَتَذَاكَرُ السَّاعَةَ، فَقَالَ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يَكُونَ عَشْرُ آيَاتٍ: الدَّجَّالُ، وَالدُّخَانُ، وَطُلُوعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا، وَدَابَّةُ الْأَرْضِ، وَيَأْجُوجُ وَمَأْجُوجُ، وَثَلَاثَةُ خُسُوفٍ: خَسْفٌ بِالْمَشْرِقِ، وَخَسْفٌ بِالْمَغْرِبِ، وَخَسْفٌ بِجَزِيرَةِ الْعَرَبِ، وَنَارٌ تَخْرُجُ مِنْ قَعْرِ عَدَنٍ أَبْيَنَ تَسُوقُ النَّاسَ إِلَى الْمَحْشَرِ، تَنْزِلُ مَعَهُمْ إِذَا نَزَلُوا، وَتَقِيلُ مَعَهُمْ إِذَا قَالُوا

حضرت حذیفہ بن اسید الغفاری رضی اللہ عنہ جو اہل صفہ میں سے ہیں' فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمارے اوپر سے جھانکا اور ہم قیامت کا ذکر کررہے تھے' آپ نے فرمایا: قیامت نہیں آئے گی یہاں تک کہ دس نشانیاں ظاہر نہ ہو جائیں: (۱) دھواں (۲) دجال (۳) جانور (۴) سورج کا مغرب سے طلوع ہونا اور تین دھنسنے (۵) مشرق کا دھنسنا (۶) مغرب کا دھنسنا (۷) جزیرہ عرب کا دھنسنا (۸) حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کا نزول (۹) یاجوج وماجوج کا دیوار کو کھولنا (۱۰) اور آگ کا نکلنا زمین کی گہرائی سے جو لوگوں کو محشر کی طرف لے جائے گی' اُترے گی ان کے ساتھ جب وہ جہاں اتریں گے اور جب وہ قیلولہ کریں گے تو وہ ان کے ساتھ قیلولہ کرے گی۔

**2961** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقِ بْنِ جَامِعٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامٍ السَّدُوسِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ الْفُرَاتِ، حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الطُّفَيْلِ، حَدَّثَنِي حُذَيْفَةُ بْنُ أَسِيدٍ صَاحِبُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كُنَّا نَتَحَدَّثُ فِي ظِلِّ غُرْفَةٍ، فَأَشْرَفَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللَّهِ

حضرت حذیفہ بن اسید الغفاری رضی اللہ عنہ جو اہل صفہ میں سے ہیں' فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اس کمرے سے ہمارے اوپر سے جھانکا جبکہ اس کمرے کے سائے میں ہم قیامت کا ذکر کررہے تھے' آپ نے فرمایا: تم کیا گفتگو کررہے ہو؟ ہم نے عرض کی: ہم قیامت کے بارے بات کررہے ہیں' تو فرمایا:

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ تِلْكَ الْغُرْفَةِ، فَقَالَ: مَا تَحَدَّثُونَ؟ قُلْنَا: نَتَحَدَّثُ عَنِ السَّاعَةِ. قَالَ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يَخْرُجَ عَشْرُ آيَاتٍ: طُلُوعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا، وَالدَّجَّالُ، وَالدُّخَانُ، وَدَابَّةُ الْأَرْضِ، وَثَلَاثَةُ خُسُوفٍ: خَسْفٌ بِالْمَشْرِقِ، وَخَسْفٌ بِالْمَغْرِبِ، وَخَسْفٌ فِي جَزِيرَةِ الْعَرَبِ، وَيَخْرُجُ يَأْجُوجُ وَمَأْجُوجُ، وَتَخْرُجُ نَارٌ مِنْ قَعْرِ عَدَنَ تُحِيطُ بِالنَّاسِ لَا يَتَخَلَّفُهَا أَحَدٌ تَسُوقُهُمْ إِلَى أَرْضِ الْمَحْشَرِ، فَتُقِيمُ حَتَّى يَقْضُوا حَوَائِجَهُمْ، ثُمَّ تَحَرَّكُ بِهِمْ فَتُرَحِّلُهُمْ. قَالَ: وَسَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى تَخْرُجَ نَارٌ مِنْ رُومَانَ أَوْ رَكُوبَةَ يُضِيءُ مِنْهَا أَعْنَاقُ الْإِبِلِ بِبُصْرَى

قیامت نہیں آئے گی یہاں تک کہ دس نشانیاں ظاہر نہ ہو جائیں: (۱) دھواں (۲) دجال (۳) جانور (۴) سورج کا مغرب سے طلوع ہونا اور تین دھنسنے (۵) مشرق کا دھنسنا (۶) مغرب کا دھنسنا (۷) جزیرہ عرب کا دھنسنا (۸) حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کا نزول (۹) یاجوج و ماجوج کا دیوار کو کھولنا (۱۰) اور آگ کا نکلنا زمین کی گہرائی سے جو لوگوں کو گھیر کر محشر کی طرف لے جائے گی' ان میں سے ایک بھی پیچھے نہ رہے گا' وہ آگ ان کو میدانِ حشر کی طرف ہانک کر لے جا رہی ہو گی' پس وہ کچھ دیر ٹھہر جائے گی حتیٰ کہ لوگ قضائے حاجت کر کے فارغ ہوں گے تو پھر وہ ان کو حرکت دے گی اور ان کو کوچ کرنے پر مجبور کر دے گی۔ راوی کا بیان ہے: میں نے رسول کریم ﷺ سے سنا: قیامت قائم ہونے سے پہلے رومان یا رکوبہ سے ایک آگ برآمد ہو گی جس سے بصرہ میں اونٹوں کی گردنیں نظر آنے لگیں گی۔



**2962** - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا فُرَاتٌ الْقَزَّازُ، عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ عَامِرِ بْنِ وَاثِلَةَ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ أَسِيدٍ أَبِي سَرِيحَةَ الْغِفَارِيِّ، قَالَ: أَشْرَفَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عِلِّيَّةٍ، وَنَحْنُ نَتَذَاكَرُ السَّاعَةَ، فَقَالَ: إِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ قَبْلَهَا عَشْرَ آيَاتٍ: الدُّخَانَ، وَالدَّجَّالَ وَالدَّابَّةَ، وَيَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ، وَنُزُولَ عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ، وَطُلُوعَ الشَّمْسِ مِنْ

حضرت حذیفہ بن اسید الغفاری رضی اللہ عنہ جو اہل صفہ میں سے ہیں' فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمارے اوپر سے جھانک کر دکھا' اور ہم قیامت کا ذکر کر رہے تھے' آپ نے فرمایا: قیامت نہیں آئے گی یہاں تک کہ دس نشانیاں ظاہر نہ ہو جائیں: (۱) دھواں (۲) دجال (۳) جانور (۴) سورج کا مغرب سے طلوع ہونا اور تین دھنسنے (۵) مشرق کا دھنسنا (۶) مغرب کا دھنسنا (۷) جزیرہ عرب کا دھنسنا

مَغْرِبِهَا، وَثَلَاثَةَ خُسُوفٍ: خَسْفًا بِالْمَشْرِقِ، وَخَسْفًا بِالْمَغْرِبِ، وَخَسْفًا بِجَزِيرَةِ الْعَرَبِ، وَآخِرُ ذَلِكَ نَارٌ تَخْرُجُ مِنَ الْيَمَنِ اَوْ نَحْوَ عَدَنَ تَطْرُدُ النَّاسَ اِلَى مَحْشَرِهِمْ

(۸) حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کا نزول (۹) یاجوج وماجوج کا دیوار کو کھولنا (۱۰) اور آگ کا نکلنا زمین کی گہرائی سے جو لوگوں کو محشر کی طرف لے جائے گی۔

**2963** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا اَيُّوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَزَّانُ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ الْوَلِيدِ، ثنا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ اَسِيدٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يَخْرُجَ عَشْرُ آيَاتٍ: طُلُوعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا، وَالدُّخَانُ، وَالدَّجَّالُ وَالدَّابَّةُ، وَخُسُوفٌ ثَلَاثَةٌ: خَسْفٌ بِالْمَغْرِبِ، وَخَسْفٌ بِالْمَشْرِقِ، وَخَسْفٌ بِجَزِيرَةِ الْعَرَبِ، وَنُزُولُ عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ، وَيَاْجُوجُ وَمَاْجُوجُ، وَنَارٌ تَخْرُجُ مِنْ قَعْرِ عَدَنَ تُرَحِّلُ النَّاسَ اِلَى الْمَحْشَرِ، لَا تُخَلِّفُ خَلْفَهَا اَحَدًا، تُقِيمُ لَهُمْ . يَعْنِي فِي حَوَائِجِهِمْ

حضرت حذیفہ بن اسید الغفاری رضی اللہ عنہ جو اہل صفہ میں سے ہیں فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قیامت نہیں آئے گی یہاں تک کہ دس نشانیاں ظاہر ہوجائیں: (۱) دھواں (۲) دجال (۳) جانور (۴) سورج کا مغرب سے طلوع ہونا اور تین دھنسنے (۵) مشرق کا دھنسنا (۶) مغرب کا دھنسنا (۷) جزیرہ عرب کا دھنسنا (۸) حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کا نزول (۹) یاجوج وماجوج کا دیوار کو کھولنا (۱۰) اور آگ کا نکلنا زمین کی گہرائی سے جو لوگوں کو محشر کی طرف لے جائے گی ان میں سے ایک بھی پیچھے نہ رہے گا وہ ان کی قضائے حاجت کی خاطر کھڑی بھی ہوگی۔

**2964** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقِ بْنِ جَامِعٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا الْفَضْلُ بْنُ الْعَلَاءِ، حَدَّثَنِي طَلْحَةُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ اَبِي سَرِيحَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الدَّابَّةُ يَكُونُ لَهَا ثَلَاثُ خَرَجَاتٍ مِنَ الدَّهْرِ: فَتَخْرُجُ خَرْجَةً فِي اَقْصَى الْيَمَنِ حَتَّى يَفْشُوَ ذِكْرُهَا فِي اَهْلِ الْبَادِيَةِ، وَلَا يَدْخُلُ ذِكْرُهَا الْقَرْيَةَ، ثُمَّ تَكْمُنُ

حضرت ابوسریحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: (قربِ قیامت) جانور تین دفعہ نکلے گا سب سے پہلے یمن سے نکلے گا اس کا ذکر دیہات میں ہوگا قصبوں میں نہیں ہوگا اس کے بعد وہ دیر تک چھپا رہے گا پھر دوسری دفعہ مکہ کے قریب کی بستی سے نکلے گا اس کا ذکر شہروں اور مکہ میں عام ہوگا پھر دیر تک چھپا رہے گا پھر لوگ ایک دن اللہ کے ہاں بڑی بہتر مسجدوں میں سے مسجد حرام میں ہوں گے اور مسجد حجر



**2964**- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد4صفحه530 .

زَمَانًا طَوِيلًا بَعْدَ ذٰلِكَ، ثُمَّ تَخْرُجُ أُخْرَى قَرِيبًا مِنْ مَكَّةَ، فَيَفْشُو ذِكْرُهَا فِي أَهْلِ الْبَادِيَةِ، وَيَفْشُو ذِكْرُهَا بِمَكَّةَ، ثُمَّ تَكْمُنُ زَمَانًا طَوِيلًا، ثُمَّ بَيْنَا النَّاسُ يَوْمًا بِأَعْظَمِ الْمَسَاجِدِ عَلَى اللّٰهِ حُرْمَةً، وَخَيْرِهَا وَأَكْرَمِهَا عَلَى اللّٰهِ، الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، لَمْ يَرُعْهُمْ إِلَّا نَاحِيَةَ الْمَسْجِدِ تَرْبُو مَا بَيْنَ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ إِلَى بَابِ بَنِي مَخْزُومٍ عَلَى يَمِينِ الْخَارِجِ مِنَ الْمَسْجِدِ، فَانْفَضَّ النَّاسُ عَنْهَا شَتَّى وَمَعًا، وَثَبَتَ لَهَا عِصَابَةٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ، وَعَرَفُوا أَنَّهُمْ لَنْ يُعْجِزُوا اللّٰهَ، فَخَرَجَتْ عَلَيْهِمْ تَنْفُضُ عَنْ رَأْسِهَا التُّرَابَ، فَبَدَتْ لَهُمْ، فَجَلَتْ وُجُوهَهُمْ حَتَّى تَرَكَتْهَا كَأَنَّهَا الْكَوَاكِبُ الدُّرِّيَّةُ، ثُمَّ وَلَّتْ فِي الْأَرْضِ لَا يُدْرِكُهَا طَالِبٌ وَلَا يُعْجِزُهَا هَارِبٌ، حَتَّى إِنَّ الرَّجُلَ لَيَقُومُ يَتَعَوَّذُ مِنْهَا بِالصَّلَاةِ، فَتَأْتِيهِ فَتَقُولُ: أَيْ فُلَانُ، الْآنَ تُصَلِّي؟ فَيُقْبِلُ عَلَيْهَا بِوَجْهِهِ، فَتَسِمُهُ فِي وَجْهِهِ ثُمَّ تَذْهَبُ، وَيَتَجَاوَرُ النَّاسُ فِي دُورِهِمْ فِي أَسْفَارِهِمْ، وَيَشْتَرِكُونَ فِي الْأَمْوَالِ، وَيُعْرَفُ الْكَافِرُ مِنَ الْمُؤْمِنِ، حَتَّى إِنَّ الْمُؤْمِنَ لَيَقُولُ لِلْكَافِرِ: يَا كَافِرُ، اقْضِنِي حَقِّي، وَحَتَّى إِنَّ الْكَافِرَ يَقُولُ: يَا مُؤْمِنُ، اقْضِنِي حَقِّي

اسود اور مقامِ ابراہیم کے درمیان سے لے کر بنی مخزوم کے دروازے تک مسجد کے باہر دائیں طرف پر پھیلی ہوگی' لوگ وہاں سے مختلف گروہوں سے نکلیں گے' مسلمانوں کا ایک گروہ ثابت قدم رہے گا' ان کو یقین ہوگا کہ وہ اللہ کو عاجز نہیں کر سکتے اور جانوران پر نکلے گا' اپنے سر سے مٹی جھاڑتے ہوئے وہ اپنے چہرے کو چھوڑے گا جیسے کہ چمکتا ہوا ستارہ ہوتا ہے' پھر زمین میں پھیل جائے گا اور کسی تلاش کرنے والے اور بھاگنے والے کو چھوڑے گا نہیں یہاں تک کہ ایک آدمی اس سے بچنے کے لیے نماز پڑھنی شروع کردے گا' وہ اس کے پاس آئے گا اور کہے گا: اے فلاں! اب تُو نماز پڑھنے لگا ہے' وہ اس کی طرف اپنے چہرے کے ساتھ متوجہ ہوگا' پھر اس کے چہرے کو داغنے کا بھر جائے گا اور لوگ اپنے گھروں کو چھوڑ کر سفر شروع کر دیں گے' لوگوں کو اپنے مال میں شریک کر لیں گے' کافر اور مؤمن الگ الگ پہچانے جائیں گے' مؤمن کافر سے کہے گا: اے کافر! میرا حق ادا کر! کافر کہے گا: اے مؤمن میرا حق ادا کر۔

**2965** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَزَّازُ الْبَصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِي يَعْقُوبَ الْكَرْمَانِيُّ، ثنا

حضرت ابوطفیل بیان کرتے ہیں کہ میں نے عبداللہ بن مسعود کو فرماتے ہوئے سنا: بدبخت وہ ہے جو

**2965**- اخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد4صفحه2037 رقم الحديث: 2645 عن أبي الطفيل عامر بن واثلة عن حذيفة بن أسيد به .

يَحْيَى بْنُ أَبِي بُكَيْرٍ، ثنا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَطَاءٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي عِكْرِمَةُ بْنُ خَالِدٍ أَنَّ أَبَا الطُّفَيْلِ حَدَّثَهُ أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ يَقُولُ: الشَّقِيُّ مَنْ شَقِيَ فِي بَطْنِ أُمِّهِ، وَالسَّعِيدُ مَنْ وُعِظَ بِغَيْرِهِ. فَخَرَجْتُ مِنْ عِنْدِهِ أَتَعَجَّبُ مِمَّا سَمِعْتُ حَتَّى دَخَلْتُ عَلَى أَبِي سَرِيحَةَ حُذَيْفَةَ بْنِ أَسِيدٍ الْغِفَارِيِّ، فَتَعَجَّبْتُ، فَقَالَ: مِمَّ تَعَجَّبْتَ؟ فَقُلْتُ: سَمِعْتُ أَخَاكَ ابْنَ مَسْعُودٍ يَزْعُمُ أَنَّ الشَّقِيَّ مَنْ شَقِيَ فِي بَطْنِ أُمِّهِ، وَأَنَّ السَّعِيدَ مَنْ وُعِظَ لِغَيْرِهِ. فَقَالَ: مِنْ أَيِّ ذَلِكَ عَجِبْتَ؟ قُلْتُ: أَيَشْقَى أَحَدٌ بِغَيْرِ عَمَلٍ؟ فَأَهْوَى بِيَدَيْهِ إِلَى أُذُنَيْهِ، وَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِأُذُنَيَّ هَاتَيْنِ وَهُوَ يَقُولُ: تَقَعُ النُّطْفَةُ فِي الرَّحِمِ أَرْبَعِينَ لَيْلَةً، ثُمَّ يَتَصَوَّرُ عَلَيْهَا الْمَلَكُ- حَسِبْتُهُ قَالَ: الَّذِي يَخْلُقُهَا - فَيَقُولُ: يَا رَبِّ أَذَكَرٌ أَمْ أُنْثَى؟ فَيَجْعَلُهَا ذَكَرًا أَوْ أُنْثَى، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ أَسَوِيٌّ أَمْ غَيْرُ سَوِيٍّ؟ فَيَجْعَلُهُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ سَوِيًّا أَوْ غَيْرَ سَوِيٍّ، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ مَا أَجَلُهُ؟ مَا خُلُقُهُ؟ فَيَقُولُ: يَا رَبِّ أَشَقِيٌّ أَمْ سَعِيدٌ؟ فَيَجْعَلُهُ اللَّهُ تَعَالَى شَقِيًّا أَوْ سَعِيدًا

اپنی ماں کے پیٹ میں بدبخت تھا اور نیک بخت وہ ہے جو دوسرے سے نصیحت حاصل کرے میں ابن مسعود کے پاس سے نکلا میں تعجب کرنے لگا جو میں نے سنا تھا میں ابوسریحہ حذیفہ بن اُسید الغفاری کے پاس آیا میں تعجب کر رہا تھا آپ نے فرمایا: کیا تعجب کر رہے ہو! میں نے عرض کی: میں نے اپنے بھائی ابن مسعود سے سنا ہے وہ گمان کرتے ہیں کہ بدبخت وہ ہے جو اپنی ماں کے پیٹ میں بدبخت ہے اور نیک بخت وہ ہے جو دوسرے سے نصیحت پکڑے... آپ نے فرمایا: یہ کون سے تعجب کی بات ہے۔ میں نے عرض کی: کیا کوئی بغیر عمل کے بھی بدبخت ہوسکتا ہے آپ نے اپنے ہاتھوں کے ساتھ دونوں کانوں کی طرف اشارہ کیا اور فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ سے دونوں کانوں کے ساتھ سنا ہے کہ آپ نے فرمایا: چالیس راتوں تک ماں کے پیٹ میں نطفہ رہتا ہے پھر فرشتہ اس کی صورت بناتا ہے میں نے گمان کیا وہ جس کو پیدا کرتا ہے اور فرشتہ عرض کرتا ہے: مذکر یا مؤنث اس کو مذکر یا مؤنث بنایا جاتا ہے تو فرشتہ عرض کرتا ہے: اے میرے رب! کیا اس میں برابری ہے یا نہیں اللہ برابر یا غیر برابر کر دیتا ہے پھر وہ فرشتہ عرض کرتا ہے: اے رب! اس کی عمر کتنی ہے؟ تو عرض کرتا ہے: اے رب! نیک بخت یا بدبخت! اللہ پاک اس کو نیک بخت یا بدبخت بناتا ہے۔

ابو الطفیل عامر بن واثلة عن حذیفة بن اسید

2966 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْعَطَّارُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ

ابوسریحہ حذیفہ بن اُسید فرماتے ہیں کہ رسول پاک ﷺ نے فرمایا: ایک ہوا آئے گی اس میں ہر

فُضَيْلٍ، عَنْ اَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ اَبِى الطُّفَيْلِ، عَنْ اَبِى سَرِيحَةَ حُذَيْفَةَ بْنِ اَسِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَجِىءُ الرِّيحُ الَّذِى يَقْبِضُ اللّٰهُ فِيهَا نَفْسَ كُلِّ مُؤْمِنٍ، ثُمَّ طُلُوعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا، وَهِىَ الْآيَةُ الَّتِى ذَكَرَهَا اللّٰهُ فِى كِتَابِهِ

مومن کی جان اللہ قبض کرے گا' پھر سورج مغرب سے طلوع ہوگا' یہی وہ نشانی ہے جس کا ذکر اللہ نے اپنی کتاب میں کیا ہے۔

ابو الطفیل عامر بن واثلة عن حذیفة بن اسید

**2967** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا، الْقَعْنَبِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ الطَّائِفِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ اَبِى الطُّفَيْلِ عَامِرِ بْنِ وَاثِلَةَ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُولُ: اِنَّ الشَّقِيَّ مَنْ شَقِيَ فِى بَطْنِ اُمِّهِ، وَاِنَّ السَّعِيدَ مَنْ وُعِظَ بِغَيْرِهِ. فَاَتَيْتُ حُذَيْفَةَ بْنَ اَسِيدٍ، فَقُلْتُ: اَلَا تَعْجَبُ مِنْ قَوْلِ ابْنِ مَسْعُودٍ؟ قَالَ: وَمَا قَالَ؟ قَالَ: اِنَّ الشَّقِيَّ مَنْ شَقِيَ فِى بَطْنِ اُمِّهِ، وَاِنَّ السَّعِيدَ مَنْ وُعِظَ بِغَيْرِهِ. قَالَ حُذَيْفَةُ: اَنَا سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِذَا مَضَتْ عَلَى النُّطْفَةِ خَمْسٌ وَاَرْبَعُونَ لَيْلَةً، قَالَ الْمَلَكُ: اَذَكَرٌ اَمْ اُنْثَى؟ فَيَقْضِى اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ وَيَكْتُبُ الْمَلَكُ، فَيَقُولُ الْمَلَكُ: اَشَقِيٌّ اَمْ سَعِيدٌ؟ فَيَقْضِى اللّٰهُ وَيَكْتُبُ الْمَلَكُ. قَالَ: فَيَقُولُ: رِزْقُهُ وَاَجَلُهُ وَعَمَلُهُ؟ قَالَ: فَيَقْضِى اللّٰهُ وَيَكْتُبُ الْمَلَكُ. قَالَ: ثُمَّ تُطْوَى الصَّحِيفَةُ، فَلَا يُزَادُ فِيهَا، وَلَا يُنْقَصُ مِنْهَا

حضرت ابوطفیل عامر بن واثلہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا: بدبخت وہ ہے جو اپنی ماں کے پیٹ میں بدبخت تھا اور سعادت مند وہ ہے جو دوسروں سے نصیحت حاصل کرتا ہے۔ میں حذیفہ بن اُسید کے پاس آیا' میں نے عرض کی: کیا آپ کو ابن مسعود کی بات پر تعجب نہیں ہوتا؟ آپ نے فرمایا: وہ کیا ہے؟ عرض کی: اُنہوں نے فرمایا کہ بدبخت وہ ہے جو اپنی ماں کے پیٹ میں بدبخت تھا اور نیک بخت وہ ہے کہ دوسروں سے نصیحت حاصل کرے۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: نطفہ ماں کے پیٹ میں پینتالیس راتوں تک رہتا ہے' فرشتہ عرض کرتا ہے: مذکر یا مؤنث؟ اللہ فیصلہ کرتا ہے اور فرشتہ لکھتا ہے' پھر فرشتہ عرض کرتا ہے: نیک بخت یا بدبخت؟ فرشتہ عرض کرتا ہے: اس کا رزق' اس کی عمر' اس کا عمل؟ اللہ فیصلہ کرتا ہے' فرشتہ لکھتا ہے' پھر رجسٹر بند کر دیا جاتا ہے' اس میں نہ کمی ہوگی نہ زیادتی ہوگی۔

2968 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ اَسِيدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَدْخُلُ الْمَلَكُ عَلَى النُّطْفَةِ بَعْدَمَا تَسْتَقِرُّ فِي الرَّحِمِ اَرْبَعِينَ اَوْ خَمْسًا وَاَرْبَعِينَ لَيْلَةً، فَيَقُولُ: اَيْ رَبِّ، اَشَقِيٌّ اَمْ سَعِيدٌ؟ فَيَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ وَيَكْتُبَانِ، اَذَكَرٌ اَمْ اُنْثَى؟ فَيَقُولُ اللّٰهُ وَيَكْتُبَانِ مُصِيبَتَهُ وَاَثَرَهُ وَرِزْقَهُ وَاَجَلَهُ، ثُمَّ تُطْوَى الصَّحِيفَةُ، فَلَا يُزَادُ فِيهَا وَلَا يُنْقَصُ مِنْهَا

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: نطفہ ماں کے پیٹ میں چالیس یا پینتالیس راتوں تک رہتا ہے' فرشتہ عرض کرتا ہے: نیک بخت یا بدبخت؟ اللہ فیصلہ کرتا ہے' فرشتہ لکھتا ہے' فرشتہ عرض کرتا ہے: مذکر یا مؤنث؟ اللہ فیصلہ کرتا ہے اور فرشتہ لکھتا ہے' پھر فرشتہ عرض کرتا ہے: اس کا رزق' اس کی زندگی' اس کا عمل؟ اللہ فیصلہ کرتا ہے' فرشتہ لکھتا ہے' پھر رجسٹر بند کر دیا جاتا ہے' اس میں نہ کمی ہوگی نہ زیادتی ہوگی۔

2969 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا رَبِيعَةُ بْنُ كُلْثُومٍ، حَدَّثَنِي اَبِي كُلْثُومُ بْنُ جُبَيْرٍ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ عَامِرِ بْنِ وَاثِلَةَ، قَالَ: كَانَ ابْنُ مَسْعُودٍ اِذَا خَطَبَنَا بِالْكُوفَةِ قَالَ: الشَّقِيُّ مَنْ شَقِيَ فِي بَطْنِ اُمِّهِ، وَالسَّعِيدُ مَنْ سَعِدَ فِي بَطْنِ اُمِّهِ . قَالَ: فَاَتَيْتُ حُذَيْفَةَ بْنَ اَسِيدٍ مِنْ اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: عَجَبًا لِرَفْعِ ابْنِ اُمِّ عَبْدٍ: الشَّقِيُّ مَنْ شَقِيَ فِي بَطْنِ اُمِّهِ قَالَ: فَقَالَ لِي حُذَيْفَةُ: وَمَا يُعْجِبُكَ مِنْ ذٰلِكَ يَا اَبَا الطُّفَيْلِ؟ اَفَلَا اُخْبِرُكَ مِنْ هٰذَا بِالشَّقَاءِ؟ وَرَفَعَ الْحَدِيثَ: اِنَّ مَلَكًا مُوَكَّلٌ بِالرَّحِمِ بِضْعًا وَاَرْبَعِينَ لَيْلَةً اِذَا اَرَادَ اللّٰهُ اَنْ يَخْلُقَ مَا شَاءَ بِاِذْنِ اللّٰهِ، فَيَقُولُ: اَيْ رَبِّ، اَذَكَرٌ اَمْ اُنْثَى؟ فَيَقْضِي رَبُّكَ

حضرت ابوطفیل عامر بن واثلہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کوفہ میں جب ہمیں خطبہ دیا تھا تو فرمایا: بدبخت وہ ہے جو اپنی ماں کے پیٹ میں بدبخت تھا اور نیک بخت وہ ہے جو دوسروں سے نصیحت حاصل کرتا ہے۔ میں حذیفہ بن اُسید کے پاس آیا' میں نے عرض کی: کیا آپ کو ابن مسعود کی بات پر تعجب نہیں ہوتا؟ آپ نے فرمایا: وہ کیا ہے؟ عرض کی: اُنہوں نے فرمایا کہ بدبخت وہ ہے جو اپنی ماں کے پیٹ میں بدبخت تھا اور نیک بخت وہ ہے کہ دوسروں سے نصیحت حاصل کرے۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے ابوالطفیل! اس میں سے کیا چیز تعجب والی ہے؟ کیا میں اس سے بدبختی کی خبر نہ دوں؟ مرفوع حدیث سنائی کہ نطفہ ماں کے پیٹ میں

ابو الطفيل عامر بن واثلة عن حذيفة بن اسيد

2968- اخرجه مسلم في صحيحه جلد4صفحه2037 رقم الحديث: 2644 عن عمرو بن دينار عن أبي الطفيل عن حذيفة بن أسيد به .

وَيَكْتُبُ الْمَلَكُ، ثُمَّ يَقُولُ: اَىْ رَبِّ، اَشَقِىٌّ اَمْ سَعِيدٌ؟ فَيَقْضِى رَبُّكَ وَيَكْتُبُ الْمَلَكُ، ثُمَّ يَقُولُ: اَىْ رَبِّ، اَجَلُهُ؟ فَيَقْضِى رَبُّكَ وَيَكْتُبُ الْمَلَكُ، ثُمَّ يُطْوَى، مَا زَادَ وَلَا نَقَصَ

چالیس اور چند راتوں تک رہتا ہے' رحم پر فرشتہ مقرر ہوتا ہے جب اللہ اپنے حکم سے جو چاہتا ہے پیدا کرنے کا ارادہ کرتا ہے تو فرشتہ عرض کرتا ہے: مذکر یا مؤنث؟ اللہ فیصلہ کرتا ہے اور فرشتہ لکھتا ہے' پھر فرشتہ عرض کرتا ہے: نیک بخت یا بد بخت؟ تیرا رب فیصلہ فرماتا ہے اور فرشتہ لکھتا ہے' فرشتہ عرض کرتا ہے: اس کا رزق' اس کی زندگی' اس کا عمل؟ اللہ فیصلہ کرتا ہے' فرشتہ لکھتا ہے' پھر رجسٹر بند کر دیا جاتا ہے' اس میں نہ کمی ہوگی نہ زیادتی ہوگی۔

## ابو الطفيل عامر بن واثلة عن حذيفة بن اسيد

**2970** - حَدَّثَنَا اِدْرِيسُ بْنُ جَعْفَرٍ الْعَطَّارُ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا عَزْرَةُ بْنُ ثَابِتٍ، ح وَحَدَّثَنَا زَكَرِيَّا السَّاجِىُّ، ثنا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِىُّ، ثنا عَوْنُ بْنُ عُمَارَةَ، حَدَّثَنِى عَزْرَةُ بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ يَعْقُوبَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ وَاثِلَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ مَسْعُودٍ يُحَدِّثُ النَّاسَ فِى مَسْجِدِ الْكُوفَةِ، يَقُولُ: الشَّقِىُّ مَنْ شَقِىَ فِى بَطْنِ اُمِّهِ، وَالسَّعِيدُ مَنْ وُعِظَ بِغَيْرِهِ. فَاَتَيْتُ حُذَيْفَةَ بْنَ اُسَيْدٍ، فَقُلْتُ: اَتَعَجَّبُ مِنِ ابْنِ مَسْعُودٍ؛ يُحَدِّثُ اَنَّ الشَّقِىَّ مَنْ شَقِىَ فِى بَطْنِ اُمِّهِ، وَاَنَّ السَّعِيدَ مَنْ وُعِظَ بِغَيْرِهِ، فَمَا ذَنْبُ هَذَا الطِّفْلِ؟ فَقَالَ حُذَيْفَةُ. وَمَا اَنْكَرْتَ مِنْ ذَلِكَ؟ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مِرَارًا ذَوَاتِ عَدَدٍ: اِنَّ النُّطْفَةَ اِذَا اسْتَقَرَّتْ فِى الرَّحِمِ فَمَضَى لَهَا اَرْبَعُونَ يَوْمًا - وَقَالَ بَعْضُ اَصْحَابِى ثَمَانِيَةً وَاَرْبَعِينَ يَوْمًا - جَاءَ مَلَكُ الرَّحِمِ، فَصَوَّرَ عَظْمَهُ وَلَحْمَهُ وَدَمَهُ وَشَعْرَهُ وَبَشَرَهُ وَسَمْعَهُ

حضرت ابوطفیل عامر بن واثلہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا: وہ کوفہ کی جامع مسجد میں لوگوں کو حدیثیں سنا رہے تھے' بد بخت وہ ہے جو اپنی ماں کے پیٹ میں بد بخت تھا اور نیک بخت وہ ہے جو دوسروں سے نصیحت حاصل کرتا ہے۔ میں حذیفہ بن اُسید کے پاس آیا' میں نے عرض کی: کیا آپ کو ابن مسعود کی بات پر تعجب نہیں ہوتا؟ وہ کہہ رہے ہیں: بد بخت وہ ہے جو ماں کے پیٹ میں بد بخت ہوتا ہے اور خوش بخت وہ ہے جو دوسروں سے نصیحت حاصل کرے' پس اس بچے کا کیا گناہ ہے؟ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تو اس میں سے کس چیز کا منکر ہے؟ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: نطفہ ماں کے پیٹ میں چالیس راتوں تک رہتا ہے' بعض صحابہ نے اڑتالیس کی روایت کی ہے۔ رحم پر مقرر فرشتہ آتا ہے' پس اس کی ہڈیوں' گوشت' خون' بال' جلد' کانوں اور بصارت کی تصویر

وَبَصَرَهُ، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ، اَذَكَرٌ اَمْ اُنْثَى؟ يَا رَبِّ، اَشَقِيٌّ اَمْ سَعِيدٌ؟ فَيَقْضِي اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مَا شَاءَ وَيَكْتُبُ، ثُمَّ يَقُولُ: اَيْ رَبِّ اَيُّ شَيْءٍ رِزْقُهُ؟ فَيَقْضِي اللّٰهُ مَا شَاءَ فَيَكْتُبُ، ثُمَّ يُطْوَى بِالصَّحِيفَةِ، فَلَا تُنْشَرُ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ.

بناتا ہے فرشتہ عرض کرتا ہے: اے رب! مذکر یا مؤنث؟ نیک بخت یا بدبخت؟ اللہ فیصلہ فرماتا ہے جو چاہتا ہے اور وہ لکھتا ہے پھر فرشتہ عرض کرتا ہے: اس کا رزق؟ اللہ فیصلہ کرتا ہے جو چاہتا ہے فرشتہ لکھتا ہے پھر رجسٹر بند کر دیا جاتا ہے قیامت کے دن تک اسے کھولا نہ جائے گا۔

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے کاروبار میں چار چیزوں سے منع کیا سلف اور بیع سے (مثلاً کوئی دوسرے سے کہے کہ یہ غلام ہزار روپے کو اس شرط پر کہ تیرے ہاتھ فروخت کرتا ہوں کہ تو فلاں مال کے لیے مجھ سے ہزار روپیہ کی بیع سلم کرے یا ہزار روپیہ مجھے قرض دے کیونکہ پہلی صورت میں عقد میں ایک شرط لگ گئی اور دوسری صورت میں شرط کے علاوہ قرض دینے والے نے فائدہ حاصل کیا اور جس سے قرض مقصود ہو وہ سود ہے بموجب دوسری حدیث کے۔ لغات الحدیث جلد۲ صفحہ۳۴۴) اور بیع میں دو شرطیں لگانے سے اور ایسی شی فروخت کرنے سے جو پاس نہ ہو اور ایسے نفع سے جس کی ضمان نہ ہو۔

## حَكِيمُ بْنُ مُعَاوِيَةَ النُّمَيْرِیُّ

## حضرت حکیم بن معاویہ النمیری رضی اللہ عنہ

3076 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِی مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنِ السَّفْرِ بْنِ نُسَيْرٍ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ مُعَاوِيَةَ اَنَّهُ اَتَى النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت حکیم بن معاویہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے، عرض کی: یارسول اللہ! آپ کو ہمارے رب نے کیا دے کر بھیجا ہے؟

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، بِمَ اَرْسَلَكَ رَبُّنَا؟ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكَ بِهِ شَيْئًا، وَتُقِيمَ الصَّلَاةَ، وَتُؤْتِيَ الزَّكَاةَ، وَكُلُّ مُسْلِمٍ مِنْ مُسْلِمٍ حَرَامٌ، يَا حَكِيمُ بْنَ مُعَاوِيَةَ، هَذَا دِينُكَ، اَيْنَمَا تَكُنْ يَكْفِكَ

آپ نے فرمایا: اللہ کی عبادت کرنے‘ اس کے ساتھ کسی شی کو شریک نہ ٹھہرانے‘ زکوٰۃ دینے اور نماز قائم کرنے‘ ہر مسلمان کا خون دوسرے مسلمان پر حرام ہے۔ اے حکیم بن معاویہ! یہ تمہارا دین ہے‘ یہاں بھی تمہارے لیے کافی ہے۔

**3077** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْحِمَّانِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ جَابِرٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ عَمِّهِ حَكِيمِ بْنِ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا شُؤْمَ، وَقَدْ يَكُونُ الْيُمْنُ فِي الدَّارِ وَالْمَرْاَةِ

حضرت حکیم بن معاویہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: کوئی نحوست نہیں ہے‘ کبھی برکت گھر اور عورت میں ہوتی ہے۔

## حَكِيمُ بْنُ حَزْنٍ الْمَخْزُومِيُّ قُتِلَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ

## حضرت حکیم بن حزن مخزومی رضی اللہ عنہ‘ ان کو جنگ یمامہ کے دن شہید کیا گیا تھا

**3078** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ قُتِلَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ مِنَ الْمُسْلِمِينَ، ثُمَّ مِنْ قُرَيْشٍ، ثُمَّ مِنْ بَنِي مَخْزُومٍ: حَكِيمُ بْنُ حَزْنِ بْنِ اَبِي وَهْبِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَائِذٍ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ مسلمانوں اور قریش اور بنی مخزوم میں سے جو یمامہ کے دن شہید کیے گئے تھے اُن کے ناموں میں سے ایک نام حکیم بن حزن بن ابووہب بن عمرو بن عائذ کا بھی ہے۔

## اَلْحَكَمُ بْنُ عَمْرٍو

## حضرت حکم بن عمرو



3077- أخرج نحوه الترمذي في سننه جلد5 صفحه127 رقم الحديث: 2824 وزاد والفرس عن يحيى بن جابر عن معاوية بن حكيم بن حكيم بن معاوية به .

# الْغِفَارِيُّ

كَانَ يَنْزِلُ الْبَصْرَةَ، وَهُوَ الْحَكَمُ بْنُ عَمْرِو بْنِ مُجَدَّعِ بْنِ حِذْيَمِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ ثَعْلَبَةَ بْنِ مُلَيْلِ بْنِ ضَمْرَةَ بْنِ بَكْرِ بْنِ مَنَاةَ بْنِ كِنَانَةَ

**3079** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الصَّامِتِ، قَالَ: قَالَ عِمْرَانُ بْنُ الْحُصَيْنِ لِلْحَكَمِ بْنِ عَمْرٍو: أَسَمِعْتَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا طَاعَةَ لِأَحَدٍ فِي مَعْصِيَةِ اللهِ؟ قَالَ الْحَكَمُ: نَعَمْ

**3080** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ التَّيْمِيِّ، حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ، قَالَ: صَلَّى الْحَكَمُ بْنُ عَمْرٍو الْغِفَارِيُّ بِالنَّاسِ فِي سَفَرٍ وَبَيْنَ يَدَيْهِ سُتْرَةٌ، فَمَرَّتْ حَمِيرٌ بَيْنَ يَدَيْ أَصْحَابِهِ، فَأَعَادَ بِهِمُ الصَّلَاةَ، فَقَالُوا: أَرَادَ أَنْ يَصْنَعَ كَمَا صَنَعَ الْوَلِيدُ بْنُ عُقْبَةَ إِذْ صَلَّى بِأَصْحَابِهِ الْغَدَاةَ أَرْبَعًا، ثُمَّ قَالَ: أَزِيدُكُمْ؟ فَلَحِقْتُ بِالْحُكْمِ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ، فَوَقَفَ حَتَّى تَلَاحَقَ الْقَوْمُ، فَقَالَ: إِنِّي أَعَدْتُ بِكُمُ الصَّلَاةَ مِنْ أَجْلِ الْحَمِيرِ الَّتِي مَرَّتْ بَيْنَ أَيْدِيكُمْ، فَضَرَبْتُمُونِي مَثَلًا لِابْنِ أَبِي مُعَيْطٍ، وَإِنِّي أَسْأَلُ اللّٰهَ أَنْ يُحْسِنَ سِيرَتَكُمْ، وَيُحْسِنَ بَلَاغَكُمْ، وَأَنْ يَنْصُرَكُمْ عَلَى عَدُوِّكُمْ، وَأَنْ يُفَرِّقَ بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ. فَمَضَوْا فَلَمْ

الحكم بن عمرو الغفاری

# غفاری رضی اللہ عنہ

آپ بصرہ آئے' یہ حکم بن عمرو بن مجدع بن حذیم بن حارث بن ثعلبہ بن ملیل بن ضمرہ بن بکر بن مناۃ بن کنانہ ہیں۔

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حکم بن عمرو سے کہا گیا: کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ اللہ کی نافرمانی میں کسی کی اطاعت کرنی جائز نہیں ہے؟ حکم نے کہا: جی ہاں!

حضرت عبداللہ بن صامت فرماتے ہیں کہ حضرت حکم بن عمرو غفاری رضی اللہ عنہ نے سفر میں لوگوں کو نماز پڑھائی' آپ کے آگے سترہ رکھا گیا' آپ کے آگے سے صحابہ کرام کی خچریں گزریں' آپ نے نماز دوبارہ پڑھی' انہوں نے آپ سے کہا: آپ نے ایسا کرنے کا ارادہ کیا ہے جس طرح کہ ولید بن عقبہ نے کیا ہے' پھر اپنے ساتھیوں کو چار رکعتیں صبح کی پڑھائیں' پھر فرمایا: کیا تمہارے لیے اضافہ کیا؟ میں حکم سے ملا' میں نے اس کا ذکر کیا تو وہ ٹھہرے' لوگ بھی ملے۔ آپ نے فرمایا: میں نے نماز دوبارہ لوٹائی ہے' اس وجہ سے کہ تمہارے آگے سے خچریں گزری ہیں' تم مجھے ابن ابومعیط سے مثال دیتے ہو' میں اللہ سے مانگتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ تمہاری سیرت اچھی کرے اور تمہارا پیغام اچھے انداز میں پورا کرے اور تمہاری مدد کرے

يَرَوْا فِي وَجْهِهِمْ ذَلِكَ إِلَّا مَا يُسَرُّونَ بِهِ، فَلَمَّا أَنْ فَرَغُوا مَاتَ

# مَا أَسْنَدَ الْحَكَمُ بْنُ عَمْرٍو

**3081** - ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَا: ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ سَوَادَةَ بْنِ عَاصِمٍ، عَنِ الْحَكَمِ الْغِفَارِيِّ، وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدُّبَّاءِ وَالْحَنْتَمِ وَالْمُزَفَّتِ وَالنَّقِيرِ

**3082** - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، ح وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا، ثنا يَحْيَى، عَنِ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِي تَمِيمَةَ السُّلَمِيِّ، عَنْ دُلْجَةَ بْنِ قَيْسٍ أَنَّ رَجُلًا قَالَ لِلْحَكَمِ الْغِفَارِيِّ: أَتَذْكُرُ يَوْمَ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ النَّقِيرِ وَالْمُقَيَّرِ وَعَنِ الدُّبَّاءِ وَالْحَنْتَمِ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ الْآخَرُ: وَأَنَا أَشْهَدُ عَلَى ذَلِكَ

**3083** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثنا التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِي حَاجِبٍ، عَنْ

تمہارے دشمن کے خلاف اور میرے اور تمہارے درمیان جدائی کرے' وہ سب اس حال میں گئے کہ ان کے چہرے پر خوشی کے اثرات تھے' جب وہ فارغ ہوئے تو آپ فوت ہو گئے۔

# حضرت حکم بن عمرو کی روایت کردہ احادیث

حضرت حکم بن عمرو غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں' جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب میں سے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حنتم' مزفت اور نقیر کے برتنوں سے منع فرمایا' یعنی جن میں شراب بنائی جاتی تھی۔

حضرت دلجہ بن قیس فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے حکم الغفاری سے کہا: کیا تمہیں ان کے بارے میں جس دن آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نقیر اور مقیر برتنوں سے منع کیا اور دباء اور حنتم سے؟ حضرت حکم نے فرمایا: جی ہاں! دوسرے نے کہا: میں اس پر گواہ ہوں۔

حضرت ابوحاجب' بنی غفار کے ایک آدمی صحابی رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نقیر

رَجُلٍ مِنْ بَنِی غِفَارٍ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَهَی عَنِ النَّقِیرِ وَالْمُقَیَّرِ وَالدُّبَّاءِ وَالْحَنْتَمَةِ، وَنَهَی اَنْ یَتَطَهَّرَ الرَّجُلُ بِفَضْلِ طَهُورِ الْمَرْاَةِ

اورمقیر اور دباء اور حنتمہ کے برتنوں میں پینے سے منع کیا اور منع کیا کہ آدمی عورت کے بچے ہوئے پانی سے وضو کرے۔

**3084** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِیدِ بْنِ اَبِی مَرْیَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ یُوسُفَ الْفِرْیَابِیُّ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیزِ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِیٍّ، قَالَا: ثنا قَیْسُ بْنُ الرَّبِیعِ عَنْ عَاصِمِ بْنِ سُلَیْمَانَ، عَنْ سَوَادَةَ بْنِ عَاصِمٍ، عَنِ الْحَكَمِ الْغِفَارِیِّ، قَالَ: نَهَی رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ سُؤْرِ الْمَرْاَةِ

حضرت حکم الغفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عورت کے جوٹھے سے منع کیا۔

**3085** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِیُّ، ثنا الرَّبِیعُ بْنُ یَحْیَی الْاَشْنَانِیُّ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ اَبِی حَاجِبٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عَمْرٍو الْغِفَارِیِّ، قَالَ: نَهَی رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ یُتَوَضَّاَ بِفَضْلِ الْمَرْاَةِ

حضرت ابوحاجب، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب میں سے ایک آدمی سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عورت کے جوٹھے پانی سے وضو کرنے سے منع کیا۔

**3086** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ، ثنا اَبُو كُرَیْبٍ، ثنا وَكِیعٌ، عَنْ سُفْیَانَ، عَنْ سُلَیْمَانَ التَّیْمِیِّ، عَنْ اَبِی حَاجِبٍ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَهَی عَنْ سُؤْرِ الْمَرْاَةِ اَنْ یُتَوَضَّاَ بِهِ

حضرت ابوحاجب، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب میں سے ایک آدمی سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عورت کے جوٹھے پانی سے وضو کرنے سے منع کیا۔

**3087** - حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی السَّرِیِّ الْعَسْقَلَانِیُّ، ثنا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَیْمَانَ، حَدَّثَنِی ابْنُ الْحَكَمِ بْنِ عَمْرٍو الْغِفَارِیِّ، قَالَ: حَدَّثَنِی جَدِّی، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ الْحَكَمِ بْنِ

حضرت ابن حکم بن عمرو الغفاری فرماتے ہیں: مجھے میرے دادا نے بیان کیا کہ میں حضرت حکم بن عمرو الغفاری کے پاس تھا، جس وقت ان کے پاس حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قاصد آیا، اس نے کہا: علی کہتے ہیں کہ

عَمْرٍو الْغِفَارِيّ، حِينَ جَاءَهُ رَسُولُ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ: اِنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُولُ: اِنَّكَ اَحَقُّ مَنْ اَعَانَنَا عَلَى هَذَا الْاَمْرِ . فَقَالَ: اِنِّي سَمِعْتُ خَلِيلِي ابْنَ عَمِّكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِذَا كَانَ الْاَمْرُ هَكَذَا اَوْ مِثْلَ هَذَا اَنْ اَتَّخِذَ سَيْفًا مِنْ خَشَبٍ فَقَدِ اتَّخَذْتُ سَيْفًا مِنْ خَشَبٍ

آپ زیادہ حق دار ہیں' جو اس معاملہ میں میری مدد کرے۔ انہوں نے عرض کی: میں نے اپنے دوست اور آپ کے چچازاد رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: جب معاملہ اس طرح ہو تو لکڑی کی تلوار بنانا' تو میں نے لکڑی کی تلوار بنائی ہے۔

**3088** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، ثنا حُمَيْدٌ وَيُونُسُ وَحَبِيبٌ، عَنِ الْحَسَنِ اَنَّ زِيَادًا اسْتَعْمَلَ الْحَكَمَ بْنَ عَمْرٍو الْغِفَارِيَّ عَلَى جَيْشٍ، فَلَقِيَهُ عِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ فِي دَارِ الْاِمَارَةِ بَيْنَ الْبَابَيْنِ، فَقَالَ: هَلْ تَدْرِي فِيمَا جِئْتُكَ؟ اَمَا تَذْكُرُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا بَلَغَهُ الَّذِي قَالَ لَهُ اَمِيرُهُ: قُمْ فَقَعْ فِي النَّارِ، فَقَامَ الرَّجُلُ لِيَقَعَ فِيهَا، فَاُدْرِكَ فَاُمْسِكَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ وَقَعَ فِيهَا لَدَخَلَ النَّارَ، لَا طَاعَةَ فِي مَعْصِيَةِ اللّٰهِ ؟ قَالَ: بَلَى . قَالَ: فَاِنَّمَا اَرَدْتُ اَنْ اُذَكِّرَكَ هَذَا الْحَدِيثَ

حضرت حسن روایت فرماتے ہیں کہ زیاد نے حضرت حکم بن عمرو الغفاری کو لشکر پر امیر مقرر کیا' ان کو حضرت عمران بن حصین دارالحکومت میں دو دروازوں کے درمیان ملے' کہا: آپ جانتے ہیں کہ میں کیوں آپ کے پاس آیا ہوں؟ کیا آپ کو یاد ہے کہ رسول اللہ ﷺ کو جب اس آدمی کی بات پہنچی' جس کے امیر نے اسے حکم دیا کہ اُٹھ کر آگ میں کود جاؤ' پس وہ آگ میں داخل ہونے کے لیے کھڑا ہوا تو کسی نے آگے بڑھ کر اسے روک لیا تو حضور ﷺ نے فرمایا: اگر اس میں گرتا تو جہنم میں داخل ہوتا' اللہ کی نافرمانی میں کسی کی اطاعت جائز نہیں۔ حکم نے کہا: ہاں! حضرت عمران نے فرمایا: میرا مقصد آپ کو یہ حدیث یاد کروانا تھا۔

**3089** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَزَّارُ التُّسْتَرِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الشَّهِيدِيُّ، ثنا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ سَلْمِ بْنِ اَبِي الذَّيَّالِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ اَنَّ عِمْرَانَ بْنَ حُصَيْنٍ وَالْحَكَمَ

حضرت محمد بن سیرین فرماتے ہیں کہ حضرت عمران بن حصین اور حکم بن عمرو الغفاری' دونوں میں سے ایک نے' گمان ہے کہ عمران ہیں' بیان کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ کی نافرمانی میں کسی کی



---

3088- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد3 صفحه 501 رقم الحديث: 5870 .

الْغِفَارِيَّ اَوْ اَحَدَهُمَا- وَيَظُنُّهُ عِمْرَانَ- كَانَ يُحَدِّثُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا طَاعَةَ فِي مَعْصِيَةِ اللّٰهِ ۔ قَالَ: وَكَانَ يَتَمَنَّى اَنْ يَلْقَى الْآخَرَ مِنْ اَجْلِ الْحَدِيثِ، وَاَنَّهُ لَقِيَهُ، فَقَالَ: سَمِعْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ قَالَ: لَا طَاعَةَ فِي مَعْصِيَةِ اللّٰهِ ؟ قَالَ الْآخَرُ: نَعَمْ ۔ قَالَ: اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ ۔ اَوْ كَمَا قَالَ

اطاعت جائز نہیں ہے۔ حضرت حکم نے کہا: وہ تمنا کرتے ہیں کہ دوسرا اس حدیث کی وجہ سے ملاقات کرے۔ دونوں کی ملاقات ہوئی تو کہا: بھائی نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا جس وقت آپ نے فرمایا: اللہ کی نافرمانی میں کسی کی اطاعت جائز نہیں؟ دوسرے نے کہا: جی ہاں! حضرت حکم نے کہا: اللہ اکبر یا اس طرح کا کچھ اور کہا۔

3090 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ رُدَيْحٍ، ثنا حَوْشَبٌ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عَمْرٍو الْغِفَارِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَقْطَعُ الصَّلَاةَ الْكَلْبُ وَالْحِمَارُ وَالْمَرْاَةُ

حضرت حکم بن عمرو الغفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کتے اور عورت اور گدھے کے گزرنے سے نماز ٹوٹ جاتی ہے۔

3091 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْجُمَحِيُّ، ثنا جَمِيلُ بْنُ عُبَيْدٍ الطَّائِيُّ، ثنا اَبُو الْمُعَلَّى، قَالَ: قَالَ الْحَكَمُ الْغِفَارِيُّ: يَا طَاعُونُ خُذْنِي اِلَيْكَ ۔ فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: بِمَ تَقُولُ هَذَا، وَقَدْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَلَا لَا يَتَمَنَّيَنَّ اَحَدُكُمُ الْمَوْتَ ؟ قَالَ: قَدْ سَمِعْتُ مَا سَمِعْتُمْ، وَلَكِنِّي اُبَادِرُ سِتًّا: بَيْعَ الْحُكْمِ، وَكَثْرَةَ الشَّرَطِ، وَاِمَارَةَ الصِّبْيَانِ، وَسَفْكَ الدِّمَاءِ، وَقَطِيعَةَ الرَّحِمِ، وَنَشْئًا يَكُونُ فِي آخِرِ الزَّمَانِ يَتَّخِذُونَ الْقُرْآنَ مَزَامِيرَ

حضرت ابو معلّٰی فرماتے ہیں کہ حضرت حکم نے کہا: اے طاعون! مجھے پکڑ۔ قوم میں سے ایک آدمی نے کہا: یہ آپ کیا کہہ رہے ہیں؟ فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ خبردار! تم میں سے کوئی موت کی تمنا نہ کرے۔ حضرت حکم نے کہا: جو تم نے سنا ہے میں نے بھی سنا ہے لیکن یہ چھ کاموں کی وجہ سے تمنا کرتا ہوں' زبردستی بیع کی شرطوں کا زیادہ ہونا' بچوں کی حکومت ہونا' قتل ہونا' صلہ رحمی ختم ہونا اور آخر زمانہ میں قوم پیدا ہوگی' جو قرآن گانے کی طرز پر پڑھیں گے۔

**3092** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا النُّعْمَانُ بْنُ شِبْلٍ الْبَاهِلِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الْمُخَرِّمِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: رَآنِي الْحَكَمُ- قَالَ النُّعْمَانُ: أُرَاهُ الْغِفَارِيَّ- وَاَنَا آكُلُ وَاَنَا غُلَامٌ مِنْ هَاهُنَا وَهَاهُنَا، فَقَالَ: يَا بُنَيَّ لَا تَأْكُلْ هٰكَذَا، هٰكَذَا يَأْكُلُ الشَّيْطَانُ، اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا وَضَعَ يَدَهُ فِي الْقَصْعَةِ اَوْ فِي الْاِنَاءِ لَمْ تُجَاوِزْ اَصَابِعُهُ مَوْضِعَ كَفِّهِ

حضرت جعفر بن عبداللہ فرماتے ہیں کہ حضرت حکم رضی اللہ عنہ نے مجھے دیکھا' حضرت نعمان فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت غفاری کو دیکھا' میں کھانا کھا رہا تھا' میں بچہ تھا' میں کبھی یہاں سے کبھی وہاں سے کھاتا' تو حضرت حکم نے فرمایا: اے میرے بیٹے! اس طرح نہ کھاؤ' اس طرح شیطان کھاتا ہے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب پیالہ یا برتن میں اپنا ہاتھ رکھتے تو آپ کی انگلیاں اپنی ہتھیلی سے آگے نہیں بڑھتی تھیں۔

**3093** - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، قَالَ: قُلْتُ لِجَابِرِ بْنِ زَيْدٍ: اِنَّهُمْ يَزْعُمُونَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ الْاَهْلِيَّةِ . فَقَالَ: قَدْ كَانَ يَقُولُ عِنْدَنَا الْحَكَمُ بْنُ عَمْرٍو الْغِفَارِيُّ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلٰكِنْ اَبَى ذٰلِكَ الْبَحْرُ- يَعْنِي ابْنَ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا- وَقَرَاَ: (قُلْ لَا اَجِدُ فِيمَا اُوحِيَ اِلَيَّ مُحَرَّمًا) الْآيَةَ

حضرت عمرو بن دینار فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت جابر بن زید رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ گمان کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پالتو گدھوں کے گوشت سے منع کیا۔ عرض کی: ہمارے پاس حضرت حکم بن عمرو رضی اللہ عنہ کہا کرتے تھے۔ وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں لیکن علم کے سمندر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے انکار کیا اور یہ آیت پڑھی: ''آپ فرمائیں جو میری طرف وحی کی گئی اس میں حرمت نہیں پاتا''۔

## الْحَكَمُ بْنُ حَزْنٍ الْكُلَفِيُّ

## حضرت حکم بن حزن الکلفی رضی اللہ عنہ

**3094** - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ الْمِصْرِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ وَالْهَيْثَمُ

حضرت شعیب بن زریق الطائی فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابی کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا' ان کو حکم بن حزن الکلفی کہا جاتا ہے' وہ حدیث بیان کرنے لگے

بْنُ خَارِجَةَ، قَالُوا: ثنا شِهَابُ بْنُ خِرَاشِ بْنِ حَوْشَبٍ، حَدَّثَنِي شُعَيْبُ بْنُ زُرَيْقٍ الطَّائِيُّ، قَالَ: جَلَسْتُ إِلَى رَجُلٍ لَهُ صُحْبَةٌ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَالُ لَهُ الْحَكَمُ بْنُ حَزْنٍ الْكُلْفِيُّ، فَأَنْشَأَ يُحَدِّثُ، قَالَ: وَفَدْتُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَابِعَ سَبْعَةٍ أَوْ تَاسِعَ تِسْعَةٍ، فَاسْتُؤْذِنَ لَنَا، فَدَخَلْنَا عَلَيْهِ، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، زُرْنَاكَ لِتَدْعُوَ لَنَا بِخَيْرٍ، فَدَعَا لَنَا بِخَيْرٍ، وَأَمَرَ بِنَا فَأُنْزِلْنَا، وَأَمَرَ لَنَا بِشَيْءٍ مِنْ تَمْرٍ، وَالشَّأْنُ إِذْ ذَاكَ دُونٌ، فَلَبِثْنَا بِهَا أَيَّامًا، شَهِدْنَا بِهَا الْجُمُعَةَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَامَ مُتَوَكِّئًا عَلَى قَوْسٍ أَوْ عَصًا، فَحَمِدَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَأَثْنَى عَلَيْهِ كَلِمَاتٍ خَفِيفَاتٍ طَيِّبَاتٍ مُبَارَكَاتٍ، ثُمَّ قَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّكُمْ لَنْ تُطِيقُوا وَلَنْ تَفْعَلُوا كَمَا أُمِرْتُمْ بِهِ، وَلَكِنْ سَدِّدُوا وَأَبْشِرُوا

وہ فرمانے لگے: ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس سات یا نو افراد آئے‘ ہم نے اجازت مانگی‘ اجازت دی گئی تو ہم آپ کے پاس آئے‘ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم آپ کی زیارت کرنے کے لیے آئے ہیں تاکہ آپ ہمارے لیے بھلائی کی دعا کریں‘ آپ نے ہمارے لیے بھلائی کی دعا کی‘ ہمارے متعلق حکم دیا تو ہماری مہمان نوازی کی گئی‘ ہمیں کھجور دینے کا حکم دیا‘ وہ شان بہت عمدہ تھی‘ ہم آپ کے پاس چند دن رہے‘ ہم جمعہ کے وقت حضور ﷺ کے ساتھ حاضر ہوئے‘ آپ عصا پر ٹیک لگا کر کھڑے ہوئے‘ آپ نے اللہ کی حمد وثناء کی‘ چند مختصر پاکیزہ کلمات مبارک کے ساتھ‘ پھر فرمایا: اے لوگو! تم ہرگز طاقت نہ رکھو گے‘ اور نہ تم ہرگز کر سکتے ہو جس طرح تم کو اس کا حکم دیا گیا لیکن سیدھے رہو اور خوشخبری دو۔

## الْحَكَمُ بْنُ أَبِي الْعَاصِ بْنِ أُمَيَّةَ بْنِ عَبْدِ شَمْسٍ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ

## حضرت حکم بن ابوالعاص بن امیہ بن عبد شمس بن عبد مناف رضی اللہ عنہ

**3095** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ قَزَعَةَ، ثنا مَسْلَمَةُ بْنُ عَلْقَمَةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ قَيْسِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: قَالَتْ بِنْتُ الْحَكَمِ: قُلْتُ لِجَدِّي الْحَكَمِ: مَا رَأَيْتُ قَوْمًا كَانُوا أَعْجَزَ وَلَا أَسْوَأَ

حضرت قیس بن جبیر فرماتے ہیں کہ حضرت بنت حکم نے کہا: میں نے اپنے والد حکم سے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ کے معاملہ میں برا اور کمزور کسی قوم کو نہیں دیکھا‘ اے بنی امیہ! تمہارے علاوہ کسی کو۔ حضرت حکم نے کہا: اے بیٹی! ہمیں ملامت نہ کرو‘ میں

فِي اَمْرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْكُمْ يَا بَنِي اُمَيَّةَ. قَالَ: لَا تَلُومِينَا يَا بُنَيَّةُ، اِنِّي لَا اُحَدِّثُكِ اِلَّا مَا رَاَيْتُ بِعَيْنَيَّ هَاتَيْنِ، قُلْنَا: وَاللّٰهِ مَا نَزَالُ نَسْمَعُ قُرَيْشًا تُعْلِي هٰذَا الصَّابِءَ فِي مَسْجِدِنَا، تَوَاعَدُوا لَهُ حَتّٰى نَاْخُذَهُ، فَتَوَاعَدْنَا اِلَيْهِ، فَلَمَّا رَاَيْنَاهُ سَمِعْنَا صَوْتًا ظَنَنَّا اَنَّهُ مَا بَقِيَ بِتِهَامَةَ جَبَلٌ اِلَّا تَفَتَّتَ عَلَيْنَا، فَمَا عَقَلْنَا حَتّٰى قَضٰى صَلَاتَهُ وَرَجَعَ اِلٰى اَهْلِهِ، ثُمَّ تَوَاعَدْنَا لَيْلَةً اُخْرٰى، فَلَمَّا جَاءَ نَهَضْنَا اِلَيْهِ، فَرَاَيْتُ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ الْتَقَتَا اِحْدَاهُمَا بِالْاُخْرٰى، فَحَالَتَا بَيْنَنَا وَبَيْنَهُ، فَوَاللّٰهِ مَا نَفَعَنَا ذٰلِكَ

تمہیں وہی بتا رہا ہوں جو میں نے اپنی دونوں آنکھوں سے دیکھا ہے' ہم نے کہا: اللہ کی قسم! ہم اپنی مسجد میں مسلسل قریش کے اس بے دین کو بلند کرتے سنتے رہے' انہوں نے اس کے لیے دھمکی دی یہاں تک کہ ہم اسے پکڑیں' ہم نے اسے دھمکی دی' پس اس کی جب نماز مکمل ہوئی تو ہم نے ایک آواز سنی' ہم نے گمان کیا کہ تہامہ میں کوئی پہاڑ باقی نہیں رہ گیا مگر ہم پر گر پڑے گا' پس ہمیں سمجھ نہ آئی یہاں تک کہ وہ اپنی نماز مکمل کر کے اپنے گھر والوں کی طرف آیا' پھر ہم نے دوسری رات دھمکی دی' پس جب وہ آیا' ہم اس کے لیے کھڑے ہوئے' میں نے صفا مروہ کو دیکھا' ان میں سے ایک دوسرے سے مل گیا ہے' ہمارے اور اس کے درمیان حائل ہوگیا' اللہ کی قسم! ہمیں اس ساری کوشش نے نفع نہیں دیا۔

**3096** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا ضِرَارُ بْنُ صُرَدَ، ثنا عَائِذُ بْنُ حَبِيبٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَدَنِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ، قَالَ: كَانَ الْحَكَمُ بْنُ اَبِي الْعَاصِ يَجْلِسُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاِذَا تَكَلَّمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلَجَ اَوَّلًا، فَبَصُرَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اَنْتَ كَذَاكَ . فَمَا زَالَ يَخْتَلِجُ حَتّٰى مَاتَ

حضرت عبدالرحمٰن بن ابوبکر فرماتے ہیں کہ حضرت حکم بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ' حضورﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے' جب حضورﷺ نے گفتگو کی تو سب سے پہلے میرے دل کی بات آئی' حضورﷺ نے اپنی نگاہِ نبوت سے دیکھا' آپ نے فرمایا: تُو ایسے ہے' وہ مسلسل وہ بات دل میں آتی رہی مرنے تک۔

**3097** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوبَ، ثنا حَمَّادُ بْنُ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضورﷺ کا وصال ہوا تو حضرت ابوبکر کو خلیفہ بنا گیا'

عِيسَى، عَنْ بِلَالِ بْنِ يَحْيَى، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: لَمَّا قُبِضَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاسْتُخْلِفَ اَبُو بَكْرٍ، قِيلَ لَهُ فِي الْحَكَمِ بْنِ اَبِي الْعَاصِ، فَقَالَ: مَا كُنْتُ لِاَحُلَّ عُقْدَةً عَقَدَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حکم بن ابوالعاص کو اس کے متعلق کہا گیا تو اُنہوں نے کہا: میں گرہ کو نہیں کھولوں گا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لگائی ہے۔



## الْحَكَمُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ قُتِلَ يَوْمَ بَدْرٍ شَهِيدًا

## حضرت حکم بن سعید بن العاص رضی اللہ عنہ یہ بدر کے دن شہید کیے گئے تھے

3098 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ زَكَرِيَّا الْعَبْدَسِيُّ، ثنا اَبُو اُمَيَّةَ بْنُ يَعْلَى الطَّائِفِيُّ، حَدَّثَنِي جَدِّي، عَنْ عَمِّهِ الْحَكَمِ بْنِ سَعِيدٍ، قَالَ: اَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاُبَايِعَهُ، فَقَالَ: مَا اسْمُكَ؟ قُلْتُ: الْحَكَمُ . قَالَ: بَلْ اَنْتَ عَبْدُ اللّٰهِ

حضرت حکم بن سعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس بیعت کرنے کے لیے آیا تو آپ نے فرمایا: تمہارا نام کیا ہے؟ میں نے عرض کی: حکم! آپ نے فرمایا: تمہارا نام عبداللہ ہے۔

## الْحَكَمُ بْنُ الْحَارِثِ السُّلَمِيُّ

## حضرت حکم بن حارث السُلمی رضی اللہ عنہ

3099 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا اَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ حِسَابٍ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حُمْرَانَ، ثنا عَطِيَّةُ الرَّعَّاءُ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ الْحَارِثِ السُّلَمِيِّ، قَالَ: بَعَثَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي السَّلَبِ، فَمَرَّ بِي رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت حکم بن حارث السُلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مقام سلب میں بھیجا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے پاس سے گزرے' میری اونٹنی تھک گئی' میں اس کو مارنے لگا تو آپ نے فرمایا: اس کو نہ مار! حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اونٹنی چل! وہ اونٹنی کھڑی ہوئی اور لوگوں کے ساتھ چلنے لگی۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ حُلَّتْ لِي نَاقَتِي وَأَنَا أَضْرِبُهَا، فَقَالَ: لَا تَضْرِبْهَا . وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَلْ ، فَقَامَتْ فَسَارَتْ مَعَ النَّاسِ

3100 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ الرَّاسِبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ حِسَابٍ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حُمْرَانَ، عَنْ عَطِيَّةَ الرَّعَّاءِ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ الْحَارِثِ السُّلَمِيِّ أَنَّهُ غَزَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَ غَزَوَاتٍ، قَالَ: قَالَ لَنَا: إِذَا دَفَنْتُمُونِي وَرَشَشْتُمْ عَلَى قَبْرِي الْمَاءَ، فَقُومُوا عَلَى قَبْرِي وَاسْتَقْبِلُوا الْقِبْلَةَ وَادْعُوا لِي

حضرت حکم بن حارث السلمی سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تین جہاد کیے۔ حضرت عطیہ الرعاء فرماتے ہیں: حضرت حکم نے ہمیں فرمایا کہ جب تم مجھے دفن کرو اور میری قبر پر پانی چھڑکنا تو میری قبر پر کھڑے ہونا اور قبلہ رُو ہو کر میرے لیے دعا کرنا۔

3101 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُقْبَةَ السَّدُوسِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حُمْرَانَ، حَدَّثَنَا عَطِيَّةُ الرَّعَّاءُ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ الْحَارِثِ السُّلَمِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَخَذَ مِنْ طَرِيقِ الْمُسْلِمِينَ شِبْرًا جَاءَ بِهِ يَحْمِلُهُ مِنْ سَبْعِ أَرَضِينَ

حضرت حکم بن حارث سُلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے مسلمانوں کے راستے سے ایک بالشت جگہ بھی لی وہ اپنی گردن پر سات زمینوں کو اُٹھائے ہوئے ہوگا۔

## الْحَكَمُ بْنُ كَيْسَانَ الْمَخْزُومِيُّ قُتِلَ يَوْمَ بِئْرِ مَعُونَةَ

## حضرت حکم بن کیسان المخزومی، آپ کو بئر معونہ کے دن قتل کیا گیا

3102 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ قُتِلَ يَوْمَ بِئْرِ مَعُونَةَ مِنْ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے اصحاب میں سے جو بئر معونہ کے دن قتل کیے گئے، اُن کے ناموں میں سے حضرت حکم بن کیسان مخزومی کا نام

اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْحَكَمُ بْنُ كَيْسَانَ الْمَخْزُومِيُّ

بھی ہے۔

# اَلْحَكَمُ بْنُ سُفْيَانَ الثَّقَفِيُّ

# حضرت حکم بن سفیان الثقفی رضی اللہ عنہ

3103 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ وَالثَّوْرِيِّ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ الْحَكَمِ، اَوِ الْحَكَمِ بْنِ سُفْيَانَ الثَّقَفِيِّ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا تَوَضَّاَ اَخَذَ كَفًّا مِنْ مَاءٍ فَنَضَحَ بِهِ فَرْجَهُ

حضرت حکم بن سفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب وضو کرتے تو پانی کا ایک چلّو لیتے اور اسے اپنی شرمگاہ پر چھڑکتے تھے۔

3104 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا سَلَّامُ بْنُ اَبِي مُطِيعٍ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ سُفْيَانَ، قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَالَ فَاَخَذَ حَفْنَةً مِنْ مَاءٍ فَنَضَحَ بِهَا فَرْجَهُ

حضرت حکم بن سفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے پیشاب کیا اور پانی کا ایک چلّو لیا اور اسے اپنی شرمگاہ پر چھڑکا۔

3105 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، اَخْبَرَنِي مَنْصُورٌ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ الْحَكَمِ اَوْ اَبِي الْحَكَمِ الثَّقَفِيِّ، عَنْ اَبِيهِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا تَوَضَّاَ يَنْضَحُ حِيَالَ فَرْجِهِ بِالْمَاءِ

حضرت حکم بن سفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے وضو فرمایا' پانی کا ایک چلّو لیا اور اسے اپنی شرمگاہ پر چھڑکا۔

3106 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ ثَقِيفٍ يُقَالُ لَهُ الْحَكَمُ اَوْ اَبُو

حضرت حکم بن سفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے وضو کیا اور پانی کا ایک چلّو لیا اور اسے اپنے کپڑوں پر چھڑکا۔



3103- اخرجه ابن ماجه في سننه جلد1 صفحه157 رقم الحديث: 461 .

الْحَكَمِ اَنَّهُ رَاَى النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ، ثُمَّ اَخَذَ كَفًّا مِنْ مَاءٍ فَنَضَحَ بِهِ ثِيَابَهُ

3107 - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُعَلَّى بْنُ اَسَدٍ، ثنا وُهَيْبٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ سُفْيَانَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَالَ فَتَوَضَّاَ، وَاَخَذَ مَاءً فَنَضَحَ بِهِ

حضرت حکم بن سفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے پیشاب کیا' وضوفرمایا' پانی کا ایک چلّو لیا اوراسے اپنی شرمگاہ پر چھڑکا۔

3108 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّیُّ، ثنا اَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ، ثنا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ الْحَكَمِ اَوْ اَبِی الْحَكَمِ بْنِ سَنَانٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَالَ فَتَوَضَّاَ وَنَضَحَ فَرْجَهُ

حضرت حکم بن سفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے پیشاب کیا اور پانی کا ایک چلّو لیا اوراسے اپنی شرمگاہ پر چھڑکا۔

3109 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَبَّاسِ الْاَصْبَهَانِیُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِی زَائِدَةَ، حَدَّثَنِی اَبِی، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ سُفْيَانَ الثَّقَفِیِّ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ، وَاَخَذَ كَفًّا مِنْ مَاءٍ فَنَضَحَ بِهِ فَرْجَهُ

حضرت حکم بن سفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے وضو کیا اور پانی کا ایک چلّو لیا اوراسے اپنی شرمگاہ پر چھڑکا۔

3110 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَحْمَدَ الْوَكِيعِیُّ، ثنا اَبِی، ثنا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، عَنْ مُفَضَّلِ بْنِ مُهَلْهَلٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ سُفْيَانَ، اَوْ سُفْيَانَ بْنِ الْحَكَمِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ وَنَضَحَ فَرْجَهُ.

حضرت حکم بن سفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے وضو کیا اور پانی کا ایک چلّو لیا اوراسے اپنی شرمگاہ پر چھڑکا۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ، ثنا

حضرت حکم بن سفیان ثقفی' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسی

عُثْمَانُ بْنُ اَبِی شَیْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، عَنْ زَكَرِیَّا بْنِ اَبِی زَائِدَةَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ سُفْیَانَ الثَّقَفِیِّ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

کی مثل روایت کرتے ہیں۔

**3111** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثنا جُبَارَةُ بْنُ مُغَلِّسٍ، ثنا قَیْسُ بْنُ الرَّبِیعِ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ سُفْیَانَ، قَالَ: رَاَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ وَنَضَحَ الْمَاءَ عَلَى فَرْجِهِ

حضرت حکم بن سفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے وضو کیا اور پانی اپنی شرمگاہ پر چھڑکا۔

**3112** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِی شَیْبَةَ، ثنا جَرِیرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ الْحَكَمِ اَوْ اَبِی الْحَكَمِ الثَّقَفِیِّ، قَالَ: رَاَیْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَالَ ثُمَّ دَعَا بِمَاءٍ فَتَوَضَّاَ وَنَضَحَ فَرْجَهُ

حضرت حکم بن سفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے پیشاب کیا پھر پانی منگوا کر وضو کیا اور اسے اپنی شرمگاہ پر چھڑکا۔



## الْحَكَمُ بْنُ عُمَیْرٍ الثُّمَالِیُّ

## حضرت حکم بن عمیر الثمالی رضی اللہ عنہ

**3113** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِرْقٍ الْحِمْصِیُّ، ثنا سُلَیْمَانُ بْنُ سَلَمَةَ الْخَبَائِرِیُّ، ثنا بَقِیَّةُ، عَنْ عِیسَى بْنِ اِبْرَاهِیمَ، عَنْ مُوسَى بْنِ اَبِی حَبِیبٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُمَیْرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اغْتَسَلَ اَحَدُكُمْ ثُمَّ ظَهَرَ مِنْ ذَكَرِهِ شَیْءٌ فَلْیَتَوَضَّاْ

حضرت حکم بن عمیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی غسل کرے پھر اس کے ذکر سے کوئی شی نکلے تو اسے دھولے۔

فائدہ: اگر منی کچھ نکلی اور قبل پیشاب کرنے یا سونے یا چالیس قدم چلنے کے نہا لیا اور نماز پڑھ لی تو اب بقیہ منی خارج ہوئی تو غسل کرے کیونکہ یہ اس منی کا حصہ ہے جو اپنے محل سے شہوت کے ساتھ جدا ہوئی تھی اور پہلے جو نماز پڑھی تھی وہ ہو گئی اس کے اعادہ کی حاجت نہیں اور اگر چالیس قدم چلنے یا پیشاب کرنے یا سونے کے بعد غسل کیا' پھر منی بلا شہوت نکلی تو غسل ضروری نہیں اور یہ پہلی کا بقیہ نہیں کہی جائے گی۔ (بہار شریعت حصہ ۲ صفحہ ۳۲۱' مطبوعہ المکتبۃ المدینہ)

**3114** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِرْقٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ سَلَمَةَ الْخَبَائِرِيُّ، ثنا بَقِيَّةُ، عَنْ عِيسَى بْنِ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ مُوسَى بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُمَيْرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الصَّبْرُ وَالِاحْتِسَابُ هُنَّ عِتْقُ الرِّقَابِ، وَيُدْخِلُ اللّٰهُ صَاحِبَهُنَّ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ

حضرت حکم بن عمیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: صبر کرنا اور ثواب حاصل کرنے کی نیت سے عبادت کرنا' غلام آزاد کرنا' اللہ عزوجل ایسا کرنے والوں کو بغیر حساب کے جنت میں داخل کرے گا۔

**3115** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِرْقٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ سَلَمَةَ الْخَبَائِرِيُّ، ثنا بَقِيَّةُ، عَنْ عِيسَى بْنِ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ مُوسَى بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ عَمِّهِ الْحَكَمِ بْنِ عُمَيْرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَحَبُّ الْاَعْمَالِ اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ مَنْ اَطْعَمَ مِسْكِينًا مِنْ جُوعٍ، اَوْ دَفَعَ عَنْهُ مَغْرَمًا، اَوْ كَشَفَ عَنْهُ كَرْبًا

حضرت حکم بن عمیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل کو تمام اعمال سے زیادہ پسند مساکین کو کھانا کھلانا' یا کسی کا قرض دور کرنا' یا کسی سے مشکل دور کرنا ہے۔

**3116** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِرْقٍ الْحِمْصِيُّ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ سَلَمَةَ الْخَبَائِرِيُّ، ثنا بَقِيَّةُ، عَنْ عِيسَى بْنِ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ مُوسَى بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُمَيْرٍ، وَعَائِذِ بْنِ قُرْطٍ، قَالَا: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُمَثِّلُوا بِشَيْءٍ مِنْ خَلْقِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فِيهِ الرُّوحُ

حضرت حکم بن عمیر اور عائذ بن قرط رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ کی مخلوق میں سے ذی روح شی کو مثلہ نہ کرو۔

**3117** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِدْرِيسَ بْنِ

حضرت حکم بن عمیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

مُطَيَّبِ الْمِصِّيصِيُّ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، قَالَا: ثنا أَحْمَدُ بْنُ النُّعْمَانِ الْفَرَّاءُ الْمِصِّيصِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى الْأَسْلَمِيُّ، عَنْ مُوسَى بْنِ أَبِي حَبِيبٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُمَيْرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَتَى إِلَيْكُمْ مَعْرُوفًا فَكَافِئُوهُ، فَإِنْ لَمْ تَجِدُوا فَادْعُوا لَهُ

حضور ﷺ نے فرمایا: جو تمہارے پاس کوئی نیکی لائے تو اسے اس کا بدلہ دو جو تم نہ پاؤ تو اس کے لیے دعا کرو۔

**3118** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِدْرِيسَ الْمِصِّيصِيُّ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، قَالَا: ثنا أَحْمَدُ بْنُ النُّعْمَانِ الْفَرَّاءُ الْمِصِّيصِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى الْأَسْلَمِيُّ، عَنْ مُوسَى بْنِ أَبِي حَبِيبٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُمَيْرٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُنَا: إِذَا قُمْتُمْ إِلَى الصَّلَاةِ فَارْفَعُوا أَيْدِيَكُمْ، وَلَا تُخَالِفْ آذَانُكُمْ، ثُمَّ قُولُوا: اللّٰهُ أَكْبَرُ، سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، وَتَبَارَكَ اسْمُكَ، وَتَعَالَى جَدُّكَ، وَلَا إِلٰهَ غَيْرُكَ، وَإِنْ لَمْ تَزِيدُوا عَلَى التَّكْبِيرِ أَجْزَأَتْكُمْ

حضرت حکم بن عمیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمیں سکھاتے: جب تم نماز کے لیے کھڑے ہو تو اپنے ہاتھوں کو اُٹھاؤ اور تمہارے کان مختلف نہ ہوں پھر کہو: اللہ اکبر! پھر پڑھو: ''سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ الى آخره'' اگر تکبیر سے زیادہ نہ کہو تو تمہاری نماز ہو جائے گی۔

**3119** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ النُّعْمَانِ الْفَرَّاءُ، ثنا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى، عَنْ مُوسَى بْنِ أَبِي حَبِيبٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُمَيْرٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي طَعَامٍ، فَتَنَاوَلَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ خَادِمَ أَهْلِ الْبَيْتِ مِنْدِيلًا، فَتَنَاوَلَهُ ثَوْبَهُ فَمَسَحَ بِهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَتَمَنْدَلْ بِثَوْبِ مَنْ لَمْ تَكْسُ

حضرت حکم بن عمیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ تھے ایک کھانے میں گھر والوں سے ایک خادم سے ایک آدمی نے رومال پکڑا اس نے اس کپڑا کو پکڑا اُس نے اس کے ساتھ اپنے آپ کو صاف کیا یعنی ہاتھ اور منہ وغیرہ حضور ﷺ نے فرمایا: اس آدمی کے کپڑے کو رومال نہ بناؤ جسے تم نے کپڑا نہیں پہنایا ہے۔

**3120** - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْبَاقِي الْاَذَنِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُصَفًّى، ثنا بَقِيَّةُ، عَنْ عِيسَى بْنِ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ مُوسَى بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُمَيْرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اسْتَحْيُوا مِنَ اللّٰهِ حَقَّ الْحَيَاءِ، احْفَظُوا الرَّاْسَ وَمَا حَوَى، وَالْبَطْنَ وَمَا وَعَى، وَاذْكُرُوا الْمَوْتَ وَالْبِلَى، فَمَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ كَانَ ثَوَابُهُ جَنَّةَ الْمَاْوَى

حضرت حکم بن عمیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ سے حیاء کرو جس طرح حیاء کرنے کا حق ہے' سر اور اس کے اردگرد کی اور پیٹ کی اور جو اس نے اکٹھا کیا' کی حفاظت کرو اور موت اور آزمائش کو یاد کرو' جس نے ایسے کیا تو اس کے ثواب کا بدلہ جنت ماویٰ ہے۔

**3121** - حَدَّثَنَا عَبْدُوسُ بْنُ دَيْزَوَيْهِ الرَّازِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُصَفًّى، ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ عِيسَى بْنِ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ مُوسَى بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُمَيْرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَنْزِلُ الْقُرْآنُ، فَهُوَ كَلَامُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت حکم بن عمیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قرآن جو نازل ہوتا ہے' وہ اللہ کا کلام ہے۔

**3122** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا بَقِيَّةُ، ثنا عِيسَى بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ مُوسَى بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُمَيْرٍ الثُّمَالِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْاَمْرُ الْمُفْظِعُ، وَالْحَمْلُ الْمُضْلِعُ وَالشَّرُّ الَّذِي لَا يَنْقَطِعُ، اِظْهَارُ الْبِدَعِ

حضرت حکم بن عمیر الثمالی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سنگین معاملہ اور نہ ختم ہونے والا شر بدعت کا اظہار ہوگا۔

**3123** - وَبِهٰذَا الْاِسْنَادِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُصُّوا الشَّارِبَ مَعَ الشِّفَاهِ

حضور ﷺ نے فرمایا: ہونٹوں پر سے مونچھیں کاٹ دو۔

## حَجَّاجُ بْنُ عِلَاطٍ

## حضرت حجاج بن علاط

# السُّلَمِيُّ

3124 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: لَمَّا افْتَتَحَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْبَرَ، قَالَ الْحَجَّاجُ بْنُ عِلَاطٍ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّ لِي بِمَكَّةَ مَالًا، وَإِنَّ لِي بِهَا أَهْلًا، وَإِنِّي أُرِيدُ أَنْ آتِيَهُمْ، فَأَنَا فِي حِلٍّ إِنْ أَنَا نِلْتُ مِنْكَ أَوْ قُلْتُ شَيْئًا. فَأَذِنَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَقُولَ مَا شَاءَ. قَالَ: فَأَتَى امْرَأَتَهُ حِينَ قَدِمَ، فَقَالَ: اجْمَعِي مَا كَانَ عِنْدَكِ، فَإِنِّي أُرِيدُ أَنْ أَشْتَرِيَ مِنْ غَنَائِمِ مُحَمَّدٍ وَأَصْحَابِهِ، فَإِنَّهُمْ قَدِ اسْتُبِيحُوا وَأُصِيبَتْ أَمْوَالُهُمْ. وَفَشَا ذَلِكَ بِمَكَّةَ، فَانْقَمَعَ الْمُسْلِمُونَ، وَأَظْهَرَ الْمُشْرِكُونَ فَرَحًا وَسُرُورًا. قَالَ: وَبَلَغَ الْخَبَرُ الْعَبَّاسَ بْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، فَعَقِرَ وَجَعَلَ لَا يَسْتَطِيعُ أَنْ يَقُومَ، ثُمَّ أَرْسَلَ غُلَامًا إِلَى الْحَجَّاجِ بْنِ عِلَاطٍ: وَيْلَكَ مَاذَا جِئْتَ بِهِ؟ وَمَاذَا تَقُولُ؟ فَمَا وَعَدَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ خَيْرٌ مِمَّا جِئْتَ بِهِ. قَالَ: فَقَالَ الْحَجَّاجُ: اقْرَأْ عَلَى أَبِي الْفَضْلِ السَّلَامَ، وَقُلْ لَهُ فَلْيُخْلِ لِي فِي بَعْضِ بُيُوتِهِ لِآتِيَهُ، فَإِنَّ الْخَبَرَ عَلَى مَا يَسُرُّهُ. قَالَ: فَجَاءَ غُلَامُهُ، فَلَمَّا بَلَغَ الْبَابَ قَالَ: أَبْشِرْ يَا أَبَا الْفَضْلِ. قَالَ: فَوَثَبَ الْعَبَّاسُ فَرَحًا حَتَّى قَبَّلَ بَيْنَ عَيْنَيْهِ، فَأَخْبَرَهُ مَا قَالَ الْحَجَّاجُ، فَأَعْتَقَهُ. قَالَ: ثُمَّ جَاءَهُ الْحَجَّاجُ فَأَخْبَرَهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدِ

حجاج بن علاط السلمی

# السلمی رضی اللہ عنہ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب رسول کریم ﷺ نے خیبر فتح فرمایا' حجاج بن علاط نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! بے شک مکہ میں میرا مال ہے اور وہاں میرے اہل وعیال ہیں' میں چاہتا ہوں کہ میں ان کو لے آؤں' میرے لیے مخصوص اجازت ہونی چاہیے' اگر آپ سے میں کوئی شی پاؤں یا میں کہوں (اگر مجھے کوئی بناوٹی بات کہنی پڑ جائے) نبی کریم ﷺ نے اسے اجازت دی کہ وہ جو مناسب سمجھیں اپنی زبان سے کہیں۔ راوی کا بیان ہے: پس وہ اپنی بیوی کے پاس آئے جب مکہ پہنچے پس انہوں نے کہا: جو کچھ تمہارے پاس ہے' اسے اکٹھا کرو کیونکہ میں محمد ﷺ اور ان کے صحابہ کی غنیمتیں خریدنا چاہتا ہوں' کیونکہ انہوں نے اپنے مال مباح کر دیئے ہیں اور ان کے مال' مصیبت کا شکار ہوئے ہیں' یہ بات مکہ میں عام ہوگئی' جس سے مسلمانوں کو تکلیف ہوئی اور مشرکوں نے خوشیاں منائیں۔ راوی کا بیان ہے: یہ خبر حضرت عباس رضی اللہ عنہ تک پہنچی تو آپ اس قدر دہشت زدہ ہوئے کہ اُٹھنے کے قابل نہ رہے۔ پھر انہوں نے غلام کو حجاج بن علاط کی طرف بھیجا (اور کہلا بھیجا) تیرے لیے ہلاکت ہو! تو کیسی خبر لایا ہے؟ اور تو کیا کہتا ہے؟ پس جو وعدہ اللہ تعالیٰ نے (اپنی نبی ﷺ) سے فرمایا ہے' وہ اس سے کئی درجے بہتر ہے جو تو لایا ہے۔ راوی کہتا ہے: حجاج نے جواباً کہا: ابوالفضل کو میرا اسلام کہہ کر بتا' کسی الگ

افْتَتَحَ خَيْبَرَ وَغَنِمَ اَمْوَالَهُمْ، وَجَرَتْ سِهَامُ اللّٰهِ فِي اَمْوَالِهِمْ، وَاصْطَفَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَفِيَّةَ بِنْتَ حُيَيٍّ، وَاتَّخَذَهَا لِنَفْسِهِ، وَخَيَّرَهَا بَيْنَ اَنْ يُعْتِقَهَا وَيَكُونَ زَوْجَهَا، اَوْ تَلْحَقَ بِاَهْلِهَا، فَاخْتَارَتْ اَنْ يُعْتِقَهَا وَتَكُونَ زَوْجَتَهُ، وَلٰكِنِّي جِئْتُ لِمَا كَانَ لِي هَاهُنَا، اَرَدْتُ اَنْ اَجْمَعَهُ فَاَذْهَبَ بِهِ، فَاسْتَاْذَنْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَذِنَ لِي اَنْ اَقُولَ مَا شِئْتُ، فَاَخْفِ عَلَيَّ ثَلَاثًا، ثُمَّ اذْكُرْ مَا بَدَا لَكَ . قَالَ: فَجَمَعَتِ امْرَاَتُهُ مَا كَانَ عِنْدَهَا مِنْ حُلِيٍّ اَوْ مَتَاعٍ فَدَفَعَتْهُ اِلَيْهِ، ثُمَّ انْشَمَرَ بِهِ، فَلَمَّا كَانَ بَعْدَ ثَلَاثٍ اَتَى الْعَبَّاسُ امْرَاَةَ الْحَجَّاجِ، فَقَالَ: مَا فَعَلَ زَوْجُكِ؟ فَاَخْبَرَتْهُ اَنَّهُ قَدْ ذَهَبَ يَوْمَ كَذَا وَكَذَا، وَقَالَتْ: لَا يُحْزِنْكَ اللّٰهُ يَا اَبَا الْفَضْلِ، لَقَدْ شَقَّ عَلَيْنَا الَّذِي بَلَغَكَ . قَالَ: اَجَلْ، لَا يُحْزِنُنِي اللّٰهُ، وَلَمْ يَكُنْ بِحَمْدِ اللّٰهِ اِلَّا مَا اَحْبَبْنَا، فَتَحَ اللّٰهُ خَيْبَرَ عَلَى رَسُولِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاصْطَفَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَفِيَّةَ لِنَفْسِهِ ، فَاِنْ كَانَ لَكِ حَاجَةٌ فِي زَوْجِكِ فَالْحَقِي بِهِ . قَالَتْ: اَظُنُّكَ وَاللّٰهِ صَادِقًا . قَالَ: فَاِنِّي وَاللّٰهِ صَادِقٌ، وَالْاَمْرُ عَلَى مَا اَخْبَرْتُكِ . قَالَ: ثُمَّ ذَهَبَ حَتَّى اَتَى مَجَالِسَ قُرَيْشٍ، وَهُمْ يَقُولُونَ اِذَا مَرَّ بِهِمْ: لَا يُصِيبُكَ اِلَّا خَيْرٌ يَا اَبَا الْفَضْلِ . قَالَ: لَمْ يُصِبْنِي اِلَّا خَيْرٌ بِحَمْدِ اللّٰهِ، لَقَدْ اَخْبَرَنِي الْحَجَّاجُ بْنُ عِلَاطٍ اَنَّ خَيْبَرَ فَتَحَهَا اللّٰهُ عَلَى رَسُولِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَجَرَتْ سِهَامُ

کمرے میں ہو کر بیٹھو میں آ کر اصل بات بتاتا ہوں کیونکہ اصل خبر خوش کن ہے۔ راوی کہتا ہے: غلام آیا' جوں ہی دروازے پر پہنچا تو کہا: اے ابوالفضل! خوشخبری ہو! راوی کہتا ہے: یہ سن کر حضرت عباس خوشی سے جھوم اُٹھے حتیٰ کہ اس غلام کی دونوں آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا' پس اس نے وہ خبر دی جو حجاج نے بتائی تھی تو حضرت عباس نے اپنے اس غلام کو آزاد کر دیا۔ راوی کا بیان ہے: پھر حضرت حجاج' حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو بتانے لگے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خیبر فتح کر لیا ہے' وہاں کے مال' غنیمت کے طور پر حاصل ہو چکے ہیں' ان کے مالوں میں اللہ کا حصہ جاری ہو گیا ہے' اسی میں سے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت صفیہ بنت حیی کو چن کر اپنی ذات کے لیے خاص کیا ہے اور انہیں اختیار دیا ہے کہ اگر وہ چاہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انہیں آزاد کر کے اپنی زوجہ محترمہ بنائیں اور اگر وہ چاہیں تو اپنے گھر والوں سے مل جائیں! تو اُنہوں نے اس بات کو پسند کیا ہے کہ آپ انہیں آزاد فرما کر اپنی زوجہ محترمہ بنانے کا شرف عطا فرمائیں' لیکن میں آیا اس خاص مال کیلئے جو میرا یہاں پر تھا' میں نے چاہا کہ اسے اکٹھا کر کے لے جاؤں اور (جو کارروائی میں نے کی ہے) میں اس کی رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اجازت لے کر آیا تھا اور میرے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے اجازت فرمائی کہ میں کہوں جو میں چاہوں۔ پس آپ اس بات کو صرف تین دن مخفی

اللّٰهِ، وَاصْطَفَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَفِيَّةَ لِنَفْسِهِ، وَقَدْ سَأَلَنِي أَنْ أُخْفِيَ عَنْهُ ثَلَاثًا، وَإِنَّمَا جَاءَ لِيَأْخُذَ مَالَهُ وَمَا كَانَ لَهُ مِنْ شَيْءٍ هَاهُنَا ثُمَّ يَذْهَبَ. فَرَدَّ اللّٰهُ الْكَآبَةَ الَّتِي كَانَتْ بِالْمُسْلِمِينَ عَلَى الْمُشْرِكِينَ، وَخَرَجَ الْمُسْلِمُونَ مَنْ كَانَ دَخَلَ بَيْتَهُ مُكْتَئِبًا حَتَّى أَتَوُا الْعَبَّاسَ فَأَخْبَرَهُمُ الْخَبَرَ، فَسُرَّ الْمُسْلِمُونَ، وَرَدَّ اللّٰهُ مَا كَانَ مِنْ كَآبَةٍ أَوْ غَيْظٍ أَوْ حُزْنٍ عَلَى الْمُشْرِكِينَ

رکھنا' اس کے بعد ساری بات کھول دینا۔ راوی کہتا ہے: ان کی زوجہ نے جمع کیں' جو چیزیں اس کے پاس تھیں مثلاً زیور اور سامان' اس نے حضرت حجاج کے حوالے کر دیں' پھر آپ ان کو لے کر روانہ ہوئے' پس جب تین دن گزر گئے تو حضرت عباس' حضرت حجاج کی بیوی کے پاس آئے' فرمایا: تیرے خاوند نے کیا کیا؟ پس اس نے آپ کو خبر دی کہ وہ (آ کر) فلاں فلاں دن کو تشریف لے گئے اور عرض کی: اے ابوالفضل! اللہ آپ کو کبھی پریشان نہ کرے! جو بات پہلے آپ تک پہنچی' اس سے ہمیں بہت تکلیف ہوئی' انہوں نے فرمایا: ہاں! دعا ہے اللہ کسی لحاظ سے مجھے پریشانی نہ دے' الحمد للہ! بات اسی طرح ہے جو ہمیں پسند تھی' اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو خیبر کی فتح عطا فرمائی ہے۔ رسول کریم ﷺ نے اپنی ذات کے لیے حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کو پسند کیا ہے' تجھے اگر اپنے خاوند سے کوئی کام ہے تو پیچھے سے جا کر اس سے مل جا۔ اس عورت نے عرض کی: مجھے گمان ہے کہ قسم بخدا! آپ سچے ہیں' آپ نے فرمایا: قسم بخدا! میں سچا ہوں اور معاملہ بعینہٖ اسی طرح ہے جس طرح میں نے تجھے خبر دی ہے' پھر آپ پورے وقار سے چلے یہاں تک کہ قریش کی مجلسوں میں آئے جبکہ وہ کہہ رہے تھے جب آپ ان کے پاس سے گزرے: اے ابوالفضل! آپ کو بھلائی پہنچے! آپ نے فرمایا: الحمد للہ! مجھے بھلائی ہی پہنچی ہے' یقیناً حجاج بن علاط نے مجھے بتایا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے رسول کریم ﷺ کے ہاتھوں خیبر

فتح فرما دیا ہے' اللہ کے حصے جاری ہو چکے ہیں اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صفیہ کو اپنی ذات کے لیے پسند کیا ہے' اس نے مجھ سے پرزور مطالبہ کیا کہ تین دن تک میں اس کی بتائی ہوئی بات پوشیدہ رکھوں' وہ صرف اس لیے آیا تھا کہ وہ اپنا مال اور جو چیز اس کی یہاں تھی' وہ لے جائے۔ پس اللہ تعالیٰ نے پر وہی پریشانی لوٹا دی جو پہلے مسلمانوں کو لاحق تھی' وہ مسلمان جو انتہائی غم کی حالت طاری ہونے کی وجہ سے اپنے اپنے گھروں میں داخل ہو چکے تھے' باہر نکل آئے' حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضری دی' انہوں نے ایک بار پھر انہیں وہی خبر سنائی جس سے مسلمانوں کی خوشی کی انتہاء نہ رہی' پہلے مسلمان پریشانی' غصے اور مصیبت میں مبتلا تھے' لیکن اب مشرکینِ مکہ کو وہ ساری چیزیں لاحق ہو گئیں۔

**3125** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا عِيسَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عُثْمَانَ اَبِي شَيْبَةَ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ الْحَجَّاجَ بْنَ عِلَاطٍ اَهْدَى لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَيْفَهُ ذَا الْفَقَارِ، وَدِحْيَةَ الْكَلْبِيَّ اَهْدَى لَهُ بَغْلَتَهُ الشَّهْبَاءَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حضرت حجاج بن علاط نے ذوالفقار تلوار دی اور حضرت دحیہ کلبی نے شہباء خچر دی۔

## حَجَّاجُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ النَّصْرِيُّ

## حضرت حجاج بن عبداللہ النصری رضی اللہ عنہ

**3126** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت حجاج بن عبداللہ النصری فرماتے ہیں کہ

الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اَبُو اُسَامَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ مَكْحُولٍ، ثنا الْحَجَّاجُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ النَّصْرِيُّ، قَالَ: النَّفَلُ حَقٌّ، نَفَلَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

مالِ غنیمت حق ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مالِ غنیمت لیتے تھے۔

## حَجَّاجُ بْنُ مَالِكٍ الْاَسْلَمِيُّ

## حضرت حجاج بن مالک اسلمی رضی اللہ عنہ

3127 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ وَابْنِ جُرَيْجٍ وَالثَّوْرِيِّ، قَالُوا: اَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ الْحَجَّاجِ الْاَسْلَمِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مَا يُذْهِبُ عَنِّي مَذَمَّةَ الرَّضَاعِ؟ قَالَ: غُرَّةٌ، عَبْدٌ اَوْ وَلِيدَةٌ

حضرت حجاج اسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! رضاعت کے عیب کو مجھ سے کیا چیز دور کرسکتی ہے؟ فرمایا: چٹی! ایک غلام یا ایک لونڈی۔

3128 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنِ الْحَجَّاجِ، قَالَ: سَاَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يُذْهِبُ عَنِّي مَذَمَّةَ الرَّضَاعِ؟ قَالَ: غُرَّةٌ، عَبْدٌ اَوْ اَمَةٌ

حضرت حجاج رضی اللہ عنہ نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال کیا: کیا چیز مجھ سے دودھ پلانے کے عیب نکالنے کو دور کرسکتی ہے؟ فرمایا: چٹی ایک غلام یا ایک لونڈی۔

3129 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ الْحَجَّاجِ الْاَسْلَمِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا يُذْهِبُ عَنِّي مَذَمَّةَ الرَّضَاعِ؟ قَالَ:

حضرت حجاج اسلمی رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! مجھ سے کون سی چیز دودھ پلانے کے عیب نکالنے کو ختم کرے گی؟ فرمایا: چٹی ایک غلام یا ایک لونڈی۔

غُرَّةٌ، عَبْدٌ اَوْ اَمَةٌ

3130 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا يُذْهِبُ عَنِّي مَذَمَّةَ الرَّضَاعِ؟ قَالَ: عَبْدٌ اَوْ اَمَةٌ عِنْدَ الْفِطَامِ.

حضرت حجاج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کون سی چیز مجھ سے رضاعت کے عیب نکالنے کوختم کرے گی؟ فرمایا: دودھ چھڑانے کے وقت ایک غلام یا ایک لونڈی (آزاد کرنا)۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ.

حضرت حجاج بن حجاج اپنے والد سے وہ رسول اللہ ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا حَفْصُ بْنُ مَيْسَرَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ الْحَجَّاجِ اَنَّ اَبَاهُ اَبَا حَدْرَدٍ سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يُذْهِبُ عَنِّي مَذَمَّةَ الرَّضَاعِ؟ فَذَكَرَ مِثْلَهُ

حضرت حجاج بن حجاج اپنے والد ابوحدرد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے حضور ﷺ سے پوچھا: مجھ سے دودھ پلانے کی مدت ختم کیسے ہوسکتی ہے؟ اس کے بعد اسی کی مثل حدیث ذکر کی۔

3131 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْهَاشِمِيُّ، ثنا ابْنُ اَبِي الزِّنَادِ، عَنْ اَبِيهِ وَهِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ مَالِكٍ الْاَسْلَمِيِّ، عَنْ اَبِيهِ اَنَّهُ سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يُذْهِبُ عَنِّي مَذَمَّةَ الرَّضَاعِ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: غُرَّةٌ، عَبْدٌ اَوْ اَمَةٌ

حضرت حجاج بن مالک اسلمی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ سے سوال کیا کہ رضاعت کے عیب مجھ سے کیا چیز ختم کرسکتی ہے؟ تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: چٹی ایک غلام یا ایک لونڈی (آزاد کرنا)۔

3132 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا

حضرت حجاج اسلمی اپنے والد سے روایت کرتے

الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْحَجَّاجِ الْاَسْلَمِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا يُذْهِبُ عَنِّي مَذَمَّةَ الرَّضَاعِ؟ قَالَ: الْغُرَّةُ، الْعَبْدُ اَوِ الْاَمَةُ

ہیں کہ انہوں نے کہا: میں نے عرض کی کہ اے اللہ کے رسول! زمانۂ شیر خوارگی کی کمزوریاں مجھ سے کون سی چیز دور کر سکتی ہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: چٹی ادا کرنا' ایک غلام یا ایک لونڈی۔

3133 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عُمَرَ الْوَكِيعِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عُثْمَانَ اللَّاحِقِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ الْحَجَّاجِ الْاَسْلَمِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا يُذْهِبُ عَنِّي مَذَمَّةَ الرَّضَاعِ؟ قَالَ: غُرَّةٌ، عَبْدٌ اَوْ اَمَةٌ

حضرت حجاج فرماتے ہیں: میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! زمانۂ رضاعت کی کمی کو مجھ سے کون سی چیز ختم کر سکتی ہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: بطور چٹی ایک غلام یا ایک لونڈی کو آزاد کرنا۔

3134 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، وَسَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْجُمَحِيُّ، وَابْنُ سَمْعَانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ اَبِيهِ اَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا يُذْهِبُ عَنِّي مَذَمَّةَ الرَّضَاعِ؟ قَالَ: الْغُرَّةُ، الْعَبْدُ اَوِ الْاَمَةُ

حضرت حجاج رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! شیر خوارگی کے زمانہ کی کمزوریاں مجھ سے کیا چیز لے جا سکتی ہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: چٹی' غلام یا لونڈی۔

3135 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْحَكَمِ، اَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ اَنَّهُ سَمِعَ عُرْوَةَ يُخْبِرُ عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ الْحَجَّاجِ الْاَسْلَمِيِّ، عَنْ اَبِيهِ اَنَّهُ قَالَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يُذْهِبُ عَنِّي مَذَمَّةَ الرَّضَاعِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: عَبْدٌ اَوْ وَلِيدَةٌ

حضرت حجاج بن حجاج اسلمی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں عرض کی: کون سی چیز مجھ سے رضاعت کے عیبوں کو ختم کرے گی؟ اے اللہ کے رسول! فرمایا: غلام یا لونڈی صدقہ کرنا۔

## حَجَّاجُ بْنُ عَمْرٍو

## حضرت حجاج بن عمرو بن غزیہ

# بْنِ غَزِيَّةَ الْاَنْصَارِيُّ

# انصاری رضی اللہ عنہ

**3136** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِی شَیْبَةَ، ثنا ضِرَارُ بْنُ صُرَدَ، ثنا عَلِیُّ بْنُ هَاشِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی رَافِعٍ، عَنْ اَبِیهِ فِی تَسْمِیَةِ مَنْ شَهِدَ مَعَ عَلِیٍّ: الْحَجَّاجُ بْنُ عَمْرِو بْنِ غَزِیَّةَ، وَهُوَ الَّذِی كَانَ یَقُولُ عِنْدَ الْقِتَالِ: یَا مَعْشَرَ الْاَنْصَارِ، اَتُرِیدُونَ اَنْ نَقُولَ لِرَبِّنَا اِذَا لَقِینَاهُ: (رَبَّنَا اِنَّا اَطَعْنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَاءَنَا فَاَضَلُّونَا السَّبِیلَا) (الاحزاب: 67)

حضرت محمد بن عبداللہ بن ابورافع اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ شریک ہوئے' ان کے ناموں سے ایک نام حجاج بن عمرو بن غزیہ کا ہے' یہ لڑائی کے وقت فرماتے تھے: اے انصار کے گروہ! کیا تم چاہتے ہو کہ ہم اپنے رب سے عرض کریں' جب ہم اس سے ملیں' اے ہمارے رب! ہم اپنے سرداروں اور اپنے بڑوں کے کہنے پر چلے' اُنہوں نے ہمیں راہ سے بہکا دیا۔

**3137** - حَدَّثَنَا اِدْرِیسُ بْنُ جَعْفَرٍ الْعَطَّارُ، ثنا یَزِیدُ بْنُ هَارُونَ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَیْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِی شَیْبَةَ، ثنا یَحْیَی بْنُ سَعِیدٍ، وَاِسْمَاعِیلُ ابْنُ عُلَیَّةَ، كُلُّهُمْ عَنْ حَجَّاجِ بْنِ اَبِی عُثْمَانَ، حَدَّثَنِی یَحْیَی بْنُ اَبِی كَثِیرٍ، حَدَّثَنِی عِكْرِمَةُ، حَدَّثَنِی الْحَجَّاجُ بْنُ عَمْرٍو الْاَنْصَارِیُّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُولُ: مَنْ كُسِرَ اَوْ عَرِجَ فَقَدْ حَلَّ، وَعَلَیْهِ حَجَّةٌ اُخْرَی . قَالَ: فَحَدَّثْتُ بِهِ ابْنَ عَبَّاسٍ وَاَبَا هُرَیْرَةَ، فَقَالَا: صَدَقَ

حضرت حجاج بن عمرو انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جس کی ہڈی ٹوٹ گئی یا لنگڑا ہوا تو اُسے احرام کھول دینا ہے' اس پر ایک دوسرا حج ہے۔ فرماتے ہیں: میں نے اسے حضرت ابوہریرہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم کو سنا تو انہوں نے فرمایا: حجاج نے سچ بولا۔

**3138** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّی، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا عَبْدُ الْعَزِیزِ بْنُ الْمُخْتَارِ وَیَحْیَی، عَنِ الْحَجَّاجِ الصَّوَّافِ، عَنْ یَحْیَی بْنِ اَبِی كَثِیرٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَجَّاجَ بْنَ عَمْرٍو الْاَنْصَارِیَّ قَالَ:

حضرت عکرمہ فرماتے ہیں: میں نے حجاج بن عمرو انصاری رضی اللہ عنہ سے سنا' اُنہوں نے کہا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں: جس کی ہڈی ٹوٹ گئی یا لنگڑا ہو گیا تو وہ اپنا احرام کھول لے اس پر (آئندہ سال) حج



---

3137- أخرجه الترمذی فی سننه جلد3 صفحه277 رقم الحدیث: 940 عن یحیی بن أبی کثیر عن عکرمة عن الحجاج بن عمرو به .

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كُسِرَ اَوْ عَرَجَ فَقَدْ حَلَّ، وَعَلَيْهِ حَجَّةٌ . فَسَاَلْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ وَابْنَ عَبَّاسٍ، فَقَالَا: صَدَقَ

واجب ہے' پس میں نے حضرت ابوہریرہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے پوچھا تو ان دونوں نے کہا: اس نے سچ کہا۔

3139 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَافِعٍ مَوْلَى اُمِّ سَلَمَةَ قَالَ: سَاَلْتُ الْحَجَّاجَ بْنَ عَمْرٍو الْاَنْصَارِيَّ عَنْ حَبْسِ الْمُحْرِمِ، فَقَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كُسِرَ اَوْ عَرَجَ اَوْ مَرِضَ فَقَدْ حَلَّ، وَعَلَيْهِ الْحَجُّ مِنْ قَابِلٍ . قَالَ عِكْرِمَةُ: فَسَاَلْتُ عَنْهُ اَبَا هُرَيْرَةَ وَابْنَ عَبَّاسٍ، فَقَالَا: صَدَقَ الْحَجَّاجُ

اُم المؤمنین حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کے غلام حضرت عبداللہ بن رافع رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے حجاج بن عمرو سے پوچھا: حبس محرم کے بارے میں اُنہوں نے فرمایا کہ رسول کریم ﷺ فرماتے ہیں: جس کسی کی ہڈی ٹوٹی' وہ لنگڑا ہوا یا بیمار ہوا تو وہ احرام کھول دے' آنے والے سال اس پر حج واجب ہے۔ حضرت عکرمہ کا قول ہے: میں نے اس بارے حضرت ابوہریرہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے دریافت کیا تو ان دونوں نے جواب دیا: حجاج نے سچ کہا۔

3140 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ يُوسُفَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ رَافِعٍ مَوْلَى اُمِّ سَلَمَةَ قَالَ: سَاَلْتُ الْحَجَّاجَ بْنَ عَمْرٍو الْاَنْصَارِيَّ عَمَّنْ حُبِسَ وَهُوَ مُحْرِمٌ، فَقَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ عَرَجَ اَوْ كُسِرَ اَوْ مَرِضَ اَوْ حُبِسَ فَلْيَتَّجِدْ مِثْلَهَا وَقَدْ حَلَّ . قَالَ عِكْرِمَةُ: فَحَدَّثْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ وَاَبَا هُرَيْرَةَ، فَقَالَا: صَدَقَ

اُم المؤمنین حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کے غلام حضرت عبداللہ بن رافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے حجاج بن عمرو سے سوال کیا کہ اگر محرم کو کسی وجہ سے روک دیا جائے تو کیا حکم ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا: رسول کریم ﷺ فرماتے ہیں کہ جو لنگڑا ہو' کسی کی ہڈی ٹوٹی یا بیمار ہو گیا کسی اور وجہ سے روک دیا گیا تو اس کی مثل حج کرے لیکن اس وقت احرام کھول دے۔ حضرت عکرمہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت ابوہریرہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے سامنے یہ حدیث بیان کی تو ان دونوں نے فرمایا: اس نے سچ کہا۔



3141 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ

حضرت حجاج بن عمرو المازنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ تہجد سونے کے بعد ادا کرتے تھے اور

رَبِيعَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ الْعَبَّاسِ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ عَمْرٍو الْمَازِنِيِّ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَهَجَّدُ بَعْدَ نَوْمِهِ، وَكَانَ يَسْتَنُّ قَبْلَ اَنْ يَتَهَجَّدَ

تہجد سے پہلے مسواک کرتے تھے۔

**3142** - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنِ ابْنِ هُرْمُزَ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ الْعَبَّاسِ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ عَمْرِو بْنِ غَزِيَّةَ صَاحِبِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بِحَسْبِ اَحَدِكُمْ إِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ يُصَلِّي حَتَّى يُصْبِحَ اَنَّهُ قَدْ تَهَجَّدَ . اِنَّمَا التَّهَجُّدُ الْمَرْءُ يُصَلِّي الصَّلَاةَ بَعْدَ رَقْدَةٍ، ثُمَّ الصَّلَاةَ بَعْدَ رَقْدَةٍ، وَتِلْكَ كَانَتْ صَلَاةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

رسول کریم ﷺ کے صحابی حضرت حجاج بن عمرو بن غزیہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: تم میں سے کسی ایک کی عادت کے مطابق جب وہ رات کو نماز پڑھنے کیلئے کھڑا ہو یہاں تک کہ صبح ہو جائے تو اس نے تہجد بھی ادا کر لی' اصل میں تہجد تو سونے کے بعد جو آدمی نماز پڑھتا ہے پھر سونے کے بعد والی نماز ہے اور یہی رسول کریم ﷺ کی نماز تہجد تھی۔

## حَجَّاجُ بْنُ عَامِرٍ الثُّمَالِيُّ

## حضرت حجاج بن عامر الثمالی رضی اللہ عنہ

**3143** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى، عَنْ ثَوْرٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرٍ الثُّمَالِيِّ - وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - وَعَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ عَامِرٍ الثُّمَالِيِّ - وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - اَنَّهُمَا صَلَّيَا مَعَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ الصُّبْحَ، فَقَرَاَ اِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ فَسَجَدَ فِيهَا

حضرت عبداللہ بن عامر الثمالی اور حجاج بن عامر الثمالی سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے ساتھ صبح کی نماز پڑھی' آپ نے اذا السماء انشقت پڑھی اور اس میں سجدہ کیا۔

3144 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، ثنا اَبِي، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ شُرَحْبِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، قَالَ: رَاَيْتُ خَمْسَةً مِنْ اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُمُّونَ شَوَارِبَهُمْ وَيُعْفُونَ لِحَاهُمْ وَيَصُرُّونَهَا: اَبَا اُمَامَةَ الْبَاهِلِيَّ، وَالْحَجَّاجَ بْنَ عَامِرٍ الثُّمَالِيَّ، وَالْمِقْدَامَ بْنَ مَعْدِيكَرِبَ، وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ بُسْرٍ الْمَازِنِيَّ، وَعُتْبَةَ بْنَ عَبْدٍ السُّلَمِيَّ، كَانُوا يَقُمُّونَ مَعَ طَرَفِ الشَّفَةِ

حضرت شرحبیل بن مسلم فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے پانچ اصحاب کو دیکھا' وہ اپنی مونچھیں کاٹتے تھے اور داڑھی بڑھاتے تھے' وہ صحابہ یہ تھے: ابوامامہ باہلی' حجاج بن عامر الثمالی' مقدام بن معدیکرب' عبداللہ بن بسر المازنی' عتبہ بن عبدالسلمی' یہ مونچھیں ہونٹوں سے کاٹتے تھے۔

## حَجَّاجُ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ قَيْسٍ الْقُرَشِيُّ ثُمَّ السَّهْمِيُّ قُتِلَ يَوْمَ اَجْنَادِينَ

## حضرت حجاج بن حارث بن قیس القرشی ثم السہمی' اجنادین کے دن شہید کیے گئے تھے

3145 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ قُتِلَ يَوْمَ اَجْنَادِينَ مِنَ الْمُسْلِمِينَ، ثُمَّ مِنْ قُرَيْشٍ، ثُمَّ مِنْ بَنِي سَهْمٍ: حَجَّاجُ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ قَيْسٍ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ اجنادین کے دن مسلمانوں میں سے اور قریش اور بنی سہم میں سے جو شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے حجاج بن حارث کا نام بھی ہے۔

3146 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ اَجْنَادِينَ مِنْ قُرَيْشٍ، ثُمَّ مِنْ بَنِي سَهْمٍ: حَجَّاجُ بْنُ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ اجنادین کے دن قریش اور بنی سہم میں سے جو شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے حجاج بن حارث کا نام بھی ہے۔

الْحَارِثِ بْنِ قَيْسٍ

**3147** - حَدَّثَنَا أَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ أَجْنَادِينَ مِنْ قُرَيْشٍ، ثُمَّ مِنْ بَنِي سَهْمٍ: حَجَّاجُ بْنُ الْحَارِثِ

حضرت محمد بن اسحاق فرماتے ہیں کہ اجنادین کے دن قریش اور بنی سہم میں سے جو شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے حجاج بن حارث کا نام بھی ہے۔

## حَجَّاجٌ الْبَاهِلِيُّ

## حضرت حجاج الباہلی

**3148** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، ثنا غُنْدَرٌ، عَنْ شُعْبَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَجَّاجَ بْنَ الْحَجَّاجِ الْبَاهِلِيَّ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيهِ - وَكَانَتْ لَهُ صُحْبَةٌ - عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُرَاهُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَهُمْ بِالْإِبْرَادِ بِالظُّهْرِ بِأَنَّ الْحَرَّ مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ

حضرت حجاج بن حجاج الباہلی اپنے والد سے اور وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ایک صحابی حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ظہر کو ٹھنڈی کر کے پڑھنے کا حکم دیتے اور فرماتے: کیونکہ گرمی جہنم کے سانس سے ہے۔

# بَابُ مَنِ اسْمُهُ الْحَارِثُ

# یہ باب ہے جن کا نام حارث ہے

## حَارِثَةُ بْنُ النُّعْمَانِ الْأَنْصَارِيُّ بَدْرِيٌّ

## حضرت حارثہ بن نعمان انصاری بدری رضی اللہ عنہ

**3149** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْبَرْقِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ هِشَامٍ، ثنا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَكَّائِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا: حَارِثَةُ بْنُ النُّعْمَانِ بْنِ زَيْدِ بْنِ

حضرت محمد بن اسحاق فرماتے ہیں کہ جو بدر میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت حارثہ بن نعمان بن زید بن عبید بن ثعلبہ بن غنم بن مالک بن نجار کا بھی ہے۔

عُبَيْدِ بْنِ ثَعْلَبَةَ بْنِ غَنْمِ بْنِ مَالِكِ بْنِ النَّجَّارِ

**3150** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي النَّجَّارِ: حَارِثَةُ بْنُ النُّعْمَانِ، وَهُوَ الَّذِي مَرَّ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مَعَ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ عِنْدَ الْمَقَاعِدِ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی نجار میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں حضرت حارثہ بن نعمان کا بھی نام ہے' یہ وہ ہیں جو حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس سے گزرے تو حضرت جبریل آپ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے۔

**3151** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عِمْرَانَ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: مَرَّ حَارِثَةُ بْنُ النُّعْمَانِ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ يُنَاجِيهِ، فَلَمْ يُسَلِّمْ، فَقَالَ جِبْرِيلُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مَنَعَهُ اَنْ يُسَلِّمَ؟ اِنَّهُ لَوْ سَلَّمَ لَرَدَدْتُ عَلَيْهِ . ثُمَّ قَالَ: اَمَا اِنَّهُ مِنَ الثَّمَانِينَ . فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَمَا الثَّمَانُونَ؟ قَالَ: يَفِرُّ النَّاسُ عَنْكَ غَيْرَ ثَمَانِينَ، فَيَصِيرُونَ مَعَكَ، رِزْقُهُمْ وَرِزْقُ اَوْلَادِهِمْ عَلَى اللّٰهِ فِي الْجَنَّةِ . فَلَمَّا رَجَعَ حَارِثَةُ سَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَا سَلَّمْتَ حِينَ مَرَرْتَ؟ قَالَ: رَاَيْتُ مَعَكَ اِنْسَانًا، فَكَرِهْتُ اَنْ اَقْطَعَ حَدِيثَكَ . قَالَ: فَرَاَيْتَهُ؟ قَالَ: نَعَمْ . قَالَ: ذَاكَ جِبْرِيلُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَدْ قَالَ . فَاَخْبَرَهُ بِمَا قَالَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت حارثہ بن نعمان' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس سے گزرے اس حال میں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ حضرت جبریل علیہ السلام گفتگو فرما رہے تھے' اُنہوں نے سلام نہیں کیا' حضرت جبریل علیہ السلام نے فرمایا: سلام کرنے کی کیا رکاوٹ ہے' اگر سلام کرتا تو میں اس کا جواب دیتا۔ حضرت جبریل نے عرض کی: یہ اسّی (۸۰) میں سے ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسی سے کیا مراد ہے؟ حضرت جبریل نے عرض کی: سارے لوگ آپ سے بھاگ گئے سوائے اسّی لوگوں کے' پس وہ آپ کے ساتھ ہو جائیں گے' ان کا رزق اور ان کی اولاد کا رزق اللہ کے پاس جنت میں ہے۔ جب حارث واپس آئے تو سلام کیا' نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس وقت تم گزرے تھے' اُس وقت سلام کیوں نہیں کیا؟ تو آپ نے عرض کی: میں نے آپ کے پاس ایک انسان کو دیکھا' میں نے آپ کی بات کو کاٹنا پسند

کیا' آپ نے فرمایا: تُو نے اسے دیکھا تھا؟ عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: یہ جبریل علیہ السلام تھے' پھر آپ ﷺ نے فرمایا جو حضرت جبریل علیہ السلام نے فرمایا۔

**3152** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ النُّعْمَانِ، قَالَ: مَرَرْتُ عَلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ جَالِسٌ فِي الْمَقَاعِدِ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ ثُمَّ أَجَزْتُ، فَلَمَّا انْصَرَفْتُ وَرَجَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِي: هَلْ رَأَيْتَ الَّذِي كَانَ مَعِي؟ قُلْتُ: نَعَمْ. قَالَ: فَإِنَّهُ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، وَقَدْ رَدَّ عَلَيْكَ السَّلَامَ

حضرت حارثہ بن نعمان رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس سے گزرا اس حال میں کہ جبریل علیہ السلام آپ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے' میں نے انہیں سلام کیا' پھر میں رُک گیا' جب میں چلا گیا تو حضور ﷺ واپس آئے' آپ نے مجھے فرمایا: کیا تُو نے اسے دیکھا جو میرے پاس تھا؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: یہ جبریل علیہا لسلام تھے' اُنہوں نے آپ کے سلام کا جواب دیا ہے۔

**3153** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْقُرْمُطِيُّ الْعَدَوِيُّ، ثنا بَكْرُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْمَدَنِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ قَيْسٍ الْأَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي الرِّجَالِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ حَارِثَةَ بْنِ النُّعْمَانِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثٌ لَازِمَاتٌ لِأُمَّتِي: الطِّيَرَةُ، وَالْحَسَدُ، وَسُوءُ الظَّنِّ. فَقَالَ رَجُلٌ: مَا يُذْهِبُهُنَّ يَا رَسُولَ اللهِ مِمَّنْ هُوَ فِيهِ؟ قَالَ: إِذَا حَسَدْتَ فَاسْتَغْفِرِ اللهَ، وَإِذَا ظَنَنْتَ فَلَا تُحَقِّقْ، وَإِذَا تَطَيَّرْتَ فَامْضِ

حضرت حارثہ بن نعمان رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اُمت میں تین چیزیں لازماً ہوں گی: فال' حسد اور بُرا گمان۔ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! کوئی ایسی چیز بھی ہے جو ان کو ختم کردے؟ آپ نے فرمایا: جب تُو حسد کرے تو اللہ سے بخشش مانگ' جب تُو بُرا گمان کرے تو یقین نہ کر اور جب تُو فال پکڑے تو وہ کام کردے۔

**3154** - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ الْعَطَّارُ

حضرت محمد بن عثمان اپنے والد سے روایت کرتے

الْمَكِّيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدٌ الْعِجْلُ، ثنا هَاشِمُ بْنُ الْوَلِيدِ الْهَرَوِيُّ، قَالَا: ثنا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: كَانَ حَارِثَةُ بْنُ النُّعْمَانِ قَدْ ذَهَبَ بَصَرُهُ، فَاتَّخَذَ خَيْطًا فِي مُصَلَّاهُ اِلَى بَابِ حُجْرَتِهِ، وَوَضَعَ عِنْدَهُ مِكْتَلًا فِيهِ تَمْرٌ وَغَيْرُهُ، فَكَانَ اِذَا جَاءَ الْمِسْكِينُ فَسَلَّمَ اَخَذَ مِنْ ذَلِكَ الْمِكْتَلِ، ثُمَّ اَخَذَ بِطَرَفِ الْخَيْطِ حَتَّى يُنَاوِلَهُ، وَكَانَ اَهْلُهُ يَقُولُونَ: نَحْنُ نَكْفِيكَ. فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مُنَاوَلَةُ الْمِسْكِينِ تَقِي مِيتَةَ السُّوءِ

ہیں کہ حضرت حارثہ بن نعمان رضی اللہ عنہ کی بینائی چلی گئی تو اُنہوں نے اپنی نماز پڑھنے والی جگہ سے لے کر اپنے حجرے کے دروازے تک دھاگہ باندھا اور کھجوریں اور کچھ اور چیزوں کا ٹوکرہ رکھ دیا' جب کوئی مسکین آتا' آپ کو سلام کرتا تو آپ ٹوکرے سے کھجوریں لیتے اور دھاگے کا کنارہ پکڑتے اور اسے دے دیتے' آپ کے گھر والے کہتے: ہم آپ کے لیے کافی ہیں۔ آپ نے فرمایا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے: مسکین کو پکڑانے والے سے بُرائی دور ہو جاتی ہے۔

**3155** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، ثنا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ مَوْلَى غُفْرَةَ، عَنْ ثَعْلَبَةَ بْنِ اَبِي مَالِكٍ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ النُّعْمَانِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَخْرُجُ الرَّجُلُ فِي غُنَيْمَتِهِ اِلَى حَاشِيَةِ الْقَرْيَةِ فَيَشْهَدُ الصَّلَوَاتِ وَيَؤُوبُ اِلَى اَهْلِهِ، حَتَّى اِذَا اَكَلَ مَا حَوْلَهُ وَتَعَذَّرَتْ عَلَيْهِ الْاَرْضُ، قَالَ: لَوِ ارْتَفَعْتُ اِلَى رَدْهَةٍ هِيَ اَعْفَا كَلَأً مِنْ هَذِهِ. فَيَرْتَفِعُ حَتَّى لَا يَشْهَدَ مِنَ الصَّلَوَاتِ اِلَّا الْجُمُعَةَ، حَتَّى اِذَا اَكَلَ مَا حَوْلَهُ وَتَعَذَّرَتْ عَلَيْهِ الْاَرْضُ، قَالَ: لَوِ ارْتَفَعْتُ اِلَى رَدْهَةٍ هِيَ اَعْلَا كَلَأً مِنْ هَذِهِ. فَيَرْتَفِعُ حَتَّى لَا يَشْهَدَ جُمُعَةً، وَلَا يَدْرِي مَا يَوْمُ الْجُمُعَةِ حَتَّى يُطْبَعَ عَلَى قَلْبِهِ

حضرت حارثہ بن نعمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی بستی کے قریب ہی بکریاں چراتا تھا' وہ پانچوں نمازیں مسجد میں آکر پڑھتا اور اپنے گھر آجاتا' جب وہاں کی زمین سے گھاس ختم ہوگئی تو اُس نے کہا: میں اپنی بکریاں گھاس والی جگہ پر لے جاؤں' وہ لے گیا' اب وہ نمازوں میں شریک نہ ہونے لگا سوائے جمعہ کے' اس جگہ سے بھی گھاس ختم ہوگئی' اُس نے کہا: اگر میں گھاس والی جگہ لے جاؤں! تو وہاں لے گیا' اب وہ جمعہ میں بھی حاضر نہ ہونے لگا' وہ نہیں جانتا تھا کہ جمعہ کیا ہے' اللہ نے اس کے دل پر مہر لگا دی۔

**3156** - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ عُمَرَ مَوْلَى غُفْرَةَ، ح وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْعَلَّافُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، اَنَا نَافِعُ بْنُ يَزِيدَ، وَاللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَا: ثنا عُمَرُ مَوْلَى غُفْرَةَ اَنَّ ثَعْلَبَةَ بْنَ اَبِي مَالِكٍ - وَكَانَ كَبِيرًا وَكَانَ اِمَامَ بَنِي قُرَيْظَةَ حَتَّى مَاتَ - قَالَ: سَمِعْتُ حَارِثَةَ بْنَ النُّعْمَانِ اَنَّهُ قَالَ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَخْرُجُ الرَّجُلُ فِي غَنَمِهِ فَيَكُونُ فِي حَاشِيَةِ الْقَرْيَةِ، وَيَشْهَدُ الصَّلَوَاتِ وَيَؤُوبُ اِلَى اَهْلِهِ، حَتَّى اِذَا اَكَلَ مَا حَوْلَهُ وَتَعَذَّرَتْ عَلَيْهِ الْاَرْضُ قَالَ: لَوِ انْتَقَلْتُ اِلَى رَدْهَةٍ هِيَ اَعْفَا كَلًا مِنْ هَذِهِ. فَيَنْتَقِلُ حَتَّى لَا يَشْهَدَ مِنَ الصَّلَوَاتِ شَيْئًا اِلَّا الْجُمُعَةَ، حَتَّى اِذَا اَكَلَ مَا حَوْلَهُ وَتَعَذَّرَتْ عَلَيْهِ الْاَرْضُ قَالَ: لَوِ انْتَقَلْتُ اِلَى رَدْهَةٍ هِيَ اَعْفَا كَلًا مِنْ هَذِهِ. فَيَنْتَقِلُ حَتَّى لَا يَشْهَدَ الْجُمُعَةَ وَلَا يَدْرِي مَا الْجُمُعَةُ، فَيُطْبَعَ عَلَى قَلْبِهِ

حضرت حارثہ بن نعمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی بستی کے قریب ہی بکریاں چراتا تھا' وہ پانچوں نمازیں مسجد میں آ کر پڑھتا اور اپنے گھر آ جاتا' جب وہاں کی زمین سے گھاس ختم ہوگئی تو اُس نے کہا: میں اپنی بکریاں گھاس والی جگہ پر لے جاؤں' وہ لے گیا' اب وہ نمازوں میں شریک نہ ہونے لگا سوائے جمعہ کے' اس جگہ سے بھی گھاس ختم ہوگئی' اُس نے کہا: اگر میں گھاس والی جگہ لے جاؤں! تو وہاں لے گیا' اب وہ جمعہ میں بھی حاضر نہ ہونے لگا' وہ نہیں جانتا تھا کہ جمعہ کیا ہے' پس اللہ نے اس کے دل پر مہر لگا دی۔

حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِلَالٍ، عَنْ عُمَرَ مَوْلَى غُفْرَةَ، عَنْ ثَعْلَبَةَ بْنِ اَبِي مَالِكٍ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ النُّعْمَانِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ الرَّجُلَ لَيَكُونُ لَهُ الْغُنَيْمَةُ فِي حَاشِيَةِ الْقَرْيَةِ. فَذَكَرَ نَحْوَهُ.

حضرت حارثہ بن نعمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: بستی کے اردگرد بکریاں چرانے میں' آدمی کے لیے' گاؤں کے کونے میں غنیمت ہے' پس اس کے بعد اس جیسی حدیث بیان کی۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا

حضرت حارثہ بن نعمان رضی اللہ عنہ' رسول

سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَبِي الرِّجَالِ، عَنْ عُمَرَ مَوْلَى غُفْرَةَ، عَنْ ثَعْلَبَةَ بْنِ اَبِي مَالِكٍ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ النُّعْمَانِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

اللہ ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

**3157** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رُسْتَةَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمِ بْنِ مَرْزُوقٍ الرَّازِيُّ، ثنا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ النُّعْمَانِ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مُنَاوَلَةُ الْمِسْكِينِ تَقِي مِيتَةَ السُّوءِ

حضرت حارثہ بن نعمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: مسکین کو دینے والے سے بُرائی دور ہو جاتی ہے۔

## حَارِثَةُ ابْنُ الرُّبَيِّعِ الْاَنْصَارِيُّ، وَهُوَ حَارِثَةُ بْنُ سُرَاقَةَ

## حضرت حارثہ بن ربیع انصاری' ان کو حارثہ بن سراقہ بھی کہا جاتا ہے

**3158** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَاَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ اَنَّ حَارِثَةَ ابْنَ الرُّبَيِّعِ جَاءَ نَظَّارًا يَوْمَ اُحُدٍ، وَكَانَ غُلَامًا، فَاَصَابَهُ سَهْمٌ غَرْبٌ فَوَقَعَ فِي ثُغْرَةِ نَحْرِهِ فَقَتَلَهُ، فَجَاءَتْ اُمُّهُ الرُّبَيِّعُ فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَدْ عَلِمْتَ مَكَانَ حَارِثَةَ مِنِّي، فَاِنْ يَكُنْ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَسَاَصْبِرُ، وَاِلَّا فَسَتَرَى مَا اَصْنَعُ . قَالَ: يَا اُمَّ حَارِثَةَ، اِنَّهَا لَيْسَتْ بِجَنَّةٍ وَاحِدَةٍ، وَلَكِنَّهَا جِنَانٌ كَثِيرَةٌ، وَهُوَ فِي الْفِرْدَوْسِ الْاَعْلَى . قَالَتْ: فَسَاَصْبِرُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت حارثہ بن ربیع اُحد کے دن آئے' یہ ابھی بچے تھے' ان کو گلے میں تیر لگا اور یہ شہید ہو گئے۔ حضرت ربیع کی والدہ آئیں' عرض کی: یارسول اللہ! آپ حارثہ کا مقام مجھ سے زیادہ جانتے ہیں! اگر وہ جنتی ہے تو میں صبر کرتی ہوں اور اگر وہ جنتی نہیں تو پھر اللہ بھی دیکھے گا کہ میں کیا کرتی ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے اُم حارثہ! وہ ایک جنت میں نہیں بلکہ کئی جنتوں میں ہے اور وہ فردوسِ اعلیٰ میں ہے۔ آپ کی والدہ نے کہا: میں صبر کرتی ہوں۔

3159 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا اُمَّ حَارِثَةَ، اِنَّهَا جَنَّةٌ فِي جِنَانٍ، وَاِنَّ حَارِثَةَ فِي الْفِرْدَوْسِ الْاَعْلَى، فَاِذَا سَاَلْتُمُ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ فَسَلُوهُ الْفِرْدَوْسَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے حارثہ کی ماں! حارثہ کئی جنتوں میں ہے' حارثہ فردوسِ اعلیٰ میں ہے' جب تم اللہ سے جنت مانگو تو فردوسِ اعلیٰ مانگو۔

3160 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْحِمَّانِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: هَلَكَ حَارِثَةُ يَوْمَ اُحُدٍ، اَصَابَهُ سَهْمٌ، فَاَتَتْ اُمُّهُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنْ كَانَ فِي الْجَنَّةِ لَمْ اَبْكِ عَلَيْهِ، وَاِنْ كَانَ فِي النَّارِ فَسَيَرَى اللّٰهُ مَا اَصْنَعُ. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّهَا جِنَانٌ، وَاِنَّهُ لَفِي الْفِرْدَوْسِ الْاَعْلَى

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت حارثہ رضی اللہ عنہ اُحد کے دن تیر لگنے کی وجہ سے شہید ہو گئے' آپ کی والدہ حضور ﷺ کے پاس آئیں' عرض کی: یارسول اللہ! حارثہ اگر جنت میں ہے تو میں نہیں روتی اور اگر وہ جہنم میں ہے تو اللہ بھی دیکھے گا کہ میں کیا کرتی ہوں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: وہ کئی جنتوں میں ہے اور وہ فردوسِ اعلیٰ میں ہے۔

## حَارِثَةُ بْنُ زَيْدٍ الْاَنْصَارِيُّ، بَدْرِيٌّ

## حضرت حارثہ بن زید انصاری بدری رضی اللہ عنہ

3161 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ: حَارِثَةُ بْنُ زَيْدِ بْنِ اَبِي زُهَيْرِ بْنِ امْرِءِ الْقَيْسِ

حضرت ابن شہاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو بدر میں انصار اور بنی حارث بن خزرج میں سے شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام حارث بن زید زید بن ابی زہیر بن امرء القیس کا بھی ہے۔

# حَارِثَةُ بْنُ مَالِكِ بْنِ غَضْبِ بْنِ جُشَمَ الْاَنْصَارِیُّ مِنْ بَنِی بَیَاضَةَ، عَقَبِیٌّ

**3162** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِیُّ، حَدَّثَنِی اَبِی، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِی الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، فِی تَسْمِيَةِ اَصْحَابِ الْعَقَبَةِ مِنَ الْاَنْصَارِ مِنْ بَنِی بَيَاضَةَ: حَارِثَةُ بْنُ مَالِكِ بْنِ غَضْبِ بْنِ جُشَمَ

# حضرت حارثہ بن مالک بن غضب بن جشم انصاری بنی بیاضہ سے عقبی ہیں

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ بنی بیاضہ میں سے انصار سے جو عقبہ میں شریک ہوئے اُن کا ناموں میں سے ایک نام حضرت حارثہ بن مالک بن غضب بن جشم کا بھی ہے۔

# حَارِثَةُ بْنُ الْحُمَيِّرِ الْاَشْجَعِیُّ، بَدْرِیٌّ

**3163** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِیُّ، حَدَّثَنِی اَبِی، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِی الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِی تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِی عُبَيْدِ بْنِ عَدِیِّ بْنِ غَنْمِ بْنِ كَعْبِ بْنِ سَلَمَةَ: حَارِثَةُ بْنُ الْحُمَيِّرِ، حَلِيفٌ لَهُمْ مِنْ اَشْجَعَ مِنْ بَنِی دَهْمَانَ

# حضرت حارثہ بن حمیر الاشجعی بدری رضی اللہ عنہ

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ انصار اور بنی عبید بن عدی بن غنم بن کعب بن سلمہ میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حارثہ بن حمیر کا ہے' یہ قبیلہ اشجع بنی دھمان کے حلیفٌ ہیں۔

**3164** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِی تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِی عُبَيْدِ بْنِ عَدِیٍّ: حَارِثَةُ بْنُ الْحُمَيِّرِ الْاَشْجَعِیُّ حَلِيفٌ لَهُمْ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی عبید بن عدی میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حارثہ بن حمیر اشجعی کے حلیف بھی ہیں۔

# حَارِثَةُ بْنُ وَهْبٍ الْخُزَاعِيُّ اَبُو اِسْحَاقَ عَنْ حَارِثَةَ

# حضرت حارثہ بن وہب الخزاعی ابواسحاق' حضرت حارثہ سے روایت کرتے ہیں

3165 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ الْخُزَاعِيِّ، قَالَ: صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى رَكْعَتَيْنِ، وَالنَّاسُ اَكْثَرُ مَا كَانُوا

حضرت حارثہ بن وہب الخزاعی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے منیٰ میں دو رکعتیں پڑھیں' منیٰ میں لوگ زیادہ تھے۔

3166 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا اِسْرَائِيلُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ الْخُزَاعِيِّ اَنَّهُ صَلَّى مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آمَنَ مَا كَانَ النَّاسُ وَاَكْثَرَهُ بِمِنًى رَكْعَتَيْنِ . قَالَ: وَصَلَّيْتُ مَعَهُ بِالْاَبْطَحِ رَكْعَتَيْنِ . قَالَ اَبُو اِسْحَاقَ: قِيلَ لَهُ: مِثْلُ مَنْ كُنْتَ يَوْمَئِذٍ؟ قَالَ: اَنَا يَوْمَئِذٍ اَبْرِى النَّبْلَ وَاَرِيشُهُ

حضرت حارثہ بن وہب الخزاعی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اُنہوں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ دو رکعت نماز پڑھی' آپ نے دو رکعتیں پڑھائیں' لوگ منیٰ کے مقام پہ زیادہ تھے اور امن تھا۔ حضرت حارثہ فرماتے ہیں: میں نے آپ کے ساتھ مقامِ ابطح میں دو رکعتیں پڑھیں۔ حضرت ابواسحاق فرماتے ہیں کہ حارث سے عرض کی گئی: اس دن آپ کی عمر کس آدمی کے برابر تھی؟ کہا: میں اس دن تیر چھیل کر بنا لیتا تھا اور کمان میں ڈال لیتا تھا۔

3167 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا اَبُو اِسْحَاقَ، ثنا حَارِثَةُ بْنُ وَهْبٍ الْخُزَاعِيُّ- وَكَانَتْ اُمُّهُ تَحْتَ عُمَرَ

حضرت حارثہ بن وہب الخزاعی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میری والدہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے نکاح میں تھیں' ان کے ہاں عبیداللہ کی ولادت ہوئی اور

3165- اخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد 1 صفحه 484 رقم الحديث: 696 عن ابي اسحاق عن حارثة بن وهب الخزاعي به .

فَوَلَدَتْ عُبَيْدَ اللّٰهِ - قَالَ: صَلَّيْتُ خَلْفَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى - وَالنَّاسُ اَكْثَرُ مَا كَانُوا - رَكْعَتَيْنِ بِحَجَّةِ الْوَدَاعِ

فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کے پیچھے منیٰ میں دو رکعت نماز پڑھی' لوگ زیادہ تھے' بنسبت حجۃ الوداع کے موقع کے۔

حارثة بن وهب الخزاعي ابو اسحاق عن حارثة

**3168** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اَبُو الْاَحْوَصِ، وَاَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى آمَنَ مَا كَانَ النَّاسُ وَاَكْثَرَهُ رَكْعَتَيْنِ

حضرت حارثہ بن وہب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ منیٰ میں دو رکعتیں پڑھیں اور لوگ بھی بہت زیادہ تھے (بنسبت عرفات کے میدان کے)۔

**3169** - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَلَّى بِنَا بِمِنًى وَنَحْنُ اَوْفَرُ مَا كُنَّا رَكْعَتَيْنِ

حضرت حارثہ بن وہب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی' ہمیں آپ نے منیٰ میں دو رکعتیں پڑھائیں' ہم پہلے سے بہت زیادہ تھے۔

**3170** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا شَرِيكٌ، وَاَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ الْخُزَاعِيِّ، قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى رَكْعَتَيْنِ آمَنَ مَا كَانَ النَّاسُ وَاَكْثَرَهُ

حضرت حارثہ بن وہب الخزاعی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ہمیں منیٰ میں دو رکعتیں حالتِ امن میں پڑھائیں' لوگ عرفات کے میدان کی نسبت زیادہ تھے۔

**3171** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ح وَحَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْخَفَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا زُهَيْرُ بْنُ عَبَّادٍ الرُّوَاسِيُّ، قَالَا: ثنا يَزِيدُ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ، قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت حارثہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ منیٰ میں دو رکعت نماز پڑھی' یہ لوگ عرفات کی نسبت زیادہ تھے اور امن تھا۔

وَسَلَّمَ بِمِنًى اَكْثَرَ مَا كَانَ النَّاسُ وَآمَنَهُ، فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ

**3172** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عِمْرَانَ بْنِ اَبِي لَيْلَى، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى رَكْعَتَيْنِ آمَنَ مَا كَانَ النَّاسُ

حضرت حارثہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ منیٰ میں دو رکعت نماز پڑھی‘ یہ لوگ زیادہ تھے اور امن تھا۔

**3173** - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، اَنَا خَالِدٌ، عَنِ الْاَجْلَحِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى رَكْعَتَيْنِ، وَمَعَ اَبِي بَكْرٍ رَكْعَتَيْنِ، وَمَعَ عُمَرَ رَكْعَتَيْنِ، وَمَعَ عُثْمَانَ اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ

حضرت حارثہ بن وہب رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ منیٰ میں دو رکعتیں پڑھیں اور حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ دو رکعتیں پڑھیں‘ حضرت عثمان کے ساتھ چار رکعتیں پڑھیں۔

**3174** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ الْجُنْدِيسَابُورِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ الرَّازِيُّ، ثنا الْجَرَّاحُ بْنُ الضَّحَّاكِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى اَكْثَرَ مَا كَانَ النَّاسُ وَآمَنَهُ رَكْعَتَيْنِ

حضرت حارثہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ منیٰ میں دو رکعت نماز پڑھی‘ یہ لوگ عرفات کے میدان سے زیادہ تھے اور امن تھا۔

**3175** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الزِّئْبَقِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ الدِّرْهَمِيُّ، ثنا الْفَضْلُ بْنُ الْعَلَاءِ، عَنْ اَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ اَوْ وَهْبِ بْنِ حَارِثَةَ، قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَكَّةَ وَبِمِنًى

حضرت حارثہ بن وہب رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ منیٰ میں دو رکعتیں پڑھیں اور حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ دو رکعتیں پڑھیں‘ حضرت عثمان کے ساتھ ان کی خلافت کے ابتدائی دور میں دو رکعتیں پڑھیں۔

رَكْعَتَيْنِ، وَمَعَ اَبِى بَكْرٍ رَكْعَتَيْنِ، وَمَعَ عُمَرَ رَكْعَتَيْنِ، وَمَعَ عُثْمَانَ صَدْرًا مِنْ خِلَافَتِهِ رَكْعَتَيْنِ

**3176** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ النَّضْرِ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا مَخْلَدُ بْنُ مَالِكٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِى عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِى اُنَيْسَةَ، عَنْ اَبِى اِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ اَنَّهُ صَلَّى خَلْفَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى رَكْعَتَيْنِ

حضرت حارثہ بن وہب رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے منیٰ میں دو رکعتیں پڑھیں۔

**3177** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْخَضِرِ الْمَرْوَزِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدَةَ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا اَبُو مُعَاذٍ النَّحْوِيُّ الْفَضْلُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ اَبِى حَمْزَةَ السُّكَّرِيِّ، عَنْ رَقَبَةَ بْنِ مَصْقَلَةَ، عَنْ اَبِى اِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى رَكْعَتَيْنِ اَكْثَرَ مَا كَانَ النَّاسُ وَآمَنَهُ

حضرت حارثہ بن وہب رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ منیٰ میں زیادہ سے زیادہ دو رکعتیں پڑھیں' لوگ جتنے بھی تھے۔

**3178** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ رَاهَوَيْهِ، حَدَّثَنِى اَبِى، قَالَا: ثنا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ اَبِى اِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ بِمِنًى آمَنَ مَا كَانَ النَّاسُ وَاَكْثَرَهُ رَكْعَتَيْنِ

حضرت حارثہ بن وہب رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں ظہر کی نماز منیٰ میں دو رکعتیں حالتِ امن میں پڑھائیں اور لوگ منیٰ میں زیادہ تھے۔



## مَعْبَدُ بْنُ خَالِدٍ الْجَدَلِيُّ عَنْ

## حضرت معبد بن خالد الجدلی' حضرت حارثہ رضی اللہ عنہ سے

## حَارِثَةَ

## روایت کرتے ہیں

**3179** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ مَعْبَدِ بْنِ خَالِدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ حَارِثَةَ بْنَ وَهْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِأَهْلِ الْجَنَّةِ؟ كُلُّ ضَعِيفٍ مُتَضَعِّفٍ لَوْ أَقْسَمَ عَلَى اللهِ لَأَبَرَّهُ، أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِأَهْلِ النَّارِ؟ كُلُّ عُتُلٍّ جَوَّاظٍ مُتَكَبِّرٍ

حضرت حارثہ بن وہب رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سنا: کیا میں تم کو اہل جنت کے متعلق نہ بتاؤں! فرمایا: ہر وہ کمزور جس کو کمزور سمجھا جاتا ہو یہ لوگ اگر اللہ پر قسم اُٹھالیں تو اللہ ان کی قسم پوری کرے اور فرمایا: دوزخ والے ہر قسم کے بدخلق، کینہ پرور اور متکبر لوگ ہیں۔

**3180** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ شَاذَانُ، ثنا أَبِي ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْجَارُودِ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ شَاذَانُ، ثنا سَعْدُ بْنُ الصَّلْتِ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ مَعْبَدِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا أُنَبِّئُكُمْ بِأَهْلِ الْجَنَّةِ؟ قَالُوا: بَلَى . قَالَ: رَجُلٌ ضَعِيفٌ مُتَضَعِّفٌ لَوْ أَقْسَمَ عَلَى اللهِ لَأَبَرَّهُ، أَلَا أُنَبِّئُكُمْ بِأَهْلِ النَّارِ؟ قَالُوا: بَلَى. قَالَ: كُلُّ عُتُلٍّ جَوَّاظٍ مُتَكَبِّرٍ

حضرت حارثہ بن وہب رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سنا: کیا میں تم کو اہل جنت کے متعلق نہ بتاؤں! فرمایا: ہر وہ کمزور جس کو کمزور سمجھا جاتا ہو یہ لوگ اگر اللہ پر قسم اُٹھالیں تو اللہ ان کی قسم پوری کرے اور فرمایا: دوزخ والے ہر قسم کے بدخلق، کینہ پرور اور متکبر لوگ ہیں۔

**3181** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ رَاهَوَيْهِ، ثنا أَبِي، ثنا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْحَضْرَمِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجِذُوعِيُّ الْقَاضِي، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْزُوقٍ، ثنا بَكْرُ بْنُ بَكَّارٍ، قَالَا: ثنا شُعْبَةُ، عَنْ مَعْبَدِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ

حضرت حارثہ بن وہب رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سنا: کیا میں تم کو اہل جنت کے متعلق نہ بتاؤں! فرمایا: ہر وہ کمزور جس کو کمزور سمجھا جاتا ہو یہ لوگ اگر اللہ پر قسم اُٹھالیں تو اللہ ان کی قسم پوری کرے اور فرمایا: دوزخ والے ہر قسم کے بدخلق، کینہ پرور اور متکبر لوگ ہیں۔



3181- اخرجه مسلم في صحيحه جلد 4 صفحه 2190 رقم الحديث: 2853، وبنحوه البخاري في صحيحه جلد 6 صفحه 2452 رقم الحديث: 6281 كلاهما عن شعبة عن معبد بن خالد عن حارثة بن وهب به .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِاَهْلِ الْجَنَّةِ؟ كُلُّ ضَعِيفٍ مُتَضَعِّفٍ لَوْ اَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَاَبَرَّهُ، وَاَهْلُ النَّارِ كُلُّ عُتُلٍّ مُسْتَكْبِرٍ جَوَّاظٍ

3182 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي خَيْثَمَةَ، قَالَ: وَجَدْتُ فِي كِتَابِ جَدِّي بِخَطِّهِ: ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبَانَ، حَدَّثَنِي مِسْعَرٌ، ثنا مَعْبَدُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ وَالْمُسْتَوْرِدِ الْفِهْرِيِّ، قَالَا: قَالَ: اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِاَهْلِ الْجَنَّةِ؟ كُلُّ ضَعِيفٍ مُتَضَعِّفٍ لَوْ اَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَاَبَرَّهُ، اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِاَهْلِ النَّارِ؟ كُلُّ عُتُلٍّ جَوَّاظٍ مُسْتَكْبِرٍ

حضرت حارثہ بن وہب رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو فرماتے سنا: کیا میں تم کو اہل جنت کے متعلق نہ بتاؤں! فرمایا: ہر وہ کمزور جس کو کمزور سمجھا جاتا ہو یہ لوگ اگر اللہ پر قسم اُٹھالیں تو اللہ ان کی قسم پوری کرے اور فرمایا: دوزخ والے ہر قسم کے بدخلق' کینہ پرور اور متکبر لوگ ہیں۔

3183 - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَمْرٍو الدِّمَشْقِيُّ، ثنا آدَمُ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، قَالَا: ثنا شُعْبَةُ، اَخْبَرَنِي مَعْبَدُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ حَارِثَةَ بْنَ وَهْبٍ يَقُولُ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: تَصَدَّقُوا، فَسَيَاْتِي عَلَيْكُمْ زَمَانٌ يَمْشِي الرَّجُلُ بِصَدَقَتِهِ، فَيَقُولُ الرَّجُلُ: لَوْ جِئْتَ بِهَا بِالْاَمْسِ لَقَبِلْتُهَا، فَاَمَّا الْيَوْمَ فَلَا حَاجَةَ لِي فِيهَا

حضرت حارثہ بن وہب رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: صدقہ کرو! عنقریب تم پر ایسا زمانہ آئے گا کہ آدمی اپنا صدقہ لے کر چلے گا' دوسرا آدمی کہے گا: اگر تو کل لے کر آتا تو میں اسے قبول کرتا' آج کے دن مجھے کوئی ضرورت نہیں۔

3184 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ رَاهَوَيْهِ، حَدَّثَنَا اَبِي، ثنا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، قَالَا: ثنا شُعْبَةُ، عَنْ مَعْبَدِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

حضرت حارثہ بن وہب رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: صدقہ کرو! تم پر ایسا زمانہ آئے گا کہ آدمی اپنا صدقہ لے کر چلے گا اور اسے لینے والا کوئی نہیں ملے گا۔

معبد بن خالد الجدلی عن حارثة

3183- أخرجه البخاري في صحيحه جلد 2صفحه 512 رقم الحديث: 1345' جلد2صفحه517 رقم الحديث: 1358 عن شعبة عن معبد بن خالد عن حارثة بن وهب به .

تَصَدَّقُوا، فَسَيَأْتِي عَلَيْكُمْ زَمَانٌ يَمْشِي الرَّجُلُ بِصَدَقَتِهِ لَا يَجِدُ مَنْ يَقْبَلُهَا

**3185** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي خَيْثَمَةَ، قَالَ: وَجَدْتُ فِي كِتَابِ جَدِّي بِخَطِّهِ: ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبَانَ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ مَعْبَدِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ وَالْمُسْتَوْرِدِ، قَالَا: قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَصَدَّقُوا، فَاِنَّهُ سَيَأْتِي يَوْمٌ لَا يُقْبَلُ فِيهِ الصَّدَقَةُ

حضرت حارثہ بن وہب رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: صدقہ کرو! تم پر ایسا زمانہ آئے گا کہ آدمی اپنا صدقہ لے کر چلے گا اور اسے لینے والا کوئی نہیں ملے گا۔

**3186** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَزُوعِيُّ، قَالَا: اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْزُوقٍ، ثنا بَكْرُ بْنُ بَكَّارٍ، ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، وَزَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَزِيعٍ، ثنا ابْنُ اَبِي عَدِيٍّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ مَعْبَدِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: حَوْضِي مَا بَيْنَ الْمَدِينَةِ وَصَنْعَاءَ - فَقَالَ لَهُ الْمُسْتَوْرِدُ: اَوَلَمْ تَسْمَعْهُ؟ قَالَ: الْاَوَانِي، فَقَالَ الْمُسْتَوْرِدُ - فِيهِ الْآنِيَةُ مِثْلُ الْكَوَاكِبِ . وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ زَكَرِيَّا السَّاجِيِّ

حضرت حارثہ بن وہب رضی اللہ عنہما سے روایت ہے' اُنہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میرا حوض مدینہ اور صنعاء کے درمیان فاصلے جتنا ہے۔ حضرت مستورد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کیا آپ نے سنا ہے؟ کہا: بہت سارے برتن۔ فرماتے ہیں کہ حضرت مستورد نے فرمایا کہ اس میں برتن ستاروں کی تعداد کے برابر ہوں گے۔ یہ الفاظِ حدیث حضرت زکریا الساجی کے ہیں۔

**3187** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الصَّلْتِ بْنِ بَهْرَامَ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَزَالُ اُمَّتِي عَلَى مِسْكَةٍ

حضرت حارثہ بن وہب رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اُمت ہمیشہ دین پر قائم رہے گی' جب تک جنائز میں سستی نہ کریں گے یعنی مُردے کو جلدی دفن کریں گے۔

معبد بن خالد الجدلي عن حارثة

---

3186- أخرجه البخاري في صحيحه جلد 5 صفحه 2408 رقم الحديث: 6219 عن شعبة عن معبد بن خالد عن حارث بن وهب به .

مِنْ دِينِهَا مَا لَمْ يَكِلُوا الْجَنَائِزَ إِلَى أَهْلِهَا

**3188** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا وَضَّاحُ بْنُ يَحْيَى، ثنا مِنْدَلُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنِ الصَّلْتِ بْنِ بَهْرَامَ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَنْ تَزَالَ أُمَّتِي عَلَى الْإِسْلَامِ مَا لَمْ يُؤَخِّرُوا الْمَغْرِبَ حَتَّى يَشْتَبِكَ النُّجُومُ مُضَاهَاةَ الْيَهُودِ، وَمَا لَمْ يُعَجِّلُوا الْفَجْرَ مُضَاهَاةَ النَّصَارَى، وَمَا لَمْ يَكِلُوا الْجَنَائِزَ إِلَى أَهْلِهَا

حضرت حارثہ بن وہب رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: میری اُمت ہمیشہ اسلام پر رہے گی، جب تک مغرب مؤخر نہیں کریں گے یہاں تک کہ ستارے نکل آئیں اور جب تک فجر جلدی نہیں پڑھیں گے عیسائیوں کی طرح اور جب تک مُردے کو جلدی دفن کریں گے۔

## مَنِ اسْمُهُ الْحَارِثُ
## الْحَارِثُ بْنُ نَوْفَلِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ هَاشِمٍ

## یہ باب ہے جس کا نام حارث ہے
## حضرت حارث بن نوفل بن حارث بن عبدالمطلب بن ہاشم رضی اللہ عنہ

**3189** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، وَمُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقَزَّازُ، قَالَا: ثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ، ثنا هَمَّامٌ، ثنا لَيْثُ بْنُ أَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَّمَهُمُ الصَّلَاةَ عَلَى الْمَيِّتِ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِأَحْيَائِنَا وَأَمْوَاتِنَا، وَأَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِنَا، وَأَلِّفْ بَيْنَ قُلُوبِنَا، اللّٰهُمَّ إِنَّ هَذَا عَبْدُكَ فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ لَا نَعْلَمُ إِلَّا خَيْرًا، وَأَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ، فَاغْفِرْ لَنَا وَلَهُ . قَالَ: فَقُلْتُ لَهُ وَأَنَا أَصْغَرُ الْقَوْمِ: فَإِنْ لَمْ أَعْلَمْ خَيْرًا؟ قَالَ: فَلَا تَقُلْ إِلَّا مَا تَعْلَمُ

حضرت عبداللہ بن حارث اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضورﷺ نے میت کی نمازِ جنازہ پڑھنے کے لیے یہ دعا سکھائی: ''اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ الی آخرہ''۔ حضرت حارث فرماتے ہیں: میں لوگوں میں چھوٹا تھا، میں بھلائی نہیں جانتا تھا۔ میں وہی کہتا ہوں جو جانتا ہوں۔

3190 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ جُمْهُورٍ السِّمْسَارُ التِّنِّيسِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ، ثنا هَارُونُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ عَنبَسَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَمِعَ الْمُؤَذِّنَ قَالَ كَمَا يَقُولُ، فَاِذَا قَالَ: حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، قَالَ: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

حضرت عبداللہ بن حارث اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضورﷺ جب مؤذن کی اذان سنتے تو وہی کلمات پڑھتے جومؤذن پڑھتا' جب مؤذن حی علی الصلوٰۃ اورحی علی الفلاح پڑھتاتو آپ پڑھتے: لاحول ولاقوۃ الا باللہ!

3191 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَكَمِ بْنِ اَبِي زِيَادٍ الْقَطَوَانِيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى بْنِ اِسْرَائِيلَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، قَالَ: اَتَيْتُ حَلْقَةَ بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَسَاَلْتُ اَشْيَاخَهُمْ فِي كَمْ كُفِّنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالُوا: فِي ثَوْبَيْنِ اَحْمَرَيْنِ لَيْسَ فِيهِمَا قَمِيصٌ

حضرت ابواسحاق فرماتے ہیں کہ میں بنی عبدالمطلب کے پاس آیا' میں نے ان کے بزرگوں سے پوچھا کہ رسول اللہﷺ کو کتنے کپڑوں میں کفن دیا گیا؟ اُنہوں نے کہا: دوسرخ کپڑوں میں' ان دونوں میں قمیص نہیں تھی۔

3192 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، عَنْ زُهَيْرِ بْنِ مُعَاوِيَةَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، قَالَ: سَاَلْتُ آلَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِيهِمُ ابْنُ نَوْفَلٍ: فِي اَيِّ شَيْءٍ كُفِّنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالُوا: فِي حُلَّةٍ حَمْرَاءَ لَيْسَ فِيهَا قَمِيصٌ، وَجُعِلَ فِي لَحْدِهِ سَحْقُ قَطِيفَةٍ كَانَتْ لَهُمْ

حضرت ابواسحاق فرماتے ہیں کہ میں نے آلِ محمدﷺ سے پوچھا' ان میں ابن نوفل تھے کہ حضورﷺ کو کس چیز میں کفن دیا گیا؟ اُنہوں نے کہا: سرخ تین کپڑوں میں ان میں قمیص نہیں تھی' آپ کو لحد میں رکھا گیا' ایک چادر نیچے بچھائی گئی۔

## الْحَارِثُ بْنُ رِبْعِيٍّ اَبُو قَتَادَةَ الْاَنْصَارِيُّ

## حضرت حارث بن ربعی ابوقتادہ انصاری

## ثُمَّ السُّلَمِيُّ

وَكَانَ اَبُو قَتَادَةَ اَحَدَ فُرْسَانِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَضِيَ عَنْهُ

**3193** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ يَقُولُ: اَبُو قَتَادَةَ الْحَارِثُ بْنُ رِبْعِيٍّ، وَكَانَ اَبُو قَتَادَةَ اَحَدَ فُرْسَانِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

**3194** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ شَاهِينَ، ثنا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، عَنْ اِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ فُرْسَانِنَا الْيَوْمَ اَبُو قَتَادَةَ . وَدَعَا لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْمِيضَاةِ

**3195** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ اَبِي قَتَادَةَ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْضِ اَسْفَارِهِ اِذْ مَادَ عَنِ الرَّاحِلَةِ، فَدَعَمْتُهُ بِيَدِي حَتَّى اسْتَيْقَظَ، ثُمَّ مَادَ فَدَعَمْتُهُ بِيَدِي حَتَّى اسْتَيْقَظَ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ احْفَظْ اَبَا قَتَادَةَ كَمَا حَفِظَنِي مُنْذُ اللَّيْلَةِ، مَا اُرَانَا اِلَّا قَدْ شَقَقْنَا عَلَيْكَ . وَكَانَ اَبُو قَتَادَةَ يَخْضِبُ بِالصُّفْرَةِ

**3196** - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ،

## السلمی رضی اللہ عنہ

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ' حضورﷺ کے شاہسواروں میں سے ایک تھے۔

حضرت ابوقتادہ حارث بن ربعی فرماتے ہیں کہ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ' رسول اللہﷺ کے گھڑسواروں میں سے ایک تھے۔

حضرت ایاس بن سلمہ بن اکوع اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: ہمارے گھڑسواروں میں سے بہتر حضرت ابوقتادہ ہیں۔ حضورﷺ نے آپ کے لیے میضاۃ کے دن دعا فرمائی۔

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضورﷺ کے ساتھ کسی سفر میں ہوتے کہ اچانک آپ نیند آنے کی وجہ سے سواری سے پاؤں لٹکا دیتے' میں اپنے ہاتھ سے سہارا دیتا یہاں تک کہ آپ جاگ جاتے' پھر آپ سواری سے ایک طرف جھک جاتے' میں اپنے ہاتھ سے دباتا' آپ اُٹھتے۔ آپ نے یہ دعا کی: اے اللہ! ابوقتادہ کی حفاظت کر جس طرح آج رات سے اس نے میری حفاظت کی ہے۔ میرا خیال ہے کہ آپ نے ہم کو ذہنی مشقت میں ڈالا' حضرت ابوقتادہ زرد رنگ کا خضاب لگاتے تھے۔

حضرت عثمان بن عبداللہ بن سراقہ فرماتے ہیں کہ

ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا ابْنُ اَبِي ذِئْبٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُرَاقَةَ، قَالَ: رَاَيْتُ اَبَا قَتَادَةَ، وَاَبَا هُرَيْرَةَ، وَابْنَ عُمَرَ، وَاَبَا اُسَيْدٍ السَّاعِدِيَّ يَمُرُّونَ عَلَيْنَا وَنَحْنُ فِي الْكُتَّابِ نَجِدُ مِنْهُمْ رِيحَ الْعَبِيرِ وَيُصَفِّرُونَ لِحَاهُمْ

میں نے حضرت ابوقتادہ' ابوہریرہ' ابن عمر اور ابواُسید الساعدی رضی اللہ عنہما کو دیکھا' آپ ہمارے پاس سے گزرتے' ہم کاتبوں میں میں ہوتے' ان سے ہم عبیر خوشبو پاتے (یہ ایک خوشبو ہے جو کئی چیزوں سے ملا کر بنائی جاتی ہے) یہ اپنی داڑھی کو زرد رنگ لگاتے۔

3197 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ اَخْزَمَ، ثنا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ يُونُسَ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ اَبِي عَمَّارٍ، قَالَ: رَاَيْتُ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ، وَابْنَ عَبَّاسٍ، وَاَبَا هُرَيْرَةَ، وَاَبَا قَتَادَةَ، يَلْبَسُونَ مَطَارِفَ الْخَزِّ

حضرت عمار بن ابوعمار فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت زید بن ثابت اور ابن عباس اور ابوہریرہ اور ابوقتادہ رضی اللہ عنہم کو دیکھا' یہ ریشمی نقش و نگار والی چادر پہنتے تھے۔

3198 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: تُوُفِّيَ اَبُو قَتَادَةَ، وَاسْمُهُ الْحَارِثُ بْنُ رِبْعِيٍّ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَخَمْسِينَ وَسِنُّهُ سَبْعُونَ سَنَةً

حضرت یحییٰ بن بکیر فرماتے ہیں کہ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کا وصال 54 ہجری میں 70 سال کی عمر میں ہوا' آپ کا نام حارث بن ربعی ہے۔

3199 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ: مَاتَ اَبُو قَتَادَةَ الْحَارِثُ بْنُ رِبْعِيٍّ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَخَمْسِينَ

حضرت محمد بن عبداللہ بن نمیر فرماتے ہیں کہ حضرت ابوقتادہ حارث بن ربعی کا وصال 54 ہجری میں ہوا۔

## وَمَا اَسْنَدَ اَبُو قَتَادَةَ

## حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کی روایت کردہ احادیث

3200 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ اَبِي قَتَادَةَ اَنَّهُ رَاَى رَسُولَ اللّٰهِ

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو قبلہ رُخ منہ کر کے پیشاب کرتے ہوئے دیکھا۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبُولُ مُسْتَقْبِلًا الْقِبْلَةَ

**3201** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرَّانِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ دَاوُدَ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبُو هِلَالٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ، اَحْسَبُهُ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي قَتَادَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ سَرَّهُ اَنْ يَاْمَنَ مِنْ غَمِّ يَوْمِ الْقِيَامَةِ فَلْيُنْظِرْ مُعْسِرًا اَوْ لِيَضَعْ عَنْهُ

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جس کو پسند ہو کہ وہ قیامت کے دن غم سے محفوظ رہے وہ تنگ دست کو مہلت دے یا اسے معاف کر دے۔

**3202** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، وَشُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى، قَالَا: ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي قَتَادَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَعَدَ عَلَى فِرَاشِ مُغِيبَةٍ قُيِّضَ لَهُ ثُعْبَانٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت عبداللہ بن ابوقتادہ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو کسی کے بستر پر اس کی عدم موجودگی میں بیٹھا' قیامت کے دن اس کے لیے بڑا سانپ مسلط کیا جائے گا۔

**3203** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْبَدٍ اَوْ اَبُو مُحَمَّدِ بْنُ مَعْبَدٍ، عَنْ اَبِي قَتَادَةَ اَنَّ الْبَرَاءَ بْنَ مَعْرُورٍ اَوْصَى لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِثُلُثِ مَالِهِ يَضَعُهُ حَيْثُ شَاءَ، فَرَدَّهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى وَلَدِهِ

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت براء بن معرور رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے اپنے تہائی مال کی وصیت کی' جہاں چاہیں آپ رکھیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کی اولاد کو واپس کر دیا۔

**3204** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا النَّضْرُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، ثنا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی مسجد میں داخل ہو تو دو رکعتیں پڑھ کر بیٹھے۔

وما اسند ابو قتادة

3204- أخرجه البخاري في صحيحه جلد 1 صفحه 391 رقم الحديث: 1110 عن عامر بن عبد الله بن الزبير عن عمرو بن سليم عن أبي قتادة به .

الزُّبَيْرِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ اَبِى قَتَادَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا دَخَلَ اَحَدُكُمُ الْمَسْجِدَ فَلا يَجْلِسْ حَتّٰى يُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ

3205 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِلَالٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ صُهْبَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حِبَّانَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ اَبِي قَتَادَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ بَيْنَمَا هُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَقُصُّ عَلَى النَّاسِ اَقْبَلَ رَجُلٌ حَتّٰى جَلَسَ، فَمَدَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ، فَقَالَ: يَا فُلَانُ اَرَكَعْتَ رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ اَنْ تَجْلِسَ؟ قَالَ: لَا . قَالَ: فَمَا مَنَعَكَ؟ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَرِهْتُ اَنْ اَشْخَصَ وَاَنْتَ قَائِمٌ. فَاَقْبَلَ عَلَيْنَا فَقَالَ: اِذَا دَخَلَ اَحَدُكُمُ الْمَسْجِدَ فَلْيَبْدَاْ فَلْيَرْكَعْ رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ اَنْ يَجْلِسَ

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ' حضورﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ منبر پر لوگوں کو واعظ کر رہے تھے' ایک آدمی آ کر بیٹھ گیا' رسول اللہﷺ نے ہاتھ لمبا کیا' آپ نے فرمایا: کیا تم نے بیٹھنے سے پہلے دو رکعتیں پڑھی ہیں؟ اُس نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: کیا رکاوٹ تھی؟ اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے نفل پڑھنے کو ناپسند کیا اس حال میں کہ آپ کھڑے ہوں' آپ ہماری طرف متوجہ ہوئے' آپ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی مسجد میں داخل ہو تو مسجد میں بیٹھنے سے پہلے دو رکعت نفل پڑھ کر ابتداء کرے۔

3206 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حِبَّانَ الرَّقِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّادٍ الْعَبْدَانِيُّ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي صَخْرٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ النَّضْرِ، عَنْ اَبِي قَتَادَةَ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَهُ عَنِ السَّاعَةِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَمَاذَا اَعْدَدْتَ لَهَا؟ قَالَ: حُبَّ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَرَسُولِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. قَالَ: فَاَنْتَ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضورﷺ کے پاس آیا' اُس نے آپ سے قیامت کے متعلق پوچھا (کہ کب آئے گی؟) آپﷺ نے فرمایا: تُو نے اس کے لیے کیا تیاری کی ہے؟ اُس نے عرض کی: اللہ اور اس کے رسول کی محبت! آپ نے فرمایا: تُو اس کے ساتھ ہوگا جس سے محبت کرتا ہوگا۔



3205- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد 1 صفحه 495 رقم الحديث: 714 عن محمد بن يحيى بن حبان عن عمرو بن سليم عن أبي قتادة به .

3207 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَا: ثنا الْحَكَمُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي قَتَادَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَسْوَاُ النَّاسِ سَرِقَةً الَّذِي يَسْرِقُ صَلَاتَهُ. قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَيْفَ يَسْرِقُ صَلَاتَهُ؟ قَالَ: لَا يُتِمُّ رُكُوعَهَا وَلَا سُجُودَهَا

حضرت عبداللہ بن ابوقتادہ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: لوگوں میں سے سب سے بُرا وہ ہے جو اپنی نماز میں چوری کرتا ہے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! اپنی نماز میں کوئی چوری کیسے کرتا ہے؟ آپ نے فرمایا: وہ رکوع و سجود مکمل نہیں کرتا ہے۔

# الْحَارِثُ بْنُ عَوْفٍ اَبُو وَاقِدٍ اللَّيْثِيُّ، وَيُقَالُ الْحَارِثُ بْنُ مَالِكٍ، وَيُقَالُ عَوْفُ بْنُ مَالِكٍ، وَيُقَالُ الْحَارِثُ بْنُ عَوْفٍ

# حضرت حارث بن عوف ابوواقد لیثی رضی اللہ عنہ، حضرت کو حارث بن مالک اور عوف بن مالک، اور حارث بن عوف بھی کہا جاتا ہے



3208 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: تُوُفِّيَ اَبُو وَاقِدٍ اللَّيْثِيُّ، وَاسْمُهُ الْحَارِثُ بْنُ مَالِكٍ سَنَةَ ثَمَانٍ وَسِتِّينَ سِنُّهُ سَبْعُونَ سَنَةً

حضرت یحییٰ بن بکیر فرماتے ہیں کہ حضرت ابوواقد لیثی رضی اللہ عنہ کا وصال 68 ہجری میں ہوا، اُس وقت آپ کی عمر 70 سال تھی، آپ کا نام حارث بن مالک ہے۔

3209 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَدِينِيُّ فُسْتُقَةُ، ثنا هَارُونُ الْحَمَّالُ، قَالَ: تُوُفِّيَ اَبُو وَاقِدٍ اللَّيْثِيُّ سَنَةَ ثَمَانٍ وَسِتِّينَ، وَاسْمُ اَبِي وَاقِدٍ الْحَارِثُ بْنُ مَالِكٍ، وَيُقَالُ عَوْفُ بْنُ مَالِكٍ

حضرت ہارون حمال فرماتے ہیں کہ حضرت ابوواقد لیثی رضی اللہ عنہ کا وصال 68 ہجری میں ہوا، آپ کا نام ابوواقد حارث بن مالک ہے اور آپ کو عوف بن مالک بھی کہا جاتا ہے۔

3210 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت محمد بن عبداللہ بن نمیر فرماتے ہیں کہ

الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ يَقُولُ: مَاتَ اَبُو وَاقِدٍ سَنَةَ ثَمَانٍ وَسِتِّينَ

ابوواقد کا وصال 68 ہجری میں ہوا۔

**3211** - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَدَقَةَ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ مَعِينٍ يَقُولُ: اَبُو وَاقِدٍ اللَّيْثِيُّ صَاحِبُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَوْفُ بْنُ الْحَارِثِ

حضرت یحییٰ بن معین فرماتے ہیں کہ حضرت ابوواقد لیثی صحابیٔ رسول ﷺ کا نام عوف بن حارث ہے۔

**3212** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي مُحَمَّدٍ الْيَزِيدِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَعْدٍ، ثنا الْوَاقِدِيُّ، قَالَ: اَبُو وَاقِدٍ اللَّيْثِيُّ اسْمُهُ الْحَارِثُ بْنُ مَالِكٍ . قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ سَعْدٍ: وَقَالَ هِشَامٌ الْكَلْبِيُّ: الْحَارِثُ بْنُ عَوْفٍ، وَغَيْرُهُمَا: عَوْفُ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ اُسَيْدِ بْنِ جَابِرِ بْنِ غَرِيرَةَ بْنِ عَبْدِ مَنَافِ بْنِ شُجَعَ بْنِ عَامِرِ بْنِ لَيْثٍ

حضرت واقدی فرماتے ہیں کہ حضور ابوواقد لیثی کا نام حارث بن مالک ہے۔ محمد بن سعد فرماتے ہیں: حضرت ہشام کلبی کہتے ہیں کہ آپ کا نام حارث بن عوف ہے' ان دونوں کے علاوہ عوف بن حارث بن اسید بن جابر بن غریرہ بن عبدمناف بن شجع بن عامر بن لیث ہے۔

**3213** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ يَقُولُ: اَبُو وَاقِدٍ وَاسْمُهُ الْحَارِثُ بْنُ مَالِكٍ

حضرت محمد بن عبداللہ بن نمیر فرماتے ہیں کہ ابوواقد کا نام حارث بن مالک ہے۔

## وَمَا اَسْنَدَ اَبُو وَاقِدٍ اللَّيْثِيُّ
## سِنَانُ بْنُ اَبِي سِنَانٍ عَنْ اَبِي وَاقِدٍ

## حضرت ابوواقد لیثی کی روایت کردہ احادیث
## حضرت سنان بن ابوسنان' حضرت ابوواقد سے روایت کرتے ہیں

**3214** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سِنَانِ بْنِ

حضرت ابوواقد لیثی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ حنین کی طرف نکلے' ہم ایک

اَبِی سِنَانٍ الدُّؤَلِیِّ، عَنْ اَبِی وَاقِدٍ اللَّیْثِیِّ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قِبَلَ حُنَیْنٍ، فَمَرَرْنَا بِالسِّدْرَةِ، فَقُلْتُ: اَیْ رَسُولَ اللّٰهِ اجْعَلْ لَنَا هٰذِهِ ذَاتَ اَنْوَاطٍ كَمَا لِلْكُفَّارِ ذَاتُ اَنْوَاطٍ - وَكَانَ الْكُفَّارُ یَنُوطُونَ سِلَاحَهُمْ بِسِدْرَةٍ وَیَعْكُفُونَ حَوْلَهَا - فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُ اَكْبَرُ، هٰذَا كَمَا قَالَتْ بَنُو اِسْرَائِیلَ لِمُوسَی: (اجْعَلْ لَنَا اِلَهًا كَمَا لَهُمْ آلِهَةٌ) (الاعراف:138)، اِنَّكُمْ سَتَرْكَبُونَ سَنَنَ الَّذِینَ مِنْ قَبْلِكُمْ

بیری کے درخت کے پاس سے گزرے تو میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہمارے لیے ذات انواط مقرر کریں' جس طرح کافروں کے لیے ذات انواط ہیں' کافر بیری کے درخت پر اسلحہ لٹکاتے' ذات انواط کے اردگرد جھکتے۔ حضورﷺ نے فرمایا: اللہ بہت بڑا ہے' یہ تو نے ایسے کہا ہے جس طرح بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہا تھا: ''ہمارے لیے خدا مقرر کریں جس طرح ان کے لیے خدا ہیں'' آپ نے فرمایا: عنقریب تم پہلے لوگوں کے طریقہ پر چلو گے۔

**3215** - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیزِ، ثنا الْقَعْنَبِیُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سِنَانِ بْنِ اَبِی سِنَانٍ الدُّؤَلِیِّ، عَنْ اَبِی وَاقِدٍ اللَّیْثِیِّ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلَی حُنَیْنٍ وَنَحْنُ حُدَثَاءُ عَهْدٍ بِكُفْرٍ، وَلِلْمُشْرِكِینَ سِدْرَةٌ یَعْكُفُونَ عِنْدَهَا، وَیَنُوطُونَ بِهَا اَسْلِحَتَهُمْ یُقَالُ لَهَا ذَاتُ اَنْوَاطٍ۔ قَالَ: فَمَرَرْنَا بِالسِّدْرَةِ، فَقُلْنَا: یَا رَسُولَ اللّٰهِ اجْعَلْ لَنَا ذَاتَ اَنْوَاطٍ كَمَا لَهُمْ ذَاتُ اَنْوَاطٍ۔ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُ اَكْبَرُ، اِنَّهَا السُّنَنُ، قُلْتُمْ وَالَّذِی نَفْسِی بِیَدِهِ كَمَا قَالَتْ بَنُو اِسْرَائِیلَ: (اجْعَلْ لَنَا اِلَهًا كَمَا لَهُمْ آلِهَةٌ قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُونَ) (الاعراف:138)، لَتَرْكَبُنَّ سَنَنَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ

حضرت ابوواقد لیثی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضورﷺ کے ساتھ حنین کی جانب نکلے' ہم زمانہ کفر کے قریب تھے' مشرکوں کے لیے بیری کے درخت تھے وہ اس کے آگے جھکتے' ان پر اسلحہ لٹکاتے' اس کو ذات انواط کہا جاتا تھا۔ ہم بیری کے درخت کے پاس سے گزرے تو ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! ہمارے لیے بھی ذات انواط مقرر کریں جس طرح ان کے لیے ذات انواط ہیں۔ حضورﷺ نے فرمایا: اللہ بہت بڑا ہے' یہ طریقہ ہے' تم ایسے کہتے ہو جس طرح بنی اسرائیل نے کہا تھا (وہ ذات جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے!) ''ہمارے لیے خدا مقرر کریں جس طرح ان کے لیے خدا ہیں''۔ آپ نے فرمایا: تم بے علم لوگ ہو' تم پہلے لوگوں کے طریقہ پر چلتے ہو۔

**3216** - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَی، ثنا الْحُمَیْدِیُّ، ثنا سُفْیَانُ، ثنا الزُّهْرِیُّ، عَنْ سِنَانِ بْنِ

حضرت ابوواقد لیثی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضورﷺ کے ساتھ حنین کی طرف نکلے' ہم ایک

اَبِی سِنَانٍ، عَنْ اَبِی وَاقِدِ اللَّيْثِيِّ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا خَرَجَ اِلَى حُنَيْنٍ مَرَّ بِشَجَرَةٍ يُقَالُ لَهَا ذَاتُ اَنْوَاطٍ، يُعَلِّقُ الْمُشْرِكُونَ عَلَيْهَا اَسْلِحَتَهُمْ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اجْعَلْ لَنَا ذَاتَ اَنْوَاطٍ كَمَا لَهُمْ ذَاتُ اَنْوَاطٍ . فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُ اَكْبَرُ، هٰذَا كَمَا قَالَتْ بَنُو اِسْرَائِيلَ لِمُوسَى: (اجْعَلْ لَنَا اِلٰهًا كَمَا لَهُمْ آلِهَةٌ) (الاعراف: 138 ) ، لَتَرْكَبُنَّ سَنَنَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ

بیری کے درخت کے پاس سے گزرے تو میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہمارے لیے ذات انواط مقرر کریں' جس طرح کافروں کے لیے ذات انواط ہیں' کافر بیری کے درخت پر اسلحہ لٹکاتے' ذات انواط کے اردگرد جھکتے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ بہت بڑا ہے' یہ تو نے ایسے کہا ہے جس طرح بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہا تھا: ''ہمارے لیے خدا مقرر کریں جس طرح ان کے لیے خدا ہیں'' آپ نے فرمایا: عنقریب تم پہلے لوگوں کے طریقہ پر چلو گے۔

3217 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِی زَائِدَةَ، ثنا ابْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ، عَنْ سِنَانِ بْنِ اَبِی سِنَانٍ اللَّيْثِيِّ، ثُمَّ الْجُنْدَعِيِّ، عَنْ اَبِی وَاقِدِ اللَّيْثِيِّ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ حَدِيثُو عَهْدٍ بِجَاهِلِيَّةٍ، وَقَدْ كَانَتْ لِكُفَّارِ قُرَيْشٍ وَمَنْ سِوَاهُمْ مِنَ الْعَرَبِ شَجَرَةٌ عَظِيمَةٌ يُقَالُ لَهَا ذَاتَ اَنْوَاطٍ، يَاْتُونَهَا كُلَّ عَامٍ، فَيُعَلِّقُونَ بِهَا اَسْلِحَتَهُمْ، وَيُرِيحُونَ تَحْتَهَا، وَيَعْكُفُونَ عَلَيْهَا يَوْمًا، فَرَاَيْنَا وَنَحْنُ نَسِيرُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِدْرَةً خَضْرَاءَ عَظِيمَةً، فَتَنَادَيْنَا مِنْ جَنَبَاتِ الطَّرِيقِ، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اجْعَلْ لَنَا ذَاتَ اَنْوَاطٍ، فَقَالَ: اللّٰهُ اَكْبَرُ، قُلْتُمْ وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ كَمَا قَالَ قَوْمُ مُوسَى: (اجْعَلْ لَنَا اِلٰهًا كَمَا لَهُمْ آلِهَةٌ) (الاعراف: 138 ) الْآيَةَ، لَتَرْكَبُنَّ سَنَنَ مَنْ كَانَ

حضرت ابوواقد لیثی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ نکلے' ہم زمانۂ جاہلیت کے قریب تھے' قریش کے گھر کافروں کے لیے اور عرب والوں کے لیے ایک بہت بڑا درخت تھا جس کو ذات انواط کہا جاتا تھا' وہ اس کے پاس ہر سال آتے' اسکے ساتھ اپنا اسلحہ لٹکاتے' اسکے نیچے خوشبو لگاتے' اس پر ایک دن جھکتے' ہم نے دیکھا۔ ہم حضور ﷺ کے ساتھ چل رہے تھے' ہم نے ایک بیری کا درخت بہت بڑا دیکھا' ہم نے راستے سے آواز دی۔ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! ہمارے لیے ذات انواط مقرر کریں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ بہت بڑا ہے' اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں محمد کی جان ہے! تم ایسے کہتے ہو جس طرح حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم نے کہا تھا کہ ''ہمارے لیے خدا مقرر کریں جس طرح ان کے لیے بنایا ہے''۔ (فرمایا:) تم پہلے لوگوں کے راستوں پر چلو

قَبْلَكُمْ

گے۔

**3218** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سِنَانِ بْنِ أَبِي سِنَانٍ، عَنْ أَبِي وَاقِدٍ اللَّيْثِيِّ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ حَدِيثُو عَهْدٍ بِكُفْرٍ، وَكَانُوا أَسْلَمُوا يَوْمَ الْفَتْحِ، فَانْتَهَيْنَا إِلَى شَجَرَةٍ كَانَ الْمُشْرِكُونَ يُعَلِّقُونَ عَلَيْهَا أَسْلِحَتَهُمْ يَعْكُفُونَ عِنْدَهَا فِي السَّنَةِ يُقَالُ لَهَا ذَاتُ أَنْوَاطٍ، فَقُلْنَا: اجْعَلْ لَنَا ذَاتَ أَنْوَاطٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللهُ أَكْبَرُ، قُلْتُمْ كَمَا قَالَ قَوْمُ مُوسَى: (اجْعَلْ لَنَا إِلَهًا كَمَا لَهُمْ آلِهَةٌ) (الاعراف: 138). ثُمَّ قَالَ: إِنَّكُمْ سَتَرْكَبُونَ سَنَنَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ

حضرت ابوواقد لیثی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نکلے' ہم ابھی زمانۂ کفر کے قریب تھے' یعنی فتح مکہ کے دن اسلام لائے تھے' ہم ایک درخت کے پاس سے گزرے جس پر مشرکین اپنا اسلحہ لٹکاتے' سال میں ایک مرتبہ اس کے آگے جھکتے' اسے ذات انواط کہا جاتا تھا۔ ہم نے کہا: ہمارے لیے ذات انواط مقرر کریں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ بہت بڑا ہے' تم نے ایسے کہا ہے جس طرح حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم نے آپ سے کہا تھا کہ "ہمارے لیے خدا بنائیں جس طرح ان کے لیے خدا بنایا ہے"۔ پھر آپ نے فرمایا: تم پہلے لوگوں کے طریقہ پر چلو گے۔

## سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيِّبِ عَنْ أَبِي وَاقِدٍ

## حضرت سعید بن میّب' حضرت ابوواقد سے روایت کرتے ہیں

**3219** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ الْأَوَّلِ، حَدَّثَنَا أَبُو يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ آمِينَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا وَاقِدٍ اللَّيْثِيَّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خُيِّرَ عَبْدٌ مِنْ عَبِيدِ اللهِ بَيْنَ الدُّنْيَا وَمُلْكِهَا وَنَعِيمِهَا وَبَيْنَ الْآخِرَةِ، فَاخْتَارَ الْآخِرَةَ . فَقَالَ أَبُو

حضرت ابوواقد لیثی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے بندوں میں سے ایک بندے کو دنیا میں بادشاہی اور نعمتوں اور آخرت کو اختیار کرنے کا اختیار دیا' اس بندے نے آخرت کو پسند کیا ہے' حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم آپ پر اپنی جانیں اور اموال قربان کرتے ہیں۔

بَكْرٍ: بَلْ نَفْدِيكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ بِأَمْوَالِنَا وَأَنْفُسِنَا

3220 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ الْأَوَّلِ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ آمِينَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا وَاقِدٍ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ قَوَائِمَ مِنْبَرِي رَوَاتِبُ فِي الْجَنَّةِ

حضرت ابوواقد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے منبر کے پائے جنت کے ہیں۔

3221 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا الْحِمَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ آمِينَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا وَاقِدٍ اللَّيْثِيَّ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيلًا لَاتَّخَذْتُ ابْنَ أَبِي قُحَافَةَ خَلِيلًا، وَلَكِنَّ صَاحِبَكُمْ خَلِيلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت ابوواقد لیثی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر میں کسی کو دوست بناتا تو ابن ابوقحافہ کو دوست بناتا' لیکن تمہارے ساتھی نے اللہ عزوجل کو دوست بنایا ہے۔

## عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ عَنْ أَبِي وَاقِدٍ

## حضرت عروہ بن زبیر' حضرت ابوواقد سے روایت کرتے ہیں

3222 - حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ أَبِي وَاقِدٍ اللَّيْثِيِّ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى بِالنَّاسِ يَوْمَ الْفِطْرِ وَالْأَضْحَى، فَكَبَّرَ فِي

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لوگوں کو عید الفطر اور عید الاضحیٰ پڑھائی' آپ نے پہلی رکعت میں ساری تکبیریں پڑھیں اور ق والقرآن المجید پڑھی' دوسری میں پانچ تکبیریں پڑھیں اور اس میں اقترب الساعۃ' وانشق القمر پڑھی۔

3220- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد 3 صفحه 612 رقم الحديث: 6268 عن عبد الرحمن بن آمين عن سعيد بن المسيب عن أبي واقد الليثي به .

الرَّكْعَةِ الْأُولَى سَبْعًا وَقَرَأَ ق وَالْقُرْآنِ الْمَجِيدِ، وَفِي الثَّانِيَةِ خَمْسًا وَقَرَأَ اقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ

## مُوسَى بْنُ طَلْحَةَ عَنْ أَبِي وَاقِدٍ

## حضرت موسیٰ بن طلحہ' حضرت ابوواقد سے روایت کرتے ہیں

3223 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يَزِيدَ الْبَكْرِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ، حَدَّثَنِي عَمِّي مُوسَى بْنُ طَلْحَةَ، حَدَّثَنِي أَبُو وَاقِدٍ اللَّيْثِيُّ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَمَسُّ رُكْبَتِي رُكْبَتَهُ، فَأَتَاهُ آتٍ، فَالْتَقَمَ أُذُنَهُ، فَتَغَيَّرَ وَجْهُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَثَارَ الدَّمُ إِلَى أَسَارِيرِهِ، ثُمَّ قَالَ: هَذَا رَسُولُ عَامِرِ بْنِ الطُّفَيْلِ يَتَهَدَّدُنِي وَيَتَهَدَّدُ مَنْ بِإِزَائِي، فَكَفَانِيهِ اللهُ بِالْبَنِينَ مِنْ وَلَدِ إِسْمَاعِيلَ بِابْنَي قَيْلَةَ . قَالَ هِشَامٌ: يَعْنِي بِالْأَنْصَارِ

حضرت ابوواقد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس تھا' میرے گھٹنے آپ کے گھٹنوں کو چھو رہے تھے' ایک آنے والا آیا' اس نے آپ کا کان پکڑا تو رسول اللہ ﷺ کے چہرۂ مبارک کا رنگ بدل گیا' آپ کا خون' رخساروں میں نظر آنے لگا۔ پھر فرمایا: یہ عامر بن طفیل کا نمائندہ ہے' مجھے دھمکی دے رہا ہے اور ان کو بھی جو میرے سامنے میں ہیں' اللہ عزوجل نے اولادِ اسماعیل سے مجھے کفایت کی' قیلہ کے بیٹوں کے ساتھ۔ حضرت ہشام فرماتے ہیں: یعنی انصار سے۔

## عَطَاءُ بْنُ يَسَارٍ عَنْ أَبِي وَاقِدٍ

## حضرت عطاء بن یسار' حضرت ابوواقد سے روایت کرتے ہیں

3224 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا أَبُو هَمَّامٍ الدَّلَّالُ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي وَاقِدٍ اللَّيْثِيِّ، قَالَ: كُنَّا نَأْتِي النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ أُنْزِلَ عَلَيْهِ الْوَحْيُ فَيُحَدِّثُنَا، فَقَالَ لَنَا ذَاتَ يَوْمٍ: لَوْ أَنَّ

حضرت ابوواقد لیثی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس آئے' اچانک آپ پر وحی نازل ہونے لگی' ہمیں بتانے لگے' ہمیں ایک دن بتایا کہ اگر انسان کے پاس مال کی ایک وادی ہو تو وہ پسند کرے گا کہ دوسری بھی ہو' اگر دو ہوں تو پسند کرے گا کہ

لِابْنِ آدَمَ وَادِيًا لَاحَبَّ اَنْ يَكُونَ اِلَيْهِ ثَانٍ، وَلَوْ اَنَّ لَهُ وَادِيَيْنِ اَحَبَّ اَنْ يَكُونَ الثَّالِثُ، وَلَا يَمْلَأُ جَوْفَ ابْنِ آدَمَ اِلَّا التُّرَابُ، ثُمَّ يَتُوبُ اللّٰهُ عَلَى مَنْ تَابَ

تیسری بھی ہو انسان کا پیٹ مٹی ہی بھرے گی پھر اللہ عزوجل توبہ قبول کرتا ہے جس کی توبہ قبول کرنا چاہتا ہے۔

**3225** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي وَاقِدٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اُوحِيَ اِلَيْهِ اَتَيْنَاهُ يُعَلِّمُنَا مَا اُوحِيَ اِلَيْهِ، فَجِئْتُهُ ذَاتَ يَوْمٍ فَقَالَ: اِنَّ اللّٰهَ تَعَالَى يَقُولُ: اِنَّا اَنْزَلْنَا الْمَالَ لِاِقَامِ الصَّلَاةِ وَاِيتَاءِ الزَّكَاةِ، وَلَوْ اَنَّ لِابْنِ آدَمَ وَادِيًا لَاحَبَّ اَنْ يَكُونَ اِلَيْهِ الثَّانِي، وَلَوْ كَانَ لَهُ اثْنَانِ لَاحَبَّ اَنْ يَكُونَ اِلَيْهِمَا الثَّالِثُ، وَلَا يَمْلَأُ جَوْفَ ابْنِ آدَمَ اِلَّا التُّرَابُ، وَيَتُوبُ اللّٰهُ عَلَى مَنْ تَابَ

حضرت ابوواقد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل نے ہم پر نازل کیا نماز پڑھنے اور زکوٰۃ دینے کے لیے اگر انسان کے پاس ایک وادی مال کی ہو تو وہ پسند کرے گا کہ دوسری بھی ہو اگر دو ہوں تو پسند کرے گا کہ تیسری بھی ہو انسان کا پیٹ مٹی ہی بھرے گی اللہ توبہ قبول کرتا ہے جو توبہ کرتا ہے۔

**3226** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْفَسَوِيُّ، قَالَا: ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مُحَبَّرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي وَاقِدٍ اللَّيْثِيِّ، قَالَ: كُنَّا نَكُونُ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاِذَا نَزَلَ عَلَيْهِ شَيْءٌ اَخْبَرَنَا بِهِ، فَقَالَ: رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ: نَزَلَتْ عَلَيَّ آيَةٌ: اِنَّا اَنْزَلْنَا الْمَالَ لِاِقَامِ الصَّلَاةِ وَاِيتَاءِ الزَّكَاةِ، وَلَوْ كَانَ لِابْنِ آدَمَ وَادٍ ابْتَغَى اِلَيْهِ ثَانِيًا، وَلَوْ كَانَ ثَانِيًا لَابْتَغَى اِلَيْهِ ثَالِثًا، وَلَا يَمْلَأُ نَفْسَ ابْنِ آدَمَ اِلَّا التُّرَابُ، وَيَتُوبُ اللّٰهُ عَلَى مَنْ تَابَ

حضرت ابوواقد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مجھ پر آیت نازل ہوئی کہ اللہ عزوجل نے ہم پر مال اُتارا نماز پڑھنے اور زکوٰۃ دینے کے لیے اگر انسان کے پاس ایک وادی مال کی ہو تو وہ پسند کرے گا کہ دوسری بھی ہو اگر دو ہوں تو پسند کرے گا کہ تیسری بھی ہو انسان کا پیٹ مٹی ہی بھرے گی اللہ توبہ قبول کرتا ہے جو توبہ کرتا ہے۔ ربیعہ بن عثمان نے اس حدیث کی سند میں ہشام بن سعد اور ابن محبر کی مخالفت کی ہے۔

. وَخَالَفَ رَبِيعَةُ بْنُ عُثْمَانَ هِشَامَ بْنَ سَعْدٍ وَابْنَ مُحَبَّرٍ فِي إِسْنَادِ هَذَا الْحَدِيثِ

3227 - حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْخَفَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، أَخْبَرَنِي رَبِيعَةُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِي مُرَاوِحٍ، عَنْ أَبِي وَاقِدٍ اللَّيْثِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: إِنَّا أَنْزَلْنَا الْمَالَ لِإِقَامِ الصَّلَاةِ وَإِيتَاءِ الزَّكَاةِ، وَلَوْ كَانَ لِابْنِ آدَمَ وَادٍ لَأَحَبَّ أَنْ يَكُونَ لَهُ وَادِيَانِ، وَلَوْ كَانَ لَهُ وَادِيَانِ لَأَحَبَّ أَنْ يَكُونَ لَهُ إِلَيْهِمَا ثَالِثٌ، وَلَا يَمْلَأُ جَوْفَ ابْنِ آدَمَ إِلَّا التُّرَابُ، وَيَتُوبُ اللّٰهُ عَلَى مَنْ تَابَ

حضرت ابوواقد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے ہم پر مال اُتارا نماز پڑھنے اور زکوٰۃ دینے کے لیے اگر انسان کے پاس ایک وادی مال کی ہو تو وہ پسند کرے گا کہ دوسری بھی ہو اگر دو ہوں تو پسند کرے گا کہ تیسری بھی ہو انسان کا پیٹ مٹی ہی بھرے گی اللہ توبہ قبول کرتا ہے جو توبہ کرتا ہے۔

3228 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي وَاقِدٍ اللَّيْثِيِّ، قَالَ: قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ وَالنَّاسُ يَجُبُّونَ أَسْنِمَةَ الْإِبِلِ، وَيَقْطَعُونَ أَلْيَاتِ الْغَنَمِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا قُطِعَ مِنَ الْبَهِيمَةِ وَهِيَ حَيَّةٌ فَهُوَ مَيْتَةٌ

حضرت ابوواقد لیثی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ مدینہ آئے لوگ اونٹوں کی کوہان اور بکریوں کی پشت سے گوشت کاٹتے تھے حضورﷺ نے فرمایا: جو زندہ جانور کا گوشت کاٹا جاتا ہے وہ مردار ہے۔

## عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنْ أَبِي وَاقِدٍ

## عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ حضرت ابوواقد سے روایت کرتے ہیں

3229 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ

حضرت عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ فرماتے ہیں کہ

الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَالِكٍ، وَابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ ضَمْرَةَ بْنِ سَعِيدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ يَقُولُ: خَرَجَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي يَوْمِ عِيدٍ، فَسَأَلَ أَبَا وَاقِدٍ اللَّيْثِيَّ: بِأَيِّ شَيْءٍ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ فِي الصَّلَاةِ يَوْمَ الْعِيدِ؟ قَالَ: بِـ ق وَاقْتَرَبَتْ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ عید کے دن نکلے' حضرت ابوواقد لیثی رضی اللہ عنہ سے پوچھا: رسول اللہ ﷺ عید کے دن نماز میں کیا پڑھتے تھے؟ حضرت ابوواقد رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ق اوراقتربت۔

**3230** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ، ثنا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ، ثنا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ ضَمْرَةَ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ أَبِي وَاقِدٍ اللَّيْثِيِّ، قَالَ: سَأَلَنِي عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَمَّا قَرَأَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْعِيدِ، فَقُلْتُ: بِـ ق وَاقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ

حضرت ابوواقد لیثی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مجھ سے پوچھا کہ رسول اللہ ﷺ عید کے دن نماز میں کیا پڑھتے تھے؟ میں نے عرض کی: ق اوراقتربت الساعة۔

## بُسْرُ بْنُ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي وَاقِدٍ

## حضرت بسر بن سعید' حضرت ابوواقد سے روایت کرتے ہیں

**3231** - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْأَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ عَيَّاشِ بْنِ عَبَّاسٍ الْقِتْبَانِيِّ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْأَشَجِّ أَنَّ بُسْرَ بْنَ سَعِيدٍ حَدَّثَهُ، أَنَّ أَبَا وَاقِدٍ اللَّيْثِيَّ قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَنَحْنُ جُلُوسٌ عَلَى بِسَاطٍ: إِنَّهَا سَتَكُونُ فِتْنَةٌ. قَالُوا: وَكَيْفَ نَفْعَلُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ فَرَدَّ يَدَهُ إِلَى الْبِسَاطِ فَأَمْسَكَ بِهِ فَقَالَ: تَفْعَلُونَ هَكَذَا

حضرت ابوواقد لیثی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا' ہم چمڑے کے اوپر بیٹھے ہوئے تھے: عنقریب فتنے ہوں گے۔ اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم کیا کریں گے؟ آپ نے اپنا دستِ مبارک چمڑے کی طرف کیا' اس کو روکا' فرمایا: تم ایسے کرو گے۔

3232 - وَذَكَرَ لَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا اَنَّهَا سَتَكُونُ فِتْنَةٌ فَلَمْ يَسْمَعْهُ كَثِيرٌ مِنَ النَّاسِ، فَقَالَ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ: اَلَا تَسْمَعُونَ مَا يَقُولُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالُوا: مَا قَالَ؟ قَالَ: اِنَّهَا سَتَكُونُ فِتْنَةٌ . فَقَالُوا: فَكَيْفَ لَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ وَكَيْفَ نَصْنَعُ؟ قَالَ: تَرْجِعُونَ اِلَى اَمْرِكُمُ الْاَوَّلِ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک دن ان کو یاد دلایا کہ عنقریب فتنے ہوں گے' بہت زیادہ لوگوں نے نہیں سنا۔ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا تم نے سنا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا فرمایا ہے؟ اُنہوں نے کہا: کیا فرمایا ہے؟ حضرت معاذ نے فرمایا کہ آپ نے فرمایا: عنقریب فتنے ہوں گے' اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہمارے لیے کیا حکم ہے' ہم کیا کریں گے؟ آپ نے فرمایا: تم اپنے پہلے حکم کی طرف لوٹ جاؤ گے۔

## اَبُو مُرَّةَ مَوْلَى عَقِيلِ بْنِ اَبِي طَالِبٍ عَنْ اَبِي وَاقِدٍ

## حضرت عقیل بن ابوطالب کے غالم ابومرہ' حضرت ابوواقد سے روایت کرتے ہیں

3233 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ اَنَّ اَبَا مُرَّةَ مَوْلَى عَقِيلٍ اَخْبَرَهُ عَنْ اَبِي وَاقِدٍ اللَّيْثِيِّ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَمَا هُوَ جَالِسٌ فِي الْمَسْجِدِ وَالنَّاسُ مَعَهُ، اِذْ اَقْبَلَ نَفَرٌ ثَلَاثَةٌ، فَاَقْبَلَ اثْنَانِ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَهَبَ وَاحِدٌ، قَالَ: فَوَقَفَا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَمَّا اَحَدُهُمَا فَرَاَى فُرْجَةً فِي

حضرت ابوواقد لیثی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجد میں تشریف فرما تھے' لوگ آپ کے ساتھ تھے' اچانک تین آدمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے' ایک چلا گیا' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے کھڑے ہوئے' ان میں سے ایک نے حلقے میں جگہ دیکھی تو اس میں بیٹھ گیا' دوسرا ان کے پیچھے بیٹھ گیا' تیسرا چلا گیا' جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم گفتگو کر کے فارغ ہوئے تو آپ نے فرمایا: ان تین کے متعلق بتاؤں! ان میں سے ایک



3233- أخرجه مسلم فى صحيحه جلد 4 صفحه 1713 رقم الحديث: 2176' والبخارى فى صحيحه جلد 1 صفحه 36 رقم الحديث: 66 كلاهما عن اسحاق بن عبد الله بن أبى طلحة عن أبى مرة مولى عقيل بن أبى طالب عن أبى واقد الليثى به .

الْحَلْقَةِ فَجَلَسَ فِيهَا، وَاَمَّا الْآخَرُ فَجَلَسَ خَلْفَهُمْ، وَاَمَّا الثَّالِثُ فَاَدْبَرَ ذَاهِبًا، فَلَمَّا فَرَغَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلَا اُخْبِرُكُمْ عَنِ النَّفَرِ الثَّلَاثَةِ؟ اَمَّا اَحَدُهُمْ فَاَوَى اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فَآوَاهُ اللّٰهُ، وَاَمَّا الْآخَرُ فَاسْتَحْيَى فَاسْتَحْيَى اللّٰهُ مِنْهُ، وَاَمَّا الْآخَرُ فَاَعْرَضَ فَاَعْرَضَ اللّٰهُ عَنْهُ

اللہ کی طرف رجوع کر کے آیا تو اللہ نے اسے پناہ دی‘ دوسرے نے حیاء کی تو اللہ نے اس کا لحاظ کیا‘ تیسرے نے اعراض کیا تو اللہ عزوجل نے اس سے اعراض کیا۔

**3234** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ الْمُنْذِرِ الْقَزَّازُ، ثنا مُوسَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ، ثنا اَبَانُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ، عَنْ مَوْلَاهُ اَبِي وَاقِدٍ اللَّيْثِيِّ، قَالَ: بَيْنَا نَحْنُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَلْقَةٍ اِذْ جَاءَ ثَلَاثَةُ نَفَرٍ، فَاَمَّا رَجُلٌ فَوَجَدَ فُرْجَةً فِي الْحَلْقَةِ فَقَعَدَ فِيهَا، وَاَمَّا الْآخَرُ فَقَعَدَ خَلْفَ الْحَلْقَةِ، وَاَمَّا رَجُلٌ آخَرُ فَمَضَى، فَقَالَ: رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَا اُخْبِرُكُمْ عَنِ الثَّلَاثَةِ؟ اَمَّا الَّذِي جَلَسَ فِي الْحَلْقَةِ فَرَجُلٌ اَوَى فَآوَاهُ اللّٰهُ، وَاَمَّا الَّذِي جَلَسَ خَلْفَ الْحَلْقَةِ فَرَجُلٌ اسْتَحْيَى فَاسْتَحْيَى اللّٰهُ مِنْهُ، وَاَمَّا الَّذِي اَعْرَضَ فَاَعْرَضَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ابوواقد لیثی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ مسجد میں تشریف فرما تھے‘ لوگ آپ کے ساتھ تھے‘ اچانک تین آدمی رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے‘ ایک چلا گیا‘ رسول اللہ ﷺ کے سامنے کھڑے ہوئے‘ ان میں سے ایک نے حلقے میں جگہ دیکھی تو اس میں بیٹھ گیا‘ دوسرا ان کے پیچھے بیٹھ گیا‘ تیسرا چلا گیا‘ جب رسول اللہ ﷺ گفتگو کر کے فارغ ہوئے تو آپ نے فرمایا: ان تین کے متعلق بتاؤں! ان میں سے ایک اللہ کی طرف رجوع کر کے آیا تو اللہ نے اسے پناہ دی‘ دوسرے نے حیاء کی تو اللہ نے اس کا لحاظ کیا‘ تیسرے نے اعراض کیا تو اللہ عزوجل نے اس سے اعراض کیا۔

## نَافِعُ بْنُ سَرْجِسَ عَنْ اَبِي وَاقِدٍ

## حضرت نافع بن سرجس‘ حضرت ابوواقد سے روایت کرتے ہیں

**3235** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، اَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ سَرْجِسَ،

حضرت نافع بن سرجس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم حضرت ابوواقد لیثی رضی اللہ عنہ کی عیادت کرنے کے لیے آئے اُس بیماری میں جس میں آپ نے

قَالَ: عُدْنَا اَبَا وَاقِدٍ اللَّيْثِيَّ فِي وَجَعِهِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ، فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخَفَّ النَّاسِ صَلَاةً عَلَى النَّاسِ، وَاَطْوَلَ النَّاسِ صَلَاةً لِنَفْسِهِ

وصال فرمایا' میں نے آپ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ ﷺ لوگوں کو مختصر نماز پڑھاتے اور جب اکیلے پڑھتے تو لمبی قرأت کرتے۔



3236 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، اَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، حَدَّثَنِي نَافِعُ بْنُ سَرْجِسَ اَنَّهُ دَخَلَ عَلَى اَبِي وَاقِدٍ اللَّيْثِيِّ فِي مَرَضِهِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ فَقَالَ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اَخَفَّ النَّاسِ صَلَاةً عَلَى النَّاسِ، وَاَدْوَمَهُ لِنَفْسِهِ

حضرت نافع بن سرجس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابوواقد لیثی رضی اللہ عنہ کے پاس اُس مرض میں آیا جس میں آپ نے وصال فرمایا' آپ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ جب لوگوں کی جماعت کرواتے تو مختصر کرواتے اور جب خود پڑھتے تو لمبی کرتے۔

3237 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ عَمْرٍو الْعُكْبَرِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ الرَّبِيعِ الْكُوفِيُّ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْعَطَّارُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، حَدَّثَنِي نَافِعُ بْنُ سَرْجِسَ اَنَّهُ دَخَلَ عَلَى اَبِي وَاقِدٍ اللَّيْثِيِّ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَخَفِّ النَّاسِ صَلَاةً لِلنَّاسِ، وَاَطْوَلِ النَّاسِ صَلَاةً لِنَفْسِهِ

حضرت نافع بن سرجس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابوواقد لیثی رضی اللہ عنہ کے پاس اُس مرض میں آیا جس میں آپ نے وصال فرمایا' آپ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ جب لوگوں کی جماعت کرواتے تو مختصر کرواتے اور جب خود پڑھتے تو لمبی کرتے۔

3238 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ سَرْجِسَ، عَنْ اَبِي وَاقِدٍ اللَّيْثِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اَخَفَّ النَّاسِ صَلَاةً لِلنَّاسِ، وَاَطْوَلَ النَّاسِ صَلَاةً لِنَفْسِهِ

حضرت نافع بن سرجس رضی اللہ عنہما فر کہ میں حضرت ابوواقد لیثی رضی اللہ عنہ کے مرض میں آیا جس میں آپ نے وصال فرمایا' فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ جب لوگوں کی . کرواتے تو مختصر کرواتے اور جب خود پڑھتے تو کرتے۔

3239 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، ثنا

حضرت نافع بن سرجس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں

سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ، ثنا وُهَيْبٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ سَرْجِسَ، عَنْ اَبِی وَاقِدٍ اللَّيْثِيِّ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخَفَّ النَّاسِ صَلَاةً بِالنَّاسِ، وَاَدْوَمَهَا لِنَفْسِهِ

کہ میں حضرت ابوواقد لیثی رضی اللہ عنہ کے پاس اُس مرض میں آیا جس میں آپ نے وصال فرمایا' آپ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ جب لوگوں کی جماعت کرواتے تو مختصر کرواتے اور جب خود پڑھتے تو لمبی کرتے۔

## اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ مُسْلِمُ بْنُ مِشْكَمٍ عَنْ اَبِی وَاقِدٍ

## حضرت ابوعبداللہ مسلم بن مشکم' حضرت ابوواقد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**3240** - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ، اَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا الْاَوْزَاعِيُّ، عَنْ حَسَّانَ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ مَرْثَدٍ اَوْ اَبِی مَرْثَدٍ، عَنْ اَبِی وَاقِدٍ اللَّيْثِيِّ اَنَّهُمْ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّا بِاَرْضٍ يُصِيبُنَا بِهَا مَخْمَصَةٌ، فَمَا يَحِلُّ لَنَا مِنَ الْمَيْتَةِ؟ قَالَ: اِذَا لَمْ تَغْتَبِقُوا وَلَمْ تَصْطَبِحُوا وَلَمْ تَحْتَفِئُوا بَقْلًا فَشَاْنُكُمْ بِهَا

حضرت ابوواقد لیثی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم اس ملک میں رہتے ہیں جہاں ہمیں بھوک لگتی ہے' مردار سے ہمارے لیے کیا حلال ہے؟ آپ نے فرمایا: جب تم شراب نہیں پیتے ہو اور نہ صبح کی شراب پیتے ہو اور نہ ہی سبزیوں کو جڑوں سے اکھیڑتے ہو تو تمہارا کام اسی سے ہے' یعنی جائز ہے۔

**3241** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، وَاَحْمَدُ بْنُ النَّضْرِ الْعَسْكَرِيُّ، قَالَا: ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ صُبْحٍ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ كَثِيرٍ الْقُرَشِيُّ، ثنا الْاَوْزَاعِيُّ، حَدَّثَنَا حَسَّانُ بْنُ عَطِيَّةَ، حَدَّثَنِي مُسْلِمٌ، عَنْ اَبِی وَاقِدٍ اللَّيْثِيِّ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّا بِاَرْضٍ تُصِيبُنَا الْمَخْمَصَةُ، فَمَاذَا يَصْلُحُ لَنَا مِنَ الْمَيْتَةِ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت ابوواقد لیثی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم اس ملک میں رہتے ہیں جہاں ہمیں بھوک لگتی ہے' مردار میں سے ہمارے لیے کیا حلال ہے؟ آپ نے فرمایا: جب تم صبح وشام کی شراب نہیں پیتے ہو اور بردی کھجور سے نہیں اکھیڑے ہو تو تمہارے لیے جائز ہے۔

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا لَمْ تَصْطَبِحُوا وَلَمْ تَغْتَبِقُوا وَلَمْ تَحْتَفِئُوا فَشَأْنُكُمْ بِهَا .

هٰكَذَا رَوَاهُ الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ حَسَّانَ، عَنْ مَرْثَدٍ أَوْ أَبِي مَرْثَدٍ، وَهُوَ وَهْمٌ، وَالصَّوَابُ مَا رَوَاهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ كَثِيرٍ الْقَارِيُّ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ

ولید بن مسلم نے اسے اوزاعی سے روایت کیا' وہ حسان سے' وہ مرثد سے' یا شاید ابومرثد سے' یہ وہم ہے' بہتر وہ ہے جو عبداللہ بن کثیر القاری' حضرت اوزاعی سے روایت کرتے ہیں۔



## عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ أَبِي وَاقِدٍ عَنْ أَبِيهِ

## حضرت عبدالملک بن ابوواقد' اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

3242 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ زُبَالَةَ الْمَخْزُومِيُّ، ثنا هَارُونُ بْنُ يَحْيَى بْنِ هَارُونَ بْنِ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَاطِبٍ، ثنا الْحَارِثُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي وَاقِدٍ اللَّيْثِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ أَبِي وَاقِدٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنِ اخْتَلَفَ إِلَى هَذِهِ الصَّلَاةِ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ

حضرت ابوواقد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو آدمی اس نماز کی طرف آتا جاتا رہا' اس کے پہلے تمام گناہ صغیرہ معاف کر دیئے گئے۔

## وَاقِدُ بْنُ أَبِي وَاقِدٍ عَنْ أَبِيهِ

## واقد بن ابوواقد' اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

3243 - حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ حَمْزَةَ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنَا أَبِي، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ وَاقِدِ بْنِ أَبِي وَاقِدٍ،

حضرت ابوواقد لیثی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی ازواج سے حجۃ الوداع کے موقع پر فرمایا: یہ ہے پھر حصر کا ظہور ہے۔

عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِنِسَائِهِ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ: هٰذِهِ، ثُمَّ ظُهُورَ الْحُصُرِ

## الْحَارِثُ بْنُ عَدِيِّ بْنِ مَالِكٍ الْاَنْصَارِيُّ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْجِسْرِ سَنَةَ خَمْسَ عَشْرَةَ

## حارث بن عدی بن مالک انصاری جسر کے دن 15 ہجری میں شہید ہوگئے

3244 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْجِسْرِ سَنَةَ خَمْسَ عَشْرَةَ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي مُعَاوِيَةَ: الْحَارِثُ بْنُ عَدِيِّ بْنِ مَالِكٍ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ جسر کے دن جو انصار اور بنی معاویہ سے 15 ہجری کو شہید کیے گئے ان میں حارث بن عدی بن مالک بھی ہیں۔

## الْحَارِثُ بْنُ مَسْعُودِ بْنِ عَبْدِ بْنِ مُظَاهِرٍ

## حضرت حارث بن مسعود بن عبد بن مظاہر رضی اللہ عنہ

3245 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْجِسْرِ سَنَةَ خَمْسَ عَشْرَةَ: الْحَارِثُ بْنُ مَسْعُودِ بْنِ عَبْدِ بْنِ مُظَاهِرٍ

حضرت ابن شہاب سے روایت ہے کہ جسر کے دن 15 ہجری کو جو شہید کیے گئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت حارث بن مسعود بن عبد بن مظاہر بھی ہیں۔

3246 - حَدَّثَنَا اَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ

حضرت محمد بن اسحاق فرماتے ہیں کہ جسر کے دن انصار اور بنی معاویہ میں سے جو شہید کیے گئے اُن کے

اِسْحَاقَ، فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْجِسْرِ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي مُعَاوِيَةَ: اَلْحَارِثُ بْنُ مَسْعُودِ بْنِ عَبْدِ بْنِ مُظَاهِرٍ

ناموں میں سے ایک نام حضرت حارث بن مسعود بن عبد بن بن ظاہر بھی ہیں۔

## اَلْحَارِثُ بْنُ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ الْاَنْصَارِيُّ، بَدْرِيٌّ

## حضرت حارث بن انس بن مالک انصاری بدری رضی اللہ عنہ

3247 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَنْصَارِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي النَّبِيتِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَبْدِ الْاَشْهَلِ: اَلْحَارِثُ بْنُ اَنَسِ بْنِ مَالِكِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ كَعْبٍ

حضرت ابن شہاب سے روایت ہے کہ انصار اور بنی لیث اور بنی عبدالاشہل میں سے جو بدر میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام حارث بن انس بن مالک بن عبید بن کعب کا بھی ہے۔

## اَلْحَارِثُ بْنُ اَوْسٍ الْاَنْصَارِيُّ، بَدْرِيٌّ

## حضرت حارث بن اوس انصاری بدری رضی اللہ عنہ

3248 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ مِنْ بَنِي النَّبِيتِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَبْدِ الْاَشْهَلِ: اَلْحَارِثُ بْنُ اَوْسٍ

حضرت ابن شہاب سے روایت ہے کہ بنی نبیت میں سے انصار اور بنی عبدالاشہل میں سے جو بدر میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام حارث بن اوس رضی اللہ عنہما کا بھی ہے۔

## اَلْحَارِثُ بْنُ حَسَّانَ الْبَكْرِيُّ

## حضرت حارث بن حسان البکری رضی اللہ عنہ

3249 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت سماک بن حرب فرماتے ہیں کہ حضرت

الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ الْاَزْهَرِ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، قَالَ: تَزَوَّجَ الْحَارِثُ بْنُ حَسَّانَ- وَكَانَتْ لَهُ صُحْبَةٌ - وَكَانَ الرَّجُلُ اِذْ ذَاكَ اِذَا تَزَوَّجَ تَخَدَّرَ اَيَّامًا، فَلَا يَخْرُجُ لِصَلَاةِ الْغَدَاةِ، فَقِيلَ لَهُ: اتَخْرُجُ وَاِنَّمَا بَنَيْتَ بِاَهْلِكَ فِي هَذِهِ اللَّيْلَةِ؟ قَالَ: وَاللّٰهِ اِنَّ امْرَاَةً تَمْنَعُنِي مِنْ صَلَاةِ الْغَدَاةِ فِي جَمِيعٍ لَامْرَاَةُ سَوْءٍ

**3250** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ الْحَضْرَمِيُّ، اَنَا سَلَّامٌ اَبُو الْمُنْذِرِ الْقَارِئُ، ثنا عَاصِمُ ابْنُ بَهْدَلَةَ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ حَسَّانَ، قَالَ: مَرَرْتُ بِعَجُوزٍ بِالرَّبَذَةِ مُنْقَطَعٌ بِهَا فِي بَنِي تَمِيمٍ، فَقَالَتْ: اَيْنَ تُرِيدُونَ؟ قُلْنَا: نُرِيدُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. قَالَتْ: فَاحْمِلُونِي مَعَكُمْ، فَاِنَّ لِي اِلَيْهِ حَاجَةً. قَالَ: فَدَخَلْتُ الْمَسْجِدَ وَالْمَسْجِدُ غَاصٌّ بِالنَّاسِ، وَاِذَا رَايَةٌ سَوْدَاءُ تَخْفِقُ، وَبِلَالٌ مُتَقَلِّدٌ بِالسَّيْفِ قَائِمٌ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَعَدْتُ فِي الْمَسْجِدِ، فَلَمَّا دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَذِنَ لِي فَدَخَلْتُ، فَقَالَ: هَلْ كَانَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ تَمِيمٍ شَيْءٌ؟ قُلْتُ: نَعَمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَكَانَتْ لَنَا الدَّبْرَةُ عَلَيْهِمْ، وَقَدْ مَرَرْتُ عَلَى عَجُوزٍ مِنْهُمْ بِالرَّبَذَةِ مُنْقَطَعٌ بِهَا، فَقَالَتْ: اِنَّ لِي اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَاجَةً، فَحَمَلْتُهَا، وَهَا هِيَ تِلْكَ بِالْبَابِ. قَالَ: فَاَذِنَ لَهَا

حارث بن حسان نے شادی کی' یہ صحابی ہیں' اُس وقت یہ رواج تھا کہ جب شادی ہوتی تو وہ چند دن پردے میں رہتا' وہ صبح کی نماز کے لیے نہ نکلتا' آپ سے کہا گیا: کیا آپ نہیں نکلے' آج رات آپ نے اپنی بیوی سے جماع کیا ہے؟ اُنہوں نے کہا: اللہ کی قسم! بیوی مجھے صبح کی نماز کے لیے روکتی ہے' تمام میں ضروری بہ ضروری بُری عورت ہے' عورتوں میں بُرائی ہے۔

حضرت حارث بن حسان فرماتے ہیں: میں ایک بوڑھی عورت کے پاس سے گزرا جو ربذہ کے مقام پر بنی تمیم میں الگ تھلگ موجود تھی' پس اس نے کہا: تم کہاں جارہے ہو؟ ہم نے کہا: ہم اللہ کے رسول کی بارگاہ میں جانا چاہتے ہیں' اس نے کہا: مجھے بھی اپنے ساتھ لے چلو کیونکہ مجھے آپ سے کام ہے۔ حضرت حارث فرماتے ہیں: میں مسجد میں داخل ہوا جبکہ مسجد لوگوں سے بھری ہوئی تھی ایک سیاہ رنگ کا جھنڈا پھڑ پھڑا رہا تھا۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ گلے میں تلوار لٹکائے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے کھڑے تھے۔ میں مسجد میں بیٹھ گیا' پس جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے تو مجھے اجازت دی تو میں بھی محفل میں داخل ہوا' آپ نے فرمایا: کیا تمہارے اور بنی تمیم کے درمیان کوئی تعلق ہے۔ میں نے کہا: ہاں! یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! پس ہمیں اُن پر فتح حاصل ہے' میں ایک بوڑھی عورت کے پاس سے گزرا جو انہی میں سے تھی لیکن وہ ربذہ کے مقام پر الگ تھلگ موجود تھی تو اُس نے کہا: مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کام ہے' میں نے

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَخَلَتْ، فَلَمَّا قَعَدَتْ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنْ رَأَيْتَ أَنْ تَجْعَلَ الدَّهْنَاءَ بَيْنَنَا وَبَيْنَ تَمِيمٍ فَافْعَلْ، فَإِنَّهَا كَانَتْ لَنَا مَرَّةً. قَالَ: فَاسْتَوْفَزَتِ الْعَجُوزُ وَأَخَذَتْهَا الْحَمِيَّةُ، وَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَأَيْنَ تَضْطَرُّ مُضَرَكَ؟ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَنَا وَاللّٰهِ كَمَا قَالَ الْأَوَّلُ: بَكْرٌ حَمَلَتْ حَتْفًا، حَمَلْتُ هَذِهِ وَلَا أَشْعُرُ أَنَّهَا كَائِنَةٌ لِي خَصْمًا، أَعُوذُ بِاللّٰهِ وَبِرَسُولِ اللّٰهِ أَنْ أَكُونَ كَوَافِدِ عَادٍ. قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَمَا وَافِدُ عَادٍ؟ قَالَ: قُلْتُ: عَلَى الْخَبِيرِ سَقَطْتَ. قَالَ: فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّهُ لَيَسْتَطْعِمُنِي الْحَدِيثَ. وَقَالَ عَفَّانُ: أَعُوذُ بِاللّٰهِ أَنْ أَكُونَ كَمَا قَالَ الْأَوَّلُ. قَالَ: وَمَا قَالَ الْأَوَّلُ؟ قَالَ: عَلَى الْخَبِيرِ سَقَطْتَ. قَالَ: هِيهِ يَسْتَطْعِمُهُ الْحَدِيثَ. فَقَالَ: إِنَّ عَادًا قَحَطُوا، فَبَعَثُوا وَافِدَهُمْ قَيْلًا، فَنَزَلَ عَلَى مُعَاوِيَةَ بْنِ بَكْرٍ شَهْرًا يَسْقِيهِ الْخَمْرَ وَتُغَنِّيهِ الْجَرَادَتَانِ- قَالَ سَلَّامٌ: يَعْنِي الْقَيْنَتَيْنِ- قَالَ: ثُمَّ مَضَى حَتَّى أَتَى جِبَالَ مَهْرَةَ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ إِنَّكَ تَعْلَمُ أَنِّي لَمْ آتِ لِأَسِيرٍ فَأُفَادِيَهُ، وَلَا لِمَرِيضٍ فَأُدَاوِيَهُ، فَاسْقِ عَبْدَكَ مَا أَنْتَ مُسْقِيهِ وَاسْقِ مَعَهُ مُعَاوِيَةَ بْنَ بَكْرٍ شَهْرًا، يَشْكُرُ لَهُ الْخَمْرَ الَّتِي شَرِبَهَا عِنْدَهُ. قَالَ: فَمَرَّتْ سَحَابَاتٌ سُودٌ، فَنُودِيَ مِنْهَا: تَخَيَّرِ السَّحَابَ، وَقَالَ: إِنَّ هَذِهِ لَسَحَابَةٌ سَوْدَاءُ. قَالَ: فَنُودِيَ مِنْهَا أَنْ خُذْهَا رَمَادًا رِمْدِدًا لَا تَدَعُ مِنْ عَادٍ

اُسے سوار کرلیا' اب وہ دروازے کے پاس موجود ہے' آپ نے فرمایا: اسے اندر آنے کی اجازت دو' پس وہ اندر آئی تو بیٹھ گئی۔ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! اگر آپ بہتر سمجھتے ہیں تو ہمارے اور ان کے درمیان صحراء بنائیں تو آپ ایسا کریں کیونکہ وہ ہمارے ہیں' وہ بوڑھی ایسے بیٹھ گئی جیسے ابھی اُٹھنے والی ہے اور اسے غیرت آئی اور کہا: اے اللہ کے رسول! آپ بنومضر کو کہاں بے چین کریں گے؟ راوی کہتے ہیں: میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! قسم بخدا! جس طرح پہلے نے کہا: میں جوان ہوں' موت کو اس نے اُٹھایا' میں نے اس کو سوار کیا لیکن مجھے احساس تک نہ ہوا کہ میرے مدمقابل ہوگی' میں اللہ اور اس کے رسول کی پناہ چاہتا ہوں کہ عاد کے وفد کی طرح بنوں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: عاد کا وفد کیا ہے؟ میں نے کہا: خبر رکھنے والے پر آپ نے بات ڈالی ہے' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک یہ مجھے نئی بات بتاتا ہے' اور عفان نے کہا: میں اللہ کی پناہ چاہتا ہوں کہ میں اس طرح بنوں جس طرح پہلے نے کہا۔ آپ نے فرمایا: پہلے نے کیا کہا؟ تو اس نے کہا: بات تو نے خبر رکھنے والے پر ڈالی' آپ نے فرمایا: ٹھیک ہے! یہ بھی اسے نئی بات بتاتا ہے' پس کہا: عاد میں قحط پڑ گیا قیل کا وفد بنا کر بھیجا' پس وہ معاویہ بن بکر کے پاس ایک ماہ ٹھہرے رہے جو اسے شراب پلاتا اور دو لونڈیاں اسے گانے سناتیں۔ سلام نے کہا: یعنی دو لونڈیاں مراد ہیں۔ راوی نے کہا: پھر

الحارث بن حسان البكرى

اَحَدًا۔ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَبَلَغَنِي اَنَّهُ لَمْ يُرْسَلْ عَلَيْهِمْ مِنَ الرِّيحِ اِلَّا كَقَدْرِ مَا يُرَى فِي الْخَاتَمِ۔ قَالَ اَبُو وَائِلٍ: وَكَذٰلِكَ بَلَغَنَا

وہاں سے چل کر مہرہ کے پہاڑ پر آیا اور دعا کرنے لگا: اے اللہ! تُو جانتا ہے کہ میں کسی قیدی کے لیے نہیں آیا کہ میں اس کا فدیہ دوں نہ کسی مریض کے لیے آیا ہوں کہ اسے دوا دوں' پس تو اپنے بندے کو سیراب فرما جب تک تُو سیراب فرمانے والا ہے اور اس کے ساتھ معاویہ بن بکر کو بھی سیراب کرتا کہ اس کی شراب پلانے کا شکر ادا ہو جائے' پس اس کے پاس سے سیاہ بال گزرے جن میں سے صدا آئی: بادل کا انتخاب کرو! اس نے کہا: یہ تو کالے بادل ہیں' پس اس میں نداء آئی کہ اس کو راکھ کے ساتھ پکڑ لو' عاد میں سے کسی کو بھی نہ چھوڑ' میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ ان پر جو آندھی بھیجی گئی وہ انگوٹھی میں نگ کی مقدار تھی۔ ابووائل نے کہا: اور اسی طرح ہمیں بھی خبر پہنچی ہے۔

**3251** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سَلَّامٍ اَبِي الْمُنْذِرِ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ حَسَّانَ، قَالَ: قَدِمْتُ الْمَدِينَةَ فَرَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ وَبِلَالٌ مُتَقَلِّدُ السَّيْفَ وَرَايَاتٌ سُودٌ مَرْكُوزَةٌ، بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ

حضرت حارث بن حسان رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں مدینہ آیا' میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خطبہ دیتے ہوئے دیکھا' حضرت بلال کو تلوار گلے میں لٹکائے ہوئے دیکھا جبکہ کالے جھنڈے گڑھے ہوئے تھے' دیکھا تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عمرو بن عاص کو بھیجا۔

**3252** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ وَعَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، قَالَا: ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَسَنِ التَّغْلِبِيُّ، وَالْعَلَاءُ بْنُ عَمْرٍو الْحَنَفِيُّ قَالُوا: ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ

حضرت حارث بن حسان رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں مدینہ آیا تو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو منبر پر کھڑے ہوئے دیکھا' حضرت بلال رضی اللہ عنہ آپ

عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ حَسَّانَ، قَالَ: قَدِمْتُ الْمَدِينَةَ فَرَايَتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمًا عَلَى الْمِنبَرِ وَبِلَالٌ قَائِمٌ بَيْنَ يَدَيْهِ مُتَقَلِّدًا سَيْفًا، وَإِذَا رَايَاتٌ سُودٌ، فَقُلْتُ: مَا هَذِهِ؟ قَالُوا: عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ قَدِمَ مِنْ غَزَاةٍ

کے آگے تلوار لٹکائے کھڑے تھے‘ میں نے کالے جھنڈوں دیکھا‘ میں نے کہا: یہ کیا ہے؟ اُنہوں نے کہا: عمرو بن عاص جنگ سے آئے ہیں۔

**3253** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلَ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، ثنا عَاصِمُ بْنُ اَبِي النَّجُودِ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ حَسَّانَ الْبَكْرِيِّ، قَالَ: قَدِمْنَا الْمَدِينَةَ، فَإِذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنبَرِ وَبِلَالٌ قَائِمٌ بَيْنَ يَدَيْهِ مُتَقَلِّدٌ السَّيْفَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِذَا رَايَاتٌ سُودٌ، فَقُلْتُ: مَا هَذِهِ الرَّايَاتُ؟ قَالُوا: عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ قَدِمَ مِنْ غَزَاةٍ

حضرت حارث بن حسان رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں مدینہ آیا تو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو منبر پر کھڑے ہوئے دیکھا‘ حضرت بلال رضی اللہ عنہ آپ کے آگے تلوار لٹکائے کھڑے تھے‘ میں نے کالے جھنڈوں کو دیکھا‘ میں نے کہا: یہ کیا ہے؟ اُنہوں نے کہا: عمرو بن عاص جنگ سے آئے ہیں۔

**3254** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ رَاهَوَيْهِ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، ثنا عَاصِمُ بْنُ اَبِي النَّجُودِ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ حَسَّانَ الْبَكْرِيِّ، قَالَ: قَدِمْنَا الْمَدِينَةَ، فَإِذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنبَرِ وَبِلَالٌ قَائِمٌ بَيْنَ يَدَيْهِ مُتَقَلِّدًا بِالسَّيْفِ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِذَا رَايَاتٌ سُودٌ، وَسَاَلْتُ: مَا هَذِهِ الرَّايَاتُ؟ فَقَالَ: عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ قَدِمَ مِنْ غَزَاةٍ

حضرت حارث بن حسان رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں مدینہ آیا تو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو منبر پر کھڑے ہوئے دیکھا‘ حضرت بلال رضی اللہ عنہ آپ کے آگے تلوار لٹکائے کھڑے تھے‘ میں نے کالا جھنڈا دیکھا‘ میں نے کہا: یہ کیا ہے؟ اُنہوں نے کہا: عمرو بن عاص جنگ سے آئے ہیں۔



## الْحَارِثُ بْنُ مَالِكٍ

## حضرت حارث بن مالک بن

## بْنِ بَرْصَاءَ اللَّيْثِيُّ

## برصاء لیثی رضی اللہ عنہ

وَهُوَ الْحَارِثُ بْنُ مَالِكِ بْنِ قَيْسِ بْنِ عُوَيْذِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ مَنَاةَ بْنِ شُجَعَ بْنِ عَامِرِ بْنِ لَيْثِ بْنِ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ مَنَاةَ بْنِ كِنَانَةَ

یہ حدیث بن مالک بن قیس بن عویذ بن عبداللہ بن جابر بن عبدمناۃ بن شجع بن عامر بن لیث بن بکر بن عبدمناۃ بن کنانہ ہیں۔

**3255** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الرِّيَاحِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثنا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أُمَيَّةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ عَطَاءِ بْنِ أَبِي خُوَارٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ الْبَرْصَاءِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَمْشِي بَيْنَ جَمْرَتَيْنِ مِنَ الْجِمَارِ وَهُوَ يَقُولُ: مَنْ أَخَذَ شَيْئًا مِنْ مَالِ امْرِءٍ مُسْلِمٍ بِيَمِينٍ فَاجِرَةٍ فَلْيَتَبَوَّأْ بَيْتًا فِي النَّارِ

حضرت حارث بن برصاء رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ جمرات میں سے دو جمروں کے درمیان چل رہے تھے' آپ فرما رہے تھے: جس نے جھوٹی قسم سے کسی مسلمان کا مال لیا' اُسے چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنائے۔

**3256** - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أُمَيَّةَ، عَنِ ابْنِ أَبِي الْخُوَارِ، مَوْلَى لِبَنِي عَامِرٍ قَالَ: سَمِعْتُ الْحَارِثَ بْنَ الْبَرْصَاءِ وَهُوَ فِي الْمَوْسِمِ يُنَادِي فِي النَّاسِ - قَالَ سُفْيَانُ: لَا أَعْلَمُهُ إِلَّا قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ أَحَدٍ يَحْلِفُ عَلَى يَمِينٍ كَاذِبَةٍ لِيَقْتَطِعَ بِهَا حَقَّ امْرِءٍ مُسْلِمٍ إِلَّا لَقِيَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ .

حضرت سفیان مرفوعاً بیان کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو کسی مسلمان کا مال جھوٹی قسم اُٹھا کر لے لیتا ہے تو وہ اللہ عزوجل سے اس حالت میں ملے گا کہ اللہ اس سے ناراض ہوگا۔

حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْرٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أُمَيَّةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ عَطَاءِ بْنِ أَبِي الْخُوَارِ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ مَالِكِ بْنِ بَرْصَاءَ،

حضرت حارث بن مالک بن برصاء' حضور ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

**3257** - حَدَّثَنَا اِدْرِيسُ بْنُ جَعْفَرٍ الْعَطَّارُ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ اَبِي زَائِدَةَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَارِثَ بْنَ مَالِكِ بْنِ الْبَرْصَاءِ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ: لَا تُغْزَى بَعْدَهَا اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

حضرت حارث بن مالک بن برصاء رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فتح مکہ کے دن فرماتے ہوئے سنا: آج کے بعد قیامت کے دن تک کبھی بھی مکہ پر حملہ نہیں کیا جائے گا۔

**3258** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ، ثنا اَبِي، عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ مَالِكِ بْنِ الْبَرْصَاءِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ يَقُولُ: لَا تُغْزَى بَعْدَهَا اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

حضرت حارث بن مالک بن برصاء رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فتح مکہ کے دن فرماتے ہوئے سنا: آج کے بعد قیامت کے دن تک کبھی بھی مکہ پر حملہ نہیں کیا جائے گا۔

**3259** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، وَوَكِيعُ بْنُ الْجَرَّاحِ، عَنْ زَكَرِيَّا، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ مَالِكِ بْنِ بَرْصَاءَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ: لَا تُغْزَى بَعْدَ هٰذَا الْيَوْمِ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ.

حضرت حارث بن مالک بن برصاء رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فتح مکہ کے دن فرماتے ہوئے سنا: آج کے بعد قیامت کے دن تک کبھی بھی مکہ پر حملہ نہیں کیا جائے گا۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا اَبُو اُسَامَةَ، ثنا زَكَرِيَّا، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ.

حضرت حارث بن مالک، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ رَاهَوَيْهِ، ثنا اَبِي،

حضرت حارث بن مالک، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسی

ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ، وَاَسْبَاطُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زَكَرِيَّا، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

کی مثل روایت کرتے ہیں۔

**3260** - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا زَكَرِيَّا، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ يَقُولُ: لَا تُغْزَى بَعْدَ هَذَا الْيَوْمِ اَبَدًا. قَالَ سُفْيَانُ: تَفْسِيرُهُ: عَلَى الْكُفْرِ

حضرت حارث بن مالک بن برصاء رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فتح مکہ کے دن فرماتے ہوئے سنا: آج کے بعد قیامت کے دن تک کبھی بھی مکہ پر حملہ نہیں کیا جائے گا۔ حضرت سفیان اس حدیث کی تفسیر کرتے ہیں کہ اس سے مراد یہ ہے کہ کفر کی بناء پر۔

# الْحَارِثُ بْنُ هِشَامٍ الْمَخْزُومِيُّ

# حضرت حارث بن ہشام المخزومی رضی اللہ عنہ

اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْيَرْمُوكِ سَنَةَ خَمْسَ عَشْرَةَ، وَهُوَ الْحَارِثُ بْنُ هِشَامِ بْنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ مَخْزُومٍ، يُكْنَى اَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَاُمُّهُ اَسْمَاءُ بِنْتُ مَخْرَمَةَ بْنِ جَنْدَلِ بْنِ اَمِيرِ بْنِ نَهْشَلِ بْنِ دَارِمِ بْنِ مَالِكِ بْنِ حَنْظَلَةَ بْنِ مَالِكِ بْنِ زَيْدِ مَنَاةَ بْنِ تَمِيمٍ، اَسْلَمَ يَوْمَ الْفَتْحِ، وَكَانَ مِنَ الْمُؤَلَّفَةِ، وَتُوُفِّيَ سَنَةَ ثَمَانِ عَشْرَةَ بِالشَّامِ

یرموک کے دن 15 ہجری میں شہید کیے گئے' وہ حارث بن ہشام بن مغیرہ بن عبداللہ بن عمر بن مخزوم ہیں' آپ کی کنیت ابوعبدالرحمٰن ہے' آپ کی والدہ اسماء بنت مخرمہ بن جندل بن امیر بن نہشل بن دارم بن مالک بن حنظلہ بن مالک بن زید مناۃ بن تمیم ہیں' فتح مکہ کے دن اسلام لائے تھے' مؤلفۃ القلوب میں شامل ہیں (یعنی جن کے دلوں میں اسلام کی محبت ڈالنے کے لیے مال دیا جاتا تھا) 18 ہجری کو شام میں فوت ہوئے تھے۔

**3261** - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: تُوُفِّيَ الْحَارِثُ بْنُ هِشَامٍ بِالشَّامِ سَنَةَ ثَمَانِ عَشْرَةَ

حضرت یحییٰ بن بکیر فرماتے ہیں کہ حارث بن ہشام' شام میں 18 ہجری کو فوت ہوئے۔

3262 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمَدِينِيِّ فُسْتُقَةُ، ثنا الزُّبَيْرُ بْنُ بَكَّارٍ، اَخْبَرَنِي مُصْعَبُ بْنُ عُثْمَانَ وَمَنْ لَا اُحْصِي، عَنِ ابْنِ هَرِمَةَ، قَالَ الزُّبَيْرُ: وَحَدَّثَنِي نَوْفَلُ بْنُ مَيْمُونٍ، اَنْشَدَنِي اَبُو مَالِكٍ مُحَمَّدُ بْنُ مَالِكِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ هَرِمَةَ لِعَمِّهِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ هَرِمَةَ:

(البحر الطويل)

فَمَنْ لَمْ يُرِدْ مَدْحِي فَاِنَّ قَصَائِدِي... نَوَافِقُ عِنْدَ الْاَكْرَمِينَ سَوَامِي

نَوَافِقُ عِنْدَ الْمُشْتَرِي الْحَمْدَ بِالنَّدَى... نِفَاقَ بَنَاتِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامِ

حضرت نوفل بن میمون فرماتے ہیں کہ ابو مالک محمد بن مالک بن علی بن ھرمہ ابراہیم بن علی بن ھرمہ کے چچا نے اشعار سنائے:

''جو میری تعریف میرے قصائد کا ارادہ نہ کرے کیونکہ عزت والوں کے نزدیک پیش کیے جانے والے ہیں'

سخاوت کے ذریعے حمد وتوصیف خریدنے والے کے نزدیک حارث بن ہشام کی بیٹیوں کے نفاق کی طرح کا نفاق ہے''۔

3263 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ الْبَغْدَادِيُّ الْمَدِينِيُّ، ثنا الزُّبَيْرُ بْنُ بَكَّارٍ، قَالَ: قَالَ ابْنُ الْكَوْسَجِ مَوْلَى آلِ اَبِي فَرْوَةَ لِرَجُلٍ:

(البحر الكامل)

اَحَسِبْتَ اَنَّ اَبَاكَ يَوْمَ تَسُبُّنِي... فِي السُّوقِ كَانَ الْحَارِثَ بْنَ هِشَامِ

آل ابوفروہ کے غلام ابن کوسج نے ایک آدمی کو فرمایا کہ کیا تیرا گمان ہے کہ جس دن بازار میں تُو نے مجھے گالیاں دیں۔

اس دن تیرا باپ حارث بن ہشام تھا۔

3264 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ زَكَرِيَّا التُّسْتَرِيُّ، ثنا شَبَّابٌ الْعُصْفُرِيُّ، ثنا اَبُو وَهْبٍ السَّهْمِيُّ، عَنْ اَبِي يُونُسَ الْقُشَيْرِيِّ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، اَنَّ الْحَارِثَ بْنَ هِشَامٍ، وَعِكْرِمَةَ بْنَ اَبِي جَهْلٍ، وَعَيَّاشَ بْنَ اَبِي رَبِيعَةَ اُثْبِتُوا يَوْمَ الْيَرْمُوكِ، فَدَعَا الْحَارِثُ بِشَرَابٍ، فَنَظَرَ اِلَيْهِ عِكْرِمَةُ فَقَالَ: ادْفَعُوهُ اِلَى عِكْرِمَةَ، فَدُفِعَ اِلَيْهِ، فَنَظَرَ اِلَيْهِ عَيَّاشُ بْنُ اَبِي رَبِيعَةَ،

حضرت حبیب بن ابوثابت فرماتے ہیں کہ حضرت حارث بن ہشام اور عکرمہ بن ابوجہل اور عیاش بن ابوربیعہ یرموک کے دن زخمی ہوئے' حضرت حارث نے مشروب مانگا' حضرت عکرمہ نے اسے دیکھا' کہا: عکرمہ کو دو! اس کو دیا گیا' عیاش بن ابوربیعہ نے دکھا' عکرمہ نے کہا: عیاش کو دو! ان میں سے کسی تک نہیں پہنچا یہاں تک کہ تمام فوت ہو گئے' سب نے کوئی

فَقَالَ عِكْرِمَةُ: ادْفَعُوهُ إِلَى عَيَّاشٍ، فَمَا وَصَلَ إِلَى اَحَدٍ مِنهُمْ حَتَّى مَاتُوا جَمِيعًا وَمَا ذَاقُوهُ

شی نہ چکھی۔

3265 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا اَبِی، ثنا عَامِرُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ اَنَّهُ سَالَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ يَنْزِلُ عَلَيْكَ الْوَحْیُ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فِی مِثْلِ صَلْصَلَةِ الْجَرَسِ، فَيَفْصِمُ عَنِّی وَقَدْ وَعَيْتُ مَا قَالَ. قَالَ: وَهُوَ اَشَدُّ عَلَیَّ، وَاَحْيَانًا يَاْتِينِی الْمَلَكُ فَيَتَمَثَّلُ لِی فَيُكَلِّمُنِی مَا يَقُولُ

حضرت حارث بن ہشام رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا گیا کہ آپ پر وحی کیسے نازل ہوتی ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: گھنٹی کی سی آواز میں جب مجھ پر وحی آنا ختم ہوتی ہے تو جو وحی لے کر آتا ہے وہ یاد کر لیتا ہوں وہ مجھ پر دشوار گزار ہوتی ہے۔ آپ نے فرمایا: یہ مجھ پر سخت ہے کبھی فرشتہ میرے پاس آتا ہے انسان کی شکل میں مجھ سے گفتگو کرتا ہے جو کہتا ہے۔

3266 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نَصْرِ بْنِ حُمَيْدٍ الْبَغْدَادِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَرْزِیُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ هِلَالٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، قَالَ: سَاَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ يَاْتِيكَ الْوَحْیُ؟ قَالَ: يَاْتِينِی صَلْصَلَةً كَصَلْصَلَةِ الْجَرَسِ، وَيَاْتِينِی اَحْيَانًا فِی صُورَةِ رَجُلٍ يُكَلِّمُنِی كَلَامًا، وَهُوَ اَهْوَنُ عَلَیَّ، فَيَفْصِمُ عَنِّی وَقَدْ وَعَيْتُ

حضرت حارث بن ہشام فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا: آپ پر وحی کیسے آتی ہے؟ آپ نے فرمایا: ایسی آواز آتی ہے جس طرح گھنٹی کی آواز ہوتی ہے کبھی میرے پاس آدمی کی شکل میں آتی ہے وہ مجھ سے گفتگو کرتا ہے وہ مجھ پر آسان ہوتی ہے جب مجھ پر وحی آنا بند ہوتی ہے تو میں نے اسے یاد کر لیا ہوتا ہے۔

3267 - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِیُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِی اُوَيْسٍ، حَدَّثَنِی مَالِكٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ الْحَارِثَ بْنَ هِشَامٍ سَالَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

حضرت حارث بن ہشام فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا گیا: آپ پر وحی کیسے آتی ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کبھی میرے پاس گھنٹی کی شکل میں آتی ہے جو مجھ پر دشوار ہوتی ہے جب وحی آنا ختم



3265- أخرجه الحاكم فی مستدركه جلد 3 صفحه 314 رقم الحديث: 5213 عن عروة بن الزبير عن عائشة عن الحارث بن هشام به .

كَيْفَ يَأْتِيكَ الْوَحْيُ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَحْيَانًا يَأْتِينِي فِي مِثْلِ صَلْصَلَةِ الْجَرَسِ، وَهُوَ أَشَدُّ عَلَيَّ، فَيَفْصِمُ عَنِّي وَقَدْ وَعَيْتُ مَا قَالَ، وَأَحْيَانًا يَتَمَثَّلُ لِي الْمَلَكُ رَجُلًا فَيُكَلِّمُنِي فَأَعِي مَا يَقُولُ.

قَالَتْ عَائِشَةُ: وَلَقَدْ رَأَيْتُهُ يَنْزِلُ عَلَيْهِ فِي الْيَوْمِ الشَّدِيدِ الْبَرْدِ، فَيَفْصِمُ عَنْهُ وَإِنَّ جَبِينَهُ لَيَتَفَصَّدُ عَرَقًا

ہوتی ہے تو میں نے اسے یاد کرلیا ہوتا ہے' جو وہ لے کر آتا ہے' اور کبھی فرشتہ آدمی کی شکل میں آتا ہے وہ مجھ سے گفتگو کرتا ہے اور جو کہتا ہے میں اُسے یاد کرتا ہوں۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہے: میں نے سخت سردی میں آپ پر وحی نازل ہوتے دیکھا' جب وحی آنا ختم ہوتی تو آپ کی پیشانی سے پسینہ گر رہا ہوتا تھا۔

**3268** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ يَزِيدَ الطَّحَّانُ، ثنا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سَأَلَ الْحَارِثُ بْنُ هِشَامٍ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ يَأْتِيهِ الْوَحْيُ، قَالَ: يَأْتِينِي أَحْيَانًا مِثْلَ صَلْصَلَةِ الْجَرَسِ، فَيَفْصِمُ عَنِّي وَقَدْ وَعَيْتُهُ، وَهُوَ أَشَدُّ عَلَيَّ، وَيَأْتِينِي أَحْيَانًا الْمَلَكُ فِي صُورَةِ الرَّجُلِ فَأَعِي مَا يَقُولُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت حارث بن ہشام نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا: آپ پر وحی کیسے آتی ہے؟ آپ نے فرمایا: میرے پاس کبھی گھنٹی کی آواز کی طرح' جب وحی آنا ختم ہوتی ہے تو میں نے وہ یاد کرلی ہوتی ہے' یہ مجھ پر سخت ہوتی ہے اور کبھی فرشتہ آدمی کی صورت میں آتا ہے' وہ جو کہتا ہے میں یاد کرلیتا ہوں۔

**3269** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا الْأَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ، ثنا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَ أُمَّ سَلَمَةَ فِي شَوَّالٍ، وَجَمَعَهَا إِلَيْهِ فِي شَوَّالٍ

حضرت عبدالملک بن حارث بن ہشام اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے شوال کے مہینہ میں شادی کی اور شوال میں ہی رخصتی ہوئی۔

**3270** - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا السَّاجِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْمَهْرِيُّ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي ابْنُ سَمْعَانَ أَنَّ ابْنَ شِهَابٍ أَخْبَرَهُ أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ سَعِيدٍ الْمُقْعَدَ أَخْبَرَهُ أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ الْحَارِثِ

حضرت حارث بن ہشام فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی: آپ مجھے ایسے کام کے متعلق بتائیں کہ میں اسے مضبوطی سے تھام لوں؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اپنی زبان قابو میں رکھو۔

بْنِ هِشَامٍ اَخْبَرَهُ اَنَّ اَبَاهُ الْحَارِثَ بْنَ هِشَامٍ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ قَالَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَخْبِرْنِي بِاَمْرٍ اَعْتَصِمُ بِهِ. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: امْلِكْ هٰذَا، وَاَشَارَ اِلَى لِسَانِهِ

**3271** - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سِنَانٍ الْوَاسِطِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَا: ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَقِيلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ اَبِيهِ اَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، حَدِّثْنِي بِاَمْرٍ اَعْتَصِمُ بِهِ. قَالَ: امْلِكْ عَلَيْكَ هٰذَا، وَاَشَارَ اِلَى لِسَانِهِ

حضرت حارث بن ہشام فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی: آپ مجھے ایسے کام کے متعلق بتائیں کہ میں اسے مضبوطی سے تھام لوں؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اپنی زبان قابو میں رکھو۔

## الْحَارِثُ بْنُ عَمْرٍو السَّهْمِيُّ

## حضرت حارث بن عمرو سہمی رضی اللہ عنہ

**3272** - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا عَفَّانُ، ح وَحَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ الْبَصْرِيُّ، ثنا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، وَاَبُو سَلَمَةَ مُوسَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ، قَالُوا: ثنا يَحْيَى بْنُ زُرَارَةَ بْنِ كَرِيمِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ جَدِّهِ الْحَارِثِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّهُ لَقِيَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ وَهُوَ عَلَى نَاقَتِهِ الْعَضْبَاءِ، قَالَ: قُلْتُ: بِاَبِي اَنْتَ وَاُمِّي يَا رَسُولَ اللّٰهِ اسْتَغْفِرْ لِي فَقَالَ: غَفَرَ اللّٰهُ لَكُمْ. ثُمَّ

حضرت حارث بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حجۃ الوداع کے موقع پر ملے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی عضباء نامی اونٹنی پر سوار تھے۔ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! میرے لیے استغفار فرمائیں! آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ تم سب لوگوں کی مغفرت فرمائے۔ پھر میں گھوم کر دوسری طرف سے آیا' اس امید سے کہ آپ خاص کر کے میرے لیے استغفار کریں گے۔ میں نے عرض کی: استغفار کریں! اے اللہ کے رسول! کہا: اللہ تعالیٰ تم سب کی مغفرت

اسْتَدَرْتُ مِنَ الشِّقِّ الْآخَرِ رَجَاءَ اَنْ يَخُصَّنِي، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اسْتَغْفِرْ لِي، فَقَالَ: غَفَرَ اللّٰهُ لَكُمْ

فرمائے!

3273 - فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ الْفَرَائِعُ وَالْعَتَائِرُ؟ قَالَ: مَنْ شَاءَ فَرَّعَ وَمَنْ شَاءَ لَمْ يُفَرِّعْ، وَمَنْ شَاءَ عَتَرَ وَمَنْ شَاءَ لَمْ يَعْتِرْ، وَفِي الْغَنَمِ اُضْحِيَّتُهَا . ثُمَّ قَالَ: اَلَا اِنَّ دِمَاءَكُمْ وَاَمْوَالَكُمْ عَلَيْكُمْ حَرَامٌ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هَذَا فِي شَهْرِكُمْ هَذَا

ایک آدمی نے عرض کی: زمانۂ جاہلیت کے ذبیحوں کا کیا حکم ہے؟ فرمایا: جو چاہے اونٹ کی قربانی کرے جو چاہے نہ کرے البتہ بھیڑ بکریوں میں قربانی لازم ہے۔ پھر فرمایا: خبردار! تمہارے خون اور تمہارے مال ایک دوسرے پر حرام ہیں جیسے اس ماہ میں اس دن کی حرمت ہے۔

3274 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو مَعْمَرٍ الْمُقْعَدُ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ، ثنا عُتْبَةُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ السَّهْمِيُّ، حَدَّثَنِي زُرَارَةُ بْنُ كَرِيمِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ عَمْرٍو السَّهْمِيُّ، اَنَّ الْحَارِثَ بْنَ عَمْرٍو حَدَّثَهُ قَالَ: اَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بِمِنًى اَوْ بِعَرَفَاتٍ وَيَجِيءُ الْاَعْرَابُ فَاِذَا رَاَوْا وَجْهَهُ قَالُوا: هَذَا وَجْهٌ مُبَارَكٌ. قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اسْتَغْفِرْ لِي. قَالَ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا . قَالَ: فَدُرْتُ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اسْتَغْفِرْ لِي. قَالَ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا . فَذَهَبَ يَبْزُقُ، فَقَالَ بِيَدِهِ فَاَخَذَ بِهَا بُزَاقَهُ فَمَسَحَ بِهِ نَعْلَهُ كَرِهَ اَنْ يُصِيبَ اَحَدًا مِمَّنْ حَوْلَهُ، ثُمَّ قَالَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، اَيُّ يَوْمٍ هَذَا؟ فَاِنَّ دِمَاءَكُمْ وَاَمْوَالَكُمْ عَلَيْكُمْ حَرَامٌ، كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هَذَا فِي شَهْرِكُمْ هَذَا فِي بَلَدِكُمْ هَذَا، اللّٰهُمَّ هَلْ بَلَّغْتُ؟ وَلْيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ

حضرت حارث بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' آپ منیٰ یا عرفات میں تھے' دیہاتی لوگ آپ کے پاس آئے' جب اُنہوں نے آپ کا چہرہ دیکھا تو اُنہوں نے کہا: یہ بابرکت چہرہ ہے! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے لیے بخشش مانگیں! آپ نے دعا کی: اے اللہ! ہم سب کو بخش دے! میں قریب ہوا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے لیے بخشش مانگیں! آپ نے دعا کی: اے اللہ! ہمیں بخش دے! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تھوکنے لگے۔ پس راوی کا بیان ہے: اپنے ہاتھ کے ساتھ' پس اپنے ہاتھ میں اپنی تھوک کو لیا' آپ نے اپنی نعلین سے اسے صاف کیا' آپ نے اپنے اردگرد والوں کے لیے اس کو ناپسند کیا کہ کسی پر آپ کی تھوک نہ پڑ جائے (اس لیے تھوک اپنے ہاتھ میں لی) پھر فرمایا: اے لوگو! یہ دن کون سا ہے؟ فرمایا: تمہارا خون اور اموال تم پر حرام ہیں' آج

کے دن اور آج کے مہینہ کی طرح' اے اللہ! میں نے پہنچا دیا؟ حاضر غائب کو پہنچا دے۔

3275 - قَالَ: وَاَمَرَ بِالصَّدَقَةِ فَقَالَ: تَصَدَّقُوا، فَاِنِّي لَا اَدْرِي لَعَلَّكُمْ لَا تَرَوْنَنِي بَعْدَ يَوْمِي هٰذَا.

آپ نے صدقہ کرنے کا حکم دیا' آپ نے فرمایا: صدقہ کرو! کیونکہ مجھے اندازہ نہیں یقیناً آج کے دن کے بعد مجھے نہیں دیکھو گے۔

3276 - وَوَقَّتَ يَلَمْلَمَ لِاَهْلِ الْيَمَنِ اَنْ يُهِلُّوا مِنْهَا، وَذَاتَ عِرْقٍ لِاَهْلِ الْعِرَاقِ اَوْ قَالَ: لِاَهْلِ الْمَشْرِقِ.

آپ نے یلملم کو یمن والوں کے لیے میقات مقرر کیا کہ اس جگہ سے احرام باندھیں اور عراق والوں کے لیے ذاتِ عرق یا مشرق والوں کے لیے۔

3277 - وَسَاَلَهُ رَجُلٌ عَنِ الْعَتِيرَةِ، قَالَ: مَنْ شَاءَ عَتَرَ وَمَنْ شَاءَ لَمْ يَعْتِرْ، وَمَنْ شَاءَ فَرَّعَ وَمَنْ شَاءَ لَمْ يُفَرِّعْ . وَقَالَ: فِي الْغَنَمِ اُضْحِيَّتُهَا بِاَصَابِعِ كَفِّهِ الْيُمْنَى، فَصَبَّهَا عَلَى مَفْصِلِ الْاِصْبَعِ الْوُسْطَى وَاِصْبَعِهِ السَّبَّابَةِ، وَعَطَفَ طَرَفَهَا شَيْئًا

ایک آدمی نے عتیرہ (زمانۂ جاہلیت کا ذبیحہ) کے متعلق پوچھا' تو فرمایا: جو چاہے عتیرہ کرے اور جو چاہے عتیرہ نہ کرے (کیونکہ اب اعتقادات درست ہو چکے ہیں)' جو چاہے اونٹنی کے پہلے بچے کو ذبح کرے اور جو چاہے نہ کرے۔ اور فرمایا: بکریوں میں قربانی ہے' آپ نے اپنے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی کی انگلی رکھی' اپنی وسطی انگلی اور سبابہ کے جوڑ پر رکھی' اس کا ایک حصہ رکھا۔

## الحارث بن عمرو السهمي

3278 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ الْعَمِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ اِسْحَاقَ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنِي سَهْلُ بْنُ حُصَيْنٍ الْبَاهِلِيُّ، حَدَّثَنِي زُرَارَةُ بْنُ كَرِيمٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَمْرٍو السَّهْمِيِّ اَنَّهُ اَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ وَهُوَ عَلَى نَاقَتِهِ الْعَضْبَاءِ، وَكَانَ الْحَارِثُ رَجُلًا جَسِيمًا، فَنَزَلَ اِلَيْهِ الْحَارِثُ، فَدَنَا مِنْهُ حَتَّى حَاذَى وَجْهَهُ بِرُكْبَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَهْوَى نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت حارث بن عمرو السہمی سے روایت ہے کہ حضور ﷺ حجۃ الوداع کے لیے اپنی عضباء اونٹنی پر سوار ہوئے' حارث جسیم آدمی تھے' حارث آپ کے پاس آئے' آپ کے قریب ہوئے' اپنے چہرے کو حضور ﷺ کے گھٹنوں کے برابر کیا' حضور ﷺ نے جھک کر حارث کے چہرے پر ہاتھ پھیرا' حضرت حارث کے چہرے پر ہمیشہ تازگی رہی مرتے دَم تک۔ حضرت حارث نے آپ سے عرض کی: یارسول اللہ! اللہ سے میرے لیے دعا کریں! آپ نے فرمایا: اے

وَسَلَّمَ يَمْسَحُ وَجْهَ الْحَارِثِ، فَمَا زَالَتْ نُضْرَةٌ عَلَى وَجْهِ الْحَارِثِ حَتَّى هَلَكَ، فَقَالَ لَهُ الْحَارِثُ: يَا نَبِيَّ اللَّهِ ادْعُ اللَّهَ لِي . فَقَالَ: اللَّهُمَّ اغْفِرْ لَنَا . فَذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ عَبْدِ الْوَارِثِ

اللہ! اسے معاف کر! اس کے بعد عبدالوارث والی حدیث ذکر کی۔

# الْحَارِثُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَوْسٍ الثَّقَفِيُّ

# حضرت حارث بن عبداللہ اوس ثقفی رضی اللہ عنہ

3279 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ، ثنا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ، قَالَا: ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَوْسٍ الثَّقَفِيِّ، قَالَ: سَأَلْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ عَنِ الْمَرْأَةِ تَطُوفُ بِالْبَيْتِ ثُمَّ تَحِيضُ، قَالَ: لِيَكُنْ آخِرَ عَهْدِهَا الطَّوَافُ بِالْبَيْتِ . فَقَالَ الْحَارِثُ: كَذَلِكَ أَفْتَانِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . فَقَالَ عُمَرُ: أَرِبْتَ عَلَى يَدِكَ، سَأَلْتَنِي عَنْ شَيْءٍ قَدْ سَأَلْتَ عَنْهُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْمَا أُخَالِفُ

حضرت حارث بن عبداللہ بن اوس ثقفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے پوچھا: عورت کو حالتِ طواف میں حیض آ جائے؟ حضرت عمر نے فرمایا: وہ اپنے طواف کو مؤخر کرے۔ حضرت حارث نے فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے ایسے ہی فتویٰ دیا تھا۔ حضرت عمر نے فرمایا: تمہارا ہاتھ خاک آلود ہو! مجھ سے ایسی شی کے متعلق پوچھتے ہو حالانکہ تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا ہے تو میں آپ کی مخالفت کیسے کرسکتا ہوں۔

3280 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَيَّانَ الْمَازِنِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ، كِلَاهُمَا عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ أَرْطَاةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ الْمُغِيرَةِ الطَّائِفِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْبَيْلَمَانِيِّ، عَنْ عَمْرِو

حضرت حارث بن عبداللہ ثقفی رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا: جو حج یا عمرہ کرے تو وہ آخر میں طوافِ کعبہ کرے۔ حضرت عمر نے فرمایا: آپ اپنا ہاتھ پیچھے کریں! آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا اور مجھے نہیں بتایا؟

بْنِ اَوْسٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ حَجَّ اَوِ اعْتَمَرَ فَلْيَكُنْ آخِرَ عَهْدِهِ اَنْ يَطُوفَ بِالْبَيْتِ. فَقَالَ عُمَرُ: اَخْرِرْ مِنْ يَدِكَ، سَمِعْتَ هَذَا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ تُخْبِرْنِي؟

حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِيُّ، ثنا يُوسُفُ بْنُ عَدِيٍّ، ثنا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي زِيَادٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ الْمُغِيرَةِ الطَّائِفِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْبَيْلَمَانِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَوْسٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَوْسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت حارث بن عبداللہ بن اوس رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

## الْحَارِثُ بْنُ زِيَادٍ الْاَنْصَارِيُّ ثُمَّ السَّاعِدِيُّ، بَدْرِيٌّ

## حضرت حارث بن زیاد انصاری' پھر ساعدی بدری رضی اللہ عنہ

3281 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، قَالَا: ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سُلَيْمَانَ ابْنِ الْغَسِيلِ، حَدَّثَنِي حَمْزَةُ بْنُ اَبِي اُسَيْدٍ - وَكَانَ اَبُوهُ بَدْرِيًّا - اَخْبَرَنِي الْحَارِثُ بْنُ زِيَادٍ السَّاعِدِيُّ اَنَّهُ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ وَهُوَ يُبَايِعُ النَّاسَ عَلَى الْهِجْرَةِ، فَظَنَنَّا اَنَّهُمْ يُدْعَوْنَ اِلَى الْبَيْعَةِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ بَايِعْ هَذَا. قَالَ: مَنْ هَذَا؟ قَالَ: هَذَا ابْنُ عَمِّي حَوْطُ بْنُ يَزِيدَ اَوْ يَزِيدُ بْنُ حَوْطٍ. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا اُبَايِعُكُمْ،

حضرت حارث بن زیاد الساعدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس خندق کے دن آیا' لوگ ہجرت پر آپ کی بیعت کر رہے تھے' میں نے گمان کیا کہ آپ بیعت کی طرف بلوا رہے ہیں' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس کو بیعت کریں! آپ نے فرمایا: یہ کون ہے؟ عرض کی: یہ میرا چچا زاد حوط بن یزید' یا شاید یزید بن حوط ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: میں تمہاری بیعت نہیں کروں گا کیونکہ لوگ تمہاری طرف ہجرت کر کے جا رہے ہیں' تم ان کی طرف ہجرت نہ کرو۔ پھر فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت

إِنَّ النَّاسَ يُهَاجِرُونَ إِلَيْكُمْ وَلَا تُهَاجِرُونَ إِلَيْهِمْ . ثُمَّ قَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَا يُحِبُّ الْأَنْصَارَ رَجُلٌ حَتَّى يَلْقَى اللَّهَ إِلَّا لَقِيَ اللَّهَ وَهُوَ يُحِبُّهُ، وَلَا يُبْغِضُ الْأَنْصَارَ رَجُلٌ حَتَّى يَلْقَى اللَّهَ لَقِيَ اللَّهَ وَهُوَ يُبْغِضُهُ

میں میری جان ہے! انصار سے جو کوئی آدمی محبت کرے گا وہ اللہ سے ملے گا کہ اللہ اُس سے محبت کرتا ہوگا اور جو آدمی انصار سے بغض رکھتا ہے تو وہ اللہ سے ملے گا کہ اللہ بھی اُس سے ناراض ہوگا۔

**3282** - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُنْذِرِ، عَنْ حَمْزَةَ بْنِ أَبِي أُسَيْدٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ زِيَادٍ، وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ بَدْرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَحَبَّ الْأَنْصَارَ أَحَبَّهُ اللَّهُ حَتَّى يَلْقَاهُ، وَمَنْ أَبْغَضَ الْأَنْصَارَ أَبْغَضَهُ اللَّهُ حَتَّى يَلْقَاهُ

حضرت حارث بن زید رضی اللہ عنہ جو بدری صحابی ہیں فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو انصار سے محبت کرتا ہے جب وہ اللہ سے ملے گا تو اللہ اس سے محبت کرے گا اور جو انصار سے بغض رکھے جب وہ اللہ سے ملے گا تو اللہ اس سے ناراض ہوگا۔

**3283** - حَدَّثَنَا إِدْرِيسُ بْنُ جَعْفَرٍ الْعَطَّارُ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُنْذِرِ، عَنْ حَمْزَةَ بْنِ أَبِي أُسَيْدٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ زِيَادٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ أَحَبَّ الْأَنْصَارَ أَحَبَّهُ اللَّهُ حِينَ يَلْقَاهُ، وَمَنْ أَبْغَضَ الْأَنْصَارَ أَبْغَضَهُ اللَّهُ حِينَ يَلْقَاهُ

حضرت حارث بن زید رضی اللہ عنہ جو بدری صحابی ہیں فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو انصار سے محبت کرتا ہے جب وہ اللہ سے ملے گا تو اللہ اس سے محبت کرے گا اور جو انصار سے بغض رکھے جب وہ اللہ سے ملے گا تو اللہ اس سے ناراض ہوگا۔

## الْحَارِثُ بْنُ أُقَيْشٍ الْعُكْلِيُّ

## حضرت حارث بن اُقیش العکلی رضی اللہ عنہ



**3284** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ

حضرت ابو بردہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جن مسلمانوں کے چار بچے فوت ہو جائیں اور وہ ثواب حاصل کرنے کی نیت سے صبر کریں تو اللہ عزوجل ان کی وجہ سے دونوں کو

قَيْسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَارِثَ بْنَ اُقَيْشٍ يُحَدِّثُ اَبَا بُرْدَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا مِنْ مُسْلِمَيْنِ يَمُوتُ لَهُمَا اَرْبَعَةٌ فَيَحْتَسِبَانِهِمْ اِلَّا دَخَلَا الْجَنَّةَ . فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَثَلَاثَةٌ؟ قَالَ: وَثَلَاثَةٌ . قِيلَ: وَاثْنَانِ؟ قَالَ: وَاثْنَانِ

جنت میں داخل کرے گا۔ عرض کی گئی: یارسول اللہ! اگر تین ہوں؟ آپ نے فرمایا: تین بھی ہوں! عرض کی گئی: اگر دو ہوں؟ تو آپ نے فرمایا: دو بھی ہوں!

**3285** - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ عَمْرٍو الْعُكْبَرِيُّ، ثنا الْمُعَلَّى بْنُ مَهْدِيٍّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ اُقَيْشٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَمُوتُ لَهُ اَرْبَعَةٌ مِنَ الْوَلَدِ اِلَّا اَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ بِفَضْلِ رَحْمَتِهِ اِيَّاهُمْ . قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَثَلَاثَةٌ؟ قَالَ: وَثَلَاثَةٌ . قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَاثْنَانِ؟ قَالَ: وَاثْنَانِ . قَالَ: وَاِنَّ مِنْ اُمَّتِي لَمَنْ يَعْظُمُ حَتَّى يَكُونَ اَحَدَ زَوَايَاهَا، وَاِنَّ مِنْ اُمَّتِي لَمَنْ يَدْخُلُ فِي شَفَاعَتِهِ اَكْثَرُ مِنْ مُضَرَ

حضرت حارث بن اقیش رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس مسلمان کے چار بچے فوت ہو جائیں اللہ عزوجل اپنی رحمت کے فضل سے ان کے والدین کو جنت میں داخل کرے گا۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر تین ہوں تو؟ آپ نے فرمایا: تین بھی ہوں! صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر دو ہوں؟ آپ نے فرمایا: دو بھی ہوں تب بھی! آپ نے فرمایا: میری اُمت کے لوگوں میں سے ایک آدمی اتنا بڑا ہوگا کہ وہ اس کے کونوں میں سے ایک کو اکیلا بھر دے گا' یہاں تک کہ پہاڑوں سے زیادہ ہوں گی' میری اُمت کے لوگ قبیلہ مضر سے زیادہ جنت میں داخل ہوں گے' وہ قبیلہ مضر کے لوگوں سے زیادہ شفاعت کرے گا۔

**3286** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا الْمُنْذِرُ بْنُ الْوَلِيدِ الْجَارُودِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ اُقَيْشٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الرَّجُلَ مِنْ اُمَّتِي لَيَدْخُلُ الْجَنَّةَ، فَيَشْفَعُ لِاَكْثَرَ مِنْ مُضَرَ، وَاِنَّ الرَّجُلَ

حضرت حارث بن اقیش رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اُمت سے ایک آدمی جنت میں داخل ہوگا' وہ قبیلہ مضر والوں سے زیادہ شفاعت کرے گا اور میری اُمت سے ایک آدمی جہنم میں ڈالا جائے گا یہاں تک کہ اس کے کونوں میں سے ایک کونے کو بھر دے گا' مسلمانوں میں سے کسی کی اولاد

مِنْ اُمَّتِی لَیَعْظُمُ لِلنَّارِ حَتّٰی یَکُونَ اَحَدَ زَوَایَاهَا، وَمَا مِنْ مُسْلِمَیْنِ یُقَدِّمانِ اَرْبَعَةً مِنْ وَلَدِهِمَا اِلَّا اَدْخَلَهُمَا اللّٰهُ الْجَنَّةَ بِفَضْلِ رَحْمَتِهِ ۔ فَقَالُوا: اَوْ ثَلَاثَةً؟ قَالَ: اَوْ ثَلَاثَةً ۔ قَالُوا: اَوِ اثْنَیْنِ؟ قَالَ: اَوِ اثْنَیْنِ

سے چار بچے فوت ہو جائیں تو اللہ عزوجل اپنی رحمت سے ان کے والدین کو جنت میں داخل کرے گا۔ صحابہ کرام نے عرض کی: اگر تین فوت ہوں؟ آپ نے فرمایا: تین بھی ہوں تب بھی یہ حکم ہے! عرض کی گئی: اگر دو ہوں؟ آپ نے فرمایا: دو بھی ہوں تب بھی یہ حکم ہے۔

الحارث بن اقیش العکلی

**3287** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَکِّیُّ، ثنا اَبُو مَعْمَرٍ الْمُقْعَدُ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِیدٍ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِی هِنْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَیْسٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ اُقَیْشٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُولُ: مَا مِنْ مُسْلِمٍ وَمُسْلِمَةٍ یَمُوتُ لَهُمَا اَرْبَعَةٌ مِنَ الْوَلَدِ لَمْ یَبْلُغُوا الْحِنْثَ اِلَّا اَدْخَلَهُمَا اللّٰهُ الْجَنَّةَ ۔ فَذَکَرَ مِثْلَهُ

حضرت حارث بن اقیش رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جس مسلمان مرد و عورت کے چار نابالغ بچے فوت ہو جائیں' اللہ عزوجل اس کے والدین کو جنت میں داخل کرے گا' اس کے بعد اس کی مثل حدیث ذکر کی۔

**3288** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ، ثنا اَبُو بَکْرِ بْنُ اَبِی شَیْبَةَ، ثنا عَبْدُ الرَّحِیمِ بْنُ سُلَیْمَانَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِی هِنْدٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَیْسٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ اُقَیْشٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مِنْ اُمَّتِی مَنْ یَدْخُلُ الْجَنَّةَ بِشَفَاعَتِهِ اَکْثَرُ مِنْ مُضَرَ ۔

حضرت حارث بن اقیش رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری اُمت سے جو جنت میں داخل ہوگا' وہ قبیلہ مضر سے زیادہ لوگوں کی شفاعت کرے گا۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ، ثنا قَطَنُ بْنُ نُسَیْرٍ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ سُلَیْمَانَ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ اَبِی هِنْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ قَیْسٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ اُقَیْشٍ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ، اِلَّا اَنَّهُ قَالَ: فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللّٰهِ۔

حضرت حارث بن اقیش' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔ مگر انہوں نے یہ کہا: پس اسکے لیے عبداللہ نے کہا۔

حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَتَّاتُ الْكُوفِيُّ، ثنا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِی هِنْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ اُقَيْشٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ.

حضرت حارث بن اقیش' حضورﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ الْاَوَّلِ، ثنا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِی هِنْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ اُقَيْشٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت حارث بن اقیش' حضورﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

# اَلْحَارِثُ بْنُ مَالِكٍ الْاَنْصَارِيُّ

# حضرت حارث بن مالک انصاری رضی اللہ عنہ

3289 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ السَّكْسَكِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِی هِلَالٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِی الْجَهْمِ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ مَالِكٍ الْاَنْصَارِيِّ اَنَّهُ مَرَّ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ: كَيْفَ اَصْبَحْتَ يَا حَارِثُ؟ قَالَ: اَصْبَحْتُ مُؤْمِنًا حَقًّا. فَقَالَ: انْظُرْ مَا تَقُولُ؟ فَاِنَّ لِكُلِّ شَيْءٍ حَقِيقَةً، فَمَا حَقِيقَةُ اِيمَانِكَ؟ فَقَالَ: قَدْ عَزَفَتْ نَفْسِي عَنِ الدُّنْيَا، وَاَسْهَرْتُ لِذَلِكَ لَيْلِي، وَاطْمَاَنَّ نَهَارِي، وَكَاَنِّي اَنْظُرُ اِلَى عَرْشِ رَبِّي بَارِزًا، وَكَاَنِّي اَنْظُرُ اِلَى اَهْلِ الْجَنَّةِ يَتَزَاوَرُونَ فِيهَا، وَكَاَنِّي اَنْظُرُ اِلَى اَهْلِ النَّارِ يَتَضَاغَوْنَ فِيهَا. فَقَالَ: يَا حَارِثُ عَرَفْتَ فَالْزَمْ ثَلَاثًا

حضرت حارث بن مالک انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ حضورﷺ کے پاس سے گزرے آپ نے مجھے فرمایا: اے حارث! تم نے صبح کیسے کی ہے؟ عرض کی: یارسول اللہ! میں نے یقیناً حالتِ ایمان میں کی ہے۔ آپ نے فرمایا: دیکھو! کیا کہہ رہے ہو؟ کیونکہ ہر شی کی حقیقت ہوتی ہے' تمہارے ایمان کی حقیقت کیا ہے؟ عرض کی: میں نے اپنے آپ کو دنیا سے کنارہ کش کیا اور اپنی رات اس کی راد میں گزاری اور دن کو مطمئن تھا' گویا میں اب بھی اپنے رب کے عرش کو صاف دیکھ رہا ہوں اور جنت والوں کو دیکھ رہاہوں' وہ اس میں اس کی زیارت کر رہے ہیں اور دوزخ والوں کو دیکھ رہا ہوں کہ وہ اس میں جل رہے ہیں' آپ نے فرمایا: اے حارث! تُو نے پہچان لیا' اس

پر ہمیشگی اختیار کر۔ تین مرتبہ فرمایا۔

# الْحَارِثُ بْنُ بَدَلٍ التَّمِيمِيُّ

3290 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا عَمِّي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ، ح وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْحِنَّائِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَا: ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ، ثنا أَبِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الشُّعَيْثِيُّ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ بَدَلٍ، قَالَ: شَهِدْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حُنَيْنٍ، فَانْهَزَمَ أَصْحَابُهُ أَجْمَعُونَ إِلَّا الْعَبَّاسَ بْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَأَبَا سُفْيَانَ بْنَ الْحَارِثِ، فَرَمَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وُجُوهَنَا بِقَبْضَةٍ مِنَ الْأَرْضِ فَانْهَزَمْنَا، فَمَا يُخَيَّلُ إِلَيَّ أَنَّ شَجَرَةً وَلَا حَجَرًا إِلَّا وَهُوَ فِي آثَارِنَا

# حضرت حارث بن بدل تمیمی رضی اللہ عنہ

حضرت حارث بن بدل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حنین کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھا' سارے صحابہ کرام (کسی وجہ سے) پیچھے ہو گئے' سوائے حضرت عباس اور ابوسفیان بن حارث کے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمارے چہروں پر زمین سے ایک مٹھی کنکریاں لے کر ماریں' ہم بھاگ گئے' مجھے خیال آیا کہ درخت اور پتھر ہمارے پیچھے آ رہے ہیں۔

الحارث بن بدل التمیمی' الحارث بن سواد الانصاری بدری

# الْحَارِثُ بْنُ سَوَّادٍ الْأَنْصَارِيُّ، بَدْرِيٌّ

3291 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا: الْحَارِثُ بْنُ سَوَّادٍ الْحَارِثُ، وَيُقَالُ حَارِثَةُ بْنُ سُرَاقَةَ الْأَنْصَارِيُّ، بَدْرِيٌّ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ بَدْرٍ

3292 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ

# حضرت حارث بن سواد انصاری بدری رضی اللہ عنہ

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ بدر میں جو شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت حارث بن سواد کا بھی ہے۔ حضرت حارث' آپ کو حارثہ بن سراقہ انصاری بدری بھی کہا جاتا ہے' آپ بدر کے دن شہید کیے گئے تھے۔

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی نجار اور

الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ بَدْرٍ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي النَّجَّارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَدِيِّ بْنِ النَّجَّارِ: الْحَارِثُ بْنُ سُرَاقَةَ بْنِ الْحَارِثِ

بنی عدی بن نجار میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حارث بن سراقہ بن حارث کا بھی ہے۔

**3293** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ بَدْرٍ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي النَّجَّارِ: حَارِثَةُ بْنُ سُرَاقَةَ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ بدر کے دن انصار اور بنی نجار میں سے جو شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حارثہ بن سراقہ کا بھی ہے۔

# الْحَارِثُ بْنُ الْحَارِثِ الْغَامِدِيُّ

# حضرت حارث بن حارث الغامدی رضی اللہ عنہ

**3294** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ التِّرْمِذِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ رَافِعٍ، ثنا عُمَرُ بْنُ مُوسَى، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ نَسِيٍّ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ هِلَالٍ السُّلَمِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ عِنْدَ فَرَاغِهِ مِنْ طَعَامِهِ: اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ، اَطْعَمْتَ وَاَسْقَيْتَ وَاَشْبَعْتَ وَاَرْوَيْتَ، لَكَ الْحَمْدُ غَيْرَ مَكْفُورٍ وَلَا مُوَدَّعٍ وَلَا مُسْتَغْنًى عَنْكَ رَبَّنَا

حضرت حارث بن حارث رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو کھانے سے فارغ ہونے کے بعد یہ دعا کرتے ہوئے دیکھا: ''اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ اِلٰی آخرہ''۔

**3295** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، قَالَا: ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا عَبْدُ

حضرت حارث بن حارث الغامدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد سے کہا: یہ کونسی جماعت ہے؟ والد صاحب نے کہا: یہ وہ لوگ ہیں جو

الْغَفَّارِ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْجُرَشِيُّ، ثنا الْحَارِثُ بْنُ الْحَارِثِ الْغَامِدِيُّ، قَالَ: قُلْتُ لِاَبِي: مَا هَذِهِ الْجَمَاعَةُ؟ قَالَ: هَؤُلَاءِ الْقَوْمُ قَدِ اجْتَمَعُوا عَلَى صَابِءٍ لَهُمْ . قَالَ: فَنَزَلْنَا فَإِذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُو النَّاسَ اِلَى تَوْحِيدِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَالْاِيمَانِ بِهِ، وَهُمْ يَرُدُّونَ عَلَيْهِ وَيُؤْذُونَهُ، حَتَّى انْتَصَفَ النَّهَارُ وَانْصَدَعَ عَنْهُ النَّاسُ، وَاَقْبَلَتِ امْرَاَةٌ قَدْ بَدَا نَحْرُهَا تَحْمِلُ قَدَحًا وَمِنْدِيلًا، فَتَنَاوَلَهُ مِنْهَا وَشَرِبَ وَتَوَضَّاَ، ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهُ وَقَالَ: يَا بُنَيَّةُ خَمِّرِي عَلَيْكِ نَحْرَكِ، وَلَا تَخَافِي عَلَى اَبِيكِ . قُلْنَا: مَنْ هَذِهِ؟ قَالُوا: زَيْنَبُ بِنْتُهُ

اپنے صابی کے پاس اکٹھے ہیں' وہ فرماتے ہیں: ہم اُترے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لوگوں کو اللہ کی توحید اور اللہ پر ایمان لانے کے متعلق دعوت دے رہے تھے' لوگ آپ کی بات کو ٹھکرا دیتے اور آپ کو تکلیف دیتے تھے' دوپہر ہوگئی' لوگ آپ کے پاس سے چلے گئے۔ ایک عورت آئی' وہ ایک پیالہ اور رومال اُٹھائے ہوئے تھی' آپ نے اس میں سے لیا اور اس سے پیا اور وضو کیا' پھر اپنا سر اُٹھایا اور فرمایا: اے میری بیٹی! اپنے سینے پر کپڑا ڈال لو اور اپنے والد کے متعلق خوف نہ کرو۔ میں نے عرض کی: یہ کون ہے؟ صحابہ کرام نے کہا: یہ آپ کی لختِ جگر حضرت سیدہ زینب رضی اللہ عنہا ہیں۔

## الْحَارِثُ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ قَيْسٍ الْقُرَشِيُّ ثُمَّ السَّهْمِيُّ قُتِلَ يَوْمَ اَجْنَادِينَ

## حضرت حارث بن حارث بن قیس القرشی رضی اللہ عنہ پھر سہمی' اجنادین کے دن شہید کیے گئے تھے

3296 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ قُتِلَ يَوْمَ اَجْنَادِينَ مِنَ الْمُسْلِمِينَ، ثُمَّ مِنْ قُرَيْشٍ، ثُمَّ مِنْ بَنِي سَهْمٍ: الْحَارِثُ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ قَيْسٍ

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ مسلمانوں اور انصار اور بنی سہم میں سے جو اجنادین کے دن شہید کیے گئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت حارث بن حارث بن قیس کا بھی ہے۔

3297 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيِّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ،

ابن شہاب سے روایت ہے کہ مسلمانوں اور انصار اور بنی سہم میں سے جو اجنادین کے دن شہید کیے گئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت حارث

عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ أَجْنَادِينَ مِنْ قُرَيْشٍ، ثُمَّ مِنْ بَنِي سَهْمٍ: الْحَارِثُ بْنُ أَبِي قَارِبٍ

بن حارث بن قیس کا بھی ہے۔

**3298** - حَدَّثَنَا أَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ أَجْنَادِينَ مِنْ قُرَيْشٍ، ثُمَّ مِنْ بَنِي سَهْمٍ: الْحَارِثُ بْنُ الْحَارِثِ

حضرت محمد بن اسحاق سے روایت ہے کہ مسلمانوں اور انصار اور بنی سہم میں سے جو اجنادین کے دن شہید کیے گئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت حارث بن حارث بن قیس کا بھی ہے۔

## الْحَارِثُ بْنُ قَيْسِ بْنِ مَخْلَدٍ الْأَنْصَارِيُّ ثُمَّ الزُّرَقِيُّ، عَقَبِيٌّ بَدْرِيٌّ، يُكْنَى أَبَا خَالِدٍ

## حضرت حارث بن قیس بن مخلد انصاری' پھر زرقی' عقبی بدری' آپ کی کنیت ابوخالد ہے

**3299** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ أَصْحَابِ الْعَقَبَةِ مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي زُرَيْقٍ: الْحَارِثُ بْنُ قَيْسِ بْنِ مَخْلَدٍ، وَقَدْ شَهِدَ بَدْرًا، وَهُوَ أَبُو خَالِدٍ

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ انصار اور بنی زریق میں سے جو عقبہ میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حارث بن قیس بن مخلد کا بھی ہے' آپ بدر میں شریک ہوئے تھے' آپ کی کنیت ابوخالد ہے۔

**3300** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ الْعَقَبَةَ مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي زُرَيْقٍ: الْحَارِثُ بْنُ قَيْسِ بْنِ خَالِدِ بْنِ مَخْلَدٍ، شَهِدَ بَدْرًا

ابن شہاب سے روایت ہے کہ انصار اور بنی زریق میں سے جو عقبہ میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حارث بن قیس بن مخلد کا بھی ہے' آپ بدر میں شریک ہوئے تھے' آپ کی کنیت ابوخالد ہے۔

**3349** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، نا خَلَفُ بْنُ مُوسَى بْنِ خَلَفٍ، ثنا اَبِي، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ، عَنْ جَدِّهِ مَمْطُورٍ، عَنِ الْحَارِثِ الْاَشْعَرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اَمَرَ يَحْيَى بْنَ زَكَرِيَّا بِخَمْسِ كَلِمَاتٍ اَنْ يَعْمَلَ بِهِنَّ، وَيَاْمُرَ بِهِنَّ بَنِي اِسْرَائِيلَ اَنْ يَعْمَلُوا بِهِنَّ، فَكَادَ اَنْ يُبْطِءَ، فَقَالَ لَهُ عِيسَى: اِنَّكَ قَدْ اُمِرْتَ بِخَمْسِ كَلِمَاتٍ اَنْ تَعْمَلَ بِهِنَّ وَتَاْمُرَ بِهِنَّ بَنِي اِسْرَائِيلَ اَنْ يَعْمَلُوا بِهِنَّ، فَاِمَّا اَنْ تَاْمُرَهُمْ، وَاِمَّا اَنْ آمُرَهُمْ. فَقَالَ: لَا تَفْعَلْ يَا اَخِي،

حضرت حارث اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے حضرت یحییٰ علیہ السلام کو پانچ کلمات کا حکم دیا کہ وہ ان پر عمل کریں اور بنی اسرائیل کو ان کا حکم دیں کہ وہ بھی ان پر عمل کریں' پس قریب تھا کہ وہ دیر کرتے' پس حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے ان سے کہا: بے شک آپ کو پانچ کلمات کا حکم دیا گیا ہے کہ آپ ان پر عمل کریں اور بنی اسرائیل کو ان کا حکم دیں کہ وہ بھی ان پر عمل کریں۔ یا تو آپ ان کو حکم دیں یا میں حکم دیتا ہوں۔ پس انہوں نے کہا: اے میرے بھائی! آپ ایسا نہ کریں' کیونکہ میں

فَإِنِّي أَخْشَى إِنْ سَبَقْتَنِي إِلَيْهِمْ أَنْ أُعَذَّبَ أَوْ يُخْسَفَ بِي. فَجَمَعَ النَّاسَ فِي بَيْتِ الْمَقْدِسِ حَتَّى امْتَلَأَ، وَقَعَدَ عَلَى الشَّرَفِ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ وَعَظَهُمْ فَقَالَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ أَمَرَنِي بِخَمْسِ كَلِمَاتٍ وَأَنْ أَعْمَلَ بِهِنَّ وَأَنْ آمُرَكُمْ أَنْ تَعْمَلُوا بِهِنَّ، أَوَّلُهُنَّ أَنْ تَعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا، وَإِنَّ مَثَلَ ذٰلِكَ كَمَثَلِ رَجُلٍ اشْتَرَى عَبْدًا مِنْ خَالِصِ مَالِهِ بِذَهَبٍ أَوْ وَرِقٍ، فَقَالَ: هٰذِهِ دَارِي وَهٰذَا عَمَلِي فَاعْمَلْ وَأَدِّ إِلَيَّ عَمَلَكَ، فَجَعَلَ يَعْمَلُ وَيُؤَدِّي عَمَلَهُ إِلَى غَيْرِ سَيِّدِهِ، فَأَيُّكُمْ يَسُرُّهُ أَنْ يَكُونَ عَبْدُهُ كَذٰلِكَ يَعْمَلُ وَيُؤَدِّي عَمَلَهُ إِلَى غَيْرِهِ؟ وَإِنَّ اللّٰهَ خَلَقَكُمْ وَرَزَقَكُمْ فَاعْبُدُوهُ وَلَا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا، وَأَمَرَكُمْ بِالصَّلَاةِ، فَإِذَا صَلَّيْتُمْ فَلَا تَلْتَفِتُوا، فَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَنْصِبُ وَجْهَهُ لِوَجْهِ عَبْدِهِ مَا لَمْ يَلْتَفِتْ، وَأَمَرَكُمْ بِالصِّيَامِ، وَإِنَّ مَثَلَ ذٰلِكَ كَمَثَلِ رَجُلٍ مَعَهُ عِصَابَةٌ فِيهَا صُرَّةٌ مِنْ مِسْكٍ، فَكُلُّهُمْ يُحِبُّ أَنْ يَجِدَ رِيحَهَا، وَإِنَّ فَمَ الصَّائِمِ أَطْيَبُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ رِيحِ الْمِسْكِ، وَأَمَرَكُمْ بِالصَّدَقَةِ، وَإِنَّ مَثَلَ ذٰلِكَ كَمَثَلِ مَنْ أَسَرَهُ الْعَدُوُّ فَشَدُّوا يَدَهُ إِلَى عُنُقِهِ وَقَرَّبُوهُ لِيَضْرِبُوا عُنُقَهُ، فَقَالَ: أَنَا أَفْتَدِي نَفْسِي مِنْكُمْ، فَجَعَلَ يُعْطِي الْقَلِيلَ وَالْكَثِيرَ حَتَّى افْتَكَّ نَفْسَهُ مِنْهُمْ، وَأَمَرَكُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ كَثِيرًا، وَإِنَّ مَثَلَ ذِكْرِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ كَمَثَلِ رَجُلٍ طَلَبَهُ الْعَدُوُّ سِرَاعًا فِي أَثَرِهِ، فَأَتَى حِصْنًا حَصِينًا، فَأَحْرَزَ نَفْسَهُ فِيهِ، وَإِنَّ أَحْصَنَ مَا يَكُونُ الْعَبْدُ مِنَ

ڈرتا ہوں اگر آپ مجھ سے پہلے ان کے پاس گئے تو میں عذاب سے نہیں بچ سکوں گا' یا مجھے زمین میں دھنسا دیا جائے گا' پس اُنہوں نے لوگوں کو بیت المقدس میں جمع کیا یہاں تک کہ وہ بھر گئی' آپ بلند جگہ پر بیٹھ گئے' پس اللہ تعالیٰ کی حمد کی' پھر ان کو واعظ فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے پانچ کلمات کا حکم دیا ہے کہ میں خود ان پر عمل کروں اور تمہیں حکم کروں کہ تم ان پر عمل کرو' ان میں سے پہلا کلمہ یہ ہے کہ تم اللہ کی عبادت کرو اور اسکے ساتھ کوئی شریک نہ ٹھہراؤ' اس کی مثل اس آدمی کی طرح ہے جس نے خالص اپنے مال میں سے سونے یا چاندی کے بدلے غلام خریدا۔ پس فرمایا: یہ میرا گھر ہے اور یہ میرا عمل ہے' تُو بھی عمل کر اور اپنا عمل میرے حوالے کر۔ پس اُنہوں نے عمل کرنا شروع کر دیا اور اپنا عمل اپنے سردار کے علاوہ کو ادا کرنا شروع کر دیا' پس تم میں سے کون اس کو پسند کرے گا کہ اس کا غلام اس طرح عمل کرے اور اپنا عمل اپنے سردار کے علاوہ کو ادا کرے؟ بے شک اللہ تعالیٰ نے تمہیں پیدا کیا' تم کو روزی دی' پس اسی کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی شی کو شریک نہ بناؤ' اس نے تمہیں نماز کا حکم دیا تو جب نماز پڑھ لو تو کسی اور کی طرف متوجہ نہ ہو کیونکہ اللہ تعالیٰ کا چہرہ اسی بندے کے چہرے کی طرف ہوتا ہے جب تک وہ کسی دوسری طرف متوجہ نہ ہو اور اس نے تمہیں روزے کا حکم دیا' بے شک اس کی مثال اس آدمی کی طرح ہے جس کے پاس ہو جس میں خوشبو کی تھیلی ہو ان میں سے ہر

ابو سلام الاسود عن الحارث الاشعری

الشَّيْطَانِ اِذَا كَانَ فِي ذِكْرِ اللّٰهِ تَعَالٰی

ایک پسند کرتا ہے کہ اس کی خوشبو پائے اور بے شک روزے دار کے منہ کی خوشبو اللہ تعالیٰ کے نزدیک کستوری کی خوشبو سے اچھی ہے اور اس نے تمہیں صدقہ (زکوٰۃ) کا حکم دیا ہے' اس کی مثال اس آدمی کی طرح ہے جس کو دشمن نے قیدی بنایا' اس کے ہاتھ اس کی گردن سے باندھ دیئے اور اس کی گردن مارنے کے لیے اس کے قریب ہوئے' پس اس نے کہا: میں تمہیں اپنی جان کا فدیہ دیتا ہوں' پس اس نے قلیل وکثیر عطا کرنا شروع کر دیا یہاں تک کہ اس کی جان ان سے چھوٹ گئی اور اس نے تمہیں بہت زیادہ ذکر کرنے کا حکم دیا اور اللہ کے ذکر کی مثال اس آدمی کی طرح ہے جس کو اس کے دشمن نے اس کے پاؤں کے نشان سے جلدی تلاش کر لیا لیکن وہ ایک مضبوط قلعے میں آ گیا اور اس نے اپنے آپ کو اس میں محفوظ کر لیا' شیطان سے بندے کو سب سے زیادہ محفوظ کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ وہ اللہ کے ذکر میں ہو۔

**3350** - قَالَ: وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ ذٰلِكَ: وَاَنَا آمُرُكُمْ بِخَمْسٍ اللّٰهُ اَمَرَنِي بِهِنَّ: الْجَمَاعَةِ وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ وَالْهِجْرَةِ وَالْجِهَادِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، فَمَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ قِيدَ شِبْرٍ فَقَدْ خَلَعَ رِبْقَةَ الْاِسْلَامِ مِنْ عُنُقِهِ اِلَّا اَنْ يَرْجِعَ، وَمَنْ دَعَا دَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ فَهُوَ مِنْ جُثَاءِ جَهَنَّمَ . قَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَاِنْ صَامَ وَصَلّٰى؟ قَالَ: وَاِنْ صَامَ وَصَلّٰى

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس موقع پر میں بھی تمہیں پانچ باتوں کو حکم دیتا ہوں جس کا اللہ نے مجھے حکم دیا ہے. (۱) جماعت (۲) سننا (۳) اطاعت (۴) ہجرت (۵) اللہ کی راہ میں جہاد کرنا' جو جماعت سے ایک بالشت علیحدہ ہوا اُس نے اپنے گلے سے اسلام کی رسّی اُتار دی' ہاں اگر واپس آ جائے تو پھر نہیں' جاہلیت کے دعویٰ کی طرف بلانا جہنم کے ٹھکانہ سے ہے۔ ایک آدمی

نے عرض کی: اگرچہ روزہ رکھے اور نماز پڑھے؟ آپ نے فرمایا: اگرچہ روزہ رکھے اور نماز پڑھے۔

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ، ثنا اَبَانُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ، عَنْ جَدِّهِ مَمْطُورٍ، عَنِ الْحَارِثِ الْاَشْعَرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اَمَرَ يَحْيَى بْنَ زَكَرِيَّا بِخَمْسِ كَلِمَاتٍ يَعْمَلُ بِهِنَّ وَيَاْمُرُ بَنِي اِسْرَائِيلَ اَنْ يَعْمَلُوا بِهِنَّ . ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ مُوسَى بْنِ خَلَفٍ.

حضرت حارث اشعری رضی اللہ عنہ، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ اللہ عزوجل نے یحییٰ بن زکریا کو پانچ باتوں کا حکم دیا کہ خود بھی اس پر عمل کریں اور بنی اسرائیل کو بھی عمل کرنے کا حکم کریں، لیکن اس کے بعد موسیٰ بن خلف کی حدیث ذکر کی۔

حَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْحِمَّانِيُّ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ، عَنْ جَدِّهِ مَمْطُورٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسی کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

ابو سلام الاسود عن الحارث الاشعری

3351 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدَةَ الْمِصِّيصِيُّ، ثنا اَبُو تَوْبَةَ الرَّبِيعُ بْنُ نَافِعٍ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ، عَنْ اَبِي سَلَّامٍ، حَدَّثَنِي الْحَارِثُ الْاَشْعَرِيُّ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اَمَرَ يَحْيَى بْنَ زَكَرِيَّا بِخَمْسِ كَلِمَاتٍ يَعْمَلُ بِهِنَّ وَيَاْمُرُ بَنِي اِسْرَائِيلَ اَنْ يَعْمَلُوا بِهِنَّ، فَكَانَ يُبْطِءُ، فَقَالَ لَهُ عِيسَى: اِنَّكَ اُمِرْتَ بِخَمْسِ كَلِمَاتٍ تَعْمَلُ بِهِنَّ وَتَاْمُرُ بَنِي اِسْرَائِيلَ اَنْ يَعْلَمُوا بِهِنَّ، فَاِمَّا تَاْمُرُهُمْ بِهِنَّ، وَاِمَّا اَنْ اَقُومَ اَنَا فَاٰمُرُهُمْ بِهِنَّ . قَالَ يَحْيَى: اِنَّكَ اِنْ سَبَقْتَنِي

حضرت حارث اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے حضرت یحییٰ علیہ السلام کو پانچ کلمات کا حکم دیا کہ وہ ان پر عمل کریں اور بنی اسرائیل کو ان کا حکم دیں کہ وہ بھی ان پر عمل کریں۔ پس قریب تھا کہ وہ دیر کرتے، پس حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے ان سے کہا: بے شک آپ کو پانچ کلمات کا حکم دیا گیا ہے کہ آپ ان پر عمل کریں اور بنی اسرائیل کو ان کا حکم دیں کہ وہ بھی ان پر عمل کریں یا تو آپ ان کو حکم دیں یا میں حکم دیتا ہوں۔ پس انہوں نے کہا: اے میرے بھائی! آپ ایسا نہ کریں کیونکہ میں

بِهِنَّ خِفْتُ اَنْ اُعَذَّبَ اَوْ يُخْسَفَ بِى . فَجَمَعَ بَنِى اِسْرَائِيلَ فِى بَيْتِ الْمَقْدِسِ حَتّٰى امْتَلَا الْمَسْجِدُ وَحَتّٰى جَلَسَ النَّاسُ عَلَى الشُّرُفَاتِ، فَوَعَظَ النَّاسَ ثُمَّ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ اَمَرَنِى بِخَمْسِ كَلِمَاتٍ اَنْ اَعْمَلَ بِهِنَّ وَآمُرَكُمْ اَنْ تَعْمَلُوا بِهِنَّ، اَوَّلُهُنَّ اَنْ لَا تُشْرِكُوا بِاللّٰهِ شَيْئًا، فَاِنَّ مَنْ اَشْرَكَ بِاللّٰهِ شَيْئًا فَمَثَلُهُ كَمَثَلِ رَجُلٍ اشْتَرَى عَبْدًا مِنْ خَالِصِ مَالِهِ بِذَهَبٍ اَوْ وَرِقٍ، فَقَالَ: هٰذِهِ دَارِى وَعَمَلِى فَاَدِّ عَمَلَكَ، فَجَعَلَ يَعْمَلُ وَيُؤَدِّى عَمَلَهُ اِلَى غَيْرِ سَيِّدِهِ، فَاَيُّكُمْ يُحِبُّ اَنْ يَكُونَ لَهُ عَبْدٌ كَذٰلِكَ يُؤَدِّى عَمَلَهُ اِلَى غَيْرِ سَيِّدِهِ، وَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ هُوَ خَلَقَكُمْ وَرَزَقَكُمْ فَلَا تُشْرِكُوا بِاللّٰهِ شَيْئًا، وَاِنَّ اللّٰهَ اَمَرَكُمْ بِالصَّلَاةِ، فَاِذَا نَصَبْتُمْ وُجُوهَكُمْ فَلَا تَلْتَفِتُوا، فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَنْصِبُ وَجْهَهُ لِوَجْهِ عَبْدِهِ اِذَا قَامَ يُصَلِّى، فَلَا يَصْرِفُ وَجْهَهُ عَنْهُ حَتّٰى يَكُونَ الْعَبْدُ هُوَ يَصْرِفُ، وَاَمَرَكُمْ بِالصِّيَامِ، فَاِنَّ مَثَلَ الصَّائِمِ مَثَلُ رَجُلٍ مَعَهُ صُرَّةُ مِسْكٍ فَهُوَ فِى عِصَابَةٍ لَيْسَ مَعَ اَحَدٍ مِنْهُمْ مِسْكٌ غَيْرُهُ، كُلُّهُمْ يَشْتَهِى اَنْ يَجِدَ رِيحَهَا، وَاِنَّ رِيحَ فَمِ الصَّائِمِ اَطْيَبُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ رِيحِ الْمِسْكِ . وَاَمَرَكُمْ بِالصَّدَقَةِ، فَاِنَّ مَثَلَهَا كَمَثَلِ رَجُلٍ اَخَذَهُ الْعَدُوُّ فَاَسَرُوهُ فَشَدُّوا يَدَهُ اِلَى عُنُقِهِ فَقَدَّمُوهُ لِيَضْرِبُوا عُنُقَهُ، فَقَالَ: لَا تَقْتُلُونِى، فَاِنِّى اَفْدِى نَفْسِى مِنْكُمْ بِكَذَا وَكَذَا مِنَ الْمَالِ، فَاَرْسَلُوهُ، فَجَعَلَ يَجْمَعُ لَهُمْ حَتّٰى فَدَى نَفْسَهُ، فَكَذٰلِكَ الصَّدَقَةُ يَفْتَدِى بِهَا الْعَبْدُ

ڈرتا ہوں کہ اگر آپ مجھ سے پہلے ان کے پاس گئے تو میں عذاب سے نہیں بچ سکوں گا' یا مجھے زمین میں دھنسا دیا جائے گا۔ پس انہوں نے لوگوں کو بیت المقدس میں جمع کیا یہاں تک کہ وہ بھر گئی' آپ بلند جگہ پر بیٹھ گئے' پس اللہ تعالیٰ کی حمد کی پھر ان کو آواز دی' فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے پانچ کلمات کا حکم دیا ہے' کہ میں ان پر خود بھی عمل کروں اور تمہیں حکم کروں کہ تم ان پر عمل کرو' ان میں سے پہلا کلمہ یہ ہے کہ تم اللہ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ' اس کی مثل اس آدمی کی طرح ہے جس نے خالص اپنے مال میں سے سونا یا چاندی کے بدلے غلام خریدا' پس فرمایا: یہ میرا گھر ہے اور یہ میرا عمل ہے' تو بھی عمل کر اپنا عمل میرے حوالے کر۔ پس انہوں نے عمل کرنا شروع کر دیا اور اپنا عمل اپنے سردار کے علاوہ کو ادا کرنا شروع کر دیا۔ پس تم میں سے کون اس کو پسند کرے گا کہ اس کا غلام اس طرح عمل کرے اور اپنا عمل اپنے سردار کے علاوہ کو ادا کرے؟ پس بے شک اللہ تعالیٰ نے تمہیں پیدا کیا ہے' تم کو روزی دی' پس اسی کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی شی کو شریک نہ بناؤ' اس نے تمہیں نماز کا حکم دیا ہے تو جب نماز پڑھ لو تو کسی اور طرف متوجہ نہ ہو کیونکہ اللہ تعالیٰ کا چہرہ اسی بندے کے چہرے کی طرف ہوتا ہے جب تک وہ کسی دوسری طرف متوجہ نہ ہو اور اس نے تمہیں روزے کا حکم دیا ہے' بے شک اس کی مثال اس آدمی کی طرح ہے جس کے پاس کستوری کی خوشبو ہو'

نَفْسَهُ مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ . وَاَمَرَكُمْ بِكَثْرَةِ ذِكْرِ اللّٰهِ، وَاِنَّ مَثَلَ ذٰلِكَ كَمَثَلِ رَجُلٍ ظَلَمَهُ الْعَدُوُّ فَانْطَلَقُوا فِي طَلَبِهِ سِرَاعًا، وَانْطَلَقَ حَتّٰى اَتٰى حِصْنًا حَصِينًا فَاَحْرَزَ نَفْسَهُ فِيهِ، وَكَذٰلِكَ مَثَلُ الشَّيْطَانِ لَا يُحْرِزُ الْعِبَادُ اَنْفُسَهُمْ مِنْهُ اِلَّا بِذِكْرِ اللّٰهِ

اس کے علاوہ کسی کے پاس خوشبو کی تھیلی نہ ہو ان میں سے ہر ایک پسند کرتا ہے کہ اس کی خوشبو پائے' بے شک روزہ دار کے منہ کی خوشبو اللہ کے نزدیک کستوری کی پاکیزہ خوشبو سے بھی زیادہ پسندیدہ ہے' اللہ نے تمہیں صدقہ (زکوٰۃ) کا حکم دیا ہے' اس کی مثال اس آدمی کی طرح ہے جس کو دشمن پکڑ لیں اور قیدی بنا لیں' اس کے ہاتھوں کو اس کی گردن سے باندھ دیں تاکہ اس کی گردن ماریں' پس وہ کہے: مجھے قتل نہ کروا اپنے مال سے میں فلاں فلاں چیز اپنی جان کا فدیہ دیتا ہوں' پس وہ اسے چھوڑ دیں' وہ اپنا مال اکٹھا کر کے ان کو بطور فدیہ ادا کر دے' پس اسی طرح صدقہ ہے' پس بندہ اپنی جان کا فدیہ دے کر اللہ کے عذاب سے نجات پاتا ہے' اللہ تعالیٰ نے تمہیں بہت زیادہ ذکر کرنے کا حکم دیا ہے' پس اس کی مثال اس آدمی کی مانند ہے' جس پر دشمنوں نے ظلم کیا ہو' پس وہ جلدی جلدی اس کی تلاش میں نکلیں اور وہ بھی چل کر مضبوط قلعے میں پناہ لے لے اور اپنے آپ کو محفوظ کر لے' اور یہی شیطان کی مثال ہے' بندے سوائے اللہ کے ذکر کے کسی اور طریقے سے' اس سے بچ ہی نہیں سکتے۔

**3352** - قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاَنَا آمُرُكُمْ بِخَمْسِ كَلِمَاتٍ اَمَرَنِي اللّٰهُ بِهِنَّ: الْجَمَاعَةِ وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ وَالْهِجْرَةِ وَالْجِهَادِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، فَمَنْ خَرَجَ مِنَ الْجَمَاعَةِ قَيْدَ شِبْرٍ فَقَدْ خَلَعَ رِبْقَةَ الْاِسْلَامِ مِنْ عُنُقِهِ اِلَّا اَنْ

رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں تمہیں اُن پانچ کلمات کا حکم دیتا ہوں جن کا اللہ نے مجھے حکم دیا ہے: (۱) جماعت (۲) سننا (۳) اطاعت کرنا (۴) ہجرت (۵) اللہ کی راہ میں جہاد' پس جو آدمی ایک بالشت کی مقدار جماعت سے نکلا' اس نے اپنی گردن سے اسلام کا

يُرَاجِعَ، وَمَنْ دَعَا دَعْوَةَ جَاهِلِيَّةٍ فَإِنَّهُ مِنْ جُثَاءِ جَهَنَّمَ . قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَإِنْ صَلَّى وَصَامَ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَإِنْ صَلَّى وَصَامَ، فَادْعُوا بِدَعْوَى اللّٰهِ الَّتِي سَمَّاكُمُ الْمُسْلِمِينَ الْمُؤْمِنِينَ عِبَادَ اللّٰهِ

پٹہ اتار دیا مگر یہ کہ وہ لوٹ آئے' پس جس نے جاہلیت کے زمانے والی چیخ و پکار کی تو یہ جہنم کی گرمی ہے۔ عرض کی گئی: اگرچہ وہ نمازیں پڑھے اور روزے رکھے' اے اللہ کے رسول! فرمایا: ہاں! اگرچہ نمازیں پڑھے اور روزے رکھے' اے اللہ کے بندو! ان ناموں سے پکارو جو اللہ نے عطا کیے ہیں یعنی مسلمان اور مؤمن۔

**3353** - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا يَحْيَى بْنُ كَثِيرٍ الْعَنْبَرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ، عَنْ جَدِّهِ، حَدَّثَنِي الْحَارِثُ الْأَشْعَرِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا آمُرُكُمْ بِخَمْسِ كَلِمَاتٍ أَمَرَنِي اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ بِهِنَّ؟ الْجَمَاعَةِ وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ وَالْهِجْرَةِ وَالْجِهَادِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، فَمَنْ خَرَجَ مِنَ الْجَمَاعَةِ قِيدَ شِبْرٍ فَقَدْ خَلَعَ رِبْقَةَ الْإِسْلَامِ مِنْ رَأْسِهِ إِلَّا أَنْ يَرْجِعَ، وَمَنْ دَعَا بِدَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ فَإِنَّهُ مِنْ جُثَاءِ جَهَنَّمَ . قَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَإِنْ صَامَ وَصَلَّى؟ قَالَ: وَإِنْ صَامَ وَصَلَّى، ادْعُوا بِدَعْوَى اللّٰهِ الَّذِي سَمَّاكُمُ الْمُسْلِمِينَ الْمُؤْمِنِينَ عِبَادَ اللّٰهِ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں تمہیں پانچ باتوں کا حکم دیتا ہوں جس کا اللہ نے مجھے حکم دیا ہے. (۱) جماعت (۲) سننا (۳) اطاعت کرنا (۴) ہجرت (۵) اللہ کی راہ میں جہاد کرنا' جو جماعت سے ایک بالشت علیحدہ ہوا اُس نے اپنے گلے سے اسلام کی رسّی اُتار دی' ہاں اگر واپس آ جائے تو پھر نہیں' جاہلیت کے دعویٰ کی طرف بلانا جہنم کے ٹھکانہ سے ہے۔ ایک آدمی نے عرض کی: اگرچہ روزہ رکھے اور نماز پڑھے؟ آپ نے فرمایا: اگرچہ روزہ رکھے اور نماز پڑھے' اے اللہ کے بندو! ان ناموں سے ایک دوسرے کو آواز دو جو تمہیں اللہ نے دیئے ہیں' مثلاً مسلمان اور مؤمن۔

# إِبْرَاهِيمُ بْنُ مِقْسَمٍ مَوْلَى هُذَيْلٍ عَنْ أَبِي مَالِكٍ

# حضرت ہذیل کے غلام ابراہیم بن مقسم رضی اللہ عنہ' حضرت ابو مالک سے روایت کرتے ہیں

**3354** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ الْمِصْرِيُّ،

حضرت ہذیل کے غلام ابراہیم بن مقسم' حضرت

ثنا اَبُو الْاَسْوَدِ النَّضرُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عَيَّاشِ بْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مِقْسَمٍ مَوْلَى هُذَيْلٍ، عَنْ اَبِى مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ اَنَّهُ قَدِمَ هُوَ وَاَصْحَابُهُ فِى سَفِينَةٍ وَمَعَهُ فَرَسٌ اَبْلَقُ، فَلَمَّا اُرْسِلُوا وَجَدُوا اِبِلًا كَثِيرَةً مِنْ اِبِلِ الْمُشْرِكِينَ فَاَخَذُوهَا، فَاَمَرَهُمْ اَبُو مَالِكٍ اَنْ يَنْحَرُوا مِنْهَا بَعِيرًا فَيَسْتَعِينُوا بِهَا، ثُمَّ مَضَى عَلَى قَدَمَيْهِ حَتَّى قَدِمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَخْبَرَهُ بِسَفَرِهِ وَاَصْحَابِهِ وَالْاِبِلِ الَّذِى اَصَابُوا، ثُمَّ رَجَعَ اِلَى اَصْحَابِهِ، فَقَالَ الَّذِينَ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَعْطِنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ مِنْ هَذِهِ الْاِبِلِ . فَقَالَ: اذْهَبُوا اِلَى اَبِى مَالِكٍ . فَلَمَّا اَتَوْهُ قَسَّمَهَا اَخْمَاسًا: خُمُسًا بَعَثَ بِهِ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَخَذَ ثُلُثَ الْبَاقِى بَعْدَ الْخُمُسِ فَقَسَمَهُ بَيْنَ اَصْحَابِهِ، وَالثُّلُثَيْنِ الْبَاقِيَيْنِ بَيْنَ الْمُسْلِمِينَ فَقُسِمَ بَيْنَهُمْ، فَجَاءُوا اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: مَا رَاَيْنَا مِثْلَ مَا صَنَعَ اَبُو مَالِكٍ بِهَذَا الْمَغْنَمِ. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ كُنْتُ اَنَا مَا صَنَعْتُ اِلَّا كَمَا صَنَعَ

ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ اور ان کے ساتھی ایک کشتی میں آئے' ان کے ساتھ ابلق گھوڑا بھی تھا' جب ان کو بھیجا گیا تو اُنہوں نے مشرکوں کے بہت زیادہ اونٹ پائے۔ حضرت ابو مالک نے ان اونٹوں میں سے ایک اونٹ نحر کرنے کا حکم دیا' وہ ان سے مدد مانگنے لگے' پھر اپنے دونوں قدموں کے نشانات پر حضور ﷺ کے پاس آئے' آپ کو نحر اور ساتھیوں اور ان اونٹوں کے متعلق بتایا جو ملے تھے' پھر اپنے ساتھیوں کی طرف گئے جو حضور ﷺ کے پاس تھے' اُنہوں نے کہا: ہمیں بھی ان اونٹوں میں سے حصہ دو! یارسول اللہ! ان اونٹوں میں سے ہمیں بھی دیں! آپ نے فرمایا: ابو مالک کی طرف جاؤ! جب ان کے پاس آئے تو نے اس کے پانچ حصے اُنہوں نے تقسیم کیے اور خمس رسول اللہ ﷺ کو بھیج دیا اور خمس کے بعد اپنے دوستوں میں تقسیم کیا' دو ثلث مسلمانوں کے درمیان اور ان کے درمیان تقسیم کیا گیا' حضور ﷺ کے پاس آئے' اُنہوں نے کہا: ہم نے ایسے کبھی نہیں دیکھا جس طرح ابو مالک نے مالِ غنیمت تقسیم کی ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: میں وہاں ہوتا تو میں بھی ایسے کرتا جس طرح ابو مالک نے کیا ہے۔

## شَهْرُ بْنُ حَوْشَبٍ عَنْ اَبِى مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ

## حضرت شہر بن حوشب' حضرت ابو مالک اشعری سے روایت کرتے ہیں

3355 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي حُسَيْنٍ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ: (لَا تَسْاَلُوا عَنْ اَشْيَاءَ اِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ) (المائدة: 101). قَالَ: فَنَحْنُ نَسْاَلُهُ اِذْ قَالَ: اِنَّ لِلّٰهِ عِبَادًا لَيْسُوا بِاَنْبِيَاءَ وَلَا شُهَدَاءَ يَغْبِطُهُمُ النَّبِيُّونَ وَالشُّهَدَاءُ بِقُرْبِهِمْ وَمَقْعَدِهِمْ مِنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ. قَالَ: وَفِي نَاحِيَةِ الْقَوْمِ اَعْرَابِيٌّ، فَقَامَ فَجَثَا عَلَى رُكْبَتَيْهِ وَرَمَى بِيَدَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: حَدِّثْنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ عَنْهُمْ مَنْ هُمْ؟ قَالَ: فَرَاَيْتُ وَجْهَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْتَشِرُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عِبَادٌ مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ مِنْ بُلْدَانٍ شَتَّى وَقَبَائِلَ مِنْ شُعُوبِ اَرْحَامِ الْقَبَائِلِ، لَمْ يَكُنْ بَيْنَهُمْ اَرْحَامٌ يَتَوَاصَلُونَ بِهَا لِلّٰهِ، لَا دُنْيَا يَتَبَادَلُونَ بِهَا، يَتَحَابُّونَ بِرُوحِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، يَجْعَلُ اللّٰهُ وُجُوهَهُمْ نُورًا، يَجْعَلُ لَهُمْ مَنَابِرَ مِنْ لُؤْلُؤٍ قُدَّامَ الرَّحْمٰنِ تَعَالَى، يَفْزَعُ النَّاسُ وَلَا يَفْزَعُونَ، وَيَخَافُ النَّاسُ وَلَا يَخَافُونَ

کہ میں حضور ﷺ کے پاس تھا' آپ پر یہ آیت نازل ہوئی: ''بہت زیادہ اشیاء کے متعلق نہ پوچھو اگر تمہارے (سامنے ان کی حقیقت) واضح کر دی گئی تو تم کو بُرا لگے گا'' ہم آپ سے پوچھتے' اچانک آپ نے فرمایا: اللہ کے کچھ بندے ایسے ہیں جو نہ انبیاء اور شہداء ہیں لیکن انبیاء اور شہداء اللہ کے ہاں ان کا قرب اور مقام دیکھ کر رشک کریں گے قیامت کے دن۔ حضرت ابو مالک فرماتے ہیں کہ لوگوں میں سے ایک دیہاتی کونے سے اُٹھا اور اپنے گھٹنوں کے بل گرا' اپنے دونوں ہاتھ کھڑے کیے اور عرض کرنے لگا: یارسول اللہ! ہمیں بتائیں کہ وہ لوگ کون ہیں؟ حضرت ابو مالک فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے چہرۂ مبارک پر خوشی دیکھی' حضور ﷺ نے فرمایا: مختلف شہروں اور قبائل میں کچھ لوگ ایسے ہیں کہ وہ آپس میں اللہ کی رضا کے لیے محبت کرتے ہیں حالانکہ نہ ان کے درمیان رشتے داری' نہ دنیا کے کاروبار کے لیے' وہ صرف اللہ کی رضا کے لیے محبت کرتے ہوں گے' اللہ عزوجل ان کے چہروں پر نظر کرم رکھے گا' ان کے لیے رحمٰن کے سامنے موتیوں کے منبر ہوں گے' لوگ اس دن پریشان ہوں گے لیکن وہ پریشان نہیں ہوں گے' لوگ خوف میں ہوں گے لیکن یہ خوف میں نہیں ہوں گے۔



**3356** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ، ثنا مَالِكُ بْنُ سُعَيْرٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ شَمِرِ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ کے کچھ بندے ایسے ہیں جو نہ تو انبیاء اور شہداء ہوں گے' لیکن ان کے لیے

شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ اَبِی مَالِكٍ الْاَشْعَرِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عِبَادٌ لِلّٰهِ تُوضَعُ لَهُمْ مَنَابِرُ مِنْ نُورٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، لَيْسُوا بِاَنْبِيَاءَ وَلَا شُهَدَاءَ، يَغْبِطُهُمُ النَّبِيُّونَ وَالشُّهَدَاءُ . قَالُوا: فَمَنْ هُمْ؟ قَالَ: الْمُتَحَابُّونَ فِی اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

موتیوں کے منبر ہوں گے (اور ان کے مقام و مرتبہ کو دیکھ کر) انبیاء اور شہداء رشک کریں گے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ کون لوگ ہوں گے؟ آپ نے فرمایا: جو اللہ کی رضا کے لیے آپس میں محبت کرتے ہوں گے۔

**3357** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ، ثنا هَوْذَةُ بْنُ خَلِيفَةَ، ثنا عَوْفٌ، عَنْ اَبِی الْمِنْهَالِ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، قَالَ: كَانَ رَجُلٌ مِنَّا قَدْ صَاحَبَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَالُ لَهُ مَالِكٌ اَوْ اَبُو مَالِكٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَقَدْ عَلِمْتُ اَقْوَامًا مَا هُمْ بِاَنْبِيَاءَ وَلَا شُهَدَاءَ يَغْبِطُهُمُ الْاَنْبِيَاءُ وَالشُّهَدَاءُ كَاَنَّهُمْ مِنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، اَقْوَامٌ مِنْ قَبَائِلَ شَتَّى يَتَحَابُّونَ فِی اللّٰهِ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میں ایسے لوگوں کو جانتا ہوں جو نہ تو انبیاء اور شہداء ہوں گے لیکن شہداء اور انبیاء (ان کے مقام و مرتبہ کو دیکھ کر) رشک کریں گے، وہ مختلف قبائل کے لوگ ہوں گے جو اللہ کی رضا کے لیے آپس میں محبت کرتے ہوں گے۔

**3358** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِی شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيسَ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ اَبِی مَالِكٍ الْاَشْعَرِیِّ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى، فَاَقَامَ الرِّجَالَ يَلُونَهُ، وَاَقَامَ الصِّبْيَانَ خَلْفَ ذٰلِكَ، وَاَقَامَ النِّسَاءَ خَلْفَ ذٰلِكَ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے نماز پڑھائی، مرد آپ کے پیچھے والی صف میں کھڑے ہوئے اور بچے اس کے پیچھے والی صف میں اور عورتیں اس سے پیچھے والی صف میں۔

**3359** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِی شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ اَبِی مَالِكٍ الْاَشْعَرِیِّ، اَنَّ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ظہر اور عصر کی چار رکعتوں میں قرأت کرتے تھے۔

النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْرَأُ فِي كُلِّهِنَّ، يَعْنِي الْاَرْبَعَ مِنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ

# شُرَيْحُ بْنُ عُبَيْدٍ الْحَضْرَمِيُّ عَنْ اَبِي مَالِكٍ

# حضرت شریح بن عبید حضرمی' حضرت ابو مالک سے روایت کرتے ہیں

3360 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، وَاَبُو زَيْدٍ الْحَوْطِيُّ، ثنا اَبُو الْمُغِيرَةِ، ثنا صَفْوَانُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، اَنَّ اَبَا مَالِكٍ الْاَشْعَرِيَّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: حُلْوَةُ الدُّنْيَا مُرَّةُ الْآخِرَةِ، وَمُرَّةُ الْآخِرَةِ حُلْوَةُ الدُّنْيَا

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: دنیا کی مٹھاس آخرت کا کڑواپن ہے اور دنیا کا کڑواپن دنیا کی مٹھاس ہے (یعنی جو دنیا میں آخرت کو بھول گیا وہ آخرت کے دن نادم اور پریشان ہوگا اور جو دنیا میں رہ کر آخرت کا طالب ہوگا وہ کامیاب وکامران ہوگا)۔

3361 - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ الطَّبَرَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي ضَمْضَمُ بْنُ زُرْعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثَةُ نَفَرٍ، كَانَ لِاَحَدِهِمْ عَشَرَةُ دَنَانِيرَ فَتَصَدَّقَ مِنْهَا بِدِينَارٍ، وَكَانَ لِآخَرَ عَشَرَةُ اَوَاقٍ فَتَصَدَّقَ مِنْهَا بِاُوقِيَّةٍ، وَآخَرُ كَانَ لَهُ مِائَةُ اُوقِيَّةٍ فَتَصَدَّقَ بِعَشَرَةِ اَوَاقٍ. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هُمْ فِي الْاَجْرِ سَوَاءٌ، كُلٌّ قَدْ تَصَدَّقَ بِعُشْرِ مَالِهِ قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (لِيُنْفِقْ ذُو سَعَةٍ مِنْ سَعَتِهِ) (الطلاق: 7)

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تین آدمی تھے' ایک کے پاس دس دینار تھے' اُس نے ان میں سے ایک دینار صدقہ کیا' دوسرے کے پاس دس اوقیہ تھے تو اُس نے ان میں سے ایک اوقیہ صدقہ کیا' تیسرے کے پاس ایک سو اوقیہ تھے تو اُس نے دس اوقیہ صدقہ کیے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: آخرت میں وہ سب ثواب میں برابر کے شریک ہوں گے' ہر ایک نے اپنے مال سے دسواں حصہ صدقہ کیا ہے' اللہ عزوجل فرماتا ہے: ہر طاقت والا اپنی طاقت کے مطابق خرچ کرے۔

3362 - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ الطَّبَرَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، حَدَّثَنِي ضَمْضَمُ بْنُ زُرْعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ أَبِي مَالِكٍ الْأَشْعَرِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ أَجَارَكُمْ مِنْ ثَلَاثِ خِلَالٍ: أَنْ لَا يَدْعُوَ عَلَيْكُمْ نَبِيُّكُمْ فَتَهْلِكُوا جَمِيعًا، وَأَنْ لَا يَظْهَرَ أَهْلُ الْبَاطِلِ عَلَى أَهْلِ الْحَقِّ، وَأَنْ لَا تَجْتَمِعُوا عَلَى ضَلَالَةٍ، فَهَؤُلَاءِ أَجَارَكُمُ اللّٰهُ مِنْهُنَّ، وَرَبُّكُمْ أَنْذَرَكُمْ ثَلَاثًا: الدُّخَانَ، يَأْخُذُ الْمُؤْمِنَ مِنْهُ كَالزَّكْمَةِ، وَيَأْخُذُ الْكَافِرَ فَيَنْتَفِخُ وَيَخْرُجُ مِنْ كُلِّ مَسْمَعٍ مِنْهُ، وَالثَّانِيَةُ الدَّابَّةُ، وَالثَّالِثَةُ الدَّجَّالُ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے تم پر تین پناہیں بھیجی ہیں: (۱) تمہارا نبی تمہارے خلاف دعا نہیں کرے گا کہ تم سارے کے سارے ہلاک ہو جاؤ' باطل والے اہلِ حق پر غالب نہیں رہیں گے' تم گمراہی پر اکٹھے نہیں ہو گے' یہ اللہ عزوجل کی طرف سے پناہیں ہیں اور تمہارا رب تمہیں تین کاموں سے ڈراتا ہے: (۱) دھواں' مؤمن اس سے لے گا جس طرح زکام ہوتا ہے اور کافر کو عذاب ہو گا تو وہ پھول جائے گا' اور وہ دھواں اس کے ہر مسام سے نکلے گا (۲) جانور کا نکلنا (۳) دجال کا نکلنا۔

3363 - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ الطَّبَرَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، حَدَّثَنِي ضَمْضَمُ بْنُ زُرْعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ أَبِي مَالِكٍ الْأَشْعَرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا عَطَسَ الرَّجُلُ فَلْيَقُلِ: الْحَمْدُ لِلَّهِ عَلَى كُلِّ حَالٍ، وَلْيَقُلْ مَنْ حَوْلَهُ: يَرْحَمُكَ اللّٰهُ، وَلْيَقُلْ هُوَ لِمَنْ حَوْلَهُ: يَهْدِيكُمُ اللّٰهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب کسی آدمی کو چھینک آئے تو وہ کہے: ہر حالت میں تعریفیں اللہ کے لیے ہیں' اس کے پاس بیٹھنے والے کہیں: اللہ آپ پر رحم کرے! وہ اپنے پاس بیٹھنے والوں کے لیے کہے: اللہ تمہیں ہدایت دے اور تمہاری حالت درست کرے!

3364 - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ الطَّبَرَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، حَدَّثَنِي ضَمْضَمُ بْنُ زُرْعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ أَبِي مَالِكٍ الْأَشْعَرِيِّ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا أَخَافُ عَلَى أُمَّتِي إِلَّا ثَلَاثَ خِلَالٍ: أَنْ يُكْثَرَ لَهُمْ مِنَ الْمَالِ فَيَتَحَاسَدُوا فَيَقْتَتِلُوا،

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اُنہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ آپ نے فرمایا: مجھے اپنی اُمت پر تین کاموں کا خوف ہے: (۱) مال زیادہ ہو گا تو وہ آپس میں حسد کریں گے اور لڑیں گے (۲) ان کے لیے کتابیں کھولی جائیں گی' مؤمن تاویل کرتے ہوئے اس سے حصولِ علم کرے گا'

وَاَنْ يُفْتَحَ لَهُمُ الْكُتُبُ يَأْخُذُ الْمُؤْمِنُ يَبْتَغِي تَأْوِيلَهُ، وَلَيْسَ يَعْلَمُ تَأْوِيلَهُ اِلَّا اللّٰهُ، وَالرَّاسِخُونَ فِي الْعِلْمِ يَقُولُونَ آمَنَّا بِهِ كُلٌّ مِنْ عِنْدِ رَبِّنَا، وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّا اُولُو الْاَلْبَابِ، وَاَنْ يَرَوْا ذَا عِلْمِهِمْ فَيُضَيِّعُوهُ وَلَا يُبَالُونَ عَلَيْهِ

حالانکہ اس کی تفسیر اللہ ہی جانتا ہے اور پختہ علم والے اور وہ کہتے ہیں: ہم اس پر ایمان لائے یہ سب ہمارے رب کی طرف سے ہے نصیحت عقل والے ہی پکڑتے ہیں اپنے علم والے کو دیکھیں گے لیکن اس کو ضائع کر دیں گے اور اس کی پروا نہیں کریں گے۔

**3365** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ الطَّبَرَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي ضَمْضَمُ بْنُ زُرْعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ لَمْ يُشْرِكْ بِاللّٰهِ شَيْئًا بَعْدَ اِذْ آمَنَ بِهِ، وَاَقَامَ الصَّلَاةَ الْمَكْتُوبَةَ، وَاَدَّى الزَّكَاةَ الْمَفْرُوضَةَ، وَصَامَ رَمَضَانَ، وَسَمِعَ وَاَطَاعَ، فَمَاتَ عَلَى ذٰلِكَ؛ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو ایمان لانے کے بعد اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائے نماز قائم کرے اور فرض زکوٰۃ ادا کرے اور رمضان کے روزے رکھے سنے اور اطاعت کرے اور وہ اسی حالت میں مر گیا تو اس کے لیے جنت واجب ہوگئی۔

**3366** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ الطَّبَرَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي ضَمْضَمُ بْنُ زُرْعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ اَيَّامَ الْاَضَاحِيِّ لِلنَّاسِ: اَلَيْسَ هٰذَا الْيَوْمَ الْحَرَامَ؟ قَالُوا: بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ. قَالَ: فَاِنَّ حُرْمَةَ مَا بَيْنَكُمْ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ كَحُرْمَةِ هٰذَا الْيَوْمِ، وَاُحَدِّثُكُمْ مَنِ الْمُسْلِمُ؟ اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُونَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ، وَاُحَدِّثُكُمْ مَنِ الْمُؤْمِنُ؟ مَنْ اَمِنَهُ الْمُسْلِمُونَ عَلَى اَنْفُسِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ، وَاُحَدِّثُكُمْ مَنِ الْمُهَاجِرُ؟ مَنْ هَجَرَ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حجۃ الوداع کے موقع پر لوگوں سے فرمایا: کیا آج کا دن حرمت والا نہیں ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! کیوں نہیں! آپ نے فرمایا: قیامت کے دن تک تمہارے خون تم پر حرام ہیں آج کے دن کی طرح میں تمہیں کامل مسلمان کے متعلق بتاؤں! کامل مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرا مسلمان محفوظ رہے تمہیں کامل ایمان والے کے متعلق بتاؤں! جس کی جان اور اموال محفوظ رہیں تمہیں ہجرت کے متعلق بتاؤں! جو برائیوں کو چھوڑ دے ایک مؤمن کی عزت دوسرے مؤمن پر ہے آج

السَّيِّئَاتِ، وَالْمُؤْمِنُ حَرَامٌ عَلَى الْمُؤْمِنِ كَحُرْمَةِ هَذَا الْيَوْمِ، لَحْمُهُ عَلَيْهِ حَرَامٌ أَنْ يَأْكُلَهُ بِالْغِيبَةِ يَغْتَابُهُ، وَعِرْضُهُ عَلَيْهِ حَرَامٌ أَنْ يَخْرِقَهُ، وَوَجْهُهُ عَلَيْهِ حَرَامٌ أَنْ يَلْطِمَهُ، وَدَمُهُ عَلَيْهِ حَرَامٌ أَنْ يَسْفِكَهُ، وَمَالُهُ عَلَيْهِ حَرَامٌ أَنْ يَظْلِمَهُ، وَأَذَاهُ عَلَيْهِ حَرَامٌ، وَهُوَ عَلَيْهِ حَرَامٌ أَنْ يَدْفَعَهُ دَفْعًا

کے دن کی حرمت کی طرح۔ اس نے عرض کی: عزت کی طرح اس کا گوشت بھی اس پر حرام ہے کہ وہ غیبت کر کے کھائے' اس کی عزت حرام ہے کہ وہ اسے خراب کرے' اس کا چہرہ حرام ہے کہ اس کے منہ پر نہ مارے۔ اس کا خون بہانا حرام ہے' ظلماً مال لینا حرام ہے' اس کو تکلیف دینا حرام ہے۔

**3367** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ الطَّبَرَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، حَدَّثَنِي ضَمْضَمُ بْنُ زُرْعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ أَبِي مَالِكٍ الْأَشْعَرِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللهِ، صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْسَ عَدُوَّكَ الَّذِي إِنْ قَتَلْتَهُ كَانَ لَكَ نُورًا، وَإِنْ قَتَلَكَ دَخَلْتَ الْجَنَّةَ، وَلَكِنَّ أَعْدَى عَدُوِّكَ وَلَدُكَ الَّذِي خَرَجَ مِنْ صُلْبِكَ، ثُمَّ أَعْدَى عَدُوٍّ لَكَ مَالُكَ الَّذِي مَلَكَتْ يَمِينُكَ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تیرا دشمن وہ نہیں ہے کہ اگر تُو اس کو قتل کرے تو وہ تیرے لیے نور ہو' اگر وہ تجھے قتل کرے تو تُو جنتی ہو' بلکہ تیرا سب سے بڑا دشمن تیری اولاد ہو جو تیری پشت سے نکلا ہے' تیرا دشمن تیرا مال ہے جو تیری ملکیت میں ہے۔

**3368** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ الطَّبَرَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، حَدَّثَنِي ضَمْضَمُ بْنُ زُرْعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ أَبِي مَالِكٍ الْأَشْعَرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْفِتْنَةَ تُرْسَلُ، وَيُرْسَلُ مَعَهَا الْهَوَى وَالصَّبْرُ، فَمَنِ اتَّبَعَ الْهَوَى كَانَتْ قِتْلَتُهُ سَوْدَاءَ، وَمَنِ اتَّبَعَ الصَّبْرَ كَانَتْ قِتْلَتُهُ بَيْضَاءَ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: فتنے بھیجے جائیں گے اس کے ساتھ خواہشاتِ نفس اور صبر ہوگا جس نے خواہشات کی پیروی کی اُس نے انہیں اندھیرے میں مرا جس نے صبر کی اتباع کی وہ روشنی میں مرگیا۔

**3369** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، حَدَّثَنِي ضَمْضَمُ بْنُ زُرْعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ أَبِي

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تین چیزیں میں نے اپنے بندوں سے چھپائی ہیں کہ اگر ان کو دکھا دی جائیں تو وہ

مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثُ خِلَالٍ غَيَّبْتُهُنَّ عَنْ عِبَادِي، لَوْ رَآهُنَّ مَا عَمِلَ سُوءًا اَبَدًا: لَوْ كَشَفْتُ غِطَائِي فَرَآنِي حَتَّى يَسْتَيْقِنَ وَيَعْلَمَ كَيْفَ اَفْعَلُ بِخَلْقِي إِذَا اَمَتُّهُمْ وَقَبَضْتُ السَّمَاوَاتِ بِيَدِي، ثُمَّ قَبَضْتُ الْاَرْضَ وَالْاَرَضِينَ، ثُمَّ قُلْتُ: اَنَا الْمَلِكُ، مَنْ ذَا الَّذِي لَهُ الْمُلْكُ دُونِي؟ ثُمَّ اُرِيهِمُ الْجَنَّةَ وَمَا اَعْدَدْتُ لَهُمْ فِيهَا مِنْ كُلِّ خَيْرٍ فَيَسْتَيْقِنُونَهَا، وَاُرِيهِمُ النَّارَ وَمَا اَعْدَدْتُ لَهُمْ مِنْ كُلِّ شَرٍّ فَيَسْتَيْقِنُونَهَا، وَلَكِنْ عَمْدًا غَيَّبْتُ ذَلِكَ عَنْهُمْ؛ لِاَعْلَمَ كَيْفَ يَعْمَلُونَ وَقَدْ بَيَّنْتُهُ لَهُمْ

کبھی بُرائی نہ کریں اگر میں دنیا کا پردہ کھولوں تو وہ مجھے دیکھیں یقین حاصل کریں اور جان لیں کہ میں اپنے مخلوق کے ساتھ کیا کرتا ہوں جب میں انہیں موت دوں آسمان کو اپنے ہاتھ میں لوں اور سات زمین بھی اور پھر میں کہوں گا: میں بادشاہ ہوں کون ہے جو میرے مقابلے میں بادشاہ ہے؟ پھر ان کو جنت دکھائی جائے گی میں نے اس میں ہر قسم کی بھلائی تیار کر کے رکھی ہے وہ یقین کر لیں گے میں نے انہیں دوزخ دکھائی کہ اس میں کیا برائیاں تیار کی ہیں وہ یقین کر لیں گے لیکن میں نے ان سے جان بوجھ کر پوشیدہ رکھی تا کہ میں مشاہدہ کروں کہ یہ کیسے عمل کرتے ہیں حالانکہ میں نے ان کے لیے بیان کر دیا ہے۔

**3370** - حَدَّثَنَا هَاشِمٌ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي ضَمْضَمُ بْنُ زُرْعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ رَجُلٍ يَسْتَيْقِظُ مِنَ اللَّيْلِ فَيُوقِظُ امْرَاَتَهُ، فَاِنْ غَلَبَهَا النَّوْمُ نَضَحَ فِي وَجْهِهَا مِنَ الْمَاءِ، فَيَقُومَانِ فِي بَيْتِهِمَا فَيَذْكُرَانِ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ سَاعَةً مِنَ اللَّيْلِ اِلَّا غُفِرَ لَهُمَا

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو کوئی آدمی رات کو اُٹھے اور اپنے گھر والوں کو جگائے اگر اس پر نیند غالب ہو تو وہ اس کے چہرے پر پانی چھینکے دونوں رات کے حصہ میں اپنے گھر میں کھڑے ہو کر اللہ کا ذکر کریں تو ان دونوں کو بخش دیا جائے گا۔

**3371** - حَدَّثَنَا هَاشِمٌ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي ضَمْضَمُ بْنُ زُرْعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَوْفَى

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ کے ہاں ایک مکمل کلمہ وہ ہے جو بندہ عرض کرتا ہے: اے اللہ! تو میرا رب ہے میں تیرا بندہ ہوں میں نے اپنی جان پر ظلم کیا اور میں

كَلِمَةٍ عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ يَقُولَ الْعَبْدُ: اللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّی وَاَنَا عَبْدُكَ، ظَلَمْتُ نَفْسِی، وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِی، وَلَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ اِلَّا اَنْتَ، اَیْ رَبِّ فَاغْفِرْ لِی

اپنے گناہوں کا اعتراف کرتا ہوں کیونکہ گناہ تُو ہی بخشنے والا ہے اے میرے رب! مجھے بخش دے۔

**3372** - حَدَّثَنَا هَاشِمٌ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنِی اَبِی، حَدَّثَنِی ضَمْضَمُ بْنُ زُرْعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ اَبِی مَالِكٍ الْاَشْعَرِیِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَنَا اَنْ نَقُولَ اِذَا اَصْبَحْنَا وَاِذَا اَمْسَيْنَا وَاِذَا اضْطَجَعْنَا عَلَى فُرُشِنَا: اللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ، عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ، اَنْتَ رَبُّ كُلِّ شَیْءٍ، وَالْمَلَائِكَةُ يَشْهَدُونَ اَنَّكَ لَا اِلَهَ اِلَّا اَنْتَ، فَاِنَّا نَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ اَنْفُسِنَا، وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ وَشِرْكِهِ، وَاَنْ نَقْتَرِفَ عَلَى اَنْفُسِنَا سُوءًا اَوْ نَجُرَّهُ اِلَى مُسْلِمٍ

حضرت ابومالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ ہمیں صبح و شام اور لیٹنے کے وقت یہ کلمات پڑھنے کا حکم دیتے تھے: ''اللّٰهم فاطر السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ الی آخرہٖ''۔

**3373** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنِی اَبِی، حَدَّثَنِی ضَمْضَمُ بْنُ زُرْعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ اَبِی مَالِكٍ الْاَشْعَرِیِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا نَامَ ابْنُ آدَمَ قَالَ الْمَلَكُ لِلشَّيْطَانِ: اَعْطِنِی صَحِيفَتَكَ، فَيُعْطِيهِ اِيَّاهَا، فَمَا وَجَدَ فِی صَحِيفَتِهِ مِنْ حَسَنَةٍ مَحَا بِهَا عَشْرَ سَيِّئَاتٍ مِنْ صَحِيفَةِ الشَّيْطَانِ وَكَتَبَهُنَّ حَسَنَاتٍ، فَاِذَا اَرَادَ اَحَدُكُمْ اَنْ يَنَامَ فَلْيُكَبِّرْ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ تَكْبِيرَةً، وَيُحَمِّدْ اَرْبَعًا وَثَلَاثِينَ تَحْمِيدَةً، وَيُسَبِّحْ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ تَسْبِيحَةً، فَتِلْكَ مِائَةٌ

حضرت ابومالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جب انسان سوتا ہے تو فرشتہ شیطان سے کہتا ہے: تُو مجھے اپنا رجسٹر دے' شیطان رجسٹر دیتا ہے تو وہ اس میں کوئی نیکی نہیں پاتا' شیطان کے رجسٹر سے دس گناہوں کو مٹا دیتا ہے اور نیکیاں لکھ دیتا ہے' جب تم میں سے کوئی سونے کا ارادہ کرے تو وہ تینتیس مرتبہ اللہ اکبر' چونتیس مرتبہ الحمد للہ اور تینتیس مرتبہ سبحان اللہ پڑھے' یہ پورا سو ہو جائے گا۔

**3374** - حَدَّثَنَا هَاشِمٌ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي ضَمْضَمُ بْنُ زُرْعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: اِذَا وَلَجَ الرَّجُلُ بَيْتَهُ فَلْيَقُلْ: اللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ خَيْرَ الْمَوْلِجِ وَخَيْرَ الْمَخْرَجِ، بِاسْمِ اللّٰهِ وَلَجْنَا، وَبِاسْمِ اللّٰهِ خَرَجْنَا، وَعَلَى اللّٰهِ رَبِّنَا تَوَكَّلْنَا، ثُمَّ يُسَلِّمُ عَلَى نَفْسِهِ

حضرت ابو مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب آدمی اپنے گھر داخل ہو تو یہ دعا پڑھے: ''اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْأَلُكَ الی آخرہ'' پھر اپنے اوپر سلام کرے۔

**3375** - حَدَّثَنَا هَاشِمٌ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي ضَمْضَمُ بْنُ زُرْعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اَصْبَحَ اَحَدُكُمْ فَلْيَقُلْ: اَصْبَحْنَا وَاَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ، اللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ خَيْرَ هَذَا الْيَوْمِ فَتْحَهُ وَنَصْرَهُ وَنُورَهُ وَبَرَكَتَهُ وَهُدَاهُ، وَاَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِيهِ وَمِنْ شَرِّ مَا قَبْلَهُ وَشَرِّ مَا بَعْدَهُ، ثُمَّ اِذَا اَمْسَى فَلْيَقُلْ مِثْلَ ذَلِكَ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی صبح کرے تو یہ دعا کرے: ''اصبحنا و اصبح الملك الی آخرہ'' جب شام کرے تو بھی اسی کی مثل دعا پڑھے۔

**3376** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي ضَمْضَمُ بْنُ زُرْعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِيَقُلْ اَحَدُكُمْ حِينَ يُرِيدُ اَنْ يَنَامَ: آمَنْتُ بِاللّٰهِ وَكَفَرْتُ بِالطَّاغُوتِ، وَعْدُ اللّٰهِ حَقٌّ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُونَ، اللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوذُ بِكَ مِنْ طَوَارِقِ هَذَا اللَّيْلِ اِلَّا طَارِقًا يَطْرُقُ بِخَيْرٍ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی سونے کا ارادہ کرے تو وہ یہ پڑھے: ''اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ الی آخرہ''۔

3377 - حَدَّثَنَا هَاشِمٌ، ثنا مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي ضَمْضَمٌ، عَنْ شُرَيْحٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَا وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَيُبْعَثَنَّ مِنكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اِلَى الْجَنَّةِ مِثْلُ اللَّيْلِ الْاَسْوَدِ زُمْرَةٌ جَمِيعُهَا يُحِيطُونَ الْاَرْضَ، تَقُولُ الْمَلَائِكَةُ: لَمَا جَاءَ مَعَ مُحَمَّدٍ اَكْثَرُ مِمَّا جَاءَ مَعَ الْاَنْبِيَاءِ

حضرت ابو مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ ذات جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! ضرور تم میں سے قیامت کے دن جنت کی طرف بھیجے جائیں گے' اندھیرے کی طرح گروہ کی شکل میں' ساری زمین کو گھیر لیں گے' فرشتے کہیں گے: محمد کے ساتھ اتنے لوگ آئے کہ اتنے تو تمام انبیاء کے ساتھ نہیں آئے۔

3378 - حَدَّثَنَا هَاشِمٌ، ثنا مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي ضَمْضَمٌ، عَنْ شُرَيْحٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَا يَنْظُرُ اِلَى اَجْسَامِكُمْ وَلَا اِلَى اَحْسَابِكُمْ وَلَا اِلَى اَمْوَالِكُمْ، وَلٰكِنْ يَنْظُرُ اِلَى قُلُوبِكُمْ، فَمَنْ كَانَ لَهُ قَلْبٌ صَالِحٌ تَحَنَّنَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، وَاِنَّمَا اَنْتُمْ بَنُو آدَمَ وَاَحَبُّكُمْ اِلَيَّ اَتْقَاكُمْ

حضرت ابو مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل تمہارے جسموں اور حسب اور تمہارے اموال کو نہیں دیکھتا ہے' اللہ تمہارے دلوں کو دیکھتا ہے کہ جس کا دل نیک ہوگا اُس پر اللہ کی رحمت اُترے گی' بنو آدم اور تم میں سے زیادہ پسند مجھے وہ ہیں جو زیادہ پرہیزگار ہیں۔

3379 - حَدَّثَنَا هَاشِمٌ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي ضَمْضَمُ بْنُ زُرْعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ حَبِّبِ الْمَوْتَ اِلَى مَنْ يَعْلَمُ اَنِّي رَسُولُكَ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا کرتے تھے: اے اللہ! تُو موت کو اس کے لیے محبوب بنا دے جو جانتا ہے کہ میں تیرا رسول ہوں۔

3380 - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي ضَمْضَمُ بْنُ زُرْعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْيَوْمُ الْمَوْعُودُ يَوْمُ الْقِيَامَةِ، وَاِنَّ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آج کے دن قیامت کے دن کا وعدہ کیا گیا ہے' جمعہ کا دن حاضری کا دن ہے' عرفہ کا دن حاضری کا دن ہے' جمعہ کا دن اللہ نے ہمارے لیے ذخیرہ کیا اور نمازِ عصر۔

الشَّاهِدَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ، وَإِنَّ الْمَشْهُودَ يَوْمُ عَرَفَةَ، وَيَوْمُ الْجُمُعَةِ ذَخَرَهُ اللّٰهُ لَنَا، وَصَلَاةُ الْوُسْطَى صَلَاةُ الْعَصْرِ

**3381** - حَدَّثَنَا هَاشِمٌ، ثنا مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي ضَمْضَمٌ، عَنْ شُرَيْحٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْجُمُعَةُ كَفَّارَةٌ لِمَا بَيْنَهَا وَبَيْنَ الْجُمُعَةِ الَّتِي قَبْلَهَا وَزِيَادَةُ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ، وَذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَالَ: (مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ عَشْرُ اَمْثَالِهَا) (الانعام: 160)

حضرت ابو مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایک جمعہ سے لے کر دوسرے جمعہ تک کے درمیان والے گناہوں کے کفارہ کا دن ہے اور تین دن زیادہ کیونکہ اللہ عزوجل کا فرمان ہے: جو ایک نیکی کرے گا اُس کے لیے دس گناہ نیکیاں ملیں گی۔

**3382** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي ضَمْضَمُ بْنُ زُرْعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الصَّلَوَاتُ كَفَّارَاتٌ لِمَا بَيْنَهُنَّ؛ لِاَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَالَ: (اِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ) (هود: 114)

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پانچ نمازیں درمیان میں ہونے والے گناہوں کا کفارہ ہے کیونکہ اللہ عزوجل نے فرمایا: نیکیاں بُرائیوں کو ختم کر دیتی ہیں۔

**3383** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُرْوَةَ الْحِمْصِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ الضَّحَّاكِ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ ضَمْضَمِ بْنِ زُرْعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّكُمْ اُمَّةٌ مَرْحُومَةٌ مُعَافَاةٌ، فَاسْتَقِيمُوا وَخُذُوا طَاقَةَ الْاَمْرِ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری اُمت' اُمتِ مرحومہ ہے' ایک دوسرے کو معاف کرنے والی ہے' سیدھے رہو' جتنی طاقت ہے اتنا عمل کرو۔

# خَالِدُ بْنُ سَعِيدٍ

# حضرت خالد بن سعید بن

# بْنِ اَبِی مَرْيَمَ عَنْ اَبِی مَالِكٍ

3384 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِیُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِی اُوَيْسٍ، حَدَّثَنِی اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِی مَرْيَمَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا مَالِكٍ الْاَشْعَرِیَّ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِی حَجَّةِ الْوَدَاعِ فِی اَوْسَطِ اَيَّامِ الْاَضْحَی: اَلَيْسَ هٰذَا الْيَوْمَ الْحَرَامَ؟ قَالُوا: بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ. قَالَ: فَاِنَّ حُرْمَةَ بَيْنِكُمْ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ كَحُرْمَةِ هٰذَا الْيَوْمِ. ثُمَّ قَالَ: اَلَا اُنَبِّئُكُمْ مَنِ الْمُسْلِمُ؟ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُونَ مِنْ لِسَانِهِ، وَاُنَبِّئُكُمْ مَنِ الْمُؤْمِنُ؟ مَنْ اَمِنَهُ الْمُؤْمِنُونَ عَلَى اَنْفُسِهِمْ وَدِمَائِهِمْ، وَاُنَبِّئُكُمْ مَنِ الْمُهَاجِرُ؟ مَنْ هَجَرَ السَّيِّئَاتِ وَهَجَرَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ، الْمُؤْمِنُ حَرَامٌ عَلَى الْمُؤْمِنِ كَحُرْمَةِ هٰذَا الْيَوْمِ، لَحْمُهُ عَلَيْهِ حَرَامٌ اَنْ يَاْكُلَهُ وَيَغْتَابَهُ بِالْغَيْبِ، وَعِرْضُهُ عَلَيْهِ حَرَامٌ اَنْ يَخْرِقَهُ، وَوَجْهُهُ عَلَيْهِ حَرَامٌ اَنْ يَلْطِمَهُ، وَحَرَامٌ عَلَيْهِ اَنْ يَدْفَعَهُ دَفْعَةً تُعَنِّتُهُ



# ابومریم‘ حضرت ابو مالک سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حجۃ الوداع کے موقع پر لوگوں سے فرمایا: کیا آج کا دن حرمت والا نہیں ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! کیوں نہیں! آپ نے فرمایا: قیامت کے دن تک تمہارے خون تم پر حرام ہیں آج کے دن کی طرح‘ میں تمہیں کامل مسلمان کے متعلق بتاؤں! کامل مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرا مسلمان محفوظ رہے‘ تمہیں کامل ایمان والے کے متعلق بتاؤں! جس کی جان اور اموال محفوظ رہیں‘ تمہیں ہجرت کے متعلق بتاؤں! جو برائیوں چھوڑ دے‘ ایک مؤمن کی عزت دوسرے مؤمن پر آج کے دن کی طرح ہے۔ اس نے عرض کی: عزت کی طرح اس کا گوشت بھی اس پر حرام ہے کہ وہ غیبت کر کے کھائے‘ اس کی عزت حرام ہے کہ وہ اسے خراب کرے‘ اس کا چہرہ حرام ہے کہ اس کے منہ پر نہ مارے۔ اس کا خون بہانا حرام ہے‘ ظلماً مال لینا حرام ہے‘ اس کو تکلیف دینا حرام ہے۔

# عَطَاءُ بْنُ يَسَارٍ عَنْ اَبِی مَالِكٍ

# حضرت عطاء بن یسار‘ حضرت ابو مالک اشعری

# الْاَشْعَرِيّ

# سے روایت کرتے ہیں

3385 - حَدَّثَنَا حَفْصٌ الرَّقِّيُّ، ثنا اَبُو حُذَيْفَةَ، ثنا زُهَيْرٌ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا شَرِيكٌ، كِلَاهُمَا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ، قَالَ: قَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَعْظَمَ الْغُلُولِ عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ذِرَاعُ اَرْضٍ - اَوْ قَالَ: شِبْرٌ - يَسْرِقُهَا الرَّجُلُ وَالْجَارُ، اَنْ يَكُونَ بَيْنَهُمَا الْاَرْضُ، فَيَسْرِقُهَا اَحَدُهُمَا صَاحِبَهُ؛ فَيُطَوَّقُهُ مِنْ سَبْعِ اَرَضِينَ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے ہاں قیامت کے دن سب سے بڑی خیانت ایک ہاتھ غصب کی ہوئی زمین ہوگی' یا ایک بالشت آدمی اور پڑوسی نے چوری کی ہو' ان دونوں کے درمیان نے ان میں سے ایک قبضہ کر لے' اس کو سات زمینوں کا طوق بنا کر اس کے گلے میں ڈالا جائے گا۔

# مُعَانِقٌ اَوْ اَبُو مُعَانِقٍ اَوِ ابْنُ مُعَانِقٍ عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ هَكَذَا يُرْوَى اسْمُهُ بِالشَّكِّ

# حضرت معانق یا ابو معانق یا ابن معانق' حضرت ابو مالک اشعری سے روایت کرتے ہیں' اسی طرح ان کا نام شک کے ساتھ روایت کیا گیا ہے

3386 - حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ قِيرَاطٍ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ يُوسُفَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَّامٍ، عَنِ ابْنِ مُعَانِقٍ الدِّمَشْقِيِّ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے نماز قائم کی اور زکوٰۃ ادا کی اور اللہ کی عبادت کرتے ہوئے مرا تو اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراتا ہو' اللہ پر حق ہے کہ اس کو جنت میں داخل کرے' ہجرت کی ہو یا وہاں بیٹھا رہا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ أَقَامَ الصَّلَاةَ وَآتَى الزَّكَاةَ وَمَاتَ يَعْبُدُ اللّٰهَ لَا يُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا؛ فَإِنَّ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ أَنْ يُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ هَاجَرَ أَوْ قَعَدَ فِي مَوْلِدِهِ . فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنْ حَدَّثْتُ بِهَا النَّاسَ يَطْمَئِنُّوا إِلَيْهَا . فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ أَعَدَّ لِلْمُجَاهِدِينَ فِي سَبِيلِهِ مِائَةَ دَرَجَةٍ، بَيْنَ كُلِّ دَرَجَتَيْنِ كَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ، فَلَوْ كَانَ عِنْدِي مَا أَتَقَوَّى بِهِ وَأُقَوِّي الْمُسْلِمِينَ، أَوْ بِأَيْدِيهِمْ مَا يُنْفِقُونَ بِهِ، مَا انْطَلَقَتْ سَرِيَّةٌ إِلَّا كُنْتُ صَاحِبَهَا، وَلَكِنْ لَيْسَ ذَاكَ بِيَدِي وَلَا بِأَيْدِيهِمْ، وَلَوْ خَرَجْتُ مَا بَقِيَ أَحَدٌ فِيهِ خَيْرٌ إِلَّا انْطَلَقَ مَعِي، وَذَلِكَ يَشُقُّ عَلَيَّ، فَلَوَدِدْتُ أَنْ أَغْزُوَ فَأُقْتَلَ ثُمَّ أُحْيَى ثُمَّ أَغْزُوَ فَأُقْتَلَ ثُمَّ أُحْيَى فَأُقْتَلَ

جہاں وہ پیدا ہوا تھا۔ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر میں لوگوں کو یہ بتاؤں تو وہ اس پر اطمینان کر لیں گے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل نے مجاہدین کے لیے سو درجات تیار کر کے رکھے ہیں، ہر دو درجوں کے درمیان فاصلہ زمین و آسمان جتنا ہے، اگر میرے پاس وہ چیز ہو جس کے ذریعے قوت حاصل کی جاتی ہے یا مسلمان جس سے قوت حاصل کرتے ہیں، یا اپنے ہاتھوں سے خرچ کرتے ہیں، وہ سریہ میں بھیج دیا جائے لیکن وہ میرے اور مسلمانوں کے پاس نہیں ہے اگر میں نکلتا تو کوئی بھلا آدمی نہ رہ جاتا سوائے اس کے جو میرے ساتھ نکلتا، یہ مجھ پر دشوار ہے، میں پسند کرتا ہوں کہ میں جہاد کروں اور شہید ہو جاؤں، پھر زندہ کیا جاؤں پھر جہاد کروں اور شہید ہو جاؤں، پھر زندہ کیا جاؤں پھر شہید کیا جاؤں۔

معانق او ابو معانق او ابن معانق عن ابی مالک

3387 - حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ قِيرَاطٍ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ يُوسُفَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي سَلَّامٍ، عَنِ ابْنِ مُعَانِقٍ الدِّمَشْقِيِّ، عَنْ أَبِي مَالِكٍ الْأَشْعَرِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ سَأَلَ اللّٰهَ الْقَتْلَ فِي سَبِيلِهِ صَادِقًا عَنْ نَفْسِهِ، ثُمَّ مَاتَ أَوْ قُتِلَ فَلَهُ أَجْرُ شَهِيدٍ، وَمَنْ جُرِحَ جُرْحًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ أَوْ نُكِبَ نَكْبَةً فَإِنَّهَا تَأْتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَأَغْزَرِ مَا كَانَتْ، لَوْنُهَا كَالزَّعْفَرَانِ وَرِيحُهَا رِيحُ الْمِسْكِ، وَمَنْ خَرَجَ بِهِ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے اللہ سے سچے دل سے شہادت مانگی اس کے راستے میں، پھر وہ مر گیا یا شہید ہو گیا تو اس کے لیے شہادت کا ثواب ہے، جس کو اللہ کی راہ میں زخم آیا یا اسے کوئی مصیبت پہنچی تو وہ قیامت کے دن آئے گا ایسے جس طرح اس نے جہاد کیا ہو، اس کا رنگ زعفران کے رنگ کی طرح ہوگا، اس کی خوشبو مشک کی خوشبو کی طرح ہو گی، جس کو اللہ کی راہ میں نکلتے ہوئے زخم آ گیا تو اس پر شہادت کی مہر لگا دی جائے گی۔

جِرَاحٌ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ كَانَ عَلَيْهِ طَابَعُ الشُّهَدَاءِ

**3388** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ مُعَانِقٍ اَوْ اَبِي مُعَانِقٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ فِي الْجَنَّةِ غُرْفَةً يُرَى ظَاهِرُهَا مِنْ بَاطِنِهَا وَبَاطِنُهَا مِنْ ظَاهِرِهَا، اَعَدَّهَا اللّٰهُ لِمَنْ اَطْعَمَ الطَّعَامَ، وَاَلَانَ الْكَلَامَ، وَتَابَعَ الصَّلَاةَ، وَقَامَ بِاللَّيْلِ وَالنَّاسُ نِيَامٌ

حضرت ابو مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایک کمرہ ہے کہ اس کے باہر سے اندر کا ماحول اور اندر سے باہر کا ماحول دکھائی دے گا' اللہ عزوجل نے یہ ان کے لیے تیار کیا ہے جو کھانا کھلاتے ہیں اور نرم گفتگو کرتے ہیں اور نماز پر ہمیشگی کرتے ہیں اور رات کو اُٹھ کر نماز پڑھتے ہیں جب لوگ سو رہے ہوتے ہیں۔

**3389** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْاَبَّارُ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَا: ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ، حَدَّثَنِي اَبُو سَلَّامٍ، حَدَّثَنِي اَبُو مُعَانِقٍ الْاَشْعَرِيُّ، حَدَّثَنِي اَبُو مَالِكٍ الْاَشْعَرِيُّ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ فِي الْجَنَّةِ غُرَفًا يَرَى ظَاهِرُهَا مِنْ بَاطِنِهَا وَبَاطِنُهَا مِنْ ظَاهِرِهَا، اَعَدَّهَا اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لِمَنْ اَطْعَمَ الطَّعَامَ، وَاَدَامَ الصِّيَامَ، وَصَلَّى بِاللَّيْلِ وَالنَّاسُ نِيَامٌ

حضرت ابو مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایک کمرہ ہے کہ اس کے باہر سے اندر کا ماحول اور اندر سے باہر کا ماحول دکھائی دے گا' اللہ عزوجل نے یہ ان کے لیے تیار کیا ہے جو کھانا کھلاتے ہیں اور نرم گفتگو کرتے ہیں اور نماز پر ہمیشگی کرتے ہیں اور رات کو اُٹھ کر نماز پڑھتے ہیں جب لوگ سو رہے ہوتے ہیں۔

## عَطَاءٌ الْخُرَاسَانِيُّ عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ

## حضرت عطاء الخراسانی' حضرت ابو مالک اشعری سے روایت کرتے ہیں

**3390** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِرْقٍ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

الْحِمْصِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُصَفًّى، ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ بِشْرِ بْنِ جَبَلَةَ، عَنْ عَطَاءٍ الْخُرَاسَانِيِّ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اَمَرَنِي اَنْ آمُرَكُمْ بِخَمْسِ كَلِمَاتٍ: عَلَيْكُمْ بِالْجِهَادِ وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ وَالْهِجْرَةِ، فَمَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ قَيْدَ قَوْسٍ لَمْ تُقْبَلْ مِنْهُ صَلَاةٌ وَلَا صِيَامٌ، وَاُولَئِكَ هُمْ وَقُودُ النَّارِ

کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے مجھے پانچ باتوں کا حکم دیا: تم پر جہاد لازم ہے‘ سننا اور اطاعت کرنا‘ ہجرت‘ جو جماعت سے ایک کمان کی مقدار علیحدہ ہوا اُس کی نماز اور روزے قبول نہیں ہوں گے‘ ایسے لوگ جہنم کا ایندھن ہیں۔

## حُرَيْثُ بْنُ غَانِمٍ الشَّيْبَانِيُّ

## حضرت حریث بن غانم شیبانی سے روایت کرتے ہیں

3391 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ مَعْمَرِ بْنِ عَمْرٍو الْمَازِنِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حَسَّانَ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَتْنِي جَدَّتَايَ، عَنْ جَدَّتِهِمَا قَيْلَةَ بِنْتِ مَخْرَمَةَ، قَالَتْ: خَرَجْتُ اُرِيدُ الصَّحَابَةَ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَغَدَوْتُ اِلَى حُرَيْثِ بْنِ غَانِمٍ، فَسَاَلْتُهُ الصَّحَابَةَ، فَاَنْعَمَ، فَصَحِبْتُهُ، فَوَرَدْنَا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُصَلِّي الْغَدَاةَ، وَالنُّجُومُ شَابِكَةٌ فِي السَّمَاءِ

حضرت قیلہ بنت مخرمہ فرماتی ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے صحابہ کی طرف نکلی‘ میں حریث بن غانم کے پاس آئی‘ میں نے صحابہ کے متعلق پوچھا تو آپ نے ہاں کی‘ میں ان کے پاس آئی‘ ہم حضور ﷺ کے پاس آئے‘ آپ نمازِ فجر پڑھا رہے تھے‘ اس وقت کہ ستارے آسمان میں چمک رہے تھے۔

## حُرَيْثٌ اَبُو عَمْرٍو الْمَخْزُومِيُّ وَهُوَ حُرَيْثُ بْنُ عَمْرِو بْنِ

## حضرت حریث‘ ابو عمرو المخزومی‘ یہ حریث بن عمرو

# عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ مَخْزُومٍ

# بن عثمان بن عبداللہ بن عمرو بن مخزوم ہیں

**3392** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ، ثنا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْكَمْأَةُ مِنَ الْمَنِّ، وَمَاؤُهَا شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ

حضرت عمرو بن حریث اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: کھنبی کا تعلق من وسلویٰ سے ہے' اس کا پانی آنکھوں کے لیے شفاء ہے۔

# حُرَيْثُ بْنُ زَيْدِ بْنِ ثَعْلَبَةَ الْأَنْصَارِيُّ، بَدْرِيٌّ

# حضرت حریث بن زید بن ثعلبہ انصاری بدری رضی اللہ عنہ

**3393** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي جُشَمَ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ: حُرَيْثُ بْنُ زَيْدِ بْنِ ثَعْلَبَةَ

حضرت عروہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انصار اور بنی جشم بن حارث بن خزرج میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حریث بن زید بن ثعلبہ کا ہے۔

**3394** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ: حُرَيْثُ بْنُ زَيْدِ بْنِ ثَعْلَبَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّبِّ

ابن شہاب سے روایت ہے کہ انصار اور بنی جشم بن حارث بن خزرج میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حریث بن زید بن ثعلبہ کا ہے۔

# حَرْمَلَةُ بْنُ عَمْرٍو

# حضرت حرملہ بن عمرو

# الْاَسْلَمِیُّ

# اسلمی رضی اللہ عنہ

3395 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّی، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، ثنا ابْنُ حَرْمَلَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ هِنْدٍ، عَنْ حَرْمَلَةَ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: حَجَجْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَجَّةَ الْوَدَاعِ وَاَنَا غُلَامٌ مُرْدِفِی عَمِّی، فَرَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاضِعًا اِحْدَى اُصْبُعَيْهِ عَلَى الْاُخْرَى، فَقُلْتُ لِعَمِّی: مَا يَقُولُ؟ قَالَ: يَقُولُ: ارْمُوا الْجِمَارَ بِمِثْلِ حَصَى الْخَذْفِ

حضرت حرملہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ حجۃ الوداع میں حج کیا' میں بچہ تھا اور اپنے چچا کے پیچھے تھے' میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے اپنی انگلی دوسری انگلی پر رکھی ہوئی تھی' میں نے اپنے چچا سے کہا: آپ نے کیا فرمایا ہے؟ چچا نے کہا کہ آپ نے فرمایا: کنکری مارو ٹھیکری کی مثل۔

3396 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْعَلَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِی مَرْيَمَ، اَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، حَدَّثَنِی عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ حَرْمَلَةَ، حَدَّثَنِی يَحْيَى بْنُ هِنْدٍ، عَنْ وَالِدِی حَرْمَلَةَ بْنِ عَمْرٍو، اَنَّهُ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَرَفَةَ وَعَمِّی مُرْدِفِی، فَنَظَرْتُ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ وَاضِعٌ اُصْبُعَيْهِ اِحْدَاهُمَا عَلَى الْاُخْرَى، قَالَ: قُلْتُ: مَاذَا يَقُولُ؟ قَالَ: يَقُولُ: ارْمُوا بِمِثْلِ حَصَى الْخَذْفِ

حضرت حرملہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ حجۃ الوداع میں حج کیا' میں بچہ تھا اور اپنے چچا کے پیچھے تھے' میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے اپنی انگلی دوسری انگلی پر رکھی ہوئی تھی' میں نے اپنے چچا سے کہا: آپ نے کیا فرمایا ہے؟ چچا نے کہا کہ آپ نے فرمایا: کنکری مارو ٹھیکری کی مثل۔



# حَرْمَلَةُ بْنُ زَيْدٍ الْاَنْصَارِیُّ

# حضرت حرملہ بن زید انصاری رضی اللہ عنہ

3397 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِیُّ، ثنا الْهَيْثَمُ بْنُ خَارِجَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھا کہ اچانک حضرت حرملہ بن

الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ اَبِي ذُبْحَةَ بْنِ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ جَاءَهُ حَرْمَلَةُ بْنُ زَيْدٍ فَجَلَسَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَلْاِيمَانُ هٰهُنَا وَاَشَارَ بِيَدِهِ اِلَى لِسَانِهِ وَالنِّفَاقُ هٰهُنَا، وَاَشَارَ بِيَدِهِ اِلَى صَدْرِهِ وَلَا يَذْكُرُ اللّٰهَ اِلَّا قَلِيلًا، فَسَكَتَ عَنْهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَدَّدَ ذٰلِكَ عَلَيْهِ وَسَكَتَ حَرْمَلَةُ فَاَخَذَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِطَرَفِ لِسَانِ حَرْمَلَةَ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اجْعَلْ لَهُ لِسَانًا صَادِقًا، وَقَلْبًا شَاكِرًا، وَارْزُقْهُ حُبِّي وَحُبَّ مَنْ يُحِبُّنِي وَصَيِّرْ اَمْرَهُ اِلَى الْخَيْرِ، فَقَالَ حَرْمَلَةُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّ لِي اِخْوَانًا مُنَافِقِينَ كُنْتُ فِيهِمْ رَاْسًا اَفَلَا اَدُلُّكَ عَلَيْهِمْ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا، مَنْ جَاءَنَا كَمَا جِئْتَنَا اسْتَغْفَرْنَا لَهُ كَمَا اسْتَغْفَرْنَا لَكَ، وَمَنْ اَصَرَّ عَلَى ذَنْبِهِ فَاللّٰهُ اَوْلَى بِهِ وَلَا تَخْرِقْ عَلَى اَحَدٍ سِتْرًا

زید رضی اللہ عنہ آئے اور رسول اللہ ﷺ کے سامنے بیٹھ گئے اور عرض کی: یارسول اللہ! ایمان یہاں' اپنی زبان کی طرف اشارہ کیا اور نفاق یہاں' اپنے دل کی طرف اشارہ کیا کہ وہ اللہ کا ذکر بہت کرتے ہیں' یعنی منافق۔ حضور ﷺ نے ان کا جواب نہیں دیا' حرملہ نے کئی دفعہ بات کی' حرملہ بھی خاموش ہو گئے' حضور ﷺ نے حرملہ کی زبان پکڑی اور یہ دعا کی: اے اللہ! اس کی زبان سچی کر دے اور اس کا دل شکر کرنے والا بنا دے اور میری محبت دے اور اس کی محبت جو مجھ سے محبت کرے اور اس کے لیے نیکی والے کام کر دے۔ حضرت حرملہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے بھائی منافق ہیں' میں ان میں بڑا ہوں' کیا میں انہیں بتاؤں؟ حضور ﷺ نے فرمایا: نہیں! جو ہمارے پاس آئے گا تو ہم اس کے لیے بخشش مانگیں گے جس طرح تُو ہمارے پاس آیا' اور جو اپنے گناہ پر ڈٹا رہا تو اللہ اس کا زیادہ حقدار ہے کہ اس کا پردہ نہ پھاڑے۔



# حَرْمَلَةُ اَبُو عُلَيْبَةَ الْعَنْبَرِيُّ

# حضرت حرملہ ابوعلیبہ عنبری رضی اللہ عنہ

**3398** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا اَبِي، وَعَمِّي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ، قَالَا: ثنا اَبِي، ثنا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا ضِرْغَامَةُ بْنُ عُلَيْبَةَ بْنِ حَرْمَلَةَ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: انْطَلَقْتُ فِي وَفْدِ الْحَيِّ اِلَى

حضرت ضرغامہ بن علیبہ بن حرملہ فرماتے ہیں کہ مجھے میرے والد نے بتایا' وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: میں اپنے قبیلہ کے وفد میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا' آپ نے ہمیں نمازِ فجر

رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّى بِنَا صَلَاةَ الصُّبْحِ، فَلَمَّا سَلَّمَ جَعَلْتُ اَنْظُرُ اِلَى وَجْهِ الَّذِى اِلَى جَنْبِى فَمَا اَكَادُ اَنْ اَعْرِفَهُ مِنَ الْغَلَسِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَوْصِنِى، قَالَ: اتَّقِ اللّٰهَ، وَاِنْ كُنْتَ فِى الْقَوْمِ فَسَمِعْتَهُمْ يَقُولُونَ لَكَ مَا يُعْجِبُكَ فَائْتِهِ، وَاِنْ سَمِعْتَهُمْ يَقُولُونَ لَكَ مَا تَكْرَهُ فَدَعْهُ

پڑھائی‘ جب سلام پھیرا تو میں نے اپنے پاس والوں کا چہرہ دیکھا‘ میں اندھیرے کی وجہ سے پہچان نہ سکا‘ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے وصیت کریں! آپ نے فرمایا: اللہ سے ڈرو! اگر تم لوگوں میں ہو تو تم سنو کہ وہ تیرے لیے کیا کہتے ہیں‘ جو تیرے لیے پسند ہے اس کو کر لے اور اگر تم سنو کہ لوگ تیرے لیے کہتے ہیں جو تُو ناپسند کرتا ہے تو اس کو چھوڑ دے۔

# حِذْيَمٌ اَبُو حَنْظَلَةَ الْحَنَفِىُّ

# حضرت حذیم ابوحنظلہ الحنفی رضی اللہ عنہ

**3399** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّىُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِى بَكْرٍ الْمُقَدَّمِىُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا ذَيَّالُ بْنُ عُبَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جَدِّى، يَقُولُ: قَالَ اَبُوهُ حِذْيَمٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنِّى ذُو بَنِينَ وَهٰذَا اَصْغَرُ بَنِىَّ فَسَمِّتْ عَلَيْهِ، فَقَالَ: تَعَالَ يَا غُلَامُ، فَاَخَذَ بِيَدَىَّ وَمَسَحَ رَاْسِى وَقَالَ: بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِيهِ، قَالَ: فَرَاَيْتُ حَنْظَلَةَ يُؤْتَى بِالْاِنْسَانِ الْوَرِمِ فَيَمْسَحُ يَدَهُ عَلَيْهِ وَيَقُولُ: بِسْمِ اللّٰهِ، فَيَذْهَبُ الْوَرَمُ

حضرت دیال بن عبید فرماتے ہیں: میں نے اپنے دادا کو کہتے ہوئے سنا کہ ان کے باپ حذیم نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میرے دو بیٹے ہیں اور یہ میرا چھوٹا بیٹا ہے‘ دعا کریں یہ کسی مصیبت میں گرفتار نہ ہو۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے بچے! ادھر آؤ! میرا ہاتھ پکڑ کر میرے سر پر ہاتھ پھیرا‘ فرمایا: اللہ تیرے لیے اس میں برکت دے۔ راوی کہتے ہیں: میں نے حنظلہ کو دیکھا‘ ان کے پاس آدمی لایا جاتا‘ سوجن والا‘ پس وہ اس پر اپنا ہاتھ پھیرتے اور بسم اللہ کہتے‘ سوجن ختم ہو جاتی۔



# حِذْيَمُ بْنُ عَمْرٍو السَّعْدِىُّ

# حضرت حذیم بن عمرو السعدی رضی اللہ عنہ

3400 - حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ، أَنَا جَرِيرٌ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِسْحَاقَ الطَّالْقَانِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، وَعُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالُوا: ثنا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ مُوسَى بْنِ زِيَادِ بْنِ حِذْيَمِ بْنِ عَمْرٍو السَّعْدِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ حِذْيَمِ بْنِ عَمْرٍو أَنَّهُ شَهِدَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ، فَقَالَ: أَلَا إِنَّ دِمَاءَكُمْ وَأَمْوَالَكُمْ عَلَيْكُمْ حَرَامٌ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هَذَا، فِي بَلَدِكُمْ هَذَا، أَلَا هَلْ بَلَّغْتُ؟، قَالُوا: نَعَمْ، قَالَ: اللّٰهُمَّ اشْهَدْ . وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ أَبِي الرَّبِيعِ

حضرت موسیٰ بن زیاد بن حذیم بن عمرو السعدی اپنے والد سے وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ وہ حجۃ الوداع کے موقع پر حضور ﷺ کے پاس تھے آپ نے فرمایا: تمہارا خون اور اموال تم پر حرام ہیں تمہارے اس دن کی طرح، تمہارے اس شہر کی طرح، کیا میں نے پہنچا دیا؟ صحابہ کرام نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: اے اللہ! تم گواہ رہنا! یہ الفاظ ابوربیع کی حدیث کے ہیں۔

## حَبَّةُ وَسَوَاءٌ ابْنَا خَالِدٍ مِنْ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ بْنِ عَامِرِ بْنِ صَعْصَعَةَ

## حضرت حبہ اور سواء خالد کے بیٹے بنی عمرو بن عامر بن ربیعہ بن عامر بن صعصعہ سے

3401 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ سَلَّامٍ أَبِي شُرَحْبِيلَ، عَنْ حَبَّةَ، وَسَوَاءٍ ابْنَيْ خَالِدٍ، قَالَا: دَخَلْنَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُعَالِجُ شَيْئًا فَأَعَنَّاهُ فَقَالَ:

حضرت حبہ اور سواء بن خالد کے دونوں فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس آئے آپ کسی شی کا علاج فرما رہے تھے ہم نے آپ کی مدد کی تو آپ نے فرمایا: رزق سے کبھی مایوس نہ ہونا جب تک تمہارے سروں میں حرکت ہے انسان کی ماں نے اس کو سرخ جنا

لَا تَيْأَسَا مِنَ الرِّزْقِ مَا تَهَزْهَزَتْ رُءُوسُكُمَا فَإِنَّ الْإِنْسَانَ تَلِدُهُ أُمُّهُ أَحْمَرَ لَيْسَ عَلَيْهِ قِشْرٌ ثُمَّ يَرْزُقُهُ اللّٰهُ

اس پر چھلکا بھی نہیں ہوتا' پھر اللہ اس کو پالتا ہے۔

**3402** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ سَلَّامٍ أَبِي شُرَحْبِيلَ، عَنْ حَبَّةَ، وَسَوَاءٍ ابْنَيْ خَالِدٍ، قَالَا: دَخَلْنَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: لَا تَيْأَسَا مِنَ الرِّزْقِ مَا تَهَزْهَزَتْ رُءُوسُكُمَا، فَإِنَّ الْإِنْسَانَ تَلِدُهُ أُمُّهُ أَحْمَرَ لَيْسَ عَلَيْهِ قِشْرٌ ثُمَّ يَرْزُقُهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت حبہ اور سواء بن خالد دونوں فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس آئے' آپ کسی شی کا علاج فرما رہے تھے' ہم نے آپ کی مدد کی تو آپ نے فرمایا: رزق سے کبھی مایوس نہ ہونا جب تک تمہارے سروں میں حرکت ہے' انسان کی ماں نے اس کو سرخ جنا' اس پر چھلی بھی نہیں ہوتی' پھر اللہ اس کو پالتا ہے۔

## حَبَّةُ بْنُ جُوَيْنٍ الْعُرَنِيُّ، يُقَالُ إِنَّهُ قَدْ رَأَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## حضرت حبہ بن جوینی العرنی رضی اللہ عنہ کے متعلق کہا جاتا ہے کہ اُنہوں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا ہے

**3403** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ أَبِي الْمِقْدَامِ، عَنْ حَبَّةَ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ لِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَلِيُّ أُوصِيكَ بِالْعَرَبِ خَيْرًا، أُوصِيكَ بِالْعَرَبِ خَيْرًا

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے فرمایا: اے علی! آپ کو عرب کے متعلق بھلائی کی وصیت کرتا ہوں' آپ کو عرب کے متعلق بھلائی کی وصیت کرتا ہوں۔

## حَمَلُ بْنُ مَالِكِ بْنِ

## حضرت حمل بن مالک بن

# النَّابِغَةِ الْهُذَلِيُّ

**3404** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، قَالَ: قَامَ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ عَلَى الْمِنْبَرِ فَقَالَ: أُذَكِّرُ اللَّهَ امْرَأً سَمِعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضَى فِي الْجَنِينِ، فَقَامَ حَمَلُ بْنُ مَالِكِ بْنِ النَّابِغَةِ الْهُذَلِيُّ، فَقَالَ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ كُنْتُ بَيْنَ جَارِتَيْنِ - يَعْنِي ضَرَّتَيْنِ، فَجَرَحَتْ أَوْ ضَرَبَتْ إِحْدَاهُمَا الْأُخْرَى بِعَمُودِ ظُلَّتِهَا فَقَتَلَتْهَا وَقَتَلَتْ مَا فِي بَطْنِهَا، فَقَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْجَنِينِ بِغُرَّةٍ عَبْدٍ أَوْ أَمَةٍ، فَقَالَ عُمَرُ: اللَّهُ أَكْبَرُ لَوْ لَمْ نَسْمَعْ بِهَذَا مَا قَضَيْنَا بِغَيْرِهِ

**3405** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عِمْرَانَ بْنِ أَبِي لَيْلَى، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ الْهُذَلِيِّ أَنَّهُ كَانَتْ عِنْدَهُ امْرَأَةٌ فَتَزَوَّجَ عَلَيْهَا أُخْرَى، فَتَغَايَرَتَا فَضَرَبَتِ الْهِلَالِيَّةُ الْعَامِرِيَّةَ بِعُودِ فُسْطَاطٍ لِي، فَطَرَحَتْ وَلَدًا مَيِّتًا، فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دُوهُ، فَجَاءَ وَلِيُّهَا فَقَالَ: أَنَدِي مَنْ لَا أَكَلَ، وَلَا شَرِبَ، وَلَا اسْتَهَلَّ، فَمِثْلُ ذَلِكَ يُطَلُّ، فَقَالَ: رَجَزُ الْأَعْرَابِ نَعَمْ

# نابغہ الہذلی رضی اللہ عنہ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ منبر پر کھڑے ہوئے' فرمایا: اللہ اس کو میں یاد کرواتا ہوں وہ بات جو اس نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے کہ آپ نے جنین (پیٹ کا بچہ) کے متعلق فیصلہ کیا ہے۔ حضرت حمل بن نابغہ الہذلی رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور عرض کی: اے امیر المؤمنین! میں دو عورتوں کے درمیان تھا' جب وہ لڑیں تو اُن میں سے ایک نے دوسری کو زخمی کیا' یا لکڑی کے ساتھ مارا تو وہ مرگئی اور جو اس کے پیٹ میں تھا وہ بھی مرگیا۔ تو حضور ﷺ نے پیٹ کے بچے کی دیت ایک چٹی مقرر کی غلام ہو یا لونڈی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ بہت بڑا ہے' اگر ہم یہ نہ سنتے تو ہم اس کے بغیر فیصلہ نہیں کر سکتے تھے۔

حضرت ہذلی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میرے نکاح میں ایک عورت تھی' اس کے بعد میں نے دوسری شادی کر لی' دونوں لڑ پڑیں' تو حلالیہ العامریہ نے خیمہ کی لکڑی ماری' اُس نے مردار بچہ جن دیا' تو حضور ﷺ نے انہیں فرمایا: اس کی دیت ہے' جس عورت نے مارا تھا اس کا ولی آیا' اُس نے عرض کی: کیا ہم اس کی دیت دیں جس نے نہ کھایا نہ پیا ہے' نہ چیخ ماری ہے' اس کی دیت نہیں ہے۔ عرب کا رجز کہا' جی ہاں! اس کی دیت چٹی مقرر ہے غلام یا لونڈی۔

دُوهُ فِيهِ غُرَّةٌ عَبْدٍ اَوْ وَلِيدَةٌ

**3406** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الزُّهْرِيِّ التُّسْتَرِيُّ، ثنا زِيَادُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْقُرَشِيُّ، ثنا اَبُو بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ، حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا اَبُو الْمَلِيحِ الْهُذَلِيُّ، عَنْ حَمَلِ بْنِ النَّابِغَةِ اَنَّهُ كَانَتْ لَهُ امْرَاَتَانِ لِحْيَانِيَّةٌ وَمُعَاوِيَّةٌ مِنْ بَنِي مُعَاوِيَةَ بْنِ زَيْدٍ وَاَنَّهُمَا اجْتَمَعَتَا فَتَغَايَرَتَا فَرَفَعَتِ الْمُعَاوِيَّةُ حَجَرًا فَرَمَتْ بِهِ اللِّحْيَانِيَّةَ وَهِيَ حُبْلَى وَقَدْ بَلَغَتْ فَقَتَلَتْهَا فَاَلْقَتْ غُلَامًا، فَقَالَ حَمَلُ بْنُ مَالِكٍ لِعِمْرَانَ بْنِ عُوَيْمِرٍ: اَدِّ اِلَيَّ عَقْلَ امْرَاَتِي، فَارْتَفَعَا اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: الْعَقْلُ عَلَى الْعَصَبَةِ وَفِي السِّقْطِ غُرَّةٌ عَبْدٌ اَوْ اَمَةٌ

حضرت حمل بن نابغہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میری دو بیویاں تھیں' لحیانیہ اور معاویہ' یہ بنی معاویہ بن زید سے تھی' دونوں اکٹھیں ہوئیں تو دونوں لڑ پڑیں' معاویہ نے پتھر اُٹھایا اور لحیانیہ کو مارا' وہ حاملہ تھی' وہ پتھر اُسے لگا اور وہ بچہ مر گیا اور اُس نے جن دیا۔ حمل بن مالک نے عمران بن عویمر سے کہا: میری بیوی کی دیت دو! دونوں اپنا معاملہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں لے کر آئے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: دیت عصبہ پر ہے' جو بچہ گر گیا ہے' اس کی دیت بردہ مقرر غلام یا لونڈی ہے۔

**3407** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ بْنِ اُسَامَةَ، اَنَّ حَمَلَ بْنَ مَالِكِ بْنِ النَّابِغَةِ كَانَتْ: تَحْتَهُ ضَرَّتَانِ مُلَيْكَةُ وَاُمُّ عَفِيفٍ فَرَمَتْ اِحْدَاهُمَا صَاحِبَتَهَا بِحَجَرٍ فَاَصَابَتْ قُبُلَهَا، فَاَلْقَتْ جَنِينًا مَيِّتًا وَمَاتَتْ فَرُفِعَ ذَلِكَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ دِيَتَهَا عَلَى قَوْمِ الْقَاتِلَةِ وَجَعَلَ فِي جَنِينِهَا غُرَّةٌ عَبْدٌ اَوْ اَمَةٌ اَوْ عِشْرِينَ مِنَ الْاِبِلِ اَوْ مِائَةَ شَاةٍ، فَقَالَ وَلِيُّهَا: وَاللّٰهِ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ مَا اَكَلَ، وَلَا شَرِبَ، وَلَا صَاحَ فَاسْتَهَلَّ، فَمِثْلُ ذَلِكَ يُطَلُّ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَسْنَا مِنْ اَسَاجِيعِ الْجَاهِلِيَّةِ فِي شَيْءٍ

حضرت حمل بن مالک بن نابغہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ان کے نکاح میں دو بیویاں تھیں' ملیکہ اور اُم عفیف' ایک نے دوسری کو پتھر مارا' پھر دوسری عورت کے آگے والے حصہ پر لگا تو اُس نے مردہ بچہ جن دیا۔ یہ معاملہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں لایا گیا تو آپ نے دیت قاتلہ کے ورثاء پر مقرر کی' اس بچہ کی دیت بردہ مقرر غلام یا لونڈی رکھی' یا بیس اونٹ یا سو بکریاں۔ اس کے ولی نے عرض کی: اللہ کی قسم! اے اللہ کے نبی! نہ اس نے کھایا ہے نہ پیا ہے' نہ چیخ ماری ہے' اس طرح کی دیت باطل ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہم جاہلیت والا کوئی کام نہیں کرتے ہیں۔

# حَنْظَلَةُ بْنُ اَبِی عَامِرِ بْنِ الرَّاهِبِ الْاَنْصَارِیُّ ثُمَّ الْاَوْسِیُّ

# حضرت حنظلہ بن ابو عامر بن راہب الانصاری‘ پھر اوسی رضی اللہ عنہ

غَسِیلُ الْمَلَائِکَةِ اسْتُشْهِدَ یَوْمَ اُحُدٍ

آپ کو غسیل الملائکہ بھی کہا جاتا ہے (یعنی فرشتوں نے آپ کو غسل دیا تھا) آپ اُحد کے دن شہید کیے گئے تھے۔

**3408** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِیُّ، حَدَّثَنِی اَبِی، ثنا ابْنُ لَهِیعَةَ، عَنْ اَبِی الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِی تَسْمِیَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ یَوْمَ اُحُدٍ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَنْظَلَةُ بْنُ اَبِی عَامِرِ بْنِ صَیْفِیِّ بْنِ نُعْمَانَ غَسِیلُ الْمَلَائِکَةِ

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ اُحد کے دن رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جو شہید کیے گئے‘ اُن کے ناموں میں سے ایک نام حنظلہ بن ابو عامر بن صیفی بن نعمان ہے‘ انہیں فرشتوں نے غسل دیا۔

**3409** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَیْمَانَ الْاَصْبَهَانِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَیِّبِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَیْحٍ، عَنْ مُوسَی بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِی تَسْمِیَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ یَوْمَ اُحُدٍ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِی زُرَیْقٍ حَنْظَلَةُ بْنُ اَبِی عَامِرٍ وَهُوَ الَّذِی غَسَّلَتْهُ الْمَلَائِکَةُ

حضرت ابن شہاب سے روایت ہے کہ اُحد کے دن انصار اور بنی زریق میں سے جو شہید ہوئے‘ اُن میں سے ایک حنظلہ بن ابو عامر ہیں‘ آپ کو فرشتوں نے غسل دیا تھا۔

**3410** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِی شَیْبَةَ، ثنا یَحْیَی بْنُ مَعِینٍ، ثنا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ سَعِیدِ بْنِ اَبِی عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: افْتَخَرَ الْحَیَّانِ الْاَوْسُ وَالْخَزْرَجُ، فَقَالَ الْاَوْسُ مِنَّا اَرْبَعَةٌ، وَقَالَ الْخَزْرَجُ: مِنَّا اَرْبَعَةٌ، قَالَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اوس اور خزرج کے دو قبیلے فخر کرتے تھے‘ اوس نے کہا: ہم میں سے چار افراد ہیں‘ خزرج نے کہا: ہم میں سے بھی چار ہیں‘ اوس نے کہا: ہم میں سے وہ ہے جس کی وجہ سے عرش کانپ اُٹھا تھا اور وہ حضرت سعد بن معاذ ہیں‘ ہم

الْاَوْسُ: مِنَّا مَنِ اهْتَزَّ لَهُ عَرْشُ الرَّحْمَنِ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ، وَمِنَّا مَنْ عَدَلَتْ شَهَادَتُهُ بِشَهَادَةِ رَجُلَيْنِ خُزَيْمَةُ بْنُ ثَابِتٍ، وَمِنَّا مَنْ غَسَّلَتْهُ الْمَلَائِكَةُ حَنْظَلَةُ بْنُ الرَّاهِبِ وَمِنَّا مَنْ حَمَى لَحْمَهُ الدَّبْرُ: عَاصِمُ بْنُ ثَابِتِ بْنِ الْاَفْلَحِ، وَقَالَ الْخَزْرَجُ: مِنَّا اَرْبَعَةٌ جَمَعُوا الْقُرْآنَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَمْ يَجْمَعْهُ غَيْرُهُمْ: اُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ، وَمُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ، وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ، وَاَبُو زَيْدٍ، قُلْتُ لِاَنَسٍ: مَنْ اَبُو زَيْدٍ؟ قَالَ: اَحَدُ عُمُومَتِي

میں سے وہ آدمی ہے جس کی گواہی دو آدمیوں کے برابر ہے یعنی خزیمہ بن ثابت' ہم میں سے وہ ہے جس کو فرشتوں نے غسل دیا وہ حنظلہ بن راهب ہیں' ہم میں سے وہ ہے جن کے گوشت کو شہد کی مکھیوں نے بچایا' یعنی ان کی لاش کی حفاظت کی' وہ عاصم بن ثابت بن افلح ہیں۔ خزرج نے کہا: ہم میں سے چار وہ ہیں جنہوں نے رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں قرآن جمع کیا اور ان کے علاوہ کوئی نہیں تھا' وہ حضرت اُبی بن کعب' معاذ بن جبل' زید بن ثابت اور ابوزید ہیں۔ راویٔ حدیث قتادہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت انس سے کہا: ابوزید کون ہیں؟ حضرت انس نے کہا: میرے چچاؤں میں سے ایک ہیں۔

## حَنْظَلَةُ بْنُ الرَّبِيعِ الْاُسَيِّدِيُّ الْكَاتِبُ

## حضرت حنظلہ بن الربیع الاسیدی الکاتب رضی اللہ عنہ

**3411** - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، ثنا الْمُرَقَّعُ بْنُ صَيْفِيٍّ، عَنْ حَنْظَلَةَ الْكَاتِبِ قَالَ: غَزَوْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَرَرْنَا بِامْرَاَةٍ قَدْ قُتِلَتْ لَهَا خَلْقٌ وَالنَّاسُ عَلَيْهَا، فَفَرَّجُوا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَا كَانَتْ هَذِهِ لِتُقَاتِلُ، ثُمَّ قَالَ: اذْهَبْ فَالْحَقْ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ فَقُلْ: لَا تَقْتُلْ ذُرِّيَّةً وَلَا عَسِيفًا

حضرت حنظلہ الکاتب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے حضور ﷺ کے ساتھ جہاد کیا' ہم ایک عورت کے پاس سے گزرے تو اس کو قتل کیا گیا تھا' لوگ اس کے پاس تھے' حضور ﷺ کے لیے راستہ بنایا گیا' آپ نے فرمایا: اسے کس نے قتل کیا ہے؟ پھر آپ نے فرمایا: جاؤ! خالد بن ولید سے ملو اور اسے کہو کہ بچوں اور عورتوں کو قتل نہ کرے۔

**3412** - حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ،

حضرت حنظلہ الکاتب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

حَدَّثَنَا اَبُو حُذَيْفَةَ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنِ الْهَيْثَمِ بْنِ حَنَشٍ، عَنْ حَنْظَلَةَ الْكَاتِبِ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ الْجَنَّةَ وَالنَّارَ فَكُنَّا رَاْىَ عَيْنٍ فَخَرَجْتُ فَاَتَيْتُ اَهْلِي فَضَحِكْتُ مَعَهُمْ، فَوَقَعَ فِي نَفْسِي شَيْءٌ فَلَقِيتُ اَبَا بَكْرٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ فَقُلْتُ: اِنِّي نَافَقْتُ، قَالَ: وَمَا ذٰلِكَ؟، فَقُلْتُ: كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ الْجَنَّةَ وَالنَّارَ وَكُنَّا كَاَنَّا رَاْىَ عَيْنٍ فَاَتَيْتُ اَهْلِي فَضَحِكْتُ مَعَهُمْ، قَالَ اَبُو بَكْرٍ: اِنَّا لَنَفْعَلُ ذٰلِكَ، فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ قَالَ: يَا حَنْظَلَةُ لَوْ كُنْتُمْ عِنْدَ اَهْلِيكُمْ كَمَا تَكُونُونَ عِنْدِي لَصَافَحَتْكُمُ الْمَلَائِكَةُ عَلَى فُرُشِكُمْ وَفِي الطَّرِيقِ، يَا حَنْظَلَةُ سَاعَةٌ وَسَاعَةٌ

ہم حضور ﷺ کے پاس ہوتے' آپ جنت و دوزخ کا ذکر کرتے' ایسے محسوس ہوتا کہ آنکھ سے دیکھ رہے ہیں' میں اپنے گھر آیا' ان کے ساتھ مسکرانے لگا' میرے دل میں بات آئی تو میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے ملا' میں نے کہا: میں منافق ہو گیا ہوں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا ہوا؟ میں نے کہا: ہم حضور ﷺ کے پاس ہوتے تھے' آپ جنت و دوزخ کا ذکر کرتے ہیں' ایسے محسوس ہوتا ہے کہ ہم اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں' میں اپنے گھر آیا' میں ان کے ساتھ مسکراتا ہوں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم بھی ایسے ہی کرتے ہیں۔ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' میں نے اس کا ذکر کیا تو آپ نے فرمایا: اے حنظلہ! اگر تم اپنے گھر والوں کے پاس اسی حالت میں رہو جس طرح میرے پاس ہوتے ہو تو تمہارے ساتھ فرشتے راستوں میں مصافحہ کریں' اے حنظلہ! یہ وقت وقت کی بات ہوتی ہے۔

**3413** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، قَالَا: ثنا سُفْيَانُ، عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ حَنْظَلَةَ الْكَاتِبِ الْاُسَيِّدِيِّ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْنَا الْجَنَّةَ وَالنَّارَ حَتَّى كَاَنَّا رَاْىُ عَيْنٍ فَقُمْتُ اِلَى اَهْلِي

حضرت حنظلہ الکاتب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس ہوتے' آپ جنت و دوزخ کا ذکر کرتے' ایسے محسوس ہوتا کہ آنکھ سے دیکھ رہے ہیں' میں اپنے گھر آیا' ان کے ساتھ مسکرانے لگا' میرے دل میں بات آئی تو میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے ملا' میں نے کہا: میں منافق ہو گیا ہوں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا ہوا؟ میں نے کہا: ہم حضور ﷺ



3413- أخرجه مسلم في صحيحه جلد 4 صفحه 2107,2106 رقم الحديث: 2750 عن سعيد بن اياس عن أبي عثمان النهدي عن حنظلة الأسيدي به .

وَوَلَدِى فَضَحِكْتُ وَلَعِبْتُ فَذَكَرْتُ الَّذِى كُنَّا فِيهِ فَخَرَجْتُ فَلَقِيتُ اَبَا بَكْرٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقُلْتُ: نَافَقْتُ، فَقَالَ: اَبُو بَكْرٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اِنَّا لَنَفْعَلُهُ، فَذَهَبَ حَنْظَلَةُ فَذَكَرَهُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا حَنْظَلَةُ لَوْ كُنْتُمْ كَمَا تَكُونُونَ عِنْدِى لَصَافَحَتْكُمُ الْمَلَائِكَةُ عَلَى فُرُشِكُمْ اَوْ طُرُقِكُمْ اَوْ نَحْوِ ذَا، يَا حَنْظَلَةُ سَاعَةٌ وَسَاعَةٌ.

کے پاس ہوتے تھے' آپ جنت و دوزخ کا ذکر کرتے ہیں' ایسے محسوس ہوتا ہے کہ ہم اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں' میں اپنے گھر آیا' میں ان کے ساتھ مسکراتا ہوں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم بھی ایسے ہی کرتے ہیں۔ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' میں نے اس کا ذکر کیا تو آپ نے فرمایا: اے حنظلہ! اگر تم اپنے گھر والوں کے پاس اسی حالت میں رہو جس طرح میرے پاس ہوتے ہو تو تمہارے ساتھ فرشتے راستوں میں مصافحہ کریں' اے حنظلہ! یہ وقت وقت کی بات ہوتی ہے۔

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، وَاِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِىُّ، ثنا الصَّلْتُ بْنُ مَسْعُودٍ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِىِّ، عَنْ اَبِى عُثْمَانَ النَّهْدِىِّ، عَنْ حَنْظَلَةَ الْكَاتِبِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت حنظلہ الکاتب رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

## حنظلة بن الربيع الاسيدى الكاتب

**3414** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْعَدَوِىُّ الْبَصْرِىُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، اَنَا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، عَنْ حَنْظَلَةَ الْاُسَيِّدِىِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ اَنَّكُمْ تَكُونُونَ كَمَا اَنْتُمْ عِنْدِى لَاَظَلَّتْكُمُ الْمَلَائِكَةُ بِاَجْنِحَتِهَا

حضرت حنظلہ اسیدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر تم اسی حالت میں رہو جس طرح میرے پاس ہوتے ہو تو تمہیں فرشتے اپنے پروں سے ڈھانپ لیں۔

**3415** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِىُّ، قَالَا: ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِى شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِىُّ، ثنا

حضرت قتادہ' حضرت حنظلہ اسیدی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ان کو کاتب رسول ﷺ کہا جاتا تھا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے پانچ نمازیں

عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ حَنْظَلَةَ الْاُسَيِّدِيِّ وَكَانَ يُقَالُ لَهُ كَاتِبُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ حَافَظَ عَلَى الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ، اَوِ الصَّلَاةِ الْمَكْتُوبَةِ عَلَى وُضُوئِهَا، وَعَلَى مَوَاقِيتِهَا، وَرُكُوعِهَا، وَسُجُودِهَا، يَرَاهُ حَقٌّ عَلَيْهِ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ النَّارَ

پڑھیں یا فرمایا: فرض نماز وضو کر کے اور وقت پر پڑھیں اور رکوع وسجود مکمل کیا تو اس پر اللہ عزوجل جہنم حرام کر دے گا۔

حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْحُسَيْنِ الصَّابُونِيُّ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ اَبِي بُكَيْرٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ اَبِي بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ حَنْظَلَةَ الْاُسَيِّدِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت حنظلہ اسیدی رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

3416 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا الْجَرَّاحُ بْنُ الْمُخَلَّدِ، ثنا النَّضْرُ بْنُ حَمَّادٍ الْعَتَكِيُّ، ثنا سَيْفُ بْنُ عُمَرَ الْاُسَيِّدِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ نُوَيْرَةَ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ، عَنِ ابْنِ اَبِي مِكْنَفٍ، عَنْ حَنْظَلَةَ الْكَاتِبِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ عَلِيَّ بْنَ اَبِي طَالِبٍ، وَخَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اِلَى الْيَمَنِ، وَقَالَ: اِذَا اجْتَمَعْتُمَا فَعَلِيٌّ الْاَمِيرُ وَاِذَا تَفَرَّقْتُمَا فَكُلُّ وَاحِدٍ مِنْكُمَا عَلَى عَمَلِهِ، وَكَتَبَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَدَاَ بِنَفْسِهِ فَلَمْ يُنْكِرْ ذَلِكَ عَلَيْهِ وَكَتَبَ عَلِيٌّ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَضِيَ عَنْهُ

حضرت حنظلہ الکاتب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے حضرت علی بن ابوطالب اور خالد بن ولید رضی اللہ عنہما کو یمن کی طرف بھیجا' آپ نے فرمایا: جب دونوں اکٹھے ہو تو علی امیر ہو گا' جب دونوں جدا ہو تو تم میں سے ہر کوئی اپنا اپنا عمل کرے۔ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ کی طرف خط لکھا' پہلے اپنا ذکر کیا تو حضور ﷺ نے اس پر کوئی اعتراض نہیں کیا۔ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ نے آپ ﷺ کی طرف خط لکھا اور ابتداء حضور ﷺ کے ذکر سے کی۔

فَبَدَاَ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

**3417** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى الْكِسَائِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبَانَ، ثنا اَبُو حَمَّادٍ الْحَنَفِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ نُوَيْرَةَ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ، عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ الرَّبِيعِ الْكَاتِبِ، قَالَ: اَهْدَى الْمُقَوْقَسُ مَلِكُ الْقِبْطِ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَدِيَّةً وَبَغْلَةً شَهْبَاءَ فَقَبِلَهَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت حنظلہ بن ربیع الکاتب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قبط کے بادشاہ مقوقس نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو شہباء نامی خچر بطور ہدیہ پیش کیا تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے قبول کرلیا۔

# حَنْظَلَةُ بْنُ حِذْيَمِ بْنِ جُمُعَةَ الْمَالِكِيُّ

# حضرت حنظلہ بن حذیم بن جمعہ المالکی رضی اللہ عنہ

**3418** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا ذَيَّالُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ حَنْظَلَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ جَدِّي حَنْظَلَةَ، قَالَ: اَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَاَيْتُهُ جَالِسًا مُتَرَبِّعًا

حضرت زیال بن حنظلہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے دادا کو فرماتے ہوئے سنا: میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' میں نے آپ کو آلتی پالتی مارے بیٹھے دیکھا۔

**3419** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا ذَيَّالُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ حَنْظَلَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ جَدِّي حَنْظَلَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُعْجِبُهُ اَنْ يَدْعُوَ الرَّجُلَ بِاَحَبِّ اَسْمَائِهِ اِلَيْهِ وَاَحَبِّ كُنَاهُ

حضرت زیاد بن عبید بن حنظلہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے دادا کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی آدمی کو اچھے نام اور کنیت سے بلانے کو پسند کرتے تھے۔

**3420** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا

حضرت حنظلہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے زیر کفالت ایک یتیم ہے'

مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا ذَيَّالُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ حَنْظَلَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ جَدِّي حَنْظَلَةَ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّ فِي حِجْرِي يَتِيمٌ وَقَدْ تَصَدَّقْتُ عَلَيْهِ بِمِئَةٍ مِنَ الْاِبِلِ، فَرَاَيْتُ الْغَضَبَ فِي وَجْهِهِ وَقَالَ: لَا، اِنَّمَا الصَّدَقَةُ خَمْسٌ، وَاِلَّا فَعَشْرٌ، وَاِلَّا فَخَمْسَ عَشْرَةَ، حَتَّى يَبْلُغَ اَرْبَعِينَ

میں نے اسے سو اونٹ بطور صدقہ دیئے ہیں۔ حضرت حنظلہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے آپ ﷺ کے چہرے پر غصہ کے آثار دیکھے' آپ نے فرمایا: نہیں! صدقہ میں پانچ اونٹ ہیں' اس سے زیادہ دس ورنہ پندرہ' زیادہ سے زیادہ چالیس تک ہیں۔

**3421** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا ذَيَّالُ بْنُ عُبَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جَدِّي، يَقُولُ: قَالَ اَبُوهُ حِذْيَمٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنِّي ذُو بَنِينَ وَهَذَا اَصْغَرُ بَنِيَّ فَشَمِّتْ عَلَيْهِ، فَقَالَ: تَعَالَ يَا غُلَامُ، فَاَخَذَ بِيَدَيَّ وَمَسَحَ رَاْسِي وَقَالَ: بَارَكَ اللّٰهُ فِيهِ، قَالَ: فَرَاَيْتُ حَنْظَلَةَ يُؤْتَى بِالْاِنْسَانِ الْوَرِمِ فَيَمْسَحُ يَدَهُ عَلَيْهِ، وَيَقُولُ: بِسْمِ اللّٰهِ فَيَذْهَبُ الْوَرَمُ

حضرت زیال بن عبید فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے دادا کو فرماتے سنا کہ ان کے والد حذیم نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے دو بیٹے ہیں' یہ میرا چھوٹا بیٹا ہے اس کے لیے دعا کریں! آپ ﷺ نے فرمایا: اے بچے! اِدھر آؤ! آپ نے میرا ہاتھ پکڑا اور میرے سر پر دستِ مبارک پھیرا اور فرمایا: اللہ آپ کو برکت دے! راویٔ حدیث فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت حنظلہ کو دیکھا کہ آپ کے پاس ورم والا کوئی آدمی لایا جاتا تو آپ اس پر ہاتھ پھیرتے اور کہتے: اللہ کے نام سے! تو وہ ورم چلا جاتا۔

**3422** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ، ثنا ذَيَّالُ بْنُ عُبَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جَدِّي حَنْظَلَةَ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُتْمَ بَعْدَ احْتِلَامٍ، وَلَا يُتْمَ عَلَى جَارِيَةٍ اِذَا هِيَ حَاضَتْ

حضرت حنظلہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب بچہ کو احتلام ہو جائے تو اس کے بعد وہ یتیم نہیں رہتا اور جب بچی کو حیض آ جائے تو اس وقت اس کا یتیم پن نہیں رہتا ہے۔

## حَنْظَلَةُ بْنُ

## حضرت حنظلہ بن نعمان

# النُّعْمَانِ

3423 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا ضِرَارُ بْنُ صُرَدٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي رَافِعٍ، عَنْ أَبِيهِ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ مَعَ عَلِيٍّ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَنْظَلَةُ بْنُ النُّعْمَانِ

# رضی اللہ عنہ

حضرت محمد بن عبیداللہ بن ابورافع اپنے والد سے روایت کرتے ہیں جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ حضور ﷺ کے اصحاب میں سے جو شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام حنظلہ بن نعمان بھی ہے۔

# حَبَشِيُّ بْنُ جُنَادَةَ السَّلُولِيُّ

3424 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا ابْنُ الْأَصْبَهَانِيِّ، قَالَا: ثنا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ حَبَشِيِّ بْنِ جُنَادَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ وَاقِفٌ بِعَرَفَةَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ وَأَتَى أَعْرَابِيٌّ فَأَخَذَ بِطَرَفِ رِدَائِهِ وَسَأَلَهُ إِيَّاهُ فَأَعْطَاهُ، فَذَهَبَ بِهِ فَعِنْدَ ذَلِكَ حُرِّمَتِ الْمَسْأَلَةُ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَحِلُّ الصَّدَقَةُ لِغَنِيٍّ وَلَا لِذِي مِرَّةٍ سَوِيٍّ، إِلَّا فِي فَقْرٍ مُدْقِعٍ، أَوْ غُرْمٍ مُفْظِعٍ، وَقَالَ: مَنْ سَأَلَ النَّاسَ لِيُثْرِيَ مَالَهُ كَانَ خُمُوشًا فِي وَجْهِهِ وَرَضْفًا يَأْكُلُهُ مِنْ جَهَنَّمَ، فَمَنْ شَاءَ فَلْيُقِلَّ، وَمَنْ شَاءَ فَلْيُكْثِرْ

# حضرت حبشی بن جنادہ السلولی رضی اللہ عنہ

حضرت حبش بن جنادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو حجۃ الوداع کے موقع پر عرفات میں فرماتے ہوئے سنا' ایک دیہاتی آپ کے پاس آیا' اُس نے آپ کی چادر کا ایک حصہ پکڑا اور آپ سے مانگنے لگا' آپ نے اسے دیا تو وہ لے کر چلا گیا۔ (آپ نے فرمایا:) مانگنا حرام ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: صدقہ' مال دار اور معمولی عقل والے کے لیے جائز نہیں ہے' ہاں احتاجی دور کرنے کے لیے یا قرض ادا کرنے کے لیے ہو تو صدقہ (لینا جائز ہے) اور آپ نے فرمایا: جو مال میں اضافہ کے لیے لوگوں سے مانگتا ہے اس کے چہرہ پر گوشت نہیں ہوگا' وہ جہنم سے گرم پتھر کھائے گا' جو چاہے کم کرے اور جو چاہے زیادہ کرے۔

3425 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت حبشی بن جنادہ السلولی رضی اللہ عنہ

الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيقٍ، ثنا اَبِي، ثنا اَبُو حَمْزَةَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ حَبَشِيِّ بْنِ جُنَادَةَ السَّلُولِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ سَاَلَ النَّاسَ فِي غَيْرِ مُصِيبَةِ حَاجَتِهِ فَكَاَنَّمَا يَلْتَقِمُ الرَّضْفَةَ

فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو لوگوں سے بغیر ضرورت کے مانگتا ہے' وہ ایسے ہے جس طرح کہ جہنم کے گرم پتھر کھا رہا ہے۔

**3426** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، ثنا اَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، ثنا اِسْرَائِيلُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ حَبَشِيِّ بْنِ جُنَادَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ سَاَلَ مِنْ غَيْرِ فَقْرٍ فَكَاَنَّمَا يَاْكُلُ الْجَمْرَ

حضرت حبشی بن جنادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو بغیر ضرورت کے مانگے تو وہ ایسے ہے کہ جس طرح جہنم کا انگارہ کھا رہا ہے۔

**3427** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْخَطَّابِ، ح وَحَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ نَائِلَةَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالُوا: ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ حَبَشِيِّ بْنِ جُنَادَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَاَلَ مِنْ غَيْرِ فَقْرٍ فَكَاَنَّمَا يَاْكُلُ مِنْ جَمْرٍ

حضرت حبشی بن جنادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو بغیر ضرورت کے مانگے تو وہ ایسے ہے کہ جس طرح جہنم کا انگارہ کھا رہا ہے۔

**3428** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ الْحُسَيْنِ اَبُو الْحُسَيْنِ السَّلُولِيُّ، ثنا غُصْنُ بْنُ حَمَّادٍ، عَنْ اِسْرَائِيلَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ حَبَشِيِّ بْنِ جُنَادَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَاَلَ مِنْ غَيْرِ فَقْرٍ فَكَاَنَّمَا يَاْكُلُ جَمْرًا قَالَ الْحَضْرَمِيُّ غُصْنُ بْنُ

حضرت حبشی بن جنادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو بغیر ضرورت کے مانگے تو وہ ایسے ہے کہ جس طرح جہنم کا انگارہ کھا رہا ہے۔ حضرت حضرمی فرماتے ہیں: غصن بن حماد سے مراد غصن بن محمد بن یونس بن اسحاق ہیں۔

حَمَّادٍ: هُوَ غُصْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يُونُسَ بْنِ اِسْحَاقَ

**3429** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، ثنا اَبُو غَسَّانَ، ثنا اِسْرَائِيلُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ حَبَشِيِّ بْنِ جُنَادَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُحَلِّقِينَ، قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَالْمُقَصِّرِينَ؟ قَالَ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُحَلِّقِينَ، قَالَ فِي الثَّالِثَةِ وَالرَّابِعَةِ: وَلِلْمُقَصِّرِينَ

حضرت حبشی بن جنادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بال منڈوانے والوں کے لیے دعا کی عرض کی گئی: یارسول اللہ! بال کم کروانے والوں کے لیے؟ آپ نے دعا کی: اے اللہ! بال منڈوانے والوں کو معاف فرما! تیسری یا چوتھی مرتبہ دعا کی: بال کم کروانے والوں کو بخش دے۔

**3430** - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْخَطَّابِ، ح وَحَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ نَائِلَةَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو بِلَالٍ الْاَشْعَرِيُّ، قَالُوا: ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ حَبَشِيِّ بْنِ جُنَادَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُحَلِّقِينَ قِيلَ: وَالْمُقَصِّرِينَ؟ قَالَ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُحَلِّقِينَ، قِيلَ: وَالْمُقَصِّرِينَ؟ قَالَ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُحَلِّقِينَ، قَالَ فِي الرَّابِعَةِ: وَالْمُقَصِّرِينَ

حضرت حبشی بن جنادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بال منڈوانے والوں کے لیے دعا کی عرض کی گئی: یارسول اللہ! بال کم کروانے والوں کے لیے؟ آپ نے دعا کی: اے اللہ! بال منڈوانے والوں کو معاف فرما! تیسری یا چوتھی مرتبہ دعا کی: بال کم کروانے والوں کو بخش دے۔

**3431** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ، ثنا اَبُو غَسَّانَ، ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطْرَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الطُّفَيْلِ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ حَكِيمٍ الْاَوْدِيُّ، وَاِسْمَاعِيلُ بْنُ مُوسَى السُّدِّيُّ، وَيَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالُوا: ثنا شَرِيكٌ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ حَبَشِيِّ بْنِ جُنَادَةَ،

حضرت حبشی بن جنادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: علی مجھ سے ہے اور میں علی سے ہوں میرا پیغام علی ہی پہنچائے گا۔ ابوابن ابوشیبہ نے اپنی حدیث میں یہ اضافہ کیا ہے کہ حضرت شریک نے فرمایا: میں نے کہا: اے ابواسحاق! آپ نے ان کو دیکھا ہے؟ حضرت ابواسحاق نے فرمایا: آپ ہماری مجلس میں کھڑے

قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: عَلِيٌّ مِنِّي وَاَنَا مِنْهُ وَلَا يُؤَدِّي عَنِّي اِلَّا اَنَا وَعَلِيٌّ زَادَ اَبُو بْنِ اَبِي شَيْبَةَ فِي حَدِيثِهِ قَالَ شَرِيكٌ: قُلْتُ: يَا اَبَا اِسْحَاقَ رَاَيْتَهُ؟ فَقَالَ: وَقَفَ عَلَيْنَا فِي مَجْلِسِنَا فَحَدَّثَنَا بِهِ

ہوئے اور ہمیں یہ حدیث بیان کی۔

**3432** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ نَائِلَةَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، قَالَا: ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ حَبْشِيِّ بْنِ جُنَادَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَقْضِي دَيْنِي غَيْرِي اَوْ عَلِيٌّ

حضرت حبشی بن جنادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرا قرض میرے اور علی کے علاوہ کوئی ادا نہیں کرے گا۔

**3433** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ حَبْشِيِّ بْنِ جُنَادَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: عَلِيٌّ مِنِّي وَاَنَا مِنْهُ وَلَا يُؤَدِّي عَنِّي اِلَّا اَنَا اَوْ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت حبشی بن جنادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ علی مجھ سے ہے اور میں علی سے ہوں' میرا پیغام علی ہی پہنچائے گا۔

**3434** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ، ثنا سَلَمَةُ بْنُ الْفَضْلِ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ قَرْمٍ الضَّبِّيِّ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ حَبْشِيَّ بْنَ جُنَادَةَ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ يَوْمَ غَدِيرِ خُمٍّ: اللّٰهُمَّ مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ، اللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ، وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ، وَانْصُرْ مَنْ نَصَرَهُ،

حضرت حبشی بن جنادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو غدیر خم کے موقع پر فرماتے ہوئے سنا: اے اللہ! جس کا میں مددگار ہوں اس کا علی مددگار ہے' اے اللہ! تُو اس کو دوست رکھ جو علی کو دوست رکھے اور اس سے دشمنی رکھ جو اس سے دشمنی رکھے اور اس کی مدد کر جو اس کی مدد کرے' اس کی مدد نہ کر جو اس کی مدد نہ کرے۔

وَاَعِنْ مَنْ اَعَانَهُ

3435 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنُ مَنْدَهِ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبَانَ، ثنا اَبُو مَرْيَمَ عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ حَبَشِيِّ بْنِ جُنَادَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ قَالَ لِعَلِيٍّ: اَنْتَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسَى

حضرت حبشی بن جنادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے متعلق فرمایا: تیرا مقام میرے ہاں ایسے ہی ہے جس طرح حضرت ہارون کا حضرت موسیٰ کے ہاں تھا۔

3436 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ حِمْدَانَ الْحَنَفِيُّ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُوسَى بْنِ عُبَيْدٍ الْحَارِثِيُّ الْكُوفِيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، ثنا اِسْرَائِيلُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ حَبَشِيِّ بْنِ جُنَادَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الْمَعْكُ طَرَفٌ مِنَ الظُّلْمِ

حضرت حبشی بن جنادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: آپ کے ساتھ ظلم سے ایک حصہ ہوگا۔

## مَنِ اسْمُهُ حَبِيبٌ

## حَبِيبُ بْنُ مَسْلَمَةَ الْفِهْرِيُّ

## یہ باب ہے جن کا نام حبیب ہے

## حبیب بن مسلمہ الفہری

وَهُوَ حَبِيبُ بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ مَالِكِ بْنِ وَهْبِ بْنِ عَمْرِو بْنِ شَيْبَانَ بْنِ مُحَارِبِ بْنِ فِهْرِ بْنِ مَالِكٍ وَاُمُّهُ فِهْرِيَّةٌ، يُكْنَى اَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ وَكَانَ يُدْعَى حَبِيبَ الرُّومِ لِمُجَاهَدَتِهِ الرُّومَ

(ان کا نسب) حبیب بن مسلمہ بن مالک بن وہب بن عمرو بن شیبان محارب بن فہر بن مالک' آپ کی والدہ کا نام فہریہ ہے' آپ کی کنیت ابوعبدالرحمٰن ہے' آپ کو حبیب رومی کہا جاتا ہے کیونکہ آپ نے روم میں جہاد کیا تھا۔

3437 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ

حضرت یحییٰ بن بکیر فرماتے ہیں کہ حضرت حبیب

الْفَرَجِ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: تُوُفِّيَ حَبِيبُ بْنُ مَسْلَمَةَ سَنَةَ اثْنَتَيْنِ وَأَرْبَعِينَ وَسِنُّهُ خَمْسُونَ سَنَةً

بن مسلمہ کا وصال 42 ہجری میں ہوا' آپ کی عمر 50 سال تھی۔

3438 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، أَنَّ مَكْحُولًا، حَدَّثَهُ، عَنْ زِيَادِ بْنِ جَارِيَةَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ مَسْلَمَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَفَلَ الثُّلُثَ بَعْدَ الرُّبُعِ

حضرت حبیب بن مسلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے چار حصوں کو بعد تین حصے اور زیادہ دیئے۔

3439 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ جَارِيَةَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ مَسْلَمَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَفَلَ الثُّلُثَ بَعْدَ الْخُمُسِ

حضرت حبیب بن مسلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تین حصے اور زیادہ دیئے' پانچ حصے دینے کے بعد۔

3440 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا يَزِيدُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ الْأَزْدِيُّ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ جَارِيَةَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ مَسْلَمَةَ الْفِهْرِيِّ قَالَ: شَهِدْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُنَفِّلُ الثُّلُثَ فِي بَدْأَتِهِ

حضرت حبیب بن مسلمہ الفہری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھا' آپ شروع ہی میں تہائی زیادہ دیتے تھے۔

3441 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مَحْفُوظُ بْنُ بَحْرٍ الْأَنْطَاكِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الْمِقْسَمِيُّ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ جَارِيَةَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ مَسْلَمَةَ قَالَ: شَهِدْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

حضرت حبیب بن مسلمہ الفہری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھا' آپ شروع ہی میں تہائی زیادہ دیتے تھے۔

يُنَفِّلُ الثُّلُثَ

3442 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَسْمَاءَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ، ح وَحَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ يَزِيدَ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ جَارِيَةَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ مَسْلَمَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُنَفِّلُ فِي الْبَدْاَةِ الرُّبُعَ وَفِي الرَّجْعَةِ الثُّلُثَ

حضرت حبیب بن مسلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ شروع میں مالِ غنیمت کا چوتھائی دیتے تھے اور لوٹتے وقت تہائی دیتے تھے۔

3443 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، ثنا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، حَدَّثَنِي اَبُو وَهْبٍ، عَنْ مَكْحُولٍ اَنَّهُ: حَدَّثَهُمْ، اَنَّ زِيَادَ بْنَ جَارِيَةَ، حَدَّثَهُمْ، اَنَّ حَبِيبَ بْنَ مَسْلَمَةَ، حَدَّثَهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَفَلَ الرُّبُعَ وَالثُّلُثَ

حضرت حبیب بن مسلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ چوتھائی اور تہائی زیادہ دیتے تھے۔

3444 - حَدَّثَنَا اَبُو عَبْدِ الْمَلِكِ اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْقُرَشِيُّ الدِّمَشْقِيُّ، وَجَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَائِذٍ، ثنا الْهَيْثَمُ بْنُ حُمَيْدٍ، حَدَّثَنَا الْعَلَاءُ بْنُ الْحَارِثِ، وَاَبُو وَهْبٍ، عَنْ مَكْحُولٍ، حَدَّثَنِي زِيَادُ بْنُ جَارِيَةَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ مَسْلَمَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَفَلَ الرُّبُعَ مِمَّا يَاْتِي بِهِ الْقَوْمُ فِي الْبَدْاَةِ، وَفِي الرَّجْعَةِ الثُّلُثَ بَعْدَ الْخُمُسِ

حضرت حبیب بن مسلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ قوم کو شروع میں چوتھائی حصہ دیتے اور واپسی پر خمس کے بعد تہائی دیتے۔

3445 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ،

حضرت حبیب بن مسلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، اَخْبَرَنِی مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ جَارِيَةَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ مَسْلَمَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ: يُنَفِّلُ اِذَا فَصَلَ فِی الْغَزْوِ الرُّبُعَ بَعْدَ الْخُمُسِ، وَيُنَفِّلُ اِذَا قَفَلَ الثُّلُثَ بَعْدَ الْخُمُسِ

کہ حضور ﷺ خمس کے بعد چوتھائی حصہ شروع میں دیتے اور جب واپس آتے تو خمس کے بعد تہائی دیتے۔

**3446** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَزِيزٍ الْمَوْصِلِیُّ، ثنا غَسَّانُ بْنُ الرَّبِيعِ، ثنا ابْنُ ثَوْبَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ جَارِيَةَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ مَسْلَمَةَ، قَالَ: نَفَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الثُّلُثَ

حضرت حبیب بن مسلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ تہائی حصہ اضافہ کے طور پر دیتے۔

**3447** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، ثنا الْحَجَّاجُ بْنُ اَرْطَاةَ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنِ ابْنِ جَارِيَةَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ مَسْلَمَةَ، قَالَ: نَفَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِی الْبَدْاَةِ الرُّبُعَ، وَفِی الرَّجْعَةِ الثُّلُثَ

حضرت حبیب بن مسلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ شروع میں چوتھائی حصہ دیتے اور واپسی پر تہائی۔

**3448** - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِءُ، وَحَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، قَالَا: ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ مُوسَى الدِّمَشْقِیُّ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ جَارِيَةَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ مَسْلَمَةَ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُنَفِّلُنَا فِی بَدْئِنَا الرُّبُعَ، وَفِی الرَّجْعَةِ الثُّلُثَ

حضرت حبیب بن مسلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ابتداء میں چوتھا حصہ اور واپسی پر حضور ﷺ تہائی حصہ اضافہ کے طور پر دیتے۔

**3449** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی السَّرِیِّ، ثنا ضَمْرَةُ بْنُ رَبِيعَةَ، عَنْ

حضرت رجاء بن ابوسلمہ فرماتے ہیں کہ میں نے سلیمان بن موسیٰ اور عمرو بن شعیب سے سنا' دونوں مسجد

رَجَاءِ بْنِ اَبِي سَلَمَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ سُلَيْمَانَ بْنَ مُوسَى، وَعَمْرَو بْنَ شُعَيْبٍ تَذَاكَرَا النَّفَلَ فِي مَسْجِدِ الْحَرَامِ، قَالَ عَمْرٌو: لَا نَفَلَ بَعْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ سُلَيْمَانُ: شَغَلَكَ اَهْلُ الزَّبِيبِ بِالطَّائِفِ، حَدَّثَنَا مَكْحُولٌ، عَنْ زِيَادِ بْنِ جَارِيَةَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ مَسْلَمَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفَلَ فِي الْبَدْاَةِ الرُّبُعَ وَفِي الرَّجْعَةِ الثُّلُثَ

حرام میں اضافہ کا ذکر کر رہے تھے' حضرت عمرو رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد کوئی اضافہ نہیں ہے۔ حضرت سلیمان نے کہا: آپ کو کشمش والوں نے طائف میں مشغول رکھا ہے۔ حضرت حبیب بن مسلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شروع میں چوتھائی مال دیتے اور واپسی پر تہائی۔

3450 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ، اَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوسَى، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ جَارِيَةَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ مَسْلَمَةَ، قَالَ: شَهِدْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَفَلَ فِي الْبَدْاَةِ الرُّبُعَ وَفِي الرَّجْعَةِ الثُّلُثَ

حضرت حبیب بن مسلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھا' آپ شروع میں چوتھا حصہ دیتے اور واپسی پر تہائی۔

3451 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ شُعَيْبِ بْنِ اِسْحَاقَ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا النُّعْمَانُ بْنُ الْمُنْذِرِ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ جَارِيَةَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ مَسْلَمَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَفَلَ فِي الْبَدْاَةِ الرُّبُعَ وَفِي الرَّجْعَةِ الثُّلُثَ

حضرت حبیب بن مسلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شروع میں چوتھائی حصہ دیتے اور واپسی پر تہائی۔

3452 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدِ بْنِ نُوحٍ، ثنا زَيْدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ عَطِيَّةَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ جَارِيَةَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ مَسْلَمَةَ قَالَ: شَهِدْتُ

حضرت حبیب بن مسلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھا' آپ شروع میں تہائی دیتے اور واپسی پر تہائی۔

النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، نَفَلَ فِي بَدْاَتِهِ الرُّبُعَ وَفِي رَجْعَتِهِ الثُّلُثَ فِي غَزْوَةٍ

**3453** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، وَجَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، قَالُوا: ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ وَاقِدٍ، حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ يَسَارٍ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ جُنَادَةَ بْنِ اَبِي اُمَيَّةَ قَالَ: نَزَلْنَا دَابِقَ وَعَلَيْنَا اَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ فَبَلَغَ حَبِيبَ بْنَ مَسْلَمَةَ اَنَّ بَنَّهُ صَاحِبَ قُبْرُسَ خَرَجَ يُرِيدُ بِطَرِيقِ اَذْرِبِيجَانَ وَمَعَهُ زُمُرُّدٌ وَيَاقُوتٌ وَلُؤْلُؤٌ وَذَهَبٌ وَدِيبَاجٌ فِي خَيْلٍ فَقَتَلَهُ وَجَاءَ بِمَا مَعَهُ، فَاَرَادَ اَبُو عُبَيْدَةَ اَنْ يُخَمِّسَهُ، فَقَالَ حَبِيبٌ: لَا تَحْرِمْنِي رِزْقًا رَزَقَنِيهِ اللّٰهُ فَاِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَعَلَ السَّلَبَ لِلْقَاتِلِ، فَقَالَ مُعَاذٌ: يَا حَبِيبُ اِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّمَا لِلْمَرْءِ مَا طَابَتْ بِهِ نَفْسُ اِمَامِهِ

حضرت جنادہ بن ابوامیہ فرماتے ہیں کہ ہم مقام دابق میں اُترے ہم پر امیر حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ تھے حضرت حبیب بن مسلمہ کو خبر پہنچی کہ قبرس کا بادشاہ ابھی وہ آذربائیجان کے راستے میں ہے آپ کے پاس زمرد اور یاقوت اور موتی اور سونا اور ریشم گھوڑوں پر لدا ہوا ہے۔ حضرت حبیب رضی اللہ عنہ نے اسے مارا اور اس کے پاس جو سامان تھا وہ لائے تو حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے خمس لینے کا ارادہ کیا۔ حضرت حبیب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جو ہمیں اللہ نے رزق دیا ہے اس سے محروم نہ کرو کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے قاتل کے سامان کو اس کے لیے مقرر کیا جو قتل کرے۔ حضرت معاذ نے کہا: اے حبیب! میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ آدمی کے لیے جائز ہے کہ جو اپنے نفس کی پسند امیر کے سامنے قربان کرے۔

**3454** - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَلُولٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِءُ، ثنا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مُلَيْلٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي اُمَيَّةَ الضَّمْرِيِّ، اَنَّ حَبِيبَ بْنَ مَسْلَمَةَ الْقُرَشِيَّ لَقِيَ قَيْسَ بْنَ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ وَهُوَ عَلَى فَرَسٍ فَتَاَخَّرَ حَبِيبُ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنِ السُّرُجِ، وَقَالَ لِقَيْسٍ: ارْكَبْ، فَقَالَ قَيْسُ بْنُ سَعْدٍ: اِنِّي

حضرت حبیب بن مسلمہ حضرت قیس بن سعد بن عبادہ کے پاس پہلے فتنے میں آئے اس حال میں کہ وہ گھوڑے پر سوار تھے پس وہ زین سے پیچھے ہوئے انہوں نے ان سے عرض کی: آپ سوار ہوں! تو انہوں نے سوار ہونے سے انکار کر دیا حضرت قیس نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جانور کا مالک اس کی زین پر آگے بیٹھنے کا زیادہ حق دار ہے

سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: صَاحِبُ الدَّابَّةِ اَحَقُّ بِصَدْرِهَا ، فَقَالَ حَبِيبٌ: اِنِّي لَا اَجْهَلُ مَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَلٰكِنِّي اَخَافُ عَلَيْكَ

حضرت حبیب نے فرمایا: میں اس سے جاہل تو نہیں ہوں کہ جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا لیکن میں آپ پر خوف کرتا ہوں۔

3455 - حَدَّثَنَا اَزْهَرُ بْنُ زُفَرَ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَبُو اَسْلَمَ مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ الرُّعَيْنِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ اَبِي كَرِيمَةَ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ قَزَعَةَ بْنِ يَحْيَى، عَنْ حَبِيبِ بْنِ مَسْلَمَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: زُرْ غِبًّا تَزْدَدْ حُبًّا

حضرت حبیب بن مسلمہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایک دن چھوڑ کر (دوست سے) ملاقات کرو اس طریقے سے محبت بڑھاؤ۔

3456 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمُقْرِءُ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، حَدَّثَنِي ابْنُ هُبَيْرَةَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ مَسْلَمَةَ الْفِهْرِيِّ وَكَانَ مُسْتَجَابًا اَنَّهُ اُمِّرَ عَلَى جَيْشٍ فَدَرَّبَ الدُّرُوبَ، فَلَمَّا لَقِيَ الْعَدُوَّ قَالَ لِلنَّاسِ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَجْتَمِعُ مَلَاٌ فَيَدْعُو بَعْضُهُمْ وَيُؤَمِّنُ سَائِرُهُمْ اِلَّا اَجَابَهُمُ اللّٰهُ ، ثُمَّ اِنَّهُ حَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنَى عَلَيْهِ فَقَالَ: اللّٰهُمَّ احْقِنْ دِمَاءَنَا وَاجْعَلْ اُجُورَنَا اُجُورَ الشُّهَدَاءِ ، فَبَيْنَا هُمْ عَلَى ذٰلِكَ اِذْ نَزَلَ الْهِنْبَاطُ اَمِيرُ الْعَدُوِّ فَدَخَلَ عَلَى حَبِيبٍ سُرَادِقَهُ. قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ: الْهِنْبَاطُ بِالرُّومِيَّةِ صَاحِبُ الْجَيْشِ

حضرت ابن ہبیرہ فرماتے ہیں کہ حضرت حبیب بن مسلمہ الفہری مستجاب الدعوات تھے ان کو ایک لشکر کا امیر مقرر کیا گیا جب دشمن سے لڑے تو لوگوں سے کہا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جو لوگ جمع ہو کر دعا کرتے ہیں اور دوسرے سارے لوگ آمین کہتے ہیں تو اللہ عزوجل ان کی دعا قبول کرتا ہے پھر اللہ کی حمد وثناء کی عرض کی: اے اللہ! ہمارے خون محفوظ رکھ! ہمیں شہداء والا ثواب دے! ابھی ہم اسی حالت میں تھے کہ اچانک دشمن کے امیر کا لشکر اُترا حضرت حبیب رضی اللہ عنہ کو زخمی کر دیا۔ امام طبرانی فرماتے ہیں: ھنباط رومی زبان میں لشکر کے سپہ سالار کو کہتے ہیں۔



## حَبِيبُ بْنُ سِبَاعٍ اَبُو

## حضرت حبیب بن سباع

3456- أخرج نحوه الحاكم فی مستدركه جلد 3 صفحه 390 رقم الحديث: 5478 عن ابن لهيعة عن أبی هبيرة عن حبيب بن مسلمة به .

# جُمُعَةَ الْاَنْصَارِيُّ وَيُقَالُ: جُنَيْدُ بْنُ سَبُعٍ

# ابو جمعہ الانصاری رضی اللہ عنہ آپ کو جنید بن سبع بھی کہا جاتا ہے

**3457** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، وَاَبُو زَيْدِ الْحَوْطِيُّ، قَالَا: ثنا اَبُو الْمُغِيرَةِ، ثنا الْاَوْزَاعِيُّ، حَدَّثَنِي اُسَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنِي صَالِحُ بْنُ جُبَيْرٍ، حَدَّثَنِي اَبُو جُمُعَةَ، قَالَ: تَغَدَّيْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَنَا اَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَحَدٌ خَيْرٌ مِنَّا اَسْلَمْنَا مَعَكَ؟، قَالَ: نَعَمْ، قَوْمٌ يَكُونُونَ مِنْ بَعْدِكُمْ يُؤْمِنُونَ بِي وَلَمْ يَرَوْنِي

حضرت ابو جمعہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ تھے اور ہمارے ساتھ حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ بھی تھے' حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم سے کوئی بہتر بھی ہے' ہم آپ کے ساتھ اسلام لائے ہیں؟ آپ نے فرمایا: ہاں! تمہارے بعد ایک قوم ہوگی وہ مجھ پر ایمان لائیں گے حالانکہ اُنہوں نے مجھے دیکھا بھی نہیں ہوگا۔

**3458** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، وَاَبُو زَيْدِ الْحَوْطِيُّ، قَالَا: ثنا اَبُو الْمُغِيرَةِ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَابَلُتِّيُّ، قَالَا: ثنا الْاَوْزَاعِيُّ، حَدَّثَنِي اُسَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ خَالِدِ بْنِ دُرَيْكٍ، عَنْ اَبِي مُحَيْرِيزٍ، قَالَ: قُلْتُ لِاَبِي جُمُعَةَ: حَدِّثْنَا حَدِيثًا سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: نَعَمْ اُحَدِّثُكُمْ حَدِيثًا جَيِّدًا، تَغَدَّيْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَنَا اَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَحَدٌ خَيْرٌ مِنَّا آمَنَّا بِكَ وَجَاهَدْنَا مَعَكَ؟ قَالَ: قَوْمٌ يَجِيئُونَ مِنْ بَعْدِكُمْ يُؤْمِنُونَ بِي وَلَمْ

حضرت ابو جمعہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ تھے اور ہمارے ساتھ حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ بھی تھے' حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم سے کوئی بہتر بھی ہے' ہم آپ کے ساتھ اسلام لائے ہیں؟ آپ نے فرمایا: ہاں! تمہارے بعد ایک قوم ہوگی وہ مجھ پر ایمان لائیں گے حالانکہ اُنہوں نے مجھے دیکھا بھی نہیں ہوگا۔

يَرَوْنِي

3459 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ دُحَيْمٍ الْقُرَشِيُّ، ثنا اَبِي، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا الْاَوْزَاعِيُّ، ثنا اَبُو عُبَيْدٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ اَبِي جُمُعَةَ قَالَ: غَزَوْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَنَا اَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ، فَقَالَ: مَا اَحَدٌ خَيْرًا مِنَّا يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَسْلَمْنَا وهَاجَرْنَا وَجَاهَدْنَا مَعَكَ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، قَوْمٌ يَكُونُونَ مِنْ بَعْدِي آمَنُوا بِي وَلَمْ يَرَوْنِي

حضرت ابوجمعہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضورﷺ کے ساتھ تھے اور ہمارے ساتھ حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ بھی تھے' حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم سے کوئی بہتر بھی ہے' ہم آپ کے ساتھ اسلام لائے ہیں؟ آپ نے فرمایا: ہاں! تمہارے بعد ایک قوم ہوگی وہ مجھ پر ایمان لائیں گے حالانکہ اُنہوں نے مجھے دیکھا بھی نہیں ہوگا۔

3460 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ جُبَيْرٍ اَنَّهُ قَالَ: قَدِمَ عَلَيْنَا اَبُو جُمُعَةَ الْاَنْصَارِيُّ صَاحِبُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَيْتِ الْمَقْدِسِ لِيُصَلِّيَ فِيهِ وَمَعَنَا رَجَاءُ بْنُ حَيْوَةَ يَوْمَئِذٍ، فَلَمَّا انْصَرَفَ خَرَجْنَا مَعَهُ لِنُشَيِّعَهُ، فَلَمَّا اَرَدْنَا الِانْصِرَافَ قَالَ: اِنَّ لَكُمْ عَلَيَّ جَائِزَةً وَحَقًّا اَنْ اُحَدِّثَكُمْ بِحَدِيثٍ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَا: هَاتِ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ، فَقَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَنَا مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ عَاشِرَ عَشَرَةٍ فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ هَلْ مِنْ قَوْمٍ اَعْظَمُ مِنَّا اَجْرًا آمَنَّا بِكَ وَاتَّبَعْنَاكَ؟ قَالَ: مَا يَمْنَعُكُمْ مِنْ ذَلِكَ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بَيْنَ اَظْهُرِكُمْ يَاْتِيكُمُ الْوَحْيُ مِنَ السَّمَاءِ، بَلَى قَوْمٌ يَاْتِيهِمْ كِتَابٌ بَيْنَ لَوْحَيْنِ فَيُؤْمِنُونَ بِهِ وَيَعْمَلُونَ بِمَا فِيهِ، اُولَئِكَ اَعْظَمُ

حضرت حبیب فرماتے ہیں کہ حضرت ابوجمعہ انصاری صحابیٔ رسولﷺ ہمارے ساتھ بیت المقدس میں نماز پڑھنے کے لیے آئے۔ حضرت رجاء بن حیوٰۃ ان دنوں ہمارے ساتھ تھے' جب آپ نے سلام پھیرا تو ہم آپ کے ساتھ الوداع کرنے کے لیے نکلے' جب ہم نے واپسی کا ارادہ کیا تو آپ نے فرمایا: تمہارے لیے میرے ذمہ کوئی بات اور قول ہے کہ میں تمہیں رسول اللہﷺ کی حدیث سناؤں جو میں نے رسول اللہﷺ سے سنی ہے۔ ہم نے عرض کی: سنائیں! اللہ آپ پر رحم کرے! آپ نے فرمایا: ہم رسول اللہﷺ کے ساتھ تھے' ہمارے ساتھ دسویں حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ تھے۔ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہم سے زیادہ ثواب والی کوئی قوم ہے' ہم آپ پر ایمان لائے اور آپ کی اتباع کی؟ آپ نے فرمایا: تمہیں رسول اللہﷺ کی اتباع کرنے سے کون سی شی مانع ہے'

مِنْكُمْ اَجْرًا، اُولَئِكَ اَعْظَمُ مِنْكُمْ اَجْرًا، اُولَئِكَ اَعْظَمُ مِنْكُمْ اَجْرًا

میں تمہارے درمیان ہوں' آسمان سے وحی نازل ہوتی ہے' ایسی قوم آئے گی کہ قرآن ان کے پاس دو تختیوں میں ہوگا' وہ اس پر ایمان لائیں گے اور جو اس کے احکامات پر عمل کریں گے تو یہ لوگ تم سے ثواب میں زیادہ اجر والے ہوں گے' ایسے ہی لوگ تم سے زیادہ اجر والے ہوں گے' ایسے لوگ تم سے ثواب سے زیادہ اجر والے ہوں گے۔

**3461** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا بِشْرُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، ثنا ضَمْرَةُ بْنُ رَبِيعَةَ، عَنْ مَرْزُوقِ بْنِ نَافِعٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ اَبِي جُمُعَةَ الْكِنَانِيِّ، قَالَ: قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ هَلْ اَحَدٌ خَيْرٌ مِنَّا؟، قَالَ: قَوْمٌ يَجِيئُونَ مِنْ بَعْدِكُمْ، يَجِدُونَ كِتَابًا بَيْنَ لَوْحَيْنِ، يُؤْمِنُونَ بِهِ وَيُصَدِّقُونَ، هُمْ خَيْرٌ مِنْكُمْ

حضرت ابوجمعہ الکنانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم میں سے کوئی بہتر ہے؟ آپ نے فرمایا: تمہارے بعد ایک قوم آئے گی' وہ قرآن کو دو تختیوں میں پائیں گے' وہ اس پر ایمان بھی لائیں گے اور اس کی تصدیق بھی کریں گے' وہ تم سے بہتر ہیں۔

**3462** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ اَبِي جُمُعَةَ حَبِيبِ بْنِ سِبَاعٍ، وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الْمَغْرِبَ وَنَسِيَ الْعَصْرَ فَقَالَ لِاَصْحَابِهِ: هَلْ رَاَيْتُمُونِي صَلَّيْتُ الْعَصْرَ؟ ، قَالُوا: لَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَاَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُؤَذِّنَ فَاَذَّنَ ثُمَّ اَقَامَ فَصَلَّى الْعَصْرَ وَنَقَضَ الْاُولَى ثُمَّ صَلَّى الْمَغْرِبَ

حضرت ابوجمعہ حبیب بن سباع' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابی سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نمازِ مغرب پڑھائی اور نمازِ عصر نہیں پڑھائی تھی' آپ نے اپنے صحابہ سے فرمایا: کیا تم نے مجھے دیکھا ہے کہ میں نے نمازِ عصر پڑھ لی ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! نہیں! حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مؤذن کو اذان پڑھنے کا حکم دیا' پھر اقامت پڑھی اور نمازِ عصر پڑھائی' جو پہلے نمازِ مغرب پڑھی اسے ختم کیا اور دوبارہ از سرِ نو نمازِ مغرب پڑھائی۔

**3463** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ السَّرِيِّ بْنِ مِهْرَانَ الدَّقَّاقُ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ، ثنا أَبُو سَعِيدٍ مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ، عَنْ حُجْرٍ أَبِي خَلَفٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَوْفٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا جُمُعَةَ الْأَنْصَارِيَّ جُنَيْدَ بْنَ سَبُعٍ، قَالَ: قَاتَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوَّلَ النَّهَارِ كَافِرًا، وَقَاتَلْتُ مَعَهُ آخِرَ النَّهَارِ مُسْلِمًا، وَكُنَّا ثَلَاثَ رِجَالٍ وَتِسْعَ نِسْوَةٍ وَفِينَا نَزَلَتْ (وَلَوْلَا رِجَالٌ مُؤْمِنُونَ وَنِسَاءٌ مُؤْمِنَاتٌ) (الفتح: 25)

حضرت ابو جمعہ انصاری جنید بن سبع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ دن کے اوّل حصہ میں حالتِ کفر میں لڑا اور دن کے آخری حصہ میں حالتِ اسلام میں' ہم تین مرد اور نو عورتیں تھے اور ہمارے متعلق یہ آیت نازل ہوئی: ''اگر ایمان والے مرد اور عورتیں نہ ہوں''۔

## حَبِيبُ بْنُ زَيْدِ بْنِ عَاصِمِ بْنِ عَمْرٍو الْمَازِنِيُّ

## حضرت حبیب بن زید بن عاصم بن عمرو المازنی رضی اللہ عنہ

**3464** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ الْعَقَبَةَ مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ بَنِي النَّجَّارِ نُسَيْبَةَ قَالَ ابْنُ نُمَيْرٍ: وَالنَّاسُ يَقُولُونَ نُسَيْبَةُ وَأُخْتُهَا ابْنَتَا كَعْبِ بْنِ عَمْرٍو، وَزَوْجُهَا زَيْدُ بْنُ عَاصِمٍ، وَابْنَاهَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَيْدٍ، وَحَبِيبُ بْنُ زَيْدٍ الَّذِي أَخَذَهُ مُسَيْلِمَةُ

حضرت محمد بن اسحاق فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی نجار میں سے جو عقبہ میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں ایک نام نسیبہ کا ہے۔ ابن نمیر فرماتے ہیں کہ لوگ کہتے ہیں: نسیبہ اور ان کی بہن اور کعب بن عمرو کی بیٹیاں اور ان کا شوہر زید بن عاصم اور ان کے بیٹے عبداللہ بن زید اور حبیب بن زید نے مسیلمہ کو پکڑا۔

## حَبِيبُ بْنُ إِسْحَاقَ الْأَنْصَارِيُّ أَخُو بَلْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ وَيُقَالُ

## حضرت حبیب بن اسحاق انصاری' حضرت حارث بن خزرج کے بھائی ہیں' انہیں

# خُبَيْبٌ

3465 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ زَكَرِيَّا التُّسْتَرِيُّ، ثنا شَبَابُ الْعُصْفُرِيُّ، ثنا بَكْرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ، وَوَهْبِ بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ، قَالَ: نَزَلَ أَبُو بَكْرٍ عَلَى حَبِيبِ بْنِ إِسَافٍ أَخِي بَلْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ بِالسُّنْحِ ، وَيُقَالُ: بَلْ نَزَلَ عَلَى خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ أَبِي زُهَيْرٍ أَخِي بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ

# خبیب بھی کہا جاتا ہے

حضرت ابن اسحاق فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر حبیب بن اساف حارث بن خزرج کے بھائی کے پاس آئے مقام سنح میں' یہ بھی کہا جاتا ہے کہ خارج بن زید بن ابوزہیر' بنی حارث بن خزرج کے بھائی آئے۔

# حَبِيبُ بْنُ فُرَيْكٍ

3466 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، حَدَّثَنِي رَجُلٌ، مِنْ سَلَامَانَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أُمِّهِ، أَنَّ خَالَهَا حَبِيبَ بْنَ فُرَيْكٍ، حَدَّثَهَا، أَنَّ أَبَاهُ خَرَجَ بِهِ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَيْنَاهُ مُبْيَضَّتَانِ لَا يُبْصِرُ بِهِمَا شَيْئًا، فَسَأَلَهُ: مَا أَصَابَهُ؟ ، قَالَ: كُنْتُ أَمْرِي جَمَلًا لِي فَوَقَعَتْ رِجْلَيَّ عَلَى بَيْضِ حَيَّةٍ فَأُصِيبَ بَصَرِي، فَنَفَثَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي عَيْنِهِ فَأَبْصَرَ فَرَأَيْتُهُ يُدْخِلُ الْخَيْطَ فِي الْإِبْرَةِ وَإِنَّهُ لَابْنُ ثَمَانِينَ وَإِنَّ عَيْنَيْهِ لَمُبْيَضَّتَانِ

# حضرت حبیب بن فریک رضی اللہ عنہ

حضرت حبیب بن فریک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ان کے والد انہیں لے کر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آئے' مجھے دونوں آنکھوں سے کوئی شی دکھائی نہیں دیتی تھی' آپ نے پوچھا: کیا ہوا ہے؟ میرے والد نے کہا: میرے پاس اونٹ ہیں' میرا پاؤں سانپ کے بل میں پڑا' اُس نے میری آنکھ پر ڈنگ مارا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا لعابِ دہن میری آنکھ پر لگایا تو اس سے دکھائی دینے لگا' میں سوئی کے ناکے میں دھاگہ ڈال لیتا تھا حالانکہ اس وقت میری عمر اسّی سال تھی اور دونوں آنکھیں سفید تھیں۔

# حَبِيبُ بْنُ خِرَاشٍ الْعَصَرِيُّ

**3467** - حَدَّثَنَا أَبُو عُبَيْدَةَ عَبْدُ الْوَارِثِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمْرِو بْنِ جَبَلَةَ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ حُنَيْنٍ الطَّائِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ حَبِيبِ بْنِ خِرَاشٍ الْعَصَرِيَّ، يُحَدِّثُ، عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ، سَمِعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الْمُسْلِمُونَ إِخْوَةٌ لَا فَضْلَ لِأَحَدٍ عَلَى أَحَدٍ إِلَّا بِالتَّقْوَى

# حضرت حبیب بن خراش العصری رضی اللہ عنہ

حضرت محمد بن حبیب بن خراش العصری اپنے والد سے بیان کرتے ہیں کہ اُنہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں' اگر کوئی دوسرے سے افضل ہے تو وہ ہے جو زیادہ پرہیزگار ہے۔

# مَنِ اسْمُهُ حُصَيْنٌ

## حُصَيْنُ بْنُ عَوْفٍ الْخَثْعَمِيُّ

**3468** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا ابْنُ الْأَصْبَهَانِيِّ، ثنا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي حُصَيْنُ بْنُ عَوْفٍ أَنَّهُ سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنَّ أَبِي شَيْخٌ كَبِيرٌ وَعَلَيْهِ حَجَّةُ الْإِسْلَامِ، وَلَا يَسْتَطِيعُ أَنْ يُسَافِرَ إِلَّا مَعْرُوضًا أَفَأَحُجُّ عَنْهُ؟، قَالَ: فَصَمَتَ، ثُمَّ قَالَ: حُجَّ عَنْ أَبِيكَ

# یہ باب ہے جن کا نام حصین ہے

## حضرت حصین بن عوف خثعمی رضی اللہ عنہ

حضرت حصین بن عوف رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضور ﷺ سے دریافت کیا: میرا باپ بہت بزرگ ہے' اس پر حج فرض ہے لیکن وہ سفر کی طاقت نہیں رکھتا ہے سوائے سامان پیش کرنے کے' تو کیا میں اُس کی طرف سے حج کروں؟ آپ خاموش رہے' جواب نہ دیا' پھر آپ نے فرمایا: اپنے والد کی طرف سے حج کرو۔

**3469** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، وَعَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، قَالَا: ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا أَبُو خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كُرَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، حَدَّثَنِي حُصَيْنُ بْنُ عَوْفٍ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ أَبِي أَدْرَكَهُ الْحَجُّ لَا يَسْتَطِيعُ أَنْ يَحُجَّ إِلَّا مُعْتَرِضًا قَالَ: فَصَمَتَ سَاعَةً، ثُمَّ قَالَ: حُجَّ عَنْ أَبِيكَ

حضرت حصین بن عوف رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کیا: میرا باپ بہت بزرگ ہے اس پر حج فرض ہے لیکن وہ سفر کی طاقت نہیں رکھتا ہے سوائے سامان پیش کرنے کے تو کیا میں اُس کی طرف سے حج کروں؟ آپ خاموش ایک گھڑی رہے جواب نہ دیا پھر آپ نے فرمایا: اپنے والد کی طرف سے حج کرو۔

**3470** - حَدَّثَنَا إِدْرِيسُ بْنُ جَعْفَرٍ الْعَطَّارُ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا حَفْصُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحُلْوَانِيُّ، ثنا بُهْلُولُ بْنُ مُوَرِّقٍ، ح وَثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْجَرْجَرَائِيُّ، ثنا بَكَّارُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّبَذِيُّ، حَدَّثَنِي عَمِّي مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ، عَنْ أَخِيهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ عَوْفٍ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ أَبِي شَيْخٌ كَبِيرٌ ضَعِيفٌ وَقَدْ عَمِلَ شَرَائِعَ الْإِسْلَامِ كُلَّهَا غَيْرَ الْحَجِّ وَلَا يَسْتَمْسِكُ عَلَى بَعِيرٍ أَفَأَحُجُّ عَنْ أَبِي؟، فَقَالَ: أَرَأَيْتَ لَوْ كَانَ عَلَى أَبِيكَ دَيْنٌ أَكُنْتَ قَاضِيَهُ؟، قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: فَدَيْنُ اللّٰهِ أَحَقُّ أَنْ يُقْضَى

حضرت حصین بن عوف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرا والد بہت بزرگ کمزور ہے سوائے حج کے سارے اسلام کے احکامات پر عمل کرتا ہے اور وہ اپنے اونٹ پر بیٹھ نہیں سکتا ہے کیا میں اپنے والد کی طرف سے حج کروں؟ آپ نے فرمایا: تم بتاؤ کہ اگر تیرے والد پر قرض ہو تو اس کو ادا کرے تو وہ ادا نہیں ہوگا؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: اللہ کا قرض زیادہ حق رکھتا ہے کہ اس کو ادا کیا جائے۔

## حُصَيْنُ بْنُ عُتْبَةَ أَبُو عِمْرَانَ بْنُ

## حضرت حصین بن عتبہ ابوعمران بن حصین



---

**3469**- أخرجه ابن ماجه في سننه جلد 2 صفحه 970 رقم الحديث: 2908 عن محمد بن كريب عن أبيه عن ابن عباس عن حصين بن عوف به .

# الْحُصَيْنِ الْخُزَاعِيُّ - الخزاعی رضی اللہ عنہ

وَقَدِ اخْتُلِفَ فِي إِسْلَامِهِ قِيلَ اَسْلَمَ وَيُقَالُ مَاتَ عَلَى كُفْرِهِ، وَالصَّحِيحُ اَنَّهُ اَسْلَمَ

ان کے اسلام لانے میں اختلاف کیا گیا ہے' بعض نے کہا: یہ اسلام لائے تھے' بعض نے کہا: یہ کفر پر مرے' صحیح یہ ہے کہ یہ مسلمان تھے۔



**3471** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ، ثنا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، ثنا اَبُو مُعَاوِيَةَ، ثنا شَبِيبُ بْنُ شَيْبَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ، ح وَثنا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، انا شَيْبَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، ح وَثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ رِبْعِيٍّ، قَالَ: حُدِّثْتُ اَنَّ الْحُصَيْنَ اَبَا عِمْرَانَ بْنَ الْحُصَيْنِ الْخُزَاعِيَّ جَاءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُشْرِكٌ قَالَ: يَا مُحَمَّدُ عَبْدُ الْمُطَّلِبِ كَانَ خَيْرًا لِقَوْمِهِ مِنْكَ فَذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ شَيْبَانَ

حضرت حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ابوعمران بن حصین الخزاعی' نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں حالتِ شرک میں آئے اور کہا: اے محمد! عبدالمطلب اپنی قوم کے لیے آپ سے بہتر تھے' اس کے بعد شیبان کی حدیث کی طرح ذکر کی۔

**3472** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا اَبُو خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ قَالَ: جَاءَ حُصَيْنٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَرَاَيْتَ رَجُلًا كَانَ يَصِلُ الرَّحِمَ وَيَقْرِي الضَّيْفَ مَاتَ قَبْلَكَ؟، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَبِي وَاَبَاكَ فِي النَّارِ ، فَمَا مَضَتْ عِشْرُونَ لَيْلَةً حَتَّى مَاتَ مُشْرِكًا

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت حصین رضی اللہ عنہ' نبی پاک ﷺ کی بارگاہ میں آئے اور عرض کی: کیا آپ ایسے آدمی کے بارے میں بتائیں گے جو صلہ رحمی بھی کرتا تھا اور مہمان نوازی بھی کرتا تھا لیکن اس کا وصال آپ سے پہلے ہوگیا؟ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: میرا چچا اور آپ کا باپ جہنم میں ہے۔ بیس راتیں گزریں تھی وہ شرک کی حالت میں مرگیا۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِی هِنْدٍ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ اَبَاهُ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ مُشْرِكًا فَقَالَ: اَرَاَيْتَ رَجُلًا يَقْرِي الضَّيْفَ، فَذَكَرَ مِثْلَهُ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے والد حضور ﷺ کی بارگاہ میں حالتِ شرک میں آئے، عرض کی: کیا آپ اس آدمی کے بارے میں بتائیں گے جو مہمان نوازی کرتا ہے، اس کے بعد اوپر والی حدیث بیان کی۔

# حُصَيْنُ بْنُ وَحْوَحٍ الْاَنْصَارِيُّ

# حضرت حصین بن وحوح انصاری رضی اللہ عنہ

**3473** - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا عُمَرُ بْنُ زُرَارَةَ الْحَدَثِيُّ، ثنا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عُثْمَانَ الْبَلَوِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ سَعِيدٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ وَحْوَحٍ، اَنَّ طَلْحَةَ بْنَ الْبَرَاءِ لَمَّا لَقِيَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مُرْنِي بِمَا اَحْبَبْتَ وَلَا اَعْصِي لَكَ اَمْرًا فَعَجِبَ لِذَلِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ غُلَامٌ، فَقَالَ لَهُ عِنْدَ ذَلِكَ: اذْهَبْ فَاقْتُلْ اَبَاكَ، قَالَ: فَخَرَجَ مُوَلِّيًا لِيَفْعَلَ، فَدَعَاهُ، فَقَالَ لَهُ: اَقْبِلْ فَاِنِّي لَمْ اُبْعَثْ بِقَطِيعَةِ رَحِمٍ فَمَرِضَ طَلْحَةُ بَعْدَ ذَلِكَ فَاَتَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُودُهُ فِي الشِّتَاءِ فِي بَرْدٍ وَغَيْمٍ، فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ لِاَهْلِهِ: لَا اَرَى طَلْحَةَ اِلَّا قَدْ حَدَثَ فِيهِ الْمَوْتُ فَآذِنُونِي بِهِ حَتَّى اَشْهَدَهُ وَاُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَجِّلُوهُ فَلَمْ يَبْلُغِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَنِي سَالِمِ بْنِ عَوْفٍ حَتَّى تُوُفِّيَ، وَجَنَّ عَلَيْهِ اللَّيْلُ، فَكَانَ

حضرت حصین بن وحوح رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت طلحہ بن براء رضی اللہ عنہ، حضور ﷺ سے ملے، عرض کی: یارسول اللہ! آپ مجھے حکم دیں جو پسند کریں، میں آپ کے حکم کی نافرمانی نہیں کروں گا۔ حضور ﷺ کو یہ بات بہت پسند آئی حالانکہ یہ بچے تھے، آپ نے فرمایا: جاؤ! اپنے والد کو قتل کرو۔ حضرت طلحہ ایسا کرنے کے لیے نکلے تو حضور ﷺ نے انہیں بلا لیا اور فرمایا: مجھے صلہ رحمی ختم کرنے کے لیے نہیں بھیجا گیا۔ حضرت طلحہ اس کے بعد بیمار ہوئے تو حضور ﷺ سردی اور بارش کے دوران ان کی عیادت کرنے کے لیے آئے، جب آپ واپس جانے لگے تو آپ نے ان کے گھر والوں سے فرمایا: طلحہ کی موت کا وقت قریب ہے، جب یہ مرجائے تو مجھے اطلاع کرنا اور میں اس کا جنازہ پڑھاؤں گا اور دفن کرنے میں جلدی کرنا۔ نبی پاک ﷺ بنی سالم بن عوف کے پاس نہیں پہنچے تھے کہ

فِيمَا قَالَ طَلْحَةُ: ادْفِنُونِي وَالْحِقُونِي بِرَبِّي عَزَّ وَجَلَّ، وَلَا تَدْعُوا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِنِّي أَخَافُ الْيَهُودَ أَنْ يُصَابَ فِي سَبَبِي، فَأُخْبِرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ أَصْبَحَ، فَجَاءَ حَتَّى وَقَفَ عَلَى قَبْرِهِ، فَصَفَّ النَّاسُ مَعَهُ، ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ فَقَالَ: اللّٰهُمَّ الْقَ طَلْحَةَ وَيَضْحَكُ إِلَيْكَ

ان کا وصال ہو گیا اور رات کا اندھیرا چھا گیا۔ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے کہا: مجھے دفن کر دو اور مجھے میرے رب کے ساتھ ملا دو اور رسول اللہ ﷺ کو نہ بلانا کیونکہ میں خوف کرتا ہوں کہ یہودی آپ کو تکلیف دیں گے۔ صبح کے وقت نبی پاک ﷺ کو اطلاع دی گئی تو آپ تشریف لائے، ان کی قبر کے پاس ٹھہرے، صحابہ کرام نے آپ کے پیچھے صفیں باندھیں، پھر آپ نے دونوں ہاتھ اُٹھائے اور یہ دعا کی: اے اللہ! تُو طلحہ سے مل اس حال میں کہ وہ تجھے دیکھ کر مسکرائے۔

## حُصَيْنٌ الْحِمَّانِيُّ وَهُوَ حُصَيْنُ بْنُ مُشْمِتِ بْنِ شَدَّادِ بْنِ النَّمِرِ بْنِ مُرَّةَ بْنِ حِبَّانَ

## حضرت حصین حمانی، یہ حصین بن مشمت بن شداد بن نمر بن مرہ بن حبان ہیں

3474 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، ح وَثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْحَرَشِيُّ، قَالَا: ثنا مُحْرِزُ بْنُ وِزْرِ بْنِ عِمْرَانَ بْنِ شُعَيْثِ بْنِ عَاصِمِ بْنِ حُصَيْنِ بْنِ مُشْمِتِ بْنِ شَدَّادِ بْنِ النَّمِرِ بْنِ مُرَّةَ بْنِ حِبَّانَ، حَدَّثَنِي وِزْرٌ، أَنَّ أَبَاهُ عِمْرَانَ، حَدَّثَهُ، أَنَّ أَبَاهُ شُعَيْثًا، حَدَّثَهُ، أَنَّ أَبَاهُ عَاصِمًا حَدَّثَهُ، أَنَّ أَبَاهُ حُصَيْنًا حَدَّثَهُ، أَنَّهُ وَفَدَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَبَايَعَهُ بَيْعَةَ الْإِسْلَامِ وَصَدَّقَ إِلَيْهِ صَدَقَةَ مَالِهِ،

حضرت حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ وہ حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے اور آپ سے اسلام کی بیعت کی اور اپنے مال کا صدقہ آپ کو پیش کیا تو نبی پاک نے مروث اور اسناد جراد کے مقام پر چند پانی کے کنویں دیئے، ان میں سے ایک اصیب تھا، ایک ماغرہ تھا، ایک اھواء، ایک ثماد تھا اور ایک سدید تھا۔ حضرت حصین بن مشمت کے لیے جو کاٹا اس کے لیے شرط لگائی کہ اس کی چراگاہ کو کاٹنا بھی نہیں اور اس کا پانی فروخت بھی نہیں کرنا اور حضرت حصین بن مشمت پر شرط لگائی کہ

وَاَقْطَعَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِيَاهَ عَدَّةَ بِالْمَرُوتِ وَإِسْنَادَ جَرَادٍ مِنْهَا أُصَيْهِبٌ وَمِنْهَا الْمَاغِرَةُ وَمِنْهَا أَهْوَاءٌ وَمِنْهَا الثِّمَادُ وَمِنْهَا السَّدِيرَةُ وَشَرَطَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى حُصَيْنِ بْنِ مُشَمِّتٍ مِمَّا قَطَعَ أَنْ لَا يُعْقَرَ مَرْعَاهُ وَلَا يُبَاعَ مَاؤُهُ وَشَرَطَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى حُصَيْنِ بْنِ مُشَمِّتٍ أَنْ لَا يَبِيعَ مَاءَهُ، وَلَا يَمْنَعَ فَضْلَهُ، فَقَالَ زُهَيْرُ بْنُ عَاصِمِ بْنِ حُصَيْنٍ شِعْرًا:

(البحر الرجز)

إِنَّ بِلَادِي لَمْ تَكُنْ أَمْلَاسَا ... بِهِنَّ خَطَّ الْقَلَمُ الْأَنْقَاسَا

مِنَ النَّبِيِّ حَيْثُ أَعْطَى النَّاسَا ... فَلَمْ يَدَعْ لَبْسًا وَلَا الْتِبَاسَا

پانی فروخت نہیں کرنا اور جو بچ جائے اس سے کسی کو روکنا بھی نہیں۔ حضرت زہیر بن عاصم بن حصین نے شعر کہے:

''بے شک میرا علاقہ نہ تو زیادہ ہموار ہے، قلم نے ان کو انقاس (روشنائیاں) لکھ دیا ہے'

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جہاں اُنہوں نے لوگوں کو عطا فرمایا، آپ نے نہ کسی مشکل و دشوار اور نہ مشتبہ کو چھوڑا''۔

## حُصَيْنُ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ بَدْرِيٌّ

## حصین بن حارث بن مطلب بن عبد مناف بن بدری رضی اللہ عنہ

3475 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا حُصَيْنُ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ

حضرت محمد بن اسحاق فرماتے ہیں کہ جو بدر میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام حصین بن حارث بن عبد مناف کا بھی ہے۔

3476 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا ضِرَارُ بْنُ صُرَدٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ، عَنْ

حضرت محمد بن عبید اللہ بن ابو رافع اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے

مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ مَعَ عَلِيٍّ حُصَيْنُ بْنُ الْحَارِثِ بَدْرِيٌّ شَهِدَ مَعَهُ كُلَّ مَشَاهِدِهِ مِنْ بَنِي الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ

## حُصَيْنُ بْنُ يَزِيدَ الْكَلْبِيُّ

لَمْ يُخَرَّجْ

## حُصَيْنُ بْنُ اَوْسٍ وَيُقَالُ: ابْنُ قَيْسٍ النَّهْشَلِيُّ

3477 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ، ثنا غَسَّانُ بْنُ الْاَغَرِّ النَّهْشَلِيُّ، حَدَّثَنِي زِيَادُ بْنُ حُصَيْنٍ النَّهْشَلِيُّ، عَنْ اَبِيهِ حُصَيْنِ بْنِ اَوْسٍ، اَنَّهُ قَدِمَ الْمَدِينَةَ بِاِبِلٍ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مُرْ اَهْلَ الْوَادِي اَنْ يُعِينُونِي وَيُحْسِنُوا مُخَالَطَتِي فَاَمَرَهُمْ، فَقَامُوا مَعَهُ فَاَحْسَنُوا مُخَالَطَتَهُ ثُمَّ دَعَاهُ فَمَسَحَ يَدَهُ عَلَى وَجْهِهِ وَدَعَا لَهُ

3478 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَارُودِيُّ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَهْلٍ اَبُو سَهْلٍ الْبَصْرِيُّ ح، وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الصَّوَّافُ، قَالَا: ثنا اَبُو الْهَيْثَمِ خَلَفُ بْنُ الْهَيْثَمِ النَّهْشَلِيُّ الْقَصَّارُ، حَدَّثَنَا غَسَّانُ بْنُ

ساتھ شریک ہوئے اُن میں حارث بدری بھی ہیں اور بنی مطلب بن عبدمناف ہر جنگ میں شریک ہوئے۔

## حصین بن یزید کلبی

ان سے کوئی حدیث بیان نہیں کی گئی۔

## حصین بن اوس' انہیں ابن قیس نہشلی بھی کہا جاتا ہے

حضرت حصین بن اوس فرماتے ہیں کہ وہ مدینے میں اونٹ لے کر آئے' عرض کی: یارسول اللہ! دیہات والوں کو آپ حکم دیں کہ وہ میری مدد کریں اور میرے ساتھ اچھا سلوک کریں' آپ نے انہیں حکم دیا وہ دیہات کے لوگ میرے ساتھ کھڑے ہوئے' اُنہوں نے اچھا سلوک کیا' پھر آپ نے مجھے بلایا اور اپنا دستِ مبارک میرے چہرے پر پھیرا اور دعا کی۔

حضرت زیاد بن حصین اپنے والد حصین بن قیس سے روایت کرتے ہیں کہ وہ گندم اُٹھا کر مدینہ آئے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ملے' آپ نے فرمایا: اے دیہاتی! تم نے کیا اُٹھایا ہوا ہے؟ عرض کی: گندم! آپ نے فرمایا: اس کے ساتھ کیا کرنے کا ارادہ ہے؟ یا اس کے ساتھ کیا

الْاَغَـرّ النَّهْشَلِيُّ، ثنا عَمِّي زِيَادُ بْنُ حُصَيْنٍ، عَنْ اَبِيهِ حُـصَيْـنِ بْنِ قَيْسٍ اَنَّهُ حَمَلَ طَعَامًا اِلَى الْمَدِينَةِ فَلَقِيَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَاذَا تَحْمِلُ يَا اَعْـرَابِـيُّ؟ ، قَالَ: قَمْحًا، قَالَ: مَا اَرَدْتَ بِهِ، اَوْ مَا تُـرِيـدُ بِـهِ؟ ، قَالَ: اَرَدْتُ بَيْعَهُ فَمَسَحَ رَاْسِي وَقَالَ: اَحْسِنُوا مُبَايَعَةَ الْاَعْرَابِيِّ

کرو گے؟ عرض کی: میں اسے فروخت کرنا چاہتا ہوں' آپ نے میرے سر پر اپنا دستِ مبارک پھیرا' فرمایا: دیہاتی کے ساتھ اچھا سلوک کرو۔

**3479** - حَـدَّثَـنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا عَبْدُ اللّٰـهِ بْـنُ مُـعَـاوِيَةَ الْـجُـمَـحِيُّ، ثنا نُعَيْمُ بْنُ حُصَيْنٍ السَّـدُوسِـيُّ، حَـدَّثَـنِي عَمِّي، عَنْ جَدِّي، قَالَ: اَتَيْنَا الْمَدِينَةَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهَا وَمَعِي اِبِلٌ لِـي، فَـقُـلْـتُ: يَـا رَسُـولَ الـلّٰـهِ مُرْ اَهْلَ الْغَائِطِ اَنْ يُـحْسِنُوا مُخَالَطَتِي وَاَنْ يُعِينُونِي، قَالَ: فَقَامُوا مَعِي، فَـلَـمَّـا بِعْتُ اِبِلِي اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَـقَـالَ لِـي: ادْنُهْ فَمَسَحَ يَدَهُ عَلَى نَاصِيَتِي وَدَعَا لِي ثَلَاثَ مَرَّاتٍ

حضرت نعیم بن حصین السدوسی فرماتے ہیں کہ میرے چچا نے' وہ اپنے دادا سے بیان کرتے ہیں کہ ہم مدینہ آئے تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہاں تھے' میرے پاس اونٹ تھے' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! دیہات والوں کو حکم دیں کہ میرے ساتھ اچھا سلوک کریں اور میری مدد کریں' وہ دیہات کے لوگ میرے ساتھ اُٹھے' جب میں نے اپنے اونٹ فروخت کیے تو میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' آپ نے مجھے فرمایا: قریب ہو! آپ نے اپنا دستِ مبارک میری پیشانی پر رکھا اور میرے لیے تین مرتبہ دعا کی۔

# حَابِسٌ اَبُو حَيَّةَ التَّمِيمِيُّ

# حضرت حابس ابوحیہ تمیمی رضی اللہ عنہ

**3480** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ الْحَلَبِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰـهِ بْنُ رَجَاءٍ، ثنا حَرْبُ بْنُ شَدَّادٍ، عَنْ يَحْيَى بْـنِ اَبِي كَثِيرٍ، حَدَّثَنِي حَيَّةُ بْنُ حَابِسٍ التَّمِيمِيُّ، اَنَّ اَبَـاهُ، اَخْبَـرَهُ، اَنَّـهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا شَيْءَ فِي الْهَامِ وَالْعَيْنُ حَقٌّ وَاَصْدَقُ

حضرت حیہ بن حابس تمیمی سے روایت ہے کہ ان کے والد نے بتایا کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: ھام کوئی شی نہیں ہے' نظر برحق ہے' سب سے اچھی بات فال ہے۔

الطَّيْرِ الْفَالُ

3481 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا يَحْيَى بْنُ اَبِى كَثِيرٍ الْعَنْبَرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِى كَثِيرٍ، حَدَّثَنِى حَيَّةُ بْنُ حَابِسٍ التَّمِيمِيُّ، حَدَّثَنِى اَبِى، اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا شَيْءَ فِى الْهَامِ وَالْعَيْنُ حَقٌّ وَاَصْدَقُ الطَّيْرِ الْفَالُ

حضرت حیہ بن حابس تمیمی سے روایت ہے کہ ان کے والد نے بتایا کہ اُنہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ھام کوئی شی نہیں ہے' نظر برحق ہے' سب سے اچھی بات فال ہے۔

# حَابِسُ بْنُ رَبِيعَةَ الْيَمَانِيُّ

# حضرت حابس بن ربیعہ الیمانی رضی اللہ عنہ

3482 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِى زِيَادٍ الْقَطَوَانِيُّ، ثنا اَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِى سَلَمَةَ الْمَاجِشُونَ، عَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ اَبِى عَوْنٍ، قَالَ: مَرَّ عَلِيُّ بْنُ اَبِى طَالِبٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ، يَوْمَ صِفِّينَ وَهُوَ مُتَّكِءٌ عَلَى الْاَشْتَرِ فَمَرَّ حَابِسٌ وَكَانَ حَابِسٌ مِنَ الْعِبَادِ فَقَالَ الْاَشْتَرُ: يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ حَابِسٌ مَعَهُمْ عَهْدِى بِهِ وَاللّٰهِ مُؤْمِنٌ، فَقَالَ عَلِيٌّ: فَهُوَ الْيَوْمَ مُؤْمِنٌ

حضرت عبدالواحد بن ابوعوف فرماتے ہیں کہ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ گزرے صفین کے دن' یہ اشتر پر ٹیک لگائے ہوئے تھے' حضرت حابس رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرے تو حابس بندوں میں سے تھے' اشتر نے کہا: اے امیرالمؤمنین! حابس ان کے ساتھ ہے' مجھ سے وعدہ لے لیں اللہ کا کہ مؤمن ہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ آج مؤمن ہے۔

# حَابِسُ بْنُ سَعْدٍ الطَّائِيُّ

# حضرت حابس بن سعد الطائی رضی اللہ عنہ

3483 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، وَاَبُو زَيْدٍ الْحَوْطِيُّ، قَالَا: ثنا اَبُو الْيَمَانِ الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ، ثنا حَرِيزُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ

حضرت عبداللہ بن عامر الھانی فرماتے ہیں کہ حضرت حابس بن سعد الطائی رضی اللہ عنہ سحری کے وقت مسجد میں آئے' حضور ﷺ اور صحابہ کرام کو مسجد

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ غَابِرٍ الْاَلْهَانِيِّ قَالَ: دَخَلَ حَابِسُ بْنُ سَعْدٍ الطَّائِيُّ الْمَسْجِدَ مِنَ السَّحَرِ وَقَدْ اَدْرَكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَاسًا يُصَلُّونَ فِي صَدْرِ الْمَسْجِدِ، فَقَالَ: الْمُرَاؤُونَ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ اَرْعِبُوهُمْ فَمَنْ رَعَّبَهُمْ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ فَقَالَ: اِنَّ الْمَلَائِكَةَ تُصَلِّي مِنَ السَّحَرِ فِي مُقَدَّمِ الْمَسْجِدِ

کے اگلے حصے میں نماز پڑھتے ہوئے پایا' اس نے کہا: ربِ کعبہ کی قسم! یہ دکھاوا کرنے والے ہیں' انہیں خوب ڈراؤ' پس جوان کو ڈرائے اس نے اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کی۔ آپ نے فرمایا: فرشتے سحری کے وقت مسجد میں پہلے آنے والوں کے لیے دعا کرتے ہیں۔

# حَازِمُ بْنُ حَرْمَلَةَ الْغِفَارِيُّ

# حضرت حازم بن حرملہ الغفاری رضی اللہ عنہ

**3484** - حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ حَمْزَةَ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ح وَحَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمْزَةَ الزُّبَيْرِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ الْعَطَّارُ الْمَكِّيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، قَالُوا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْنِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ سَعِيدٍ الْمُزَنِيِّ، عَنْ اَبِي زَيْنَبَ مَوْلَى حَازِمِ بْنِ حَرْمَلَةَ، حَدَّثَنِي حَازِمُ بْنُ حَرْمَلَةَ، قَالَ: مَرَرْتُ يَوْمًا فَدَعَانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَقْبَلْتُ اِلَيْهِ فَقَالَ: اَكْثِرُوا مِنْ قَوْلِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ فَاِنَّهَا مِنْ كُنُوزِ الْجَنَّةِ

حضرت حازم بن حرملہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ایک دن گزرا' رسول اللہ ﷺ نے مجھے بلوایا' میں آپ کے پاس آیا تو آپ نے فرمایا: کثرت سے لاحول ولاقوۃ الا باللہ پڑھو کیونکہ جنت کے خزانوں سے ہے۔

# حَرْبُ بْنُ الْحَارِثِ الْمُحَارِبِيُّ

# حضرت حرب بن حارث المحاربی رضی اللہ عنہ

**3485** - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، ثنا

حضرت حرب بن حارث رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا يَعْلَى بْنُ الْحَارِثِ الْمُحَارِبِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ الرَّبِيعَ بْنَ زِيَادٍ، عَنْ حَرْبِ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنبَرِ فِي يَوْمِ الْجُمُعَةِ وَهُوَ يَقُولُ: قَدْ اَمَرَنَا لِلنِّسَاءِ بِوَرْسٍ وَاِبَرٍ، فَاَمَّا الْوَرْسُ فَاَتَاهُنَّ مِنَ الْيَمَنِ، وَاَمَّا الْاِبَرُ فَاُخِذَ مِنْ نَاسٍ مِنْ اَهْلِ الذِّمَّةِ مِمَّا عَلَيْهِمْ مِنَ الْجِزْيَةِ، فَقُلْتُ لِلرَّبِيعِ اَوْ قِيلَ لَهُ اَوْ سَمِعَهُ الرَّبِيعُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: نَعَمْ

کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جمعہ کے دن منبر پر فرماتے ہوئے سنا' آپ نے ہمیں حکم دیا عورتوں کے لیے ورس اور اِبر کا' دوس کے یمن سے لائے گئے اِبر' انہیں اہلِ ذمہ سے لیا جن سے جزیہ لیا جاتا ہے' میں نے ربیع سے کہا' یا عرض کی گئی: کیا اسے ربیع بن حرب نے سنا ہے؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں!

## حِسْلٌ اَخُو بَنِي عَامِرِ بْنِ لُؤَيٍّ

## حضرت حسل بنی عامر بن لوی کے بھائی

**3486** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رُسْتَةَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَالِكٍ الرَّاسِبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ مَسْمُولٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي سَبْرَةَ، اَخْبَرَنِي الْقَاسِمُ بْنُ اَبِي اَشْمَطَ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ جَدِّي حِسْلٍ اَحَدِ بَنِي عَامِرِ بْنِ لُؤَيٍّ، قَالَ: مَرَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّتِهِ وَنَحْنُ مَعَهُ عَلَى رَجُلٍ قَدْ فَرَغَ مِنْ حَجِّهِ، فَقَالَ لَهُ: اَسْلَمَ لَكَ حَجُّكَ؟، قَالَ: نَعَمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: ائْتَنِفِ الْعَمَلَ

حضرت حسل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حجۃ الوداع کے موقع پر ہم آپ کے ساتھ تھے' ایک آدمی حج سے فارغ ہو چکا تھا تو آپ نے اسے فرمایا: تمہارا حج مکمل ہو گیا ہے؟ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! جی ہاں! آپ نے فرمایا: نئے سرے سے حج کرو (یعنی اگلے سال)۔

## حُسَيْلُ بْنُ خَارِجَةَ الْاَشْجَعِيُّ

## حضرت حسیل بن خارجہ الاشجعی رضی اللہ عنہ

**3487** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت حسیل بن خارجہ اشجعی رضی اللہ عنہ فرماتے

الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانَ الْوَاسِطِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عِمْرَانَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ حُوَيِّصَةَ الْحَارِثِيِّ، عَنْ مَعْنِ بْنِ جُوَيْرِيَةَ، عَنْ حُسَيْلِ بْنِ خَارِجَةَ الْاَشْجَعِيِّ، قَالَ: قَدِمْتُ الْمَدِينَةَ فِي جَلَبٍ اَبِيعُهُ، فَاُتِيَ بِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اَجْعَلُ لَكَ عِشْرِينَ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ عَلَى اَنْ تَدُلَّ اَصْحَابِي هَؤُلَاءِ عَلَى طَرِيقِ خَيْبَرَ، فَفَعَلْتُ، فَلَمَّا قَدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْبَرَ وَفَتَحَهَا جِئْتُ، فَاَعْطَانِي الْعِشْرِينَ ثُمَّ اَسْلَمْتُ

ہیں کہ میں مدینہ میں کاروبار کے لیے آیا' مجھے حضور ﷺ کے پاس لایا گیا تو آپ نے فرمایا: تمہارے لیے بیس صاع کھجوریں ہوں گی' اس بات پر کہ وہ میرے صحابہ کو خیبر کا راستہ بتانا' میں نے ایسے ہی کیا' جب رسول اللہ ﷺ خیبر آئے اور فتح کیا تو میں آپ کے پاس آیا' آپ نے مجھے بیس صاع کھجوریں دیں' پھر میں اسلام لایا۔

## حُجْرُ بْنُ عَدِيٍّ الْكِنْدِيُّ

## حضرت حجر بن عدی الکندی رضی اللہ عنہ

3488 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَكَمِ بْنِ اَبِي زِيَادٍ الْقَطَوَانِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، قَالَ: رَاَيْتُ حُجْرَ بْنَ عَدِيٍّ حِينَ اَخَذَهُ مُعَاوِيَةُ وَهُوَ يَقُولُ: هَذِهِ بَيْعَتِي لَا اَقِيلُهَا وَلَا اَسْتَقِيلُهَا سَمَاعَ اللّٰهِ وَالنَّاسِ

حضرت ابو اسحاق فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت حجر بن عدی رضی اللہ عنہ کو دیکھا جس وقت آپ کو حضرت معاویہ نے پکڑا' وہ یہ کہہ رہے تھے: یہ میری بیعت ہے نہ کم کروں گا نہ زیادہ کروں گا' اللہ نے سنا ہے اور لوگوں نے۔

## حُجْرُ بْنُ قَيْسٍ وَقَدْ قِيلَ هُوَ حُجْرُ بْنُ عَنْبَسٍ الْكِنْدِيُّ

## حضرت حجر بن قیس' آپ کو حجر بن عنبسی الکندی بھی کہا جاتا ہے

3489 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا

حضرت موسیٰ بن قیس سے روایت ہے کہ حضرت

زَيْدُ بْنُ اَخْزَمَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ، عَنْ مُوسَى بْنِ قَيْسٍ، عَنْ حُجْرِ بْنِ قَيْسٍ وَكَانَ قَدْ اَدْرَكَ الْجَاهِلِيَّةَ، قَالَ: خَطَبَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاطِمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا فَقَالَ: هِيَ لَكَ عَلَى اَنْ تُحْسِنَ صُحْبَتَهَا

حجر بن قیس رضی اللہ عنہ نے زمانۂ جاہلیت پایا ہے‘ حضرت حجر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کا پیغام بھیجا‘ آپ نے ارشاد فرمایا: آپ سے نکاح کرنا‘ آپ ان سے اچھا سلوک کرنا۔

**3490** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا مُوسَى بْنُ قَيْسٍ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ حُجْرَ بْنَ عَنْبَسٍ وَقَدْ كَانَ اَكَلَ الدَّمَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ وَشَهِدَ مَعَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ الْجَمَلَ، وَصِفِّينَ، فَقَالَ: خَطَبَ اَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فَاطِمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هِيَ لَكَ يَا عَلِيُّ

حضرت موسیٰ بن قیس الحضرمی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت حجر بن عنبس رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ وہ زمانۂ جاہلیت میں خون کھایا تھا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ جنگ جمل اور صفین میں شریک ہوئے۔ حضرت حجر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے نکاح کا پیغام بھیجا‘ حضور ﷺ نے فرمایا: اے علی! آپ نے ہی اس سے نکاح کرنا ہے۔

## حُجَيْرٌ اَبُو مَخْشِيٍّ

## حضرت حجیر ابو مخشی رضی اللہ عنہ

**3491** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ الْعَنْبَرِيُّ، ثنا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، حَدَّثَنِي مَخْشِيُّ بْنُ حُجَيْرٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ فَقَالَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ اَيُّ بَلَدٍ هَذَا؟ ، قَالُوا: بَلَدٌ حَرَامٌ، قَالَ: فَاَيُّ شَهْرٍ هَذَا؟ ، قَالُوا: شَهْرٌ حَرَامٌ، قَالَ: فَاَيُّ يَوْمٍ هَذَا؟ ، قَالُوا: يَوْمٌ حَرَامٌ، قَالَ: اَلَا اِنَّ دِمَاءَكُمْ

حضرت مخشی بن حجیر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر خطبہ دیا‘ فرمایا: اے لوگو! یہ کون سا شہر ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: حرام شہر‘ آپ نے فرمایا: یہ کون سا مہینہ ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: حرمت والے مہینے ہیں‘ آپ نے فرمایا: یہ کون سا دن ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: حرمت والا دن ہے‘ آپ نے فرمایا: خبردار! تمہارے خون اور اموال اور عزتیں ایک دوسرے پر ایسے ہی

وَاَمْوَالَكُمْ وَاَعْرَاضَكُمْ عَلَيْكُمْ حَرَامٌ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هَـذَا كَشَهْرِكُمْ هَـذَا كَحُرْمَةِ بَلَدِكُمْ هَذَا، فَلْيُبَلِّغْ شَاهِدُكُمْ غَائِبَكُمْ لَا تَرْجِعُوا بَعْدِي كُفَّارًا يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ

حرام ہیں جس طرح تم پر آج کے دن اور اس مہینہ اور اس شہر میں ہیں' جو تم میں حاضر ہے وہ اُسے پہنچائے جو موجود نہیں ہے' میرے بعد کافر نہ ہو جانا کہ تم ایک دوسرے کی گردنیں اُڑاؤ۔

## حَيَّانُ اَبُو عِمْرَانَ الْاَنْصَارِيُّ

## حضرت حیان ابوعمران انصاری رضی اللہ عنہ

**3492** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ دُحَيْمٍ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا اَبِي، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عَمْرٍو الْاَشْعَثِيُّ، قَالَا: ثنا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَلِيٍّ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حَيَّانَ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: خَطَبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ خَيْبَرَ، فَنَهَاهُمْ اَنْ يُبَاعَ سَهْمٌ مِنْ مَغْنَمٍ حَتَّى يُقْسَمَ، وَاَنْ يُوطَاَنَ الْحَبَالَى حَتَّى يَضَعْنَ، وَعَنِ الثَّمَرَةِ اَنْ تُبَاعَ حَتَّى يَبْدُوَ صَلَاحُهَا، وَيُؤْمَنَ عَلَيْهَا الْعَاهَةُ زَادَ دُحَيْمٌ فِي حَدِيثِهِ: وَاَحَلَّ لَهُمْ ثَلَاثَةَ اَشْيَاءَ كَانَ نَهَاهُمْ عَنْهَا: اَحَلَّ لَهُمْ لُحُومَ الْاَضَاحِيِّ، وَزِيَارَةَ الْقُبُورِ، وَالْاَوْعِيَةَ

حضرت عمران بن حیان انصاری اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے خیبر کے دن پیغام بھیجا' آپ نے مالِ غنیمت میں سے اپنے حصہ کو تقسیم سے پہلے فروخت کرنے سے منع فرمایا اور حاملہ عورتوں سے وطی کرنے سے منع فرمایا یہاں تک کہ وہ حمل جن لیں اور پھلوں کو پکنے سے پہلے فروخت کرنے سے اور ان کے درست ہونے تک۔ دحیم نے اپنی حدیث میں اضافہ کیا ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: تمہارے لیے تین اشیاء حلال کر رہا ہوں جس سے میں نے منع کیا تھا: تمہارے لیے قربانی کا گوشت (تین دن سے زیادہ) دنوں کے لیے حلال کر رہا ہوں' قبروں کی زیارت کیا کرو' جن برتنوں کو استعمال کرنے سے منع کیا تھا (اب انہیں استعمال کرو)۔

## حَبَّانُ بْنُ مُنْقِذٍ الْاَنْصَارِيُّ

## حضرت حبان بن منقذ انصاری رضی اللہ عنہ

**3493** - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ،

حضرت حبان بن منقذ رضی اللہ عنہ سے روایت

ثنا عَمْرُو بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ طَارِقٍ، حَدَّثَنَا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ قُرَّةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَيْوِيلَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ حَبَّانَ بْنِ مُنْقِذٍ اَنَّ رَجُلًا قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَجْعَلُ ثُلُثَ صَلَاتِي عَلَيْكَ؟، قَالَ: نَعَمْ اِنْ شِئْتَ، قَالَ: الثُّلُثَيْنِ؟، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَصَلَاتِي كُلَّهَا؟ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَنْ يَكْفِيكَ اللّٰهُ مَا اَهَمَّكَ مِنْ اَمْرِ دُنْيَاكَ وَآخِرَتِكَ

ہے کہ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! میں آپ پر دن کے تہائی وقت میں درود پڑھوں؟ آپ نے فرمایا: ٹھیک ہے اگر تُو چاہے۔ عرض کی: دو تہائی؟ آپ نے فرمایا: ٹھیک ہے! عرض کی: سارا دن و رات آپ پر درود ہی پڑھتا رہوں؟ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل تیرے دنیا و آخرت کے غم کے لیے تیرے لیے کافی ہوگا۔

# حَيَّانُ بْنُ بُحٍّ الصُّدَائِيُّ

# حضرت حیان بن بح الصدائی رضی اللہ عنہ

3494 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْمِصِّيصِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى الْاَشْيَبُ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، ثنا بَكْرُ بْنُ سَوَادَةَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ نُعَيْمٍ، عَنْ حَيَّانَ بْنِ بُحٍّ الصُّدَائِيِّ صَاحِبِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كَفَرَ قَوْمِي فَاُخْبِرْتُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَهَّزَ اِلَيْهِمْ جَيْشًا فَاَتَيْتُهُ، فَقُلْتُ: اِنَّ قَوْمِي عَلَى الْاِسْلَامِ، قَالَ: كَذَلِكَ؟، قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: فَاتَّبَعْتُهُ لَيْلَتِي اِلَى الصَّبَاحِ فَاَذَّنْتُ بِالصَّلَاةِ، فَلَمَّا اَصْبَحْتُ اَعْطَانِي اِنَاءً فَتَوَضَّاْتُ فِيهِ فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَصَابِعَهُ فِي الْاِنَاءِ فَنَبَعَ عُيُونٌ فَقَالَ: مَنْ اَرَادَ مِنْكُمْ اَنْ يَتَوَضَّاَ فَلْيَتَوَضَّاْ، فَتَوَضَّاْتُ وَصَلَّيْتُ، وَاَمَّرَنِي عَلَيْهِمْ وَاَعْطَانِي صَدَقَتَهُمْ

حضرت حیان بن بح رضی اللہ عنہ صحابیِ رسول ﷺ نے فرمایا: میری قوم کافر تھی' مجھے بتایا گیا کہ حضور ﷺ نے ان کی طرف لشکر بھیجا ہے' میں نے کہا: میری قوم مسلمان ہے' آپ نے فرمایا: ایسے ہی ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! میں رات بھر صبح ہونے تک آپ کے پیچھے چلتا رہا' میں نے نماز کو جانا' جب میں نے صبح کی تو آپ نے مجھے برتن دیا' میں نے اس میں وضو کیا' حضور ﷺ نے اپنی انگشتِ مبارک پانی میں رکھیں تو اُن سے پانی کے چشمے جاری ہو گئے۔ آپ نے فرمایا: جو تم میں سے وضو کرنا چاہتا ہے وہ وضو کرے' میں نے وضو کیا اور نماز پڑھی' مجھے آپ نے ان پر امیر مقرر کیا اور مجھے آپ نے ان کا صدقہ دیا۔

3495 - فَقَامَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنَّ فُلَانًا ظَلَمَنِي، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا خَيْرَ فِي الْإِمَارَةِ لِرَجُلٍ مُسْلِمٍ

ایک آدمی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس کھڑا ہوا' اُس نے عرض کی کہ فلاں نے مجھ پر ظلم کیا ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مسلمان آدمی کے لیے حکومت میں بھلائی نہیں ہے۔

3496 - ثُمَّ جَاءَ رَجُلٌ يَسْأَلُ صَدَقَةً، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الصَّدَقَةَ صُدَاعٌ وَحَرِيقٌ فِي الْبَطْنِ وَدَاءٌ ، فَأَعْطَيْتُهُ صَحِيفَةَ إِمْرَتِي وَصَدَقَتِي، فَقَالَ: مَا شَأْنُكَ؟ ، فَقُلْتُ: كَيْفَ أَقْبَلُهَا وَقَدْ سَمِعْتُ مِنْكَ مَا سَمِعْتُ؟، فَقَالَ: هُوَ مَا سَمِعْتَ

پھر ایک اور آدمی آیا' اُس نے صدقہ کے متعلق پوچھا تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: صدقہ سر درد' پیٹ کو جلانا اور بیماری ہے' میں نے آپ کو اپنی حکومت کا صحیفہ دیا اور صدقہ دے دیا' آپ نے فرمایا: کیا بات ہے؟ میں نے عرض کی: میں کیسے قبول کروں جبکہ میں نے آپ سے یہ سنا ہے؟ آپ نے فرمایا: معاملہ تو ایسے ہی ہے جس طرح تُو نے سنا ہے۔

# حَيَّانُ بْنُ أَبْجَرَ الْكِنَانِيُّ يُقَالُ لَهُ صُحْبَةٌ

# حضرت حیان بن ابجر الکنانی' آپ کو صحابی ہونے کا شرف حاصل ہے

3497 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْأُمَوِيُّ، ثنا أَبِي، عَنِ الْأَعْمَشِ، قَالَ: سَمِعْتُ حَيَّانَ جَدَّ ابْنِ أَبْجَرَ الْأَكْبَرَ يَقُولُ: دَعِ الدَّوَاءَ مَا احْتَمَلَ جَسَدُكَ الدَّاءَ

حضرت حیان بن ابجر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: دواء کو چھوڑ دو' تمہارا جسم کب تک بیماری برداشت کرے گا۔

3498 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا هَارُونُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ إِسْرَائِيلَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَحْيَى

حضرت عبداللہ بن یحییٰ حضرمی فرماتے ہیں کہ حضرت حیان بن ابجر الکنانی رضی اللہ عنہ نے اپنی بیوی کے پیٹ سے کپڑا اُٹھایا اور اس کا علاج کیا۔

الْحَضْرَمِيّ، اَنَّ حَيَّانَ بْنَ اَبْجَرَ الْكِنَانِيَّ، نَقَرَ عَنْ بَطْنِ امْرَاَةٍ ثِيَابَهَا حَتَّى عَالَجَهَا

## حَرِيزٌ اَوْ اَبُو حَرِيزٍ وَيُقَالُ جَرِيرٌ اَوْ اَبُو جَرِيرٍ

## حضرت حریز' ابوحریز' ان کو جریرا اور ابوجریر بھی کہا جاتا ہے

3499 - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْمُغِيرَةِ، عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى، قَالَ: حَدَّثَنِي رَبُّ هَذَا الدَّارِ حَرِيزٌ اَوْ اَبُو حَرِيزٍ، قَالَ: لَمَّا انْتَهَيْتُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَخْطُبُ فَوَضَعْتُ يَدَيَّ عَلَى مِيثَرَةِ رَحْلِهِ فَوَجَدْتُهُ مِنْ جِلْدِ شَاةٍ ضَائِنَةٍ

حضرت ابن ابولیلیٰ فرماتے ہیں مجھے اس گھر کے مالک حریز یا ابوحریز نے بتایا' وہ فرماتے ہیں کہ جب میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا تو آپ خطبہ دے رہے تھے' میں نے اپنے دونوں ہاتھ کجاوہ کے چارجامہ پر رکھے۔ میں نے بکری کی کھال میں سے کوئی شی پائی۔

## حَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِيُّ يُكْنَى اَبَا الْوَلِيدِ

## حضرت حسان بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ' آپ کی کنیت ابوالولید ہے

وَهُوَ حَسَّانُ بْنُ ثَابِتِ بْنِ عَمْرِو بْنِ زَيْدِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ النَّجَّارِ بْنِ ثَعْلَبَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْخَزْرَجِ

یہ حسان بن ثابت بن عمرو بن زید بن عدی بن نجار بن ثعلبہ بن عمرو بن خزرج ہیں۔

3500 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْبَرْقِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنِ هِشَامٍ، ثنا زِيَادُ

حضرت محمد بن اسحاق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کا وصال 54 ہجری

بْـنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَكَّائِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ: تُوُفِّيَ حَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَخَمْسِينَ

میں ہوا۔

**3501** - حَـدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْـنِ وَاقِـدٍ الْبَـغْـدَادِيُّ، ثنـا اِبْـرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْهَـرَوِيُّ، ثنـا ابْـنُ اَبِي الزِّنَادِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَـائِشَةَ رَضِـيَ الـلّٰهُ عَنْهَا، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى الـلّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَضَعُ لِحَسَّانَ بْنِ ثَابِتٍ مِنبَرًا فِي الْـمَسْـجِـدِ يَـنْشُدُ عَلَيْهِ الْاَشْعَارَ، قَالَتْ: وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ اَيِّدْهُ بِرُوحِ الْقُدُسِ مَا نَافَحَ عَنْ نَبِيِّكَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کیلئے مسجد میں منبر رکھا نعت شریف پڑھنے کے لیے۔حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ دعا کی: اے اللہ! حسان کی مدد فرما' روح قدس سے جب تک یہ تیرے نبی کا دفاع کرتا رہے۔

**3502** - حَـدَّثَـنَـا مُـحَـمَّـدُ بْـنُ هِشَامِ بْنِ الـدُّمَيْكِ، ثنـا اِبْـرَاهِيمُ بْـنُ زِيَـادٍ سَبَلَانُ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُجَالِدٍ، عَنْ هِلَالٍ الْوَزَّانِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَـائِشَةَ، اَنَّ الـنَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَضَعَ لِحَسَّانَ مِنبَرًا يَنْشُدُ عَلَيْهِ هِجَاءَ الْمُشْرِكِينَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت حسان کے لیے منبر رکھا نعت پڑھنے کے لیے اور مشرکوں کو جواب دینے کے لیے۔

**3503** - حَـدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي خَالِدُ بْـنُ يَـزِيـدَ، عَـنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِلَالٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَـزِيَّةَ، عَـنْ مُـحَـمَّـدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اهْجُوا قُرَيْشًا، فَاِنَّهُ اَشَدُّ عَلَيْهِمْ مِنْ رَشْقِ الـنَّبْلِ، فَاَرْسَلَ اِلَى ابْنِ رَوَاحَةَ فَقَالَ: اهْجُهُمْ

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قریش کی مذمت بیان کرو کیونکہ یہ ان پر تیروں سے بھی زیادہ سخت ہے' آپ نے ابن رواحہ کی طرف پیغام بھیجا اور فرمایا: ان کی بُرائی بیان کرو! پس اُنہوں نے قریش کی بُرائی بیان کی' اسی پر بس نہیں کیا' آپ نے کعب بن مالک کی طرف بھی پیغام بھیجا' پھر حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کی



3503- اخرجه مسلم في صحيحه جلد 4صفحه1935 رقم الحديث: 2490 عن محمد بن ابراهيم عن أبي سلمة بن عبد الرحمٰن عن عائشة به .

فَهَجَاهُمْ فَلَمْ يَرْضَ، فَأَرْسَلَ إِلَى كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، ثُمَّ أَرْسَلَ إِلَى حَسَّانِ بْنِ ثَابِتٍ، فَلَمَّا دَخَلَ حَسَّانٌ قَالَ: قَدْ آنَ لَكُمْ أَنْ تُرْسِلُوا إِلَى هَذَا الْأَسَدِ الضَّارِبِ بِذَنَبِهِ، ثُمَّ دَلَعَ لِسَانَهُ فَجَعَلَ يُحَرِّكُهُ، قَالَ: وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَأَفْرِيَنَّهُمْ فَرْيَ الْأَدِيمِ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَعْجَلْ فَإِنَّ أَبَا بَكْرٍ أَعْلَمُ قُرَيْشٍ بِأَنْسَابِهَا، وَإِنَّ لِي فِيهِمْ نَسَبًا حَتَّى يَخْلُصَ لَكَ نَسَبِي، فَأَتَاهُ حَسَّانٌ ثُمَّ رَجَعَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ قَدْ خَلَصَ لِي نَسَبُكَ، وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَأَسُلَّنَّكَ مِنْهُمْ كَمَا تُسَلُّ الشَّعَرَةُ مِنَ الْعَجِينِ، قَالَتْ عَائِشَةُ: فَسَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لِحَسَّانَ: إِنَّ رُوحَ الْقُدُسِ لَا يَزَالُ يُؤَيِّدُكَ مَا نَافَحْتَ عَنِ اللَّهِ وَرَسُولِهِ، قَالَتْ: فَسَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: هَجَاهُمْ حَسَّانُ فَشَفَى وَاشْتَفَى قَالَ حَسَّانُ:

(البحر الوافر)

هَجَوْتَ مُحَمَّدًا فَأَجَبْتُ عَنْهُ... وَعِنْدَ اللَّهِ فِي ذَاكَ الْجَزَاءُ

هَجَوْتَ مُحَمَّدًا بَرًّا حَنِيفًا ... رَسُولُ اللَّهِ شِيمَتُهُ الْوَفَاءُ

فَإِنَّ أَبِي وَوَالِدَهُ وَعِرْضِي... لِعِرْضِ مُحَمَّدٍ مِنْكُمْ وِقَاءُ

ثَكِلْتُ بُنَيَّتِي إِنْ لَمْ تَرَوْهَا... تُثِيرُ النَّقْعَ مِنْ كَتِفَيْ كَدَاءُ

طرف پیغام بھیجا' حضرت حسان بن ثابت آئے' آپ نے فرمایا: ہمارے لیے وقت قریب آ گیا ہے کہ تم شکاری شیر کی طرف تیر پھینکو' پھر اپنی زبان کو حرکت دینا شروع کی' فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے' میں ان کی خوب مذمت کروں گا۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جلدی نہ کرو کیونکہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ قریش کے نسب خوب جانتے ہیں' میرا نسب بھی انہی میں ہے یہاں تک کہ میرا نسب الگ کرلو۔ پس حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ ان کے پاس آئے' پھر لوٹ گئے۔ عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں نے آپ کا نسب الگ کرلیا ہے' میں آپ کو ان سے اس طرح نکال لوں گا جس طرح آٹے سے بال نکالا جاتا ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سنا' آپ حضرت حسان رضی اللہ عنہ سے کہہ رہے تھے کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام مسلسل تمہاری مدد کریں گے جب تک تم اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے جواب دیتے رہیں گے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ حضرت حسان رضی اللہ عنہ نے ان کی مذمت کی' سننے والوں کو مطمئن کیا اور خود بھی مطمئن ہوئے۔ حضرت حسان رضی اللہ عنہ نے کہا:

''(اے دشمنِ رسول!) تُو نے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مذمت کی ہے اور میں نے اس کا جواب دیا ہے' اور اس

يُنَازِعْنَ الْاَعِنَّةَ مُصْعِدَاتٍ ... عَلَى اَكْتَافِهَا الْاَسَلُ الظِّمَاءُ

تَظَلُّ جِيَادُنَا مُتَمَطِّرَاتٍ... تُلَطِّمُهُنَّ بِالْخُمُرِ النِّسَاءُ

فَاِنْ اَعْرَضْتُمْ عَنَّا اعْتَمَرْنَا ... وَكَانَ الْفَتْحُ وَانْكَشَفَ الْغِطَاءُ

وَاِلَّا فَاصْبِرُوا لِضِرَابِ يَوْمٍ... يُعِزُّ اللّٰهُ فِيهِ مَنْ يَشَاءُ

وَقَالَ اللّٰهُ قَدْ اَرْسَلْتُ عَبْدًا ... يَقُولُ الْحَقَّ لَيْسَ بِهِ خَفَاءُ

وَقَالَ اللّٰهُ قَدْ يَسَّرْتُ جُنْدًا ... هُمُ الْاَنْصَارُ عُرْضَتُهَا اللِّقَاءُ

تُلَاقِي مِنْ مَعَدٍّ كُلَّ يَوْمٍ ... سُبَابًا اَوْ قِتَالًا اَوْ هِجَاءُ

فَمَنْ يَهْجُو رَسُولَ اللّٰهِ مِنْكُمْ ... وَيَمْدَحُهُ وَيَنْصُرُهُ سَوَاءُ

وَجِبْرِيلٌ رَسُولُ اللّٰهِ فِينَا... وَرُوحُ الْقُدُسِ لَيْسَ لَهُ كِفَاءُ

میں اللہ کے ہاں اجر ہے تو نے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مذمت بیان کی جو نیک بھی ہیں اور حق کی طرف جھکنے والے ہیں اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عادت وفا کرنا ہے بے شک میرا باپ میری ماں اور میری عزت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عزت کیلئے قربان ہے میں نے اپنی بیٹیوں کو گم کیا ہے اگر تم نے انہیں دیکھا وہ کندھوں سے گرد اُڑاتی ہیں پس اگر تم نے ان سے اعراض کیا ہے تو ہم نے قصد کیا ہے فتح ہے اور پردوں کا اُٹھنا ہے ورنہ تم صبر کرو اس دن کی مار کیلئے جس میں اللہ تعالیٰ جس کو چاہے گا عزت عطا فرمائے گا اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میں نے اپنے بندے کو بھیجا جو حق کہتا ہے ظلم نہیں کرتا اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میں نے لشکر عطا کیے وہ انصار ہیں ان کی منزل ملاقات ہے وہ ہر دن قبیلے سے جنگ کرتے ہیں کئی کو قیدی بناتے ہیں کئی کو قتل کرتے ہیں یا مذمت کرتے ہیں تم میں سے جو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مذمت کرتا ہے اور جو تعریف کرتا ہے اور مدد کرتا ہے کیا وہ برابر ہیں اور حضرت جبرائیل علیہ السلام ہم میں اللہ کے قاصد ہیں اور روح القدس کا کوئی ہم پلہ نہیں''۔

**3504** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَمُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ، وَاِسْحَاقُ بْنُ اَحْمَدَ الْخُزَاعِيُّ الْمَكِّيُّ، وَاِبْرَاهِيمُ بْنُ مَتُّوَيْهِ الْاَصْبَهَانِيُّ، قَالُوا: ثنا الزُّبَيْرُ بْنُ بَكَّارٍ، ثنا اَبُو غَزِيَّةَ مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُصْعَبٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ

حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہما فرماتی ہیں: حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ صحابہ کرام کی ایک مجلس کے پاس سے گزرے اس حال میں کہ حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ ان کو شعر سنا رہے تھے لیکن وہ چستی سے اس کو سن نہیں رہے تھے۔ حضرت زبیر رضی

**3504**- أخرجه الحاكم فی مستدركه جلد**3**صفحه**408** رقم الحديث: **5559** عن هشام بن عروة عن فاطمة بنت المنذر عن أسماء بنت أبی بكر به .

فَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ، عَنْ جَدَّتِهَا اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِي بَكْرٍ، قَالَتْ: مَرَّ الزُّبَيْرُ بْنُ الْعَوَّامِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، بِمَجْلِسٍ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَحَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ يُنْشِدُهُمْ مِنْ شِعْرِهِ وَهُمْ غَيْرُ نَشَاطٍ لِمَا يَسْمَعُونَ مِنْهُ، فَجَلَسَ الزُّبَيْرُ مَعَهُمْ، وَقَالَ: مَا لِي اَرَاكُمْ غَيْرَ اَذِنِينَ لِمَا تَسْمَعُونَ مِنْ شِعْرِ ابْنِ الْفُرَيْعَةِ، فَلَقَدْ كَانَ يَعْرِضُ بِهِ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيُحْسِنُ اسْتِمَاعَهُ وَيَجْزِلُ عَلَيْهِ ثَوَابَهُ، وَلَا يُشْغَلُ عَنْهُ بِشَيْءٍ، فَقَالَ حَسَّانُ:

(البحر الطويل)

اَقَامَ عَلَى عَهْدِ النَّبِيِّ وَهَدْيِهِ... حَوَارِيُّهُ وَالْقَوْلُ بِالْفِعْلِ يُعْدَلُ
اَقَامَ عَلَى مِنْهَاجِهِ وطَرِيقِهِ... يُوَالِي وَلِيَّ الْحَقِّ وَالْحَقُّ اَعْدَلُ
هُوَ الْفَارِسُ الْمَشْهُورُ وَالْبَطَلُ الَّذِي... يَصُولُ اِذَا مَا كَانَ يَوْمٌ مُحَجَّلُ
اِذَا كَشَفَتْ عَنْ سَاقِهَا الْحَرْبُ حَشَّهَا... بِاَبْيَضَ سَبَّاقٍ اِلَى الْمَوْتِ يَرْفُلُ
وَاِنَّ امْرَاً كَانَتْ صَفِيَّةُ اُمَّهُ... وَمِنْ اَسَدٍ فِي بَيْتِهَا لَمُؤَمَّلُ

اللہ عنہ نے ان کے پاس کھڑے ہو کر کہا: کیا بات ہے کہ تم ابن فریعہ کے شعر سن کر داد نہیں دے رہے ہو تحقیق یہ اپنے شعر رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے پیش کرتے تھے اور آپ ان کو بڑے اچھے طریقے سے سنتے اور اس پر انعام بھی دیتے اور کسی اور چیز کی طرف مصروف نہیں ہوتے تھے۔ تو حضرت حسان رضی اللہ عنہ نے کہا:

''کیا وہ آدمی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وعدہ اور ہدایت پر قائم رہا اور اس کے ساتھی بھی جبکہ قول' فعل کا متبادل ہوتا ہے'

کیا وہ آپ کے منہاج اور طریقے پر قائم رہے' وہ حق کے حقدار کے والی ہوئے اور حق ہی سیدھا راستہ ہے'

وہ شہرت یافتہ شاہسوار ہیں' اور ایسے بطلِ جلیل ہیں جو حملہ کرتے ہیں' جب مشکل دن ہو'

جب جنگ اپنی پنڈلی ننگی کرے یعنی جنگ برپا ہو جائے' تو وہ اپنے سفید چہرہ کے ساتھ' اس جنگ کو مزید بھڑکاتے ہیں' وہ موت کی طرف سبقت لے جانے والے ہیں' متکبرانہ انداز میں چلتا ہے' (نوٹ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے: تکبر کرنے والے کے سامنے تکبر کرنا صدقہ ہے)

ایک وہ آدمی جس کی ماں صاف ستھری ہو' اور اس کے گھر میں شیر ہو' اس سے امید رکھی جاتی ہے''۔



## مَا اَسْنَدَ حَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ

## حضرت حسان بن ثابت رضی

# رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

# اللہ عنہ کی مروی احادیث

3505 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيِّبِ، اَنَّ حَسَّانَ بْنَ ثَابِتٍ كَانَ فِي حَلْقَةٍ فِيهِمْ اَبُو هُرَيْرَةَ فَقَالَ لَهُ: اَنْشُدُكَ اللّٰهَ يَا اَبَا هُرَيْرَةَ، اَسَمِعْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَجِبْ عَنِّي اَيَّدَكَ اللّٰهُ بِرُوحِ الْقُدُسِ؟، قَالَ: اللّٰهُمَّ نَعَمْ

حضرت ابن میب سے روایت ہے کہ حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ ایک حلقہ میں تھے' وہاں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بھی تھے' حضرت حسان نے عرض کی: اے ابو ہریرہ! میں آپ کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ میری طرف سے جواب دے' اللہ تمہاری حضرت جبریل کے ذریعہ مدد کرے؟ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! جی ہاں!

3506 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيِّبِ قَالَ: اَنْشَدَ حَسَّانُ فِي الْمَسْجِدِ فَمَرَّ بِهِ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَلَحَظَهُ فَقَالَ: اَفِي الْمَسْجِدِ؟ اَفِي الْمَسْجِدِ؟، فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَقَدْ اَنْشَدْتُ فِيهِ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنْكَ، فَخَشِيَ اَنْ يَرْمِيَهُ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَجَازَ وَتَرَكَهُ.

حضرت ابن میب سے روایت ہے کہ حضرت حسان رضی اللہ عنہ مسجد میں نعت پڑھ رہے تھے' حضرت عمران کے پاس سے گزرے' آپ ٹھہرے اور فرمایا: کیا آپ مسجد میں پڑھ رہے ہیں؟ حضرت حسان رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں نے آپ سے بہتر کی موجودگی میں نعت پڑھی تھی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ' رسول اللہ ﷺ کی بات سن کر ڈر گئے' اجازت بھی دی اور چھوڑ دیا۔

حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، وَاِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ قَالَ: مَرَّ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، بِحَسَّانَ وَهُوَ يَنْشُدُ فِي الْمَسْجِدِ فَلَحَظَ اِلَيْهِ ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت سعید بن میب فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ' حضرت حسان رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرے' آپ مسجد میں نعت پڑھ رہے تھے' آپ وہاں رُکے' پھر اس کے بعد اوپر والی حدیث ذکر کی۔

3507 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ حُمَيْدٍ الطَّوِيلُ، ثنا صَالِحُ بْنُ اَبِي

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ' حضرت حسان بن ثابت رضی

الْاَخْضَرِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: اَتَى عُمَرُ عَلَى حَسَّانَ بْنِ ثَابِتٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، وَهُوَ يَنْشُدُ فِي الْمَسْجِدِ فَقَالَ: هٰهُنَا؟ فَقَالَ: قَدْ كُنْتُ اَنْشُدُ فِيهِ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنْكَ، فَوَلَّى عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ خَشْيَةَ اَنْ يَقُولَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ اَقْبَلَ حَسَّانُ عَلَى اَبِي هُرَيْرَةَ، فَقَالَ: اَنْشُدُكَ اللّٰهَ اَتَعْلَمُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا حَسَّانُ اَجِبْ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ اللّٰهُمَّ اَيِّدْهُ بِرُوحِ الْقُدُسِ ؟ قَالَ: نَعَمْ

اللہ عنہ کے پاس آئے‘ آپ مسجد میں نعت پڑھ رہے تھے‘ اور کہا: یہاں؟ حضرت حسان رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں نے آپ سے بہتر کی موجودگی میں نعت پڑھی ہے۔ حضرت عمر چلے گئے اس خوف سے کہ وہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام ہی نہ ذکر کر دیں‘ پھر حضرت حسان رضی اللہ عنہ‘ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے‘ عرض کی: میں آپ کو اللہ کی قسم دیتا ہوں! کیا آپ کو علم ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا: اے حسان! رسول اللہ کی طرف سے جواب دے! اے اللہ! اس کی حضرت جبریل علیہ السلام کے ذریعہ مدد فرما؟ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: جی ہاں!

**3508** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَاَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، وَعَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، قَالَ حَجَّاجُ، وَسُلَيْمَانُ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَقَالَ عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ: اَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنِ الْبَرَاءِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِحَسَّانَ: اهْجُهُمْ اَوْ هَاجِهِمْ وَجِبْرِيلُ مَعَكَ

حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت حسان رضی اللہ عنہ سے فرمایا: مشرکوں کو جواب دو حضرت جبریل تمہارے ساتھ ہیں۔

**3509** - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّا، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَزِيعٍ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، حَدَّثَنِي الْبَرَاءُ، قَالَ: سَمِعْتُ حَسَّانَ بْنَ ثَابِتٍ، يَقُولُ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے فرمایا: مشرکوں کی مذمت کرو‘ حضرت جبریل تمہارے ساتھ ہیں۔



---

3508- أخرجه مسلم في صحيحه جلد 4 صفحه 1933 رقم الحديث: 2486‘ والبخاري في صحيحه جلد 3 صفحه 1176 رقم الحديث: 3041‘ جلد 4 صفحه 1512 رقم الحديث: 3897‘ جلد 5 صفحه 2279 رقم الحديث: 5801 كلاهما عن شعبة عن عدى بن ثابت عن البراء به .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اهْجُهُمْ اَوْ هَاجِهِمْ - يَعْنِي الْمُشْرِكِينَ- فَإِنَّ جِبْرِيلَ مَعَكَ

3510 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ ح، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، قَالَا: ثنا عِيسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيُّ، حَدَّثَنِي عَدِيُّ بْنُ ثَابِتٍ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِحَسَّانَ: إِنَّ رُوحَ الْقُدُسِ مَعَكَ مَا هَاجَيْتَهُمْ - يَعْنِي الْمُشْرِكِينَ-

حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت حسان رضی اللہ عنہ سے فرمایا: جب تک تم مشرکوں کو جواب دیتے رہو گے حضرت جبریل تمہارے ساتھ ہیں۔

3511 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الرَّقِّيُّ، ثنا قَبِيصَةُ بْنُ عُقْبَةَ ح، وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، قَالَا: ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ بَهْمَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَسَّانَ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَعَنَ زَوَّارَاتِ الْقُبُورِ

حضرت عبدالرحمٰن بن حسان بن ثابت اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ان عورتوں پر لعنت فرمائی جو قبروں پر جا کر روتی ہیں (یا جن کو قبروں کی زیارت کرکے آخرت یاد نہیں آتی ہے)۔

3512 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، وَحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ الْاَوَّلِ، قَالَا: ثنا عُبَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ الْقُرَشِيُّ، ثنا الثَّوْرِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ بَهْمَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَسَّانَ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَعَنَ زَوَّارَاتِ الْقُبُورِ

حضرت عبدالرحمٰن بن حسان بن ثابت اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ان عورتوں پر لعنت فرمائی جو قبروں پر روتی ہیں۔

3513 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الزُّبَيْرُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ يَعْنِي

حضرت عبدالرحمٰن بن حسان اپنے والد حضرت حسان رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں: اے انصار

الْجَارِيِّ مِنْ اَهْلِ الْجَارِ مِنْ سَاحِلِ الْمَدِينَةِ، حَدَّثَنِي اِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُسَيَّبِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي الزِّنَادِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ اَبِيهِ حَسَّانَ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: بَدَتْ لَنَا مَعْشَرَ الْاَنْصَارِ اِلَى الْوَالِي حَاجَةٌ وَكَانَ الَّذِي طَلَبْنَا اِلَيْهِ اَمْرًا صَعْبًا، فَمَشَيْنَا اِلَيْهِ بِرِجَالٍ مِنْ قُرَيْشٍ وَغَيْرِهِمْ فَكَلَّمُوهُ وَذَكَرُوا لَهُ وَصِيَّةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِنَا فَذَكَرَ صُعُوبَةَ الْاَمْرِ فَعَذَرَهُ الْقَوْمُ وَخَرَجُوا وَاَلَحَّ عَلَيْهِ ابْنُ عَبَّاسٍ، فَوَاللّٰهِ مَا وَجَدَ بُدًّا مِنْ قَضَاءِ حَاجَتِنَا، فَخَرَجْنَا حَتَّى دَخَلْنَا الْمَسْجِدَ فَاِذَا الْقَوْمُ اَنْدِيَةٌ قَالَ حَسَّانُ: فَضَحِكْتُ وَاَنَا اُسْمِعُهُمْ اِنَّهُ وَاللّٰهِ كَانَ اَوْلَاكُمْ بِهَا اِنَّهَا وَاللّٰهِ صُبَابَةُ النُّبُوَّةِ وَوِرَاثَةُ اَحْمَدَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَهْذِيبُ اَعْرَاقِهِ وَانْتِزَاعُ شِبْهِ طَبَائِعِهِ، فَقَالَ الْقَوْمُ: اَجْمِلْ يَا حَسَّانُ، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: صَدَقُوا فَاَنْشَاَ حَسَّانُ يَمْدَحُ ابْنَ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ فَقَالَ:

(البحر الطويل)

اِذَا مَا ابْنُ عَبَّاسٍ بَدَا لَكَ وَجْهُهُ ... رَاَيْتَ لَهُ فِي كُلِّ مَجْمَعَةٍ فَضْلَا

اِذَا قَالَ لَمْ يَتْرُكْ مَقَالًا لِقَائِلٍ ... بِمُلْتَقَطَاتٍ لَا تَرَى بَيْنَهَا فَصْلَا

كَفَى وَشَفَى مَا فِي النُّفُوسِ فَلَمْ يَدَعْ ... لِذِي اَرْبَةٍ فِي الْقَوْلِ جِدًّا وَلَا هَزْلَا

سَمَوْتَ اِلَى الْعُلْيَا بِغَيْرِ مَشَقَّةٍ ... فَنِلْتَ ذُرَاهَا

کے گروہ! حکمران سے ہمیں ایک کام تھا' ان کی طرف سے ہم سے کوئی مشکل کام طلب کیا گیا' ہم قریش اور غیر قریش سے کچھ لوگ ان کی طرف گئے' اُنہوں نے گفتگو کی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وصیت ذکر کی' اس نے مشکل کام کا ذکر کیا تو قوم نے عذر پیش کیا اور نکلے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس پر اصرار کیا' اللہ کی قسم! اپنی ضرورت پوری ہونے کی کوئی صورت باقی نہ رہی' ہم نکلے اور ہم مسجد میں داخل ہوئے' قوم کونوں میں تھی' حضرت حسان فرماتے ہیں: میں مسکرایا' میں ان کو سن رہا تھا کہ اللہ کی قسم! وہ اس کے زیادہ حق دار ہیں' اللہ کی قسم! نبوت کے رشتے والے ہیں اور احمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وارث ہیں' آپ کی وراثت کی وجہ سے مہذب ہیں اور آپ کی فطرت سے فیض اخذ کیا ہے۔ لوگوں نے کہا: اے حسان! مختصراً بیان کرو۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: انہوں نے سچ کہا۔ حضرت حسان' حضرت ابن عباس کی تعریف کرنے لگے:

''ابن عباس ہر لحاظ سے خوبصورت ہیں آپ ہر مجمع میں فضیلت والے ہیں' کہنے والا کوئی بات نہیں چھوڑے گا کسی کہنے والے کے لیے آپ نے ان کے درمیان فضیلت نہیں دیکھی' کافی ہوئے اور انہوں نے شفا دی اس چیز سے شافی ہے جو دلوں میں تھی کسی آرزومند کیلئے اس بات میں کوئی مشکل اور مذاق نہیں چھوڑا' میں بغیر مشقت کے بلندیوں کی طرف گیا' تو نے اس کی چوٹیوں کو پالیا' نہ بزدل ہیں نہ دھوکہ کرنے

لَا جَبَانًا وَلَا وَغْلَا

خُلِقْتَ حَلِيفًا لِلْمُرُوءَةِ وَالنَّدَى... بَلِيجًا وَلَمْ تُخْلَقْ كَهَامًا وَلَا خَبْلَا

فَقَالَ الْوَالِي: وَاللّٰهِ مَا اَرَادَ بِالْكَهَامِ الْخَبْلِ غَيْرِی وَاللّٰهُ بَيْنِی وَبَيْنَهُ

والے آپ مروّت اور سخاوت کے حلیف بنا کر پیدا کیے گئے اور کمزور اور بے طاقت نہیں پیدا کیے گئے''۔

پس والی نے کہا: قسم بخدا! کھام اور خبل سے انہوں نے میرے علاوہ کسی کو مراد نہ لیا اور اس کے اور میرے درمیان اللہ ہے۔

# حَسَّانُ بْنُ شَدَّادٍ الطُّهَوِیُّ مِنْ بَنِی طُهَيَّةَ

# حضرت حسان بن شداد الطہوی بنی طہیہ کے

3514 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَارُودِیُّ الْاَصْبَهَانِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَهْلٍ اَبُو سَهْلٍ الْبَصْرِیُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ عَضِيدَةَ بْنِ عَفَّاسِ بْنِ حَسَّانَ بْنِ شَدَّادِ بْنِ شِهَابِ بْنِ زُهَيْرِ بْنِ رَبِيعَةَ بْنِ اَبِی سُودٍ الطُّهَوِیُّ، حَدَّثَنِی اَبِی عَضِيدَةُ، عَنْ اَبِيهِ عَفَّاسٍ، عَنْ جَدِّهِ حَسَّانَ بْنِ شَدَّادٍ، اَنَّ اُمَّهُ وَفَدَتْ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنِّی قَدْ وَفَدْتُ اِلَيْكَ لِتَدْعُوَ لِبَنِیَّ هَذَا اَنْ يَجْعَلَ اللّٰهُ لَهُ فِيهِ بَرَكَةً وَاَنْ يَجْعَلَهُ كَثِيرًا طَيِّبًا، فَتَوَضَّاَ مِنْ فَضْلِ وَضُوئِهِ وَمَسَحَ وَجْهَهُ وَقَالَ: اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهَا فِيهِ وَاجْعَلْهُ كَثِيرًا طَيِّبًا

حضرت عفاس اپنے دادا حضرت حسان بن شداد سے روایت کرتے ہیں کہ ان کی والدہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آئیں، عرض کی: یارسول اللہ! میں آپ کے پاس آئی ہوں تا کہ آپ میرے بیٹے کے لیے دعا کریں کہ اللہ عزوجل اس میں برکت دے اور بہت زیادہ خوشبو رکھے۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وضو کیا اور چہرے پر ہاتھ پھیرا اور فرمایا: اے اللہ! اس کو برکت دے اور بہت زیادہ خوشبو والا رکھ۔

# حَسَّانُ بْنُ اَبِی جَابِرٍ السُّلَمِیُّ

# حضرت حسان بن ابوجابر السلمی رضی اللہ عنہ

3515 - حَدَّثَنَا الْحَضْرَمِیُّ، وَثنا الْحُسَيْنُ

حضرت حسان بن ابوجابر السلمی رضی اللہ عنہ

بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، قَالَا: ثنا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، ثنا بَقِيَّةُ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنِي اَبُو يُوسُفَ، قَالَ: سَمِعْتُ حَسَّانَ بْنَ اَبِي جَابِرٍ السُّلَمِيَّ قَالَ: كُنْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالطَّائِفِ فَرَاَى رِجَالًا مِنْ اَصْحَابِهِ قَدْ حَمَّرُوا لِحَاهُمْ وَصَفَّرُوا لِحَاهُمْ، فَقَالَ: مَرْحَبًا بِالْمُصَفِّرِينَ وَالْمُحَمِّرِينَ

فرماتے ہیں کہ میں طائف میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھا' وہاں آپ کے صحابہ میں سے بہت زیادہ لوگ تھے' اُنہوں نے اپنی داڑھیاں سرخ اور زرد کی ہوئی تھیں۔ آپ نے فرمایا: زرد اور سرخ رنگت کرنے والوں کوخوش آمدید!

# حُبَابُ بْنُ عَمْرٍو الْاَنْصَارِيُّ اَخُو اَبِي الْيَسَرِ

# حضرت حباب بن عمرو انصاری' ابوالیسر کے بھائی

3516 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا سَلَمَةُ بْنُ الْفَضْلِ، ثنا ابْنُ اِسْحَاقَ، عَنِ الْخَطَّابِ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ اُمِّهِ، عَنْ سَلَامَةَ بِنْتِ مَعْقِلٍ، قَالَتْ: كُنْتُ لِلْحُبَابِ بْنِ عَمْرٍو فَمَاتَ وَلِي مِنْهُ وَلَدٌ، فَقَالَتِ امْرَاَتُهُ: الْآنَ تُبَاعِينَ فِي دَيْنِهِ، فَاَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لَهُ، فَقَالَ: وَمَنْ صَاحِبُ تَرِكَةِ الْحُبَابِ؟ فَقَالَ اَخُوهُ اَبُو الْيَسَرِ: كَعْبُ بْنُ عَمْرٍو، فَدَعَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: لَا تَبِيعُوهَا وَاَعْتِقُوهَا وَاِذَا سَمِعْتُمْ بِرَقِيقٍ قَدْ جَاءَنِي فَاْتُونِي اُعَوِّضْكُمْ، فَفَعَلُوا مَا اخْتَلَفُوا فِيمَا بَيْنَهُمْ بَعْدَ وَفَاةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا: اُمُّ الْوَلَدِ

حضرت سلامہ بنت معقل فرماتی ہیں کہ میں حضرت حباب بن عمرو رضی اللہ عنہ کے نکاح میں تھی' وہ فوت ہو گئے' ان سے میرے ہاں ایک بچہ تھا' ان کی دوسری بیوی نے کہا: اس کو فروخت کرو ان کے قرض میں۔ میں حضور ﷺ کے پاس آئی اور میں نے اس کا ذکر کیا تو آپ نے فرمایا: حباب کے ترکہ کا مالک کون ہے؟ ان کے بھائی ابویُسر نے کہا: کعب بن عمرو! حضور ﷺ نے انہیں بلوایا' آپ نے فرمایا: تم اسے فروخت نہ کرو اور آزاد کرو' جب تم میرے ساتھی سے سنو تو میرے پاس آنا میں تمہیں بدلہ دوں گا۔ حضور ﷺ کے وصال کے بعد اُنہوں نے ایسے کیا جو ان کے درمیان میں اختلاف ہوا تو اُنہوں نے کہا: اُم

مَمْلُوكَةٌ لَوْلَا ذَلِكَ لَمْ يُعَوِّضْهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: هِيَ حُرَّةٌ قَدْ أَعْتَقَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ولد لونڈی ہے اگر یہ نہ ہوتا' حضور ﷺ ان کا عوض نہ دیتے۔ بعض نے کہا: یہ آزاد ہے کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے آزاد کیا ہے۔

# حُبَابُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْأَنْصَارِيُّ

# حضرت حباب بن منذر انصاری رضی اللہ عنہ

**3517** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، أَنَّ الَّذِي قَالَ: أَنَا جُذَيْلُهَا الْمُحَكَّكُ وَعُذَيْقُهَا الْمُرَجَّبُ حُبَابُ بْنُ الْمُنْذِرِ

حضرت امام زہری سے روایت ہے' مجھے عروہ بن زبیر نے خبر دی کہ جس آدمی نے یہ کلام کیا وہ حضرت حباب بن منذر ہیں: میں وہ ہوں جس کی رائے سے اس طرح شفا حاصل کی جاتی ہے جس طرح اونٹ تنا سے کھجلا کر شفا حاصل کرتا ہے۔

# حُبَابُ أَبُو عَقِيلٍ الْأَنْصَارِيُّ

# حضرت حباب ابو عقیل انصاری رضی اللہ عنہ

وَيُقَالُ ابْنُ أَبِي عَقِيلٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ثَعْلَبَةَ

ان کو ابن ابو عقیل عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن ثعلبہ بھی کہا جاتا ہے۔

**3518** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنِي خَالِدُ بْنُ يَسَارٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي عَقِيلٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّهُ: بَاتَ يَجُرُّ الْجَرِيرَ عَلَى ظَهْرِهِ عَلَى صَاعَيْنِ مِنْ تَمْرٍ فَانْقَلَبَ بِأَحَدِهِمَا إِلَى أَهْلِهِ يَنْتَفِعُونَ بِهِ وَجَاءَ بِالْآخَرِ يَتَقَرَّبُ بِهِ إِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، فَأَتَى بِهِ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَهُ، فَقَالَ لَهُ

حضرت ابن ابو عقیل اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جریر نے اپنی پشت پر کھجور کے دو صاع اُٹھائے' ایک اپنے گھر لے گئے اپنے نفع کے لیے' دوسرا لے کر آئے اللہ عزوجل کا قرب حاصل کرنے کے لیے۔ وہ حضور ﷺ کی بارگاہ میں لائے اور آپ کو بتایا تو حضور ﷺ نے انہیں فرمایا: صدقہ میں رکھ دو! منافقوں نے آپ کا مذاق اُڑایا' ایک صاع کھجور سے اللہ کا قرب

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: انْثُرْهُ فِي الصَّدَقَةِ ، فَقَالَ فِيهِ الْمُنَافِقُونَ وَسَخِرُوا مِنْهُ: مَا كَانَ أَغْنَى هَذَا أَنْ يَتَقَرَّبَ إِلَى اللّٰهِ بِصَاعٍ مِنْ تَمْرٍ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (الَّذِينَ يَلْمِزُونَ الْمُطَّوِّعِينَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ فِي الصَّدَقَاتِ وَالَّذِينَ لَا يَجِدُونَ إِلَّا جُهْدَهُمْ) (التوبة: 79) إِلَى آخِرِ الْآيَتَيْنِ

حاصل کرنا چاہتا ہے تو اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ''وہ جو عیب لگاتے ہیں ان مسلمانوں کو کہ دل سے خیرات کرتے ہیں اور ان کو جو نہیں پاتے مگر اپنی محنت سے تو ان سے سنتے ہیں کہ اللہ ان کی ہنسی کی سزا دے گا اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے''۔

## حُمَامُ الْأَسْلَمِيُّ

## حضرت حمام اسلمی رضی اللہ عنہ

**3519** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ، ثنا أَبِي، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ نُعَيْمٍ، أَنَّ رَجُلًا مِنْ أَسْلَمَ يُقَالُ لَهُ عُبَيْدُ بْنُ عُوَيْمِرٍ وَقَعَ عَلَى وَلِيدَتِهِ، فَحَمَلَتْ فَوَلَدَتْ لَهُ غُلَامًا يُقَالُ لَهُ حُمَامٌ، وَذَلِكَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَأَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمِّي وَكَلَّمَهُ فِي ابْنِهِ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَسَلَّمِ ابْنَكَ مَا اسْتَطَعْتَ فَانْطَلَقَ فَأَخَذَ ابْنَهُ، فَجَاءَ بِهِ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَجَاءَ مَوْلَى الْغُلَامِ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَرَضَ عَلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غُلَامَيْنِ فَقَالَ: خُذْ أَحَدَهُمَا وَدَعْ لِلرَّجُلِ ابْنَهُ فَأَخَذَ غُلَامًا وَتَرَكَ لَهُ ابْنَهُ

حضرت یزید بن نعیم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ قبیلہ اسلم کا ایک آدمی جس کا نام عبید بن عویمر تھا' اُس نے اپنی لونڈی سے جماع کیا تو وہ حاملہ ہوگئی' اُس نے بچہ جنا جس کا نام حمام تھا' یہ زمانۂ جاہلیت کی بات ہے' رسول اللہ ﷺ کے پاس میرے چچا آئے اور اپنے بیٹے کے متعلق گفتگو کی' حضور ﷺ نے انہیں فرمایا: جیسے تم طاقت رکھتے ہو اپنے بیٹے کو پکڑ کر میرے پاس لے آؤ۔ وہ چلے اور اپنے بیٹے کو پکڑا اور حضور ﷺ کی بارگاہ میں لائے' غلام کا آقا رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں آیا' رسول اللہ ﷺ نے اس کو دو غلام دے کر فرمایا: ان میں سے ایک لے لیں اور آدمی کے لیے اس کا بیٹا چھوڑیں۔ اس نے ایک غلام پکڑا اور اس کے لیے اس کا بیٹا چھوڑا۔

## حَزْنُ بْنُ أَبِي وَهْبٍ

## حضرت حزن بن ابو وہب

# الْمَخْزُومِيُّ

3520 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، اَنَّ جَدَّهُ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ: مَا اسْمُكَ؟ قَالَ: حَزْنٌ، فَاَرَادَ اَنْ يُغَيِّرَ اسْمَهُ فَقَالَ: مَا كُنْتُ لِاُغَيِّرُ اسْمًا سَمَّانِي بِهِ اَبِي، قَالَ سَعِيدٌ: فَتِلْكَ الْحُزُونَةُ فِينَا حَتَّى السَّاعَةِ

# مخزومی رضی اللہ عنہ

حضرت سعید بن میبّب سے روایت ہے کہ میرے دادا حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے' آپ ﷺ نے فرمایا: تمہارا نام کیا ہے؟ عرض کی: حزن! آپ نے ان کا نام بدلنے کا ارادہ کیا تو (میرے دادا نے) عرض کی: یہ نام میرے باپ نے رکھا ہے' میں اسے تبدیل نہیں کروں گا۔ حضرت سعید فرماتے ہیں: وہ تادمِ آخر پریشان حالت میں ہی رہے۔

# حَوْطُ بْنُ يَزِيدَ الْاَنْصَارِيُّ

3521 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْغَسِيلِ، ثنا حَمْزَةُ بْنُ اَبِي اُسَيْدٍ، حَدَّثَنِي الْحَارِثُ بْنُ زِيَادٍ السَّاعِدِيُّ، اَنَّهُ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ وَهُوَ يُبَايِعُ النَّاسَ عَلَى الْهِجْرَةِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ بَايِعْ هَذَا عَلَى الْهِجْرَةِ، قَالَ: وَمَنْ هَذَا؟ ، قَالَ: ابْنُ عَمِّي حَوْطُ بْنُ يَزِيدَ اَوْ يَزِيدُ بْنُ حَوْطٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا اُبَايِعُكُمْ، اِنَّ النَّاسَ يُهَاجِرُونَ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُهَاجِرُونَ اِلَيْهِمْ

# حضرت حوط بن یزید انصاری رضی اللہ عنہ

حضرت حارث بن زیاد الساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ خندق کے دن حضور ﷺ کے پاس آئے' آپ لوگوں سے ہجرت کرنے پر بیعت لے رہے تھے' عرض کی: یارسول اللہ! اس کو ہجرت پر بیعت کریں! آپ نے فرمایا: یہ کون ہے؟ عرض کی: میرا چچازاد حوط بن یزید' یا یزید بن حوط۔ حضور ﷺ نے فرمایا: میں آپ کی بیعت نہیں کروں گا' لوگ تو تمہاری طرف ہجرت کر کے جا رہے ہیں اور تم ان کی طرف ہجرت نہیں کرو گے۔

# حُمَيْدُ بْنُ ثَوْرٍ

# حضرت حمید بن ثور

# الْهِلَالِيُّ

**3522** - حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ سَلْمٍ الْخَوْلَانِيُّ، ثنا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ الْحَرَّانِيُّ، ثنا يَعْلَى بْنُ الْاَشْدَقِ بْنِ جَرَادٍ، حَدَّثَنِي حُمَيْدُ بْنُ ثَوْرٍ الْهِلَالِيُّ اَنَّهُ حِينَ اَسْلَمَ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَنْشَدَهُ:

(البحر الرجز)

اَصْبَحَ قَلْبِي مِنْ سُلَيْمَى مُقْصَدَا ... اِنْ خَطَاً مِنْهَا وَاِنْ تَعَمُّدَا

مِنْ سَاعَةٍ لَمْ تَكُ اِلَّا مَقْعَدَا ... فَحَمَّلَ الْهَمَّ كِنَازًا جَلْعَدَا

تَرَى الدُّلَا فِي عَلَيْهَا مُؤَكَّدَا ... دُمًى بِسَقْيِهَا خِدَبٌّ مَا عَدَا

اِذَا السَّرَابُ بِالْفَلَاةِ اطَّرَدَا ... وَاَبْحَرَ الْمَاءُ الَّذِي تَوَرَّدَا

تَوَرُّدَ السَّيِّدِ اَرَادَ الْمَرْصَدَا ... مَا وَرَقٍ مُصَدِّرٍ مِنْ اَوْرَدَ

مَا يَشْتَفِي مِنْكُمْ طَبِيبٌ اَبَدًا ... اَلْجَدُّ فِيمَا يَنْبَغِي وَاَوْجَدَا

حَتَّى اَتَيْتَ الْمُصْطَفَى مُحَمَّدًا ... يَتْلُو مِنَ اللّٰهِ كِتَابًا مُرْشِدَا

# الهلالی رضی اللہ عنہ

حضرت یعلیٰ بن اشدق بن جرار فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت حمید بن ثور الہلالی رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ جس وقت وہ مسلمان ہوئے تو حضور ﷺ کے پاس آئے' یہ اشعار پڑھے:

''میرے دل نے صبح کی سلیمی مقام سے ارادہ کیا'
خواہ اس سے خطا ہوئی یا جان بوجھ کر کیا'

اسی گھڑی جو تھوڑی دیر بیٹھنے کی مقدار تھی' پس اس نے غم کو برداشت کیا اس حال میں کہ کھجور ذخیرہ کرنے کا وقت تھا اور وہ مضبوط تھا'

گدھ اس پر آنکھیں جما کر دیکھتے ہیں' تِلّی کو پینے کے ساتھ' اس کے سوا کاٹ دار تلوار ہے'

جب دور دراز صحراء میں سراب ہو اور سمندر بنا دیئے ہوں اس پانی نے' جو گھاٹ پر جانے کا راستہ تلاش کرتا ہے'

اس سردار کے راستہ تلاش کرنے کی طرح جس نے گھات کی جگہ کا ارادہ کیا ہے' ایسے ورق کے ساتھ جو بار بار وارد ہونے والے آدمی سے صادر ہونے والے ہیں'

تم میں سے کوئی طبیب کبھی بھی شفا نہیں پا سکتا ہے' کوشش اس میں ہوتی ہے جس کا وجود ممکن ہو یا وہ موجود ہو'

یہاں تک کہ تُو محمد مصطفیٰ ﷺ کے پاس آیا' جو

حمید بن ثور الہلالی

راہنمائی کرنے والی کتاب کی تلاوت فرمانے والے ہیں''۔

3523 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ رَجُلٍ، قَالَ الْحَضْرَمِيُّ فِي كِتَابِ اَبِي كُرَيْبٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، قَالَ: عَنْ رَجُلٍ فَقَالَ: اسْتَعْمَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا عَلَى سَرِيَّةٍ، فَلَمَّا مَضَى وَرَجَعَ اِلَيْهِ قَالَ لَهُ: كَيْفَ وَجَدْتَ الْإِمَارَةَ؟، فَقَالَ: كُنْتُ كَبَعْضِ الْقَوْمِ، كُنْتُ اِذَا رَكِبْتُ رَكِبُوا وَاِذَا نَزَلْتُ نَزَلُوا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ صَاحِبَ السُّلْطَانِ عَلَى بَابِ عَنَتٍ اِلَّا مَنْ عَصَمَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ، فَقَالَ الرَّجُلُ: وَاللّٰهِ لَا اَعْمَلُ لَكَ وَلَا لِغَيْرِكَ اَبَدًا، فَضَحِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ

حضرت حمید ایک آدمی سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک آدمی کو ایک سریہ پر امیر مقرر کیا' جب وہ چلا اور واپس آ گیا تو اس کو کہا: تم نے امارت کیسی پائی ہے؟ اس نے کہا: میں بعض لوگوں کی طرح تھا' جب میں سوار ہوا تو وہ سوار بھی سوار ہوئے' جب میں اُترا تو وہ بھی اُترے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: بادشاہ گناہ کے دروازے پر ہے سوائے اس کے جسے اللہ بچائے۔ اس آدمی نے کہا: اللہ کی قسم! میں ہمیشہ کے لیے آپ اور آپ کے علاوہ کے لیے کام نہیں کروں گا۔ حضور ﷺ مسکرائے یہاں تک کہ آپ کی داڑھیں مبارک نظر آنے لگیں۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ خَيْثَمَةَ قَالَ: بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا عَلَى سَرِيَّةٍ، فَذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت خیثمہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک آدمی کو ایک سریہ پر امیر مقرر کیا' اس کے بعد اوپر والی حدیث ذکر کی۔

## حُبَيْشُ بْنُ خَالِدٍ الْخُزَاعِيُّ

## حضرت حبیش بن خالد الخزاعی رضی اللہ عنہ

3524 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ ح، وَحَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ الْحَمَّالُ، وَعَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ

حضرت حبیش بن خالد صحابی رسول ﷺ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ جب مکہ سے تشریف

الـرَّازِيُّ، وَزَكَـرِيَّا بْـنُ يَـحْيَـى السَّاجِيُّ، قَالُوا: ثنا مُـكْـرَمُ بْـنُ مُـحْـرِزِ بْـنِ مَهْدِيِّ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَـمْـرِو بْـنِ خُوَيْلِدِ بْنِ حَلِيفِ بْنِ مُنْقِذِ بْنِ رَبِيعَةَ بْنِ مَنْبَشِ بْـنِ حَرَامِ بْنِ حَبَشِيَّةَ بْنِ كَعْبِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَـارِثَةَ بْـنِ ثَعْلَبَةَ بْنِ الْاَزْدِ اَبُو الْقَاسِمِ الْخُزَاعِيُّ، ثُمَّ الرَّبْعِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي مُحْرِزُ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ حِزَامِ بْنِ هِشَـامِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ اَبِيهِ هِشَامِ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ اَبِيهِ حُبَيْشِ بْنِ خَالِدٍ صَاحِبِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّـمَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ خَـرَجَ مِـنْ مَـكَّةَ، وَخَـرَجَ مِنْهَا مُهَاجِرًا اِلَى الْمَدِينَةِ وَهُوَ وَاَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَمَوْلَى اَبِي بَكْرٍ عَامِرُ بْـنُ فُهَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَدَلِيلُهُمَا اللَّيْثِيُّ عَبْدُ اللّٰهِ بْـنِ الْاُرَيْـقِطِ مَرُّوا عَلَى خَيْمَتَيْ اُمِّ مَعْبَدٍ الْخُزَاعِيَّةِ، وَكَـانَـتْ بَـرْزَةً جَلْدَةً تَحْتَبِي بِفِنَاءِ الْقُبَّةِ، ثُمَّ تَسْقِي وَتُـطْـعِـمُ، فَسَـاَلُوهَا لَحْمًا وَتَمْرًا لِيَشْتَرُوهُ مِنْهَا، فَلَمْ يُـصِيبُـوا عِنْدَهَا شَيْئًا مِنْ ذَلِكَ، وَكَانَ الْقَوْمُ مُرْمِلِينَ مُسْنِتِيـنَ، فَـنَـظَـرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى شَاةٍ فِي كِسْرِ الْخَيْمَةِ، فَقَالَ: مَا هَذِهِ الشَّاةُ يَا اُمَّ مَعْبَدٍ؟ قَالَتْ خَلَّفَهَا الْجَهْدُ عَنِ الْغَنَمِ، قَالَ: فَهَلْ بِهَا مِـنْ لَبَنٍ؟ ، قَالَتْ: هِيَ اَجْهَدُ مِنْ ذَلِكَ، قَالَ: اَتَاْذَنِينَ اَنْ اَحْـلُبَـهَـا؟ ، قَـالَـتْ: بَلَى بِاَبِي اَنْتَ وَاُمِّي، نَعَمْ اِنْ رَاَيْـتَ بِهَا حَلَبًا فَاحْلُبْهَا، فَدَعَا بِهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَسَحَ بِيَدِهِ ضَرْعَهَا وَسَمَّى اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَدَعَا لَهَا فِي شَاتِهَا، فَتَفَاجَتْ عَلَيْهِ وَدَرَّتْ

حبیش بن خالد الخزاعی

لے چلے اور آپ مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت کر کے جا رہے تھے تو آپ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے غلام عامر بن فہیرہ اور ان دونوں کو راستہ بتانے والے لیثی عبداللہ بن اریقط تھے' تمام حضرات بنوخزاعہ قبیلے کی ایک عورت ابن معبد کے خیموں کے پاس سے گزرے جبکہ وہ لوگوں سے میل جول رکھنے والی' خاندان والی تھی' وہ قبہ کے صحن میں بیٹھی ہوئی تھی' پھر وہ پلاتی تھی' کھلاتی تھی' انہوں نے اس سے گوشت اور کھجوریں پوچھیں تا کہ اس سے خریدیں لیکن ان میں سے کوئی چیز نہ پائی سب کو بھوک لگی ہوئی تھی' رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نظر پڑی خیمہ کے ایک کونہ میں ایک بکری کھڑی تھی تو آپ نے فرمایا: اے اُم معبد! یہ بکری کیسی ہے؟ اس نے کہا: یہ ریوڑ کے ساتھ نہیں جا سکتی' آپ نے فرمایا کہ اس کے نیچے دودھ ہے' تو اس نے کہا: یہ بہت کمزور ہے' دودھ دینے سے عاجز ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا تو اجازت دیتی ہے کہ کیا ہم اس سے دودھ نکال لیں؟ اس نے کہا: کیوں نہیں! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! اگر اس میں دودھ دیکھتے ہیں تو بڑی خوشی سے دودھ نکال لیں۔ تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کو منگوایا' اس کی کھیری پر ہاتھ پھیرا اور اللہ کا نام لیا' بکری کیلئے دعا کی' برتن منگوایا اور اس میں دودھ دوھنا شروع کیا یہاں تک کہ وہ بھر گیا' پھر اس کے پاس ٹھہرے' اس سے بیعت لے کر وہاں سے کوچ کیا' تھوڑی دیر گزری تھی کہ اس کا خاوند ابومعبد بھی آ گیا' وہ بکریوں کا ریوڑ

**3601** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَیْرٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ کَرَامَةَ، ثنا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَی، ثنا فِطْرٌ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِیلَ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَی خَبَّابٍ اَعُودُهُ، فَقَالَ: لَوْلَا اَنِّی

حضرت عمرو بن شرحبیل فرماتے ہیں کہ میں حضرت خباب رضی اللہ عنہ کے پاس آپ کی عیادت کرنے کے لیے آیا تو آپ نے فرمایا: اگر میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یہ نہ سنا ہوتا کہ آپ نے فرمایا: تم

سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَتَمَنَّ اَحَدُكُمُ الْمَوْتَ لَتَمَنَّيْتُهُ

میں سے کوئی بھی موت کی تمنا کرے تو میں ضرور تمنا کرتا۔

## هُبَيْرَةُ بْنُ يَرِيمَ، عَنْ خَبَّاب

## حضرت ہبیرہ بن مریم حضرت خباب سے روایت کرتے ہیں

3602 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ كَسَا الْوَاسِطِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ لُوَيْنٌ، ثنا حُدَيْجُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ يَرِيمَ، عَنْ خَبَّابٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ عَاشُورَاءَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ يُرِيدُ اَنْ يَصُومَ هٰذَا الْيَوْمَ فَلْيَصُمْهُ، وَمَنْ لَمْ يَكُنْ اَكَلَ فَلْيُتِمَّ صَوْمَهُ، وَمَنْ اَكَلَ فَلْيَصُمْ بَقِيَّةَ يَوْمِهِ

حضرت خباب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عاشوراء کے دن فرمایا: اے لوگو! جو کوئی تم میں سے اس دن روزہ رکھنے کا ارادہ کرے تو وہ اس دن کا روزہ رکھے جس نے نہیں کھایا ہے وہ روزہ مکمل کرلے جس نے کھایا ہے وہ اپنا بقیہ دن روزہ مکمل کرے۔

3603 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ الْعَيْشِيُّ، ثنا اَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا اَيُّوبُ بْنُ جَابِرٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ، عَنْ خَبَّابٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ عَاشُورَاءَ: اَيُّهَا النَّاسُ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ اَكَلَ فَلَا يَاْكُلْ بَقِيَّةَ يَوْمِهِ وَمَنْ نَوَى مِنْكُمُ الصَّوْمَ فَلْيَصُمْهُ

حضرت خباب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عاشوراء کے دن فرمایا: اے لوگو! جس نے کھایا ہے وہ اپنا بقیہ دن روزہ مکمل کرے اور تم میں سے جس نے روزے کی نیت کر لی ہے اسے چاہیے کہ وہ روزے سے ہی رہے۔

## اَبُو الْكَنُودِ، عَنْ

## حضرت ابوالکنود حضرت خباب سے روایت

# خَبَّاب

3604 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِی شَيْبَةَ ح، وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقِطْرَانِیُّ، ثنا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى الْقَطَّانُ، قَالَا: ثنا اَحْمَدُ بْنُ الْفَضْلِ، ثنا اَسْبَاطُ بْنُ نَصْرٍ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ اَبِی سَعْدٍ الْاَزْدِيِّ، عَنْ اَبِی الْكَنُودِ، عَنْ خَبَّابِ بْنِ الْاَرَتِّ فِی قَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ: (وَلَا تَطْرُدِ الَّذِينَ يَدْعُونَ رَبَّهُمْ بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيدُونَ وَجْهَهُ) (الانعام: 52)، قَالَ: جَاءَ - يَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - الْاَقْرَعُ بْنُ حَابِسٍ التَّمِيمِيُّ وَعُيَيْنَةُ بْنُ حِصْنٍ الْفَزَارِيُّ فَوَجَدُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَاعِدًا مَعَ بِلَالٍ وَعَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ وَصُهَيْبٍ وَخَبَّابِ بْنِ الْاَرَتِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ فِی اُنَاسٍ مِنَ الضُّعَفَاءِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ، فَلَمَّا رَاَوْهُمْ حَوْلَهُ حَقَرُوهُمْ، فَاَتَوْهُ فَخَلَّوْا بِهِ، فَقَالُوا: اِنَّا نُحِبُّ اَنْ تَجْعَلَ لَنَا مِنْكَ مَجْلِسًا تَعْرِفُ بِهِ الْعَرَبُ فَضْلَنَا، فَاِنَّ وُفُودَ الْعَرَبِ تَاْتِيكَ فَنَسْتَحِي اَنْ تَرَانَا الْعَرَبُ قُعُودًا مَعَ هَؤُلَاءِ الْعَبِيدِ، اَوْ اِذَا نَحْنُ جِئْنَاكَ فَاَقِمْهُمْ عَنَّا، وَاِذَا نَحْنُ فَرَغْنَا فَاَقْعِدْهُمْ اِنْ شِئْتَ، فَقَالَ: نَعَمْ، فَقَالُوا: فَاكْتُبْ لَنَا عَلَيْكَ كِتَابًا، فَدَعَا بِالصَّحِيفَةِ لِيَكْتُبَ لَهُمْ وَدَعَا عَلِيًّا لِيَكْتُبَ، فَلَمَّا اَرَادَ ذَلِكَ وَنَحْنُ قُعُودٌ فِی نَاحِيَةٍ اِذْ نَزَلَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ (وَلَا تَطْرُدِ الَّذِينَ يَدْعُونَ رَبَّهُمْ بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ)



# کرتے ہیں

حضرت خباب بن ارت رضی اللہ عنہ سے اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کے بارے روایت ہے: ''(یارسول اللہ!) ان لوگوں کو بارگاہِ کرم سے کبھی دور نہ کیجئے گا جو صبح وشام اپنے پروردگار کو پکارتے ہیں اور اسی کی رضا کے طلب گار ہیں''۔ کہا: اقرع بن حابس تمیمی اور عیینہ بن حصن فزاری' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں اس حالت میں آئے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم' حضرت بلال' عمار بن یاسر' صہیب اور خباب بن ارت رضی اللہ عنہم کے پاس یعنی ایمان والوں میں کمزور لوگوں میں تشریف فرما تھے' جب انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اردگرد ان حضرات کو دیکھا تو ان کو حقیر کہا' پس وہ آپ کے پاس آئے اور اکیلے میں مجلس کرنے کے لیے وقت مانگا۔ کہنے لگے: ہم پسند کرتے ہیں کہ آپ اپنے ساتھ بیٹھنے کو ہمارے لیے ایک جگہ مقرر کریں جس کے ذریعے سارے عرب والے ہماری فضیلت پہچانیں۔ کیونکہ عرب کے کونے کونے سے وفد آپ کی خدمت میں آتے ہیں' پس ہمیں اس بات سے شرم محسوس ہوتی ہے کہ وہ لوگ آپ کو ان غلاموں کے ساتھ بیٹھا ہوا دیکھیں یا جب ہم آپ کے پاس آتے ہیں تو آپ ان کو ہمارے پاس سے اُٹھا دیا کریں اور جب ہم فارغ ہو جائیں تو ان کو اپنے پاس بٹھالیں' اگر آپ کی مرضی ہو تو۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ٹھیک ہے! اس کے بعد

(الانعام: 52) اَلْاٰيَةَ. ثُمَّ ذَكَرَ الْاَقْرَعُ بْنُ حَابِسٍ وَصَاحِبُهُ قَالَ: (وَكَذٰلِكَ فَتَنَّا بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لِيَقُولُوا اَهٰؤُلَاءِ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِنْ بَيْنِنَا اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِالشَّاكِرِينَ) (الانعام: 53)، ثُمَّ ذَكَرَهُ فَقَالَ: (وَاِذَا جَاءَكَ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِآيَاتِنَا فَقُلْ سَلَامٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ) (الانعام: 54)، فَرَمَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالصَّحِيفَةِ، فَدَعَانَا فَاَتَيْنَاهُ وَهُوَ يَقُولُ: سَلَامٌ عَلَيْكُمْ فَدَنَوْنَا مِنْهُ حَتّٰى وَضَعْنَا رُكَبَنَا عَلٰى رُكْبَتِهِ

وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجْلِسُ مَعَنَا، فَاِذَا اَرَادَ اَنْ يَقُومَ قَامَ وَتَرَكَنَا، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِينَ يَدْعُونَ رَبَّهُمْ بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ) (الكهف: 28) يُرِيدُونَ وَجْهَهُ وَلَا تَعْدُ عَيْنَاكَ عَنْهُمْ تُرِيدُ زِينَةَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا يَقُولُ: لَا تُجَالِسِ الْاَشْرَافَ (وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهُ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوَاهُ وَكَانَ اَمْرُهُ فُرُطًا) (الكهف: 28)، اَمَّا الَّذِي اُغْفِلَ قَلْبُهُ فَهُوَ عُيَيْنَةُ، وَالْاَقْرَعُ بْنُ حَابِسٍ، وَاَمَّا فُرُطًا فَهَلَاكًا ثُمَّ ضَرَبَ مَثَلَ رَجُلَيْنِ وَمَثَلَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا قَالَ: فَكُنَّا بَعْدَ ذٰلِكَ نَقْعُدُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَا بَلَغْنَا السَّاعَةَ الَّتِي كَانَ يَقُومُ فِيهَا قُمْنَا وَتَرَكْنَاهُ حَتّٰى يَقُومَ وَاِلَّا صَبَرَ حَتّٰى نَقُومَ

انہوں نے ایک دستاویز لکھنے کا مطالبہ کیا' ان کی خاطر کچھ لکھنے کیلئے پہلے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کاغذ منگوایا' پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بلایا تاکہ وہ لکھیں۔ پس جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کا ارادہ فرمایا جبکہ ہم ایک کونے میں بیٹھے ہوئے تھے' اچانک حضرت جبریل علیہا السلام یہ آیت لے کر نازل ہوئے: ''اور آپ ان لوگوں کو دور نہ فرمائیں جو صبح شام اپنے رب کی عبادت کرتے ہیں''۔ پھر اقرع بن حابس اور اس کے ساتھی نے کہا' فرمایا: ''اور ہم نے انہیں ایک دوسری کی وجہ سے مشکل میں ڈال دیا ہے' وہ کہتے ہیں: کیا یہی لوگ رہ گئے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے ہمارے درمیان میں سے ان پر احسان کیا ہے' کیا اللہ تعالیٰ شکر کرنے والوں کو بہت اچھی طرح نہیں جانتا''۔ پھر اس کا ذکر فرماتے ہوئے کہا: ''تمہارے رب نے رحمت کو اپنی ذات کیلئے لکھ رکھا ہے''۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ورق پھینک دیا اور (اسی وقت) ہم غریبوں کو بلا لیا' پس ہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے تو آپ کی زبان مبارک پر جاری تھا: سلام علیکم! پس ہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اتنا قریب ہوئے کہ ہم نے اپنے گھٹنے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھٹنوں پر رکھ دیئے اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیشہ ہمارے ساتھ ہی مجلس سجایا کرتے تھے' پس جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اُٹھنے کا ارادہ فرماتے تو اُٹھ جاتے اور ہم کو وہیں چھوڑ جاتے تو یہ آیت نازل ہوئی: ''اور اپنے آپ کو کیفیت صبر میں ان لوگوں کے ساتھ رکھئے جو صبح اور شام اپنے پروردگار کو

پکارتے ہیں اور خالصتاً اسی کی جستجو میں رہتے ہیں اور اپنی آنکھیں ان سے پھیر نہ لینا کہ دنیوی زندگی کی آرائش سامنے آئے اور کسی ایسے شخص کی اطاعت نہ کرنا‘ جس کے دل کو ہم نے اپنی یاد سے غافل کر دیا ہے اور اس نے اپنی ذاتی خواہش کی اتباع کر رکھی ہے اور اس کا معاملہ حد سے نکلا ہوا ہے‘‘۔ اس آیت کے درمیان والے کلمات کا مفہوم ہے کہ اشرافیہ کے ساتھ ہم مجلس نہ ہوں‘ لیکن غافل دل‘ عیینہ اور اقرع بن حابس ہیں‘ بہرحال ’’فرطًا‘‘ کا معنی ہلاک ہونا ہے‘ پھر اللہ نے دو آدمیوں کی مثال دی اور دنیوی زندگی کی مثال دی۔ راوی نے کہا: پس اس کے بعد ہم ہی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ بیٹھا کرتے تھے‘ پس جب ہم اس لمحے تک پہنچتے جس میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُٹھنا ہوتا تو ہم اُٹھ جاتے لیکن ہم آپ کو وہیں بیٹھا چھوڑ جاتے یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اُٹھتے ورنہ (اگر ہم نہ اُٹھتے) تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صبر سے کام لیتے یہاں تک کہ ہم اپنی مرضی سے اُٹھیں۔

# الشَّعْبِيُّ، عَنْ خَبَّاب

# امام شعبی‘ حضرت خباب سے روایت کرتے ہیں

**3606** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مَنْدَهِ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ يُوسُفَ السَّمْتِيُّ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ خَبَّابِ بْنِ الْأَرَتِّ، قَالَ: لَمْ يَكُنْ أَحَدٌ إِلَّا أَعْطَى مَا سَأَلُوهُ يَوْمَ

حضرت خباب بن ارت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: کوئی ایسا نہیں تھا جس نے مانگا ہو اور اس کو دیا نہ گیا ہو‘ جس دن مشرکوں نے عذاب دیا سوائے میرے‘ ان کو انگاروں پر لٹایا جاتا‘ اس سے کوئی شی نہ چھوڑتے۔ ایک

عَذَّبَهُمُ الْمُشْرِكُونَ، اِلَّا خَبَّابُ بْنُ الْاَرَتِّ كَانُوا يُضْجِعُونَهُ عَلَى الرَّضْفِ فَلَمْ يَسْتَقِلُّوا مِنْهُ شَيْئًا، قَالَ: فَاَتَى بِكَفَنِهِ فَنَشَرَ عَلَيْهِ قَبَاطِيَّ بِيضًا فَبَكَى، فَقَالُوا: مَا يُبْكِيكَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ فَاَنْتَ صَاحِبُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟، قَالَ: ذَكَرْتُ مُصْعَبَ بْنَ عُمَيْرٍ لَمْ يَتَعَجَّلْ شَيْئًا مِنْ طَيِّبَاتِهِ كُفِّنَ فِي بُرْدَةٍ، فَلَمْ يَجِدْ شَيْئًا يُكَفَّنُ فِيهِ، وَكَانَ اِذَا غَطَّيْنَا بِهَا رَاْسَهُ خَرَجَتْ رِجْلَاهُ، وَاِذَا غَطَّيْنَا رِجْلَيْهِ خَرَجَ رَاْسُهُ، حَتَّى جَعَلْنَا عَلَيْهِ مِنَ الْاِذْخِرِ وَمِنْ نَبَاتِ الْاَرْضِ

کفن لایا گیا' وہ سفید کفن ان پر بچھایا گیا' حضرت خباب رضی اللہ عنہ رو پڑے' آپ سے عرض کی گئی: اے ابوعبداللہ! آپ کیوں روتے ہیں؟ آپ صحابیِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نہیں ہیں؟ حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت مصعب کا ذکر کیا کہ آپ نے اپنی زندگی میں دنیا میں کوئی شی نہیں لی' آپ کو ایک چادر میں کفن دیا گیا' کفن کے لیے کوئی شی نہیں تھی' جب ہم آپ کا سر ڈھانپتے تو آپ کے پاؤں ننگے ہو جاتے' جب پاؤں ڈھانپتے تو سر ننگا ہو جاتا' ہم نے ان کے سر کو ڈھانپ دیا اور پاؤں پر اذخر گھاس رکھی۔

## يَحْيَى بْنُ جَعْدَةَ، عَنْ خَبَّابٍ

## حضرت یحییٰ بن جعدہ' حضرت خباب سے روایت کرتے ہیں

3607 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ ح، وَحَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ ح، وَحَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالُوا: ثنا سُفْيَانُ، ثنا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ جَعْدَةَ، قَالَ: عَادَ خَبَّابًا نَاسٌ مِنْ اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: اَبْشِرْ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ تَرِدُ عَلَى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَوْضَ، قَالَ: كَيْفَ بِهَا اَوْ بِهَذَا وَاَشَارَ اِلَى اَعْلَى بَيْتِهِ وَاِلَى اَسْفَلِهِ وَقَدْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت یحییٰ بن جعدہ فرماتے ہیں کہ کچھ لوگ اصحابِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں سے حضرت خباب رضی اللہ عنہ کی عیادت کرنے کے لیے آئے تو اُنہوں نے کہا: اے ابوعبداللہ! آپ کے لیے خوشخبری ہو! آپ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حوضِ کوثر پر آئیں گے؟ آپ نے فرمایا: کیسے؟ کیا اس کے ذریعہ آپ نے اپنے گھر کی بلندی اور پستی کی طرف اشارہ کیا اور فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کسی ایک کے لیے دنیا اتنی ہی کافی ہے جتنا مسافر کے پاس زادِراہ ہوتا ہے۔

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّمَا يَكْفِي اَحَدَكُمْ مَا كَانَ فِي الدُّنْيَا مِثْلُ زَادِ الرَّاكِبِ

## عَمْرُو بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ خَبَّابٍ

## حضرت عمرو بن عبدالرحمٰن' حضرت خباب سے روایت کرتے ہیں

**3608** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْاَخْرَمُ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْخَلِيلِ الْمُخَرِّمِيُّ، ثنا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ النُّعْمَانِ، ثنا كَيْسَانُ اَبُو عُمَرَ الْعَطَّارُ، عَنْ يَزِيدَ يَعْنِي ابْنَ بِلَالٍ، عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: وَثنَا كَيْسَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ خَبَّابٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِذَا صُمْتُمْ فَاسْتَاكُوا بِالْغَدَاةِ وَلَا تَسْتَاكُوا بِالْعَشِيِّ، فَاِنَّهُ لَيْسَ مِنْ صَائِمٍ تَيْبَسُ شَفَتَاهُ بِالْعَشِيِّ اِلَّا كَانَ نُورًا بَيْنَ عَيْنَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ . لَمْ يَرْفَعْهُ عَلِيٌّ

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب روزہ رکھو تو صبح مسواک کرو اور شام کو مسواک نہ کرو کیونکہ شام کے وقت جب روزہ دار کے ہونٹ خشک ہوتے ہیں تو وہ قیامت کے دن اس کے لیے دونوں آنکھوں کے درمیان نور ہوگا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ اس کو مرفوعاً بیان نہیں کرتے ہیں۔

## مُجَاهِدٌ، عَنْ خَبَّابٍ

## حضرت مجاہد' حضرت خباب سے روایت کرتے ہیں

**3609** - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ اَبِي نَجِيحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ: بَعَثَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَرِيَّةٍ فَاَصَابَنَا الْعَطَشُ، وَلَيْسَ

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ہمیں ایک سریہ میں بھیجا' ہمیں پیاس لگی تو ہمارے ساتھ پانی نہیں تھا' ہم میں سے کسی نے اونٹنی کو بٹھایا اور اس کے دونوں پاؤں کے درمیان مشکیزہ کی

مَعَنَا مَاءٌ فَتَنَوَّخَتْ نَاقَةٌ لِبَعْضِنَا، وَإِذَا بَيْنَ رِجْلَيْهَا مِثْلُ السِّقَاءِ فَشَرِبْنَا مِنْ لَبَنِهَا

طرح کوئی چیز رکھی، ہم نے اس سے اس کا دودھ نکال کر اُسے پیا۔

# سَعِيدُ بْنُ وَهْبٍ الْهَمْدَانِيُّ، عَنْ خَبَّابٍ

# حضرت سعید بن وہب الہمدانی، حضرت خباب سے روایت کرتے ہیں

3610 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ ح، وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ ح، وَحَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ كُلُّهُمْ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ: شَكَوْنَا إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّمْضَاءَ فَلَمْ يُشْكِنَا، يَقُولُ فِي صَلَاةِ الْهَجِيرِ

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں سخت گرمی کی شکایت کی، آپ نے شکایت دور نہیں کی یعنی دوپہر کے وقت نماز پڑھنے کے متعلق۔

3611 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ: شَكَوْنَا إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّ الرَّمْضَاءِ فَلَمْ يُشْكِنَا

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں سخت گرمی کی شکایت کی، آپ نے شکایت دور نہیں کی۔

3612 - حَدَّثَنَا أَبُو مَعْنٍ ثَابِتُ بْنُ نُعَيْمٍ الْهَوْجِيُّ، ثنا آدَمُ بْنُ أَبِي إِيَاسٍ ح، وَثنا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، قَالَا: ثنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ: شَكَوْنَا إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّمْضَاءَ فَمَا أَشْكَانَا

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں سخت گرمی کی شکایت کی، آپ نے شکایت دور نہیں کی۔

3613 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي ح، وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، قَالَا: ثنا زُهَيْرٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ: شَكَوْنَا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شِدَّةَ الرَّمْضَاءِ فَلَمْ يُشْكِنَا، قَالَ: إِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ فَصَلُّوا

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں سخت گرمی کی شکایت کی' آپ نے شکایت دور نہیں کی اور فرمایا: جب سورج ڈھل جائے تو نماز اس وقت پڑھ لیا کرو۔

3614 - حَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ: شَكَوْنَا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، الرَّمْضَاءَ فَلَمْ يُشْكِنَا

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں سخت گرمی کی شکایت کی' آپ نے شکایت دور نہیں کی۔

3615 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ الْبَحْرَانِيُّ، ثنا أَبُو بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ، ثنا يُونُسُ بْنُ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ وَهْبٍ، حَدَّثَنِي خَبَّابٌ، قَالَ: شَكَوْنَا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّمْضَاءَ فَمَا أَشْكَانَا، وَقَالَ: إِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ فَصَلُّوا

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں سخت گرمی کی شکایت کی' آپ نے شکایت دور نہیں کی اور فرمایا: جب سورج ڈھل جائے تو اس وقت نماز پڑھا کرو۔

## سُلَيْمَانُ بْنُ أَبِي هِنْدٍ، عَنْ خَبَّابٍ

## حضرت سلیمان بن ابو ہند' حضرت خباب سے روایت کرتے ہیں

3616 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے

حَنۡبَلٍ، ثنا اِبۡرَاهِيمُ بۡنُ الۡحَجَّاجِ السَّامِيُّ، ثنا وُهَيۡبٌ، عَنۡ مُحَمَّدِ بۡنِ جُحَادَةَ، عَنۡ سُلَيۡمَانَ بۡنِ اَبِي هِنۡدٍ، عَنۡ خَبَّابٍ، قَالَ: شَكَوۡنَا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ شِدَّةَ الۡحَرِّ فِي جِبَاهِنَا، وَاَكُفِّنَا فَلَمۡ يُشۡكِنَا

رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں سخت گرمی کی شکایت کی کہ ہم پیشانی زمین پر رکھتے ہیں تو سخت گرم ہوتی ہے' ہم نے کپڑا رکھا' لیکن آپ نے شکایت دور نہیں کی۔

## عَبۡدُ اللّٰهِ بۡنُ اَبِي الۡهُذَيۡلِ، عَنۡ خَبَّابٍ

## حضرت عبداللہ بن اُبو ہذیل' حضرت خباب سے روایت کرتے ہیں

**3617** - حَدَّثَنَا عَبۡدَانُ بۡنُ اَحۡمَدَ، ثنا نَصۡرُ بۡنُ عَلِيٍّ، وَمُحَمَّدُ بۡنُ بَكَّارٍ الۡعَيۡشِيُّ، قَالَا: ثنا اَبُو اَحۡمَدَ الزُّبَيۡرِيُّ، ثنا سُفۡيَانُ، عَنِ الۡاَجۡلَحِ، عَنۡ عَبۡدِ اللّٰهِ بۡنِ اَبِي الۡهُذَيۡلِ، عَنۡ خَبَّابٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ بَنِي اِسۡرَائِيلَ لَمَّا هَلَكُوا قَصُّوا

حضرت خباب رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: بنی اسرائیل جب لڑتے تو بدلہ لیتے۔

**3618** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بۡنُ عَبۡدِ اللّٰهِ الۡحَضۡرَمِيُّ، ثنا اَبُو سَعِيدٍ عَبۡدُ اللّٰهِ بۡنُ سَعِيدٍ الۡكِنۡدِيُّ، ثنا الثِّقَةُ، عَنۡ اَبِي اُسَامَةَ، عَنِ الۡاَجۡلَحِ، عَنۡ عَبۡدِ اللّٰهِ بۡنِ اَبِي الۡهُذَيۡلِ، قَالَ: دَخَلۡتُ عَلَى خَبَّابٍ، فَرَاَيۡتُ فِي بَيۡتِهِ دَرَاهِمَ مَكۡشُوفَةً. فَقُلۡتُ مَا هٰذَا؟، قَالَ: بِعۡتُ ضَيۡعَتِي الۡفُلَانِيَّةَ وَقَدۡ اَنۡفَقۡتُهَا مَا اَرَى اَحَدًا اَحَقَّ بِهِ مِنِّي

حضرت عبداللہ بن ابو ہذیل فرماتے ہیں کہ میں حضرت خباب رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' میں نے آپ کے گھر درہم کھلے ہوئے دیکھے (یعنی سنبھال کر نہیں رکھے تھے) میں نے عرض کی: یہ کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: میں نے فلانیہ کو دے دیئے ہیں' میں نے خرچ کیے ہیں' اس میں سے کسی پر میرا حق نہیں ہے۔

## صِلَةُ بۡنُ زُفَرَ، عَنۡ

## حضرت صلہ بن زفر' حضرت خباب سے روایت کرتے

# خَبَّاب

3619 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا اَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي مَسْلَمَةُ بْنُ عُلَيٍّ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ صِلَةَ بْنِ زُفَرَ، عَنْ خَبَّابِ بْنِ الْاَرَتِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْخَيْلُ ثَلَاثٌ فَفَرَسٌ لِلرَّحْمَنِ، وَفَرَسٌ لِلْاِنْسَانِ، وَفَرَسٌ لِلشَّيْطَانِ، فَاَمَّا فَرَسُ الرَّحْمَنِ: فَمَا اتُّخِذَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَقُوتِلَ عَلَيْهِ اَعْدَاءُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، وَاَمَّا فَرَسُ الْاِنْسَانِ: فَمَا اسْتُبْطِنَ وَتُحُمِّلَ عَلَيْهِ، وَاَمَّا فَرَسُ الشَّيْطَانِ: فَمَا رُوهِنَ عَلَيْهِ وَقُومِرَ عَلَيْهِ

# ہیں

حضرت خباب بن ارت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: گھوڑے کی تین قسمیں ہیں: ایک گھوڑا رحمٰن کے لیے ہے ایک گھوڑا انسان کے لیے ہے ایک گھوڑا شیطان کے لیے ہے جو گھوڑا رحمٰن کے لیے ہے تو وہ ہے جو اللہ کی راہ میں استعمال کیا جائے اور اس پر اللہ کے دشمنوں سے لڑا جائے اور جو انسان کے لیے گھوڑا ہے تو وہ ہے جو وہ اپنے استعمال اور سواری کے لیے رکھے اور جو شیطان کے لیے ہے تو وہ دکھاوے اور ریاکاری کے لیے رکھا جانے والا گھوڑا ہے۔

# عَبَّادُ اَبُو الْاَخْضَرِ، عَنْ خَبَّاب

3620 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيمٍ الْاَوْدِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ شَرِيكٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، وَجَابِرٌ الْجُعْفِيُّ، عَنْ مَعْقِلٍ الزُّبَيْدِيِّ، عَنْ عَبَّادٍ اَبِي الْاَخْضَرِ، عَنْ خَبَّابٍ عَنْ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنَّهُ لَمْ يَاْتِ فِرَاشَهُ قَطُّ اِلَّا قَرَاَ: قُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُونَ حَتَّى يَخْتِمَ

# حضرت عباد ابوالاخضر حضرت خباب سے روایت کرتے ہیں

حضرت خباب رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ جب بستر پر سونے کے لیے آتے تو سورۃ الکافرون مکمل پڑھتے تھے۔

# عُبَادَةُ بْنُ نُسَيٍّ، عَنْ خَبَّابٍ

# حضرت عبادہ بن نسی، حضرت خباب سے روایت کرتے ہیں

3621 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ جَرِيرٍ الصُّورِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا مُنِيرُ بْنُ الزُّبَيْرِ اَنَّهُ سَمِعَ عُبَادَةَ بْنَ نَسِيٍّ يُحَدِّثُ، عَنْ خَبَّابِ بْنِ الْاَرَتِّ، قَالَ: بَعَثَنِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَبْعَثًا، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللهِ اِنَّكَ تَبْعَثُنِي بَعِيدًا وَاَنَا اُشْفِقُ عَلَيْكَ، قَالَ: وَمَا بَلَغَ مِنْ شَفَقَتِكَ عَلَيَّ؟، قُلْتُ: اُصْبِحُ فَلَا اَظُنُّكَ تُمْسِي، وَاُمْسِي فَلَا اَظُنُّكَ تُصْبِحُ، قَالَ: يَا خَبَّابُ خَمْسٌ اِنْ فَعَلْتَ بِهِنَّ رَاَيْتَنِي، وَاِنْ لَمْ تَفْعَلْ بِهِنَّ لَمْ تَرَنِي، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللهِ وَمَا هُنَّ؟، قَالَ: تَعْبُدُ اللهَ لَا تُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا وَاِنْ قُطِّعْتَ وَحُرِّقْتَ، وَتُؤْمِنُ بِالْقَدَرِ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللهِ وَمَا الْاِيمَانُ بِالْقَدَرِ؟، قَالَ: تَعْلَمُ اَنَّ مَا اَصَابَكَ لَمْ يَكُنْ لِيُخْطِئَكَ، وَاَنَّ مَا اَخْطَاَكَ لَمْ يَكُنْ لِيُصِيبَكَ، وَلَا تَشْرَبِ الْخَمْرَ فَاِنَّ خَطِيئَتَهَا تَفْرَعُ الْخَطَايَا، كَمَا اَنَّ شَجَرَتَهَا تَعْلُقُ الشَّجَرَ، وَبِرَّ وَالِدَيْكَ وَاِنْ اَمَرَاكَ اَنْ تَخْرُجَ مِنَ الدُّنْيَا، وَتَعْتَصِمُ بِحَبْلِ الْجَمَاعَةِ، فَاِنَّ يَدَ اللهِ عَلَى الْجَمَاعَةِ، يَا خَبَّابُ اِنَّكَ اِنْ رَاَيْتَنِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ لَمْ تُفَارِقْنِي.

حضرت خباب بن ارت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے بھیجا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ مجھے بھیج رہے ہیں' میں آپ کی زیارت کا بڑا مشتاق ہوں۔ آپ نے فرمایا: تم میرے متعلق کتنے مشتاق ہو؟ میں نے عرض کی: میں صبح کرتا ہوں تو رات کا یقین نہیں ہوتا ہے اور شام کرتا ہوں تو صبح کا یقین نہیں ہوتا ہے۔ آپ نے فرمایا: اے خباب! اگر تم پانچ کام کرو تو مجھے دیکھو گے' اگر تم نہیں کرو گے تو مجھے نہیں دیکھو گے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ کیا ہیں؟ آپ نے فرمایا: اللہ کی عبادت کر اور اس کے ساتھ کسی شی کو شریک نہ ٹھہرا' اگرچہ تجھے کاٹا جائے اور جلایا جائے' تقدیر پر ایمان رکھ۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! تقدیر پر کیسے ایمان لاؤں؟ آپ نے فرمایا: تُو یقین کر کہ جو تجھے ملنا ہے وہ رہ نہیں سکتا ہے اور جو نہیں ملنا وہ تجھے مل نہیں سکتا' شراب نہ پی' اگر غلطی ہو جائے تو غلطی کی معافی مانگ' جس طرح درخت درخت کے ساتھ لگتا ہے اور اپنے والدین سے نیکی کر اگرچہ تجھے دنیا سے نکلنے کا حکم دیں' جماعت کی رسّی تھامے رکھ کیونکہ جماعت پر اللہ کی رحمت ہوتی ہے' اے خباب! میں

# خَبَّابٌ اَبُو اِبْرَاهِيمَ الْخُزَاعِيُّ

3622 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ الْاَوَّلِ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ مَجْزَاَةَ بْنِ ثَوْرٍ الْاَسْلَمِيِّ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ خَبَّابٍ الْخُزَاعِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَتِي، وَآمِنْ رَوْعَتِي، وَاقْضِ عَنِّي دَيْنِي

# بَابُ مَنِ اسْمُهُ خُزَيْمَةُ

خُزَيْمَةُ بْنُ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِيُّ ذُو الشَّهَادَتَيْنِ

وَهُوَ خُزَيْمَةُ بْنُ ثَابِتِ بْنِ الْفَاكِهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَدِيِّ بْنِ وَائِلِ بْنِ مُنَبِّهِ بْنِ امْرِءِ الْقَيْسِ بْنِ سَلْمَى بْنِ حَبِيبِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ ثَعْلَبَةَ بْنِ امْرِءِ الْقَيْسِ بْنِ عَلْقَمَةَ بْنِ مُعَاوِيَةَ بْنِ جُشَمِ بْنِ مَالِكِ بْنِ الْاَوْسِ بْنِ حَارِثَةَ بْنِ ثَعْلَبَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَامِرِ بْنِ حَارِثَةَ بْنِ ثَعْلَبَةَ بْنِ غَسَّانَ بْنِ الْاَزْدِ بْنِ الْغَوْثِ بْنِ مَالِكِ بْنِ زَيْدِ بْنِ كَهْلَانَ بْنِ سَيَّارِ بْنِ يَشْجُبَ بْنِ يَعْرُبَ بْنِ قَحْطَانَ بْنِ هُودٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

قیامت کے دن دیکھوں تو تُو مجھ سے جدا نہیں ہوگا۔

# حضرت ابوابراہیم الخزاعی رضی اللہ عنہ

حضرت ابراہیم بن خباب الخزاعی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ دعا کرتے ہوئے سنا: اے اللہ! میرا پردہ ڈھانپ اور خوف سے امن دے اور میرا قرض ادا کر۔

# یہ باب ہے جن کا نام خزیمہ ہے

حضرت خزیمہ بن ثابت انصاری جن کی گواہی دو آدمیوں کے برابر ہے' ان کا نسب خزیمہ بن ثابت بن فاکہ بن عمرو بن عدی بن وائل بن منبہ بن امرء القیس بن سلمی بن حبیب بن عدی بن ثعلبہ بن امرء القیس بن علقمہ بن معاویہ بن جشم بن مالک بن اوس بن حارثہ بن ثعلبہ بن عمرو بن عامر بن حارثہ بن ثعلبہ بن غسان بن ازد بن غوث بن مالک بن زید بن کہلان بن سیار بن یشجب بہ یعرب بن قحطان بن ھود ہے۔

3623 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، ثنا أَبُو مَعْشَرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَارَةَ بْنِ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: قَاتَلَ خُزَيْمَةُ بْنُ ثَابِتٍ يَوْمَ صِفِّينَ حَتَّى قُتِلَ

حضرت عمارہ بن خزیمہ بن ثابت فرماتے ہیں کہ حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ جنت صفین میں لڑے اور شہید کیے گئے۔

## زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ خُزَيْمَةَ

## حضرت زید بن ثابت' حضرت خزیمہ سے روایت کرتے ہیں

3624 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: قَالَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ: لَمَّا كَتَبْنَا الْمَصَاحِفَ فَقَدْتُ آيَةً كُنْتُ أَسْمَعُهَا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدْتُهَا عِنْدَ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ الْأَنْصَارِيِّ (مِنَ الْمُؤْمِنِينَ رِجَالٌ صَدَقُوا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ فَمِنْهُمْ مَنْ قَضَى نَحْبَهُ وَمِنْهُمْ مَنْ يَنْتَظِرُ وَمَا بَدَّلُوا تَبْدِيلًا) (الاحزاب: 23) . قَالَ: وَكَانَ خُزَيْمَةُ يُدْعَى ذُو الشَّهَادَتَيْنِ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے قرآن لکھا' میں نے ایک آیت نہ پائی' جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنی تھی' میں حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' وہ آیت یہ تھی: ''مِنَ الْمُؤْمِنِينَ الى آخره '' حضرت خزیمہ کی گواہی دو آدمیوں کے برابر تھی' اس لقب سے یہ مشہور تھے۔

## جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ

## حضرت جابر بن عبداللہ' حضرت خزیمہ بن ثابت سے روایت کرتے ہیں

3625 - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ غَيْلَانَ الْعَمَّانِيُّ

حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت

وَالْعَبَّاسُ بْنُ حِمْدَانَ الْحَنَفِيُّ، وَالْحَضْرَمِيُّ، قَالُوا: ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا بَكْرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عِيسَى بْنِ الْمُخْتَارِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فِي الْمَسْحِ لِلْمُسَافِرِ ثَلَاثَةُ اَيَّامٍ وَلِلْمُقِيمِ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ

ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مسافر موزوں پر مسح کرے گا تین دن اور تین راتیں اور مقیم کے لیے ایک دن اور ایک رات۔

## عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ الْخَطْمِيُّ، عَنْ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ

## حضرت عبداللہ بن یزید خطمی، حضرت خزیمہ بن ثابت سے روایت کرتے ہیں

3626 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا سَعْدَانُ بْنُ يَزِيدَ، ثنا الْهَيْثَمُ بْنُ جَمِيلٍ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَامِعٍ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِجَمْعٍ بِاِقَامَةٍ وَاحِدَةٍ

حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ مزدلفہ میں ایک ہی اقامت کے ساتھ نماز پڑھی ہے (یعنی مغرب و عشاء)۔

3627 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ سَهْلٍ الْجَوْنِيُّ، وَاَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، قَالَا: ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا قَيْسٌ، عَنْ اَبِي لَيْلَى، عَنْ جَابِرِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى بِجَمْعٍ ثَلَاثًا وَاثْنَتَيْنِ. قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ: رَوَى هَذَا الْحَدِيثَ يَحْيَى بْنُ

حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مزدلفہ میں تین نمازیں پڑھائیں اور دو۔ امام طبرانی فرماتے ہیں: یہ حدیث یحییٰ بن سعید انصاری اور شعبہ اور زہیر اور ان کے علاوہ عدی بن ثابت سے وہ عبداللہ بن زید سے وہ ابوایوب انصاری سے غیلان نے ان کی مخالفت کی ہے اور جابر بن الجعفی ہے دونوں نے خزیمہ بن ثابت سے روایت کر کے کہا:

سَعِيدٍ الْاَنْصَارِيُّ، وَشُعْبَةُ، وَزُهَيْرٌ، وَغَيْرُهُمْ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ. وَخَالَفَهُمْ غَيْلَانُ، وَجَابِرٌ الْجُعْفِيُّ فَقَالَا عَنْ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ: وَالصَّوَابُ حَدِيثُ اَبِي اَيُّوبَ . وَرَوَاهُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

درست! درست حضرت ابوایوب والی حدیث ہے۔ امام سفیان ثوری نے حضرت عدی بن ثابت سے روایت کی' وہ عبداللہ بن یزید سے' وہ ابوایوب سے روایت کرتے ہیں۔

## عُمَارَةُ بْنُ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِيهِ

## حضرت عمار بن خزیمہ بن ثابت اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

3628 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، حَدَّثَنَا اَسَدُ بْنُ مُوسَى ح، وَحَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُسَامَةَ بْنِ الْهَادِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيِي مِنَ الْحَقِّ لَا تَاْتُوا النِّسَاءَ فِي اَدْبَارِهِنَّ

حضرت عمارہ بن خزیمہ بن ثابت اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل حق بات کہنے سے حیاء نہیں کرتا ہے' تم عورتوں کی دُبر میں وطی نہ کرو۔

3629 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ ح، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ، ثنا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ الْخَطْمِيِّ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِيهِ اَنَّهُ: رَاَى كَاَنَّهُ يَسْجُدُ عَلَى جَبْهَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَى

حضرت عمارہ بن خزیمہ بن ثابت اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے خواب دیکھا گویا کہ وہ حضور ﷺ کی پیشانی پر سجدہ کر رہے ہیں' اس کے بعد حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے اور آپ کو بتایا تو حضور ﷺ نے فرمایا: بیٹھو اور سجدہ کرو اور ایسے کرو جس طرح تم نے خواب دیکھا ہے۔

النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَهُ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اجْلِسْ وَاسْجُدْ وَاصْنَعْ كَمَا رَاَيْتَ

3630 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الرَّقِّيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ الْبَغْدَادِيُّ، قَالَا: ثنا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ الْاَنْصَارِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِمْرَانَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ رَحِمَهُ اللّٰهُ، حَدَّثَنِي خُزَيْمَةُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَارَةَ بْنِ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اتَّقُوا دَعْوَةَ الْمَظْلُومِ فَاِنَّهَا تُحْمَلُ عَلَى الْغَمَامِ يَقُولُ اللّٰهُ جَلَّ جَلَالُهُ: وَعِزَّتِي وَجَلَالِي لَاَنْصُرَنَّكَ وَلَوْ بَعْدَ حِينٍ

حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مظلوم کی بددعا سے بچو کیونکہ اس نے غم اُٹھائے ہوئے ہیں' اللہ عزوجل فرماتا ہے: میری عزت وجلال کی قسم! میں تیری ضرور مدد کروں گا' اگرچہ کچھ دیر بعد ہی کروں۔

3631 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْمِصِّيصِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى الْاَشْيَبُ، حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ خُزَيْمَةَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَاْتِي الشَّيْطَانُ الْاِنْسَانَ، فَيَقُولُ: مَنْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ؟ فَيَقُولُ: اللّٰهُ، فَيَقُولُ: مَنْ خَلَقَ الْاَرْضَ؟ فَيَقُولُ: اللّٰهُ، حَتَّى يَقُولَ: مَنْ خَلَقَ اللّٰهَ؟ فَاِذَا وَجَدَ اَحَدُكُمْ ذٰلِكَ فَلْيَقُلْ: آمَنْتُ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهِ

حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: شیطان انسان کے پاس آتا ہے اور کہتا ہے: آسمانوں کو کس نے پیدا کیا ہے؟ وہ بندہ کہتا ہے: اللہ نے! تو شیطان کہتا ہے: زمین کو کس نے پیدا کیا ہے؟ بندہ کہتا ہے: اللہ نے! شیطان کہتا ہے کہ اللہ کو کس نے پیدا کیا ہے؟ جب تم میں سے کوئی یہ حالت پائے تو وہ کہے کہ میں اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لایا۔

3632 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَعْمَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِي رَجَاءٍ الْعَبَّادَانِيُّ، ثنا

حضرت عمارہ بن خزیمہ بن ثابت اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میرے والد جنگ جمل اور صفین

اَبُو مَعْشَرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَارَةَ بْنِ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: كَانَ اَبِى كَافًّا سِلَاحَهُ يَوْمَ الْجَمَلِ وَصِفِّينَ، فَلَمَّا قُتِلَ عَمَّارٌ اسْتَلَّ سَيْفَهُ وَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: تَقْتُلُ عَمَّارًا الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ

میں اسلحہ اُٹھائے ہوئے تھے جب حضرت عمار رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا تو آپ نے تلوار سونتی اور فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ عمار کو باغی گروہ شہید کرے گا۔

3633 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاُمَوِيُّ، عَنْ صَالِحِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ زَائِدَةَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا فَرَغَ مِنْ تَلْبِيَتِهِ سَاَلَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ مَغْفِرَتَهُ وَرِضْوَانَهُ واسْتَعْتَقَهُ مِنَ النَّارِ

حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب تلبیہ سے فارغ ہوتے تو اللہ عزوجل (اپنی اُمت کے لیے) بخشش اور رضا اور جہنم سے آزادی مانگتے۔

3634 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَالِكٍ الرَّاسِبِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِكْرِمَةَ، عَنْ صَالِحِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ زَائِدَةَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْاَنْصَارِ وَلِاَبْنَاءِ الْاَنْصَارِ وَلِاَبْنَاءِ اَبْنَاءِ الْاَنْصَارِ

حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ دعا کی: اے اللہ! انصار اور انصار کی اولاد اور ان کی اولاد کی اولاد کو بخش دے۔

3635 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِى شَيْبَةَ ح، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ رَاهَوَيْهِ، ثنا اَبِى، قَالَا: ثنا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ خُزَيْمَةَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے استنجاء کرنے کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: تین پتھروں سے کرو جن میں گندگی (کتے کا پیشاب) نہ ہو۔

وَسَلَّمَ، عَنِ الاسْتِطَابَةِ؟ فَقَالَ: ثَلاثَةُ اَحْجَارٍ وَلَيْسَ فِيهِنَّ رَجِيعٌ

3636 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: ذُكِرَتِ الاسْتِطَابَةُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اَلا يَكْفِي اَحَدَكُمْ ثَلاثَةُ اَحْجَارٍ لَيْسَ فِيهِنَّ رَجِيعٌ؟ . قَالَ هِشَامٌ: وَاَخْبَرَنِي اَبُو وَجْزَةَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ، قِيلَ لِسُفْيَانَ: اِنَّهُمْ يَقُولُونَ اَبُو خُزَيْمَةَ قَالَ: لَا اِنَّمَا هُوَ اَبُو وَجْزَةَ الشَّاعِرُ

حضرت ہشام بن عروہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضورﷺ کے پاس استنجاء کا ذکر کیا گیا تو آپ نے فرمایا: استنجاء کے لیے تین پتھر ہی کافی ہیں جس میں ہڈی نہ ہو۔ حضرت ہشام فرماتے ہیں: مجھے ابووجزہ نے حضرت عمار بن خزیمہ بن ثابت کے حوالے سے بتایا' سفیان سے کہا گیا: ابوخزیمہ کہتے ہیں: نہیں! بلکہ ابووجزہ شاعر ہیں۔

3637 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ ح، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ رَاهَوَيْهِ، ثنا اَبِي، قَالا اَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ خُزَيْمَةَ، عَنْ اَبِيهِ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فِي الاسْتِطَابَةِ ثَلاثَةُ اَحْجَارٍ لَيْسَ فِيهِنَّ رَجِيعٌ

حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ سے استنجاء کرنے کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: تین پتھروں سے کرو جن میں گندگی نہ ہو۔

3638 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ خُزَيْمَةَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ خُزَيْمَةَ، عَنْ اَبِيهِ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ الاسْتِطَابَةِ؟ فَقَالَ: ثَلاثَةُ اَحْجَارٍ لَيْسَ فِيهِنَّ رَجِيعٌ

حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ سے استنجاء کرنے کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: تین پتھروں سے کرو جن میں گندگی نہ ہو۔

3639 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ

حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

رَاهَوَيْهِ، حَدَّثَنَا اَبِي ح، وَحَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِي خُزَيْمَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلِاسْتِطَابَةُ بِثَلَاثَةِ اَحْجَارٍ لَيْسَ فِيهِنَّ رَجِيعٌ

کہ حضور ﷺ سے استنجاء کرنے کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: تین پتھروں سے کرو جس میں ہڈی نہ ہو۔

3640 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى زَحْمَوَيْهِ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ قَالَا: ثنا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنِ ابْنِ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: مَنْ اَصَابَ شَيْئًا اُقِيمَ عَلَيْهِ حَدُّ ذٰلِكَ الذَّنْبِ فَهُوَ كَفَّارَتُهُ

حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جس نے ایسا گناہ کیا جس میں حد لگتی ہو تو حد اُس کے لیے گناہوں کا کفارہ ہوگا۔

3641 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا اِسْمَاعِيلُ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ خُزَيْمَةَ، عَنْ اَبِيهِ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنِ اسْتَطَابَ بِثَلَاثَةِ اَحْجَارٍ لَيْسَ فِيهِنَّ رَجِيعٌ كُنَّ لَهُ طُهُورًا

حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے تین پتھروں سے استنجاء کیا کہ ان میں گندگی نہ ہو تو وہ اس کے لیے پاکی ہے۔

3641 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ ح، وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ ح، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا لَيْثُ بْنُ هَارُونَ الْعُكْلِيُّ، قَالُوا: ثنا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ زُرَارَةَ بْنِ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ، حَدَّثَنِي عُمَارَةُ بْنُ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے سواء بن حارث سے گھوڑا خریدا' اس نے انکار کیا تو میں نے اس کی گواہی دی' حضور ﷺ نے فرمایا: تمہیں گواہی دینے پر کس نے اُبھارا تھا حالانکہ تم موجود نہیں تھے؟ میں نے عرض کی: جو آپ لے کر آئے ہیں میں اس پر آپ کی تصدیق کرتا ہوں اور مجھے یقین ہے کہ آپ حق ہی فرماتے ہیں۔

وَسَلَّمَ اشْتَرَى فَرَسًا مِنْ سَوَاءِ بْنِ الْحَارِثِ فَجَحَدَهُ فَشَهِدَ لَهُ خُزَيْمَةُ بْنُ ثَابِتٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا حَمَلَكَ عَلَى الشَّهَادَةِ وَلَمْ تَكُنْ مَعَهُ حَاضِرًا؟ ، قَالَ: صَدَّقْتُكَ لَمَّا جِئْتَ بِهِ وَعَلِمْتُ اَنَّكَ لَا تَقُولُ اِلَّا حَقًّا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ شَهِدَ لَهُ خُزَيْمَةُ اَوْ شَهِدَ عَلَيْهِ فَحَسْبُهُ

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس کے لیے خزیمہ گواہی دے اُس کے لیے اس کی گواہی ہی کافی ہے۔

3643 - حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْخَفَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ الْمُنْكَدِرِ حَدَّثَهُ، اَنَّ ابْنَ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ، حَدَّثَهُ، عَنْ اَبِيهِ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَيُّمَا عَبْدٍ اَصَابَ شَيْئًا مِمَّا نَهَى اللّٰه عَنْهُ ثُمَّ اُقِيمَ عَلَيْهِ حَدُّهُ كَفَّرَ عَنْهُ ذَلِكَ الذَّنْبَ

حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس بندہ نے اس گناہ کو کیا ہو جس سے اللہ نے منع کیا تھا تو اس پر حد لگاؤ‘ وہ حد اس کے گناہوں کا کفارہ ہوگی۔

3644 - حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ حَمْزَةَ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنِ ابْنِ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ: مَنْ اَصَابَ ذَنْبًا اُقِيمَ عَلَيْهِ حَدُّ ذَلِكَ الذَّنْبِ فَهُوَ كَفَّارَتُهُ

حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس بندہ نے اس گناہ کو کیا ہو جس سے اللہ نے منع کیا تھا تو اس پر حد لگاؤ‘ وہ حد اس کے گناہوں کا کفارہ ہوگی۔

## هَرَمِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْخَطْمِيُّ، عَنْ

## حضرت هرمی بن عبداللہ خطمی‘ حضرت خزیمہ بن ثابت سے

# خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ روایت کرتے ہیں

**3645** - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ هَرَمِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اسْتَحْيُوا اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحِي مِنَ الْحَقِّ لَا تَأْتُوا النِّسَاءَ فِي اَدْبَارِهِنَّ

حضرت عمارہ بن خزیمہ بن ثابت اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل حق بات کہنے سے حیاء نہیں کرتا ہے' تم عورتوں کی دُبر میں وطی نہ کرو۔

**3646** - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِيُّ، ثنا يُوسُفُ بْنُ عَدِيٍّ، ثنا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ حَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ هَرَمِيٍّ، عَنْ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ صَاحِبِ الشَّهَادَتَيْنِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحِي مِنَ الْحَقِّ لَا تَأْتُوا النِّسَاءَ فِي اَدْبَارِهِنَّ

حضرت عمارہ بن خزیمہ بن ثابت اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل حق بات کہنے سے حیاء نہیں کرتا ہے' تم عورتوں کی دُبر میں وطی نہ کرو۔

**3647** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ هَرَمِيٍّ، عَنْ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيِي مِنَ الْحَقِّ لَا تَأْتُوا النِّسَاءَ فِي اَعْجَازِهِنَّ

حضرت عمارہ بن خزیمہ بن ثابت اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل حق بات کہنے سے حیاء نہیں کرتا ہے' تم عورتوں کی دُبر میں وطی نہ کرو۔

**3648** - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ عُمَرَ مَوْلَى غُفْرَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ حُصَيْنٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ هَرَمِيٍّ، عَنْ

حضرت عمارہ بن خزیمہ بن ثابت اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل حق بات کہنے سے حیاء نہیں کرتا ہے' تم عورتوں کی دُبر میں وطی نہ کرو۔

خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيِي مِنَ الْحَقِّ لَا يَحِلُّ لِاَحَدٍ اَنْ يَأْتِيَ النِّسَاءَ فِي اَدْبَارِهِنَّ

**3649** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ شَابُورٍ، ثنا عُمَرُ مَوْلَى غُفْرَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ السَّائِبِ، اَنَّهُ اَخْبَرَهُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُصَيْنِ بْنِ مِحْصَنٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ هَرَمِيٍّ، عَنْ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: اَشْهَدُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيِي مِنَ الْحَقِّ لَا تَأْتُوا النِّسَاءَ فِي اَدْبَارِهِنَّ

حضرت عمارہ بن خزیمہ بن ثابت اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل حق بات کہنے سے حیاء نہیں کرتا ہے' تم عورتوں کی دُبر میں وطی نہ کرو۔

**3650** - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِلَالٍ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَلِيِّ بْنِ السَّائِبِ، اَحَدَ بَنِي الْمُطَّلِبِ حَدَّثَهُ، اَنَّ حُصَيْنَ بْنَ مِحْصَنٍ الْخَطْمِيَّ، حَدَّثَهُ، اَنَّ هَرَمِيَّ بْنَ عَمْرٍو الْخَطْمِيَّ، حَدَّثَهُ اَنَّ خُزَيْمَةَ بْنَ ثَابِتٍ، حَدَّثَهُ، اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيِي مِنَ الْحَقِّ لَا تَأْتُوا النِّسَاءَ فِي اَدْبَارِهِنَّ

حضرت عمارہ بن خزیمہ بن ثابت اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل حق بات کہنے سے حیاء نہیں کرتا ہے' تم عورتوں کی دُبر میں وطی نہ کرو۔

**3651** - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَلُولٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ الْمُقْرِءُ، ثنا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، وَابْنُ لَهِيعَةَ، قَالَا: ثنا حَسَّانُ مَوْلَى مُحَمَّدِ بْنِ سَهْلٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ

حضرت عمارہ بن خزیمہ بن ثابت اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل حق بات کہنے سے حیاء نہیں کرتا ہے' تم عورتوں کی دُبر میں وطی نہ کرو۔

السَّائِبِ، عَنْ هَرَمِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيِي مِنَ الْحَقِّ لَا تَاْتُوا النِّسَاءَ فِي اَدْبَارِهِنَّ

**3652** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ ح، وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا اَبُو اُسَامَةَ، اَخْبَرَنِي الْوَلِيدُ بْنُ كَثِيرٍ، حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُصَيْنٍ الْخَطْمِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ قَيْسٍ الْخَطْمِيِّ، عَنْ هَرَمِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَمِعْتُ خُزَيْمَةَ بْنَ ثَابِتٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيِي مِنَ الْحَقِّ لَا تَاْتُوا النِّسَاءَ فِي اَعْجَازِهِنَّ

حضرت عمارہ بن خزیمہ بن ثابت اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل حق بات کہنے سے حیاء نہیں کرتا ہے' تم عورتوں کی دُبر میں وطی نہ کرو۔

**3653** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحَرِيشِ ح، وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا بُنْدَارٌ، قَالَا: ثنا اَبُو عَامِرٍ، ثنا اَبُو مُصْعَبٍ الْمَدَنِيُّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْهَادِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحُصَيْنِ، عَنْ هَرَمِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْوَاقِفِيِّ، عَنْ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِيِّ، سَمِعَ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تَاْتُوا النِّسَاءَ فِي اَعْجَازِهِنَّ

